تالیف: محمود شکری آلوسی

ترجمہ: پیر محمد حسن

مرکزی اردو بورڈ

بلوغ الارب

جلد اوّل

Marfat.com

Marfat.com

" بلوغ الارب " کا شمار عربی کی اہم کتابوں میں ہوتا ہے - یہ محمود شکری آلوسی کی تالیف ہے جو پہلی بار مطبع دارالسلام بغداد میں ۱۸۹۶ء میں طبع ہوئی - دراصل یہ کتاب آلوسی نے ۱۸۸۹ء میں مستشرقین کی اس کانفرنس میں پیش کی تھی جو سٹاک ہوم میں منعقد ہوئی تھی - کانفرنس نے اسے اپنے موضوع پر بہترین کتاب قرار دیا تھا -

آلوسی نے اس کتاب میں عربوں کے حالات کے متعلق ہر قسم کی معلومات جمع کر دی ہیں - عربوں کے احوال سے متعلق اس تفصیل کے ساتھ کسی اور کتاب میں بحث نہیں کی گئی - اس کتاب کی مقبولیت کا یہ عالم ہے اس کی نقل میں اب تک کئی کتابیں لکھی جا چکی ہیں مگر جو بلند مقام " بلوغ الارب " کو حاصل ہے وہ کسی دوسری کتاب کو میسر نہیں -

اپنی ملی تاریخ کو سمجھنے کے لیے عربوں کے حالات و کوائف سے شناسائی ضروری ہے - آلوسی کی یہ کتاب اس ضمن میں ہماری بہت مدد کرتی ہے -

کتاب کا ترجمہ عربی کے مشہور عالم ڈاکٹر پیر محمد حسن نے کیا ہے - اصل کتاب میں تحقیق اور طباعت کی کئی غلطیاں تھیں - چنانچہ فاضل مترجم نے ترجمے پر اکتفا نہیں کی بلکہ ماخذ کی طرف رجوع کر کے اغلاط کا پتا چلایا اور ان کی نشاندہی کی اور ساتھ ہی ماخذ کا حوالہ بھی دے دیا ہے - اس طرح اصل متن کی تصحیح بھی ہو گئی ہے اور ترجمے نے نہ صرف اس اہم کتاب کو دنیائے اردو کے لیے عام کر دیا ہے بلکہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگر " بلوغ الارب " کا اصل عربی متن پھر سے شائع ہو اور اردو اڈیشن کے حواشی کو پیش نظر رکھا جائے تو کتاب پہلے سے بہتر اور اعلیٰ صورت اختیار کر لے گی -

امید ہے کہ اہل علم اس علمی کاوش کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے -

Marfat.com

بلوغ الارب

جلدِ اوّل

تالیف

محمود شکری آلوسی

ترجمہ و حواشی

ڈاکٹر پیر محمد حسن

ایم ۔ اے ، پی ایچ ۔ ڈی

شیخ الادب و صدر شعبۂ عربی

جامعۂ اسلامیہ ، بہاولپور

مرکزی اردو بورڈ

۳۶ جی ، گلبرگ ، لاہور

Marfat.com

پیش لفظ

۱۹۲۶ء کی بات ہے کہ حضرت الاستاذ علامہ محمد عالم آلاسی النطاسی (م ۱۹۴۴ء) مرحوم و مغفور کی خدمت میں حاضر ہؤا تو انھوں نے مجھے بلوغ الارب کا مطالعہ کرنے کا مشورہ دیا ۔ میں نے فوراً اپنے ایک عزیز پیر غلام حسین صاحب کو جو ان دنوں بمبئی میں تھے لکھا کہ وہ بمبئی سے آتے ہوئے بلوغ الارب کا ایک نسخہ میرے لیے خرید لائیں ۔ چنانچہ وہ یہ کتاب خرید کر ساتھ لے آئے ۔ مجھے یہ کتاب اس وقت ملی جب میں ایک بارات کے ساتھ جا رہا تھا ۔ مجھے اس کتاب کو دیکھنے کا اس قدر شوق تھا کہ میں اس کو اپنے ساتھ ہی لے گیا ، دیگر باراتی تو خوش گپیوں میں مشغول رہے مگر میں اس کتاب کے مختلف مقامات دیکھتا رہا ۔

اس کے بعد میں نے اس کتاب کو خوب غور سے پڑھا ۔ کئی اشعار سمجھ میں نہ آئے ۔ میں نے اسے اپنی کم مائیگی پر محمول کیا مگر تینوں جلدوں کو دو ماہ کے اندر پڑھ ڈالا ۔ یہ میرا طالب علمی کا زمانہ تھا ۔ میں اس وقت خوبیوں کے سوا کچھ اور نہ دیکھ سکتا تھا اور دل میں مصنف کی تعظیم گھر کیے جاتی تھی ۔ اس کے بعد میں نے اسے مزید دو بار پڑھا اور پھر یہ کتاب ۱۹۴۷ء کے فسادات کی نذر ہوگئی ۔

غالباً ۱۹۵۵ء کی بات ہے کہ میں اردو انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے دفتر میں گیا ۔ وہاں سید اولاد علی گیلانی مرحوم و مغفور ، جو ان دنوں سیکریٹری تھے ، کے پاس بیٹھا تھا کہ انھوں نے بلوغ الارب کا ذکر چھیڑ دیا اور کہا کہ آج یونیورسٹی کی لائبریری سے ایک نہایت عمدہ کتاب نکلوائی ہے اور انتہائی تعجب کی بات یہ ہے کہ آج تک کسی نے اس کتاب کو اپنے نام پر جاری نہیں کروایا ۔ میں یہ سن کر مسکرایا ۔ انھوں نے وجہ پوچھی تو عرض کیا کہ میرے پاس ذاتی کتاب موجود تھی اس لیے یونیورسٹی کی لائبریری سے نکلوانے کی ضرورت محسوس

Marfat.com

نہیں ہوئی ۔ اس پر مرحوم نے کہا کہ اس کتاب کا اردو میں ترجمہ ہو جانا چاہیے ۔

پھر جب مرکزی اردو بورڈ کی طرف سے اس کتاب کے ترجمے کا کام میرے سپرد ہؤا تو میری حالت اس حالت سے مختلف تھی جو طالب علمی کے زمانے میں میری تھی ۔ اب مجھے اس کتاب کو بنظر غائر دیکھنا تھا ۔

بالعموم ایسا ہوتا ہے کہ جب لوگ یہ سن پاتے ہیں کہ فلاں کتاب فلاں کتاب کا ترجمہ ہے تو پہلا تاثر جو وہ لیتے ہیں وہ مترجم کی جانب سے انحراف اور انقباض کا ہوتا ہے ۔ ان کے دلوں میں مترجم کی قدر و قیمت میں کوئی اضافہ نہیں ہوتا اس لیے کہ اس نے اپنی طرف سے کوئی چیز پیش نہیں کی ہوتی ۔ البتہ جو لوگ اصل زبان سے ، جس سے ترجمہ کیا گیا ہوتا ہے ، واقف نہیں ہوتے وہ ترجمے کو غنیمت سمجھ لیتے ہیں ۔ میرے خیال میں اردو بورڈ کا بھی دراصل یہی مقصد ہے کہ اس کتاب سے ان لوگوں کو متعارف کرایا جائے جو عربی زبان سے واقف نہیں ہیں ۔ لیکن میرے اس ترجمے کی نوعیت بالکل مختلف ہے کیونکہ جب میں نے ترجمہ کرنا شروع کیا اور کتاب میں لاتعداد اغلاط کو پایا تو طبیعت نے محض ترجمے پر اکتفا کرنے سے اِبا کیا ۔ میں نے مآخذ کی طرف رجوع کر کے ان اغلاط کا پتا چلایا اور ان کی نشان دہی کی اور ساتھ ہی مآخذ کا حوالہ بھی دے دیا ۔ کئی جگہ مآخذ نے بھی ساتھ نہ دیا تو دماغ سے کام لے کر تصحیح کی گئی ۔ اس طرح اصل کتاب کی تصحیح بھی ہو گئی اور ترجمے نے اصل کتاب کی قدر و قیمت کو کم کرنے کے بجائے اس کی قیمت میں اضافہ کر دیا اور اب میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ جب کبھی بلوغ الارب کا اصل عربی متن پھر سے شائع ہو اور مصحح اگر میرے حواشی سے مدد لے تو وہ کتاب کو کہیں بہتر اور اعلیٰ صورت میں پیش کر سکے گا ۔

کتاب کے حواشی لکھنے اور مآخذ کی طرف رجوع کرنے میں میری جو مدد میرے مکرم دوست کرنل عبدالعزیز چیف ہیلتھ آفیسر راولپنڈی

Marfat.com

نے کی ہے میں اس کا ذکر کیے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ کرنل صاحب موصوف اپنے ذاتی کتب خانے کی وجہ سے پاکستان بھر میں مشہور ہیں ۔ انھوں نے نہایت فراخدلی کے ساتھ تمام وہ کتابیں ، جن کی مجھے ضرورت پڑتی رہی ، مہیا کیں اور اس طرح میرے کام کو آسان کر دیا جس کے لیے میں ان کا تہ دل سے ممنون ہوں ۔ میں پروفیسر مرزا محمد منور صاحب گورنمنٹ کالج ، لاہور ، کا بھی شکرگزار ہوں جنھوں نے اس ترجمے پر نظرثانی فرمائی اور زبان کے سلسلے میں کئی قیمتی مشورے دیے ۔

محمد حسن

۲۹ نومبر ۱۹۶۶ء

Marfat.com

ترتیب

سرِ آغاز ، ۱۳

عربوں کی تعریف اور
ان کی انواع و اقسام کا بیان ، ۱۷

ان لوگوں کی تعریف جن پر
لفظ 'عرب' کا اطلاق ہوتا ہے ، ۲۱

عرب اور اعراب میں معنوی فرق ، ۲۳

جاہلیت کے معنی اور اس کا
اطلاق ، ۲۹

جنس عرب کی فضیلت اور ان کے
امتیازی اوصاف کا بیان ، ۳۷

عربوں کا دیگر اقوام کے مقابلے میں
زیادہ تیز حافظے کا مالک ہونا ، ۷۳

قوم عرب کا دوسری قوموں کے
مقابلے میں زیادہ قادرالکلام ہونا ، ۷۷

عربوں کا بمقابلہ دیگر اقوام کے
سخاوت کے قریب تر ہونا ، ۸۶

عربوں کا بمقابلہ اور قوموں کے
حلم کے زیادہ قریب ہونا ، ۲۱۳

عربوں کا دوسروں کے مقابلے میں
زیادہ دلیر ہونے کا معاملہ ، ۲۲۶

عرب جاہلیت کے بعض وہ افراد جن کی
شجاعت ضرب المثل تھی ، ۲۶۴

عربوں میں سے وہ لوگ جو وفاداری
میں مشہور ہوئے اور ضرب المثل
بن گئے ، ۲۷۹

عربوں کا دیگر اقوام کے مقابلے میں
زیادہ غیرت مند ہونا ، ۳۱۳

وہ مناظرہ جو عربوں کے بارے میں
نعمان بن المنذر اور کسریٰ کے
درمیان ہؤا ، ۳۳۰

عربوں کی فضیلت کے متعلق
ابن المقفع کا بیان ، ۳۵۷

عربوں کے بارے میں شعوبیہ کا مذہب
اور اس کا رد ، ۳۵۹

شعوبیہ کے شبہات اور ان کا رد ، ۳۷۳

عربوں کی شادیوں کے متعلق
شعوبیہ کی رائے ، ۳۹۵

شعوبیہ نے جو کچھ بھی عربوں کے
متعلق کہا ہے اس کا اجمالی
ذکر ، ۳۹۸

Marfat.com

جاہلیت میں عربوں کے مسکن ، ۴۱۵
جزیرۃالعرب کی وجہ تسمیہ ، ۴۱۷
جزیرۃالعرب کتنے حصوں اور
کن علاقوں پر مشتمل ہے ، ۴۱۷
ان علاقوں کے اندر جو مشہور
شہر اور عمارتیں تھیں ، ۴۱۹
یمن ، ۴۴۴
یمن کی چند معدنیات کا ذکر ، ۴۴۷
یمن کے محل اور مشہور عمارتیں ، ۴۴۷
شام کے صحراؤں میں عربوں کے
شہروں اور عمارتوں میں سے
ایک شہر تدمر ہے ، ۴۵۴
جزیرۃالعرب کے وہ علاقے
جو عراق کے آس پاس ہیں ، ۴۶۲
بکر بن وائل ، ربیعہ اور
مضر کے مسکن ، ۴۷۱
ذکر مکہ ، ۴۸۹
کعبہ کا بیان ، ۴۹۵
فضیلت مکہ کا ذکر ، ۵۱۵
مکے کے اشراف ، ۵۳۳
اصحاب فیل کا واقعہ ، ۵۳۵
زمانۂ جاہلیت میں عربوں کے میلے، ۵۶۱
زمانۂ جاہلیت میں عربوں کے
اجتماعات ، ۵۷۲

Marfat.com

فہرس کتب

جن سے مقدمہ اور حواشی لکھنے میں مدد لی گئی

۱ - الاستیعاب از ابن عبد البر برحاشیہ اصابہ
۲ - اصابہ از ابن حجر (م ۸۵۲ھ) مطبعہ مکتبہ التجاریتہ الکبریٰ
۳ - اصابہ " " " طبع ۱۳۵۸ھ=۱۹۳۹ء
۴ - الاعلام " " " خیر الدین زرکلی
۵ - اعلام النبوہ " ابو الحسن علی بن الماوردی (م ۴۵۰ھ)
المطبعة المحمودية التجاريته بالازهر ۱۹۳۵ء=۱۳۵۲ھ
۶ - اغاثتہ اللہفان من مصاید الشیطان از ابو عبداللہ محمد بن ابی بکر المعروف بہ ابن قیم الجوزیہ (م ۷۵۱ھ) مطبعہ مصطفٰی البابی ۱۳۵۷ھ=۱۹۳۹ء
۷ - اغانی از ابوالفرج الاصبہانی طبع دارالثقافہ بیروت ۱۹۵۵ء
۸ - اقرب الموارد از سعید شرتونی
۹ - امالی الزجاجی از ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن اسحٰق الزجاجی النحوی البغدادی (م ۳۳۹ھ) طبع المطبعة المحمودية التجاريتہ بالازهر الطبعة الثانيہ ۱۳۵۴ھ=۱۹۳۵ء
۱۰ - امالی ابن الشجری (م ۵۴۲ھ) طبع حیدر آباد
۱۱ - امالی ابوعلی القالی (م ۳۵۶ھ) طبع اسماعیل یوسف بن ریاب
۱۲ - امالی مرتضٰی طبع داراحیاء الکتب العربیہ
۱۳ - براکلن Geschischte der Arabischen Literatur
۱۴ - البیان والتبین از جاحظ طبع لجنتہ التالیف و الترجمتہ و النشر مصر ۱۳۶۸ھ=۱۹۴۹ء
۱۵ - تاج العروس از مرتضیٰ زبیدی طبع مصر
۱۶ - التاج المکلل من جواہر مآثرالطراز الآخر و الاول تالیف ابوالطیب صدیق بن حسن بن علی الحسینی البخاری (۱۲۴۸ تا ۱۳۰۷ھ= ۱۸۳۲ء تا ۱۸۹۰ء) المطبعة الهنديتہ العربيہ ۱۳۸۳ھ=۱۹۶۳ء

Marfat.com

ح

۱۷ - جمهرة خطب العرب از احمد زکی صفوت طبع مصر ۱۳۵۲ھ=۱۹۲۳ء

۱۸ - جمهرة رسائل العرب از احمد زکی صفوت ج : ۱ طبع مصر ۱۳۵۶ھ=۱۹۳۷ء

۱۹ - جمهرة اللغة از ابن درید (م ۳۲۱ھ) طبع حیدر آباد

۲۰ - الجواب الفسیح لمالفقه عبدالمسیح از ابوالبرکات نعمان خیر الدین الآفندی الآلوسی طبع سنگ لاهور

۲۱ - حسن المحاضره فی اخبار مصر و القاهره از سیوطی طبع مصر ۱۲۹۹ھ

۲۲ - حیاة الحیوان از کمال الدین الدمیری مطبعة الاستقامه بالقاهره ۱۳۸۷ھ=۱۹۵۸ء

۲۳ - خلاصه تذهیب الکمال طبع مصر

۲۴ - دیوان زُهیر طبع بیروت ۱۳۷۹ھ=۱۹۶۰ء

۲۵ - الروض الانف از عبدالرحمٰن سهیلی طبع مصر

۲۶ - سیرة ابن هشام بر هامش الروض الانف

۲۷ - شذرات الذهب از ابن عماد الحنبلی طبع مصر

۲۸ - شرح ابن ابی الحدید از عزالدین عبدالحمید بن ابی الحسین هبة الله المدائن الاصولی (۵۸۶ھ تا ۶۵۶ھ) مطبعه مصطفی البابی بمصر

۲۹ - شرح الامالی از ابوعبید البکری طبع مصر

۳۰ - شرح الحماسه از فیضی طبع سنگ

۳۱ - شرح الحماسه از ابو زکریا یحیٰی بن علی التبریزی المعروف بالخطیب طبع مصر

۳۲ - شرح دیوان امرؤ القیس از وزیر ابوبکر عاصم (المتوفی ۱۹۴ھ) طبع مصر ۱۳۴۷ھ=۱۹۲۸ء

۳۳ - الشعر و الشعرا ج : ۱ از ابن قتیبه طبعه دارالثقافه بیروت ۱۹۶۴ء

۳۴ - العقد الفرید از ابن عبدربه مطبعة الاستقامة بالقاهره ۱۳۷۲ھ=۱۹۵۳ء

۳۵ - عمدة القاری از بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد العینی المتوفی ۸۵۵ھ طبع مصر صرف جلد ۲۰

۳۶ - عیون الاخبار از ابن قتیبه (م ۲۷۶ھ) طبع مصر ۱۳۴۸ھ=۱۹۳۰ء

Marfat.com

۳۷ - غیاث اللغات از مولوی غیاث الدین طبع سنگ
۳۸ - فتح الباری از ابن حجر طبع مصر
۳۹ - الفهرست از ابن الندیم
۴۰ - کتاب الانساب ازابوسعد عبدالکریم بن محمد بن منصور التمیمی السمعانی (المتوفیٰ ۵۲۲ھ=۱۱۶۶ء) طبع حیدر آباد
۴۱ - کتاب الحماسه از ابوتمام طبع سنگ دیوبند
۴۲ - کتاب الحماسه از ضیاء الدین ابوالسعادات هبته الله علی بن محمد بن حمزة العلوی الحسنی المعروف بابن الشجری المتوفیٰ بالکرخ ۵۴۲ھ طبع مطبعة مجلس دائرة المعارف العثمانیه حیدر آباد دکن
۴۳ - کتاب الخیل از ابوعبیده معمر بن المثنی (م ۲۰۹ھ) طبع حیدر آباد
۴۴ - کتاب المحبر از محمد بـــن حبیب (م ۲۴۵ھ) طبع حیدر آباد ۱۳۶۲ھ=۱۹۴۲ء
۴۵ - کتاب المعارف از ابن قتیبه (م ۲۷۶ھ) طبع مطبعة دارالکتب ۱۹۶۰ء
۴۶ - کشف الظنون از حاجی خلیفه
۴۷ - الکامل للمبرد طبع مصر ۱۳۶۵ھ مطبعه حجازی
۴۸ - اللباب فی تهذیب الانساب از عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن الاثیر مکتبة القدس ۱۳۵۷ھ
۴۹ - لسان العرب از ابن منظور طبع بیروت
۵۰ - لین Lanes Lexicon
۵۱ - مروج الذهب از ابوالحسن علی بن الحسین بن علی المسعودی (م ۳۴۶ھ) بتحقیق محی الدین عبدالحمید طبع مصر
۵۲ - المزهر از سیوطی طبع مصر عیسیٰ البابی الحلبی و شرکاؤه
۵۳ - معجم البلدان از یاقوت حموی طبع مصر ۱۳۲۴ھ=۱۹۰۶ء
۵۴ - معجم المؤلفین عمر رضا کحاله
۵۵ - مفصل مع شرح ابن یعیش (م ۶۴۳ھ) طبع مصر
۵۶ - مقدمه ابن خلدون

Marfat.com

مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وحدہ و الصلوٰۃ و السلام علیٰ من لا نبیّ بعدہ

نام و نسب

بلوغ الارب کے مؤلف کا نام محمود شکری بن عبداللہ بن محمود بن عبداللہ بن محمود الحسینی الآلوسی البغدادی ہے - آلوسی نسبت میں مختلف اقوال پائے جاتے ہیں ، سمعانی کہتا[1] ہے :

اُلوسی - بضم الالف - ان شاء اللہ - و اللّام بعد ھما الواو و فی آخر ھا السین المھملۃ - ھذہ نسبۃ الی اُلُوس و ھو موضع بالشام فی الساحل عند طرسوس (اُلُوس - الف اور لام دونوں پر ضمّہ ہے - ان شاء اللہ - پھر واو ہے اور آخر میں سین مہملہ ہے اور اُلُوس کی طرف نسبت ہے جو شام میں ساحل سمندر پر طرسوس کے قریب ایک جگہ ہے)

مگر یاقوت حموی اور ابن الاثیر دونوں نے سمعانی کے اس قول کو غلط قرار دیا ہے -

یاقوت کہتا[2] ہے :

قال ابو سعد : الوس بلدۃ بساحل بحرالشام قرب طرسوس - و ھو سھومنہ - و الصحیح انھا علی الفرات قرب عانات و الحدیثۃ [ابو سعد (سمعانی) کہتا ہے - الوس ایک شہر ہے جو ساحل شام پر طرسوس کے

---

۱ - الانساب : ۱ : ۳۴۱ -

۲ - معجم البلدان : ۱ ; ۳۲۶ -

Marfat.com

قریب واقع ہے - سمعانی سے یہ سہو ہؤا ہے - درست یہی ہے کہ یہ ایک شہر ہے جو عانات اور حدیثہ کے قریب دریائے فرات کے کنارے واقع ہے] -

ابن الاثیر[1] نے بھی تقریباً یہی لکھا ہے مگر یاقوت نے ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے کہ الوس دراصل ایک شخص کا نام تھا جس کے نام پر اس شہر کا یہ نام پڑا - عمر رضا کحالہ[2] جدید ترین تحقیق پیش کرتے ہوئے لکھتا ہے :

آلوسی نسبة الی جزیرة آلوس فی وسط نهرالفرات علی خمس مراحل من بغداد (آلوسی نسبت ہے جزیرۃ آلوس کی طرف جو بغداد سے پانچ مرحلوں کے فاصلے پر دریائے فرات کے وسط میں واقع ہے)

ابن العماد نے شذرات الذهب (۴ : ۱۸۵) میں أَلوس کو ہمزہ کی فتحہ کے ساتھ دیا ہے مگر خیرالدین زرکلی (الاعلام : ۱ : ۱۸) نے مجلة المجمع العربی (۱ : ۶۷) کے حوالے سے لکھا ہے کہ محمود شکری آلوسی نے خود اسے آلوسی - مدّہ کے ساتھ لکھا ہے - جب کسی نے محمود شکری سے دریافت کیا تو جواب دیا کہ ہمارے ہاں آلوس ہی پکارا جاتا ہے لہٰذا تحقیق شدہ بات یہی ہے کہ آج کل آلوسی کو مدہ ہی کے ساتھ بولا جاتا ہے -

محمود شکری کے آبا ؤ اجداد[3] دراصل بغداد کے رہنے والے تھے - جب ۶۵۶ھ میں ہلاکو خان نے بغداد کو فتح کرنے کے بعد قتل و غارت کا بازار گرم کیا تو ان کا جدّ بغداد سے بھاگ کر آلوس چلا گیا اور یہ خاندان اسی وجہ سے آلوسی کہلایا - شکری کا سلسلۂ نسب[4] شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ (م ۵۶۰ھ) کے واسطے سے امام حسین علیہ السلام

---

۱ - اللباب : ۱ : ۶۶ -
۲ - معجم المؤلفین : ۱۲ : ۱۷۵ اور الاعلام : ۸ : ۵۴ -
۳ - الاعلام : ۸ : ۵۴ -
۴ - التاج المکلل : ۵۱۲ -

Marfat.com

تک جا ملتا ہے ۔ شکری کے دادا شہاب الدین محمود والد کی طرف سے حسینی اور والدہ کی طرف سے حسنی سید تھے ۔

محمود شکری بغداد کے رُصافہ نامی محلے میں ۱۹ رمضان ۱۲۷۳ھ (۱۸۵۷ء) میں پیدا ہوئے ۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد عبداللہ سے حاصل کی ۔ ابھی سترہ برس کی عمر کو پہنچے تھے کہ والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا ۔ مگر شکری نے اپنی تعلیم کو جاری رکھا اور اپنے چچا ابوالبرکات نعمان بن محمود اور دیگر علما سے علوم کی تکمیل کی ۔ شکری کی کنیت ابوالمعالی اور لقب جمال الدین تھا ۔ زرکلی نے انھیں مؤرخ ، ادیب ، لغوی اور عالم دین لکھا ہے ۔ ان کے تمام سوانح نگاروں نے انھیں مِنَ الدُّعَاۃِ الی الاِصلاح (یہ ان لوگوں میں سے تھے جو مسلمانوں کو اصلاح کی طرف دعوت دیتے تھے) لکھا ہے ۔

تحصیل علم سے فارغ ہونے کے بعد پہلے یہ اپنے گھر میں درس دیتے رہے بعد میں کسی مسجد میں درس دینا شروع کر دیا ۔ بعض لوگوں کے یہاں یہ دستور بن چکا ہے کہ وہ اصلاح کے دعوے دار بن کر اصلاح کے نام پر اس قدر غلو کر جاتے ہیں کہ معمولی باتوں پر عام مسلمانوں پر کفر و بدعت کا فتویٰ لگانے میں دریغ نہیں کرتے حالانکہ ایک مصلح کے لیے نہایت متحمل مزاج ، بردبار اور روا دار ہونا لازمی شرط ہے تاکہ وہ لوگوں کو محبت سے اور اپنے اخلاق حسنہ سے سمجھا بجھا کر اصلاح کی طرف مائل کر سکے ، مگر صوفیائے حقیقی کے سوا ہم نے بہت کم ایسا دیکھا ہے کہ ان مدعیان اصلاح نے اعتدال کی راہ اختیار کی ہو ۔ جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اصلاح کے بجائے امت میں فساد برپا ہو جاتا ہے ۔ یہی حال آلوسی کا بھی تھا ۔ اس نے اصلاح کے نام پر چند رسالے تالیف کیے جن میں بزعم خود اہل بدعت کو خوب کوسا اور ان پر ناروا حملے کر کے انھیں کیا کیا کچھ کہہ ڈالا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اکثر و بیشتر لوگ اس کے مخالف ہو گئے اور انھوں نے عبدالوہاب پاشا والیِ بغداد کے پاس جا کر اس کی شکایت کی ۔ عبدالوہاب پاشا

Marfat.com

نے اس کی اطلاع سلطان عبدالحمید ثانی عثمانی کو دی اور ساتھ ہی یہ بھی لکھا کہ اگر آلوسی کو شہر میں رہنے دیا گیا تو بغداد میں فساد برپا ہونے کا خطرہ ہے۔ سلطان نے فوراً حکم صادر کیا کہ آلوسی کو شہر بدر کر کے ایشیائ کوچک (بلاد انضول) بھیج دیا جائے۔ یہ ۱۳۲۰ھ (۱۹۰۳ء) کا واقعہ ہے۔ سرکاری افسر اسے نظربند کر کے لے جا رہے تھے اور ابھی موصل پہنچے تھے کہ وہاں کے سرکردہ لوگوں نے بطور احتجاج سلطان کی خدمت میں درخواست پیش کی اور سرکاری افسروں کو آلوسی کو آگے لے جانے سے روک دیا۔ سلطان نے ان لوگوں کی درخواست پر آلوسی کو واپس بغداد جانے کی اجازت دے دی اور وہ بغداد واپس چلا آیا۔ تذکرہ نگار یہاں سے خاموشی کے ساتھ گزر گئے ہیں، کسی نے یہ بیان نہیں کیا کہ آلوسی کو کن شرائط پر واپس بغداد آنے کی اجازت دی گئی تھی۔ بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ آلوسی نے یہ وعدہ کیا ہو گا کہ وہ آئندہ اشتعال انگیز باتیں نہ کہے گا۔

۱۳۳۳ھ (۱۹۱۴ء) میں جب پہلی عالمی جنگ چھڑی اور حکومت برطانیہ نے عراق پر حملہ کیا تو حکومت عثمانیہ نے آلوسی کو بلایا اور اسے نجد جانے کو کہا تاکہ یہ وہاں جا کر امیر عبدالعزیز آل سعود کو ترکوں کی مدد کرنے پر آمادہ کرے۔ آلوسی کے امیر عبدالعزیز کے ساتھ خاصے مراسم تھے۔ آلوسی اس سے پہلے ایک کتاب "تاریخ نجد" کے نام لکھ چکا تھا جس میں اس خاندان کی خوب تعریف کی تھی اور جو اعتراضات عامتہ المسلمین کو آل سعود پر تھے ان کی صفائی پیش کرنے کی کوشش کی تھی مزید برآں یہ کہ نظریے میں بھی دونوں میں ہم آہنگی تھی۔ ان وجوہ کی بنا پر آلوسی کی آل سعود کے ہاں خاصی رسائی اور عزت تھی۔ یہی وجہ تھی کہ سلطان عبدالحمید نے اسے اس کام کے لیے منتخب کیا تھا۔ یاد رہے کہ امیر عبدالعزیز آل سعود اس وقت ابھی سعودی حکومت کا بادشاہ نہ بنا تھا اور برطانیہ کی یہ جنگ اس کے بادشاہ بنائے جانے کی پیش خیمہ تھی۔ آلوسی اس مقصد کے لیے شام اور حجاز کے راستے سے نجد روانہ ہؤا اور وہاں پہنچ کر اس نے امیر عبدالعزیز

Marfat.com

سے اپنے آنے کی غرض و غایت بیان کی مگر چونکہ انگریزوں نے اس دروازے کو پہلے ہی سے بند کر رکھا تھا اس لیے امیر نے انگریزوں کے خلاف ترکوں کی مدد کرنے سے صاف انکار کر دیا ۔ آلوسی کو مجبوراً ناکام لوٹنا پڑا ۔ آلوسی کو اپنی ان خدمات کی بنا پر جو اس نے آل سعود کے ضمن میں انجام دی تھیں پورا وثوق تھا کہ امیر اس کی بات کو رد نہ کرے گا ۔ بالخصوص جب کہ یہ عیسائیت کے خلاف اسلام کی جنگ تھی ۔ مگر حکومت اور ملک کی ہوس اس قدر للچا دینے والی چیز ہے کہ لوگ اس کے مقابلے میں ہر قسم کی خدمات اور تعلقات کو ٹھکرا دیتے ہیں ۔ آلوسی کو اپنی ناکامی کا اس قدر صدمہ ہؤا کہ واپسی پر اپنے گھر میں گوشہ نشین ہو گیا اور اپنی ساری توجہ تدریس و تالیف پر مرکوز کر دی ۔

۱۳۳۵ھ (۱۹۱۶ء) میں جب برطانوی حکومت بغداد پر قابض ہوگئی تو انھوں نے آلوسی کو بغداد کے عہدۂ قضا کی پیشکش کی مگر آلوسی نے انگریزوں کے ساتھ میل جول رکھنے سے نفرت کے باعث اس عہدے کو قبول کرنے سے انکار کر دیا ، بلکہ آئندہ بھی کسی عہدے پر فائز ہونا پسند نہ کیا ۔ البتہ جب عراق میں عربی حکومت کی بنیاد رکھی جانے لگی تو اس نے تعلیمی مجلس کا ممبر بننا منظور کر لیا ۔ آلوسی نے بغداد میں شوال ۱۳۴۳ھ (۱۹۲۴ء) میں وفات پائی ۔

تصانیف

آلوسی کی کل ۵۲ تصنیفات ہیں جن میں کچھ رسالے ہیں اور کچھ کتابیں ۔ ان میں سے مشہور کتابوں کے نام یہ ہیں :

(۱) اخبار بغداد و ما جاور ها من القری و البلاد ۔ زرکلی (۸ : ۴۹ - ۵۰) نے لکھا ہے کہ یہ کتاب چار جلدوں میں ہے مگر عمر رضا کحالہ (۱۱ : ۱۶۹ — ۱۷۰) نے لکھا ہے کہ یہ تین جلدوں میں ہے ۔ یہ کتاب طبع نہیں ہوئی ۔

Marfat.com

۲ - الضرائر و مایسوغ للشاعر دون الناثر - اس کتاب میں اس امر پر بحث کی گئی کہ ایک شاعر کو شعر گوئی میں کیا کچھ کر لینے کی اجازت ہے اور نثر نگار کو نہیں - یہ کتاب طبع ہو چکی ہے -

۳ - بلوغ الارب فی معرفة احوال العرب - اس کا الگ ذکر کیا جائے گا -

۴ - المِسک الاٴ ذفر فی تراجم علماء القرن الثالث عشر - اس میں تیرھویں صدی کے علما کے حالات قلمبند کیے ہیں - یہ کتاب طبع نہیں ہوئی -

۵ - مساجد بغداد - اس میں بغداد کی مساجد کی تاریخ اور ان کا احوال بیان کیا ہے مگر آلوسی اسے مکمل نہیں کر سکا - یہ بھی طبع نہیں ہوئی -

٦ - النَحتْ و بیان حقیقته ونبذة من قواعده - اس میں دو لفظوں سے ایک نیا لفظ گھڑ لینے کی حقیقت اور اس کے قواعد پر بحث کی گئی ہے -

۷ - تاریخ نجد - یہ نجد کی تاریخ ہے جس میں آل سعود کا خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے -

۸ - امثال العوام فی دارالسلام - اس کتاب میں وہ ضرب الامثال دی گئی ہیں جنھیں بغداد کے عوام استعمال کرتے ہیں - یہ کتاب طبع نہیں ہوئی -

۹ - ریاض الناظرین فی مراسلات المعاصرین - یہ بھی طبع نہیں ہوئی -

۱۰ - بدائع الاٴنشاء - دو جزؤوں میں ہے - یہ بھی طبع نہیں ہوئی -

۱۱ - عِقدالدرر شرح مختصر نخبة الفکر - یہ مصطلحات حدیث کی کتاب ہے - یہ بھی طبع نہیں ہوئی -

۱۲ - مادل علیہ القرآن مما یعضده الهیئة الجدیدة - اس کتاب میں ان امور کا ذکر کیا گیا ہے جن کا ذکر قرآن مجید میں آیا ہے اور جدید علم ہیئت سے ان کی تائید ہوتی ہے - یہ کتاب بھی طبع نہیں ہوئی -

۱۳ - فتح المنان - یہ کتاب اہل بدعت کے رد میں لکھی گئی - یہ کتاب طبع ہو چکی ہے -

۱۴ - تجرید الاٴ نسان فی الذب عن ابی حنیفة النعمان - یہ کتاب بھی طبع نہیں ہوئی -

Marfat.com

۱۵ - صبّ العذاب علی من سبّ الأ صحاب - اس کتاب میں بیان کیا گیا ہے کہ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو برا کہنا گناہ عظیم ہے - یہ کتاب بھی طبع نہیں ہوئی -

۱۶ - غایة الأ مانی فی الردّ علی النبهانی - یہ کتاب طبع ہو چکی ہے اور دو جلدوں میں ہے - آلوسی نے یہ کتاب علاّمہ ابو المحاسن یوسف بن اسماعیل بن یوسف النبہانی (۱۲۶۵ھ تا ۱۳۵۰ھ=۱۸۴۹ء تا ۱۹۳۲ء) کے رد میں لکھی - نبہانی ایک مشہور صوفی اور ادیب اور شاعر تھے - ان کی بزرگی کو عرب بھر میں تسلیم کیا جاتا تھا - آلوسی نے یہ کتاب محض نظریاتی اختلاف کی بنا پر لکھی - صوفیا اور علمائے ظاہر کا باہمی نزاع قدیم سے چلا آیا ہے - میں یہاں آلوسی اور نبہانی کے درمیان موازنے اور محاکمے کی بحث میں نہیں پڑنا چاہتا -

محمود شکری آلوسی کے حالات ان کے شاگرد رشید بہجة اثری نے اپنی کتاب اعلام العراق میں بالتفصیل قلمبند کیے ہیں - مگر افسوس کہ یہ کتاب دستیاب نہ ہو سکی - عمر رضا کحالہ نے معجم المؤلفین (۱۱-۱۶۹-۱۷۰) میں ان کے حالات اور مراجع کا ذکر کیا ہے -

آلوسی خاندان

محمود شکری آلوسی کا تمام خاندان اہل علم کا خاندان تھا - اس خاندان کے تقریباً تمام افراد نے علمی خدمات سر انجام دیں اور کئی تصانیف بطور یادگار چھوڑیں - لہٰذا ضروری ہے کہ مختصر طور پر اس خاندان کے دیگر افراد سے بھی متعارف کرا دیا جائے -

آلوسی کبیر

دراصل آلوسی کبیر ہی اس خاندان کی شہرت کا باعث بنا اور اسی سے اس خاندان کے چشم و چراغ ظہور میں آئے - ان کا نام شہاب الدین ابو الثناء محمود بن عبداللہ الحسینی الآلوسی ہے اور یہ آلوسی کبیر کے نام سے مشہور ہیں - یہ محمود شکری آلوسی کے دادا تھے - آلوسی کبیر

Marfat.com

کبیر کے سب سے بڑے بیٹے اور محمود شکری کے والد ہیں - ۱۲۴۸ھ (۱۸۳۲ء)میں پیدا ہوئے اور بیالیس سال کی عمر میں ۱۲۹۱ھ(۱۸۷۴ء) میں وفات پائی - یہ صوفی ، عالم اور ادیب تھے - (۱) التعطف علی التعرف فی الأصلین والتصوف ، (۲) المتنان علی المنطق و البیان اور نحو میں (۳) الواضح ان کی تصانیف ہیں[1] -

عبدالباقی بن محمود

سعد الدین عبدالباقی بن محمود بن عبداللہ الآلوسی البغدادی الحنفی آلوسی کبیر کے دوسرے بیٹے اور محمود شکری کے چچا ہیں - ۱۲۵۰ھ (۱۸۳۴ء) میں پیدا ہوئے اور ۱۲۹۸ھ (۱۸۸۱ء) میں وفات پائی - حدیث اور تفسیر کے عالم تھے اور دیگر علوم میں بھی مہارت رکھتے تھے ، کچھ عرصہ بغداد کے مفتی رہے - حجاز کا سفر کیا - کرکوک کے قاضی رہے اور اسی قسم کے دیگر اعلیٰ مناصب پر بھی فائز رہے - انھیں معروف کرخی رحمۃ اللہ کے مقبرے میں دفن کیا گیا -

(۱) اوضح منہج الی معرفۃ مناسک الحج ، (۲) الفوائد الآلوسیۃ علی الرسالۃ الأندلسیۃ فی العروض ، (۳) البھجۃ البھیۃ فی اعراب الأجرومیۃ ، (۴) القول الماضی فیما یجب للمفتی و القاضی اور (۵) الفوائد السعدیۃ فی شرح العضدیۃ ان کی تصانیف[2] ہیں -

خیر الدین نعمان

ابو البرکات خیر الدین نعمان بن محمود بن عبداللہ الآلوسی - یہ محمود شکری کے دوسرے چچا ہیں - والد کی وفات کے بعد انھی نے شکری کی تربیت کی اور انھی سے شکری نے علوم کی تکمیل کی - خیر الدین ۱۲ محرم ۱۲۵۲ھ (۱۸۳۶ء) میں بغداد میں پیدا ہوئے اور وہیں نشو و نما پائی -

---

۱ - معجم المؤلفین : ۶ : ۱۴۷
۲ - معجم المؤلفین : ۵ : ۷۵

Marfat.com

متعدد شہروں میں جن میں ایک حِلّہ بھی ہے عہدۂ قضا پر فائز رہے - حج کو جاتے ہوئے مصر بھی گئے - شام اور ایشیائے کوچک کا سفر اختیار کیا - وہاں کے فضلا سے ملاقات کی - پھر قسطنطنیہ گئے اور جب واپس پہنچے تو انھیں رئیس المدرسین کا لقب دیا گیا - انھوں نے بہت سی نادر کتابوں کا ذخیرہ کر رکھا تھا - ۷ محرم ۱۳۱۷ھ (۱۸۹۹ء) میں بغداد میں وفات پائی -

(۱) جلاء العینین فی محاکمة الأحمدین - أحمدین سے ابن تیمیہ اور ابن حجر المکی الہیتمی مراد ہیں ، (۲) الأجوبة العقلية لأشرفية الشريعة المحمدية ، (۳) الجواب الفسيح لمالفقه عبدالمسيح ، (۴) غالية المواعظ و مصباح المتعظ و قبس الواعظ اور (۵) سلس الغانيات فی ذوات الطرفين من الكلمات ان کی تصانیف[1] ہیں -

یاد رہے کہ خیرالدین نعمان آفندی الالوسی اور نواب صدیق بن حسن [۱۲۴۸ھ تا ۱۳۰۷ھ (۱۸۳۲ء تا ۱۸۹۰ء)] میں باہمی گہرے اور دوستانہ تعلقات تھے - چنانچہ نواب صاحب نے ان کا ذکر اپنی کتاب التاج المکلل (صفحہ ۵۱۶) پر کیا ہے -

خیر الدین نعمان کے چار بیٹے تھے - محمد ثابت ، پیدائش ۱۲۷۵ھ - دوسرا علی زین العابدین ، پیدائش ۱۲۷۷ھ ، تیسرا عمر حسام الدین ، پیدائش ۱۲۸۷ھ اور چوتھا محمود شہاب الدین ، اپنے دادا کا ہمنام ، پیدائش ۱۲۸۹ھ[2] - ان سب کا شمار اصحاب علم میں ہوتا ہے اور چاروں اصحاب صاحبِ تصانیف بھی ہیں -

بلوغ الارب

اب ہم محمود شکری آلوسی کی تالیف بلوغ الارب کی طرف آتے ہیں - یہ کتاب تین بار طبع ہو چکی ہے - پہلی بار مطبع دارالسلام بغداد میں ۱۳۱۴ھ (۱۸۹۶ء) میں طبع ہوئی - پھر دوبارہ محمد بہجة اثری کے حواشی

---

۱ - معجم المؤلفين : ۱۳ : ۱۰۷

۲ - التاج المكلل : ۵۱۶

Marfat.com

کے ساتھ طبع ہوئی - ہر طبع میں طباعت کی اغلاط موجود ہیں - محمد بہجۃ اثری نے جو حواشی لکھے ہیں ان میں اس نے آلوسی کی اغلاط کی طرف توجہ نہیں دی - اُن کی طرف خفیف سا بھی اشارہ پایا نہیں جاتا - ایسا گمان ہوتا ہے کہ بہجۃ اثری نے اُنھیں درست تصور کیا ہے - یہی وجہ ہے کہ وہ ان پر سے خاموشی کے ساتھ گزر گئے ہیں - اس کا ثبوت یہ ہے کہ ساری کتاب میں صرف ایک آدھ جگہ محمد بہجۃ اثری نے آلوسی کی غلطی کی طرف اشارہ بھی کیا ہے - مزید برآں محمد بہجۃ اثری نے جو حواشی لکھے ہیں ان میں کئی مقامات پر ٹھوکر کھائی ہے - میں نے اپنے حواشی میں ان کی طرف اشارہ کر دیا ہے تاکہ قارئین اس کی قلمبند کردہ تشریح سے دھوکا نہ کھائیں -

۱۸۸۹ء (۱۳۰۷ھ) میں سٹاک ہوم (سویڈن) میں مستشرقین کی ایک کانفرنس منعقد ہوئی جس میں آلوسی کو بھی مدعو کیا گیا اور آلوسی نے یہی کتاب پیش کی - اگرچہ دیگر علما بھی اس موضوع پر اپنی اپنی تالیف پیش کرنے کے لیے لائے تھے مگر کانفرنس نے اتفاق رائے سے آلوسی کی اس کتاب کو تمام دیگر کتابوں کے مقابلے میں بنظر استحسان دیکھا اور آلوسی کو انعام اور طلائی تمغہ بھی عطا کیا گیا - مستشرقین کی ایک عام کانفرنس میں یہ اعزاز حاصل کرنا کوئی معمولی بات نہیں ہے -

اس امر سے قطع نظر کرتے ہوئے کہ آلوسی نے کتاب کا مواد کہاں کہاں سے لیا ہے - اس کتاب کو دیکھتے ہی مؤلف کی عظمت دل میں گھر کر لیتی ہے - جب میں نے طالب علمی کے زمانے میں اس کتاب کو پڑھا تھا تو میرا تاثر بھی یہی تھا مگر جب اسے بنظر غائر دیکھا اور نقّادانہ پرکھا جائے تو پھر دل میں مؤلف کی پہلی سی عظمت باقی نہیں رہتی -

آلوسی نے اس کتاب کا بیشتر مواد عبدالقادر بغدادی [م ۱۰۹۳ھ (۱۶۸۲ء)] کی خزانۃ الادب سے لیا ہے - مگر ساری کتاب میں کسی ایک مقام پر بھی خزانۃ الادب کا نام واضح طور پر نہیں لیا - پہیلی اور معما کی صورت میں اس کتاب کا نام لیا گیا ہے - چنانچہ آلوسی اسے کہیں (۱ : ۳۲۷) کتاب لب لباب لسان العرب اور کہیں صرف لب اللباب کہتا

Marfat.com

ہے ۔ بغدادی نے جہاں جہاں سے مواد لیا ہے ان کتابوں کا نام دے کر پورا مضمون نقل کر دیا ہے ۔ مگر آلوسی کا طریق یہ ہے کہ وہ بغدادی کی خزانۃ الادب کا ذکر ہی نہیں کرتا اور ان اصل کتابوں کا نام لے کر جن کا حوالہ بغدادی نے دیا ہے مضمون نقل کر دیتا ہے ۔ جس سے یہ گمان ہونے لگتا ہے کہ آلوسی نے اصل کتاب سے مواد لیا ہوگا ۔ حالانکہ درحقیقت آلوسی نے اصل کتاب کی شکل تک نہیں دیکھی ہوتی ۔ مزید برآں آلوسی نے جو مضمون بھی مآخذ سے لیا ہے اسے بغیر سوچے اور بغیر سمجھے مِن و عَن نقل کر دیا ہے ۔ اس سے آلوسی کی بد دیانتی کا پول کھل جاتا ہے ۔

مثال کے طور پر بلوغ الارب : ۲ : ۱۰۰ پر آلوسی لکھتا ہے :

السُمَانی طائر وھو موضع من الفرس لا أحفظہ

(سُمَانی ایک پرندہ ہے ۔ اور یہ گھوڑے کے جسم کا ایک مقام بھی ہے جو اس وقت مجھے یاد نہیں)

اس جملے سے پڑھنے والے کے دل میں خیال پیدا ہوتا ہے کہ آلوسی یہ تشریح اپنی طرف سے پیش کر رہا ہے اور چونکہ اسے اس لفظ کی تشریح یاد نہیں رہی اس لیے اس کا اعتراف کرتے ہوئے ”لا احفظہ“ کہہ رہا ہے ، حالانکہ یہ ساری تشریح العقد الفرید لابن عبدربہ (م ۳۲۸ھ - ۹۴۰ء) سے لی گئی ہے جس کا ذکر آلوسی نے نہیں کیا ۔ چنانچہ ابن عبدربہ کہتا ہے[1] :

وھو موضع من الفرس لا احفظہ

ذرا غور فرمائیں کیا آلوسی نے ابن عبدربہ کے الفاظ کو بے کم و کاست اپنی طرف منسوب نہیں کیا اور کیا اس نے دیانت داری سے اعتراف کیا ہے کہ وہ یہ تمام تشریح العقد الفرید سے لے رہا ہے ۔

---

۱ - العقد الفرید : ۱ : ۱۱۳ - ۱۱۸ مطبعۃ الاستقامہ بالقاھرہ ۱۳۷۲ھ (۱۹۵۳ء)

Marfat.com

اسی صفحے پر تھوڑا سا آگے چل کر لکھتا ہے :

والصقرأ حسبها دائرة فی الرأس ولم أقف علیها

اس جملے کو آلوسی نے ابن عبدربہ کی عبارت کو تھوڑا سا بدل کر نقل کر دیا ہے - ابن عبدربہ کے الفاظ یہ ہیں[1] :

والصقر أحسبها دائرة فی الرأس و ماوقفت علیها

آلوسی نے صرف ما وقفت کو بدل کر لم أقف کر دیا ہے -

آلوسی نے الحلیة والرهان (بلوغ الارب : ۲ : ۱۰۲ - ۱۰۳) کا سارا بیان العقد الفرید (۱ : ۱۲۰ - ۱۲۱) سے لیا ہے مگر اس کا اعتراف نہیں کیا - العقد الفرید کا بیان اس شعر پر ختم ہو جاتا ہے -

إذَا شِئتم أَنْ تَمْسَحُوا وَجْهَ سَابِقٍ
جَوَادٍ فمدّوا فِی البِرّهَانِ عِنَانِیَا

اس کے بعد آلوسی نے اقول لکھ کر چند سطریں اپنی طرف سے بڑھا دی ہیں یہاں بھی اصل ماخذ ہی کا ذکر کیا ہے -

مذاہب العرب (بلوغ الارب : ۲ : ۳۰۱ تا آخر جلد دوم و ابتداء جلد ثالث) کا سارا بیان شرح ابن ابی الحدید (۴ : ۴۳۳ تا ۴۵۱) سے لیا گیا ہے مگر کہیں اس کا اعتراف نہیں کیا - عزالدین عبدالحمید بن ابی الحسین المعروف بہ ابن ابی الحدید (م ۶۵۶ھ) معتزلی ہے - آلوسی لکھتا ہے (۲ : ۳۰۴) :

وعلی هٰذا فَسَرَّ اصحابنا

آلوسی چونکہ اہل سنت میں سے ہے اور معتزلی نہیں ہے لہٰذا فَسَرَّ اصحابنا کے الفاظ سے یہ دھوکا ہوتا ہے کہ شاید یہ تفسیر اہل سنت کی ہے حالانکہ درحقیقت یہ الفاظ ابن ابی الحدید کے ہیں اور اصحابنا سے اس کی مراد معتزلہ سے ہے - مگر چونکہ آلوسی بدون اس کے کہ

---

۱ - العقد الفرید : ۱ : ۱۱۷

Marfat.com

اصل مآخذ کا حوالہ دے دوسروں کی عبارات پر غور کیے بغیر نقل کر دیتا ہے ۔ لہٰذا اس قسم کی اغلاط واقع ہو جاتی ہیں ۔ ساتھ ہی یہ حقیقت بھی کھل جاتی ہے کہ اُن الفاظ کا کہنے والا کوئی اور ہی ہے ۔

اسی بیان کے آخر میں ابن ابی الحدید لکھتا ہے :

لأنّ الموضع قد ساقنا الیہ

آلوسی نے ان الفاظ کو معمولی سا بدل کر یوں لکھا ہے :

وقد ساقنا الموضع الی ذکرھا

اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ آلوسی نے غور کیے بغیر جہاں سے مواد ملا ہے اسے بعینہٖ اسی طرح نقل کر دیا ہے ، یہی وجہ ہے کہ جو اغلاط اصل کتاب میں پائی جاتی ہیں وہ بعینہٖ اسی طرح بلوغ الارب میں بھی پائی جاتی ہیں ۔ آلوسی نے ان کی تصحیح کی طرف قطعاً توجہ نہیں دی ۔ مثال کے طور پر بلوغ الارب : ۱ : ۱۴۷ - ۱۵۰ جہاں اس وفد کی تقریریں نقل کی ہیں جو نعمان بن منذر کی طرف سے کسریٰ کے دربار میں گیا تھا آلوسی نے ابن عبد ربہ کی تاریخ کا حوالہ دیا ہے چنانچہ لکھا ہے :

ومنھم ابن عبدربّہ فی تاریخہ (۱ : ۱۴۷)

حالانکہ ابن عبدربہ نے کوئی تاریخ کی الگ کتاب نہیں لکھی ۔ درحقیقت یہ تمام بیان ابن عبد ربہ کی العقد الفرید (۱ : ۲۲۸ - ۲۳۸) سے لیا ہے اور مآخذ کو چھپانے کی غرض سے ابن عبدربہ کی تاریخ کا نام لے دیا ہے ۔ اگر فرض کر لیا جائے کہ آلوسی نے عمداً ایسا نہیں کیا تو پھر یہ بات اس کی لاعلمی پر دال ہوگی کہ اسے کتاب کا صحیح نام بھی نہیں آتا ۔ اس تمام بیان میں وہ اغلاط جو اصل العقد الفرید میں پائی جاتی ہیں بلوغ الارب میں بھی پائی جاتی ہیں ۔ میں نے اپنے حواشی میں ان کی تصحیح کر دی ہے ۔

بلوغ الارب : ۱ : ۳۶۸ پر ہے :

فلحق بالحکم بن ھشام بن عبدالرحمن الداخل امیرالاندلس

Marfat.com

زریاب عبدالرحمن الا وسط کے عہد میں اندلس گیا تھا نہ کہ الحکم کے عہد میں ، لہٰذا یہاں عبدالرحمٰن بن الحکم بن ہشام ہونا چاہیے اور یہ عبدالرحمٰن الداخل نہیں ہے بلکہ عبدالرحمٰن الاوسط ہے - عبدالرحمٰن الاوسط کا عہد حکومت ۲۰۶ھ سے ۲۳۸ھ (۸۲۱ء تا ۸۵۲ء) تک رہا -

بلوغ الارب : ۲ : ۳۵ تا ۴۸ ، حدیث ام زرع کی تمہیدی عبارت تمام کی تمام فتح الباری سے نقل کی گئی ہے مگر اس کا کہیں ذکر نہیں کیا - مزید برآں اس حدیث کی تشریح بھی حرف بہ حرف وہیں سے نقل کی ہے - اس کا ثبوت یہ ہے کہ کتابت اور طباعت کی جو اغلاط وہاں پائی جاتی ہیں وہ بعینہٖ بلوغ الارب میں بھی پائی جاتی ہیں مثلاً فتح الباری میں صفرت عظامہ کی بجائے صغرت عظامہ چھپا ہے اور بلوغ الارب میں بھی اسی طرح دیا ہے -

اسی طرح یہ شعر :

أَبَتِ الرَّوَادِفُ وَالنُّهودُ لِقُمْصِهَا
مِنْ أَنْ تَمَسَّ بُطُونَهَا و ظُهُورَهَا

بھی جس طرح فتح الباری میں غلط مرقوم ہے اسی طرح بلوغ الارب میں ہے حالانکہ درست شعر یوں ہے :

ابت الروادف والنهود[1] لقمصها
مَسَّ البُطُونِ وأن تمسّ ظُهُورَا

کیونکہ اس سے اگلا شعر یوں ہے :

وَإِذَا الرِيَاح مَعَ العَشِيِّ تَنَاوَحَتْ
نَبَّهْنَ حَاسِدَةً وَ هِجْنَ غُيُورَا

ملاحظہ ہو حماسہ مع شرح تبریزی : ۳ : ۱۳۹ - آلوسی نے کہیں کہیں فتح الباری کی عبارت کو حذف کر دیا ہے اور کہیں ایک آدھ لفظ کو بدل دیا ہے -

---

۱ - حماسہ میں النهود کی بجائے التُدِی ہے -

Marfat.com

آلوسی اصل ماخذ کو چھپا کر یوں ظاہر کرنا چاہتا ہے کہ اس نے براہ راست قدما کی کتابوں سے استفادہ کیا ہے حالانکہ قدما کی کتابوں کو اس نے دیکھا تک نہیں ہوتا ۔ چنانچہ بلوغ الارب : ۱ : ۸۷ تا ۹۰ پر عبداللہ بن جدعان کا بیان نقل کیا ہے اور یہ تمام کا تمام سُہَیلی کی الروض الانف (۱ : ۹۲ - ۹۳) سے لیا گیا ہے وہاں سہیلی نے غریب الحدیث از ابن قتیبہ ، کتاب ری" العاطش وانس الواحش از احمد بن عمار اور ابو حنیفہ کی الانواء کا حوالہ دیا ہے ۔ آلوسی سہیلی کا نام ہی نہیں لیتا اور جن کتابوں کا سہیلی نے حوالہ دیا ہے ان کا اسی طرح حرف بحرف ذکر کر دیا ہے ، یہ بات علمی دیانت سے بعید ہے ۔ غالب ظن یہی ہے کہ آلوسی نے ابن عمار کی ری" العاطش کی شکل تک نہیں دیکھی ۔

بلوغ الارب : ۱ : ۱۶۰ پر آلوسی لکھتا ہے :

قال ابو عبید البکری فی شرح امالی القالی

اور وہ یوں ظاہر کر رہا ہے کہ اس نے یہ عبارت خود ابو عبید البکری کی شرح امالی سے لی ہے حالانکہ غالباً آلوسی نے شرح امالی کی شکل بھی نہیں دیکھی ۔ اس کتاب کو پہلی بار علاّمہ عبدالعزیز المیمنی نے ۱۹۳۶ء میں شائع کیا ۔ مگر آلوسی کا یہ راز بھی خود بخود فاش ہو جاتا ہے کیونکہ اسی صفحے پر آلوسی آگے چل کر لکھتا ہے :

وامّا کتاب المثالب و المناقب الذی بأیدی النّاس الیوم فانما ھو للنضر بن شمیل الحمیری

ہم جب اس عبارت کا مقابلہ شرح امالی کی عبارت سے کرتے ہیں تو اس میں سے

وھو کتاب الواحدة المعلوم

کے الفاظ مخدوف پاتے ہیں ۔ اور بعینہٖ یہی الفاظ بغدادی نے خزانۃ الادب میں چھوڑ دیے ہیں جس پر علاّمہ میمنی کو یہ نوٹ دینا پڑا (شرح امالی : ۸۰۸) :

کذا فی الأصلین و قدأسقطہ البغدادی عمداً علی عادتہ فی حذف مالا

Marfat.com

یفهمه (یہ عبارت دونوں اصل مخطوطوں میں اسی طرح پائی جاتی ۔ بغدادی نے اس عبارت کو عمداً حذف کر دیا ہے کیونکہ بغدادی کی یہ عادت ہے کہ جس عبارت کو وہ سمجھ نہیں سکتا اسے حذف کر دیتا ہے) ۔ یہاں سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ آلوسی نے یہ عبارت دراصل خزانة الادب سے لی ہے اور چونکہ وہاں یہ الفاظ موجود نہ تھے لہٰذا بلوغ الارب میں بھی موجود نہیں ہیں کیونکہ اگر یہ عبارت براہ راست شرح امالی سے لی گئی ہوتی جیسا کہ آلوسی نے ظاہر کیا ہے تو یہ الفاظ چھوٹنے نہ پاتے۔ آلوسی نے شرح امالی کا حوالہ دے کر دیانت داری کا ثبوت نہیں دیا ۔

بلوغ الارب : ۱ : ۱۶۹ - ۱۷۵ پر آلوسی ان الفاظ سے بیان شروع کرتا ہے :

قال ابن قتیبة فی کتاب تفضیل العرب

جس سے بظاہر یوں معلوم ہوتا ہے کہ آلوسی نے یہ تمام بیان ابن قتیبہ کی کتاب تفضیل العرب سے براہ راست لیا ہے حالانکہ درحقیقت یہ سارا بیان العقد الفرید (۳ : ۴۰۸ - ۴۱۲) سے لیا گیا ۔ ابن عبدربہ قال ابن قتیبة فی کتاب تفضیل العرب سے اپنا بیان شروع کرتا ہے مگر آلوسی نے اس کا اعتراف نہیں کیا ۔

بلوغ الارب : ۳ : ۱۹ پر لکھتا ہے :

ومن شعرالهذلی ماأنشده ابو عبید البکری فی شرح نوادر القالی

پھر اس کے بعد دو شعر پیش کرکے کہتا ہے :

قال البکری : هذا من شعر یهجوبه ناساً من قومه کانوا مع أبیه حجاجاً یوم قتل

یہاں پر پھر آلوسی نے یوں ظاہر کیا ہے کہ اس نے یہ عبارت براہ راست ابو عبید البکری کی شرح امالی سے لی ہے حالانکہ جیسا کہ بیان ہو چکا ہے ۔ آلوسی نے شرح امالی دیکھی ہی نہیں ۔ درحقیقت آلوسی یہ عبارت خزانة الادب سے نقل کر رہا ہے ۔ مگر خزانة الادب کا نام نہیں لے رہا ۔ خزانة الادب میں یہ عبارت اسی طرح ہے جس طرح آلوسی نے نقل کی ہے

Marfat.com

مگر شرح امالی میں صحیح عبارت دی گئی ہے ۔ اگر آلوسی نے براہ راست شرح امالی سے عبارت نقل کی ہوتی تو درست عبارت نقل کرتا چنانچہ شرح امالی میں :

كانوا مع أبيه حجاجاً

کے بجائے

كانوا مع ابنه حجاج

ہے ۔

اسی طرح آلوسی نے بلوغ الارب : ۳ : ۲۵ پر کتاب مساوی الخمر کا نام لیا ہے حالانکہ اس کتاب کا کہیں پتا نہیں چلتا ۔

بلوغ الارب : ۳ : ۲۸ پر ہے :

قال ابو عبید البکری فی شرح امالی القالی : کان الرجل فی الجاهلیة اذا غدّرَ و اخفر الذمة جعل له مثال من طین و نصبه

آخری جملہ۔ جعل له مثال من طین و نصبه غلط ہے حالانکہ شرح امالی میں یہ جملہ درست مرقوم ہے وہاں یہ جملہ اس طرح ہے :

جعل له تمثال من طین و نصب

جس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ آلوسی نے یہ عبارت براہ راست شرح امالی سے نہیں لی ۔ مزید برآں ایک جملہ چھوڑ کر آلوسی کما قال الشاعر کہتا ہے ، حالانکہ شرح امالی میں شاعر کا نام عبداللہ بن جعدہ دیا ہے ۔ اگر آلوسی نے یہ عبارت شرح امالی سے لی ہوتی تو اس نے شاعر کا نام بھی لکھ دیا ہوتا ۔

اب ہم ان تشریحات کی طرف آتے ہیں جو آلوسی نے کہیں کہیں فرمائی ہیں ۔ تعجب کی بات یہ ہے کہ ان تشریحات میں آلوسی نے بیشتر مقامات پر ٹھوکر کھائی ہے۔ چنانچہ بلوغ الارب : ۱ : ۸۸ پر

الی رُدُح مِن الشیزی ملآء
لُبابَ البُرّ یُلبَکُ بالشّهاد

Marfat.com

کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے : الردحة : سترة تکون فی مؤخرالبیت او قطعة تزاد فیه ۔

اس تشریح کا اصل معنی سے کیا تعلق ہے ، اور پھر شیزی کے ساتھ کونسا ربط ہے ؟ حالانکہ یہاں رُدُح رَدَاح کی جمع ہے ۔

بلوغ الارب : ۱ : ۱۲۶ پر

ففادیتهـا لمـا تَبَیَّـنَ نصفهـا
یکُـوم المَتَالی والعِشَار الضَّوَارِب

کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے : الکُوم القطعة من الابل والمتالی : الذی یراسل المغنّی بصوت رفیع

حالانکہ یہاں نہ گانے کا ذکر ہے اور نہ گویے کا ۔ یہاں تو اونٹنیوں کا ذکر ہے ۔ مزید برآں متالی کا کُوْم کے ساتھ کیا تعلق ؟ آلوسی نے کُوْم کو مفرد سمجھا ہے حالانکہ یہ کَوْماء کی جمع ہے اور متالی کو بھی مفرد قرار دیا ہے حالانکہ وہ بھی مُتْلٍ اور مُتْلیة کی جمع ہے ۔ آلوسی نے درحقیقت اسے مُتَالی ۔ بضم المیم ۔ پڑھا ہے جس کے معنی الذی یراسل المغنی بصوت رفیع کے ہیں ۔ حالانکہ یہ مَتَالی ۔ بفتح المیم ۔ اور جمع ہے ۔

بلوغ الارب : ۱ : ۱۳۶ پر لکھا ہے : منیت أی ضعفت ، معلوم نہیں یہ معنی کس لغت سے لیے گئے ہیں ۔

اسی طرح بلوغ الارب : ۳ : ۳۱۴ پر

وإنّی لیس یَثْنِیْنی اذا ما
رحلت سنوح سجّاج نَعُوب

کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے :

وبعیر سجّاج : یسجح الأرض بخفه ای یقشر

حالانکہ یہ شعر زجر اور عیافہ کے سلسلے میں پیش کیا گیا ہے اور "زجر" کو "کوّے" کے ساتھ کیا جاتا ہے ۔ درحقیقت بات یہ ہے کہ آلوسی

Marfat.com

نے شعر کی روایت ہی غلط کی ہے اور اس روایت کی اُپج میں معنی کو کھینچا تانا جا رہا ہے۔ درست لفظ شَحّاج ۔ شین کے ساتھ ۔ ہے ۔ لسان العرب میں ہے :

شحج وقال ابن سیدة صوت البغل و الحمار و الغُراب اذا آسَنّ... و غُرَاب شَحّاج کثیر الشحج

بلوغ الارب : ۱ : ۳۸۰ پر جو اشعار درج کیے ان میں سے اکثر کی روایت غلط ہے ۔ اصل مقام پر میں نے ان اشعار کی تصحیح کر دی ہے ۔ ان اشعار کی تشریح میں آلوسی لکھتے ہیں :

وماء الشبم : بفتح الشین المعجمة و فتح الباء الموحدة ماء الأ سنان

حالانکہ ان اشعار میں ماء الشبم کا کہیں ذکر نہیں آیا ۔ صرف شبم کا لفظ آیا ہے جس کے معنی ٹھنڈک کے ہیں ۔

اس کے بعد لکھا ہے : والبِهض بکسرالباء الموحدة و فتح الهاء و بالضاد المعجمة الأرز باللبن

حالانکہ لغت کی کتابوں میں کوئی ایسا لفظ نہیں پایا جاتا ۔ درست لفظ بھط ہے اور لغت کی کتابوں میں اسی کے معنی الأرز باللبن دیے ہیں ۔

اس کے بعد لکھا ہے :۔

والکشی کشیة بضم الکاف و اسکان الشین المعجمة وهی شحمة بطن الضب اوأصل ذَنَبه

حالانکہ درج کردہ شعروں میں کشی کا لفظ کہیں بھی نہیں آیا ۔

ان تمام مثالوں سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ آلوسی نے اس کتاب کی تالیف میں یا تو عقل و دماغ سے کام نہیں لیا یا اگر لیا ہے تو پھر اشعار کو صحیح طور پر سمجھنے کی اہلیت نہیں رکھتا ہاں جہاں کہیں کوئی مذہبی بحث آ گئی ہے وہاں آلوسی نے عبارت کو خواہ مخواہ لمبا کر دیا ہے ۔

Marfat.com

ان تمام اغلاط اور کوتاہیوں سے قطع نظر ہم کہہ سکتے ہیں کہ آلوسی نے اس کتاب میں عربوں کے حالات کے متعلق ہر قسم کی معلومات جمع کر دی ہے - عربوں کے احوال سے متعلق اس تفصیل کے ساتھ کسی اور کتاب میں بحث نہیں کی گئی - اس کی مقبولیت کا اصل سبب یہی ہے ، بعض لوگوں کو اس کی مقبولیت کو دیکھ کر رشک آنے لگا - چنانچہ انھوں نے اس کی نقل کی ، مثلاً عبدالجواد الاصمعی نے بلوغ الارب کا ہی مواد لے کر ایک کتاب تالیف کر ڈالی چنانچہ جو طباعت کی اغلاط بلوغ الارب میں پائی جاتی تھیں وہی الاصمعی کی کتاب میں بعینہٖ آ گئیں -

اسی طرح شیخ محی الدین عطار کو شوق پیدا ہؤا اور اس نے بلوغ الارب فی مآثر العرب لکھ ڈالی مگر

مَا كُلُّ مَنْ زَارَ الحِمَى سَمِعَ النِّدَا
مِنْ أَهْلِهِ "أَهْلاً" بِهٰذَا الزَّائِرِ "

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سرِ آغاز

ہر قسم کی تعریف کا سزاوار وہ خدا ہے [۵] جس کی شان بلند ہے اور اقتدار عظیم ، جس نے اپنی قدرت سے تمام زمانوں اور موجودات میں تصرف کیا ، جس کی حکمت نے تمام عقلوں اور ذہنوں کو متحیر کر دیا ۔ وہ جو کچھ بھی چاہتا ہے اور جس طرح بھی چاہتا ہے بلا تعریف و وضاحت پیدا کر دیتا ہے ۔

(ازاں بعد) اللہ کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام ہو جنھیں اللہ تعالٰی نے افضل ترین گھرانے میں پیدا ہونے کے لیے وقف کیا اور جن کا پودا لگانے کے لیے معزز ترین خاندان کو چنا ۔ چنانچہ آپ عدنان و قحطان دونوں کی اولاد کے سردار تھے ۔ آپ وہی نبی اُمّی عربی اور ہاشمی ہیں جنھوں نے اپنے وجود کے نور سے ہمیں تہ بہ تہ جہالت سے نکال کر فضل و عرفان کی چوٹی پر پہنچا دیا ۔

آپ کی اولاد اور اصحاب پر بھی درود و سلام ہو جو ہر حیرت زدہ کے لیے راہنما ہیں ، جنھوں نے روشن اور بیّن حق کی فصیح ترین زبان اور شیرین ترین کلام کے ذریعے تشریح فرمائی ، جنھوں نے گذشتہ اُمتوں کے حالات کی جستجو کی تاکہ ان کے ایمان میں اضافہ در اضافہ ہو ۔ نیز ان لوگوں پر درود و سلام ہو جو بطریق صحیح ان کی پیروی کریں ، یہ درود و سلام اس وقت تک جاری رہے جب تک گردشِ لیل و نہار جاری ہے اور سلسلۂ طلوع و غروب باقی ہے ۔

Marfat.com

اسابعد - مولای عزیز کی مہربانی کا محتاج یہ بندہ محمود شکری بن عبداللہ بن محمود الألوسی البغدادی ، خدا اس کا بہترین مددگار اور بہترین رہنما ہو اور اسے توفیق دے کہ وہ اس کے ہر لحظہ افزائش پزیر انعامات و احسانات کا شکریہ ادا کر سکے بیان کرتا ہے :-

جو شخص اُمتوں کے حالات سے واقف اور بنی آدم کی نسلوں کے اطوار سے آگاہ ہے وہ جانتا ہے کہ اگرچہ قوم عرب کی مختلف قسمیں تھیں ، اور ان کی اصل اور مختلف صنفوں میں تفاوت پایا جاتا تھا تاہم وہ دیگر اقوام پر فوقیت رکھتے تھے - وہ اپنے فضائل اور کمالات کی رُو سے تمام انواع و اجناس سے ممتاز تھے -

اس لیے کہ اللہ تعالٰی نے اہل عرب کو اپنے رسول کی وجہ سے شرف بخشا ، [٦] - اُنھیں اپنی کتاب کی بدولت فضیلت عطا کر دی اور انھیں معجز نما خطاب بلیغ اور موجز الفاظ ، شافی سوال اور تسلی بخش جواب کی خصوصی نعمت سے نوازا - چنانچہ اہل عرب کلام کے حُکام اور علوم اور احکام کی کان تھے - یہ لوگ شیران بیشہ وغا تھے اور مصیبت زدگان کے فریادرس ، قحط سالی کے وقت (دوسروں کی) مدد کرتے تھے ، خوش اخلاق تھے ، حیا ، کرم ، وفا ، مروت اور سخاوت کے پتلے تھے - تجربوں نے انھیں پختہ کار بنا دیا تھا ، دانش نے انھیں ادب سکھا دیا تھا - چنانچہ انھوں نے ان اوصاف کے ذریعے اپنی مقصد برآری کی ، ان کی زبانوں نے وعدہ کرنے میں ان کی تابعداری کی اور (وہ خود) ان وعدوں کو پورا کرنے کے معاملے میں فراخ دست واقع ہوئے تھے ، لہذا انھوں نے بات کہی تو اچھی کہی اور پھر اس اچھی بات کو اپنے عمل سے تقویت بھی دی - انھوں نے بزرگی کا زر بفتی لباس پہنا اور سیاہ چہروں سے ننگ و عار کو دھو ڈالا - انھوں نے اپنی دانش و رائے کے ذریعے بند دروازوں کو کھول دیا - یوں معلوم ہوتا تھا کہ ان کے فہم دو کانوں اور جواب دو زبانوں کے مالک ہیں - وہ بہادروں کی کھوپریاں بھی اُڑاتے تھے اور لوگوں کے حقوق کو بھی پہچانتے تھے - رفتہ رفتہ وہ وقت آ گیا کہ تقدیروں کے ہاتھ ان سے چال چلنے لگے اور وہ دور دراز علاقوں

Marfat.com

میں منتشر ہو کر رہ گئے۔

میں ان کے کارناموں ، ان کی خوش روی اور واقعات کو معلوم کرنے کا مدت سے مشتاق چلا آ رہا تھا ۔ میری یہ تمنا تھی کہ مجھے کوئی ایسی کتاب مل جائے جس میں ان کے قبل از اسلام کے حالات پائے جاتے ہوں ۔ جس میں ان کے زمانۂ جاہلیت کی عادات اور احکام کا ذکر ہو ۔ مگر جو کتابیں اور مجموعے ہمارے پاس موجود ہیں ان میں میں نے یہ باتیں نہ پائیں ، نہ یہ باتیں آج تک کسی کے کان پڑی ہیں ۔ باایں ہمہ ہمیں معلوم ہے کہ قدیم مسلمان علما نے اس قسم کی اہم باتوں کو نظرانداز نہیں کیا ۔ اُنھوں نے کسی علم میں بھی کہنے والے کے لیے کہنے کی کوئی گنجائش نہیں چھوڑی ۔ یہ وہ علما تھے [۷] جنھیں تمام فنون میں یدطُولٰی حاصل تھا ۔ جن کے معاملے میں ہم حسنِ ظن کے مالک ہیں ۔ مگر (ہوا یہ کہ) زمانوں نے پلٹے کھائے ، سال بیتتے چلے گئے لٰہذا ان کی کتابیں ضائع ہوگئیں ۔ کسی مقام پر بھی ان کا نشان نہ ملا ۔

کئی بار میرے دل میں خیال آیا کہ میں ایک ایسی کتاب تیار کرنے کی جسارت کروں جس میں مختصر طور پر ان کے تمام حالات درج ہوں مگر میری بے بضاعتی یہ قدم اُٹھانے اور اس مقصد کا دروازہ کھٹکھٹانے سے مانع آتی رہی تاآنکہ ایسے اسباب پیدا ہوگئے جن کی وجہ سے مجھے نہ پیچھے ہٹنے کی کوئی صورت نظر آئی اور نہ اس مقصد سے اعراض کر کے آرام محسوس ہؤا ۔ لٰہذا میں اپنے مقصد (کے حصول) میں مصروف ہوگیا ۔ اور اس ضمن میں اپنی پوری کوشش صرف کر دی کیونکہ اس امر میں عام مصلحت اور کلی فائدہ متوقع تھا ، چنانچہ میں نے اس کتاب میں طول دینے اور زیادہ باتیں کہنے سے پہلوتہی کرتے ہوئے اختصار کا طریقہ اختیار کیا ہے ۔ تاہم مجھے اپنی کوتاہی اور کم علمی کا اعتراف ہے اور اس بات کا بھی اعتراف ہے کہ میں اس میدان کے شاہسواروں میں سے نہیں ہوں ۔ مگر تقدیراتِ الٰہی کے کیا کہنے ۔ وہ تو انسان کو کھینچ کر ان امور کی طرف لے آتی ہیں جن کے معاملے میں اسے کوئی اختیار نہیں ہوتا ۔

Marfat.com

إِنَّ الْمَقَادِيْرَ إِذَا سَاعَدَتْ
اَلْحَقَتِ الْعَاجِزَ بِالْحَازِمِ

جب کسی انسان کا مقدر اس کی مساعدت کرتا ہے تو اسے عاجز ہونے کے باوصف دانش مند کے ساتھ جا ملاتا ہے۔

اس سلسلے میں میں نے جو کچھ جمع کیا اور لکھا ہے اس کا نام بُلُوغ الاَرَب فی مَعْرِفَةِ أَحْوَالِ الْعَرَبْ قرار دیا ہے۔

میں اللہ سے مدد اور توفیق کا خواستگار ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ وہ میری صحیح راستے کی طرف راہنمائی کرے، مجھے قدرت و توفیق فقط اللہ ہی عطا کر سکتا ہے، میں اسی پر بھروسا کرتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

Marfat.com

عربوں کی تعریف اور ان کی انواع و اقسام کا بیان

عرب ایک ایسی قوم ہے[۸] جو دیگر اقوام میں از روئے گویائی ، فصاحت گفتار اور بلاغتِ بیان مشہور چلی آتی ہے - یہی وجہ ہے کہ انھیں یہ نام دیا گیا ہے کیونکہ عرب کے لفظی معنی ''اظہار و بیان'' کے ہیں - چنانچہ جب کوئی شخص اپنے ما فی الضمیر کا اظہار کرتا ہے تو کہا جاتا ہے ، اَعْرَبَ الرَجُلُ عَمَّا فی ضَمِیْرِہٖ (فلاں نے اپنے ما فی الضمیر کا اظہار کیا) انھی معنوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے :

اَلثَّیِّبُ تُعْرِبُ عَنْ نَّفْسِھَا (ثیّب[۱] اپنے دل کی بات آپ ہی ظاہر کرے گی) - تمام قوموں میں عربوں کی فصیح البیانی ایک مخصوص علامت ہے - ہم عنقریب کسریٰ کا قصہ بیان کریں گے کہ کس طرح اس نے عربی ممالک میں متعین اپنے وائسرائے نعمان بن منذر سے کہا تھا کہ اس کی طرف عربوں کے بزرگوں اور خطیبوں میں سے اپنی پسند کے کچھ لوگوں کا وفد بھیجے - چنانچہ ان کا قصہ اور ان کی حیرت انگیز فصاحت کا واقعہ مشہور ہے -

عرب ایک قدیم قوم ہے - یہ قوم طوفانِ نوح کے بعد اور نوح علیہ السلام کے زمانے میں عاد اولیٰ ، ثمود ، عمالقہ ، طَسْم ، جدِیْس ، امیم ، جُرہُم ، حضرموت اور سام بن نوح[۴] کی اولاد میں سے ان عرب عاربہ کی صورت میں موجود تھی جنھیں ان سے نسبت ہے - پھر جب یہ زمانہ بھی گزر گیا تو یہ قومیں بھی ختم ہوگئیں اور اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے جس طرح چاہا انھیں ہلاک کر دیا - ازاں بعد عرب قوم ان اقوام کی

---

۱ - ثیّب وہ عورت جس کا خاوند مر چکا ہو یا جسے طلاق مل چکی ہو - یہ مسئلۂ نکاح کی بات ہے - اگر کنواری لڑکی سے دریافت کیا جائے کہ تو فلاں کے ساتھ نکاح کرنے پر راضی ہے اور وہ خاموش رہے تو یہ اس کی رضامندی سمجھی جائے گی مگر ثیّب کو واضح الفاظ میں کہنا ہوگا ، آیا وہ رضامند ہے یا نہیں -

Marfat.com

شکل میں رونما ہوئی جن کا نسب حِمیر ، کہلان اور تُبّع کی نسل کے لوگوں کے علاوہ اُن عرب مستعربہ سے بھی قریب تھا جو عابَربن شالخ بن اَرْفَخْشَد بن سام کی اولاد میں سے تھے اور ان کی طرف منسوب تھے ۔

پھر اس حالت پر بھی عرصۂ دراز بیت گیا مگر چونکہ نوح کی اولاد میں سے شالخ[1] بن عابر کی اولاد اوروں کے مقابلے میں زیادہ صاحب علم تھی لہٰذا اللہ تعالٰی نے ان میں سے ابراہیم بن تارخ کو نبوت کے لیے مخصوص کر لیا ۔ تارخ کا اصلی نام آزر بن ناحور بن ساروخ بن ارغو بن فالغ ہے ۔ نمرود کے ضمن میں حضرت ابراہیم کو جو واقعہ پیش آیا ، اس کا ذکر قرآن نے کیا ہے ۔ پھر حضرت ابراہیم کے ہجرت کر کے حجاز کی طرف چلے آنے کا بھی قصہ مشہور ہے ۔ آپ کے بیٹے اسماعیل اپنی والدہ ہاجرہ کے ساتھ اللہ تعالٰی کا قرب حاصل کرنے کی غرض سے حجر ہی میں رہ گئے تھے ۔ اس بیابان میں سے جُرہم قوم کے کچھ لوگوں کا گزر ہؤا ۔ جن سے اُن کا میل جول ہوگیا ۔ حضرت اسماعیل نے بنو جُرہم ہی کے درمیان پرورش پائی ، انھی کے قبائل میں تربیت حاصل کی اور انھی کی زبان سیکھ لی ، حالانکہ آپ کے والد عجمی تھے ۔

اس کے بعد جیسا کہ قرآن میں مذکور ہے [۹] خانہ کعبہ کی تعمیر عمل میں آئی ۔ پھر اللہ تعالٰی نے انھیں جُرہم اور عمالقہ کی طرف مبعوث کیا جو ان دنوں حجاز میں آباد تھے ۔ ان میں سے بہت سے لوگ آپ پر ایمان لے آئے اور آپ کے تابع ہو گئے ۔ اس کے بعد ان کی نسل بڑھ گئی ۔ تاآنکہ آپ ایک نئی نسل کے ابوالا علٰی[2] بن گئے مثلاً ربیعہ ، مُضَر ، اِیاد ، عَکّ ، نِزار اور عدنان میں سے وہ لوگ جو ان کی طرف منسوب ہوتے ہیں اور حضرت اسماعیل کی ساری باقی اولاد ان سب کو العرب التابعۃ للعرب کہتے ہیں ۔

---

۱ ۔ اُوپر عابر بن شالخ بن اَرْفَخْشَد دیا ہے مگر یہاں شالخ بن عابر دیا ہے اور یہی درست ہے ۔

۲ ۔ اصل کتاب میں بالجیل آخر چھپا ہے اسے "اَباً لِجِیْل" آخر پڑھیں ۔

Marfat.com

پھر عرصہٴ دراز گزر جانے کے بعد ان لوگوں (کی قوت) کا خاتمہ ہوگیا ، اسلام کے آنے سے ان کی سیادت ختم ہوگئی - پھر عجمیوں پر غلبہ پانے کی وجہ سے ان کا میل جول عجمیوں سے ہونے لگا اور ایک زمانہ گزر جانے کے بعد ان کی اولاد کی زبان بگڑ گئی - ان کے جانشین صرف وہ قبائل رہ گئے جو کبھی چٹیل میدانوں ، ریگستانوں اور کھلی زمینوں میں بدوی زندگی گزارتے تھے اور کبھی آباد جگھوں میں ــ مشرق ، مغرب ، حجاز ، یمن ، مصر کے بالائی حصے ، نُوبہ ، حبشہ ، شام ، عراق ، بحرین ، فارس ، کرمان اور خراسان کے قبائل کے لوگوں کی تعداد اس قدر زیادہ تھی کہ احاطے اور شمار سے باہر ہے - ان کی تعداد دنیا بھر کی قوموں سے زیادہ تھی -

ابن خلدون نے کتاب 'العِبَر' میں عرب اقوام کو ابتدائے آفرینش سے لے کر اپنے زمانے تک چار طبقوں میں محصور کیا ہے - اس نے ان تمام زمانوں ، قوموں ، سلطنتوں اور قبائل کا ذکر کیا ہے جو ان میں سے کسی طبقے سے متعلق تھے - چنانچہ اس نے سب سے اوّل

پہلے طبقے

کا ذکر کیا ہے - اور (اس طبقے کے لوگ) عرب عاربہ ہیں - اس نے ان کے انساب ، اوطان ، حکومتوں اور سلطنتوں کا ذکر کیا ہے - اس نے اس نسل کا نام 'عرب عاربہ' اس لیے رکھا کہ یہ لوگ عروبیت میں راسخ تھے جیسا کہ عربی زبان میں لَیْلٌ اَلْیَلُ (نہایت تاریک رات) اور صَوْمٌ صائمٌ (تاکید کے لیے) کہا جاتا ہے - یا اس معنی میں کہ یہ عروبیت کے بنانے والے اور اس کے مُوجد ہیں کیونکہ یہ سب سے پہلی نسل کے لوگ تھے - انہیں بائدہ یعنی 'نابود' بھی کہا جاتا ہے اس لیے کہ اس نسل کا کوئی فرد روئے زمین پر باقی نہیں رہا -

ازاں بعد

دوسرا طبقہ

آتا ہے [۱۰] یہ 'عرب مستعربہ' ہیں ، جو حِمْیَر بن سبا کی اولاد میں سے تھے - ابن خلدون نے ان کے انساب اور یمن میں ان کی حکومتوں

Marfat.com

اور سلطنتوں کا ذکر کیا ہے جو خاندان 'تبّع' اور ان کی اولاد کے زیرِ نگیں تھیں - انھیں 'عرب مستعربہ' اس لیے کہا گیا کہ جب عربیت کی علامات اور امتیازی نشان پہلے لوگوں سے منتقل ہو کر ان میں آ گئے تو ان میں 'صیرورت' کا خاصہ اعتبار کیا گیا ، جس سے مراد یہ ہے کہ ان لوگوں نے وہ صورت اختیار کر لی جو ان سے پہلے ان کے ہم نسب لوگوں کی نہ تھی - یعنی یہ کہ اُنھوں نے عربی زبان بولنی شروع کر دی لہٰذا 'مستعربہ' کا لفظ باب استفعال میں بمعنی 'صیرورت'[1] ہے - چنانچہ عربوں کا محاورہ ہے اِسْتَنْوَقَ الجَمَلُ (اُونٹ ناقہ (اُونٹنی) بن گیا) اور اِسْتَحْجَرَ الطِّیْنُ (مٹی حجر (پتھر) بن گئی) -

چونکہ پہلے طبقے کے لوگ جہاں تک ہمیں معلوم ہے ، نسلی اعتبار سے تمام قوموں سے قدیم تر تھے لہٰذا اصالۃً عربی زبان انھی کی زبان تھی اور انھی کو 'عاربہ' کہا گیا تھا -

اس کے بعد ابن خلدون نے

تیسرے طبقے

کا ذکر کیا ہے اور یہ 'العرب التابعة للعرب' ہیں مثلاً قضاعہ ، قحطان ، عدنان اور ان کی دو بڑی شاخیں ربیعہ اور مضر ــ ابن خلدون نے سب سے پہلے قضاعہ اور ان کی نسبوں کا ذکر کیا ہے - نیز ان بدوی حکومتوں کا ذکر کیا ہے جو نعمان کے خاندان میں حیرہ اور عراق میں تھیں اور کندہ بن حُجر آکل المُرار[2] کے ان بادشاہوں کا ذکر کیا ہے جن سے ان کا ٹکراؤ ہؤا - اس کے بعد عربوں کی اس بدوی حکومت کا ذکر کیا ہے

---

۱ - ایک حالت سے منتقل ہو کر دوسری حالت میں چلے جانا -

۲ - اصل کتاب میں اسی طرح دیا ہے حالانکہ کندہ تو حُجر آکل المُرار کا ابوالاعلیٰ ہوتا ہے - چنانچہ امرؤ القیس کا نسب نامہ یوں بیان کیا جاتا ہے : امرؤالقیس بن حُجُر (بضم الحاء والجیم) بن الحارث بن عمرو بن حُجر آکل المُرار بن عمرو بن معاویہ بن ثور اور ثور کا دوسرا نام کندہ ہے -

Marfat.com

جو بنی جفنہ کے یہاں شام کے علاقے میں بمقام بلقاء قائم تھی - مدینے میں اوس اور خزرج کی سیادت تھی - اس کے بعد عدنان ، ان کے انساب اور مکے میں عمل پیرا قریش کی حکومت کا ذکر کیا ہے - اس کے بعد اس نے اس نبوت کا ذکر کیا ہے جس کی بدولت اللہ تعالٰی نے ان عربوں کو اور تمام نوعِ انسان کو شرف بخشا - پھر ہجرت اور سیرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہ کا ذکر کیا ہے - اس طبقے کو ' العرب التابعة للعرب' کہنے کی وجہ ظاہر ہے -

اس کے بعد ابن خلدون نے

چوتھے طبقے

کا ذکر کیا ہے - وہ لوگ 'عرب مستعجمہ' ہیں - نیز ان لوگوں کا بھی ذکر کیا ہے جن کی المشرق اور المغرب میں بدوی حکومت تھی - ان کا یہ نام اس لیے پڑا کہ جس مُضری زبان میں قرآن مجید نازل ہؤا تھا اور جو ان کے اسلاف کی زبان تھی یہ اس سے ہٹ گئے تھے اور ان کی زبان میں عجمیت آ گئی تھی -

ابن خلدون نے ان چاروں طبقوں کا بالتفصیل ذکر کیا ہے[۱۱] کیونکہ اس کی کتاب کا موضوع اور مرکز بحث یہی امر ہے - چونکہ یہ کتاب لوگوں میں عام متداول ہے لہٰذا ان تمام باتوں کا ذکر کرنا یہاں ضروری نہیں -

ان لوگوں کی تعریف جن پر لفظ 'عرب' کا اطلاق ہوتا ہے

دراصل لفظِ 'عرب' ایک ایسی قوم کا نام ہے جس میں چند اوصاف جمع ہو گئے ہوں - ایک یہ کہ ان کی زبان عربی ہو ، دوسرے یہ کہ وہ عربوں کی اولاد میں سے ہوں ، تیسرے یہ کہ ان کا مسکن عرب کی زمین ہو یعنی جزیرة العرب کے رہنے والے ہوں - جزیرة العرب بحیرۂ قلزم سے لے کر بحیرۂ بصرہ تک اور یمن میں حجر کی آخری حدود سے لے کر شام کی اوّلین حدود تک ہے - اس طرح کہ یمن کا علاقہ تو اس میں آ جائے مگر شام کا علاقہ شامل نہ ہو - عرب لوگ اس علاقے میں بعثت سے

Marfat.com

پہلے بھی آباد تھے اور بعثت کے وقت بھی ۔ مگر جب اسلام آیا اور ملک فتح ہوئے تو اُنھوں نے دیگر ممالک میں بھی سکونت اختیار کر لی ۔ اسی طرح المشرق کی آخری حدود سے لے کر المغرب کی آخری حدود اور شام کے ساحلی علاقوں اور ارمینیا تک عرب آباد ہو گئے حالانکہ اصلاً یہ علاقے ایرانی ، رومی اور بربری وغیرہ قوموں کی آبادی پر مشتمل تھے ۔

پھر یہ علاقے دو قسموں میں منقسم ہو گئے ۔ کچھ علاقے ایسے تھے جہاں کے باشندوں کی اکثریت عربی زبان بولتی تھی ۔ چنانچہ وہاں کے لوگ یا تو عربی زبان کے سوا کوئی دوسری زبان جانتے ہی نہ تھے یا عربی زبان کے ساتھ ساتھ دوسری زبان بھی جانتے تھے مگر ان کی عربیت میں غیر عربی محاورہ داخل ہوگیا تھا ۔ یہ عالم ، شام ، عراق ، مصر اور اندلس وغیرہ کی بیشتر بستیوں کا تھا ۔ فارس اور خراسان کے علاقے کا حال بھی مدتوں سے ایسا ہی چلا آ رہا تھا ۔ کچھ علاقوں میں عجمی زبان کی اکثریت تھی اور اسی کا غلبہ تھا مثلاً ترکستان ، خراسان ، ارمینیہ اور آذربیجان وغیرہ ۔ پھر یہ علاقے تین حصوں میں منقسم ہوگئے ۔ وہ جو ابتداءً عربی تھے ، وہ جو عربی بن گئے اور وہ جو عجمی تھے ۔

اسی طرح ان کے انساب کی بھی تین قسمیں ہیں ۔ کچھ وہ لوگ جو عربی نسل سے ہیں اور اب تک یا تو زبان اور سکونت دونوں کے اعتبار سے عربی ہیں یا صرف زبان کے اعتبار سے عربی ہیں مگر سکونت کے اعتبار سے نہیں، یا صرف سکونت کے اعتبار سے عربی ہیں مگر زبان کے اعتبار سے نہیں ۔ کچھ وہ لوگ جو عربی نسل سے ہیں بلکہ بنی ہاشم میں سے ہیں مگر ان کی زبان اور سکونت دونوں عربی ہو گئیں یا ان دونوں میں سے صرف ایک بات پائی گئی ۔

کچھ لوگ ایسے ہیں جن کی اصل کا کچھ پتا نہیں کہ آیا وہ عربی نسل سے ہیں یا عجمی نسل سے ۔ موجودہ زمانے کے بیشتر لوگوں کا یہی حال ہے ۔ خواہ ان کی زبان اور سکونت دونوں عربی ہوں اور خواہ ان دو میں سے صرف ایک بات پائی جاتی ہو ۔

اسی طرح زبان کے اعتبار سے بھی وہ تین قسموں میں بٹ گئے [۱۲] ۔

59926

Marfat.com

کچھ لوگ تو وہ ہیں جن کے الفاظ اور بول چال کا لہجہ دونوں عربی ہیں ۔ کچھ وہ ہیں جن کی گفتگو کے الفاظ عربی ہیں مگر لہجہ عربی نہیں ۔ یہ وہ متعرب لوگ ہیں جنھوں نے عربی زبان شروع میں عربوں سے نہ سیکھی تھی ۔ وہ پہلے کسی اور زبان کے عادی تھے مگر بعد میں عربی زبان سیکھ لی ۔ یہی حال اکثر اہل علم کا ہے جنھوں نے عربی زبان سیکھ لی تھی ۔ کچھ لوگ ایسے ہیں جو بہت ہی کم عربی زبان بولتے ہیں ۔ ان آخری دو قسموں میں کچھ لوگ ایسے ہیں جن پر عربی زبان غالب ہے اور کچھ ایسے ہیں جن پر عجمی زبان غالب ہے ۔ ان میں بعض لوگ ایسے بھی ہیں جنھیں دونوں زبانوں پر یکساں عبور حاصل ہوتا ہے ، خواہ یہ عبور قدرتاً حاصل ہو خواہ عادتاً ۔

عَرَب اور اَعْرَاب میں معنوی فرق

بعض اہل لغت کا خیال ہے کہ یہ دونوں لفظ مترادف ہیں اور ان کے ایک ہی معنی ہیں ۔ جوہری[1] کتاب 'الصحاح' میں کہتا ہے :

''عرب قوم سے وہ لوگ مراد ہیں جو شہروں میں رہتے ہوں ۔ اس سے اسم نسبت ''عَرَبِیّ'' بنے گا ۔ اَعْرَاب کا اسم نسبت 'اَعْرَابِیّ' ہے ۔ مگر عرف عام میں لفظ عرب کا اطلاق سبھی پر ہوتا ہے ۔ قاموس[2] اور لغت کی دیگر معتبر کتابوں میں بھی اسی طرح مندرج ہے ۔ ابوالعباس احمد بن عبداللہ جو ابن ابی غسّدہ کے نام سے مشہور ہیں اپنی کتاب 'نہایۃ الارب[3] فی معرفۃ انساب العرب' میں لکھتے ہیں :

---

۱ ۔ جوہری : ابو نصر اسماعیل بن حمادالترکی اللغوی ائمہ زبان میں سے تھے ۔ بہت سفر کرنے کے بعد نیشاپور میں سکونت اختیار کر لی ۔ صحاح اللغۃ اُن کی مشہور تصنیف ہے ۔ ۳۹۳ھ میں وفات پائی (شذرات : ۳ : ۱۴۲) مگر لین نے ۳۹۷ھ دی ہے ۔

۲ ۔ قاموس: مجدالدین فیروزآبادی المتوفٰی ۸۱۷ھ (۱۴۱۴ء) کی تالیف ہے ۔

۳ ۔ نہایۃ الارب فی معرفۃ انساب العرب ۔ ابوالعباس احمد القلقشندی المتوفٰی ۸۲۱ھ کی تصنیف ہے ۔

Marfat.com

شہر کے رہنے والوں کے لیے لفظ عرب بولا جاتا ہے اور صحرا کے رہنے والوں کے لیے اعراب ، مگر عرف عام میں لفظ عرب کا اطلاق دونوں پر ہوتا ہے ۔

شیخ الاسلام ابوالعباس[1] احمد بن تیمیہ[رح] اپنی کتاب 'الاقتضاء' میں کہتے ہیں :

اَعرَاب کا لفظ دراصل صحرا نشین عربوں کے لیے بولا جاتا ہے ۔ ظاہر ہے کہ ہر قوم میں شہری بھی ہوتے ہیں اور صحرا نشین بھی ۔ چنانچہ عرب کے بادیہ نشینوں کو اعراب کہتے ہیں ۔ جیسے روم کے بادیہ نشین اَرمن وغیرہ ہیں ، ایران کے بادیہ نشین کُردی وغیرہ اور ترکستان کے تاتاری وغیرہ ۔

ابن تیمیہ[رح] کہتے ہیں کہ اصلی معنی یہی ہیں اگرچہ ان معنوں میں کمی بیشی ہو جاتی ہے واللہ اعلم ۔ اہل تفسیر کہتے[6] ہیں : الاعراب جمع کا صیغہ ہے مگر یہ لفظ عرب کی جمع نہیں ہے جیسا کہ سِیبَوَیہ[2] سے مروی ہے تاکہ اس سے جمع کا بمقابلہ واحد کے زیادہ خاص ہونا لازم نہ آئے ، کیونکہ عرب تو مطلق طور پر اس مشہور و معروف قوم کا نام ہے ہی ، رہے اعراب تو وہ صحرا کے رہنے والے ہیں ، اسی لیے اعراب کا اسم نسبت اسی لفظ سے اَعرابی آتا ہے ۔ مفسرین کی ایک جماعت کہتی ہے : عرب سے شہروں اور بستیوں کے رہنے والے مراد ہیں ، ان میں سے جو لوگ بادیہ نشین یا ان کے موالی ہیں انھیں اَعراب کہا جاتا ہے اس قول کے مطابق عَرَب اور اَعرَاب دو مختلف چیزیں ہیں ۔ اور ان دونوں میں جمع اور واحد کا امتیاز 'یاء' کے ساتھ ہوتا ہے ۔ لہٰذا واحد کے لیے عَرَبیٌّ اور اَعرابی کہیں گے اور جمع کے لیے عَرَبٌ اور اَعرَابٌ [۱۳] ۔ اسی

---

۱ - شیخ الاسلام تقی الدین ابوالعباس احمد بن عبدالعلیم نے جو ابن تیمیہ[رح] کے نام سے مشہور ہیں ۷۲۸ھ میں وفات پائی ۔

۲ - سیبویہ : عربی صرف و نحو کا امام اور خلیل بن احمد کا شاگرد ۔ اصلی نام عمرو بن عثمان وفات ۱۶۱ھ یا ۱۹۴ھ (شذرات : ۱ : ۲۴۸)۔

Marfat.com

طرح اعاریب کا لفظ بھی جمع کا لفظ ہے ۔ یہ اسی طرح ہے جس طرح ہم مَجُوسِیٌ اور یَہُودِیٌ واحد کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔ مگر جمع کے لیے 'یاء' کو گرا دیتے ہیں اور المَجُوس اور الیہود کہتے ہیں ۔ بُلَغا کا استعمال مفسرین کے قول کے عین مطابق ہے چنانچہ خدا نے قرآن مجید کی سورۂ توبہ میں مدینے کے منافقین کا حال بیان کرنے کے بعد دیگر منافقین عرب کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا :

وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ (توبہ : ۹۰) ۔

بناوٹی عذر پیش کرنے والے بدوی اجازت چاہنے کے لیے آئے ۔

ایک اور آیت میں فرمایا :

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۛ لَا تَعْلَمُهُمْ ۛ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۛ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ (توبہ : ۱۰۰) ۔

جو بدوی تمہارے آس پاس ہیں ان میں سے بعض لوگ منافق ہیں اور اہل مدینہ میں سے بھی کچھ لوگ اسی قسم کے ہیں ۔ یہ سب کے سب منافقت کے عادی ہو چکے ہیں ۔ آپ اُنھیں نہیں جانتے ۔ ہم اُنھیں جانتے ہیں ۔ ہم اُنھیں دُگنا عذاب دیں گے اور پھر اُنھیں عذاب عظیم کی طرف لوٹایا جائے گا ۔

ایک اور آیت میں فرمایا :

اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّ نِفَاقًا وَّ اَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ۛ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ وَ مِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّ يَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ۛ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۛ وَ اللّٰهُ

Marfat.com

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ وَ مِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ يَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللهِ وَ صَلَوٰاتِ الرَّسُوْلِ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ سَيُدْخِلُهُمُ اللهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ اِنَّ اللهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (توبہ : ٩٦—٩٨)۔

بدوی بہت شدید قسم کے کافر اور منافق ہیں اور اس بات کے زیادہ اہل ہیں کہ اُنھیں ان احکام کی حدود معلوم نہ ہوں جو اللہ نے اپنے رسول پر اتارے ۔ اور اللہ جاننے والا اور حکمت والا ہے اور کچھ بدوی ایسے ہیں کہ وہ جو مال خرچ کرتے ہیں اسے تاوان سمجھتے ہیں اور اس بات کے منتظر رہتے ہیں کہ تم پر ہر مصیبت[1] نازل ہو۔ انھی پر بری مصیبت نازل ہوگی اور اللہ سمیع و علیم ہے ۔ اور کچھ بدوی ایسے بھی ہیں جو اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور وہ جو مال خرچ کرتے ہیں اسے اللہ کے قرب اور رسول کی دعائے خیر کا سبب سمجھتے ہیں ۔ ہاں ! یقیناً یہ ان کے لیے اللہ کے قرب کا سبب ہے ، اللہ تعالٰی اُنھیں عنقریب اپنی رحمت میں داخل کرے گا ۔ اللہ غفور اور رحیم ہے ۔

مؤرخین اس خیال کے حامی ہیں کہ اعراب عربوں ہی کی ایک قسم ہے چنانچہ ابن خلدون[2] عربوں کی اقوام ، ان کی اوّلیت اور طبقات کے اختلاف کا ذکر کرتے ہوئے کتاب العِبَر میں لکھتا ہے :

---

١ ۔ دوائر جمع ہے دائرۃ کی جس کے معنی قتل ، موت ، مصیبت اور شکست کے آتے ہیں اور اس آیت میں تینوں معانی کا اطلاق ممکن ہے ۔

٢ ۔ ابن خلدون : ولی الدین ابو زید عبدالرحمٰن بن محمد المالکی المعروف بابن خلدون ۔ پیدائش ٧٣٢ھ وفات ٨٠٨ھ ۔ تیمور کی فوج کے ساتھ بھی کچھ عرصہ رہے ۔ تیمور کو ان کی باتیں بہت پسند آئیں ان کی موت ٧٦ سال کی عمر میں اچانک واقع ہوئی ۔ کتاب العبر ان کی معرکۃ الآرا تاریخ کی کتاب ہے ۔

Marfat.com

یاد رکھیں کہ عربوں میں سے بعض لوگ خانہ بدوش ہیں ۔ آب و گیاہ کی تلاش میں گرداں رہتے ہیں ۔ ان کی رہائش کے لیے ان کے خیمے ہوتے ہیں ، سواری کے لیے گھوڑے اور کسب معاش کے لیے چوپائے۔ چوپاؤں کی دیکھ بھال کرتے ہیں ، [۱۴] ، ان کے دودھ سے خوراک حاصل کرتے ہیں ، اُن کے بالوں اور پشم سے سردی سے بچاؤ کا اہتمام کرتے اور گھر کا سامان بناتے ہیں ۔ انھی کی پیٹھ پر یہ اپنا بوجھ لاد کر یہاں اور وہاں اترتے چلے جاتے ہیں ۔ وہ بالعموم شکار کے ذریعے سے روزی حاصل کرتے ہیں ۔ وہ ہمیشہ اِدھر اُدھر پھرتے رہتے ہیں ۔ کبھی شدت گرما سے بھاگ رہے ہیں کبھی شدت سرما سے ، کبھی اپنی بھیڑ بکریوں کے لیے چراگاہ تلاش کر رہے ہیں اور کبھی اپنے ان اُونٹوں کے مفاد کی خاطر رواں ہیں جو ان کی روزی ہیں ، جو ان کے بوجھ اُٹھاتے ہیں ، اُنھیں سردی سے بچاتے ہیں اور دیگر کئی فوائد کے بھی کفیل ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ اقلیم ثالث کی سکونت ان کے لیے مخصوص ہے جو مغرب میں بحر محیط سے لے کر یمن کی آخری حد تک اور مشرق میں ہندوستان کی حد تک پھیلی ہوئی ہے۔ چنانچہ یہ لوگ یمن ، حجاز ، نجد ، تہامہ اور ان کے علاوہ دیگر ایسے ممالک میں بھی آباد ہو گئے جہاں یہ جیسا کہ بیان کیا جاتا ہے پانچویں صدی میں داخل ہوئے تھے مثلاً مصر ، صحرائے برقہ اور اس کے ٹیلے ، قسطنطنیہ ، افریقہ ، زاغا ، مغرب بعید اور سوس ۔ اس لیے کہ ان علاقوں میں خاص طور پر ریگستان اور ایسے چٹیل میدان پائے جاتے ہیں جن کے گرد ہرے بھرے کھیت اور ٹیلے واقع ہیں ۔ یہ ٹیلے اور شاداب علاقے جہاں دیگر اقوام بھی آباد ہیں موسم بہار اور زمین کے بارونق زمانے میں یوں ہوتے ہیں کہ وہاں کے اقطاع چراگاہیں بن جاتے ہیں ۔ جن کے اطراف میں موسم گرما تک ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کا سلسلہ جاری رہتا ہے تاکہ وہاں کے غلے سے سال بھر کے لیے خوراک حاصل کی جا سکے ۔ بعض اوقات یوں بھی ہوتا کہ یہاں کی آبادی کو خانہ بدوشوں کی آمد و رفت کے زمانے میں ان کی طرف سے بہت تکلیف پہنچتی ، جس کی وجہ یہ ہوتی کہ یہ قافلے فساد بپا کرتے ، کبھی ہرے بھرے کھیتوں

Marfat.com

کو چر جاتے ، اور کبھی ان کھیتوں کو خواہ وہ کھڑے ہوتے خواہ کٹے ہوتے لوٹ لیتے ماسوا ان کھیتوں کے جن کی حفاظت حکومت کرتی یا جن علاقوں میں شاہی اقتدار کی وجہ سے حفاظتی دستے بچاؤ کرتے۔ پھر یہ لوگ موسم خزاں میں چٹیل میدانوں میں اُتر آتے تاکہ ان کے جانور وہاں کے درختوں کو چر سکیں اور ان کے اُونٹ وہاں کی ریتلی زمینوں میں بچے پیدا کر سکیں ۔ اس عمل میں ان کی کئی اور مصلحتیں بھی مضمر ہوتیں اور یہ مع اہل و عیال سردی کی اذیت سے بھاگ کر جانوروں کی گرمایش کی پناہ میں آ جاتے ۔ بہر حال ہر سال اقلیم ثالث اور چہارم کے درمیان صحرا اور شاداب سرزمین کے درمیان ان کی آمد و رفت جاری رہتی ۔ موسم کے رد و بدل کے ساتھ ساتھ یہ بھی کبھی اُوپر چلے جاتے اور کبھی نیچے اُتر آتے ، ان کی امتیازی علامت یہ ہوتی کہ یہ بالعموم سلے ہوئے کپڑے پہنتے ، سروں پر پگڑیاں تاج کے طور پر ہوتیں جن کی ایک طرف شملہ چھوڑ رکھا ہوتا ۔ ان میں سے بعض اس شملے کے ایک حصے سے منڈاسا باندھ لیتے ہیں اور یہ مشرق کے عربوں کا (عام) طریقہ ہے [۱۵] اور کچھ لوگ پگڑی باندھنے سے پہلے اس کے کچھ حصے سے گردن اور گردن کی رگوں کو لپیٹ لیتے ہیں ، پھر جو کپڑا ٹھوڑیوں کے نیچے بچ رہتا ہے اس سے منڈاسا باندھ لیتے ہیں ۔ یہ مغرب کے عربوں کا (عام) طریقہ ہے اور کچھ لوگ پگڑی باندھنے سے پہلے اس کے کچھ حصے سے گردن اور گردن کی رگوں کو لپیٹ لیتے ہیں ، پھر جو کپڑا ٹھوڑیوں کے نیچے بچ رہتا ہے اس سے منڈاسا باندھ لیتے ہیں ، یہ مغرب کے عربوں کا (عام) طریقہ ہے یہ لوگ بربر قوم کے ان زناتہ لوگوں کی نقل اتارتے ہیں جو ان سے پہلے وہاں آباد تھے ۔ اسی طرح اُنھوں نے ان سے ہتھیار باندھنے کے معاملے میں خطی نیزوں کو رکاب اور ران کے درمیان رکھنا سیکھا اور کمانوں کو کندھوں پر رکھنا چھوڑ دیا حالانکہ ان سے پہلے کے لوگوں کے یہاں بھی اور اس زمانے کے مشرقی عربوں کے یہاں بھی ان دونوں طریقوں کا استعمال رائج تھا۔

---

۱ ۔ اصل کتاب میں ’’ فضائھا ‘‘ چھپا ہؤا ہے اسے فَضْلھا پڑھیں ۔

Marfat.com

اس عبارت کے نقل کرنے سے جو ہمارا مقصد تھا پورا ہوگیا - یہی بات مشہور ہے اور اسی پر جمہور اہلِ لغت کا اتفاق ہے -

جاھلیت کے معنی اور اس کا اطلاق

جاہلیت سے وہ زمانہ مراد ہے جس میں جاہلوں کی کثرت تھی اور یہ اسلام سے پہلے کا زمانہ تھا - بعض کہتے ہیں کہ جاہلیت کا زمانہ 'فَتَرَت' کا زمانہ ہے یعنی وہ زمانہ جو دو رسولوں کے درمیان تھا - کبھی اس کا اطلاق مطلق زمانۂ کفر پر ہوتا ہے ، کبھی فتح (مکہ) سے پہلے کے زمانے پر ، اور کبھی اس زمانے پر جو ولادت نبوی اور بعثت کے درمیان ہے -

ابن خالویہ[1] سے مروی ہے کہ یہ لفظ ایسا نام ہے جو بعہد اسلام وجود میں آیا اور اس سے بعثت نبوی سے پہلے کا زمانہ مراد لیا جاتا ہے -

عسقلانی[2] بخاری کی شرح میں کہتے ہیں : جاہلیت سے بالعموم یہی مراد لی جاتی ہے اور قرآن کی یہ آیت انھی معنوں کی حامل ہے :

يَظُنُّونَ بِاللهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ

''یہ لوگ عہد جاہلیت کے خیالات کی طرح اللہ کے متعلق غلط قسم کے خیالات رکھتے ہیں'' -

---

۱ - ابن خالویہ : الاستاد ابو عبداللہ الحسین بن احمد الہمذانی النحوی اللغوی - کچھ عرصہ بغداد میں رہے پھر حلب چلے آئے اور وہیں سکونت اختیار کر لی اور وہیں ۳۷۰ھ میں وفات پائی - سیف الدولہ کی مجلس میں ان کی متنبّی سے نوک جھونک رہتی -

۲ - عسقلانی : شیخ الاسلام امیرالمؤمنین فی الحدیث ، حافظ العصر شہاب الدین ابو الفضل احمد بن علی المعروف بابن حجر - آل حجر ایک قوم ہے جو قابس کی زمین میں بلادالجرید کے آخری حصے میں آباد ہے - ان کی نسبت اسی سے ہے ، پیدائش ۷۷۳ھ اور وفات ۸۵۲ھ - بخاری پر ان کی شرح کا نام فتح الباری ہے جو تیرہ جلدوں میں مصر میں چھپ چکی ہے -

Marfat.com

اس کے بعد کہتے ہیں : نووی[1] کا مسلم کی شرح میں متعدد مقامات پر حتمی طور پر یہ کہنا کہ جہاں کہیں بھی یہ لفظ آئے اس سے یہی مراد لی جاتی ہے غور طلب ہے کیونکہ لفظ جاہلیت کا اطلاق گزشتہ زمانے پر ہوتا ہے اور مراد ما قبل اسلام کا زمانہ لیا جاتا ہے اور اس کا آخری[2] زمانہ فتح مکہ لیا جاتا ہے ۔ ابن حجر کا بیان ختم ہؤا ۔

اس کی تشریح یہ ہے کہ جاہلیت کا لفظ کبھی تو حالت جاہلیت کے نام کے طور پر بولا جاتا ہے اور کتاب و سنت میں بالعموم یہی معنی مراد لیے جاتے ہیں اور کبھی ذوالحال (یعنی وہ شخص یا لوگ جو اس حالت میں ہوں) مراد لی جاتی ہے ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت ابوذرؓ کو فرمانا :

إِنَّكَ امْرُؤٌ فِيكَ جَاهِلِيَّةٌ

(تجھ میں جاہلیت کی حالت پائی جاتی ہے)

اور حضرت عمرؓ کا فرمانا : میں نے جاہلیت میں نذر مانی تھی کہ ایک رات اعتکاف میں بیٹھوں گا۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا فرمانا : جاہلیت میں نکاح چار قسم کا تھا ۔

اور صحابہ کا یہ کہنا: [۱۶] ''یا رسول اللہ ہم جاہلیت اور شر میں تھے''۔ یعنی جاہلیت کی حالت یا طریقے یا عادت وغیرہ میں تھے ۔ یہ سب پہلے معنوں میں استعمال ہوئے ہیں ۔ کیونکہ جاہلیت اگرچہ در حقیقت صفت ہے مگر کثرت استعمال کی وجہ سے یہ اسم بن گیا ہے مگر اس کے معنی مصدری معنی کے قریب ہیں ۔

---

۱ ۔ شیخ الاسلام محی الدین ابو زکریا یحییٰ بن شرف النووی اور النواوی بھی بولتے ہیں ۔ حافظ حدیث اور زاہد تھے ۔ پیدائش ۶۳۱ھ اور وفات ۶۷۶ھ ۔

۲ ۔ فتح الباری (۷ : ۱۱۲ مطبعۃ الکبری المیریہ ۱۳۰۰ھ) میں یہ عبارت یوں دی ہے : و ضابط آخرہ غالباً فتح مکہ ۔

Marfat.com

دوسرے معنی میں (یعنی ذوالحال کے معنوں میں) ہم کہتے ہیں طَائِفَةٌ جَاهِلِيَّةٌ ، اور شَاعِرٌ جَاهِلِيٌّ اور یہ نسبت ہے جہل کی طرف جہل کے معنی علم نہ ہونے کے یا علم کا اتباع نہ کرنے کے ہیں ۔ چنانچہ جو شخص حق بات کو نہ جانتا ہو اس شخص میں جہل بسیط پایا گیا ۔ اور اگر حق کے خلاف عقیدہ رکھے تو اس کا جہل ، جہل مرکب ہے اور اگر حق بات کو جانتے ہوئے یا نہ جانتے ہوئے حق کے خلاف کہے تو وہ بھی جاہل ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے :

وَإِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُونَ قَالُوا سَلَامًا

(الفرقان : ٦٢)

"جب ہٹ دھرم لوگ ان سے خطاب کرتے ہیں تو یہ انھیں (اس کے جواب میں) سلام کہتے ہیں" ۔

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ صَائِمًا فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَجْهَلْ ۔

"جب تم میں سے کوئی شخص روزہ رکھے ہوئے ہو تو اسے نہ تو کوئی گندی بات کہنی چاہیے نہ اکھڑپنے کی"۔ انھی معنوں میں عمرو بن کلثوم اپنے قصیدے میں کہتا ہے :

أَلَا لَا يَجْهَلَنْ أَحَدٌ عَلَيْنَا
فَنَجْهَلَ فَوْقَ جَهْلِ الْجَاهِلِينَا

"خبردار ! کوئی ہمیں اکھڑپنا نہ دکھائے ورنہ پھر ہم ان سے بڑھ کر اکھڑپنا دکھائیں گے"۔ ان معنوں میں یہ لفظ کثرت سے استعمال ہوا ہے ۔

اسی طرح جو شخص حق کے خلاف عمل کرے وہ بھی جاہل ہے خواہ اسے علم ہی کیوں نہ ہو کہ یہ حق کے خلاف ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

إِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللَّهِ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السُّوءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوبُونَ مِنْ قَرِيبٍ :

Marfat.com

''اللہ تعالٰی تو صرف ان لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہے جو جہالت سے بُرا فعل کر بیٹھیں اور پھر تھوڑی دیر کے بعد ہی توبہ کر لیں''۔ اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں : ہر وہ شخص جو بُرا فعل کرے جاہل ہے خواہ اسے اس بات کا علم ہی کیوں نہ ہو کہ وہ فعل حق کے خلاف ہے ۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ حقیقی علم جو دل میں راسخ ہو چکا ہو اس کے ہوتے ہوئے ناممکن ہے کہ کسی انسان سے کوئی ایسا قول یا فعل صادر ہو جو اس علم کے خلاف ہو ، لہٰذا جب حق کے خلاف بات صادر ہوئی تو وہاں یقیناً دل کی غفلت پائی گئی ، یا حق کے مخالف امر کا مقابلہ نہ کرنے کی وجہ سے دل کی کمزوری پائی گئی اور یہ تمام حالات حقیقت علم کے منافی ہیں لہٰذا اس اعتبار سے جہل قرار پائے۔ یہیں سے تجھے معلوم ہو جائے گا کہ اعمال ایمان میں مجازاً نہیں بلکہ حقیتاً شامل ہیں ۔ اگرچہ ہر وہ شخص جو اعمال ترک کر دے نہ کافر کہلا سکتا ہے اور نہ اصل ایمان کے نام سے خارج ہے ۔ یہی حال عقل اور اسی قسم کے دوسرے ناموں کا ہے اسی لیے تو اللہ تعالٰی ان حالات والوں کو مردے ، اندھے گونگے ، بہرے گمراہ اور جاہل کا نام دیتے ہیں اور ان کی تعریف میں لَایَعْقِلُوْن اور لَایَسْمَعُوْن جیسے الفاظ استعمال کرتے ہیں اور مؤمنین کی صفت میں أولُوالاَلْبَاب ، أولُوالنُّهٰی ، اِنَّهُمْ مُهْتَدُوْنَ (یہ ہدایت یافتہ لوگ ہیں) ، اِنَّ لَهُمْ نُوراً (ان کے لیے نور ہے) ، اِنَّهُمْ یَسْمَعُوْنَ (یہ سنتے ہیں) ، یَعْقِلُوْن (سمجھتے ہیں) قسم کے الفاظ استعمال کرتے ہیں ۔

جب یہ بات واضح ہوگئی [۱۷] تو گویا وہ لوگ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے تھے جاہلیت کی حالت میں تھے ۔ یعنی ایسا جہل جو جاہل کی طرف منسوب ہو کیونکہ جن اقوال و افعال کے وہ عادی بن چکے تھے انھیں ایجاد بھی کوئی جاہل ہی کر سکتا تھا اور ان پر عمل پیرا بھی کوئی جاہل ہی ہو سکتا تھا ، اسی طرح ہر وہ چیز جو رسولوں کے آوردہ احکام کے خلاف ہو خواہ اس کا تعلق یہودیت

Marfat.com

سے ہو خواہ نصرانیت سے ، جاہلیت ہے ۔ یہ تو عام جاہلیت تھی لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد مطلق جاہلیت کسی شہر میں ہو سکتی ہے اور کسی میں نہیں ، مثلاً وہ علاقے جنھیں غیر اسلامی کہا جاتا ہے اسی طرح جاہلیت کسی شخص میں ہوتی ہے کسی میں نہیں مثال کے طور پر ایک شخص اسلام لانے سے پہلے جاہلیت میں ہوتا ہے ۔ باوجود اس کے کہ وہ دارالاسلام میں مقیم ہوتا ہے ، مطلق زمانے کے اعتبار سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد کوئی جاہلیت نہیں رہی کیونکہ آپ کی اُمت کے کچھ لوگ قیامت تک حق پر کاربند رہنے کے باعث غالب رہیں گے ، رہی مقید جاہلیت تو وہ بعض اسلامی ممالک میں بھی پائی جا سکتی ہے اور بہت سے مسلمان افراد میں بھی ، جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے :

أَرْبَعٌ فِیْ أُمَّتِیْ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِیَّةِ لَا یَتْرُکُوْنَهُنَّ : الفخربالاَحْساب ، و الطَّعْنُ فِی الانْسَابِ و الاَ سْتِسْقَاءُ بِالنُّجُوْمِ و النِیَاحَةُ ۔

میری اُمت میں چار باتیں جاہلیت کی پائی جاتی ہیں جنھیں وہ نہیں چھوڑتے : حسب و نسب پر فخر کرنا ، اوروں کے نسب میں طعن کرنا ، ستاروں سے بارش طلب کرنا ، اور نوحہ کرنا ۔

ایک بار حضرت ابو ذرؓ نے کسی شخص کو اُن کی والدہ کے متعلق طعن کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

اِنَّکَ امْرُوءٌ فِیْکَ جَاهِلِیَّةٌ (تو ایسا انسان ہے جس میں جاہلیت کی خصلت پائی جاتی ہے) ۔

یہ سب باتیں جاہلیت کہلاتی ہیں ۔ اگرچہ جاہلیت کا لفظ بالعموم عربوں کی قبل از اسلام کی حالت کے لیے بولا جاتا ہے کیونکہ وہ بہت سے اعمال اور احکام میں اس سے بھی زیادہ جہالت کا مظاہرہ کرتے تھے ۔

بخاری نے اپنی صحیح میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ اُنھوں نے فرمایا : اگر تم عربوں کی جاہلیت کو معلوم کرنا چاہو تو

Marfat.com

سورہ انعام کی ایک سو تیس سے اُوپر کی آیات کو پڑھ کر دیکھ لو:

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ اِفْتِرَاءً عَلَى اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۔

''جن لوگوں نے اپنی بیوقوفی کی وجہ سے بغیر علم کے اپنی اولاد کو قتل کیا اور اللہ کے رزق کو اللہ پر بہتان باندھتے ہوئے حرام قرار دیا وہ لوگ خسارے میں ہیں ۔ یقیناً یہ لوگ گمراہ ہو چکے ہیں اور ہدایت پانے کے نہیں'' ۔

اللہ تعالٰی کے فرمان

وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى ۔

(گھروں کے اندر رہو اور پہلی سی جاہلیت کا سنگھار نہ کرو)

میں جاہلیت کے مفہوم کے متعلق مفسرین میں اختلاف پایا جاتا ہے ۔ چنانچہ بعض کہتے ہیں کہ جاہلیت اولٰی اس زمانے میں تھی جس زمانے میں ابراہیم علیہ السلام کی پیدائش ہوئی ۔ اس زمانے میں عورت موتیوں کی قمیص پہن کر راستے کے عین وسط میں چلتی اور اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے پیش کرتی تھی ۔

حکم[1] بن عُیَیْنَہ کہتے ہیں : جاہلیتِ اُولٰی آدم اور

---

۱ ۔ حکم بن عُیَیْنَہ ۔ اصل کتاب میں اسی طرح دیا ہے مگر درست نام حکم بن عُتَیْبَہ ہے ۔ الحکم بن عُتَیْبَہ (بمثناۃ مصغراً) ۔ الکندی الکوفی مشہور علما میں سے تھے ۔ اُنھوں نے ابو جحیفہ ، عبدالرحمٰن بن ابی لیلی اور کئی ایک لوگوں سے روایت کی اور ان سے منصور ، اعمش اور ابو عوانہ وغیرہ نے ۔ عجلی کہتے ہیں : یہ ثقہ اور ثبت تھے ، صاحب سنت تھے ، ۶۵ سال کی عمر میں ۱۱۵ھ میں وفات پائی ۔ (خلاصہ تذہیب الکمال : ص ۷۶) ۔

Marfat.com

نوح علیہا السلام کے زمانے میں تھی اور یہ آٹھ سو سال کا عرصہ ہے - اس زمانے کے لوگوں کے اخلاق بُرے بیان کیے جاتے ہیں -

ابن عباس[۱] کہتے ہیں: یہ نوح[۴] اور ادریس[۴] کے درمیان کا زمانہ ہے -

کلبی[۲] کہتے ہیں: نوح اور ابراہیم کے درمیان کا زمانہ ہے - کہا جاتا ہے کہ عورت موتیوں کی قمیص پہنتی تھی جو دونوں جانب سے ملی ہوئی نہ ہوتی تھی - [۱۸] پتلے کپڑے پہنتی اور اپنے بدن کو ڈھانپا نہ کرتی تھی -

ایک گروہ کہتا ہے: جاہلیت اُولٰی موسیٰ اور عیسیٰ کا درمیانی زمانہ ہے -

ثعلبی[۳] کہتا ہے: عیسیٰ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان کا عہد -

---

۱ - ابن عباس، عبداللہ بن عباس، ابن عم رسول اللہ صلی علیہ وسلم حبرُامت لقب ۶۸ھ میں وفات پائی -

۲ - کلبی: محمد بن السائب الکلبی الکوفی ابو صالح باذام سے روایت کی اور ان سے ابن مبارک وغیرہ نے - ان کی بات کو صرف تفسیر میں پسند کیا گیا ہے - ۱۴۶ھ میں وفات پائی -
(خلاصہ تذہیب الکمال: ۲۸۸)

۳ - ثعلبی: کتاب میں اسی طرح دیا ہے مگر بہتر ثعالبی ہے - ابو اسحٰق احمد بن محمد بن ابراہیم النیشا پوری المفسر - حافظ واعظ اور تفسیر کے سردار تھے - ابن خلکان نے انھیں تفسیر میں یکتائی روزگار کہا ہے، تفسیر کبیر لکھی - ان کی ایک اور تصنیف کتاب العرائس فی قصص الانبیا ہے - ثعلبی یا ثعالبی ان کا لقب ہے نسبت نہیں - ۴۲۷ھ میں وفات پائی - یاد رہے کہ اسی زمانے میں ایک اور ثعالبی بھی ہوئے ہیں جن کا نام ابو منصور عبدالملک بن محمد النیشا پوری الثعالبی ہے - یہ ادیب اور شاعر تھے - یتیمۃ الدھر اور فقہ اللغہ ان کی تصانیف ہیں، ۴۳۰ھ میں وفات پائی -

Marfat.com

ابو العالیہ[1] کہتا ہے : یہ داؤد اور سلیمان علیہما السلام کا زمانہ ہے۔ اس زمانے میں عورت جو قمیص پہنتی اس کی دونوں طرفیں سلی ہوئی نہ ہوتی تھیں اور عورتیں بدن کے اس حصے کو بھی ظاہرکر دیا کرتیں جس کا ظاہر کرنا قبیح معلوم ہوتا ہے ۔ نوبت یہاں تک پہنچ چکی تھی کہ عورت (بیک وقت) اپنے خاوند اور اپنے یار کے ساتھ بیٹھ جاتی ۔ یار تہمد سے اُوپر کا حصہ لے لیتا اور خاوند تہمد سے لے کر نیچے تک کا حصہ اور بعض اوقات دونوں ایک دوسرے سے اپنا اپنا حصہ بدل لینے کی بھی فرمائش کرتے ۔

مجاہد[2] کہتے ہیں : عورتیں مردوں کے درمیان چلا پھرا کرتی تھیں ۔ اسی کو قرآن نے 'تبرج' سے تعبیر کیا ہے ۔ ابن عطیہ[3] کہتے ہیں : میرے نزدیک ظاہر بات یہ ہے کہ اللہ نے اُس جاہلیت کی طرف اشارہ کیا ہے جس کا زمانہ اُنھوں نے پایا ۔ لہٰذا انھیں اسی جاہلیت کے اخلاق سے علٰحدہ ہو جانے کا حکم دیا گیا اور یہ اخلاق وہ اخلاق تھے جو شریعت کے آنے سے پہلے کفار کا شعار تھے ، کیونکہ ان میں کسی قسم کی غیرت نہ پائی جاتی تھی ۔ عورتوں کے معاملے میں کسی قسم کا حجاب نہ تھا اور اُس جاہلیت کو 'اُولٰی' اُس حالت کی نسبت سے کہا گیا جس پر وہ اُس وقت یعنی بعہد اسلام تھیں ۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہاں کوئی

---

۱ ۔ ابو العالیہ : رُفیع بن مہران الریاحی ابو العالیۃ البصری امام اور مخضرم ہیں ۔ اُنھوں نے حضرت عمر کے پیچھے نماز پڑھی ۔ ماوراء النہر میں سب سے پہلے اُنھوں نے اذان دی ۔ ۹۰ھ میں وفات پائی ۔

۲ ۔ مجاہد : مجاہد بن جبرالمکی ۔ ابن عباس کے خاص شاگرد اور تفسیر کے بڑے عالم تھے۔ اسّی سال سے اُوپر عمر پا کر ۱۰۳ھ میں وفات پائی ۔

۳ ۔ ابن عطیہ : ان کا کہیں پتا نہ چل سکا ۔ غالباً درست ابن علیہ ہے ۔ اسمٰعیل بن ابراھیم الاسدی القرشی ۔ علیہ ان کی والدہ کا نام ہے ۔ حافظ ثقہ ، ثبت اور امام تھے ۔ شعبہ نے انھیں 'ریحانۃ الفقہا' کہا ہے ولادت ۱۱۰ھ اور وفات ۱۹۳ھ (خلاصہ : ۲۷) ۔

Marfat.com

اور جاہلیت بھی ہے۔ جاہلیت کا لفظ اسلام سے پہلے کی مدت کے لیے استعمال کیا گیا جیسا کہ واضح ہے۔

جنس عرب کی فضیلت اور ان کے امتیازی اوصاف کا بیان

یاد رکھیں کہ ہر نوع کو کمال اُن اوصاف کے حصول سے میسر آتا ہے جو اس نوع کے ساتھ مخصوص ہوں اور ان آثار کے صدور سے عمل میں آتا ہے جو اُس نوع سے مطلوب ہوں۔ انھی اوصاف کی کمی یا بیشی کی وجہ سے بعض افراد بعض پر فضیلت حاصل کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ ایک کو آسمان اور دوسرے کو زمین قرار دے دیا جاتا ہے۔ انسان باقی تمام اجسام کے ساتھ جگہ گھیرنے اور فضا میں موجود ہونے کے اعتبار سے برابر کا شریک ہے، اسی طرح غذا حاصل کرنے اور نشو و نما پانے کی رُو سے یہ نباتات کا شریک ہے اور سانس لے کر زندہ رہنے، حرکت ارادی اور احساس کی رعایت سے یہ بے زبان جانوروں کے زمرے میں شامل ہے۔ اسے اگر امتیاز حاصل ہے تو صرف اُس قوت گویائی کی وجہ سے جو اسے عطا کی گئی ہے اور ان امور کی وجہ سے ہے جو اس کے تابع ہیں مثلاً عقل، علوم ضروریہ، پسندیدہ و نیک اعمال، نظر و استدلال کی اہلیت، اور اس نظرو استدلال کے ذریعے مدارج کمال میں ترقی کرنے نیز یہ جاننے کی وجہ سے کہ کونسی بات ممکن ہے اور کونسی ناممکن۔ لہٰذا اس کا کمال اس بات میں مضمر ہے کہ وہ معقولات کا تصور کر لے، نامعلوم امور کو پا لے اور ان اخلاق حسنہ کو اپنا لے جو نیک اعمال کے تابع ہیں، چنانچہ انسان کو اپنی ذات اور جسم کے معاملے میں باقی تمام حیوانات پر فضیلت حاصل ہے۔

انسان کی ذاتی فضیلت اس قوت مفکرہ کی بدولت ہے جس کے ساتھ عقل، علم، حکمت، تدبیر اور رائے وابستہ ہوتی ہے اس لیے کہ اگرچہ حس تمام چوپاؤں میں بھی پائی جاتی ہے اور بعض میں تو قوت متخیلہ بھی ہوتی ہے تاہم ان میں نہ تو قوت مفکرہ ہوتی ہے نہ سوچنے کا مادہ۔

Marfat.com

نہ معلوم چیز سے نامعلوم چیز کے استنباط کرنے کی قوت ، نہ وہ اشیاء کی علّت اور اسباب کو جانتے ہیں اور نہ ان میں یہ طاقت ہوتی ہے کہ وہ ایسی صنعتوں کو سیکھ سکیں جن میں غور و فکر کی ضرورت ہوتی ہے۔ البتہ بعض حیوانات چند خیالی صنعتوں کو سیکھ لیتے ہیں اس بات میں ہاتھی اور بندر سب سے زیادہ قوی ہیں۔

انسان کی جسمانی فضیلت ہی کو لیجیے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اس کی فضیلت ، کام کرنے والے ہاتھ ، بولنے والی زبان اور اس سیدھے قامت کی وجہ سے ہے جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ انسان ان تمام چیزوں پر غالب ہے جو اس دنیا میں پیدا کی گئیں۔ اللہ تعالٰی نے اس بات کی اطلاع ہمیں اپنے فرمان

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ۔
(ہم نے انسان کو بہترین ڈھانچے میں پیدا کیا)

اور صَوَّرَکُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَکُمْ
(اللہ نے تمھیں صورت بخشی اور اچھی صورت بخشی)

میں دی ہے۔ اس سے اللہ کی مراد محض خد و خال والی صورت ہی نہیں بلکہ ساتھ ہی ساتھ عقلی صورت بھی ہے۔ اور چونکہ اللہ نے انسان ہی کو یہ شرف بخشا ہے لہٰذا فرمایا ہے :

وَ لَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْ آدَمَ وَ حَمَلْنٰھُمْ فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ وَ رَزَقْنٰھُمْ مِنَ الطَّیِّبَاتِ وَ فَضَّلْنٰھُمْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِیْلًا۔

ہم نے بنی آدم کو عزت دی اور ان کو خشکی اور تری میں سوار کرایا اور پاکیزہ چیزیں کھانے کو دیں اور ہم نے ان کو اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت دی۔

اور جو شخص یہ خیال کرے کہ انسان کو وحشی جانوروں کے مقابلے میں ناقص پیدا کیا گیا ہے ، اس لیے کہ وحشی جانوروں کو لباس

Marfat.com

کی ضرورت نہیں ہوتی اور انسان کو ہوتی ہے ، اسے خود اپنی ذات کے اندر ہتھیار بھی نہیں دیے گئے جس طرح کہ بہت سے وحشی جانوروں کو دیے گئے ہیں تو اس شخص کا خیال ناقص ہے - ظاہر ہے کہ انسان کو ان چیزوں کے عوض وہ قوت عقل و تمیز دی گئی ہے جس کی مدد سے وہ اپنی خواہش کے مطابق ہر قسم کا لباس اور ہتھیار بنا سکتا ہے - پھر جب چاہتا ہے ہتھیار لگا لیتا ہے اور جب چاہتا ہے اُتار کر رکھ دیتا ہے - مزید برآں اگر انسان کو بھی اسی قسم کا کوئی ہتھیار دیا گیا ہوتا جس قسم کا ان وحشی جانوروں کو دیا گیا ہے تو پھر انسان کے لیے یہ ممکن نہ ہوتا کہ وہ کوئی اور ہتھیار استعمال کر سکے ، ایسے ہی جیسے وحشی جانور نہیں کر سکتے - نیز یہ کہ اگر انسان کو ہتھیار دے دیا گیا ہوتا تو حق یہ ہے کہ پھر اسے قوت تمیز نہ دی جانی چاہیے تھی کیونکہ اس صورت میں انسان اس سے مستغنی ہوتا ، بداں صورت وہ فائدے میں نہ رہتا - اللہ تعالٰی کے افعال اس (نقص) سے منزہ ہیں -

اگر کوئی یہ کہے کہ پھر اللہ تعالٰی نے

خُلِقَ الانسَانُ ضَعِیفاً

کیوں فرمایا ؟ اور اسے کمزور کیوں خیال کیا ہے ؟

اس کا جواب یہ ہے کہ انسان کا کمزور ہونا ملأ اعلٰی کے مقابلے میں ہے کیونکہ انسان میں وہ بدنی حاجات پائی جاتی ہیں جو ملأ اعلٰی میں نہیں پائی جاتیں - لہٰذا جب فضیلت کا دار و مدار ان امور پر قرار پایا جن کا ہم نے ذکر کیا ہے تو عربوں کو دیگر اقوام پر فضیلت ان خصوصیات کی بنا پر حاصل ہوئی جو انہیں اپنی عقل ، زبان ، اخلاق اور اعمال کی رُو سے حاصل ہیں - اس کی وجہ یہ ہے کہ فضیلت یا تو نفع رساں علم کی وجہ سے ظہور میں آتی ہے یا عمل صالح کی بنا پر - رہا علم تو اس کا ایک مبدأ ہے اور وہ قوتِ عقل ہے ، جو اپنی ذات میں قوتِ حفظ اور فہم بھی ہے دوسری بات اس کا کامل ہونا ہے اور وہ قوت گویائی ہے یعنی قوت بیان اور مافی الضمیر کا اظہار - اور واضح ہے کہ عرب لوگ

Marfat.com

دیگر اقوام کے مقابلے میں زیادہ سمجھ دار ، زیادہ حافظے والے اور زیادہ قادر الکلام ہیں ۔

رہا قوت فہم میں ان کا کمال [۲۰] تو یہ اس لیے ہے کہ قوت ذکاء ، صحیح دّراکی ، تیزی فہم اور حقیقی فراست میں کوئی قوم ان کا مقابلہ نہیں کر سکتی ۔ یہ لوگ اپنی قوت ذکاء کے ذریعے نظروں سے اوجھل چیز کے متعلق بھی اس طرح خبر دیتے ہیں گویا اس کا مشاہدہ کر رہے ہوں ۔ چنانچہ گھاٹ پر آنے سے پہلے ہی صحیح دّراکی سے اس گھاٹ کا صحیح حال بیان کر دیتے ہیں اور اپنی تیزی ذکاء کی وجہ سے بعید ترین چیز کو یوں ثابت کر دیتے ہیں گویا وہ بعید ہی نہیں ۔ ان کی حقیقی فراست غیر معلوم چیز کو ایسے کر دیتی ہے جیسے وہ مدت مدید سے معروف چلی آتی ہو ۔ وہ لوگ جو بعد کے زمانے میں تھے وہ گزشتہ زمانے کے لوگوں کے مقابلے میں کم درجہ رکھتے تھے ۔ اس کے باوجود وہ رمز آشنا اور دقیقہ شناس تھے ۔ مخفی اور لطیف اشاروں ہی میں خبردار ہو جاتے تھے ۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ سلیمان بن عبدالملک (۹۶ھ تا ۹۹ھ/۷۱۴ء تا ۷۱۷ء) کے سامنے قیدی لائے گئے ، اس وقت فرزدق (۱۱۰ھ/) بھی حاضر تھا ۔ سلیمان نے فرزدق کو ان میں سے ایک کی گردن مارنے کا حکم دیا ۔ فرزدق نے معذرت چاہی ، مگر سلیمان نہ مانا اور ساتھ ہی ایک ایسی تلوار کی طرف اشارہ کر دیا گیا جو قابلِ استعمال نہ تھی ۔ اس فرمائش پر فرزدق نے کہا کہ میں تو ابو رغوان مجاشع کی تلوار سے ماروں گا ۔ اس سے مراد اس کی اپنی ذات تھی ، بالفاظ دیگر وہ یہ کہنا چاہتا تھا کہ اس تلوار کو تو ظالم بن ظالم کے سوا کوئی شخص استعمال نہیں کر سکتا ۔ اس کے بعد اس نے اپنی تلوار سے قیدی پر وار کیا مگر اتفاق سے وار اوچھا پڑا ، اس پر سلیمان اور وہ لوگ جو اس کے آس پاس تھے ہنس پڑے ۔ چنانچہ فرزدق نے یہ شعر کہے :

أيُعجِبُ النّاسَ أنْ أضحكتُ سَيِّدَهُم
خَليفَةَ اللهِ يُستَسقَى بِهِ المَطَرُ

کیا لوگوں کو اس بات پر تعجب آتا ہے کہ میں نے ان کے سردار

Marfat.com

یعنی اللہ کے خلیفہ کو ہنسا دیا ہے جس کے واسطے سے بارش کی دعا کی جاتی ہے۔

لَمْ یَنْشَبْ سَیْفِی مِنْ رُعْبٍ وَلَا دَهَشٍ
عَنِ الْأَسِیْرِ وَ لٰکِنْ أُخِّرَ الْقَدَرُ

میری تلوار کا وار قیدی سے کسی قسم کے رعب یا دہشت کی وجہ سے خطا نہیں گیا لیکن تقدیر میں تاخیر کر دی گئی۔

وَلَنْ یُقَدِّمَ نَفْساً قَبْلَ مِیْتَتِهَا
جَمْعُ الْیَدَیْنِ وَلَا الْمِصْمَامَةُ الذَّکَرُ

کسی شخص کی موت اپنے وقت سے پہلے نہ تو دونوں ہاتھ باندھ دینے سے آ سکتی ہے اور نہ عمدہ لوہے کی تلوار سے۔

اس کے بعد اس نے تلوار میان میں داخل کر دی اور کہا:

مَا إِنْ یُعَابُ سَیِّدٌ إِذَا صَبَا[1]
وَلَا یُعَابُ صَارِمٌ إِذَا نَبَا
وَلَا یُعَابُ شَاعِرٌ إِذَا کَبَا[2]

اگر کوئی سردار بچپن کی بات کر بیٹھے تو اس پر انگلی نہیں اُٹھائی جاتی۔ نہ ہی کاٹنے والی تلوار پر حرف آ سکتا ہے اگر وہ چُوک جائے، اور نہ ہی شاعر کی عیب چینی کی جاتی ہے اگر وہ ٹھوکر کھائے (منہ کے بل گرے)۔

۱۔ محمد بھیہ اثری نے اس شعر میں صبا کے معنی عشق کی طرف مائل ہونے کے کیے ہیں۔ حالانکہ یہ معنی یہاں مراد نہیں ہیں یہاں صَبَا کے معنی مال الی الصبوۃ ای جھلۃ الفتوۃ جوانی کی جہالت کی طرف مائل ہونے کے ہیں۔ کیونکہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک جہاں دیدہ سردار سے اتفاقیہ طور پر جوانوں کی سی جہالت سرزد ہو جاتی ہے مگر اس سے اس کی سرداری میں فرق نہیں آ سکتا۔

۲۔ اصل کتاب میں شاعر کا لفظ ہی دیا ہے۔ حالانکہ محاورہ میں 'کبوۃ' کا لفظ 'فارس' کے لیے آتا ہے۔

Marfat.com

اس کے بعد یہ کہتا ہؤا بیٹھ گیا : میں دیکھ رہا ہوں کہ ابن المراغہ (جریر) نے میری ہجو کی ہے اور یہ شعر کہا ہے :

بِسَیۡفِ اَبِی رَغۡوَانَ سَیۡفِ مُجَاشِعٍ
ضَرَبۡتَ وَلَمۡ تَضۡرِبۡ بِسَیۡفِ ابن ظالِم

تو نے[۲۱] ابی رغوان یعنی مجاشع کی تلوار سے وار کیا ، ابن ظالم کی تلوار سے نہیں ۔

فرزدق یہ کہہ کر اُٹھا اور چلا گیا ۔ جریر آیا تو اسے یہ قصہ سنایا گیا ، مگر اسے یہ شعر نہ سنایا گیا ۔ اس نے از خود ہی یہ کہا :

بِسَیۡفِ اَبِی رَغۡوَانَ سَیۡفِ مُجَاشِعٍ
ضَرَبۡتَ وَلَمۡ تَضۡرِبۡ بِسَیۡفِ ابن ظَالِم

سلیمان یہ دیکھ کر متعجب ہؤا ۔ اس کے بعد جریر نے کہا : اے امیرالمؤمنین میں ایسے دیکھ رہا ہوں جیسے اُس لوہار کے بیٹے (فرزدق) نے میرے جواب میں شعر کہا ہے ۔ اور (ساتھ ہی) یہ شعر پڑھ دیا :

وَلَا نَقۡتُلُ الۡاَسۡرٰی وَلٰکِنۡ نفکُّھُمۡ
اِذَا اَثۡقَلَ الۡاَعۡنَاقَ حَمۡلُ الۡمَغَانِمِ

جب گردنوں پر تاوان کا بھاری بوجھ پڑ جائے تو ہم قیدیوں کو قتل کرنے کی بجائے اُنھیں آزاد کر دیا کرتے ہیں ۔ اس کے بعد فرزدق کو صرف ہجویہ شعر کے متعلق خبر دی گئی دوسرے شعر کا ذکر نہیں کیا گیا ۔ تو اس نے جواباً یہ شعر کہے :

کَذَاکَ سُیُوفُ الۡھِنۡدِ تَنۡبُوۡ ظُبَا تُھَا
وَ تَقۡطَعُ اَحۡیَانًا مَنَاطَ[۱] التَّمَائِمِ

اسی طرح بعض اوقات ہندی (بتّراں) تلواروں کی دھاریں چُوک بھی جاتی ہیں اور کبھی گردنوں کو کاٹ بھی دیتی ہیں ۔

---

۱ ۔ مَنَاط : لٹکانے کی جگہ تمائم جمع تمیمہ کی تعویذ ۔ تعویذ لٹکانے کی جگہ یعنی گردن ۔

Marfat.com

وَلا نَقْتُلُ الأَسْرَى وَلٰكِن نَفُكُّهُمْ
إِذَا أَثْقَلَ الأَعْنَاقَ حَمْلُ المَغَارِمِ
وَهَلْ ضَرْبَةُ الرُّومِيِّ جَا عَلَةٌ لَكُمْ
أَبَاً عَنْ كُلَيْبٍ أَوْ أَخَاً مِثْلَ دَارِمِ

جب گردنوں پر تاوانِ جنگ کا بارگراں پڑ جائے تو ہم قیدیوں کو قتل کرنے کی جگہ انھیں آزاد کر دیتے ہیں اور کیا رومی قیدی کو (کاری) ضرب لگانے سے تمھیں کُلَیب کے مقابلے کا کوئی باپ یا دارم جیسا بھائی مل جائے گا۔

اور حکایت کی جاتی ہے کہ ذوالرُّمّہ[2] نے اپنے قصیدے کے لیے جس کا مطلع یہ ہے۔

نَبَّتَ عَيْنَاكَ عَنْ طَلَلٍ بِحُزْوَى
عَفَتْهُ الرِّيحُ وَاسْتَنَّ القَطَارَا

حُزْوَی کے مقام پر جو کھنڈر ہے اور جسے ہواؤں نے مٹا دیا ہے اور جس نے بارش کا تحفہ لیا ہے اس سے تمھاری آنکھیں اچاٹ ہوگئیں۔ جریر سے چند شعر بطور تحفہ مانگے تو جریر نے یہ شعر کہے:

يَعُدُّ النَّاسَ سِبُّونَ إِلَى تَمِيمٍ
بُيُوتَ المَجْدِ أَرْبَعَةً كِبَارَا

---

۱ - فرزدق خاندانی آدمی تھا اور جریر کا تعلق ایک ادنی خاندان سے تھا۔ فرزدق نے اپنے اشعار میں ہمیشہ اپنے خاندان پر فخر کیا ہے اور جریر کو ادنٰی خاندان سے ہونے کا طعنہ دیا ہے۔ کلیب وائل اور دارم فرزدق کے خاندان میں رؤسا قوم ہوئے ہیں جن کے مقابلے میں جریر اپنے خاندان میں سے کسی کو پیش نہ کر سکتا تھا۔

۲ - ذوالرمہ لقب ہے اصل نام غَیلان بن عُقبہ بن نُہیس ہے اور ابوالحرث کنیت۔ اسلامی شاعر ہے۔ اس کی محبوبہ میتہ بنت عاصم بن طلبہ بن قیس بن عاصم ہے اور اس کی کنیت ام بوراہ ہے۔ (شرح امالی : ۸۱ - ۸۲)۔

Marfat.com

نبی تمیم کی طرف منسوب ہونے والے لوگ بزرگی کے چار بڑے گھرانے شمار کرتے ہیں ۔

یَعُدُّوْنَ الرِبَابَ وَآلَ بَکْرٍ
وَعَمْرًا ثُمَّ حَنْظَلَةَ الْخِیَارَا

وہ رباب ، آل بکر ، عمرو اور حنظلہ الخیر کو شمار کرتے ہیں ۔

[۲۲] وَیَذْهَبُ فِیهِمَا[1] الْمُمَرِّیُّ لَغْوًا
کَمَا أُلْغِیَتْ فِی الدِّیَةِ الْحُوَارَا

اور ان چاروں گھرانوں کے درمیان مُمَرِّیٌّ بے کار چلا جاتا ہے جس طرح دیت میں اُونٹ کے بچے کو شمار نہیں کیا جاتا ۔ ذوالرمہ نے ان اشعار کو اپنے قصیدے میں شامل کر لیا ۔ یہ قصیدہ ۵۲ اشعار کا ہے ۔ پھر ہؤا یہ کہ ایک بار فرزدق کا ذوالرمہ کے پاس سے گزر ہؤا ، اس نے ذوالرمہ کو قصیدہ سنانے کو کہا ۔ ذوالرمہ سناتا رہا اور فرزدق خاموشی سے سنتا رہا یہاں تک کہ جب وہ مذکورہ بالا تین شعروں پر پہنچا تو فرزدق نے اس سے دو بار ان کا اعادہ کروایا پھر کہا :

خدا کی قسم ان اشعار کا کہنے والا وہ شخص ہے جس کے جبڑے تم سے زیادہ مضبوط ہیں ۔

نیز حکایت کی جاتی ہے کہ عمر بن لجأ نے جریر کو شعر سنائے تو اس نے کہا : یہ تمہارے اشعار نہیں ہیں یہ تو کسی حنظلی کے کہے ہوئے ہیں ۔

ان کی ذہانت کے کیا کہنے ، جس کے باعث وہ لطیف سے اشارہ کی تہ تک فوراً پہنچ جاتے تھے ۔ ان کی نظر اس قدر تیز تھی کہ نہایت معمولی رمز کو بھی پا جاتے تھے جیسا کہ مشہور روایات ان کی ترجمانی کرتی ہیں ۔

---

۱ ۔ اصل کتاب میں اسی طرح دیا ہے مگر سیاق کا تقاضا یہ ہے کہ یہاں 'فیھم' ہو ۔

Marfat.com

روایت ہے کہ ایک نُمیری اور ایک فزاری ساتھ ساتھ چل رہے تھے ، فزاری نے نُمیری سے کہا ، ''اپنے گھوڑے کی لگام کو نیچا کر دو'' نُمیری نے جواب دیا ، ''یہ مکتوبہ (بندھی ہوئی) ہے''۔ فزاری کے پیش نظر یہ شعر تھا جو بنی نُمیر کے متعلق کہا گیا ہے :

فَغُضِّ الطَّرفَ اِنَّکَ مِنْ نُمَیْرٍ
فَلا کَعْباً بَلَغْتَ وَلا کِلابَا

آنکھیں نیچے رکھو [۲۳] تم تو بنی نُمَیر میں سے ہو ، تم نہ تو کعب (کی شان) کو پہنچ سکتے ہو اور نہ کلاب کو

اور نُمیری کی مراد اس شعر سے تھی جو بنی فزارہ کے بارے میں کہا گیا تھا

لا تَأمَنَنَّ فَزَارِیًّا خَلَوْتَ بِہٖ
عَلَی قُلُوصِکَ وَاکْتُبْھَا بِاَسْیَارٖ

جب تو کسی فزاری کے ساتھ خلوت گیر ہو تو اپنی اُونٹنیوں کی طرف سے بے فکر نہ ہونا ۔ اُن کی شرمگاہ کو تسموں سے باندھ دینا (ان لوگوں سے اُونٹنیوں کی عصمت محفوظ نہیں)

نیز یہ کہ قبیلہ نُمَیر کا ایک شخص جس کا نام شریک النُمیری ہے بنی تمیم کے کسی آدمی سے ملا تو تمیمی نے کہا ، ''شکاری پرندوں میں سے مجھے 'البازی' (باز) پسند ہے'' ۔ شریک نے کہا ، ''بالخصوص جو قطا' (بھٹ تیتر) کا شکار کرتا ہو'' ۔ تمیمی کی 'البازی' سے مراد یہ شعر تھا :

أَنَا الْبَازِیْ الْمُطِلُّ عَلَی نُمَیْرٍ
أُتِیْحَ مِنَ السَّمَاءِ لَہٗ انْصِبَابَا

میں نُمَیر پر جھپٹنے والا وہ باز ہوں جس کا آسمان سے اُترنا ان کی تقدیر میں لکھا گیا ہے

اور 'قطا' کا ذکر کرنے سے شریک کی مراد طِرمّاح کے اس شعر سے تھی :

Marfat.com

تَمِيمٌ بِطُرُقِ اللُّؤمِ أَهْدَى مِنَ القَطَا
وَلَوْ سَلَكَتْ سُبُلَ المَكَارِمِ ضَلَّتِ [۲۴]

قوم تمیم کمینے پن کے راستوں پر بھٹ تیتر سے بھی زیادہ سیدھی جاتی ہے - اگر وہ بزرگیوں کے راستے پر چلے بھی تو بھٹک جاتی ہے -

اسی طرح یہ کہ معاویہ رض[1] نے احنف[2] سے کہا، ''الشئی المُلَفَّفُ فی البِجَاد (دھاری دار چادر میں لپٹی ہوئی چیز کیا ہے'') احنف نے جواب دیا، ''سَخِینہ''، معاویہ کی مراد شاعر کے اس شعر سے تھی:

إِذَا مَا مَاتَ مَيِّتٌ مِنْ تَمِيمٍ
فَسَرَّكَ أَنْ يَعِيشَ فَجِئْ بِزَادِ

جب بنی تمیم کا کوئی آدمی مر جائے اور تو یہ چاہے کہ وہ زندہ ہو جائے تو پھر کھانے کی کوئی چیز لے آ

بِخُبْزٍ أَوْ بِتَمْرٍ أَوْ بِسَمْنٍ
أَوِ الشَّيْءِ المُلَفَّفِ فِی البِجَادِ

روٹی یا کھجور یا گھی یا دھاری دار چادر میں لپٹی ہوئی کوئی چیز

تَرَاهُ يَطُوفُ فِی الآفَاقِ حِرْصًا
لِيَأْكُلَ رَأْسَ لُقْمَانَ بْنِ عَادِ

تو اسے لالچ کی وجہ سے دنیا بھر کا چکر لگاتا دیکھے گا تاکہ (اگر ممکن ہو تو) وہ لقمان بن عاد کا سر ہی کھا سکے

---

۱ - معاویہ رض : معاویہ رض بن ابی سفیان - پہلا اموی خلیفہ از ۴۱ھ تا ۶۰ھ - ۷۸ سال کی عمر پائی -

۲ - احنف : احنف بن قیس تمیمی سادات تابعین میں سے تھے، حلم میں ضرب المثل تھے - اُنھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا اور اُنھی کے اشارے سے ان کی قوم اسلام لائی مگر یہ آنحضرت رض کی خدمت میں نہ آ سکا - ۷۲ھ میں وفات پائی - اس لطیفے کے لیے نیز ملاحظہ ہو بلوغ الارب : ۱ : ۲۸۱ -

Marfat.com

احنف بنی تمیم میں سے تھا ۔ رہی احنف کی سخینہ سے مراد تو سخینہ[1] ایک قسم کا کھانا ہے جو مہنگائی کے زمانے میں کھایا جاتا ہے ۔

---

۱ ۔ سخینہ : یہ قریش کا لقب تھا ان کی چڑ نہ تھی کہ وہ اس نام سے بُرا مانتے ، سہیلی (الروض الائف : ۲ : ۲۰۵) لکھتے ہیں کہ قریش کو قدیم زمانے سے سخینہ کے نام سے پکارا جاتا تھا کیونکہ بیان کیا جاتا ہے کہ قُصیّ کا یہ دستور تھا کہ مکے میں جب کبھی کوئی جانور ذبح کیا جاتا یا اُونٹنی ذبح کی جاتی تو وہ ران کا گوشت لے کر اس کا خزیرہ بناتے ۔ خزیرے میں گوشت اور گندم کو ملا کر پکایا جاتا ہے اور پھر لوگوں کو کھلاتے ۔ اسی وجہ سے قریش کو سخینہ کہا گیا ۔ بعض کہتے ہیں کہ عرب قحط سالی میں علہز کھایا کرتے تھے اور علہز ، پشم اور خون ملا کر بنایا جاتا ہے مگر قریش خزیرہ اور فیتہ (یفتہ) کھایا کرتے ۔ اس پر لوگ ان سے حسد کرنے لگ گئے اور ان کو سخینہ کا لقب دیا ۔ قریش بھی اس لقب کو ناپسند نہیں کرتے تھے ۔ اگر ناپسند کرتے ہوتے تو کعب اپنے اس شعر میں اس نام کا ذکر نہ کرتے :

جاءت سخینة کی تغالب ربها فلیُغلبنّ مُغَالبُ الغلاّب ۔ :

کیونکہ رسول اللہ بھی تو قریش میں سے ہیں لہٰذا کعب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب کرتے ہوئے اس لفظ کو چھوڑ دیتے چنانچہ عبدالملک بن مروان نے بھی ان اشعار کے سنانے کی درخواست کی تھی جو ہوازنی نے قریش کے بارے میں کہے تھے ۔ ان میں ایک شعر یہ تھا :

یا شدة ما شددنا غیر کاذبة علی سخینة لولااللیل و الحرم

اس پر عبدالملک نے کہا تھا کہ اس شاعر نے بھی کسی بات کا اضافہ نہیں کیا اور استثنا لے آیا ہے مگر عبدالملک نے بھی اس لقب کو بُرا نہیں منایا لہٰذا معلوم ہوگیا کہ یہ لقب قریش کو نہ ناپسند تھا اور نہ ہی اس میں کوئی عار کی بات تھی ۔

Marfat.com

اور معاویہ کی قوم اسی پر اکتفا کیا کرتی تھی۔ مقصود معاویہ رض کی قوم کو بخل سے متہم کرنا تھا۔

نیز یہ کہ بنی محارب کا ایک آدمی عبد اللہ بن یزید الہلالی کے پاس آیا تو عبد اللہ نے کہا، ''کل رات ہمیں بنی محارب کے بزرگوں سے بہت تکلیف پنہچی۔ انھوں نے ہمیں سونے ہی نہیں دیا''۔ اس کی مراد اخطل کے اس شعر سے تھی:

تَكِشُّ بِلَا شَيْءٍ شُيُوخُ مُحَارِبٍ
وَمَا خِلْتُهَا كَانَتْ تَرِيشُ وَلَا تَبْرِي

بنی محارب کے شیوخ بلاوجہ شور مچا رہے ہیں اور میرا گمان یہ نہ تھا کہ وہ اصلاح تو کر سکتے ہوں گے مگر فساد نہ کر سکتے ہوں گے

ضَفَادِعُ[1] فِي ظَلْمَاءِ لَيْلٍ تَجَاوَبَتْ
فَدَلَّ عَلَيْهَا صَوْتُهَا حَيَّةَ الْبَحْرِ

(ان کی مثال تو) ان مینڈکوں کی سی تھی جو تاریک رات میں ایک دوسرے کے جواب میں ٹٹرائیں اور ان کی آواز سے اژدہے کو ان کا پتا چل جائے

محاربی نے کہا، ''خدا آپ کی حالت سنوارے، کل رات ان کا ''برقع'' گم ہو گیا تھا اور وہ اس کی تلاش میں تھے''۔ ان کی مراد شاعر کے اس شعر سے تھی:

لِكُلِّ هِلَالِيٍّ مِنَ اللُّؤْمِ بُرْقُعٌ
وَلَا بْنِ يَزِيدٍ بُرْقُعٌ وَجِلَالُ

بنی ہلال کے ہر شخص پر کمینگی کا برقع پڑا ہؤا ہے لیکن ابن یزید پر برقع بھی ہے اور جھول بھی

---

۱ - ابو علی قالی نے ان اشعار کو ابن الذبئہ ثقفی کی طرف منسوب کیا ہے اور میمن نے اسی پر پھبتی کسی ہے۔ ملاحظہ ہو شرح امالی صفحہ: ۷۹۲۔

Marfat.com

نیز یہ کہ ایک شخص حسن بن ابی الحسین بصری[1] کے پاس آیا اور کہا : أَعْشْمِرُ أَخْرُجُ أُبَاذِرُ

حسن بصری رح نے جواب دیا ، ''انھوں نے تجھ سے جھوٹ کہا ایسا نہیں ہؤا''

سائل کی مراد تھی کہ عُشْمَانُ أَخْرَجَ أَبَا ذَرٍ (حضرت عثمان رض نے ابو ذر رض کو مدینے سے نکالا تھا)

نیز یہ کہ ایک رات حسن بن وہب ابن زیات کی مجلس سے اُٹھے اور کہا ، ''سُحَيْر یعنی شب بخیر''۔ ابن زیات نے جواب میں بِنَيِّہ[2] یعنی تجھے شب بخیر ہو کہا ،

اس قوم کی دانش مندی کے متعلق تمھارا کیا خیال ہے جس کی عورتیں بھی شعر و شاعری کی تنقید میں ایسی طاق تھیں ۔

حکایت بیان کی جاتی ہے کہ ایک عورت یعنی خنساء کے سامنے یہ شعر پڑھا گیا :

لَنَا الْجَفَنَاتُ الْغُرُّ يَلْمَعْنَ بِالضُّحٰى
و أَسْيَافُنَا يَقْطُرْنَ مِنْ نَجْدَةٍ دَمَا

ہمارے روشن پیالے چاشت کے وقت چمک رہے ہوتے ہیں اور ہماری تلواریں ہماری بہادری کی وجہ سے خون ٹپکا رہی ہوتی ہیں

خنساء نے (یہ سن کر) کہا ، ''اس بات میں کیا فخر ہے کہ اس کے ، اس کے قبیلے اور اس کے متعلقین کے پاس زیادہ سے زیادہ دس پیالے ہوں اور اسی قدر تلواریں بھی ہوں ۔ اس نے جمع کثرت کے الفاظ جِفَان اور سُيُوف کیوں استعمال نہیں کیے ۔ پھر اس بات میں کون سا فخر پایا جاتا ہے کہ یہ

---

۱ ۔ کتاب میں حسن بن ابی الحسین ہی دیا ہے ۔ مگر درست حسن بن ابی الحسن ہے ۔ ابو سعید کنیت ۔ اہل بصرہ کے امام اور اپنے زمانے کے بہترین شخص تھے ۔ حضرت عمر کی خلافت میں ابھی دو سال باقی تھے کہ ان کی پیدائش ہوئی ۔ عابد ، ناسک ، فصیح اور سند تھے ۔ ۱۱۰ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

پیالے چاشت کے وقت جو کھانا کھانے کا وقت ہے چمک رہے ہوں۔ یوں گویا کہ فروخت کرنے والے کے پیالے ہوں۔ کیا یوں محسوس نہیں ہوتا کہ اس نے اپنے آپ کو اور اپنے قبیلے والوں کو چند پیالوں کا بیچنے والا بنا دیا ہے۔ پھر یقطرن کا لفظ بہادری کی تعریف میں مبالغے کے لیے کس حساب سے موزوں اور بر محل ہو سکتا ہے۔ کیا اسے یہ نہیں چاہیے تھا کہ اس لفظ کی بجائے یَسِلْنَ یا یفِضْنَ یا اسی قسم کا کوئی اور لفظ لاتا (جس سے قطروں کے ٹپکنے کی جگہ سیلاب اور طغیانی کا منظر نگاہوں میں پھر جاتا)"۔

ایک بار جریر[1]، کثیّر[2]، جمیل[3] اور نصیب[4] چاروں کے راوے ایک جگہ اکٹھے ہو گئے۔ ہر ایک نے اپنے شاعر کی طرف داری کی اور

۱۔ جریر: جریر بن عطیہ بن الخَطَفی، مشہور اسلامی شاعر جس کی فرزدق سے نوک جھونک رہتی۔ ۱۱۰ھ میں وفات پائی۔

۲۔ کُثَیّر۔ یہ اپنی محبوبہ عزّہ کی وجہ سے کُثَیّر عزّہ کے نام سے مشہور ہے۔ کُثَیّر بن عبدالرحمان بن الاسود نام ہے۔ والدہ کا نام جَمُعہ ہے۔ ابو صخر کنیت۔ اموی عہد کا شاعر ہے۔ رافضی تھا۔ ۱۰۵ھ میں مرا۔

۳۔ جمیل: جمیل بن عبداللہ بن معمرالعذری۔ ابن قمیئہ کے نام سے مشہور ہے۔ ابو عمرو کنیت، معمرین میں سے تھا۔ یہ بھی اموی عہد کا شاعر ہے۔

۴۔ نُصیَب: ابوالحجنا کنیت، یہ اہل قُریٰ کے ایک آدمی کا حبشی غلام تھا۔ اس نے اپنے آپ کو آزاد کرانے کے لیے مکاتبت کی پھر عبدالعزیز بن مروان کے پاس آیا اور اس کی مدح کی۔ عبدالعزیز نے اسے انعام دیا اور مکاتبت کا روپیہ ادا کر دیا۔ اور لوگ کہتے ہیں کہ یہ قضاعہ کی شاخ بلیّ میں سے تھا اس کی والدہ حبشیہ تھی جس سے یہ پیدا ہؤا۔ اس کے والد کی وفات کے بعد اس کے چچا نے اسے غلام بنا لیا اور عبدالعزیز کے ہاتھ بیچ ڈالا۔

Marfat.com

اسے بلاغت میں دوسروں پر فوقیت دی ۔ انھوں نے سُکَیْنَہ[1] نامی ایک عورت کو ثالث مقرر کیا جس نے جریر کے راویہ سے کہا ، ''کیا یہ شعر تمھارے استاد کا نہیں ہے'' :

طَرَقَتْکَ صَائِدَۃُ الْقُلُوبِ وَلَیْسَ ذَا
حِیْنُ الزِّیَارَۃِ فَارْجِعِیْ بِسَلَامِ

دلوں کا شکار کرنے والی رات کے وقت تمھارے پاس آئی مگر (تم نے کہا) یہ ملاقات کا وقت نہیں لہٰذا تو سلامتی کے ساتھ واپس چلی جا

ملاقات کے لیے رات سے بہتر کون سا وقت ہو سکتا ہے ، خدا تمھارے استاد اور اس کے اشعار کو رسوا کرے ۔ اس کے بعد اس نے کُثَیِّر کے راویہ سے کہا : کیا یہ شعر تمھارے استاد کا نہیں ہے :

یَقِرُّ بِعَیْنِیْ مَا یَقِرُّ بِعَیْنِہَا
وَأَحْسَنُ شَیْءٍ مَا بِہِ الْعَیْنُ قَرَّتِ

جو اس کی آنکھوں کا قرار ہے وہی میری آنکھوں کا قرار ہے اور بہترین چیز وہی ہوتی ہے جس سے آنکھوں کو قرار حاصل ہو

عورتوں کو تو بیاہ سے بڑھ کر کسی اور چیز میں قرار حاصل نہیں ہوتا کیا تمھارا اُستاد یہی چاہتا ہے کہ کوئی اس کو بیاہ لے جائے ، خدا تمھارے اُستاد اور اس کے اشعار کو رسوا کرے

اس کے بعد اس نے جمیل کے راویہ کو کہا ، ''کیا یہ شعر تمھارے اُستاد کا نہیں ہے'' ؟

---

۱ ۔ سکینہ بنت حسین رض بن علی رض ۔ ان کا اصلی نام اُمیمہ تھا ، بعض امینہ بتاتے ہیں ۔ سکینہ ان کا لقب ہے ۔ انھوں نے پہلے مصعب بن زبیر پھر عبد اللہ بن عثمان بن عبداللہ پھر زید بن عمرو بن عثمان سے شادی کی ۔ ان کا حسن ، اخلاق اور جمال مشہور ہے اور ان کے کئی ایک لطیفے ہیں ۔ ۱۱۷ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

فَلَو تركَتْ عَقْلی مَعِی مَا طَلَبْتُهَا
وَ اِنّ طِلاَ بِیْهَا لِمَا فَاتَ مِنْ عَقْلِی

اگر [۲۷] وہ میری عقل کو میرے پاس رہنے دیتی تو میں اسے طلب نہ کرتا ۔ میرا اسے طلب کرنا صرف اس گئی ہوئی عقل کی وجہ سے ہے

میرے خیال میں تمہارے اُستاد کو عشق نہیں وہ صرف اپنی عقل مانگ رہا ہے ۔ خدا تمہارے اُستاد اور اس کے اشعار کو رسوا کرے ۔ اس کے بعد اس نے نُصَیب کے راویہ سے کہا : ”کیا یہ شعر تمہارے اُستاد کا نہیں ہے“ ؟

أَهِیْمُ بِدُ عَدٍ مَاحَیِیْتُ فَاِنْ أَمُتْ
فَیَا وَیْحَ نَفْسِی مَنْ یَهِیْمُ بِهَا بَعْدِی

جب تک زندہ ہوں وُعَد پر عاشق ہوں اگر مر گیا تو وائے افسوس نہ جانے میرے بعد کون اس کا عاشق ہوگا

کیا تمہارے اُستاد کو اس کے سوا کوئی اور فکر نہ تھی کہ کون اس پر عاشق ہوگا ۔ خدا تمہارے اُستاد اور اس کے اشعار کو رسوا کرے ۔ اس نے یوں کیوں نہیں کہا :

أَهِیْمُ بِدُ عَدْ مَاحَیِیْتُ فَاِنْ أَمُتْ
فَلاَ صَلُحَتْ دُعَدْ لِذِی خُلَّةٍ بَعْدِی

جب تک میں زندہ ہوں وُدعد پر عاشق ہوں اور جب مر جاؤں تو خدا کرے میرے بعد وہ کسی عاشق کے لائق نہ رہے

یہاں تک کہا جا سکتا ہے کہ عرب لوگ اپنی فطانت ، ذکاوت اور حسنِ فہم میں حدِّ اعجاز کو چُھو رہے تھے ۔ چنانچہ ابوالفرج اصفہانی نے اپنی کتاب الاغانی میں اپنی سند سے عبدالملک بن عُمَیر سے روایت کی ہے ۔ وہ کہتا ہے کہ کوفے میں عمرو بن هُبَیْرہ ہمارے پاس آیا اور وہاں کے سرکردہ لوگوں میں سے دس آدمیوں کو بلا بھیجا جن میں

Marfat.com

ایک میں بھی تھا ۔ چنانچہ کہانیاں بیان کی جانے لگیں ۔ پھر عمرو نے ان سے کہا ، تم میں سے ہر ایک کوئی واقعہ بیان کرے اور سب سے پہلے مجھ سے فرمائش کی ۔ میں نے کہا ، ''خدا امیر کا بھلا کرے کیا آپ سچا قصہ سننا چاہتے ہیں یا جھوٹا '' ۔ اس نے کہا ، ''جھوٹا نہیں ، سچا'' میں نے کہا ،

''امرؤ القیس نے قسم کھائی تھی کہ وہ صرف اس عورت سے نکاح کرے گا جو اس کے تین سوالوں کا جواب دے گی ۔ یعنی آٹھ ، چار اور دو ۔ اب اس نے شادی کے لیے بات چیت شروع کی مگر جب ان سے ان تینوں کے متعلق پوچھتا تو وہ جواب میں چودہ کہہ دیتیں ۔ ایک بار وہ آدھی رات کے وقت چل رہا تھا کہ اسے ایک شخص ملا جو اپنی چھوٹی لڑکی لیے جا رہا تھا ۔ وہ خوب صورتی میں چودھویں رات کے چاند کی طرح تھی ۔ امرؤ القیس کو لڑکی پسند آ گئی ۔ اس نے لڑکی سے پوچھا ، ''آٹھ ، چار اور دو کیا ہے''۔ اس نے جواب دیا ، ''آٹھ کُتیا کے تھن ہیں ، چار اُونٹنی کے اور دو پستان عورت کے ۔ یہ جواب سن کر امرؤ القیس نے اس کے باپ سے اس سے شادی کرنے کا سوال کیا اور وہ راضی ہو گیا ۔ اس لڑکی نے شرط عائد کی کہ وہ شب زفاف میں اس سے تین باتوں کے متعلق سوال کرے گی ۔ امرؤ القیس نے بھی اسے منظور کر لیا نیز کہا کہ وہ اسے ایک سو اُونٹ ، دس غلام اور دس نوکرانیاں اور تین گھوڑے دے گا ۔ اس نے وعدہ پورا کیا ۔ اس کے بعد اس نے اپنا ایک غلام [۲۸] اس لڑکی کی طرف بھیجا اور اس کے ہاتھ ایک گھی کا مشکیزہ، ایک شہد کا اور رنگ دار کپڑوں کا ایک جوڑا تحفے کے طور پر بھیجا ۔ راستے میں وہ کسی چشمے پر اُترا ۔ کپڑوں کے جوڑے کو کھول کر پہن لیا جو بالوں[1] میں پھنس کر پھٹ گیا ۔ دونوں مشکیزوں کو بھی کھولا اور

---

۱ ۔ اصل کتاب میں شعرہ کا لفظ دیا ہے مگر اس سے کوئی مناسب معنی نہیں نکلتے ۔ میرے خیال میں یہاں شجرہ ہونا چاہئے یعنی دوشالہ درخت میں اٹک کر پھٹ گیا ۔

Marfat.com

جو لوگ چشمے پر موجود تھے انھوں نے ان دونوں میں سے تھوڑا تھوڑا شہد چکھا جس سے دونوں مشکیزوں میں کمی واقع ہو گئی ۔ اس کے بعد وہ اس کے قبیلے میں آیا ۔ اس کے گھر والے کہیں باہر گئے ہوئے تھے ۔ اس غلام نے اس لڑکی سے اس کے باپ ، والدہ اور بھائی کے متعلق دریافت کر کے وہ تحفے دے دیے۔ اس پر لڑکی نے کہا ،

''اپنے آقا کو بتا دینا کہ میرا باپ اجنبی کو قریبی اور قریبی کو اجنبی بنانے گیا ہے اور میری والدہ ایک نفس کے دو نفس بنانے گئی ہے ۔ بھائی سورج کو تاک رہا ہے اور تمھارا آسمان پھٹ گیا ہے اور تمھارے دونوں برتن کم ہوگئے ہیں'' ۔

غلام نے آ کر اپنے آقا کو یہ سب کچھ بتا دیا ۔ امرؤ القیس نے کہا ، ''اس کا یہ کہنا کہ میرا باپ اجنبی کو قریبی اور قریبی کو اجنبی بنانے گیا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ اس کا باپ اپنی قوم کے خلاف کسی اور قوم کا حلیف بننے گیا ہے ۔ اس کا یہ کہنا کہ میری والدہ ایک نفس کے دو نفس بنانے گئی ہے اس سے مراد یہ ہے کہ اس کی والدہ کسی عورت کے ہاں بچہ پیدا ہونے پر دایہ گیری کرنے گئی ہے ۔ اس کا یہ کہنا کہ میرا بھائی سورج کو تاک رہا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ وہ کہیں جانور چرا رہا ہے اور سورج غروب ہونے کا منتظر ہے تاکہ جانوروں کو واپس لے آئے۔ اور اس کا یہ کہنا کہ تمھارا آسمان پھٹ گیا ہے اس سے اس کی مراد یہ ہے کہ جو چادر تو نے بھیجی ہے پھٹ گئی ہے ، اور اس کا یہ کہنا کہ تمھارے دونوں برتن کم ہوگئے ہیں اس سے اس کی مراد یہ ہے کہ جو دو مشکیزے تو نے بھیجے تھے ان میں کمی واقع ہوگئی ہے ۔ اب تم صحیح صحیح بتا دو'' ۔ غلام نے کہا ، ''اے میرے آقا ! میں ایک چشمے پر اُترا تو وہاں لوگوں نے مجھ سے میرے نسب کے متعلق سوال کیا تو میں نے انھیں بتایا کہ تمھارا چچا زاد بھائی ہوں ۔ چادر کو پھیلایا تو وہ پھٹ گئی ۔ دونوں مشکیزوں میں سے پانی والوں کو (شہد) چکھایا'' ۔ یہ سن کر امرؤ القیس نے کہا ، ''خدا تجھے تباہ کرے'' ۔

Marfat.com

اس کے بعد [۲۹] امرؤ القیس نے ایک سو اُونٹ ساتھ لیے اور لڑکی کی طرف گیا اور یہی غلام ساتھ تھا۔ راستے میں ایک جگہ پڑاؤ کیا غلام اُونٹوں کو پانی پلانے کے لیے گیا مگر پلا نہ سکا۔ امرؤ القیس نے پانی پلانے میں اس کی مدد کی تو غلام نے اسے کنویں میں پھینک دیا اور خود اُونٹ لے کر عورت کی طرف آ گیا اور بتلایا کہ وہ اس کا خاوند ہے۔ لوگوں نے اس عورت سے کہا کہ تمھارا خاوند آ گیا ہے۔ عورت نے کہا، ''مجھے معلوم نہیں آیا واقعی یہ میرا خاوند ہے یا نہیں۔ مگر تم اُونٹنی ذبح کرو اور اس کی اوجھ اور دم کا حصہ اسے کھانے کو دو'' انھوں نے ایسا ہی کیا۔ پھر کہا کہ اسے ترش دودھ پینے کو دو۔ انھوں نے پلایا اور وہ پی گیا۔ پھر کہا، ''اس کا بستر گوبر اور خون کے پاس کر دو''۔ چنانچہ ایسا کیا گیا اور وہ سو گیا۔ صبح ہوئی تو اس نے اسے پیغام بھیجا کہ میں تم سے کچھ پوچھنا چاہتی ہوں۔ غلام نے جواب میں کہا، ''جو چاہو پوچھو''۔ لڑکی نے کہا، ''تمھارے ہونٹ کیوں مضطرب اور متحرک ہیں''۔ اس نے جواب دیا، ''تمھارا بوسہ لینے کے لیے''۔ پھر پوچھا، ''تمھاری کوکھ کیوں بے قرار ہے''۔ جواب دیا، ''تم سے چمٹ جانے کے لیے''۔ پھر پوچھا، ''تمھاری دونوں رانیں کیوں بے قرار ہیں''؟ جواب دیا، ''تاکہ تمھیں بھینچ لیں''۔ لڑکی نے کہا، ''اس غلام کو پکڑ لو اور مضبوطی سے پکڑ لو''۔ چنانچہ انھوں نے اسے پکڑ لیا۔

ابو عمرو کہتا ہے: کچھ لوگ اس طرف سے گزرے اور انھوں نے امرؤ القیس کو کنویں میں سے نکالا۔ وہ واپس اپنے قبیلے کے پاس گیا اور ایک سو اُونٹ لے کر اپنی بیوی کی طرف آیا۔ چنانچہ لڑکی کو بتایا گیا کہ تمھارا خاوند آ گیا ہے اس نے کہا، ''اللہ کی قسم مجھے معلوم نہیں آیا یہ میرا خاوند ہے یا نہیں''۔ مگر تم ایک اُونٹنی ذبح کرو اور اس کی اوجھ اور دم اسے کھانے کو دو۔ انھوں نے ایسا ہی کیا۔ جب وہ لے کر اس کے پاس آئے تو اس نے کہا، ''جگر، کوہان اور پٹھے کا گوشت کہاں ہے''؟ اور اُن چیزوں کو کھانے سے انکار کر دیا۔ پھر کہا، ''اسے ترش دودھ پینے کو دو''۔ اس نے اسے بھی پینے سے انکار کر دیا اور

Marfat.com

کہا ، ''تازہ دودھ اور رثیئہ[1] کہاں ہے''۔ اس کے بعد اس عورت نے کہا ، ''اس کا بستر گوبر اور خون کے پاس کر دو'' تو اس نے وہاں سونے سے انکار کر دیا اور کہا ، ''اس سرخ ٹیلے پر بستر کرو اور اُوپر خیمہ لگا دو''۔ اس کے بعد اس لڑکی نے اسے بلا بھیجا اور سوالوں کی شرط پوری کرنے کو کہا ۔ اس نے جواب بھیجا : جو جی میں آئے پوچھو ۔ لڑکی نے پوچھا ، ''تمھارے ہونٹ کیوں حرکت کر رہے ہیں'' ؟ اس نے جواب دیا ، ''ایسی شراب پینے کے لیے جس میں پانی ملایا گیا ہو'' ۔ پھر پوچھا ، ''تمھاری کوکھ کیوں بے قرار ہے''؟ جواب دیا ، ''دھاری دار یمنی چادر اوڑھنے کے لیے''۔ پھر کہا ، ''تمھاری رانیں کیوں بے قرار ہیں'' جواب دیا ، ''[۳۰] خوب صورت گھوڑوں پر سوار ہونے کے لیے''۔

(یہ سب کچھ سننے کے بعد) لڑکی نے کہا ، ''مجھے میری جان کی قسم یہی میرا خاوند ہے ۔ اس کی آؤ بھگت کرو اور غلام کو قتل کر ڈالو''۔ چنانچہ اسے قتل کر دیا گیا اور امرؤ القیس اپنی بیوی کے پاس جا حاضر ہؤا ۔

اس پر ابن ہبیرہ[2] نے کہا ، ''بس اتنا ہی کافی ہے ۔ اے ابو عمرو ! تمھاری کہانی کے بعد باقی رات قصہ بیان کرتے رہنے سے کوئی فائدہ نہیں حاصل ہوگا ۔ تو اس سے زیادہ تعجب انگیز قصہ بیان نہ کر سکے گا'' ۔ اس پر ہم اُٹھے اور واپس چلے آئے اور اس نے مجھ کو انعام دیے جانے کا حکم دے دیا ۔

---

۱ ۔ رثیئہ : وہ دودھ جس میں ترش اور تازہ دودھ ملا ہؤا ہو ۔

۲ ۔ ابن ہبیرہ : عمرو بن ہبیرہ والئی عراق خالد بن عبداللہ قسری نے اسے گرفتار کر کے قید کر دیا تھا مگر اس کے غلاموں نے قید خانے میں نقب لگا کر اسے نکال لیا اور یہ شام چلا گیا اور وہاں ۱۰۶ھ میں مرا (شذرات : ۱ : ۱۳۳) ۔

Marfat.com

مبرد[1] نے کتاب الروضہ میں لکھا ہے :

عرب ایک اشارے اور ایک لفظ میں بات معلوم کر لیا کرتے تھے ۔ اسی قسم کی ایک روایت ہے کہ جمیل نے کُثَیِّر سے کہا : کاش کہ تو بُثینہ کے پاس جا کر اس سے ملنے کا وعدہ لے آتا ۔ کُثَیِّر نے کہا : اس کے چچا کے بہت سے نوکر چاکر ہیں ۔ جمیل نے کہا : حیلے سے سب کچھ ہو سکتا ہے ۔ اس پر کُثَیِّر نے تھوڑی دیر کے لیے سر جھکا لیا پھر کہا ، ''تمھاری اس سے آخری ملاقات کب ہوئی تھی''؟ جواب دیا ، ''فلاں دن'' ۔ پوچھا ، ''کس جگہ''؟ جواب دیا ، ''اس وادی میں جسے وادی[2] الدوم کہتے ہیں ۔ بُثَیْنَہ کے کپڑے کو کچھ لگ گیا تھا جسے اس نے دھو ڈالا تھا'' ۔

راوی کہتا ہے کہ کُثَیِّر بُثَیْنَہ کے قبیلے کے پاس گیا اور ان سے باتیں کرنے لگا ۔ ہوتے ہوتے اس کے چچا کے پاس پہنچا اور اس سے بھی باتیں کیں اور کہا ، ''مجھے عَزَّہ کے بارے میں کچھ اشعار یاد آئے ہیں وہ سناتا ہوں''۔ اس نے کہا ، ''سناؤ'' ۔ کُثَیِّر نے بُثَیْنَہ کو سنانے کی غرض سے زور سے یہ شعر پڑھے :

أقُولُ لَهَا يَا عَزَّ أَرْسَلَ صَاحِبِي
عَلَى نَأْيِ دَارٍ وَالرَّسُولُ مُؤَكِّلُ

میں عَزَّہ کو کہتا ہوں کہ اے عزہ میرے ساتھی نے مجھے باوجود بُعد مسافت کے بھیجا ہے اور (ظاہر ہے کہ) قاصد کے سپرد کوئی کام تو ہوتا ہے

بِأَن تَجْعَلِي بَيْنِي وَبَيْنَكِ مَوْعِدًا
وَ أَنْ تَأْمُرِينِي بِالَّذِي فِيهِ أَفْعَلُ

---

۱ - مبرد : محمد بن یزیدالمبرد ۔ مبرد لقب ہے مشہور نحوی اور لغت دان ہیں ۲۸۵ھ میں وفات پائی ۔

۲ - دوم گوگل کو کہتے ہیں ۔ اس وادی میں گوگل پایا جاتا تھا لہٰذا یہ نام پڑ گیا ۔

Marfat.com

تاکہ تو وعدے کا وقت اور جگہ مقرر کرے اور تو مجھے بتا دے
کہ میں اس سلسلے میں کیا کروں

أَمَا تَذْكُرِيْنَ الْعَهْدَ يَوْمَ لَقِيْتُكُمْ
بِالسَّفَلِ وَادِي الدَّوْمِ وَالثَّوْبُ يُغْسَلُ

کیا تجھے وہ عہد یاد نہیں جو تو نے اس دن کیا تھا جب میں تجھ
سے وادیٔ دوم کی نچلی جانب ملا تھا اور کپڑا دھل رہا تھا

اس سے بُشَيْشَہ جان گئی کہ ان علامات سے اس کی مراد اسی سے ہے لہٰذا اس نے پکار کر کہا ، ''دور ہو جا'' ۔ اس کے چچا نے پکار کر پوچھا تو نے کسے دور ہونے کو کہا ہے ؟ کہنے لگی ، ''ایک کتا رات کو آیا کرتا ہے وہ اس وقت بھی نظر آ گیا'' ۔ اس کے بعد کُثَيِّر جمیل کے پاس چلا آیا اور کہا ، ''آج رات اس کے پاس چلے جانا کیونکہ اس نے رات کا ذکر کیا ہے'' ۔

ابن الاعرابی[1] کہتا ہے کہ قبیلۂ طی نے ایک نوجوان عرب کو قید کر لیا ۔ اس کا باپ اور چچا اس کا فدیہ ادا کرنے کے لیے آئے مگر قبیلۂ طی نے فدیے کا مطالبہ کرنے میں حد سے تجاوز کیا ۔ انھوں نے کچھ مال پیش کیا مگر وہ اس پر رضامند نہ ہوئے ۔ اس کے باپ نے کہا ، ''یہ بات نہیں ۔ قسم ہے اس خدا کی جس نے فرقدین کو ایسا بنایا ہے کہ وہ طی کے پہاڑ پر صبح کر دیتے ہیں اور شام بھی میں تمھیں اس سے زیادہ نہ دوں گا'' ۔ [۳۱] اس کے بعد دونوں واپس چلے آئے تو باپ نے چچا سے کہا ، ''میں نے اپنے بیٹے کو ایک کلمہ کہہ دیا ہے اگر اس میں

---

۱ ۔ ابن الاعرابی : ابو عبداللہ محمد بن زیاد ۔ سَامَرَّا میں اسی (۸۰) سال کی عمر میں ۲۳۱ھ میں مرا ۔ اس کی مجلس میں ایک سو طالب علم موجود ہوتے تھے ۔ لغت میں مہارت تامہ رکھتے تھے ۔ متعدد کتابیں لکھیں جن میں چند ایک کے یہ نام ہیں کتاب النوادر ، کتاب الخیل ، کتاب تفسیر الامثال اور کتاب معانی الشعر ۔ اس واقعہ کے لیے ملاحظہ ہو شرح الامالی : ۲۶ ۔

Marfat.com

کوئی جوہر ہوگا تو اس کے ذریعے بچ کر نکل آئے گا"۔ ابھی تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ وہ بچ کر نکل آیا اور ان کے کچھ اُونٹ بھی ہانک کر لے آیا۔ باپ نے گویا یوں کہا تھا۔ فرقدان کو جو طی کے پہاڑ ہیں نہ چھوڑنا کیونکہ یہ طلوع ہونے کے بعد اس پہاڑ سے غائب نہیں ہوتے۔

کتاب الملاحن[1] میں ہے: ابن درید سے بکر بن وائل کے ایک قیدی کے متعلق مروی ہے کہ اس نے قید کرنے والوں سے درخواست کی کہ وہ اسے اپنی قوم کی طرف قاصد بھیجنے دیں۔ انھوں نے کہا، "کہ جو پیغام بھی بھیجنا ہے ہماری موجودگی میں بھیجو"۔ بنی بکر اس کی قوم پر دھاوا بولنے والے تھے اور انھیں ڈر تھا کہ وہ انھیں کہیں وقت سے پہلے ہی خبردار نہ کر دے۔ چنانچہ ایک سیاہ رُو غلام اس کے سامنے لایا گیا، اس نے اس سے پوچھا، "کیا تو کچھ سمجھتا بھی ہے"؟ اس نے کہا، "ہاں میں سمجھتا ہوں"۔ قیدی نے کہا، "میرا خیال نہیں کہ تو سمجھتا ہے"۔ پھر رات کی طرف اشارہ کر کے پوچھا یہ کیا ہے۔ اس نے کہا، "یہ رات ہے"۔ قیدی نے کہا، "میرے خیال میں تو سمجھ دار ہے" اس کے بعد اس نے دونوں ہتھیلیاں ریت سے بھریں اور پوچھا یہ کتنی ہے؟ غلام نے جواب دیا، "مجھے معلوم نہیں مگر یہ بہت زیادہ ہے"۔ پھر پوچھا، "کیا ستارے زیادہ ہیں یا سورج اور چاند"۔ اس نے جواب دیا، "ہر ایک بہت ہے"۔ قیدی نے کہا، "میری قوم کو میرا سلام پہنچا دو اور کہو کہ فلاں کی عزت کرو"۔ (اس کی مراد ایک قیدی سے تھی جو ان کے ہاں گرفتار تھا) کیونکہ یہ لوگ میری عزت کرتے ہیں اور کہنا:

عرفج بُوٹی میں ٹڈی دل پھیل گیا ہے۔ عورتوں نے "شکوہ" لے لیا ہے اور کہنا کہ میری سرخ اُونٹنی کی پیٹھ کو ننگا کر دو کیونکہ انھوں نے اس پر کافی مدت تک سواری کر لی ہے اور اب میرے بھورے اُونٹ

۱۔ کتاب الملاحن ابن دُرید کی تصنیف ہے۔ مکمل نام ابوبکر محمد بن الحسن بن دُرَید الازدی اللُغَوی۔ اٹھانویں سال کی عمر میں ۳۲۱ھ میں وفات پائی۔

Marfat.com

پر سوار ہو جائیں کیونکہ میں نے تمھارے ساتھ حَیْس (ایک قسم کا حلوا) کھایا ہے اور میرے متعلق حارث سے دریافت کر لینا ۔

جب غلام نے پیغام پہنچا دیا تو انھوں نے کہا ، ''اَعْوَر دیوانہ ہوگیا ہے ہمیں نہ تو اس کی سرخ اُونٹنی کا پتا ہے نہ بھورے رنگ کے اُونٹ کا''۔ اس کے بعد غلام کو روانہ کر دیا اور حارث کو بلا کر قصہ سنایا ۔ حارث نے کہا ، ''اس نے تمھیں متنبہ کر دیا ہے'' ۔ اس کا یہ کہنا کہ عرفج میں ٹڈی دل آ گیا ہے اس سے یہ مراد ہے کہ مردوں نے زرہ بکتر اور ہتھیار پہن لیے ہیں اور شکَتَ النّسَاءُ کا یہ مطلب ہے کہ انھوں نے سفر کے لیے مشکیزہ اُٹھا لیا ہے ۔ شکوہ چھوٹے مشکیزے کو کہتے ہیں ۔ اس کے اس قول سے کہ میری اُونٹنی کی پیٹھ کو ننگا کر دو مراد یہ ہے کہ دھْنَاء کو چھوڑ کر چلے جاؤ اور صِمّان کا راستہ اختیار کرو ۔ بھورے اُونٹ سے یہی مراد ہے ۔ اس کا یہ کہنا کہ میں نے تمھارے ساتھ حَیْس کھایا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ مختلف قبائل کے لوگ تم پر چڑھائی کرنے آ رہے ہیں کیونکہ حَیْس گھی ، کھجور اور پنیر کو ملا کر تیار کیا جاتا ہے ۔ انھوں نے اس کی ہدایت پر عمل کیا کیونکہ اس کی بات کو سمجھ گئے تھے ۔

راوی کہتا ہے کہ ایک شخص نے جو بنی تمیم کے ہاں قید میں تھا اس مفہوم کو اپنا لیا اور اسے اپنی قوم کی طرف شعروں میں بجھارت کے طور پر لکھ کر انھیں خبردار کر دیا :

خَلّوا عَنِ النّاقَةِ الحَمْراءِ وَ اقْتَعِدوا
السَّعْدَ الّذِی فی جَنابِیْ ظَهْرُه وَقِعُ

[۳۲] ناقۂ حمراء کو چھوڑ دو اور اس بوڑھے اُونٹ پر سوار ہو جاؤ جو میرے صحن میں ہے اور جس کی پیٹھ زخمی ہے

اِنَّ الذِّئابَ قَدِ اخْضَرَّتْ بَرائِنُهَا
وَ النّاسُ کُلُّهم بَکْرٌ اِذا شَبِعُوا

---

۱ ۔ اس شعر پر بحث کے لیے ملاحظہ ہو شرح الامالی : ۲۳ ۔

Marfat.com

بھیڑیوں (دشمنوں) کے پنجے سبز ہوگئے ہیں اور جب لوگوں کا پیٹ بھر جاتا ہے تو سب کے سب بنی بکر کی طرح دشمن بن جاتے ہیں

ابو عثمان اُشنانداني "ابیات معانی" میں کہتا ہے : ناقہ حمرا سے اس کی مراد دھنا سے ہے اور دھنا بنی تمیم کی زمین ہے کیونکہ ہموار ہونے کی وجہ سے یہاں[1] آنا اور سفر کرنا آسان ہے اس لیے اسے اُونٹنی سے تشبیہ دی ہے اور فَاقْتَعِدُوا الْعَوْدَ سے مراد یہ ہے کہ صِمّان میں جا کر آباد ہو جاؤ اور وہ بنی تمیم کا شہر ہے اور وہاں کی زمین سخت اور کھردری ہے ۔ صِمّان کو عود کے ساتھ اس لیے تشبیہ دی ہے کہ یہ نام مذکر ہے ۔ عود بوڑھے اُونٹ کو کہتے ہیں اور صِمّان کے متعلق "ظَهْرٌ وقع" کہا ہے اور یہ اُونٹ کی پیٹھ میں زخموں کے نشان ہیں ۔ صمان کو اُونٹ کی زخمی پیٹھ کے ساتھ اس لیے تشبیہ دی گئی ہے کہ لوگ اس پر چلے اور اس پر لوگوں کے پاؤں کے نشانات کثرت سے پڑ گئے اور یہی حال زخمی اُونٹ کی پیٹھ کا ہوتا ہے ۔ وہ کہتا ہے :

صمان پر سوار ہو کر اپنا بچاؤ کر لو کیونکہ یہ دشوار گزار اور سخت علاقہ ہے اس پر گھوڑے کا چلنا مشکل ہے اور دھنا پر چلنا ممکن ہے ۔ ذئاب سے اس کی مراد وہ لوگ ہیں جو ان پر غارت ڈالنے جا رہے تھے

---ان کی تیز رفتاری اور لوٹ مار کی ہوس کی وجہ سے انھیں بھیڑیے کہا ہے ۔ اس کا "قَدِ اخْضَرَّتْ بِرَاثِنُهَا" کہنے سے مراد یہ ہے کہ زمین سرسبز ہوگئی ہے اور گھاس کثرت سے اُگ آئی ہے اور چڑھائی کرنا ممکن ہو گیا ہے ۔ تازہ گھاس کی وجہ سے ان کے قدم سبز ہو رہے ہیں ۔ اقدام کو یہاں اس نے براثن بنا دیا ہے ۔ اور اس کے "والنّاس كُتْلُمٌ بكر اذا شبعوا" کہنے سے مراد یہ ہے کہ بکر بن وائل بنی تمیم کے

---

۱ ۔ اصل کتاب میں لتأتیها دیا ہے اور اسی طرح ترجمہ کیا گیا ہے مگر سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ لفظ یہ لتأنیثها ہے کیونکہ آگے چل کر صمان کے متعلق لتذکیر اسمہ لکھا ہے ۔

Marfat.com

بدترین دشمن ہیں - وہ کہتا ہے : جب لوگ سیر ہو جائیں اور فارغ البال ہو جائیں تو وہ بنی بکر کی طرح دشمن بن جاتے ہیں -

اس سلسلے کی ایک عجیب بات اور ہے جس کی روایت[1] مرزبان نے کی ہے - وہ یہ کہ ایک مال دار شخص کے ہمراہ دو غلام سفر کو چلے - جب آدھا راستہ طے کر چکے تو ان دونوں نے اسے قتل کرنے کا ارادہ کیا - جب اس کو صحیح طور پر معلوم ہوگیا تو کہنے لگا ، ''اگر میرے قتل کے بغیر کوئی چارہ نہ ہو تو پھر میں تمھیں قسم دیتا ہوں کہ (میرے قتل کے بعد) تم میرے گھر جا کر میری دونوں بیٹیوں کو یہ شعر سنا دینا'' - انھوں نے کہا ، ''وہ کونسا شعر ہے'' - اس نے یہ شعر پڑھا :

مَنْ مُبْلِغٌ بِنْتَیَّ اَنَّ اَبَا هُمَا
لِلّٰهِ دَرُّ كُمَا وَ دَرُّ اَبِيكُمَا

ایک نے دوسرے سے کہا ، '' اس میں کوئی حرج نہیں'' ، بہرحال اُسے قتل کرنے کے بعد وہ اس کے گھر آئے اور اس کی بڑی بیٹی سے کہا ، '' تمھارے باپ کے ساتھ بھی وہ واقعہ پیش آ گیا ہے جو سب لوگوں کے ساتھ پیش آتا ہے - اس نے ہمیں قسم دے کر کہا تھا کہ ہم اس کا یہ شعر تم تک پہنچا دیں''- بڑی نے کہا ، ''مجھے تو اس میں کوئی اطلاع کی سی شے نظر نہیں آتی جو تم مجھے دینا چاہتے ہو لیکن ذرا ٹھہرو میں اپنی چھوٹی بہن کو بلا لوں - چنانچہ اس نے اسے بلا لیا اور وہ شعر اسے سنایا - شعر سنتے ہی وہ ننگے سر باہر نکل آئی اور کہا : اے قوم عرب انھی دونوں نے میرے باپ کو قتل کیا ہے - کیا تم فصحا نہیں ہو'' ؟ [٣٣] لوگوں نے کہا ، ''اس کا کیا ثبوت ہے''؟ اس نے جواب دیا ، ''دوسرے مصرعے کے ساتھ پہلا مصرع لگانے کی ضرورت ہے اور پہلے کے

---

١ - ابو عبید بکری نے یہ واقعہ مہلہل بن ربیعہ کے متعلق بیان کیا ہے (شرح الامالی : ٢٦ - ٢٧) - میمنی نے حاشیے پر مزید حوالہ جات دیے ہیں اور لڑکی کا نام سُلَیمٰی یا سَلْمٰی زوجہ ہِجرس بن کلیب دیا ہے - کتاب میں '' مرزبان '' ہی دیا ہے مرزبانی ہونا چاہیے -

Marfat.com

ساتھ دوسرا (اس شعر میں) پہلا مصرع دوسرے مصرعے کے ساتھ میل نہیں کھاتا ۔ لوگوں نے کہا ، ''پھر یہ شعر کس طرح ہونا چاہیے''؟ وہ کہنے لگی ''اسے یوں ہونا چاہیے'' :

۱مَنْ مُخْبِرٌ بِنَتَّیَ اَنَّ اَبَا هُمَا
اُمْسٰی قَتِیلا بِالْفَلاَةِ مُجَنْدَلاَ
لِلّٰهِ دَرُّ کُمَا و دَرُّ اَبِیکُمَا
لَنْ یَبْرَحَ الْعَبْدَ ان حَتّٰی یُقْتَلاَ

میری دونوں بیٹیوں کو کون خبردار کرے گا کہ ان کا باپ جنگل میں قتل ہؤا اور زمین پر پھینک دیا گیا

تمھارے اور تمھارے باپ کے کیا کہنے دونوں غلاموں کو قتل کر دو ، جانے نہ پائیں ۔

(راوی کہتا ہے کہ) جب۲ لوگوں نے ان سے دریافت تو واقعہ اسی طرح پایا ۔

جو بات عربوں کے جودتِ فہم اور دقت نظر پر دلالت کرتی ہے وہ ان کا لاٹھی ٹھکرانے کا مخصوص طریقہ ہے ۔ واقعہ کے استخراج کے ضمن میں یہ مشکل ترین طریقہ ہے اور استنباط کے اعتبار سے نہایت دشوار ،

---

۱ - شرح امالی میں یہ شعر یوں دیے ہیں :

مَنْ مُبلغ الأحیاء اَنّ مهلهلاً
اَمسٰی صَرِیعاً فِی الضَّرِیح مُجَدَّلاَ
لِله درکُم و در أبِیکُم
لایبرح العمدان حتّی یُقْتَلاَ

بلوغ الارب میں ''مجندلا'' دیا ہے اسے مجدلا ہونا چاہیے ۔ نیز لن یبرح لا کی بجائے لایبرح ہونا چاہیے جیسا کہ شرح امالی میں ہے ۔

۲ - میمنی لکھتے ہیں کہ مغربیہ کے حاشیہ پر ان الفاظ کا اضافہ ہے : فاخذ وا العبدین فَعَذَّ بُوهُمَا فاقرّا انهما قتلاه (شرح امالی : ۲۷) ۔

Marfat.com

اس لیے کہ یہ گفتار سے عاری ہے اور یہاں محض فعل پر اکتفا کیا جاتا ہے زبان سے کام نہیں لیا جاتا ، فعل سے اشارہ کر دیا جاتا ہے ۔ بنوقیس بن ثعلبہ کا دعویٰ ہے کہ سب سے پہلے سعد بن مالک بن ضُبَیْعَہ بن قیس بن ثعلبہ نے اپنے بھائی عمرو بن مالک کے لیے لاٹھی کو ٹھکرایا تھا ۔ یہ اس وقت کی بات ہے کہ جب نعمان کی ملاقات سعد سے ہوئی ۔ اس کے ساتھ کچھ ایسے گھوڑے تھے جنھیں وہ باگ سے پکڑ کر ساتھ لیے جا رہے تھے ۔ کچھ بغیر زین کے تھے ، انھیں کھلا چھوڑا ہؤا تھا ۔ جب وہ نعمان کے پاس پہنچا تو اس نے ان سے ان گھوڑوں کے متعلق دریافت کیا ۔ سعد نے کہا ، ''میں ان گھوڑوں کو اس لیے ساتھ نہیں لایا کہ ان کی حفاظت کروں اور نہ اس لیے ان کو بغیر زین کے رکھا کہ ان کو ضائع کر دوں'' ۔ اس کے بعد نعمان نے اس سے اس کی زمین کے متعلق پوچھا ، ''کیا وہاں اس قدر بارش ہوئی ہے کہ اس کا اثر قابل تعریف ہو اور وہ درختوں کو سیراب کر دے'' ؟ سعد نے کہا :

أمّا المَطَرُ فَغَزِیْرٌ وأمّا الوَرَقُ فَشَکِیْرٌ وَ أمَا النَافِدَۃ فَسَاھِرَۃ و أمّا الحازرۃ فَشَبْعٰی نائمہ و أمّا البَشَر شَاءٌ فقد امتلأت مَسَارِبُھَا و ابتَتَّلتُ جَنَابِتُھَا ویروی جنابثھا وامّاالجوفُ فَغُدُرٌ لا تطلع و أمّاالجذف فعزاف لایَنْکِعُ یفتر اذا یرتع

بارش تو بہت ہے مگر گھاس ابھی چھوٹی ہے ۔ جنھیں بھوک نے نڈھال کر رکھا ہے وہ شب بھر بیدار رہتے ہیں ۔ جن میں طاقت ہےوہ سیر شکم ہو کر سو جاتے ہیں ۔ جس زمین میں خاردار درخت ہیں وہاں کی چراگاہیں بھری پڑی ہیں اور صحن تر ہیں ۔ رہی وادی تو وہاں کے حوض اُونچے ہی ہوتے ہیں (کیونکہ وہاں زیادہ بارش نہیں ہوتی) بھیڑ بکریاں پانی پینے سے پرہیز کرتی ہیں مگر پھر بھی پانی پینا بالکل بند نہیں کر دیتیں اور چر چکنے کے بعد دانت دکھانے لگتی ہیں ۔

Marfat.com

نعمان نے اس کی چرب زبانی پر حسد کرتے ہوئے کہا ، ''تیرے باپ کی قسم تُو تو بہت ہی فصیح و بلیغ ہے لیکن اگر تو چاہے تو میں تم سے ایک ایسی بات کہوں جس کا تم جواب نہ دے سکو'' ۔ سعد نے کہا ، ''مجھے منظور ہے بشرطیکہ اس میں نہ افراط پائی جائے نہ حد سے تجاوز ۔'' اس پر نعمان نے ایک نوکر کو حکم دیا کہ سعد کو تھپڑ مارے ۔ نعمان کا مقصد یہ تھا کہ سعد جواب میں زیادتی کرے تو اسے قتل کرنے کا بہانہ ہاتھ آ جائے گا ۔ پھر پوچھا ، '' اس کا کیا جواب ہے '' ؟ سعد نے جواب دیا ، '' سَفِیہٌ مَاثُور' (یہ ایک بیوقوف شخص ہے جسے ایسا کرنے کا حکم دیا گیا ہے) اور یہ الفاظ ضرب المثل بن گئے ۔ نعمان نے نوکر کو ایک اور تھپڑ مارنے کو کہا اور اس نے ایسا ہی کیا ۔ پھر پوچھا ، ''اس کا کیا جواب ہے'' ؟ سعد نے جواب دیا ، '' لَوْ نُھِیَ عَنِ الاُوْلٰی لَمْ یَعُدْ لِلاُخْرٰی (اگر اسے پہلی بار منع کر دیا جاتا تو دوبارہ ایسا نہ کرتا) ۔ یہ الفاظ بھی ضرب المثل بن گئے ۔ نعمان نے کہا ، ''ایک اور مار'' ۔ اس نے ایسا ہی کیا ۔ [۳۴] پوچھا ، ''اس کا کیا جواب ہے'' ؟ جواب دیا ، ''مالک[۱] اپنے غلام کو ادب سکھا رہا ہے'' ۔ اس نے ایک اور مارنے کو کہا ۔ اس نے ایسا ہی کیا ۔ پوچھا ، ''اس کا کیا جواب ہے'' ؟ اس نے کہا ، ''مَلَکْتَ فَاَسْجِحْ'' (جب تمھیں قدرت حاصل ہو جائے تو نرمی برتو) ۔ یہ الفاظ بھی ضرب المثل بن گئے ۔ اس پر نعمان نے کہا ، ''تم نے ٹھیک کہا ہے ، اب بیٹھ جاؤ'' ۔ اس کے بعد مدت تک سعد اس کے پاس رہا ۔ پھر نعمان کو خیال آیا کہ کسی رائد[۲] (سبزہ جُو) کو چراگاہ کی تلاش میں بھیجے ۔ اس نے سعد بن مالک کے بھائی عمرو بن مالک کو بھیجا ۔ اسے دیر ہوگئی نعمان کو ناگوار گزرا

---

۱ - یعنی تم اپنے غلام کو یہی ادب سکھانا چاہتے ہو ۔ ایک اور معنی بھی نکل سکتے ہیں اور وہ یہ ہیں کہ آقا اپنے غلام کو سزا دے رہا ہے یعنی میں ایک غلام ہوں جسے یہ سزا مل رہی ہے ۔

۲ - رائد : آب و گیاہ کی تلاش میں نکلنے والا ۔

Marfat.com

لہٰذا اس نے قسم کھا لی کہ خواہ وہ آ کے گھاس کی تعریف کرے خواہ مذمت ، میں قتل کیے بغیر نہ رہوں گا ۔ جب عمرو آیا اور نعمان کے پاس پہنچا اس وقت اس کے پاس اور لوگ بھی موجود تھے ۔ حاضرین میں سعد بھی بیٹھا ہؤا تھا اور اسے نعمان کی قسم کا بھی علم ہو چکا تھا ۔ سعد نے عمرو سے بات کرنے کی اجازت چاہی مگر نعمان نے جواب دیا ، ''اگر تو نے اس سے بات کی تو تمھاری زبان کاٹ دوں گا''۔ سعد نے کہا ، ''تو کیا پھر اشارہ کرسکتا ہوں''؟ نعمان نے کہا ، ''اگر اشارہ کیا تو ہاتھ کاٹ دوں گا'' سعد نے کہا، ''تو کیا پھر آنکھ سے اشارہ کر سکتا ہوں'' ؟ نعمان نے کہا ، '' تو پھر میں تمھاری دونوں آنکھیں نکال دوں گا '' ۔ سعد نے کہا ، ''تو کیا لاٹھی ٹھکور سکتا ہوں'' ؟ اس نے کہا ، ''ہاں'' ۔ سعد نے کسی پاس بیٹھے ہوئے آدمی سے لاٹھی لی اور اسے اپنے سامنے رکھ دیا ۔ پھر اپنی لاٹھی لی جو اس کے پاس ہی پڑی تھی ۔ اس کا بھائی کھڑا (دیکھ رہا تھا) ، اس نے اپنی لاٹھی سے دوسری لاٹھی کو ایک بار ٹھکورا ۔ اس کے بعد بھائی نے اس کی طرف دیکھا ، پھر لاٹھی سے اس کی طرف اشارہ کیا جس سے وہ سمجھ گیا کہ وہ مجھے کہہ رہا ہے کہ اپنی جگہ پر کھڑے رہو ۔ اس کے بعد پھر ایک بار لاٹھی کو ٹھکورا پھر اسے آسمان کی طرف اُٹھایا ۔ پھر دوسری لاٹھی سے اپنی لاٹھی کو ناپا ۔ وہ سمجھ گیا کہ وہ مجھے کہہ رہا ہے کہ یوں کہو : میں نے خشک سالی نہیں پائی ۔ اس کے بعد اپنی لاٹھی کی نوک سے دوسری لاٹھی کو کئی بار ٹھکورا ۔ پھر اسے تھوڑا سا اُونچا اُٹھایا جس سے وہ سمجھ گیا کہ وہ کہہ رہا ہے ، اور '' نہ گھاس '' ۔ اس کے بعد پھر ایک بار لاٹھی کو ٹھکورا اور لاٹھی لے کر نعمان کی طرف بڑھا ۔ جس سے وہ سمجھ گیا کہ وہ کہہ رہا ہے : اب اس سے بات کرو ۔ اس کے بعد عمرو بن مالک آگے بڑھا اور نعمان کے سامنے آ کر ٹھہر گیا ۔ نعمان نے پوچھا ، '' کیا تجھے عمدہ قابل تعریف شادابی ملی یا قابل مذمت خشکی'' ؟ عمرو نے جواب دیا ، ''نہ تو خشکی کو قابل مذمت پایا اور نہ شادابی ہی کو قابل تعریف پایا ۔ زمین مشتبہ ہے نہ اس کی سرسبزی کا پتا چلتا ہے اور نہ ہی اس کی خشکی

Marfat.com

بیان کی جا سکتی ہے ۔ اس میں جو آب و گیاہ کی تلاش میں جائے وہ کھڑا رہ جائے ، جو نہ پہچانے وہ بھی جانے ، جو سب سے زیادہ امن میں ہو وہ بھی ڈرے" (یہ سن کر) نعمان نے کہا ، " تمھارا ستیاناس ہو تم بچ نکلے چنانچہ وہ بچ گیا ۔ یہ پہلا شخص تھا جس کے لیے لاٹھی کو ٹھکورا گیا ۔ اس پر سعد بن مالک نے اسی لاٹھی کے ٹھکورنے کے متعلق یہ شعر کہے :

قَرَعْتُ العَصَاحَتّٰی تَبَیَّنَ صَاحِبِی
وَلَمْ تَکُ لَوْلَاذَاکَ لِلْقَوْمِ تُقْرَعُ

میں نے لاٹھی کو ٹھکورا یہاں تک کہ میرے ساتھی نے بات سمجھ لی ۔ اگر یہ واقعہ نہ ہوتا تو یہ کسی شخص کے لیے بھی ٹھکوری نہ جاتی

فَقَالَ رَأَیْتُ الْاَرْضَ لَیْسَتْ بِمُمْحِلٍ
وَلَاسَارِحٌ مِنْهَا عَلَی الرَّعْیِ یُشْبِعُ

چنانچہ اس نے کہا ، "میں نے دیکھا ہے کہ زمین قحط زدہ نہیں ہے اور نہ ہی مویشی چر کر اپنا پیٹ بھر سکتے ہیں "

سَوَاءٌ فَلَاجَدْبٌ فَیُعْرَفُ جَدْبُهَا
وَ لَا صَابَهَا غَیْثٌ غَزِیْرٌ فَتُمْرِعُ

[۳۵] یہ زمین ایک جیسی ہے نہ ایسی قحط زدہ ہے کہ قحط سالی کو پہچانا جا سکے، اور نہ ہی کثرت سے بارش ہوئی ہے کہ وہ سرسبز ہو جائے

فَنَجّٰی بِهَا حَوْبَاءَ نَفْسٍ کَرِیْمَةٍ
وَقَدْ کَادَ لَوْلَا ذَاکَ فِیْهِمْ یُقَطَّعُ

اس طرح اس نے ایک شریف انسان کی جان بچا دی ۔ اگر " قرع عصا " نہ ہوتا (لاٹھی نہ ٹھکوری جاتی) تو اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے گئے ہوتے ۔

سعد کا کہنا : " اماالورق فشکیر " یعنی گھاس چھوٹی ہے بڑی نہیں ہوئی ، " و اما النافدة فساهرة " یعنی جو لاغری کی وجہ سے

Marfat.com

نڈھال ہو چکے ہیں اور ان میں طاقت نہیں رہی لٰہذا وہ جاگ رہے ہیں کیونکہ یہ ابھی سیر نہیں ہوئے ۔ لٰہذا ان کی بے خوابی سیر نہ ہونے کی وجہ سے ہے ۔ الحازرۃ کا لفظ '' حزرۃ المال '' کے محاورے سے لیا گیا ہے جس کے معنی عمدہ مال کے ہیں ۔ مطلب یہ ہے کہ یہ طاقت رکھنے کی وجہ سے چرنے کی قدرت رکھتے ہیں لٰہذا سیر ہو کر سو جاتے ہیں ۔ برشاء اُس زمین کو کہتے ہیں جہاں ایسے کانٹے دار درخت ہوں جنھیں اونٹ کھاتے ہوں اور مسارب ، مسرب کی جمع ہے یعنی اونٹوں کے چرنے کی جگہ ۔ اس کا کہنا : ابتلّت جنابتھا ، جنابہ اور جناب ہم معنی لفظ ہیں اگر جنابتھا کی بجائے جَنَابثھا کہا جائے تو ہو سکتا ہے کہ جنابث اور جنابذ ہم معنی ہوں اور جنابذ جنبذہ کی جمع ہے اور جنبدۃ بلند جگہ کو کہتے ہیں پھر ذال کو ثاء میں بدل دیا گیا جیسے کہتے ہیں جثّ اور جذّ ۔ اور جس نے (برشاء کی جگہ)رھاء پڑھا ہے تو اس کے معنی اس زمین کے ہو سکتے ہیں جس پررھام (تھوڑی تھوڑی مگر لگاتار بارش) پڑی ہو اور جوف کے معنی زمین کا درمیانی حصہ ۔ غُدُر ، غدیر کی جمع ہے یعنی وادی میں اس قدر زور کی بارش نہیں ہوئی کہ پانی بہنے لگتا اور پانی کا سیلاب کناروں تک چڑھ آتا اور تالابوں کی حد سے تجاوز کر جاتا ۔ حذف ایک قسم کی چھوٹی بھیڑ بکریوں کو کہتے ہیں ۔ عِزَاف کا یہ مطلب ہے کہ پانی کی کثرت کی وجہ سے وہ اپنے آپ کو پانی سے روکے رکھتی ہیں ۔ ولا ینکع یعنی ان کا پینا منقطع نہیں ہو جاتا ہے ۔ نَکع اور انکع دونوں کے معنی منقطع ہونے کے ہیں ۔شاعر کہتا ہے :

بَنِیْ ثُعَلٍ لاتنکَعُوا العَنْزَ شِرْبَھَا
بَنِیْ ثُعَلٍ مَنْ یَنکُعُ العَنْزَ ظَالِمُ

اے نبی ثعل بکریوں کو اپنا پانی کا پورا حصہ پینے سے نہ روکو ۔
اے نبی ثعل جو ان کو روکے گا ظالم ہوگا

تفتر کے معنی ہیں کہ جب وہ چر لینے کے بعد سر اونچا کرتی ہیں تو دانت دکھانے لگتی ہیں ۔ اَوْلٰی لَکَ ایک محاورہ ہے [٣٦] جو کسی کے

Marfat.com

لیے اس وقت بولا جاتا ہے جب وہ مصیبت میں گرفتار ہونے کو ہو مگر بچ نکلے - رہا اس کا " حوباء نفس کریمة " کہنا تو اس کی کئی توجیہیں ممکن ہیں - بعض کہتے ہیں کہ حوباء کے معنی نفس کے ہیں - اگر یہی معنی لیے جائیں تو پھر سعد کے شعر میں حوباء کی اضافت نفس کی طرف اس لیے ہے کہ (اگرچہ معنی ایک ہے مگر) لفظ مختلف ہیں اور کبھی کہتے ہیں کہ حوباء کے معنی خالص نفس کے ہیں - بعض کہتے ہیں کہ حوباء کے معنی " روح القلب " کے ہیں -

اہل یمن کہتے ہیں کہ لاٹھی کو سب سے پہلے عمرو بن حُمَمَةَ الدوسی کے لیے ٹھکورا گیا- یہ بات شعبی نے ابن عباسؓ کی روایت سے بیان کی ہے -[1] حارث بن وعلہ کے ان اشعار میں " ذی الحلم " سے مراد عمروبن حممة الدوسی ہی ہے :

لاَ تَأمَنَنْ قَوْماً ظَلَمْتَهُمُ
وَبَدَأتَهُمْ بِالشَّتْمِ والرَّغْمِ

جس قوم پر تو نے ظلم کیا ہو اور خود ان کو گالیاں دینے اور ذلیل کرنے میں پہل کی ہو اس سے بے خوف ہو کر نہ رہ

---

١ - حارث بن وعلہ : یہ جاہلی شاعر تھا - اس کے بھائی منذر بن وعلہ کو بنی شیبان نے قتل کر دیا تھا - ان اشعار میں وہ اپنی بیوی کو مخاطب کر کے کہہ رہا ہے - یہ خود بھی بنی ثعلبہ میں سے تھا - بکری کہتا ہے سب سے پہلے عامر بن الظرب العَدَوانی کے لیے قرع عصا ہوا - ربیعہ کہتا ہے : قیس بن خالد ذی الجدین کے لیے - تمیم کہتے ہیں ربیعہ بن مُخَاشِن کے لیے جو بنی اُسَیِّدُ بن عمرو بن تمیم میں سے تھا اور اہل یمن کہتے ہیں عمرو بن حممة الدوسی کے لیے (شرح امالی : ٥٨٥)

Marfat.com

آن[۱] یـأبَرُوا نَخلاً لِغَیرِھِم
و الـشئ تَحقِرُ و قـد یَنمِی

کہ وہ کسی اور قوم کی کھجوروں کو پیوند لگا دیں (یعنی کسی اور قوم کی اصلاح اور بھلائی کا کام کریں) - تو ایک چیز کو حقیر سمجھتا ہے حالانکہ نشو و نما پا کے بڑی ہو جاتی ہے

وَ زَ عَمتُم آنْ لا حُلُوم لَنَا
اِنَّ العَصَا قُرِعَت لِذِی الحِلمِ

تمھارا خیال ہے کہ ہم میں عقل ہی نہیں ہے - (مگر جان لے کہ) لاٹھی درحقیقت عقلمند ہی کے لیے ٹھکوری گئی تھی

کہنا یہ چاہتا ہے کہ اگر معاملہ اسی طرح ہے اور عالم یہ ہے کہ ہم عقل نہیں رکھتے یعنی حقیقت تمھارے ہی خیال کے مطابق ہے تو تم ہمیں آگاہ کر دو - کیونکہ جب دوسی کے لیے لاٹھی کو ٹھکور دیا جاتا تھا تو وہ جس مقدمے کے فیصلے میں اپنے بڑھاپے کی وجہ سے کجروی کرنے والا ہوتا اس سے آگاہ ہو جاتا - اسے یہ بات شاعر تحکماً کہہ رہا ہے یعنی تم نے ہمیں تعریضاً بیوقوف کہا لہٰذا ہم نے بھی تصریحاً بات نہیں کہی ، تعریض ہی پر اکتفا کر لیا ہے - ایسے ہی جیسے عقلمند کے لیے لاٹھی کا ٹھکورنا کافی ہو رہا تھا -

---

۱ - ابو عبید بکری (شرح امالی : ۵۸۴) نے اس شعر کی یوں شرح کی ہے : الأبر التلقیح و معناہ کقولھم : "رُبَّ سَاعٍ لِقَاعِدٍ" یقول : نغیر علیک فنَحُرُبُک و نقتلک فنشفی اعداءک منک حتی یبلغوا من ذلک مالم یکونوا لِیُدرکوہ بجھدھم فکأن سعینا کان لھم ، و نکون فی ذلک کأنا اصلحنا أمرَ غیرنا - و قیل المعنی غیر ھذا ، و انما اراد نقتلک و نملک ارضک و نأبرنخلک و الاول اجود ، و لیس کل من قتل واحداً ملک ارضہ بل ذلک شئ لایکاد یقع -

Marfat.com

قبیلہ مضر کا دعویٰ ہے کہ ذوالحلم سے مراد عامر بن الظرب العدوانی ہے اور ذوالاصبع نے اس شعر میں

و مِنْهُمْ حَكَمٌ يَقْضِي
فَلاَ يُنْقَضُ مَا يَقْضِي

انھی میں ایک فیصلہ دینے والا ایسا بھی تھا جس کے فیصلے کو کوئی توڑ نہ سکتا تھا

اسی کی جانب اشارہ کیا ہے۔ ربیعہ کا دعویٰ ہے کہ یہ قیس بن خالد شیبانی تھا جو بسطام بن قیس بن مسعود بن خالد کا دادا تھا۔ عمرو بن حُمَمَة کے لیے جس بات کا دعویٰ کیا جاتا ہے اس کا قصہ اور عامر بن الظرب کا قصہ ایک ہی ہے ۔ وہ یوں کہ دونوں عربوں کے قاضی تھے جن کے پاس ہر مشکل کے وقت لوگ فیصلہ لینے کے لیے جایا کرتے تھے۔ مگر عمرو بن حُمَمَة کا قصہ زیادہ مشہور ہے۔ وہ قصہ اس طرح ہے کہ عرب اس کے پاس فیصلہ کرانے کے لیے آئے۔ اس نے فیصلہ دینے میں غلطی کی، اس وقت یہ بوڑھا ہو چکا تھا۔ اس کی بیٹی نے اسے کہا، ''ابا! تو اپنے فیصلے میں غلطی کرنے لگ گیا ہے''۔ اس نے بیٹی سے کہا، ''بیٹی جب تو ایسی بات دیکھے تو لاٹھی کو ٹھکور دیا کر'' چنانچہ جب لاٹھی ٹھکوری جاتی تو یہ سمجھ جاتا۔ اس کی دانش بحال ہو جاتی اور وہ درست فیصلہ کر دیتا۔

[۳۷] زبان سے ذکر کیے بغیر ان فعلی رموز میں سے جنھیں عرب سمجھنے میں خصوصیت رکھتے تھے ایک وہ قصہ ہے جس کی روایت امثال میں ابو فید سدوسی سے کی جاتی ہے۔ وہ کہتا ہے: ابو خالد الکلابی نے بیان کیا کہ احوص بن جعفر آیا تو کسی نے اسے بتایا کہ ایک اجنبی شخص وارد ہؤا تھا، جب وہ اہل قوم سے اتنے فاصلے پر پہنچا کہ وہ اسے دیکھ سکیں تو وہ اپنی سواری پر سے اتر پڑا اور ایک درخت کے پاس جا کر اس سے دودھ کا ایک مشکیزہ لٹکا دیا، ایک شاخ سے حنظل لٹکا دیا، ایک ٹہنی سے مٹی کی تھیلی اور ایک سے کانٹوں کی ایک تھیلی لٹکا دی۔ اس کے بعد وہ اپنی سواری کے پاس آیا اور سوار ہو گیا۔ احوص نے اور ساری

Marfat.com

قوم نے اس کی اس حرکت پر غور کیا مگر بات سمجھ میں نہ آئی ۔ احوص نے کہا کہ قیس بن زہیر کو بلایا جائے ۔ چنانچہ لوگ قیس کے پاس پہنچے اور اسے احوص کے پاس لے آئے ۔ احوص نے کہا ، ''کیا تو یہ نہیں کہا کرتا تھا کہ خواہ کوئی بھی معاملہ پیش آ جائے تُو اس کی حقیقت کو سمجھ جاتا ہے کہ کیا ہے ۔ خواہ ابھی گھوڑوں کی پیشانیاں دکھائی نہ دی ہوں'' ۔ قیس نے کہا ، ''بات کیا ہے'' ؟ انھوں نے اسے بتایا ۔ اس نے کہا ، ''قَدْ بَیَّنَ الصُّبْحُ لِذِیْ عَیْنَیْنِ (صبح آنکھوں والے کے لیے بالکل صاف ہے) اور یہ الفاظ ضرب المثل بن گئے ۔ یہ مثل اس بات کے لیے جو خوب واضح ہو استعمال میں لائی جاتی ہے ۔

قیس نے کہا : مٹی کی تھیلی سے مراد یہ ہے کہ ایک بہت بڑی تعداد تم پر حملہ کرنے کے لیے آ رہی ہے ۔ حنظل سے مراد یہ ہے کہ قبیلہ حنظلہ آ رہا ہے ۔ کانٹوں کی تھیلی سے مراد یہ ہے کہ وہ مسلح ہیں ۔ دودھ دشمنوں کے قریب یا بعید ہونے کی دلیل ہے ۔ چنانچہ اگر یہ میٹھا اور تازہ ہے تو (دشمن کے) سوار آ پہنچے ہیں اور اگر نہ میٹھا ہے نہ ترش تو فاصلہ اسی کے مطابق ہوگا اور اگر ترش ہے تو اسی کے مطابق اور اگر دودھ جما ہؤا ہے تو تمھیں مشورہ کرنے کا وقت مل گیا ہے ۔ اس شخص نے تم سے زبانی بات اس لیے نہیں کی کہ اس سے وعدہ لیا گیا تھا (کہ وہ تمھیں بتلائے گا نہیں) مگر وہ تمھیں آگاہ کر گیا ہے ۔ اس قسم کی حکایات جن کی روایت قابلِ اعتماد لوگوں نے کی ہے کثرت سے ہیں ۔ جب ہم علوم عرب سے بحث کریں گے تو اس امر کی مزید وضاحت ہو جائے گی ۔

چونکہ عرب قوم اپنی قوتِ فہم اور ذہانت کی تیزی کے معاملے میں انتہا کو پہنچی ہوئی تھی لہٰذا انھیں عاجز کرنے کے لیے قرآن سے دو چار کیا گیا اس لیے کہ ہر قوم کو عاجز کرنے کے لیے وہی چیز بھیجی جاتی ہے جو ان کی فہم ان کی عقل اور ان کے ذہن کے مطابق ہو ۔ بنی اسرائیل خر دماغ تھے جس کا ثبوت یہ ہے کہ ان سے کوئی ایسی بات منقول نہیں جسے مستحسن کلام میں مدون کیا جائے یا جس سے اچھوتے معنی مستفاد

Marfat.com

ہوں ۔ جب وہ ایک ایسی قوم کے پاس سے گزرے جو بتوں کی پرستش کرتی تھی تو اپنے نبی سے کہنے لگے : ان کے خداؤں جیسا ہمیں بھی ایک خدا بنا دو ۔ لہٰذا ان کو اس معجزے کے لیے مخصوص کیا گیا جس تک وہ اپنے ابتدائی خام حواس کے ذریعے پہنچ سکتے تھے ۔ [۳۸] ظاہر ہے کہ عربوں کی قوم نہایت درست اور نہایت تیز ذہن والی قوم ہے ۔ انھوں نے فصاحت کی بلیغ ترین راہیں نکالیں ، نہایت ہی عجیب معانی اختراع کیے اور مستحسن ترین آداب کی طرح ڈالی ، لہٰذا قرآن مجید کا معجزہ ان کے ساتھ مخصوص کر دیا گیا ، اس لیے کہ وہ اس کے ضمن میں اپنے فہم کی جولانی کو کام میں لا سکتے تھے اور ان کے ذہن اس تک پہنچ سکتا تھا ۔ چنانچہ وہ اسے بداہتہً نہیں بلکہ اپنی فطانت کے بزور سمجھتے ہیں ۔ بے کاوش نہیں بلکہ سوچ بچار کی مدد سے ۔ (یہ اس لیے کیا گیا) کہ ہر قوم کسی ایسی چیز کے ساتھ مخصوص ہوتی ہے جو اس کی طبیعت کے ساتھ مطابقت اور اس کی سمجھ کے ساتھ موافقت رکھتی ہو اور واضح ہے کہ ہر توفیق اللہ ہی کے قبضۂ قدرت میں ہے ۔

عربوں کا دیگر اقوام کے مقابلے میں زیادہ تیز حافظے کا مالک ہونا

اس کی وجہ یہ ہے کہ ان میں اکثریت اُمّی لوگوں کی ہے جو نہ پڑھ سکتے ہیں اور نہ لکھ سکتے ہیں بلکہ صحرا نشین عرب تو سارے کے سارے ایسے ہی ہیں ۔ اس کے باوجود انھوں نے اپنی مشہور جنگوں ، لڑائیوں اور واقعات کو بالتفصیل محفوظ کر رکھا ہے اور اُن شعروں اور خطبوں کو بھی محفوظ کر رکھا ہے جو ان موقعوں پر کہے گئے ۔ اسی طرح ان مفاخرات اور منافرات کو بھی محفوظ کر رکھا ہے جو ان کے قبائل کے مابین رونما ہوئے ۔ انھوں نے اپنے نسب ناموں کے علاوہ ان گھوڑوں کے ناموں کو بھی محفوظ کر رکھا ہے جو ان کے جنگی میدانوں میں اترے ۔ نیز اس بات کو بھی محفوظ کر رکھا ہے کہ وہ کس قبیلے سے ہیں اور وہ اولین آباء اور گذشتہ اسلاف میں سے کس مورث تک پہنچتے ہیں ۔ جب

Marfat.com

کوئی شاعر شعر کہتا ، خواہ اشعار کی تعداد کتنی ہی کیوں نہ ہوتی ، جونہی یہ اُن اشعار کو سنتے وہ ان کے ذہنوں کے صحیفوں پر نقش ہو جاتے اور ان کے خیال میں تمثال کی طرح باقی رہتے ۔ اس بات میں ان کے قبائل کے عام اور خاص ، چھوٹے اور بڑے ، مرد اور عورت سب برابر تھے ۔ اس ضمن میں نہ کسی کو کوئی شبہ ہے اور نہ کسی صاحب نظر کو کوئی شک ہے ۔ جب کبھی ان کے یہاں کوئی عجیب واقعہ پیش آتا یا کوئی انوکھا نکتہ پیدا ہوتا تو وہ ضرب المثل بن جاتا اور ایسے اقوال قبائل میں مشہور ہو جاتے ، یہی باعث ہے کہ یہ واقعات ان کے ذہن سے غائب نہ ہو سکتے تھے اور نہ ہی طویل مدت گزر جانے کے باوجود ان کے خزائن خاطر سے نکل سکتے ۔ بعد کے آنے والے لوگوں نے ان کے ایام جنگ اور واقعات کے متعلق جو کچھ معتبر لوگوں سے حاصل کیا اور جو کچھ روایت کرنے والوں کی زبانی سنا اسے جمع کردیا ۔ ان کی امثال اور ان کے اشعار کو بھی جمع کر دیا ، جس سے کئی مجموعے اور کئی جلدیں تیار ہو گئیں یہاں تک کہ یہ شمار و حصر کے دائرے سے نکل گئیں ۔ یہ مجموعے جو ہم تک پہنچے ہیں بمقابلہ [۳۹] ان کے جو ہم تک نہیں پہنچے سمندر کے مقابلہ میں ایک قطرے کی حیثیت رکھتے ہیں یا پہاڑ اور چٹیل میدانوں کے مقابلہ میں ایک ذرے کی ماہیت ۔ ان کے ابتدائی زمانے کے اشعار ، محاورے اور واقعاتِ جنگ ان کے چلے جانے کے ساتھ ہی ضائع ہو گئے ۔ یہ سب کچھ ان کے سینوں ہی میں رہا ، ہم تک نہ پہنچا ۔ بہت سے علوم و فنون کو وہ اپنے ساتھ کفنوں میں لے گئے کیونکہ انھیں کوئی ایسا شخص نہ ملا جو ان کے حقوق کی حفاظت کرتا اور انھیں ضائع ہونے سے بچا لیتا ۔ ہر شاعر کا ایک راویہ ہوتا تھا جو اپنے شاعر کا ہر قول محفوظ کرتا اور ان اشعار کو یاد کر لیتا جو مختلف موقعوں پر پڑھے جاتے تھے ، مثلاً جب وہ حملہ کرتا اور جولانی دکھاتا ہر راویہ کو رجز ، قصائد اور دیگر اقسام کے اشعار کی اتنی تعداد یاد ہوتی کہ حصر و شمار سے باہر ہے ۔ متاخرین میں سے صرف اصمعی[1] ہی کو

---

۱ ۔ عبدالملک بن قُرَیب الاصمعی ۔ عربی زبان کا مشہور لغت دان ، اس کی متعدد تصانیف ہیں ۔ تقریباً ۲۳۱ء میں وفات پائی ۔

Marfat.com

لیجیے ۔ وہ کہتا ہے : میں ابھی بالغ نہ ہؤا تھا کہ بدویوں کے بارہ ہزار رجزیہ قصائد کی روایت کر چکا تھا اور خلف الاحمر[1] اشعار کا بہترین راوی اور جید اشعار کا سب سے بڑا عالم تھا ۔ مختصر یہ کہ عربوں کا حافظہ جملہ اقوام سے زیادہ تیز تھا ۔ اس امر میں صرف اسی شخص کو شک ہوگا جو احساس سے محروم ہوگا ۔ یہاں تک کہ کتاب الوَشیٰ[2] المَرقُوم میں منقول ہے کہ ہمدانی نے دعویٰ کیا ہے کہ عربوں اور عجمیوں کے جو حالات لوگوں تک پہنچے ہیں وہ صرف عربوں کے ذریعے پہنچے ہیں ۔ اس نے یہ بات بڑی وضاحت اور دلیل کے ساتھ بیان کی ہے ۔ اس کے بعد کہا ہے کہ عرب بڑے حافظے والے اور صاحب روایت لوگ تھے ۔

اقوم المسالک کے مقدمے میں فرانس کے وزیر معارف عمومیہ[3] دردی کی تاریخ سے نقل کرکے لکھا گیا ہے کہ اپنے جزیرے سے نکل کر دیگر علاقوں میں پھیل جانے سے پہلے ہی عرب قوم میں آداب جڑ پکڑ چکے تھے اور یہ دو زبانوں میں ادا کیے جاتے تھے ، یمن میں حِمیَری زبان میں اور حجاز میں قریش کی زبان میں ۔ پھر اسی قریش کی زبان میں قرآن نازل ہؤا ۔ تم سے یہ بات مخفی نہیں کہ حمیری کے مقابلے میں جو زبان آتی ہے وہ

---

۱ ۔ خلف الاحمر حماد الراویہ کا شاگرد تھا ۔ اسے عربی زبان پر خوب عبور تھا ، لاکھوں کی تعداد میں اشعار یاد تھے ۔ کہا جاتا ہے کہ لامیہ قصیدہ جو شنفریٰ کی طرف منسوب ہے دراصل اسی کا لکھا ہؤا ہے ۔ تقریباً ۱۸۴ھ میں وفات پائی ۔

۲ ۔ کتاب الوشی المرقوم : مکمل نام الوشی المرقوم فی حلی المنظوم ہے ۔ یہ ضیاء الدین نصر اللہ بن محمد بن محمد المعروف باین الاثیر الجزری ۶۳۷ھ کی تصنیف ہے ۔

۳ ۔ دردی : محمد بہجہ اثری لکھتے ہیں کہ اصل کتاب میں اسی طرح دیا ہے مگر درست نام دوروی (Victor Durwy) ہے جیسا کہ الاستاذ شیخ محمد بہجتہ البیطار دمشقی کی کتاب محاضرۃ الجامعۃ السوریہ میں دیا ہے ۔

Marfat.com

مُضَرِی زبان ہے اگرچہ پڑھنے میں خاص قریشی زبان پر اجماع واقع ہؤا ہے - یہی وجہ ہے کہ اس زبان نے شہرت حاصل کی اور آج تک آمیزش سے پاک چلی آتی ہے کیونکہ علمی اور دینی کتابیں ہمیشہ اسی میں لکھی جاتی رہی ہیں - عربی زبان کے اندر عجمیت صرف اس وقت داخل ہوئی جب دوسری قومیں اسلام میں داخل ہوئیں اور ان کے اس داخلے پر عرصہٴ دراز گزر گیا - مذکورہ بالا زبان کے دائرے [۴۰.] کی وسعت اس کی حقیقت کے جاننے والوں سے مخفی نہیں - بالخصوص ان اشیا کے متعلق جن پر صحرا میں زندگی کا دار و مدار ہے یا جن کو وہ بار بار دیکھتے ہیں یا انھیں اس کی اکثر ضرورت رہتی ہے - چنانچہ ایک ہی چیز کے لیے صفات و احوال کے اختلاف کی وجہ سے متعدد نام ہیں - چونکہ ان کے ہاں مترادف الفاظ بکثرت پائے جاتے ہیں لہٰذا شعری آداب کے دائرے بھی وسیع ہو گئے لہٰذا کہا جاتا ہے کہ ان کے ہاں شہد کے اسی (۸۰) نام ہیں- اژدہا کے دو سو (۲۰۰) شیر کے پانچ سو (۵۰۰) اور اونٹ کے ایک ہزار(۱۰۰۰) - اتنے ہی تلوار کے نام ہیں - مصیبت کے لیے تقریباً چار ہزار نام ہیں - اور یہ ایک یقینی امر ہے کہ ان تمام ناموں کو یاد رکھنے کے لیے حافظے کا قوی ہونا ضروری ہے - عربوں کی قوتِ حافظہ اور تیزیٴ فکر سے انکار کرنے کی کسی میں مجال نہیں - ان کے مشاہیر میں سے ایک شخص حماد الراویہ ہے جس نے ایک مرتبہ خلیفہ الولید سے کہا کہ وہ اسے وہیں اُسی وقت ایک سو قصیدے سنا سکتا ہے - ظاہر ہے کہ قصیدہ بیس شعروں سے لے کر سو شعروں تک کا ہوتا ہے چنانچہ سنانے والے سے پہلے خود سننے والا تھک گیا -

جس قدر عبارت یہاں نقل کرنا مقصود تھی وہ کر دی گئی ہے جس کے ذریعے اُس فاضل نے خالص یورپی ہونے کے باوجود عربوں کی اس قوتِ حافظہ کو تسلیم کیا ہے جو دوسری قوموں کے ہاں نہ تھی - جو شخص خود صاحبِ فضیلت ہوگا وہی کسی صاحبِ فضیلت انسان کو پہچان سکے گا - حق غالب ہو کر رہتا ہے مغلوب نہیں ہوتا چنانچہ ہم نے یہاں اسی پر اکتفا کر لیا ہے -

Marfat.com

قوم عرب کا دوسری قوموں کے مقابلے میں زیادہ قادرالکلام ہونا

یہ اس لیے ہے کہ ان کی زبان تمام زبانوں کے مقابلے میں بلحاظ جمع و فرق زیادہ واضح ہے اور معانی کے ضمن میں زیادہ تر امتیاز پیدا کر سکنے پر قادر ہے ۔ چنانچہ جب متکلم جمع کا ارادہ کرے تو بہت سے معانی کو کم لفظوں میں جمع کر لیتا ہے ۔ اس کے بعد کسی اور لفظ کے ساتھ جو مختصر بھی ہو اور ممیز بھی ہو ہر دو چیزوں میں امتیاز کرتا ہے جیسا کہ ہم ان کی لغت میں جنس حیوان کے متعلق پاتے ہیں کیونکہ عرب تو حیوانات کی تمام انواع کے مابین پائی جانے والی قدر مشترک کو اس کے الگ الگ ناموں سے یاد کرتے ہیں مثلاً آواز ، اولاد ، مسکن ، ناخن وغیرہ اور ان کو جدا جدا لفظوں سے تعبیر کرتے ہیں ۔ یہ بات عربی زبان کی اُن خصوصیات میں سے ہے جس میں کسی کو شک نہیں ہو سکتا ۔ ائمۂ لغت نے اس قسم کے امور کے متعلق الگ الگ کتابیں تصنیف کی ہیں جن میں مطول بھی ہیں اور مختصر بھی ۔ مزید برآں یہ کہ اس جلیل القدر زبان میں وہ وہ خوبیاں پائی جاتی ہیں جو دوسری قوموں کی لغات میں نہیں پائی جاتیں ۔ چنانچہ مفرد اور جمع پر اور جمع کی علامت کے اختلاف کے اسباب پر غور کریں نیز اس بات پر غور کریں کہ ہر مقام کے لیے ایک مخصوص علامت ہے اسی طرح مفرد کا جمع کی جگہ [۴۱] اور جمع کا مفرد کی جگہ واقع ہونا وغیرہ بھی لائق غور ہے ۔ یہ بھی کہ اصل کا ملحوظ رکھنا کہاں موزوں ہے اور اس سے انحراف کرنا کس جگہ مناسب ہے ۔ یہ ایک نہایت ہی مفید باب ہے جس سے تمھیں اس عظیم القدر اور تمام دیگر اقوام کی زبانوں پر فضیلت رکھنے والی زبان کے راز کا پتا چلے گا ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اصل جڑ تو یہی ہے کہ معنی مفرد ہو اور اس پر دلالت کرنے والا لفظ بھی مفرد ہو ۔ اس لیے کہ لفظ معنیٰ کا ڈھانچہ اور لباس ہوتا ہے ۔ معنیٰ لفظ کی پیروی کرتا ہے ، لمبائی اور چھوٹائی ، خفت اور ثقل ، کثرت اور قلت ، حرکت اور سکون ،

Marfat.com

سختی اور نرمی کے اعتبار سے لفظ اور معنیٰ کے مابین حقیقی مناسبت ثابت ہے ۔ چنانچہ اگر معنیٰ مفرد ہے تو اس کے لیے لفظ بھی مفرد ہی لایا جائے گا ۔ اگر معنیٰ مرکب ہے تو اس کے لیے لفظ بھی مرکب ہی لایا جائے گا ۔ معنیٰ طویل ہوگا تو لفظ کو بھی لمبا کر دیا جائے گا ۔ مثلاً طویل کے لیے عَنَطْنَط[1] اور عَشَنَّق[2] ۔ اب اس لفظ کی لمبائی پر غور کریں ۔ یہ معنی کی لمبائی کی وجہ سے ہے ۔

اب ذرا لفظ بُحْتُر ، اس کی پیش اور اکٹھے پن پر غور کریں (آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ یہ) اس لیے ہے کہ اس کے معنی کوتاہ قد اور گٹھے ہوئے جسم والے کے ہیں ۔ اسی طرح حدید ، حجر ، شدة ، قوة وغیرہ الفاظ میں دیکھیں کہ ان کے مسمّٰی اور الفاظ میں مناسبت پائی جاتی ہے ۔ اسی طرح حَرَکة اور سکون کے لفظوں میں اور ان کے مسمّٰی کے درمیان حس کے ذریعے سے مناسبت معلوم ہو جاتی ہے ۔ اسی طرح دَوَرَان ، ثَوَرَان ، غَلَيَان اور اسی قسم کے دیگر الفاظ میں پے در پے وارد ہونے والی حرکات اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ ان کے مسمّٰی میں بھی متواتر حرکت پائی جاتی ہے ۔ اسی طرح دَخّال ، خَرّاج ، ضَرّاب اور آفّاک وغیرہ الفاظ میں حرف مضاعف کی تکرار کے اندر معانی کی تکرار جلوہ گر ہے ۔ اسی طرح غَضْبَان ظَمْآن ، حَيْرَان اور دیگر الفاظ ہیں جو اس وزن پر آتے ہیں ۔ ان الفاظ کی ادائی وسعت چاہتی ہے ۔ ان کے الفاظ سے منہ بھر جاتا ہے کیونکہ ان الفاظ کے حامل کا ان معانی سے پُر ہونا پایا جاتا ہے ۔ گویا غضبان وہ شخص ہے جو غضب سے بھرا ہؤا ہو ، جس کا غصہ اس قدر پھیلا ہؤا ہو کہ اس نے اس کے دل اور اعضا کو بھر دیا ہو ۔ یہی حال باقی الفاظ کا ہے ۔ یہاں پر اس

---

۱ ۔ عَنَطْنَط : لمبا اور مؤنث کے لیے عَنَطْنَطة ۔ لمبی گردن والی ناڑی کو بھی کہتے ہیں ۔

۲ ۔ عَشَنَّق اور عُشَانق : ایسا لمبا شخص جو نہ موٹا اور نہ بھاری ہو ۔

Marfat.com

امر کی تفصیل کے لیے گنجائش نہیں کیونکہ یہ بہت لمبی اور دقیق بحث ہے یہاں تک کہ اکثر لوگوں کا فہم اس کی نزاکت و لطافت کے باعث اس سے گریز کرنے لگتا ہے ۔ کیونکہ یہ معانی کبھی تو کسی حرف کے جوہر سے پیدا ہوتے ہیں ، کبھی اس کی صفت سے ، کبھی اسے اس کے متناسب حروف کے ساتھ ملانے سے ، کبھی اس کی تکرار سے ، کبھی اس کے متحرک اور کبھی ساکن ہونے سے ، کبھی اس کی تقدیم اور کبھی تاخیر سے ، کبھی اثبات اور کبھی حذف سے ، کبھی قلب اور کبھی اعلال سے ، یہ اور اسی قسم کے دیگر کئی امور سے مثلاً حرکات کے درمیان موازنہ ، تعدیل حروف ، مشاکلت ، مخالفت ، خفت ، ثقل ، فصل اور وصل وغیرہ سے ۔ اور یہ ایک ایسا موضوع ہے کہ جو شخص اس کے ضمن میں تفحص کرے گا اُسے ایک ضخیم کتاب لکھنا پڑے گی مگر ہم یہاں صرف ایک ہی مسئلے کا ذکر کرتے ہیں اور یہ مسئلہ لفظ کے مفرد ہونے اور دیگر تغیرات کو چھوڑ کر تثنیہ اور جمع بن کر معنی کی زیادتی کی وجہ سے اس میں تغیر کے پیدا ہونے سے متعلق ہے ۔ لہٰذا ہم کہتے ہیں کہ مفرد چونکہ اصل ہے اور تثنیہ اور جمع اس کے تابع لہٰذا ان کے لیے اسم میں ایک ایسی علامت رکھ دی جو [۴۲] ان پر دلالت کرے ۔ اُس علامت کو اسم کے آخر میں لگا دیا جائے تاکہ اصل حرف کا بھی حق ادا ہو جائے اور تابع اور فرع کا بھی ، چنانچہ فرع میں تو انھوں نے اس کا التزام کیا ، اور اس میں کوئی قطع و برید نہیں کی گئی مگر جمع میں انھوں نے ہر قسم کا طریقہ اختیار کر لیا چنانچہ اس میں ہر طرح کا تصرف عمل میں آیا ۔ انھوں نے کبھی تو اسے تثنیہ کی طرح رکھا اور ظاہر ہے کہ اس قسم کے ابواب میں یہی قیاس کے مطابق بھی ہے مثلاً تثنیہ ، نسب اور تانیث وغیرہ ۔ کبھی انھوں نے اس کے وسط میں ایک علامت کھینچ لی مثلاً جَعَافِرُ میں الف اور عَبَادِیْدُ میں یاء اور فُلُوْسٌ میں واو ۔ کبھی حرف کو مختصر کرنے اور اس کے کچھ حرف ساقط کر دینے کو جمع کی علامت بنا لیا جاتا ہے ۔ جیسے عنکبوت اور عناکب ، کیونکہ مفرد (پہلے ہی) ثقیل تھا اور اس کے حروف لمبے تھے پھر اس کی جمع بنانے سے یہ اور

Marfat.com

بھی ثقیل ہو جاتا تھا لہٰذا انھوں نے اس کے کچھ حروف کو حذف کرکے اس میں تخفیف کر دی تاکہ دو ثقل اکٹھے نہ ہو جائیں ۔ اس میں اُن کے اُس اصول کی خلاف ورزی نہیں ہوتی کہ معنوں کی لمبائی سے لفظ بھی لمبا ہو جاتا ہے اور معنی میں کمی پیدا ہونے سے لفظ میں بھی کمی واقع ہو جاتی ہے اس لیے کہ یہ ایک الگ باب ہے جسے موازنہ اور معادلہ کا باب کہتے ہیں ۔ یہ اس اصول سے ٹکرایا اور اسے قیاس کے مطابق ہونے سے روک دیا ۔ اسی لیے تو فَعِیْلٌ ، فُعُوْلٌ اور فَعَالٌ کی جمع فُعُلٌ کے وزن پر آتی ہے مثلاً رَغِیْفٌ کی جمع رُغُفٌ ، عُمُوْدٌ کی جمع عُمُدٌ اور قَذَالٌ کی جمع قُذُلٌ کیونکہ حرف مدہ کے ہونے کی وجہ سے مفرد میں ثقل پایا جاتا تھا اور اگر مفرد میں تاء تانیث پائی جاتی ہو تو جمع میں اسے حذف کر دیا جاتا ہے اور یہاں صرف مدہ کو حذف کرنا ناپسند کیا گیا تاکہ لفظ میں دو قسم کے نقص جمع نہ ہو جائیں لہٰذا صرف مدہ کو بدل دیا جاتا ہے ، حذف نہیں کیا جاتا مثلاً رسالۃ اور رَسَائل اور صَحِیْفَۃٌ اور صَحَائِفُ ۔ وہ اس کمی کی تلافی فرق روا رکھ کے کر دیتے ہیں ۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ انھوں نے اصول کی خلاف ورزی کی ہے ۔ کبھی وہ کسی حرف کی حرکت کو بدل دینے پر ہی اکتفا کر لیتے ہیں اور اسی کو اس کی علامتِ جمع بنا دیتے ہیں مثلاً فَلَکٌ سے فُلُکٌ ، عَبْدٌ سے عُبُدٌ ۔ اور کبھی اصل مفرد لفظ کو چھوڑ کر ایک نیا مستقل لفظ لے آتے ہیں مثلاً خَیْلٌ ، اَنَامٌ ، قَوْمٌ ، رَهْطٌ وغیرہ اور کبھی اس علامت کو لفظوں میں نہیں بلکہ صرف فرضی طور پر اور نیت میں مراد رکھ لیتے ہیں مثلاً فُلْکٌ کا لفظ جمع اور واحد دونوں کے لیے ۔ کیونکہ یہاں واحد کی پیش نیت میں قُفْلٌ کی پیش کی طرح ہے اور جمع کی پیش رُسُلٌ کی طرح ۔ اسی طرح هِجَانٌ ، دِلَاصٌ ، اَسْمَالٌ اور اَعْشَارٌ کا معاملہ ہے حالانکہ اس قسم کے الفاظ بالعموم صفت کی صورت میں آتے ہیں (اسم کی صورت میں نہیں) تاکہ موصوف کے آنے سے امتیاز ہو سکے ۔ علامت کا پتا بھی چل جائے اور اشتباہ بھی واقع نہ ہو ۔ اس قسم کے الفاظ صفات کے سوا اور معنوں میں شاذ و نادر ہی آتے ہیں ۔ اس کے باوجود ان کے مفرد

Marfat.com

کے لیے الگ لفظ کا ہونا ضروری ہے جو جمع سے مختلف ہو اور اس طرح دو الگ الگ لفظ بن جائیں کیونکہ انھیں معلوم ہے کہ (بصورت دیگر) یہ لفظ انھیں ثقیل معلوم ہوگا - رہی جرّی اور نصبی حالت تو اس میں ثقل حرکت کے پے درپے آنے کی وجہ سے رونما ہوتا ہے مگر رفعی حالت میں اس کا ظہور کسرہ سے ضمہ کی طرف جانے سے ہوتا ہے لہٰذا یہ ہٹ کر جمع مکسر کی طرف آ گئے - رَاحِمِین اور راحمون کے الفاظ سے ان پر اعتراض اس لیے وارد نہیں ہوتا کہ الف ساکن درمیان میں آ کر متواتر حرکات کے ورود کو روک دیتا ہے لہٰذا اس کی مثال مُسْلِمِیْن اور قائمین کی سی ہے [۴۳]- اسی طرح فعل مضاعف سے عقلمندوں کی جو صفات آتی ہیں ان کی جمع لانے میں بھی انھوں نے اس جمع سے انحراف کیا ہے لہٰذا فَظٌّ اور بَرٌّ کی جمع سالم نہیں لاتے اور بَرُّوْن اور فَظُّوْن نہیں کہتے تاکہ کہیں یہ کَلُّوب اور مَفُّود سے مشابہ نہ ہو جائیں اس لیے کہ دونوں کا وزن ایک ہی ہے لہٰذا انھوں نے اس کی جمع مکسر بنائی اور اَبْرَارٌ کہا- مگر جب غیر مضاعف کی طرف آئے مثلاً صَعْبٌ تو اس کی جمع صحیح سالم بنائی جس سے اشتباہ کا کوئی خدشہ باقی نہ رہا اس لیے کہ ان کی زبان میں فَعلولٌ کا وزن نہیں ہے اور صَعْفُوق کا لفظ نادر لفظ ہے - ان مذکورہ بالا امتیازات پر اور اس تصور پر غور کریں - اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ عربوں کے ذہن دیگر اقوام کے ذہنوں پر اسی طرح فوقیت رکھتے تھے جس طرح ان کی زبان دیگر اقوام کی زبانوں پر فوقیت رکھتی ہے - اس امر سے متعلق بحث بہت طویل ہے ، عربی زبان کے علاوہ کسی اور زبان میں یہ اسرار پائے ہی کہاں جاتے ہیں - فرق واضح ہے ، دن دن ہے ، رات رات -

عربوں کے کلام اور ان کی ترکیبوں میں جو چیزیں پائی جاتی ہیں اور ان کے طرز بیان میں جو مختلف قسم کے فضائل شامل ہیں ان کی تفصیل بیان کرنے کی ذمہ داری معانی اور بیان کی کتابوں پر نیز ان کتابوں پر عائد ہوتی ہے جو قرآن کا اعجاز بیان کرنے کے لیے تالیف کی گئیں -

Marfat.com

ایک بار ابواسحٰق الکندی[1] فلسفی نے ابوالعباس المبّرد سے سوال کیا اور کہا کہ مجھے عربوں کے کلام میں بھرتی کے الفاظ دکھائی دیتے ہیں مثلاً وہ کہتے ہیں عَبْدُ اللہ قائِمٌ - پھر کہتے ہیں اِنَّ عَبْدَ اللہ قَائِمٌ - اس کے بعد کہتے ہیں اِنَّ عَبْدَ اللہِ لَقَائِمٌ حالانکہ معنیٰ ایک ہی ہیں - ابوالعباس (المبرد)[2] نے جواب دیا : ان (جملوں کے) معانی مختلف ہیں چنانچہ ان کا عبداللہ قائمٌ کہنا اس شخص کے صرف کھڑے ہونے کی اطلاع ہے - ان کا اِنَّ عبدَ اللہ قائم کہنا سوال کرنے والے کا جواب ہے اور ان کا انَّ عبدَ اللہ لَقَائمٌ کہنا یہ اس شخص سے جواباً کہا گیا ہے جو اس کے کھڑے ہونے کا انکار کرتا ہو -

ان لفظوں میں معمولی سی تبدیلی کی وجہ سے ان کے معانی کے مختلف ہو جانے پر غور تو کرو - رہی ان کی فصیح زبان اور ملیح بلاغت اور وہ کلام جو بدویوں کی زبانی صحراؤں میں ، ان کی مجالس کے خطیبوں سے اور نجد کے ڈاکوؤں سے چراگاہوں میں اور تہامہ کے دلالوں سے ان کی منڈیوں اور مجمعوں میں سننے میں آئے - جو رجز کے اشعار پانی [۴۴] نکالنے والے اپنے کنوؤں کے منہ پر کہتے ہیں اور وہ سجع جو چرواہے اپنے خشبی اور چرمی پیالوں کے لبوں پر کہتے ہیں اور وہ اشعار جو قیس اور تمیم کے شعرا جنگل میں دور نکل جانے کے بعد ایک دوسرے کو سناتے ہیں اور ہنگاموں کے زمانے میں ثقیف اور ہُذَیل کے سفیروں نے جو تبادلۂ رجز کیا ہے یہ تمام ایسی باتیں ہیں کہ دواتوں کی دواتیں ختم ہو جائیں گی مگر دفتر در دفتر صحیفے ان کے محاسن بیان نہ کر پائیں گے - حق یہ ہے کہ یہ لوگ اس کے اہل اور مستحق بھی ہیں - کیا مہمانوں کی ضیافت کرنا ان کا خاصہ نہیں اور

---

۱ - ابواسحٰق الکندی : ابواسحٰق یعقوب بن اسحٰق الکندی المتوفی تقریباً ۲۳۶ھ = ۸۵۰ء - اسے فیلسوب العرب کہا جاتا ہے -

۲ - محمد بن یزید المبرد - عربی لغت اور صرف و نحو کے چوتھی صدی کے عالموں میں سے ہؤا ہے - ان کی الکامل اور الروضہ دو مشہور تصنیفیں ہیں - ۲۸۵ھ = ۸۹۸ء میں وفات پائی -

Marfat.com

کیا لوگوں کے لیے اُونٹنیوں کا ذبح کر دینا ان کی عادت نہیں ۔ زمانے کی کوئی گردش بھی ان کا زورِ بازو نہ توڑ سکی اور نہ انھیں بے آبرو کر سکی ۔ کیا تمھارا خیال ہے کہ یہ لوگ جسموں کی ضیافت تو کرنا جانتے ہیں چنانچہ مختلف رنگوں اور مختلف ذائقوں کے کھانے پیش کر دیتے ہیں مگر روح کی ضیافت کرنا نہیں جانتے ۔ یہی باعث ہے کہ وہ ایک قسم کے اسلوب بیان کو دوسری قسم کے اسلوب بیان سے مختلف صورت نہیں دے سکتے کیونکہ کلام مفید غذائے روح ہونے کی رو سے اگر پسندیدہ تر ہے تو باعتبار معنیٰ ہے نہ کہ باعتبار صورت ۔ چنانچہ روح کے لیے جامِ سحر و ساغر شام عمدہ ترین ضیافت ہے ۔

میں نے ایک ایسے شخص کو جو ہر جوہر سے بے بہرہ تھا یہ دعویٰ کرتے ہوئے سنا کہ آج کل کی فرنگی زبانیں عربی زبان کے مقابلے میں زیادہ وسیع ہیں کیونکہ ان کی زبان میں وہ الفاظ ایجاد ہو گئے ہیں جنھیں انھوں نے اُن اُن معانی کے لیے وضع کیا ہے جو گزشتہ صدیوں اور زمانوں میں مرے سے پائے ہی نہ جاتے تھے چہ جائے کہ عرب ان معانی سے آگاہ ہوتے ، ان کے کلام کا جزو بنتے یا یہ کہ وہ ان کے بارے میں سوچتے اور انھیں زبان سے ادا کرتے ۔

تجھ سے یہ بات مخفی نہ رہے کہ اس کلام سے معلوم یہ ہوتا ہے کہ اس کے قائل کو یہ پتا ہی نہیں کہ زبان میں وسعت کیسے پیدا ہوتی ہے نیز یہ کہ اُس شخص کو زباندانی کے مختلف فنون کے سمندروں میں شناوری کا موقع نہیں ملا ، اگر اسے کوئی ایسا موقع ملا ہوتا تو اس پر عیاں ہو جاتا کہ یہ کمال کیونکر حاصل کیا جاتا ہے ۔

اس کا یہ کہنا کہ عربوں کے بعد ان مختلف فنون اور صنعتوں کی ایجاد کو مدنظر رکھتے ہوئے جو پہلے لوگوں کے خیال میں بھی نہ آئی تھیں عربی زبان نامکمل ہے تو اس سے عربی زبان کو کسی قسم کا عیب نہیں لگ سکتا ۔ کیونکہ لغت وضع کرنے والے کے لیے یہ ناممکن ہے کہ وہ ان اشیا کے نام معین کرے جو ابھی معرض وجود ہی میں نہیں آئیں ۔ یہ حرف تو ہم پر اس دور میں آتا ہے کہ ہم اپنی زبان کے کلمات سے ان

Marfat.com

ناموں کو وضع کر سکنے پر قادر ہونے کے با وصف اجنبی زبانوں سے ان ناموں کو مستعار لے لیتے ہیں ۔ مزید برآں یہ کہ ان میں سے بیشتر نام ایسے ہیں جو یا تو اسم مکان ہیں یا اسم آلہ ، اور عربی زبان میں ہر ثلاثی فعل سے اسم مکان اور اسم آلہ بنا لینا ایک قیاسی امر ہے لہٰذا ہمیں کیا ضرورت ہے کہ ہم فَبْرِیقہ یا کرخانہ کہیں اور مَعْمَل اور مَصْنَع نہ کہیں ۔ یا یہ کہ بیمارستان کا لفظ استعمال کریں اور مستشفیٰ نہ کہیں یا دیوان کہیں اور مأمر نہ کہیں ۔ یا اسطرلاب کہیں اور منظر نہ کہیں ۔

آج کل عرب بغیر وجہ کے اپنی زبان کو چھوڑ کر اور دیگر زبانوں کی طرف مائل ہو کر اپنی زبان کی حق تلفی کر رہے ہیں کیونکہ بے احتیاج ہونے کے باوصف جو دوسروں سے کپڑا عاریۃً لے اسے کج نظر بھی کہا جائے گا اور حد شکن بھی ۔

اگر کوئی یہ اعتراض کرے کہ کوئی شخص اس بات سے انکار نہیں کر سکتا کہ غیر عربی الفاظ عربی زبان میں داخل ہوتے رہے ہیں اور یہ کہ ہر زبان کے اندر دخیل الفاظ کا پایا جانا ایک لابدی امر ہے اس لیے کہ زبان کا حال بھی اُن لوگوں ہی کی طرح ہے جو اسے بولتے ہیں ، کسی بھی قوم کے لیے یہ ممکن نہیں کہ وہ دوسری قوموں سے میل جول رکھے بغیر اکیلی ہی زندگی گزار سکے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان بالطبع مدنی واقع ہؤا ہے یعنی اس بات کا محتاج ہے کہ اپنے تمدن میں اپنے ہم جنسوں کے ساتھ میل جول رکھے ۔

اس بات کا جواب یہ ہے کہ ہم اُس دخیل لفظ سے صرف ایسے عالم میں چشم پوشی کریں گے جب خود ہماری اپنی زبان میں اس کا مترادف موجود نہ ہوگا یا یہ کہ ہم اس قسم کا لفظ ڈھال نہ سکتے ہوں لیکن جب تک یہ امکان موجود ہے ان دخیل الفاظ سے چشم پوشی کرنا یقیناً اپنی زبان کی حق تلفی کرنا ہے ورنہ ان عربیت اختیار کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ بائے فارسی (پ) اور کاف فارسی (گ) بھی بولا کریں یا یہ کہ مضاف الیہ کو مضاف سے پہلے لائیں ۔

عربی زبان میں ان الفاظ کو جو ان الفاظ کی جگہ لیں جن کی ہمیں

Marfat.com

ضرورت پڑ گئی ہے گھڑ لینے کی ایک اور وجہ بھی ہے اور وہ باب
" نَحتْ " ہے (یعنی الفاظ تراش لینا)

ابن فارس[1] فقہاللغۃ میں کہتا ہے :

عرب دو کلموں سے ایک نیا لفظ تراش لیتے ہیں اور یہ ایک قسم کا اختصار ہوتا ہے مثلاً ان کا رَجُلٌ عَبْشَمِیٌّ کہنا دونوں ناموں کی نسبت ظاہر کرتا ہے یعنی عبد شمس -

خلیل نے (نحت کی مثال میں) یہ شعر پیش کیا ہے :

اَقُوْلُ لَہَا وَ دَمْعُ الْعَیْنِ جَارٍ
اَلَمْ تَحْزُنْکِ حَیْعَلَۃُ الْمُنَادِیْ

میری آنکھوں سے آنسو بہ رہے تھے اور میں اسے کہہ رہا تھا کیا تو پکارنے والے کے " حَیَّ عَلٰی کَذَا " کہنے سے غمناک نہیں ہوئی

[۴۶] حَیْعَلَۃ کا لفظ حَیَّ علی کذا سے تراشا گیا ہے - ہمارا طریقہ یہی ہے کہ وہ اشیا جو تین حرفوں سے زائد ہوں ان میں سے بیشتر " منحوت " ہیں مثلاً ضَبْطَرٌ کا لفظ جسے عرب مضبوط اور طاقتور انسان کے لیے بولتے ہیں ضَبَطَ اور ضَبَرَ سے تراشا گیا ہے اور صَہْصَلِقٌ (شور مچانے والی بڑھیا) صَہَلَ اور صَلَقَ سے بنایا گیا ہے اور صلدم صَلْدَمٌ اور صَدَمَ سے بنایا گیا ہے وغیرہ وغیرہ -

یہ بات اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ عربی زبان صیغوں اور اسلوب کے اعتبار سے بہترین زبان ہے - اس کی ترتیب و ترکیب کامل تر ہے ، اور اس کے علاوہ ضرورت پڑنے پر " نحت " کا استعمال بھی جائز ہے - اگر اوائل عرب دخانی کشتیوں ، ریلوے لائن ، تار برقی ، پٹرول ، اور ڈاکخانوں وغیرہ کو دیکھ لیتے جو فرنگیوں کی ایجاد ہیں تو وہ ان کے لیے

---

۱ - ابن فارس : ابوالحسین احمد بن فارس بن زکریا - لغوی اور مختلف فنون کے امام تھے - لغت میں المُجمَل لکھی - حریری نے مقامات کا طرز انھی سے لیا ہے - بدیع الزمان ہمدانی ان کے شاگرد تھے - ۳۹۰ھ میں وفات پائی -

Marfat.com

خالص اور صریح عربی نام بنا لیتے لہٰذا اس بات میں وہ قابل ملامت نہیں ہیں ۔ ملامت کے مستحق تو ہم ہیں کہ ہم ان کی زبان کے وارث کہلاتے ہیں اور ان (نئی) چیزوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں مگر ان کے نام اس طریقے کے مطابق وضع کرنے پر آمادہ نہیں جو عربوں کے ہاں مالوف تھا ۔ وہ طریقہ اختصار و ایجاز کا طریقہ ہے ۔

رہا عمل تو اس کی بنیاد اخلاق پر ہوتی ہے اور اخلاق ایسے جوہر طبعی ہیں جو نفس کے اندر پیدائشی طور پر موجود ہوتے ہیں ۔ عربوں کی طبائع میں بمقابلہ دیگر اقوام کے بھلائی کے سامنے جھک جانے کی صلاحیت بہت زیادہ پائی جاتی ہے لہٰذا سخاوت ، حلم ، شجاعت ، وفا اور غیرت وغیرہ اخلاقِ محمودہ سے جس قدر وہ قریب ہیں دوسرے لوگ نہیں ۔

عربوں کا بمقابلہ دیگر اقوام کے سخاوت کے قریب تر ہونا

یہ ایسا معاملہ ہے جو محتاج بیان نہیں ۔ اس ضمن میں کسی قسم کی دلیل یا ثبوت پیش کرنے کی بھی ضرورت نہیں اس لیے کہ دوست اور دشمن سب اس بات کے گواہ اور قریب اور بعید سب اس کے معترف ہیں ۔ جب ان کے یہاں کوئی مہمان آ جاتا تو اسے (گویا) اپنا حاکم بنا لیتے اور اس کی خاطر اپنی کسی بھی قیمتی چیز کو جو انہیں میسر آ سکتی کوئی وقعت نہ دیتے ، یہ اُن کے اشعار ہیں جو ان کی فطرت کی ترجمانی کر رہے ہیں ۔ وہ لوگ جن امور کے عادی تھے اور جن کی طرف ان کا میلان تھا ان امور پر یہ اشعار بخوبی روشنی ڈال رہے ہیں ۔ ہمارے لیے اس کا یہاں مکمل طور پر بیان کرنا ممکن نہیں ۔ بھلا ہم بحرِ محیط کا احاطہ کیسے کر سکتے ہیں ۔ ایسا کرنے سے فہموں کی رسائی کے دائرے تنگ ہوگئے مگر محال چیز کی وجہ سے ممکن الحصول چیز کو ترک نہیں کیا جا سکتا ۔ لہٰذا اس موجزن سمندر کے موتیوں کی چند لڑیوں سے اس کتاب کی بے زیور گردن کو آراستہ کیے بغیر چارہ نہیں ،

Marfat.com

قبیلہ بنی الحارث بن کعب کا فرد عُتیبہ بن بُجَیر المازنی کہتا ہے :

و مُستَنبح بَاتَ النَصدَی یَستَتِیهُ،
إلیٰ کُلِّ صَوتٍ فَهوَ فی التَّرحَّلِ جَانح،

ایک مسافرِ شب کو گونج کی آواز نے رات بھر ایسا پریشان کیے رکھا کہ وہ ہر آواز کی طرف لپکتا اور بالآخر میرے ہی ڈیرے کی طرف مائل ہوا

فَقُلتُ لِاَهلِی ما بُغَام مَطِیَّةٍ
وَ سَارٍ أَضَافَتهُ الکِلَابُ النَّوَابِح،

اس پر میں نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ یہ اُونٹنی کی اور رات کو چلنے والے کی آواز کیسی ہے جسے بھونکنے والے کتے ضیافت کی طرف بلا رہے ہیں

فقالوا غَرِیبٌ طَارِقٌ طَوَّحَت بِهِ
مُتُونُ الفَیَافِی وَالخُطُوبُ الطَّوَارِح،

انھوں نے جواب دیا کہ یہ ایک پردیسی مسافر شب ہے ، جسے بیابانوں کی وسعتیں اور دھکیلنے والی مصیبتوں نے گردش میں ڈال رکھا ہے

فَقُمتُ وَ لَم أَجشِم مَکَانِی وَ لَم تَقُم
مَعَ النَّفسِ عِلَّاتُ البَخِیلِ الفَوَاضِح،

یہ سن کر میں اُٹھ کھڑا ہؤا - اپنی جگہ سے چمٹا نہیں رہا اور میرے ساتھ بخیل آدمی کو رسوا کرنے والے اسباب نہیں اُٹھے

و نَادَیتُ شِبلًا فَاستَجَابَ وَ رُبَّمَا
ضَمِنَّا قِرَی عَشرٍ لِمَن لَا نُصَافِح،

میں نے شیر کے بچے (اپنے بیٹے) کو پکارا اور وہ آ گیا اور ایسا کئی بار ہؤا کہ ہم نے ایسے اجنبیوں کی دس دس راتوں تک مہمان نوازی کرنے کا ذمہ لے لیا جن سے ہم نے کبھی مصافحہ بھی نہ کیا ہوتا تھا

Marfat.com

فَقَامَ اَبُو ضَيْفٍ كَرِيْم، كَأَنَّه،
وَقَدْ جَدَّ مِنْ فَرْطِ الْفُكَاهَةِ مَازِح،

لہٰذا سخی میزبان (یعنی میں خود) اُٹھا اور اس نے مہمان سے اس قدر فراخ دلانہ باتیں کیں کہ محسوس ہونے لگا گویا وہ ہنسی مذاق کر رہا ہے حالانکہ وہ تو سنجیدگی کے ساتھ باتیں کر رہا تھا

[۴۸] اِلَى جِذْمِ مَالٍ قَدْ نَهَكْنَا سَوَامَه،
وَ اَعْرَاضُنَا فِيْهِ بِوَاقٍ صَحَائِح،

(وہ اُٹھ کر) اصل اُونٹوں کی طرف آیا جن میں سے ہم نے چرنے والے اُونٹوں کو (ضیافتوں میں) فنا کر دیا تھا اور اس ضمن میں ہماری عزتیں صحیح و سلامت رہی تھیں (کسی نے ہم پر بخل کا الزام لگا کے ہمیں رسوا نہیں کیا)

جَعَلْنَاه دُوْنَ الذَّم حَتّٰى كَأَنَّه،
اِذَا عُدَّ مَالُ الْمُكْثِرِيْنَ الْمَنَائِح،

ہم نے ان اُونٹوں کو اپنی نیک نامی کے لیے ڈھال بنا لیا، یہ اُونٹ باثروت بخیلوں کے یہاں بیشک مال میں شمار ہوتے رہیں مگر اپنے یہاں ان کی حیثیت منیحہ[1] اُونٹنیوں کی سی ہے

لَنَا حَمْدُ اَرْبَابِ الْمِئِيْنَ وَلَا يُرَى
اِلَى بَيْتِنَا مَالٌ مَعَ السَّلِيْلِ رَائِح،

---

۱ - منیحة وہ دودھ دینے والی اُونٹنی جو کسی ہمسائے یا دوست کو دی جائے تاکہ جب تک اُونٹنی دودھ دیتی رہے وہ اس کا دودھ پیتا رہے اور جب دودھ جاتا رہے تو وہ اُونٹنی واپس کر دے - چنانچہ منیحة اُونٹنی پھر اپنے مالک کے پاس واپس آ جاتی ہے - شاعر ضیافت کے لیے اُونٹ ذبح کرنے کو ایسا ہی معمولی کام سمجھتا ہے جیسے کسی اُونٹنی کو اس کے دودھ دیتے رہنے کی مدت تک کسی کو ادھار دے دینا -

Marfat.com

ہماری اتنی ہی تعریف کی جاتی ہے جتنی کہ سینکڑوں اُونٹوں کے مالکوں کی کی جاتی ہے حالانکہ ہمارا کوئی مال شام ہوتے واپس آتا دکھائی نہیں دیتا (یعنی ہم اس قدر سخی ہیں کہ ضیافت کے خیال سے اپنا مال چراگاہ میں بھیجتے ہی نہیں)

مُرّہ[1] بن مَحْکَان التمیمی السعدی کہتا ہے :

یَارَبَّۃَ الْبَیْتِ قُومِی غَیْرَ صَاغِرَۃٍ
ضُمِّی إِلَیْکِ رِحَالَ الْقَوْمِ وَالْقُرُبَا

اے گھر والی ذلیل ہوئے بغیر اُٹھ کھڑی ہو اور ان لوگوں کے پالانوں اور اسلحہ کو اکٹھا کر کے رکھ لے

فِی لَیْلَۃٍ مِنْ جُمَادَی ذَاتِ أَنْدِیَۃٍ
لَا یُبْصِرُ الْکَلْبُ مِنْ ظَلْمَائِہَا الطُّنُبَا

موسم سرما کی ایسی رات میں جس میں تھوڑی تھوڑی بارش ہو رہی ہو اور ایسی تاریکی ہو کہ کُتا طنابیں بھی دیکھ نہ سکتا ہو

لَا یَنْبَحُ الْکَلْبُ فِیہَا غَیْرَ وَاحِدَۃٍ
حَتّٰی یَلُفَّ عَلَی خَیْشُومِہِ الذَّنَبَا

(یہ رات اس قدر سرد ہے) کہ کُتا صرف ایک بار بھونک کر (فوراً) اپنی دُم اپنی ناک پر لپیٹ لیتا ہے

مَاذَا تَرَیْنَ أَنُدْ نِیہِمِ لِأَرْحُلِنَا
فِی جَانِبِ الْبَیْتِ أَمْ نَبْنِی لَہُمْ قُبَبَا

---

۱ - یہ بنی رُبَیع کا سردار تھا ۔ اسے مصعب کے صاحب الشرطہ نے قتل کیا تھا ۔ یہ کم گو شاعر اور شریف ڈاکو تھا ۔ جریر اور فرزدق کے عہد میں تھا مگر ان کی شہرت کے سامنے اس کی شہرت ماند پڑ گئی ۔ اسے ابو الاضیاف (پدر مہماناں) کہا جاتا تھا ۔ (شرح ذیل الامالی للمیمنی : ۸۳) یہ اشعار حماسہ طبع دیو بند صفحہ ۲۹۷ پر دیے ہیں ۔

Marfat.com

تمہارا کیا خیال ہے کیا ہم انھیں اپنے گھر کے پہلو میں اپنے ڈیرے کے قریب لے آئیں یا ان کے لیے الگ خیمے لگا دیں

لِيُمْرِمِلِ الزادِ مَعْنِيٍّ بِحَاجَتِهِ
مَنْ كَانَ يَكْرَهُ ذَمًّا أَوْ يَقِيْ حَسَبَا

(ہم یہ خیمے ان لوگوں کے لیے گاڑیں) جن کا زادِ راہ ختم ہو چکا ہو اور وہ اپنی حاجت لے کر کسی ایسے شخص کے پاس آئے ہوں جو مذمت کو ناپسند کرتا ہو اور اپنی عزت کو بچانا چاہتا ہو

وَ قُمْتُ مُسْتَبْطِنًا سَيْفِي فَأَعْرَضَ لِي
مِثْلُ الْمَجَادِلِ كُوْمٌ بَرَّكَتْ عُصَبَا

اور میں اپنی تلوار کو چھپائے ہوئے اُٹھا تو مجھے اپنے سامنے محل کی طرح بلند اُونچی ، بڑے بڑے کوہانوں والی ، اور گروہ گروہ ہو کر بیٹھی ہوئی اُونٹنیاں دکھائی دیں

[۴۹] فَصَادَفَ السَّيْفُ مِنْهَا سَاقَ مُتْلِيَةٍ
جَلْسٍ فَصَادَفَ مِنْهُ سَاقَهَا عَطَبَا

میری تلوار ایک بچے والی اُونٹنی کی پنڈلی کو لگی جو بڑے ہی مضبوط جسم والی تھی اور اس سے اس کی پنڈلی کٹ گئی

زَيَّافَةٍ بِنْتِ زَيَّافٍ مُذَكَّرَةٍ
لَمَّا نَعَوْهُمَا لِرَاعِي سَرْحِنَا انْتَحَبَا

یہ اکڑ کر چلنے والی اور اکڑ کر چلنے والے اُونٹ کی بیٹی ہے ، اور قامت میں نر اُونٹ کے مشابہ ہے - جب اس کے ذبح کیے جانے کی خبر ہمارے جانوروں کے چرانے والے کو ملی تو وہ زار و قطار رونے لگ پڑا

أَسْطَيْتُ جَازِرَنَا أَعْلَى سَنَا سِنِهَا
فَصَارَ جَازِرُنَا مِنْ فَوْقِهَا قَتَبَا

Marfat.com

میں نے قصاب کو اس کی کوہان کے اُوپر کے حصے پر سوار کر دیا اور اُوپر چڑھنے کے بعد وہ کوہان پر یوں معلوم ہونے لگا جیسے پالان ڈال دیا گیا ہو

يُنَنْفِتُشُ اللَّحْمَ عَنْهَا وَهْيَ بَارِكَةٌ
كَمَا تُنَشْنِشُ كَفَّا قَاتِلٍ سَلَبَا

وہ اس کے گوشت کو جبکہ یہ بیٹھی ہوئی تھی اس طرح جلدی جلدی اُتار رہا تھا جس طرح قاتل کے دونوں ہاتھ مقتول کے مال کو لوٹنے میں پھرتی دکھا رہے ہوں

وَ قُلْتَ لِمَا غَدَوْا أَوْصِي قَعِيدَ تَنَا
غَدًّي بَنِيكُ فَلَنْ تَلْقَيِهِمْ حِقَبَا

جب صبح ہوئی تو میں نے اپنی بیوی کو حکم دیا کہ ان اپنے بیٹوں (مہمانوں) کو صبح کا کھانا دو کیونکہ تو کئی سالوں تک انہیں پھر نہ دیکھ سکے گی

أُدْعَى أَبَا هُمْ وَلَمْ أُقْرَفْ بِأُمِّهِمِ
وَقَدْ عَمِرْتُ وَلَمْ أَعْرَفْ لَهُمْ نَسَبَا

مجھے ان کا باپ کہا جاتا ہے حالانکہ مجھے ان کی والدہ کے ساتھ متہم نہیں کیا گیا اور باوجود اس قدر عمر گزار دینے کے مجھے ان کے نسب تک کا پتہ نہیں

أَنَا ابْنُ مَحْكَانَ أَخْوَالِي بَنُو مَطَرٍ
أَنْمِي إِلَيْهِمْ وَكَانُوا مَعْشَرًا نُجُبَا

میں محکان کا بیٹا ہوں اور بنو مطر میرے ماموں ہیں میں انھی کی طرف منسوب ہوتا ہوں وہ اصیل لوگ تھے

ایک اور شاعر[1] کہتا ہے :

---

۱ - حماسہ : ۲۹۸ -

Marfat.com

و مُستَنبِحٍ قالَ الصدیٰ مِثلَ قولِہٖ
حَضَأتُ لَہٗ نَاراً لَہٗ حَطَبٌ جَزلُ

کئی ایک رات کے وقت کتوں کی طرح بھونک کر کتوں کو بھونکانے والے مسافر تھے جن کی آواز کی گونج انھی کے قول کی طرح آ رہی تھی - میں نے ان کے لیے وسیع ایندھن ڈال کے آگ جلا رکھی تھی (تا کہ وہ اسے دیکھ کر ادھر آ جائیں)

فَقُمتُ اِلَیہِ مُسرِعاً فَغَنِمتُہٗ
مَخَافَۃَ قَومِی اَن یَفُوزُوا بِہٖ قَبلِی

(جب وہ آ گیا تو) میں جلدی سے اُٹھ کر اس کی طرف گیا اور اسے اپنے ہمراہ لے آیا کہ مبادا میری قوم مجھ سے پہلے اسے اچک لینے میں کامیاب ہو جائے

فَاَوسَعَنِی حَمداً وَ اَوسَعتُہٗ قِریً
وَ اَرخَصَ بِحَمدٍ کَانَ کَاسِبُہٗ الاَکَلُ

اس پر اس نے میری بڑی ہی تعریف کی - میں نے بھی دل کھول کر اس کی ضیافت کی اور وہ تعریف جو صرف کھانا کھلانے سے حاصل ہو جائے کسی قدر سستی ہے

ایک[1] اور کہتا ہے :

تَرَکتُ ضَأنِی تَوَدُّ الذِّئبَ رَاعِیَھَا
و اَنَّھَا لَا تَرَانِی آخِرَ الاَبَدِ

میں نے اپنی بھیڑوں کی یہ حالت کر دی ہے کہ (اب وہ) چاہتی ہیں کہ اے کاش بھیڑیا ان کا چرواہا ہوتا اور اے کاش وہ مجھے تاابد کبھی نہ دیکھ سکیں

[۵۰] الذِّئبُ یَطرُقُ قُھَا فِی الدَّھرِ وَاحِدَۃً
وَ کُلَّ یَومٍ تَرَانِی مُدیَۃً بِیَدِی

---

۱ - حماسہ : ۲۹۸ -

Marfat.com

بھیڑیا تو زمانے بھر میں (زندگی بھر میں) ایک بار حملہ کرتا مگر مجھے یہ ہر روز دیکھتی ہیں کہ میرے ہاتھ میں چھری ہوتی ہے

ایک[۱] اور کہتا ہے :

وَمَا أَنَا بِالسَّاعِي إِلَى أُمِّ عَاصِمٍ
لِأَضْرِبَهَا إِنِّي إِذاً لَجَهُولُ

میں دوڑ کر ام عاصم کو مارنے کے لیے جانے والا نہیں ہوں اگر ایسا کروں تو میں جاہل ہوں

لَكِ الْبَيْتُ إِلَّا فَيْنَةً تُحْسِنِينَهَا
إِذَا حَانَ مِنْ ضَيْفٍ عَلَيَّ نُزُولُ

اے ام عاصم گھر تیرا ہی ہے ، ماسوا اس لمحے کے جب تو اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے مہمان کے نازل ہونے پر ، یعنی جب مہمان آئے تو اچھی طرح خدمت کیا کر ، مہمان کی آمد کا لمحہ مہمان کے لیے وقف ہے - ورنہ گھر کی مالک تو ہی ہے

اور بنی اسد[۲] کا ایک شاعر کہتا ہے :

وَ سَوْدَاءَ لَا تُكْسَى الرِّقَاعَ نَبِيلَةٍ
لَهَا عِنْدَ قَرَّاتِ الْعَشِيَّاتِ أَزْمُلُ

ایک سیاہ رنگ کی بہت بڑی ہنڈیا ہے جسے چیتھڑوں سے ڈھانپا نہیں جا سکتا اور جو ٹھنڈی راتوں میں بڑے زور سے جوش مارتی رہتی ہے

إِذَا مَا قَرَيْنَا هَا قِرَاهَا تَضَمَّنَتْ
قِرَى مَنْ عَرَانَا او تَزِيدُ فَتُفْضِلُ

جب ہم اس میں گوشت ڈال دیتے ہیں تو یہ ان لوگوں کی ضیافت کی ضامن ہو جاتی ہے جو ہمارے پاس آتے ہیں اور اگر کچھ بچ جائے

---

۱ ، ۲ - حماسہ : ۲۹۸

Marfat.com

تو اوروں پر بھی مہربانی کر دیتی ہے

ایک اور شاعر کہتا ہے اور اس کا نام عروہ[1] بن ورد ہے :

سَلِی الطَّارِقَ المُعتَرَّ یَا أمَّ مَالِکٍ
إذَا مَا أتَانِی بَینَ قِدرِی وَ مَجزَرِی

اے ام مالک رات کے آنے والے محتاج سائل سے دریافت کر جب وہ میری ہنڈیا اور ذبح خانہ کے درمیان میرے پاس آتا ہے

أ یُسفِرُ وَجهِی أنَّهٗ أوَّلُ القِرٰی
وَ ابذُلُ مَعرُوفِی لَهٗ دُونَ مُنکَرِی

کیا (اسے دیکھ کر) میرا چہرہ روشن ہو جاتا ہے (یا نہیں) اور کیا میں اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتا ہوں یا برے طریقے سے پیش آتا ہوں

---

۱ - عروہ بن الورد بن زید ، بعض ابن عمرو بن عبد اللہ العَبسی بتاتے ہیں - اس کا لقب عروۃ الصعالیک ہے اور یہ لقب اس کے اس شعر کی وجہ سے پڑا :

لَحَی اللهُ صُعلُوکاً إذا جَنَّ لَیلُهٗ
مُصَافِی المَشَاشِ آلِفَ الغَبَّا کُلَّ مِجزَرِ

بعض کہتے ہیں کہ اس کی کنیت ابو الصعالیک تھی اور بعض ابو نجدہ بتاتے ہیں ، بعض ابو المغلس - جنگوں میں اس کی کنیت ابو عیَلہ اور امن میں ابو ھراسہ تھی - یہ جاہلی شاعر ہے مگر ابو الفرج نے روایت کی ہے کہ بنی نضیر کے جن لوگوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جلاوطن کیا تھا ان میں یہ بھی تھا - یہ ان کے ہاں اُترا ہؤا تھا اور اس کے ساتھ ایک عورت تھی جسے اس نے مدینے سے قید کیا تھا (شرح امالی : ۸۲۳-۸۲۴) (نیز ملاحظہ ہو الروض الانف : ۲ ؛ ۱۷۸-۱۸۱) -

Marfat.com

ایک[1] اور شاعر کہتا ہے :

وَ إنَّا لَمَشَّاؤُونَ بَيْنَ رِحَالِنَا
إلَى الضَّيْفِ مِنَّا لَاحِفٌ وَ مُنِيمُ

ہم اپنے گھروں میں مہمان کے پاس آتے جاتے رہتے ہیں - ہم میں سے کچھ لوگ اسے لحاف اوڑھنے کو دیتے ہیں اور کچھ باتیں کرتے کرتے اسے سُلا دیتے ہیں

فَذُو الحِلْمِ مِنَّا جَاهِلٌ دُونَ ضَيْفِهِ
وَ ذُوالْجَهْلِ مِنَّا عَنْ أذاهُ حَلِيمُ

ہمارا حلیم الطبع آدمی مہمان کی حفاظت میں اُجڈ ہوتا ہے اور ہمارے اُجڈ لوگ اسے تکلیف نہ دینے کی وجہ سے حلیم ہوتے ہیں

ابن ھرمہ[2] کہتا ہے :

أغْشَى الطَّرِيقَ بِقُبَّتِي وَ رِوَاقِهَا
وَ أحُلُّ فِي نَشَزِ الرُّبَا فَأُقِيمُ

---

۱ - حماسہ : ۲۹۹ اور وہاں ان اشعار کو فرزدق کی طرف منسوب کیا ہے -

۲ - ابن ھرمہ : ابراھیم بن علی بن سَلَمتہ بن ھرمہ - یہ قریش کے خُلُج میں سے تھا اور خُلُج قیس بن الحارث بن فہر کو کہتے ہیں - انھیں خُلُج اس لیے کہا گیا کہ پہلے یہ عَدوان میں تھے پھر ہوازن میں آ گئے - حضرت عمرؓ کی خلافت کے زمانے میں یہ ان کے پاس آئے تا کہ آپ ان کا وظیفہ مقرر کر دیں - انھوں نے ان کے نسب کا انکار کر دیا - پھر جب حضرت عثمانؓ خلیفہ بنے تو یہ لوگ ان کے پاس آئے آپ نے انھیں بنی الحارث بن فہر میں درج کر دیا - اس لیے انھیں خلج کہا گیا کیونکہ انھیں شک ہی رہا کہ یہ کن لوگوں کے ساتھ تھے - بعض کہتے ہیں کہ مدینے میں خلیجوں پر اُترنے کی وجہ سے ان کا یہ نام پڑا - ابن ھرمہ متقدمین شعرا میں سے اور یہ مخضرموالدولتین میں سے تھا - ابواسحٰق اس کی کنیت ہے (شرح امالی : ۳۹۸) -

Marfat.com

میں راستے کو اپنے خیمے اور شامیانے کے ساتھ ڈھانپ دیتا ہوں اور ایک بلند مقام پر ڈیرہ ڈال کر مقیم ہو جاتا ہوں

إنَّ امْرَأً جَعَلَ الطَّرِيْقَ لِبَيْتِهِ
طُنُبًا و آنْكَرَ حَقَّهُ لِلْئِيْمِ

وہ شخص جو راستے بھر میں اپنے خیمے کے لیے طنابیں گاڑ دے اور پھر اس کا حق ادا نہ کرے یقیناً کمینہ ہے۔

[٥١] ایک[1] اور شاعر کہتا ہے :

و مُسْتَنْبِحٍ تَسْتَكُفُّ الرِّيْحُ ثَوْبَهُ
لِيَسْقُطَ عَنْهُ وَهْوَ بِالثَّوْبِ مُعْصِمُ

رات کو آنے والوں میں کوئی ایسا بھی ہوتا ہے جس کے کپڑوں کو کھول کر ہوا پھینک دینی چاہے اور وہ کپڑوں کو مضبوط پکڑے ہوئے ہو

عَوَى فِيْ سَوَادِ اللَّيْلِ بَعْدَ اعْتِسَافِهِ
لِيَنْبَحُ كَلْبٌ او لِيَفْزَعُ نُوَّمُ

وہ رات کی تاریکی میں راستے سے بھٹک جانے کے بعد بھونکا (تاکہ اس کی آواز سن کر) کتا بھونکے یا سوئے ہوئے لوگ بیدار ہو جائیں

فَجَاوَبَهُ مُسْتَسْمِعُ الصَّوْتِ لِلْقِرَى
لَهُ عِنْدَ إتْيَانِ الْمُهِبِّيْنَ مَطْعَمُ

ایک کتے نے جو اس کی آواز کو غور سے سن رہا تھا اسے جواب دے کر ضیافت کی طرف بلایا کیونکہ بیدار کرنے والوں کے آنے سے اسے بھی خوراک مل جاتی ہے

يَكَادُ إذَا مَا أبْصَرَ الضَّيْفَ مُقْبِلاً
يُكَلِّمُهُ مِنْ حُبِّهِ وَهْوَ اعْجَمُ

---

١ - حماسہ : ٢٩٩ -

Marfat.com

جب یہ مہمان کو آتے دیکھتا ہے تو مہمان کی محبت کے باعث اس سے بات کرتا ہؤا سا معلوم ہوتا ہے حالانکہ یہ ایک بے زبان جانور ہے

سالم بن قحفان عنبری کہتا ہے :

لاَ تَعْذُلِیْنِی فی العَطَاءِ وَیَسّرِیْ
لِکُلّ بَعِیْرٍ جَاء طَالِبُہٗ حَبْلاَ

(اے میری بیوی) تو مجھے مال عطا کرنے پر ملامت نہ کر (بلکہ تجھے چاہیے) کہ جو بھی اُونٹ مانگنے آئے تو اس کے لیے رسی تیار رکھے

فَاَنِیّ لاَ تَبْکِیْ عَلَیّ اِفَالُھَا
اِذَا شَبِعَتْ مِنْ رَوْضِ اَوْطَانِھَا بَقْلاَ

کیونکہ جب اُونٹوں کے بچے اپنے وطن کے باغوں میں گھاس کھا کر سیر ہو جائیں گے تو وہ مجھ پر نہ روئیں گے

فَلَمْ اَرَ مِثْلَ الاِبْلِ مَالاً لِمُقْتَنِ
وَ لاَ مِثْلَ اَیّامِ الحُقُوق لَھَا سُبُلاَ

میرے خیال میں مال جمع کرنے والے کے لیے اُونٹوں جیسی کوئی چیز نہیں اور نہ ہی ان دنوں سے بہتر خرچ کرنے کا کوئی راستہ ہوگا جن میں اس مال کے حقوق ادا کیے جائیں

ان اشعار کا واقعہ یہ ہے کہ سالم بن قحفان کے پاس اس کا برادر نسبتی آیا تو اس نے اسے ایک اُونٹ دیا اور اپنی بیوی سے کہا ، ''رسی لاؤ تاکہ اس اُونٹ کو اس کے اپنے اُونٹ کے ساتھ ایک ہی رسی میں باندھ دیا جائے'' ۔ اس کے بعد ایک اور اُونٹ دیا اور کہا ، '' رسی لاؤ'' ۔ پھر تیسرا دیا اور کہا ، '' رسی لاؤ'' ۔ بیوی نے کہا ، میرے پاس تو اب کوئی رسی نہیں رہی ۔ سالم نے کہا ، '' میرے ذمے اُونٹ ہیں اور تمہارے ذمہ رسیاں'' ۔ اس پر بیوی نے اپنی اوڑھنی اس کی طرف

Marfat.com

پھینک دی اور کہا ، ” اس میں سے ایک کے لیے رسی بنا لو “ ۔ اس پر اس نے مذکورہ بالا اشعار کہے ، اُن شعروں کا جواب اس کی بیوی[1] نے یوں دیا :

حَلَفْتُ یَمِیْنًا یَا ابْنَ قُحفَانَ بِالَّذِی
تَکَفَّلَ بِالْاَرْزَاقِ فِی السَّھْلِ وَ الْجَبَلِ

اے ابن قحفان میں اس خدا کی قسم کھا کر کہتی ہوں جس نے میدانوں اور پہاڑوں میں رزق دینے کا ذمہ لیا ہؤا ہے

تَزَالُ حِبَالٌ مُحْصَدَاتٌ أَعُدُّھَا
لَھَا مَا مَشٰی مِنْھَا عَلَی خُفِّہٖ جَمَلُ

کہ جب تک اُونٹ اپنے پاؤں پر چلتا رہے گا (یعنی تاابد) میں ان اُونٹوں کے لیے مضبوط رسیاں تیار کرتی رہوں گی

فَأَعْطِ وَ لَا تَبْخَلْ لِمَنْ جَاءَ طَالِباً
فَعِنْدِی لَھَا خِطْمٌ وَ قَدْ زَاحَتِ العِلَلُ

لہٰذا جو بھی اُونٹ مانگنے آئے تو اسے دے جا اور بخل نہ کر میرے پاس ان کے لیے مہاریں موجود ہیں ۔ اب تمام موانع اُٹھ گئے ہیں

ایک[2] اور شاعر کہتا ہے :

أَ لَا تَرَیْنَ وَ قَدْ قَطَّعْتِنِیْ عَذَلَا
مَاذَا مِنَ الْبُعْدِ بین الْبُخْلِ وَ الْجُوْد

تو نے تو میری سخاوت پر مجھے وہ ملامت کی ہے گویا میرے پرزے اُڑا دیے ہیں ، مگر کیا تو دیکھتی نہیں کہ بخل و سخاوت میں کس قدر فرق ہے ؟

---

۱ ، ۲ حماسہ : ۳۰۰

Marfat.com

إلاّ يَكُنْ وَرَقِي غَضًّا أُرَاحُ بِهِ
لِلْمُعْتَفِيْنَ فَأَنِّي لَيِّنُ الْعُوْدِ

اگر میرا مال سائلوں کے لیے تر و تازہ نہ ہو جسے فقیروں کو دے کر میں راحت و خوشی پاؤں تو میں ذلیل و خوار ہو جاؤں

اور قیس[1] بن عاصم المنقری کہتے ہیں :

إِنِّي امْرُؤٌ لاَ يَعْتَرِيْ خُلُقِي
دَنَسٌ يُفَنِّدُهُ وَ لاَ أَفْنُ

بیشک میں ایک ایسا انسان ہوں کہ میری عادت اور خو کو ایسی ناقص اور میلی بات پیش نہیں آتی جس کے باعث کج فہمی کو مجھ سے منسوب کیا جائے اور نہ ہی مجھے کم عقلی لاحق ہوتی ہے

مِنْ مِنْقَرٍ فِيْ بَيْتِ مَكْرُمَةٍ
وَ الْغُصْنُ يَنْبُتُ حَوْلَهُ الْغُصْنُ

میں بنی منقر کے شریف خاندان سے ہوں اور شاخ کے گرد (اسی قسم کی) شاخ نکلتی ہے (یعنی میں اپنے بزرگوں کی طرح شریف ہوں)

خُطَبَاءُ حِيْنَ يَقُوْلُ قَائِلُهُمْ
بِيْضُ الْوُجُوْهِ مَصَاقِعٌ لُسْنُ

ان میں سے کوئی جب بھی بولے یہی احساس ہوتا ہے کہ وہ سب خطیب ہیں - وہ روشن چہروں والے ، فصیح و بلیغ اور زبان آور ہیں

---

۱ - قیس بن عاصم المِنْقَری : شاعر ہیں ، شاہسوار ہیں ، جاہلی ہیں اسلامی ہیں - ان کا شمار سادات اور حُلماء العرب میں ہوتا ہے - چنانچہ کہتے ہیں احلم من قیس بن عاصم - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسلام لائے - اچھے مسلمان تھے - انھوں نے احادیث کی بھی روایت کی ہے (شرح امالی : ۴۸۷—۴۸۸) (حماسہ : ۳۰۰)

Marfat.com

لاَ یَفْضُنُونَ لِعَیْبِ جَارِ هِمِ
وَ هُم لِحِفْظِ جَوَارِهِ فُطْنُ

وہ اپنے ہمسایے کے عیب سے تو باخبر نہیں ہوتے مگر پڑوس کے حق کی حفاظت کرنے کے معاملے میں بڑے ہوشیار و خبردار ہیں

ابن عنقاء انفراری کہتا ہے :

رَآنِیْ عَلَی مَا بِیْ عُمَیْلَةُ فَاشْتَکٰی
اِلَی مَالِهٖ حَالِیْ اَسَرَّ کَمَا جَهَرُ

عمیلہ نے میری اس بری حالت کو دیکھا جس میں میں مبتلا تھا تو اس نے اس کا شکوہ اپنے مال کے پاس کیا ۔ اس کا باطن ایسا ہی تھا جیسا کہ ظاہر

دَعَانِیْ فَآسَانِیْ وَ لَوضَنَّ لَمْ اَلُمْ
عَلَی حِیْنَ لاَ بَدْوٌ یُرَجّٰی وَ لاَ حَضَرْ

اس نے مجھے بلایا اور ایسے وقت میں اپنے مال سے میری غم خواری کی جب نہ کسی دیہاتی سے امید رکھی جا سکتی تھی نہ شہری سے اور اگر وہ بخل کرتا تب بھی میں اسے ملامت نہ کرتا

غُلَامٌ رَمَاهُ اللّٰهُ بِالْخَیْرِ یَا فِعًا
لَهٗ سِیْمِیَاءُ لاَ تَشُقُّ عَلَی الْبَصَرْ

وہ نوجوان ہے ۔ اللہ نے اسے جوانی ہی میں مال و دولت عطا کر دی ہے ۔ اس کے چہرے پر ایسا نور و جمال ہے جس کا دیکھنا آنکھ کو نا گوار معلوم نہیں ہوتا

کَاَنَّ الثُّرَیَّا عُلِّقَتْ فِیْ جَبِیْنِهٖ
وَ فِیْ خَدِّهِ الشِّعْرٰی وَ فِیْ وَ جْهِهِ الْقَمَرْ

[۵۳] یوں معلوم ہوتا ہے گویا ثریا ستارہ اس کی پیشانی پر لٹکا ہؤا ہے ، شعریٰ اس کے رخسار پر اور چاند اس کے چہرے پر

Marfat.com

إِذَا قِيلَتِ الْعَوْرَاءُ أَغْضَى كَأَنَّهُ
ذَلِيلٌ بِلَا ذُلٍّ وَلَوْ شَاءَ لَا نْتَصَرَ

جب کوئی شخص اس کے بارے میں کوئی بُرا کلمہ استعمال کرتا ہے تو وہ اس طرح چشم پوشی کرتا ہے جیسے وہ کوئی کمزور انسان ہو حالانکہ اس میں کوئی کمزوری نہیں پائی جاتی ، وہ اگر چاہے تو بدلا لے سکتا ہے

وَلَمَّا رَأَى الْمَجْدَ اسْتُعِيرَتْ ثِيَابُهُ
تَرَدَّى رِدَاءً وَاسِعَ الذَّيْلِ وَائْتَزَرْ

اور جب اس نے دیکھا کہ بزرگی کا لباس ایک مستعار لباس ہے تو اس نے (نیک نامی کی) وسیع چادر اور تہمد پہن لیا

فَقُلْتُ لَهُ خَيْرًا وَأَثْنَيْتُ فِعْلَهُ
وَ أَوْفَاكَ مَا أَسْدَيْتَ مَنْ ذَمَّ أَوْشَكَرْ

چنانچہ میں نے بھی اس سے کلمۂ خیر ہی کہا اور اس کے کام کی تعریف کی ۔ ظاہر ہے کہ جو تیری مذمت کرتا ہے یا شکریہ ادا کرتا ہے وہ تجھے تیری ہی عطا کردہ چیز پوری کی پوری واپس دے رہا ہوتا ہے

ابو ریاش کہتا ہے : عمیلہ فزاری کا گزر ابن عنقاء الفزاری کے پاس سے ہؤا تو وہ اپنی بھیڑ بکریوں کے لیے سوکھی گھاس کاٹ رہا تھا ۔ بعض کہتے ہیں سبزیاں کھود کر کھا رہا تھا ۔ عمیلہ نے کہا ، ”اے ابن عنقاء تمھاری یہ حالت کیسے ہوگئی“۔ ابن عنقاء نے جواب دیا ، ”زمانے کے تغیر ، بھائیوں کے بھاگ جانے اور تمھارے جیسے مال داروں کے اپنے مال کے ضمن میں بخل کرنے نے میری یہ حالت کر دی ہے (یہ کیفیت سن کر) عمیلہ نے کہا ، ”خدا کی قسم کل جب صبح سورج طلوع ہوگا تو یقیناً تو بھی ہمارے جیسا ہوگا“۔ اس کے بعد ہر دو اپنے اپنے گھر چلے آئے ۔ عمیلہ جوان تھا اور ابھی اس کے چہرے پر

Marfat.com

سبزہ بس اُگا ہی تھا ۔ ابن عنقاء کا خیال عمیلہ کے الفاظ کی طرف لگا رہا اس وجہ سے وہ رات بھر بستر پر بے قرار رہا اور اسے نیند نہ آئی ۔ اس کی بیوی نے (اس کی یہ حالت دیکھ کر) کہا، ''کیا بات ہے''؟ اس نے اس کو تمام واقعہ کہہ سنایا ۔ بیوی نے کہا ، ''تو سٹھیا گیا ہے'' اور تیری عقل جاتی رہی ہے ، اسی لیے تو ایک کم سن نوجوان کے الفاظ کے ساتھ امید وابستہ کر لی ہے ۔ ایسا نوجوان جسے اپنی زبان سے نکلی ہوئی بات کا پاس نہ ہو ۔ حکایت بیان کی جاتی ہے کہ جب صبح ہوئی تو اس کی بیٹی نے اس سے کہا ، ''جب عمیلہ نے آپ کے ساتھ اپنا مال تقسیم کرنے کو کہا ہے تو آپ اس کے پاس کیوں نہیں جاتے ''۔ عمیلہ نے جواب دیا ، ''بیٹی وہ اُس وقت نشے میں تھا ۔ مجھے معلوم نہیں کہ وہ جو کچھ کہہ رہا تھا اس کا اسے شعور بھی تھا یا نہ ''۔ ابھی بیٹی باپ سے یہ بات کہہ ہی رہی تھی کہ اُونٹ ، بھیڑ ، بکریاں اور گھوڑے (کالی) رات کی طرح آتے دکھائی دیے اور خود عمیلہ بھی وہاں آن کھڑا ہؤا اور کہا ، ''ابن عنقاء باہر آؤ ''، وہ باہر آیا عمیلہ نے کہا ''یہ میرا سارے کا سارا مال ہے آؤ اسے آپس میں تقسیم کر لیں'' چنانچہ ایک ایک اُونٹ ، ایک ایک گھوڑا ، ایک ایک بکری ، ایک ایک لونڈی اور ایک ایک غلام کر کے انھوں نے آپس میں تقسیم کیا ، ازاں بعد عمیلہ واپس چلا گیا ۔ اس پر ابن عنقاء نے مذکورہ بالا اشعار کہے تھے ۔

ایک[1] اور کہتا ہے :

---

۱ - حماسہ : ۳۰۱ - عمرو بن سعید بن العاص کے پاس اشراف مدینہ کا ایک شخص بیٹھا تھا ۔ باتیں کرتے کرتے جُبّہ کے نیچے سے اس کی پھٹی ہوئی قمیص کی آستین دکھائی دی ۔ جب وہ واپس چلا گیا تو عمرو بن سعید نے اس کے پاس دس ہزار درہم اور ایک سو کپڑوں کا جوڑا بھیجا ۔ اس پر اس نے یہ شعر کہے ۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ اشعار عمرو بن عثمان بن عفان کی مدح میں کہے گئے ہیں ۔

Marfat.com

سَأَشكُرُ عَمْراً اِنْ تَرَاخَتْ مَنِيَّتِي
أَيَادِيَ لَمْ تُمْنَنْ وَإِنْ هِيَ جَلَّتِ

اگر میری موت نے مجھے مہلت دی تو میں عنقریب عمرو کے ان احسانات کا شکریہ ادا کروں گا جو مجھے جتلائے تک نہیں گئے حالانکہ وہ بہت بڑے احسانات تھے

فَتًى غَيْرُ مَحْجُوبِ الغِنَى عَنْ صَدِيقِهِ
وَلَا مُظْهِرُ الشَّكْوَى اِذَا النَّعْلُ زَلَّتِ

وہ ایسا سخی نوجوان ہے کہ اپنی دولت کو اپنے دوست سے چھپائے نہیں رکھتا اور اگر خود تنگدست ہو جائے تو کسی سے تکلیف کا اظہار نہیں کرتا

رَأَى خَلَّتِي مِنْ حَيْثُ يَخْفَى مَكَانُهَا
فَكَانَتْ قَذَى عَيْنَيْهِ حَتَّى تَجَلَّتِ

[۵۴] اس نے میرے فقر و احتیاج کو وہاں سے دیکھ لیا جہاں وہ چھپا ہؤا تھا لہٰذا میری حاجت اس کی آنکھوں کا تنکا بنی رہی جب تک کہ اس نے اسے دور نہ کر دیا

قبیلہ بہراء کا ایک شخص جس کا نام فدکی ہے کہتا ہے :

اِنَّ أَجْزِ عَلْقَمَةَ بن سَيْفٍ سَعْيَهُ
لَا أَجْزِهِ بِبَلَاءِ يَوْمٍ وَاحِدِ

اگر میں علقمہ بن سیف کو اس کی کوشش کی جزا دوں تو اس کے ایک دن کے احسان کا بدلہ بھی نہ دے سکوں گا

لَا حَبَّنِي حُبَّ الصَّبِيِّ وَرَمَّنِي
رَمَّ الهَدِيِّ اِلَى الغَنِيِّ الوَاجِدِ

بخدا اس نے مجھ کو ایسا دوست رکھا ہے جیسے بچے کے ماں باپ بچے کو دوست رکھتے ہیں اور اس نے میرے حال کی ایسی اصلاح کی ہے

Marfat.com

جیسے ہدیہ بھیجنے والا تحفے کو بنا سنوارکر مالدار اور صاحب مقدور شخص کے پاس بھیجتا ہے

وَأجَابَنِی یَوْمَ الصُّرَاخِ بِهَجْمَةٍ
مِائَةٍ تَشُقُّ عَلَی عِصِیِّ الذَّائِدِ

اس نے فریاد خواہی کے دن ایسے سو اونٹوں کے ساتھ جواب دیا جو (حوض سے) روکنے والے کی لاٹھیوں پر غالب آ جائیں (اور باوجود مارنے کے نہ رک سکیں اس قدر طاقتور ہوں)

وَلَقَدْ نَضَحْتُ سَلِیْلَتِی فَتَمَثَّتْ
عَنْ آلِ عَتَّابٍ بِمَاءٍ بَارِدِ

بخدا میں نے اپنی باطنی حرارت کو اس ٹھنڈے پانی سے بجھایا جو آل عتاب نے دیا تھا چنانچہ وہ بجھ گئی

فدکی کا قصہ یہ ہے : وہ بنی تغلب میں بنی عتّاب بن سعد بن زھَیر بن جُشَم بن بکر بن حبیب بن عمرو بن غنم بن تَغْلِب کے ایک آدمی کی زیر حفاظت و حمایت رہتا تھا اور مدت تک اس کے ہاں مقیم رہا ۔ پھر علقمہ بن سیف عتّابی چڑھائی کرنے کی غرض سے کسی طرف کو روانہ ہو گیا تو بنی ثعلبہ بن بکر بن حبیب کے ایک فرد حنش بن معبد نامی نے بہرانی کے اونٹ لُوٹ لیے۔ جب بنو عتّاب اپنے جانوروں کو پانی پلانے کے لئے حوض پر لاتے تو بہرانی ایک حوض بناتا اور اسے پانی سے بھر دیتا ۔ پھر اس میں اپنا آلۂ تناسل ڈال کر کہتا " پی ۔ اب تیرے سوا میرا کوئی مال نہیں رہا " اور جب قوم کی مجلس میں آتا تو یہ شعر پڑھتا :

هَلْ أَنَا اِلاَّ مُعْزِبٌ لَیَالِیَا
لَیَالِیَاً مِنْ رَجَبٍ ثَمَانِیَاً
ثُمَّ تَجِیْئِی جِیرَتِی بِمَا لِیَا

میں تو صرف رجب کی راتیں دور رہوں گا اس کے بعد مجھے پناہ دینے والے میرا مال لے آئیں گے ۔

جب علقمہ بن سیف آیا تو لوگوں نے اسے بہرانی کا قصہ سنایا ۔

Marfat.com

علقمہ نے کہا ، ''حَنَش بن معبد میرا دوست ہے میں اس کے پاس جاؤں گا تو وہ اونٹ واپس کر دیگا'' چنانچہ وہ بنی تغلِب کی ایک جماعت کے ہمراہ جن میں بنی اوس بن تغلب کا بھی ایک آدمی شامل تھا حنش کے پاس گیا ۔ بنی اوس عربوں میں بہت ہی منحوس خیال کیے جاتے ہیں کیونکہ انھی کے ایک آدمی کی وجہ حرب بسوس واقع ہوئی تھی اور ایک اور شخص کی وجہ سے بغیض کے دونوں بیٹوں ذُبْیَان اور عبس کی جنگ[1] ہوئی ۔ جب یہ لوگ حنش بن معبد کے پاس پہنچے تو حنش کو بہت خوشی ہوئی ۔ ان کے لیے خیمہ لگایا گیا اور ان کی تعظیم کی گئی اور وعدہ کیا گیا کہ صبح ہوتے ہی علقمہ بن سیف کو اونٹ واپس کر دیے جائیں گے

[۵۵] جب رات ہوئی تو حنش بن معبد ان کی باتوں کو چھپ کے سننے لگا ۔ وہ حنش کے برتاؤ اور اونٹوں کو واپس کر دینے کے وعدہ کا ذکر کر رہے تھے ۔ حنش نے اوسی کو یہ کہتے ہوئے سن لیا ، '' کیا میں نے نہیں بتلایا تھا کہ ان کی مثال اسی جماعت کی سی ہے جسے شیرنی نے نگل لیا ہو لہٰذا اگر انھیں قے نہ کر دے گی تو گوبر بنا کر تو ضرور پھینک دے گی ۔ اس پر حنش کو غصہ آ گیا اور اس نے قسم کھا لی کہ اب ایک اونٹ بھی واپس نہ دے گا (چنانچہ علقمہ ناکام لوٹ آیا) واپس آ کر علقمہ بن سیف نے اپنے مال میں سے ایک سو اونٹ نکال کر بہرانی کو دیے اور کہا یہ ان سو اونٹوں کے بدلے میں ہیں جو تم سے چھین لیے گئے ہیں ۔ اس پر بہرانی نے مذکورہ بالا ابیات کہے ۔

حسین[2] بن مطیر الاسدی نے کسی عرب کے بارے میں یہ شعر کہے :

---

(۱) حرب دا حس وغیراء مراد ہے ۔

(۲) حُسَین بن مُطَیر بن مُکْمِیل ۔ مُکمل پہلے غلام تھا اس کے آقا نے اسے آزاد کر دیا تھا ۔ یہ زُبالہ کا رہنے والا راویہ تھا اور اس کا کلام اور طرز نگارش بدویوں کے کلام اور طرز سے مشابہت رکھتا ہے ۔ اس کا شمار شعراء الدولتین کے قدیم شعرا میں ہوتا ہے (شرح امالی : ۴۰۹) ان اشعار میں وہ خلیفہ مہدی کی تعریف کر رہا ہے ۔ ملاحظہ ہو حماسہ : ۳۰۳ ۔

Marfat.com

لَہٗ یَوْمٌ بُؤس فِیہِ لِلنَّاسِ اَبْؤُس،
وَ یَوْمٌ نَعِیْمٌ فِیہِ لِلنَّاس اَنْعُم،

اس کا یوم جنگ دشمنوں کے لیے نہایت ہی تکلیف دہ ہوتا ہے اور اس کا بخشش کا دن دوستوں کے لیے بے حساب عنایات کا دن ہوتا ہے

فَیَمْطُرُ یَوْمَ الجُوْدِ مِنْ کَفِّہِ النَّدٰی
وَ یَمْطُرُ یَوْمَ الباْس مِنْ کَفِّہِ الدَّم،

چنانچہ سخاوت کے دن اس کی ہتھیلی سے بخشش برستی ہے اور جنگ کے دن اس سے خون برستا ہے

وَ لَوْ اَنَّ یَوْمَ الْبَأس خَلّٰی عِقَابَہ،
عَلَی النَّاسِ لَمْ یُصْبِحْ عَلَی الاَرْضِ مُجْرِم،

اگر جنگ کے دن یہ اپنے دشمنوں پر اپنی دھر پکڑ عام کر دے تو روئے زمین پر ایک مجرم بھی باقی نہ رہے

وَ لَو اَنَّ یَوْمَ الجُوْدِ خَلّٰی یَمِیْنَہ،
عَلَی النَّاسِ لَمْ یُصْبِحْ عَلَی الاَرْضِ مُعْدِم،

اور اگر سخاوت کے دن یہ اپنے دائیں ہاتھ کو کھلی چھٹی دے دے تو روئے زمین پر کوئی محتاج باقی نہ رہے

ابوالطَمحان القَیْنِی[٢] جس کا نام حنظلہ بن الشرقی ہے کہتا ہے :

---

(٢) ابوالطَمحان کا نام حنظلہ بن الشَرْقی ہے یہ قبیلہ قضاعہ میں بنی قَین بن جَسْر میں سے تھا ۔ یہ جاہلی اور اسلامی شاعر ہے ۔ زبیر بن عبدالمطلب کا ندیم اور ہم عمر تھا ۔ بڑا بے دین تھا مگر عمدہ شعر کہتا تھا (شرح امالی : ٣٣٢) حماسہ : ٣٠٣ : ۔ ابوالطمحان قبیلہ جدیلہ طی میں مقیم تھا کہ طی کے دونوں قبیلوں جدیلہ اور غوث کے درمیان جنگ چھڑ گئی اور وہ دو گروہوں میں بٹ گئے ۔ یہ جنگ بیس دن رہی جن میں سے سخت ترین جنگ یوم عرفان کی تھی ۔ ابوالطمحان کو قبیلہ غوث کے دو آدمیوں نے قید کر لیا ۔ بُجیر بن اوس بن حارثہ بن لاَم طائی نے اسے خریدا اور پیشانی کے بال کاٹ کر رہا کر دیا ۔ اس پر ابوالطَمحان نے بنی لاَم کی مدح میں یہ شعر کہے :

Marfat.com

اِذَا قِيلَ أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ قَبِيلَةً
وَ أَصْبَرُ يَوْماً لَا تَوَارَى كَوَاكِبُهْ

جب یہ کہا جائے کہ کون لوگ قبیلے کے اعتبار سے بہترین ہیں اور کون لوگ ایسی جنگ کے دن جس کے ستارے پوشیدہ نہ ہوں سختیوں پر زیادہ صابر ہیں

فَإِنَّ بَنِي لَأْمِ بْنِ عَمْرٍو أُرُومَةٌ
سَمَتْ فَوْقَ صَعْبٍ لَا تُنَالُ مَرَاقِبُهْ

(تو اس کے جواب میں یہ کہا جائے گا کہ) بنی لأم بن عمرو ایسا خاندان ہے جو ایک ایسی اوگھٹ گھاٹی پر چڑھ گئے ہیں جس کی بلندیوں کو کوئی بھی حاصل نہیں کر سکتا

أَضَاءَتْ لَهُمْ أَحْسَابُهُمْ وَوُجُوهُهُمْ
دُجَى اللَّيْلِ حَتَّى نَظَّمَ الجِزْعَ ثَاقِبُهْ

[۵۶] ان کے اچھے کارناموں اور ان کے روشن چہروں نے رات کی تاریکیوں کو روشن کر دیا ہے یہاں تک کہ پرونے والے نے اس روشنی میں سلیمانی منکوں کو لڑی میں پرو دیا

ایک اور شاعر کہتا ہے[1] :

يَا أَيُّهَا الْمُتَمَنِّي أَنْ يَكُونَ فَتًى
مِثْلَ ابْنِ زَيْدٍ لَقَدْ خَلَّى لَكَ السُّبُلَا

اے وہ شخص جو ابن زید کی طرح جوان مرد بننا چاہتا ہے اس نے تو تمہارے لیے تمام راستے کھلے چھوڑ دیے ہیں (صلاحیت ہے تو اس جیسا بن جا)

أُعْدُدْ نَظَائِرَ أَخْلَاقٍ عُدِدْنَ لَهُ
هَلْ سَبَّ مِنْ أَحَدٍ أَوْسُبَّ أَوْ بَخِلَا

جو اخلاق اس کے شمار کیے جاتے ہیں (ذرا تو بھی اپنے اندر) ویسے

---

۱ - حماسہ ; ۳۰۳-۳۰۴ -

Marfat.com

اخلاق شمار کر کے دیکھ ۔ کیا اس نے کبھی کسی کو گالی دی ، یا کبھی اسے کسی نے گالی دی یا کیا اس نے کبھی بخل کیا

اِنْ تُنْفِقِ الْمَالَ اوتُكْلَفْ مَسَّتَ اعِيَّهٗ
يَصْعُبْ عَلَيْكَ وَتَفْعَلُ دُوْنَ مَا فَعَلَا

اگر تو اسی طرح مال خرچ کرے جس طرح وہ کرتا ہے اور اسی قسم کی مشکلات میں ڈالا جائے جن میں اسے ڈالا جاتا ہے تو یہ معاملہ تمھارے لیے ناقابل برداشت ہوگا ، تو اس کے اعمال سے کم درجے کے اعمال ہی پر قادر ہے

لَوْ يُبْعَثُ النَّاسُ اَدْنَاهُمْ وَ اَبْعَدَهُمْ
فِيْ سَاحَةِ الْاَرْضِ حَتّٰى يَحْرُثُوا الْاَبِلَا

اگر نزدیک اور دور کے تمام لوگوں کو روئے زمین پر بھیج دیا جائے یہاں تک کہ ان کے اُونٹ (پھرتے پھرتے) لاغر ہو جائیں

كَيْ يَطْلُبُوْا فَوْقَ ظَهْرِ الْاَرْضِ لَمْ يَجِدُوْا
مِثْلَ الَّذِيْ غَيَّبُوْا فِيْ بَطْنِهٖ رَجُلَا

تا کہ وہ روئے زمین پر اس شخص جیسا کوئی آدمی ڈھونڈ نکالیں جسے انھوں نے زمین کے پیٹ کے اندر غائب کر دیا ہے تو انھیں ایک بھی ایسا آدمی نہ ملے گا

بنی قُضَاعہ کا ایک فرد شقران[1] مولی سلامان کہتا ہے :

لَوْ كُنْتُ مَوْلَى قَيْسٍ عَيْلَانَ لَمْ تَجِدْ
عَلَيَّ لِاِنْسَانٍ مِنَ النَّاسِ دِرْهَمَا

اگر میری ولاء (صرف) قیس عیلان سے ہوتی تو جب بھی کسی شخص کا میرے ذمے ایک درہم تک نہ دیکھتا

وَلٰكِنَّنِيْ مَوْلَى قُضَاعَةَ كُلِّهَا
فَلَسْتُ اُبَالِيْ اَنْ اَدِيْنَ وَتَغْرَمَا

---

۱ - شقران عہد اسلامی کا شاعر ہے - حماسہ : ۳۰۴ -

Marfat.com

مگر میری ولاء تو سارے بنی قضاعہ کے ساتھ ہے لہٰذا اب مجھے اس بات کی پروا نہیں کہ میں قرض لیے جاؤں وہ ادا کرتے چلے جائیں گے

أُولئِکَ قَوْمِی بَارَکَ اللهُ فِیهِم،
عَلٰی کُلِّ حَالٍ مَا أَعَفَّ وَ أَکْرَمَا

یہی لوگ میری قوم ہیں ۔ خدا ہر حال میں انھیں برکت دے وہ کس قدر پارسا اور کس قدر سخی ہیں

ثِقَالُ الْجِفَانِ وَ الْحُلُومِ رَحَاهُمْ،
رَحَی الْمَاءِ یَکْتَالُوْنَ کَیْلاً غَذَمْذَمَا

ان کے پیالے اور عقلیں وزنی ہیں اور ان کی چکیاں پن چکیاں ہیں وہ لوگوں کو (عطیہ دیتے ہوئے ناپ تول کر نہیں بلکہ) یونہی تخمیناً دے دیتے ہیں

جُفَاةٌ[1] الْمَحَزِّ لَا یُصِیْبُوْنَ مَفْصِلاً
وَ لَا یَأْکُلُوْنَ اللَّحْمَ إِلَّا تَخَذُّمَا

یہ لوگ کاٹنے کی جگہ سے گوشت کو نہیں کاٹتے اور نہ عین جوڑوں پر چھری چلاتے ہیں (بلکہ سالم گوشت کے ٹکڑے سے) جلدی جلدی کاٹ کر کھاتے ہیں (یعنی وہ بڑے فراخ حوصلہ اور عالی ظرف لوگ ہیں)

---

١ ۔ شاعر ان کی امارت کی طرف اشارہ کر رہا ہے کہ ذبیحہ جانور کا سالم ٹکڑا بھونا جاتا ہے ۔ اس کے نہ ٹکڑے ٹکڑے کیے جاتے ہیں اور نہ جوڑوں کو الگ کیا جاتا ہے ۔ پھر جب کھاتے ہیں تو چھریوں سے کاٹ کاٹ کر کھاتے ہیں ۔ اس شعر میں مذمت کا پہلو بھی پایا جاتا ہے کیونکہ أَصْحَابَ الْمَحَزِّ ، أَصْحَابَ الْمَفْصِلِ اور أَصْحَابَ الْغَصِّ تینوں محاورے صائب الرأی ہونے اور درست کام کرنے کے معنوں میں استعمال ہوتے ہیں ۔ لہٰذا جب وہ ایسے نہیں ہیں تو مذمت کا پہلو پایا گیا ۔

Marfat.com

لیلیٰ اَخْیَلِیَّہ[۱] نے کہا مگر بعض کہتے ہیں کہ یہ اشعار اس کے باپ نے کہے تھے :

نَحْنُ الاُ خَایِلُ لَا یَزَالُ غُلَامَ مُنَا
حَتّٰی یَدِبَّ عَلَی العَصَا مَذْ کُورَا

---

۱ - لیلیٰ اخیلیہ : لیلیٰ بنت عبداللہ بن کعب - اس کے دادا عُبادۃ بن عُقَیل بن کعب کا لقب اَخْیَل تھا - تَوبہ بن حُمَیِّر کی محبوبہ تھی - اس کا عجیب قصہ یہ ہے کہ اس کی شادی بنی الاَذْلَع میں ہوئی - ایک چراگاہ کی تلاش میں اس کا اور اس کے خاوند کا اس مقام سے گزر ہؤا جہاں توبہ بن حُمَیِّر کی قبر تھی - خاوند بضد ہؤا کہ تمھیں توبہ کی قبر پر ضرور لے جاؤں گا اور دیکھوں گا کہ تیرے اس کو سلام کرنے پر اس کا صدا تجھے جواب دیتا ہے یا نہیں جیسا کہ توبہ نے اپنے ان اشعار میں دعویٰ کیا ہے :

وَ لَوَاَنَّ لَیْلیٰ الاَ خْیَلِیَّۃ سَلَّمَتْ
عَلَیَّ وَ دُونِی تُربَۃٌ وَ صَفَا ئِح،
لَسَلَّمْتُ تَسلِیمَ البَشَاشَۃِ اَو زَقَا
اِلَیْھَا صَدَی مِن جَانِبِ القَبْرِ صَائِح،

لیلیٰ نے جواب میں کہا کہ تُو ان پتھروں اور بوسیدہ ہڈیوں سے کیا امید رکھتا ہے مگر خاوند نہ مانا - لہٰذا راستہ چھوڑ کر قبر کی طرف ہو لیا - اس روز سخت گرمی پڑ رہی تھی - جب وہ قبر کے پاس پہنچی اور بلند آواز سے سلام کہا تو ایک پرندہ جو گرم لُو سے بچنے کے لیے قبر کے پتھر کے سائے میں بیٹھا ہؤا تھا اُڑا جس سے اُونٹنی بدک گئی ، لیلیٰ گر پڑی اس کی گردن ٹوٹ گئی اور وہ مر گئی - توبہ بن الحُمَیِّر بن حَزْن الخفاجی عہد اسلامی کا شاعر ہے (شرح امالی : ۱۱۹—۱۲۰)
ان اشعار کے لیے ملاحظہ ہو حماسہ : ۳۰۶ -

Marfat.com

ہم بنی آخثیل کے افراد ہیں ۔ ہمارے نوجوان بچوں تک کا ذکر (محفلوں میں) ہوتا رہتا ہے تاآنکہ بوڑھا ہو کر وہ لاٹھی کے سہارے چلنے لگے

تَبکی السُیُوفُ اِذَا فَقَدْنَ کُفَّنَا
جَزَعًا و تَعلَمُنَا الرِفَاقُ بُحُورَا

[۵۷] جب ہماری تلواریں ہماری ہتھیلیوں کو نہیں پاتیں تو گبھرا کر رونے لگ جاتی ہیں اور ہمارے ساتھی سخاوت میں ہمیں سمندر پاتے ہیں

وَ لَنَحْنُ اَوْثَقُ فِی صُدُوْرِ نِسَائِکُم
مِنکُم اِذَا بَکَرَ الصُرَاخُ بُکُوْرَا

ہم بخدا خود تمہاری عورتوں کے سینوں میں تم سے زیادہ قابلِ اعتماد ہیں ۔ ہر ایسی صبح کے وقت جب کوئی فریادی آواز بلند کرے

اور بنی خزرج کا عمرو بن الاطنابہ[1] کہتا ہے :

اِنِّی مِنَ القَومِ الَّذِیْنَ اِذَا انْتَدَوْا
بَدَءُوا بِحَقِّ اللهِ ثُمَّ السَّائِلِ

میں تو اس قوم کا فرد ہوں کہ جب وہ محفل لگاتے ہیں تو پہلے اللہ کا حق ادا کرتے ہیں (یعنی ضروری فرائض) پھر عطیے دیتے ہیں

الحَامِیْنَ حِمَی العَشِیْرَةِ جَارَهُم
وَ الضَّارِبِیْنَ عَلَی طَعَامِ النَازِلِ

یہ لوگ ان عورتوں کی جو ان کی پناہ میں آ جائیں ہر قسم کی فحش بات سے حفاظت کرتے ہیں اور جب کوئی آ کر اُترے تو اس

---

۱ - عمرو بن الاطنابہ ۔ اطنابہ اس کی والدہ کا نام ہے جس کے معنی سائبان کے ہیں ۔ بعض اس کا نام عامر بتاتے ہیں ۔ خزرجی اور جاہلی شاعر ہے ۔

Marfat.com

کو کھانا کھلانے کے لیے جمع ہو جاتے ہیں (ہر فرد اسے اپنا مہمان بنانے کا خواہاں ہوتا ہے یا یہ کہ سبھی اکٹھے اس کی خاطر تواضع میں لگ جاتے ہیں)

وَ الشَّخَا لِطِیْنَ فَقِیْرَ هُمْ بِغَنِیِّهِمْ
وَ الشَّبَا ذِلِیْنَ عَطَاءَ هُمْ لِلسَّائِلِ

یہ لوگ اپنے قبیلے کے محتاج لوگوں کو اپنے یہاں کے مال دار افراد کے برابر کر دیتے ہیں اور سائل کے لیے اپنے عطیے خرچ کرتے رہتے ہیں

وَ الضَّارِبِیْنَ الْکَبْشَ یَبْرُقُ بَیْضَهٗ
ضَرْبَ الْمُهَجِّجِ عَنْ حِیَاضِ الْآبِلِ

وہ اس سردار کو جس کا خود چمک رہا ہو اس طرح مارتے ہیں جس طرح اُونٹوں کے پانی پی لینے کے بعد انھیں ہانکنے والے حوض سے دور ہانک دیتے ہیں (عالی قدر بہادر سرداروں کو آسانی سے ہلاک کر دیتے ہیں)

وَ الثَّقَا تِلِیْنَ لَدَی الْوَغَا أَقْرَانَهُمْ
اِنَّ الْمَنِیَّةَ مِنْ وَرَاءِ الْوَائِلِ

اور جنگ کے وقت مخالفین کو قتل کر ڈالتے ہیں کیونکہ موت تو پناہ لینے والے کے سامنے آ جاتی ہے (پناہ ڈھونڈنے والوں کو موت تاک لیتی ہے)

وَالثَّقَائِلِیْنَ فَلَا یُعَابُ کَلَا مُهُمْ
یَوْمَ الْمَقَامَةِ بِالْقَضَاءِ الْفَاصِلِ

اور جب مجلس کا دن ہوتا ہے تو یہ فیصلہ کن حکم دینے والے ہوتے ہیں - کسی کے لیے ان کے کلام میں عیب نکالنے کی گنجائش نہیں ہوتی

خُزْرٌ عُیُوْنُهُمْ اِلَی أَعْدَائِهِمْ
یَمْشُوْنَ مَشْیَ الْأُسْدِ تَحْتَ الْوَابِلِ

Marfat.com

یہ اپنے دشمنوں کی طرف بنظر استحقار دیکھتے ہیں اور یوں چلتے ہیں جیسے بارش میں شیر چلتا ہے

لَیْسُوا بِأَنْكَاسٍ وَ لَا مِیْلٍ إِذَا
مَا الْحَرْبُ شُبَّتْ اشْعَلُوا بِالشَّاعِلِ

یہ نہ کمزور ہیں اور نہ ایسے کہ گھوڑے کی پیٹھ پر نہ بیٹھ سکیں۔ جب جنگ کی آگ جلائی جائے تو یہ بھڑکانے والے کی مدد سے اسے اور بھی بھڑکا دیتے ہیں

[۵۸] اور حجر[1] بن خالد نعمان بن المنذر کی مدح میں کہتا ہے:

سَمِعْتُ بِفِعْلِ الثَّقَاعِلِیْنَ فَلَمْ أَجِدْ
كَمِثْلِ أَبِیْ قَابُوْسَ حَزْمًا وَ نَائِلَا

میں نے کام کرنے والوں کے کاموں کے متعلق سنا، مگر نعمان کی سی پختگی اور سخاوت کسی کے یہاں نہیں پائی

فَسَاقَ إِلٰهِیْ الْغَیْثَ مِنْ كُلِّ بَلْدَةٍ
إِلَیْكَ فَاضْحَى حَوْلَ بَیْتِكَ نَازِلَا

لہٰذا میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ ہر شہر سے ابرِ باراں کو ہانک کر لے آئے اور وہ آ کے تیرے گھر کے گرد برس پڑے

فَأَصْبَحَ مِنْهُ كُلُّ وَادٍ حَلَلْتَهُ،
مِنَ الْأَرْضِ یَسْفُوْحَ الْمَذَانِبِ سَائِلَا

پھر اُس بارش سے ہر اُس وادی کی جہاں تو نے ڈیرہ ڈال رکھا ہو یہ حالت ہو جائے کہ وہاں پانی کی ندیاں رواں ہو پڑیں

مَتٰى تُنْعَ یُنْعَ الْجُوْدُ وَ الْبَأْسُ وَالتُّقٰى
وَتُصْبِحْ قُلُوْصُ الْحَرْبِ جَرْبَاءَ حَائِلَا

اے نعمان جب تمہاری موت کی خبر دی جائے گی تو درحقیقت

---

۱ - حماسہ: ۳۱۲

Marfat.com

سخاوت ، شجاعت اور پرہیزگاری کی موت کی خبر دی جائے گی اور جنگ کی جوان اُونٹنی خارشتی اور بانجھ ہو جائے گی

فَلَا مَلِكٌ مَا يُدْرِكَنَّكَ سَعْيُهُ،
وَ لَا سُوقَةٌ مَا يَمْدَحَنَّكَ بِاطِلًا

لہٰذا کوئی بادشاہ ایسا نہیں جس کی کوشش تمہارے درجہ تک پہنچ سکے اور نہ ہی رعایا میں سے کوئی شخص تمہاری جھوٹی تعریف کر سکتا ہے

ایک[1] اور شاعر کہتا ہے :

وَ مُسْتَنْبِحٍ بَعْدَ الْهُدُوءِ دَعَوْتُهُ،
بِشَقْرَاءَ مِثْلِ الْفَجْرِ ذَاكٍ وَقُودُهَا

کئی ایک لوگ آوازوں کے تھم جانے کے بعد رات کے وقت آئے تو میں نے انھیں سرخ رنگ کی آگ کے ذریعے اپنے پاس بلا لیا ۔ وہ آگ جو صبح کی طرح روشن ہوتی تھی ۔ جس کا ایندھن شعلہ زن ہوتا تھا

فَقُلْتُ لَهُ، أَهْلًا وَ سَهْلًا وَمَرْحَبًا
بِمُوقِدِ نَارٍ مُحْمِدٍ مَنْ يَرُودُهَا

جب بھی آنے والوں میں سے کوئی آیا تو میں نے اسے خوش آمدید کہا اور خوش خبری دی کہ تو ایسے آگ جلانے والے کے پاس پہنچ گیا ہے جس کے پاس جو بھی ارادہ کر کے آ جائے اسے قابلِ تعریف ہی پاتا ہے

نَصَبْنَا لَهُ، جَوْءَ فَاءَ ذَاتَ ضَبَابَةٍ
مِنَ الدَّهْمِ مِبْطَانًا طَوِيلًا رُكُودُهَا

ہم نے ان کے لیے ایک بڑے پیٹ والی دیگ چڑھا دی جس سے

---

۱ - حماسہ : ۳۱۲

Marfat.com

بھاپ اُٹھ رہی تھی اور یہ منجملہ ان دیگوں کے تھی جو ہمیشہ چولھے پر چڑھے رہنے کے باعث سیاہ ہو رہی تھیں

فَاِنْ شِئْتَ آثْوِیْنَاکَ فِی الْحَیِّ مُکْرَمًا
وَ اِنْ شِئْتَ بَلَّغْنَاکَ اَرْضًا تُرِیْدُهَا

پھر اگر تو چاہے گا تو ہم تجھے اپنے قبیلے میں باعزت طور پر ٹھہرائے رکھیں گے اور اگر چاہے گا تو ہم تجھے وہاں پہنچا دیں گے جہاں تو جانے کا خواہاں ہوگا

ایک[1] اور شاعر کہتا ہے :

وَ مُسْتَنْبِحٍ تَهْوِیْ مَسَا قِطُ رَأْسِهٖ
اِلٰی کُلِّ شَخْصٍ فَهُوَ لِلسَّمْعِ اَصْوَرُ

مسافران شب میں ایسا شخص بھی ہوتا ہے جس کا سر دور سے دکھائی دینے والے ہر وجود کی طرف لپکتا ہے اور وہ ہر آواز سننے کی طرف مائل ہوتا ہے (کہ جس طرف سے آواز آئے وہ اُدھر ہی کو ہو لے)

یُصَفِّقُهٗ اَنْفٌ مِنَ الرِّیْحِ بَارِدٌ
وَ نَکْبَاءُ لَیْلٍ مِنْ جُمَادٰی وَ صَرَّصَرُ

[۵۹] جسے ٹھنڈی ہوا کا ابتدائی حصہ اور پھر موسم سرما کی چوباوی ہوا سخت ٹھنڈے تھپیڑے لگا رہی تھی

حَبِیْبٌ اِلَی کَلْبِ الْکَرِیْمِ مُنَاخُهٗ
بَغِیْضٌ اِلَی الْکَوْمَاءِ وَ الْکَلْبُ اَبْصَرُ

جس کا آکر اُونٹ کو بٹھانا سخی آدمی کے کتے کو محبوب ہو مگر بڑی کوہان والی اُونٹنی کو برا لگتا ہو لیکن اس معاملے میں کتا دانا تر ہے

---

۱ - حماسہ : ۳۱۳

Marfat.com

حَضأتُ لَہٗ نَارِی فَا بْصَرَ ضَوْءَ ھَا
وَمَا كَادَ لَولَا حَضْأَةُ النَّادِ يُبْصِرُ

میں نے اس کے لیے آگ کو روشن کیا تو اس نے اس کی روشنی دیکھ لی ۔ اگر میں آگ کو روشن نہ کرتا تو وہ اسے دیکھ نہ پاتا

دَعَتْہُ بِغَيْرِ اسمٍ ھَلُمَّ اِلَى الْقِرٰى
فَأَسْرٰى يَبُوْعُ الْأَرْضَ وَ النَّارُ تَزْھَرُ

(اس آگ نے) اسے بغیر نام لیے پکار کر کہا ، ''ضیافت کی طرف آ جاؤ'' تو یہ لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہؤا رات کے وقت چل کر آ گیا ۔ آگ (برابر) جل رہی تھی

فَلَمَّا أَضَاءَتْ شَخْصَہٗ قُلْتُ مَرْحَبًا
ھَلُمَّ وَ لِلصَّالِيْنَ بِالنَّارِ أَبْشِرُ وَا

جب اُس آگ نے اس کے جسم کو واضح اور روشن کر کے دکھلا دیا تو میں نے اسے کہا : ''مرحبا ، تشریف لائیے اور ان لوگوں کو جو آگ تاپ رہے کہا (اس مہمان کے آنے پر) خوش ہو جاؤ

فَجَاءَ وَ مَحْمُوْدُ الْقِرٰى يَسْتَفِزُّہٗ
اِلَيْھَا وَ دَاعِی اللَّيْلِ بِالصُّبْحِ يَصْفِرُ

چنانچہ وہ مہمان آیا اور وہی شخص جس کی مہمان نوازی کی لوگ تعریف کرتے تھے اسے کھینچ کر آگ کی طرف لیے آ رہا تھا ۔ اور مرغ سحر خواں اذان سحر دے رہا تھا ۔ (یعنی رات آخر ہونے کو تھی)

تَأَخَّرْتَ حَتّٰى لَمْ تَكَدْ تَصْطَفِی الْقِرٰى
عَلَى أَھْلِہٖ وَ الْحَقُّ لَا يَتَأَخَّرُ

(میں نے اس سے کہا) تو نے آنے میں تاخیر کر دی یہاں تک کہ قریب تھا کہ تو گھر والوں سے عمدہ ضیافت حاصل نہ کر سکتا مگر

Marfat.com

مہمان کا حق پیچھے نہیں رہ[1] سکتا

وَ قُمْتُ بِنَصْلِ السَّیْفِ وَ البَرْکُ هَاجِدٌ
بَهَازِرُهُ وَ الشَّمْتُ بِالسَّیْفِ یَنْظُرُ

میں تلوار لے کر اُٹھا جبکہ بیٹھے ہوئے گلّے کی بڑی اُونٹنیاں سوئی ہوئی تھیں اور موت میری تلوار کو بغور دیکھ رہی تھی (کہ کس کی اجل آئی ہے)

فَأَعْضَضْتُهُ الطُّولٰی سِنَامًا وَخَیْرُهَا
بَلَاءً وَ خَیْرُ الْخَیْرِ مَا یُتَخَیَّرُ

میں نے اس تلوار کے ذریعے اس اُونٹنی کو ذبح کیا جس کی کوہان سب سے دراز تھی اور بلحاظ وصف کے سب سے بہتر تھی۔ بہترین مال تو وہی ہے جسے پسند کیا جائے (جو سب کے نزدیک منتخب ہو)

فَأَوْ فَضْنَ عَنْهَا وَهْیَ تَرْغُوْ حُشَاشَةً
بِذِی نَفْسِهَا وَ السَّیْفُ عُرْیَانَ أَحْمَرُ

چنانچہ دیگر اُونٹنیاں اس کے پاس سے بھاگ نکلیں درآنحالیکہ یہ جسم میں باقی ماندہ جان کی وجہ سے خرخرا رہی تھی اور میری ننگی تلوار اس کے خون سے سرخ تھی

فَبَاتَتْ رُحَابٌ جَوْنَةٌ مِنْ لِحَامِهَا
وَ فُوْهَا بِمَا فِیْ جَوْفِهَا یَتَغَرْغَرُ

[۶۰] چنانچہ ایک سیاہ بڑی دیگ کے اندر قسم قسم کے گوشت رات بھر جوش کھاتے رہے اور اس کا منہ اس گوشت اور شوربے کی وجہ سے جو اس کے اندر تھا بار بار اُبلتا تھا

---

۱ - مہمان کا حق تو مقدم ہوتا ہے اس لیے تمہارے دیر سے آنے سے بھی تمہارے حق میں کمی نہ ہوگی۔

Marfat.com

ایک[۱] اور شاعر کہتا ہے :

وَ مَا یَکُ فِیَّ مِنْ عَیْبٍ فَاِنِّی
جَبَانُ الْکَلْبِ مَهْزُوْلُ الْفَصِیْلِ

مجھ میں جو عیب بھی ہو، ہوتا رہے، مگر میرا کتا بزدل ہے (کسی آنے والے کو نہیں بھونکتا) اور میری اُونٹنی کا بچہ لاغر ہوتا ہے (کیونکہ میں مہمانوں کو اُونٹنی کا دودھ پلا دیتا ہوں اور بچہ بھوکا رہ جاتا ہے)

ایک[۲] اور شاعر کہتا ہے :

سَأَقْدَحُ مِنْ قِدْرِی نَصِیْبًا لِجَارَتِی
وَ اِنْ کَانَ مَا فِیْهَا کَفَافًا عَلَی اَهْلِی

میں اپنی ہنڈیا میں سے (چمچے کے ساتھ) اپنی پڑوسن کا حصہ نکالوں گا خواہ ہنڈیا میں جو کچھ ہے وہ صرف میرے بال بچوں کی ضرورت کو پورا کر سکتا ہو

اِذَا اَنْتَ لَمْ تُشْرِکْ رَفِیْقَکَ فِی الَّذِی
یَکُوْنُ قَلِیْلًا لَمْ تُشَارِکْهُ فِی الْفَضْلِ

اگر تو اپنے رفیق کو تھوڑے کھانے میں شریک نہیں کر سکتا تو پھر تو اسے ضرورت سے زیادہ کھانے میں بھی شریک نہیں کرے گا

اور[۳] عمرو بن الاھتم کہتا ہے :

ذَرِیْنِی فَاِنَّ الشُّحَّ یَا اُمَّ هَیْثَمَ
لِصَالِحِ اَخْلَاقِ الرِّجَالِ سَرُوْقُ

اے اُم هَیْثَمَ مجھے انھی اچھے اخلاق پر رہنے دو (جو مجھ میں ہیں) کیونکہ بخل انسان کے اچھے اخلاق کو چُرا لے جاتا ہے]

۱، ۲، ۳ - حماسہ: ۳۱۴ -

Marfat.com

ذَرِيْنِي وَ حُظِّيْ فِيْ هَوَايَ فَإِنَّنِي
عَلَى الْحَسَبِ الزَّاكِي الرَّفِيعِ شَفِيْقُ

مجھے رہنے دو اور (سخاوت کرنے کی) میری خواہش میں میری موافقت کرو کیونکہ مجھے اپنی بلند اور بڑھتی رہنے والی خوبیوں کے متعلق خطرہ رہتا ہے (کہ مبادا کوئی ننگ و عار کی بات واقع ہو جائے)

ذَرِيْنِي فَأَنْتِي ذُوْ فَعَالٍ تَهُمُّنِي
نَوَائِبُ يَغْشَى رُزْؤُهَا وَ حُقُوْقُ

مجھے رہنے دو کیونکہ میں تو اچھے کام کرنے والا ہوں - مجھے ان حقوق اور مشکلات کی فکر دامن گیر رہتی ہے جن کی مصیبت مجھ پر چھائی ہوتی ہے

وَ كُلُّ كَرِيْمٍ يَتَّقِي الذَّمَّ بِالْقِرَى
وَ لِلْحَقِّ بَيْنَ الصَّالِحِيْنَ طَرِيْقُ

ہر سخی انسان مہمانوں کی ضیافت کر کے مذمت سے بچتا ہے اور (مہمانوں کے) حقوق کا راستہ صالحین کے یہاں کھلا ہی رہتا ہے

لَعَمْرُكَ مَا ضَاقَتْ بِلَادٌ بِأَهْلِهَا
وَ لَكِنَّ أَخْلَاقَ الرِّجَالِ تَضِيْقُ

تیری جان کی قسم شہر اپنے باشندوں کی کثرت سے تنگ نہیں ہوتے البتہ لوگوں کے اخلاق میں تنگی آ جاتی ہے

ایک اور شاعر کہتا ہے :

أَجَلَّكَ قَوْمٌ حِيْنَ صِرْتَ إِلَى الْغِنَى
وَ كُلُّ غَنِيٍّ فِي الْقُلُوْبِ جَلِيْلُ

[٦١] جب تو مال دار ہوگیا تو تیری قوم تیری تعظیم کرنے لگے گی - ہر مال دار انسان لوگوں کے دلوں میں جلیل القدر خیال کیا جاتا ہے

Marfat.com

وَ لَيْسَ الغِنٰى إلاّ غِنَى زَيَّنَ الفَتٰى
عَشِيَّةَ يَقْرِى أَوْ غَدَاةَ يُنِيْلُ،

لیکن درحقیقت مال داری وہ مال داری ہے جو انسان کو اس رات زینت بخشے جب وہ مہمانوں کی ضیافت کرے یا اس صبح جس میں وہ کسی کو کچھ عطا کرے

اور مثلم[1] بن ریاح مُرّی کہتا ہے :

[2]بَكَرَا لَعَوَاذِلُ بِالسَّوَادِ يَلُمْنَنِى
جَهْلاً يَقُلْنَ أَلاَ تَرَى مَا تَصْنَعُ،

ملامت کرنے والی عورتیں آخر شب کی تاریکی ہی میں یعنی پو پھٹنے سے بھی قبل مجھے نادانی کے باعث ملامت کرنے لگیں اور کہنے لگیں : کیا تو نہیں دیکھ رہا کہ تو کیا کر رہا ہے

أَفْنَيْتَ مَالَكَ فِى السَّفَاهِ وَ إِنَّمَا
أَمْرُ السَّفَاهَةِ مَا أَمَرَ تْكَ أَجْمَعُ،

تو نے اپنا مال بیوقوفی کی وجہ سے تباہ کر دیا ہے (حالانکہ درحقیقت) جس بات کا وہ تمہیں حکم دے رہی ہیں (یعنی بخل) وہی سب سے بڑی بیوقوفی کی بات ہے

وَ قَتُودِ نَاجِيَةٍ وَ ضَعْتُ بِقَفْرَةٍ
وَ الطَّيْرُ غَاشِيَةُ الْعَوَا فِىْ وَ قَّعُ،

اور کئی تیز رفتار اُونٹنیوں کے پالانوں کی لکڑیوں کو اُتار کر

---

۱ - مثلم بن ریاح السُمّری یہ جاہلی شعرا میں سے ہے - اس نے حباشہ کو جو حارث بن ظالم کی پناہ میں تھا قتل کر دیا تھا اور پھر حصین بن حمام مرّی کے پاس آ کر پناہ لی تھی - حصین نے نہ صرف اسے پناہ دی بلکہ مقتول حباشہ کی دیت بھی اس کی طرف سے ادا کر دی -

۲ - حماسہ : ۳۱۵

Marfat.com

میں نے چٹیل میدانوں میں رکھ دیا (تاکہ اُونٹنی کو ذبح کروں) درآنحالیکہ پرندے سائلوں کے اُوپر چھائے ہوئے تھے اور ان پر گر گر پڑتے تھے

بِمُهَنَّدٍ ذِی حِلْیَةٍ جَرَّدَ تُّهُ،
یَبْرِی الأَصَمَّ مِنَ العِظَامِ وَیَقْطَعُ،

میں نے اس اُونٹنی کو اس تیز ہندی اور مزیّن و آراستہ تلوار سے ذبح کیا جسے میں نے میان سے نکال لیا تھا اور جو ٹھوس ہڈیوں تک کو کاٹ ڈالتی تھی

لِتَنُوبَ نَائِبَةٌ فَتَعْلَمَ أَنَّنِی
مِمَّنْ یَغُرُّ عَلَی الثَّنَاءِ فَیُخْدَعُ،

میں نے اس اُونٹنی کو اس لیے ذبح کیا کہ کوئی اُترنے والا قافلہ آ کر میرے پاس اُترے اور اسے معلوم ہو جائے کہ میں ان لوگوں میں سے ہوں جو تعریف سے دھوکا کھاتے اور فریب میں آ جاتے ہیں

إِنِّی مُقَسِّمُ مَا مَلَکْتُ فَجَاعِلٌ
أَجْراً لآخِرَةٍ وَذُخْرًا تَنْفَعُ،

میں اپنے مال کا تقسیم کرنے والا ہوں اور اسے آخرت کے اجر یا دنیا کی منفعت پر لگا دینے والا ہوں

اور ارطاة[1] بن سُهَیَّة السُّمَّری کہتا ہے :

---

۱ - ارطاة بن سُهَیَّة - ارطاة بن زُفَر بن جَزء بن شدّاد - یہ بنی مُرة بن نُشبہ بن غَیظ بن مرة میں سے تھا اور سُهَیَّة اس کی والدہ بنی کلب میں سے تھی - یہ گرفتار ہو کر آئی تھی - پہلے ضرار بن الأزْور کے پاس تھی پھر حمل کی حالت میں زفر کے پاس آ گئی اور ارطاة پیدا ہؤا اور والدہ کا نام ہی غالب رہا - یہ اسلامی عہد کا شاعر ہے - معاویہ رض کے عہد میں شعر کہے اور سلیمان کے عہد تک زندہ رہا - بقول ابن حجر (اصابہ) اس نے جاہلیت کا زمانہ بھی پایا تھا (شرح امالی : ۲۹۹ اور ۶۳۰) -

Marfat.com

فَلَوْ[۱] اَنَّ مَا نُعْطِی مِنَ المَالِ نَبْتَغِی
بِهِ الحَمْدَ یُعْطِی مِثْلَهُ زَاخِرُ البَحْرِ
تعریف حاصل کرنے کی غرض سے جس قدر مال ہم خرچ کرتے ہیں اگر اس قدر مال موجزن سمندر خرچ کرتا

لَظَلَّتْ قَرَاقِیرُ صِیَامًا بِظَاهِرٍ
مِنَ الضَّحْلِ کَانَتْ قَبْلُ فِی لُجَجٍ خُضْرِ
تو وہ کشتیاں جو پہلے سیاہ موجوں میں چلتی تھیں کم پانی کی سطح پر کھڑی کی کھڑی رہ گئی ہوتیں

وَ لَا نَکْسِرُ العَظْمَ الصَّحِیحَ تَعَزُّزًا
وَ نُغْنِی عَنِ المَوْلٰی وَ نَجْبُرُ ذَا الکَسْرِ
ہم (صرف) صحیح و سالم ہڈی ہی کو غرور کے ساتھ نہیں توڑتے۔ ہم تو اپنے مولیٰ کی مدافعت بھی کرتے ہیں اور مظلوم کی مدد بھی کرتے ہیں

غَلَبْنَا بَنِی حَوَّاءَ مَجْدًا و سُؤْدَدًا
وَلٰکِنَّنَا لَمْ نَسْتَطِعْ غَلَبَ الدَّهْرِ
[۶۲] ہم اپنی بزرگی اور سرداری کی بدولت حوّاء کی اولاد پر غالب آ گئے ہیں مگر زمانے پر غالب آنے کی قدرت نہیں رکھ سکے (اگر عاجز آئے تو فقط انقلاب کے روبرو)

اور حجر بن حیہ العبسی کہتا ہے :

وَلَا أَدَوِّمُ قِدْرِی بَعْدَ مَا انْضَجَتْ
بُخْلًا لِتَمْنَعَ مَا فِیهَا اَثَا فِیهَا

---

۱ - حماسہ : ۳۱۶
۲ - محمد بہجة اثری لکھتے ہیں : لا اُطِیْلُ ادامة قدری - اعزاز علی لکھتے ہیں : دَوَّمه : اَطَالَه، مگر یہ معنی درست نہیں ہیں - لسان العرب میں ہے : اَدَام القِدْرَ و دَوَّ مَهَا اِذَا غَلَتْ فَنَضَحَها بالماء البارد لیسکن غَلَیَانُها.....یُقَال اَدَامَ القِدر اذا سَکَّنَ غَلَیَانَهَا بأن لا یُوقَدَ تحتها و لا یُنْزِلَ لَهَا - و کذلک دَوَّم -

Marfat.com

میں اپنی ہنڈیا کو پک جانے کے بعد بخل کی وجہ سے چولھے پر نہیں رہنے دیتا تاکہ اس کے بٹّے اس کھانے کو جو ہنڈیا کے اندر ہے بچا سکیں

حَتّٰی تُقَسَّمَ شَتّٰی بَیْنَ مَا وَسِعَتْ
وَلَا یُوءَنِّبَ تَحْتَ اللَّیْلِ عَافِیْهَا

(مجھے چین نہیں آتا) تاآنکہ اسے جتنے حصوں میں بھی ہو سکے تقسیم نہ کیا جائے۔ رات کی تاریکی میں کسی سائل سے بھی سختی سے پیش نہیں آیا جا سکتا

لَا أَحْرِمُ الْجَارَةَ الدُّنْیَا إِذَا قَتَرَبَتْ
وَ لَا أَقُوْمُ[1] بِهَا فِی الْحَیِّ أُخْزِ بِهَا

میں قریب کی پڑوسن کو جب میرے پاس آ جائے اپنے عطیوں سے محروم نہیں کرتا اور نہ ہی قبیلہ میں اسے رسوا کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں

---

۱ - اعزاز علی لکھتے ہیں : قام بِهٖ : کَفَلَهٗ و حَفِظَهٗ۔ مگر یہ معنی یہاں چسپاں نہیں ہوتے۔ لسان العرب میں ہے : و معنی القیام العَزْم کَقول العمانی الراجز :

قُلْ لِلاِمَامِ الْمُقْتَدَی بِاَمِّهٖ
مَا قَاسِمٌ دُوْنَ مَدَی ابْنِ اُمِّهٖ
فَقَدْ رَضِیْنَاهُ فَقُمْ فَسَمِّهٖ

ای فاعزِمْ و نُصَّ علیہ۔ محمد بہجۃ اثری نے یہ معنی دیے ہیں تقول العرب قام بنی فلان و قعد اذا فشا عنک قبیحاً۔ یہ محاورہ تو قام به وقعد ہے اور یہاں قعد کا لفظ نہیں ہے۔

Marfat.com

وَ لاَ اُكَلِّمُهَا اِلاَّ عَلاَنِيَةً
وَ لاَ اُخَبِّرُ هَا اِلاَّ اُنَادِ يْهَا

اور میں اس کے ساتھ جو گفتگو بھی کرتا ہوں علانیہ کرتا ہوں اور جو خبر بھی اسے دیتا ہوں وہ بلند آواز سے اور پکار کر دیتا ہوں

مساور بن ہند بن قیس بن زہیر کہتا ہے :

فِدًی لِبَنِی ذُهْلٍ هِنْدٍ غَدَاةَ دَعَوْتُهُمْ
بِجَوٍ وَ بَالَ السَّفْسُ وَ الْاَهْوَانِ

میرا نفس اور میرے والدین بنی ہند پر اس صبح کو فدا ہوں جب میں نے انھیں وبال کی زمین میں (مدد کے لیے) پکارا تھا

اِذَا جَارَةٌ شُلَّتْ لِسَعْدِ بْنِ مَالِكٍ
لَهَا اِبِلٌ شُلَّتْ لَهَا اِبِلاَنِ

جب کوئی شخص سعد بن مالک کی کسی پڑوسن کا ایک اُونٹ ہانک لے جائے تو (اس پڑوسن کی خاطر) ہانک لے جانے والے کے دو اُونٹ ہانک لائے جاتے ہیں

اِذَا عَقَدَتْ اَفْنَاءُ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ
لَهَا ذِمَّةٌ عَزَّتْ بِكُلِّ مَكَانِ

جب سعد بن مالک کے وہ لوگ جو مختلف اطراف میں بکھر گئے ہوں کسی پڑوسن کو کوئی عہد دے دیں تو وہ پڑوسن ہر مقام پر قابل عزت ہو جاتی ہے

اِذَا سُئِلُوا مَالَمْ يَشَأْ بِالْحَقِّ فِيْهِمِ
اَبَی كُلُّ مَجْنِيٍّ عَلَيْهِ وَ جَانِيْ

جب ان سے کسی ناحق بات کا مطالبہ کیا جائے تو ان میں سے ہر شخص خواہ مظلوم ہو (یعنی کمزور) خواہ ظالم (طاقتور) اس ناحق بات کے قبول کرنے سے انکار کر دیتا ہے

---

۱ - نثر یوں ہوں گی : اذا شُلَّت اِبلاَنِ مِن اِبلِ جارة سعد بن مالك -

Marfat.com

وَ دَارِ حِفَاظٍ قَدْ حَلَلْتُمْ مُهَانَةً
بِهَا نِيْبُكُمْ وَالضَّيْفُ غَيْرُ مُهَانِ

(اے بنی ہند) تم بہت سے حمیت کے مقامات پر جا کر اُترے جہاں تمھارے اُونٹ تو قیمت کھو بیٹھتے تھے مگر تمھارے مہمان کی توہین نہ ہوتی تھی

ایک اور شاعر کہتا ہے :

جَزَى اللهُ خَيْرًا غَالِبًا مِنْ عَشِيْرَةٍ
إِذَا حَدَثَانُ الدَّهْرِ نَابَتْ نَوَائِبُهَا

خدا قبیلۂ غالب کو جزائے خیر دے ایسے عالم میں کہ حوادثِ زمانہ کے مصائب نازل ہو رہے ہوں

فَكَمْ دَفَعُوْا مِنْ كُرْبَةٍ قَدْ تَلَاحَمَتْ
عَلَيَّ وَ مَوْجٍ قَدْ عَلَتْنِيْ غَوَارِبُهُ

کیونکہ انھوں نے بہت سی ایسی مصیبتوں کو جو مجھے سختی سے چمٹ گئی تھیں اور بہت سی ایسی موجوں کو جن کے بالائی حصے میرے اُوپر چڑھ آئے تھے مجھ سے دور کر دیا

إِذَا قُلْتُ عُوْدُوْا عَادَ كُلُّ شَمَرْدَلٍ
أَشَمَّ مِنَ الْفِتْيَانِ جَزْلٍ مَوَاهِبُهُ

جب میں کہتا ہوں کہ (احسان اور عطا کی طرف) لوٹ آؤ تو ان کا ہر قد آور سخی اور کثیرالعطا نوجوان لوٹ آتا ہے

إِذَا أَخَذَتْ بُزْلُ الْمَخَاضِ سِلَاحَهَا
تَجَرَّدَ مِنْهَا مُثْنِفُ الْمَالِ كَاسِبُهُ

[۶۳] جب جوان اور حاملہ اُونٹنیاں (اپنے محاسن کی وجہ سے بچاؤ کے) ہتھیار سے لیس ہو جائیں تو ایک مال لگا دینے والا اور کمانے والا

---

۱ - حماسہ : ۳۱۷

Marfat.com

(ان کو بخش دینے یا ذبح کرنے کے لیے) آمادہ ہو جاتا ہے
ایک اور شاعر کہتا ہے :

وَ لَیْسَ فَتَی الفِتْیَانِ مَنْ جُلُّ هَمِّهِ
صَبُوحٌ وَ اِنْ أَمْسٰی فَفَضْلُ غَبُوقِ

وہ انسان صحیح معنوں میں جواں مرد نہیں جس کی ہمہ تن فکر اس طرف لگی ہے کہ وہ صبح کی شراب پیے اور جب شام ہو تو شام کی باقی ماندہ شراب پی جائے

وَ لٰکِنَّ فَتَی الفِتْیَانِ مَنْ رَاحَ اَوْ غَدَا
لِضُرِّ عَدُوٍّ اَوْ لِنَفْعِ صَدِیقِ

مگر درحقیقت صحیح معنوں میں جواں مرد وہ شخص ہے جو صبح و شام دشمن کو نقصان پہنچانے یا دوست کو نفع پہنچانے کی غرض سے نمودار ہوتا ہو

[1] اور بنی عبد مناف میں سے خراز بن عمرو کہتا ہے :

لَنَا اِبِلٌ لَمْ تُهِنْ رَبَّهَا
کَرَائِمُهَا وَالفَتَی ذَاهِبُ

ہمارے اصیل اُونٹ ہیں جن کے اصیل ہونے نے ان کے مالک کو ذلیل نہیں کیا اور انسان تو (اس دنیا سے) جلد ہی چلا جانے والا ہے

هِجَانٌ یُکَافَأُ مِنْهَا الصَّدِیقُ
وَ یُدْرِکُ فِیهَا الْمُنٰی الرَّاغِبُ

یہ سفید رنگ کے (اصیل) اُونٹ ہیں جن سے دوستوں کو بدلہ دیا جاتا ہے اور ان اُونٹوں کے (لینے کی) خواہش کرنے والا اپنی آرزو پا لیتا ہے

---

۱ - حماسہ : ۳۱۸

Marfat.com

و نَطْعَنُ عَنْهَا نُجُورَ العِدٰی
وَیَشْرَبُ مِنَّا بِهَا الشَّارِبُ

(یہ اُونٹ ہم کو اس قدر عزیز ہیں کہ) ہم ان کی حفاظت کرتے ہوئے دشمنوں کے سینوں میں نیزے مارتے ہیں اور ہمارے شراب پینے والے انھیں بیچ کر شراب پیتے ہیں

وَ نُؤ لِفُهَا فِی السِنِیْنَ الکَلُولَ
إِذَا لَمْ یَجِدْ مَکْسِبًا کَاسِبُ

اور قحط سالی کے زمانے میں ہم ان اُونٹوں کو یتیموں اور کمزوروں سے مانوس کر دیتے ہیں (ایسی قحط سالی کہ) کمانے والے کو کوئی ذریعہ معاش نہ ملے

وَ لَمْ تَکُ یَدْمًا إِذَا رَوَّحَتْ
عَلَی الحَیِّ یَلْقَی لَهَا جَادِبُ

جب انھیں شام کے وقت واپس قبیلے میں لایا جاتا ہے تو کوئی دن ایسا نہیں ہوتا کہ کسی نہ کسی نئے شخص کی ضیافت[1] نہ کی جاتی ہو

حَبَانَا بِهَا جَدُّنَا و الاِ لَهُ
وَ ضَرْبٌ لَنَا خَذِمٌ صَائِبُ

ہمیں یہ اُونٹ ہمارے دادا نے، اللہ نے اور اس تلوار نے عطا کیے جس کا وار کبھی اوچھا نہیں پڑتا

---

۱ - میرے نزدیک یہاں جَادب بمعنی مُجْدِبٌ ہے چنانچہ کہتے نَزَلْنَا بِفُلَانٍ فَاَجْدَبَ بِنَاهُ ای لَمْ یُقِرِنَا ۔ دیگر شُرَّاح نے جَادبٌ بمعنی عَائِبٌ دیا ہے اس صورت میں معنی یوں ہوں گے کہ جب یہ اُونٹ شام کو واپس آتے ہیں تو کوئی شخص ان پر عیب نہیں لگاتا ۔

Marfat.com

[1] اور مفرس بن ربعی کہتا ہے :

وَ اِنِّیَ لَاَدْعُوْ الضَّیْفَ بِالضَّوْءِ بَعْدَمَا
کَسَتَی الْاَرْضَ نَضَّاحُ الْجَلِیْدِ وَجَامِدُہٗ

جب زمین پالے کے چھینٹوں اور برف سے ڈھک چکی ہو تو میں مہمان کو اپنی (آگ کی) روشنی کے ذریعے بلاتا ہوں

لِاُکْرِمَہٗ اِنَّ الْکَرَامَۃَ حَقُّہٗ
وَ مِثْلَانِ عِنْدِیْ قُرْبُہٗ وَ تَبَاعُدُہٗ

تاکہ اس کی تعظیم کروں کیونکہ یہ تو اس کا حق ہے اور میرے لیے اس کا نزدیک کا ہونا یا دور ہونا ایک جیسا ہے

أَبِیْتُ أُعَشِّیْہِ السَّدِیْفَ وَ أَنَّنِیْ
بِمَا نَالَ حَتَّی یَتْرُکَ الْحَیَّ حَامِدُہٗ

میں رات بھر اسے کوہان کی چربی کھلاتا رہتا ہوں اور جو ضیافت اور عطیے وہ مجھ سے حاصل کرتا ہے اس پر (اُلٹا) میں اس کی تعریف کرتا ہوں یہاں تک کہ وہ قبیلے کو چھوڑ کر چلا جاتا ہے۔ (میں اسے احساس دلاتا رہتا ہوں کہ وہ میرے دسترخوان پر کھانا قبول کر کے مجھ پر احسان کر رہا ہے)

اور[2] حماس بن ثامل کہتا ہے :

وَ مُسْتَنْبِحٍ فِیْ لُجِّ لَیْلٍ دَعَوْتُہٗ
بِمَشْبُوْبَۃٍ فِیْ رَأْسِ صَمْدٍ مُقَابِلٍ

[۶۴] مسافرانِ شب میں سے کسی نے رات کی تاریکی میں کتوں کو بھونکایا۔ میں نے اس کو ایک ٹیلے پر اس کے سامنے جلائی ہوئی آگ کے ذریعے بلایا

---

۱ - حماسہ : ۳۲۳ -

۲ - حماس عہد اسلامی کا شاعر ہے اور اس کا شمار مخضرموا الدولتین میں ہوتا ہے -

Marfat.com

وَ قُلْتُ لَهٗ اَقْبِلْ فَاِنَّکَ رَاشِدٌ
وَ اِنَّ عَلَی النَّارِ النُّدٰی و ابْنُ ثَامِلٍ

اور میں نے اس سے کہا : چلے آؤ کیونکہ تم نے صحیح راستہ پا لیا ہے ۔ اس آگ پر سخاوت بھی موجود ہے اور ابن ثامل جیسا سخی آدمی بھی

اور[1] نمری کہتا ہے ۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ اشعار بنی باھلہ میں سے کسی شخص کے ہیں :

وَ دَاعٍ دَعَا بَعْدَ الْھُدُوْءِ کَاَنَّ نَسْمَا
یُقَاتِلُ اَھْوَالَ السُّرٰی وَ تُقَاتِلُهٗ

رات کے پُرسکون ہو جانے کے بعد ایک پکارنے والے نے اس طرح پکارا کہ معلوم ہوتا تھا گویا وہ رات کے سفر کی ہولناکیوں کے خلاف رزم آرا ہے

دَعَا بَائِسًا شِبْهَ الْجَنُوْنِ وَ مَا بِهٖ
جَنُوْنٌ و لٰکِنْ کَیْدُ اَمْرٍ یُحَاوِلُهٗ

اس نے ایک قسم کے جنون کے باعث مصیبت کی حالت میں پکارا حالانکہ درحقیقت اسے جنون نہ تھا البتہ وہ ایک مقصد کے لیے حیلہ و تدبیر کر رہا تھا

فَلَمَّا سَمِعْتُ الصَّوْتَ نَادَیْتُ نَحْوَهٗ
بِصَوْتِ کَرِیْمِ الْجَدِّ حُلْوٍ شَمَائِلُهٗ

جب میں نے اس کی آواز سنی تو میں نے اس کی طرف منہ کر کے ایک کریم الاجداد میٹھے اخلاق والے آدمی کی سی آواز نکال کر پکارا

---

۱ - غالباً یہ منصور بن سَلَمہ بن ربرقان النَمَری ہے جو کُلثوم عتابی کا شاگرد اور راویہ ہے اور شعروں میں اسی کا تتبع کرتا ہے ۔

Marfat.com

فَأَبْرَذْتُ نَارِیْ ثُمَّ أَثْقَبْتُ ضَوْءَ هَا
وَأَخْرَجْتُ كَلْبِیْ وَهْوَ فِی الْبَیْتِ دَاخِلُه

اس کے بعد میں نے اس کے لیے اپنی آگ کو نمایاں کیا پھر اس کی روشنی کو تیز کیا اور اپنے کتے کو گھر کے اندر سے باہر نکالا

فَلَمَّا رَآنِیْ كَبَّرَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ
وَبَشَّرَ قَلْبًا كَانَ جَمًّا بَلَابِلُه

جب اس نے مجھے دیکھا تو اس نے خدائے واحد کے نام کی تکبیر کہی اور اپنے کثیرالہموم دل کو بشارت دی (کہ تو اب سخی آدمی کے پاس آ گیا ہے لہٰذا غم کھانے کی کوئی ضرورت نہیں)

فَقُلْتُ لَهٗ أَهْلًا وَسَهْلًا وَمَرْحَبًا
رَشَدْتَ وَلَمْ أَقْعُدْ إِلَیْهِ أُسَائِلُه

میں نے اسے اہلاً و سہلاً و مرحباً کہا اور کہا کہ تو صحیح مقام پر آ گیا ہے اور اس کے پاس کسی قسم کا سوال کرنے کے لیے نہیں بیٹھا (تاکہ کھانے کے تیار کرنے میں دیر نہ لگ جائے)

وَقُمْتُ إِلَی بَرْكٍ هِجَانٍ أَعُدُّه
لِوَجْبَةِ حَقٍّ نَازِلٍ أَنَا فَاعِلُه

اور میں اُٹھ کر سفید اُونٹوں کی ایک بیٹھی ہوئی جمعیت کے پاس گیا جسے میں اُترنے والے (مہمان) کے ضروری حقوق کی ادائی کے لیے تیار رکھتا ہوں

بِأَبْیَضَ خَطَّتْ نَعْلُه حَیْثُ أَدْرَكَتْ
مِنَ الْأَرْضِ لَمْ تَخْطَلْ عَلَیَّ حَمَائِلُه

میں ایک چمک دار تیز تلوار لے کر (اُٹھا) جس کی کُوتھی (نوک والا حصہ) جس جگہ بھی زمین پر لگتی خط کھینچ دیتی مگر اس کا پرتلا میرے جسم پر ڈھیلا معلوم نہ ہوتا تھا

Marfat.com

فَجَـالَ قَلِيْلاً وَ اتَّـقَانِيْ بِخَيْرِهٖ
سِنَامًـا وَ اَمْلاَهُ مِـنَ الْمَتْنِ كَاهِلُـهٗ

(اُونٹوں کی یہ جمعیت) تھوڑی دیر تک اِدھر اُدھر دوڑتی رہی میرے اور ان کے درمیان ایک ایسا اُونٹ آ گیا جس کی کوہان ان سب سے بہتر اور جس کا کندھا (گودے سے) ان سب سے زیادہ بھرا ہؤا تھا

بِقَرْمٍ هِجَانٍ مُصْعَبٍ كَانَ فَحْلُهَا
طَوِيْلَ الْقَرَى لَمْ يَعْدُ اَنْ شُقَّ بَازِلُهٗ

[۶۵] یہ ایک ایسا نوجوان قوی اور سفید نر اُونٹ تھا جو اس ساری جماعت کا سانڈ تھا ۔ لمبی پیٹھ والا تھا ۔ ابھی اس کا دانت[1] نکلا ہی تھا (نوجوان تھا)

فَخَرَّ وَظِيْفُ الْقَرْمِ فِيْ نِصْفِ سَاقِهٖ
وَ ذَاكَ عِقَالٌ لَا يُنَشَّطُ عَاقِلُهٗ

(میں نے اس کی پنڈلی پر تلوار ماری) سو اس اُونٹ کی اگلی آدھی پنڈلی کٹ کر گر گئی اور یہ ایک ایسی رسی ہے جس کا باندھنے والا (اسے پھر) کھول نہیں سکتا (اس کے بعد اُونٹ دوڑ نہ سکتا تھا)

بِذٰلِكَ اَوْصَانِيْ اَبِيْ وَ بِمِثْلِهٖ
كَذٰلِكَ اَوْصَاهُ قَدِيْمًا اَوَائِلُهٗ

مجھے میرے باپ نے یہی وصیت فرمائی تھی اور اسی طرح میرے باپ کے بزرگوں نے اسے وصیت کی تھی

---

۱ - اور یہ دانت نو سال کی عمر میں نکلتا ہے اور اُونٹ نو سال کی عمر میں پورا جوان ہوتا ہے ۔ یعنی یہ اُونٹ بھرپور جوانی میں تھا ۔

Marfat.com

اور نابغہ[1] ذبیانی کہتا ہے :

لَہٗ بِفِنَاءِ البَیْتِ سَوْدَاءُ فُخْمَۃٌ
تُلَقِّمُ اَوْصَالَ الجَزُوْرِ العُرَاعِرِ

اس (نعمان) کے صحن میں ایک سیاہ بڑی دیگ ہے جو ایک موٹی اُونٹنی کے جوڑوں کو نگل جاتی ہے

بَقِیَّۃُ قِدْرٍ مِنْ قُدُوْرِ تُوُرِّثَتْ
لِاٰلِ الجُلَاحِ کَابِرًا بَعْدَ کَابِرٍ

یہ ان دیگوں کی بقیہ یادگار ہے جو آل جُلاح کی تھیں اور نسلاً بعد نسل ان کے ورثے میں چلی آئیں

تَظَلُّ الاِمَاءُ یَبْتَدِرْنَ قَدِیْحَھَا
کَمَا ابْتَدَرَتْ سَعْدٌ مِیَاہَ قَرَاقِرِ

لونڈیاں اس دیگ کے باقی ماندہ شوربے کو اس طرح جلدی جلدی پیالے بھر بھر کر نکالتی ہیں جس طرح بنی سعد قراقر کے پانی کو جلدی جلدی نکالتے ہیں

---

۱ - نابغہ لقب ہے اور اس لقب کے عربی زبان میں کئی شعرا ہوئے ہیں - اس کا نام زیاد بن معاویہ ہے - ان اشعار کے کہنے کا سبب یہ ہؤا کہ نعمان بن وائل بن الحلاج تغلبی نے بنی ذبیان پر لوٹ مار کا حملہ کیا اور چند عورتوں کو قید کر کے لے گیا جن میں نابغہ کی بیٹی عقرب بھی تھی - نعمان نے جب اس سے دریافت کیا تو اس نے بتلایا کہ میں نابغہ کی بیٹی ہوں - نعمان نے کہا ، ''اللہ کی قسم ہم تو کسی کی اتنی عزت نہیں کرے جتنی تمہارے باپ کی کرتے ہیں'' - نعمان نے اسے چھوڑ دیا - پھر کہا ، شاید نابغہ اتنے پر راضی نہ ہو تو پھر سب کو رہا کر دیا - اس پر نابغہ نے اس کی مدح میں یہ اشعار کہے - ملاحظہ ہو حماسہ : ۳۲۴-۳۲۵

Marfat.com

[1]اور فرزدق کہتا ہے :

وَدَاعٍ بِلَحْنِ الکَلْبِ یَدْعُوْ دُوْنَہٗ
مِنَ اللَّیْلِ سِجْفًا ظُلْمَۃٍ وغُیُوْ مُہَا

اور بہت سے کتے کی سی آواز نکال کر پکارنے والوں میں سے کسی نے اس وقت پکارا جبکہ اس کے سامنے رات کے دو پردے تھے ایک گھنی تاریکی دوسرے بادل

دَعَا وَھْوَ یَرْجُوْ اَنْ یُنَبِّہَ اِذْ دَعَا
فَتیً کَابْنِ لَیْلٰی حِیْنَ غَارَتْ نُجُوْمُہَا

اس نے ستاروں کے غروب ہو جانے کے بعد پکارا اور اس پکارنے سے اس کی یہ آرزو تھی کہ ابن لیلیٰ یعنی فرزدق جیسے شخص کو جگا دے

بَعَثْتُ لَہٗ دَھْمَاءَ لَیْسَتْ بِلِقْحَۃٍ
تَدُرُّ اِذَا مَاھَبَّ نَحْسًا عَقِیْمُہَا

میں نے اس کے لیے ایک سیاہ رنگ کی دیگ دیگدان پر چڑھائی ۔ یہ دودھ دینے والی اونٹنی نہ تھی ۔ یہ دیگ اس وقت دودھ (مراد شوربا) دیتی ہے جب سرد اور بانجھ ہوا چلتی ہے (خزاں کے موسم میں جب ہر طرف ویرانی اور بھوک پھیل جاتی ہے میری سخاوت بہار پر ہوتی ہے)

کَاَنَّ الْمَحَالَ الْغُرَّ فی حَجَرَاتِہَا
عَذَارَی بَدَتْ لَمَّا اُصِیْبَ حَمِیْمُہَا

اس دیگ کے اطراف میں سفید سرہانے پشت یوں دکھائی دیتے ہیں جیسے باکرہ لڑکیاں اپنے قریبی رشتہ دار کے قتل ہونے پر (سیاہ لباس میں) ظاہر ہوئی ہوں

غَضُوْبًا کَحَیْزُوْمِ النَّعَامَۃِ اُحْمَشَتْ
بِاَجْوَازِ خُشْبٍ زَالَ عَنْھَا ھَشِیْمُہَا

[۶۶] یہ ہنڈیا سخت غصے کی حالت میں تھی (یعنی خوب جوش مار رہی تھی) اور (اس کا سینہ) شتر مرغ کے سینے کی طرح آگے کو نکلا

---

۱ - حماسہ : ۳۲۵

Marfat.com

ہؤا تھا ۔ اس کے نیچے ایسی لکڑی کے گٹھے جلائے گئے تھے جن سے سوکھی ٹہنیاں جدا کی گئی تھیں

مُحَضَّرَۃٌ لاَ یُجْعَلُ السِّتْرُ دُوْنَہَا
اِذَا الْمُرْضِعُ الْعَوْہَاءُ جَالَ بِرِیْمُہَا

اس ہنڈیا پر لوگ کثرت سے آتے رہتے ہیں ۔ ہم اسے اس وقت بھی چھپا کر نہیں رکھتے جب بچے کو دودھ پلانے والی مہربان والدہ کا مُہروں کا ہار (لاغری کے باعث) ڈھیلا ہو جائے (خواہ کتنا ہی قحط و نایابی کا دور ہو)

شُرَیح [۲] بن الاحوص کہتا ہے

---

۱ ۔ عوجاء وہ عورت جو اپنے بچوں کو دودھ پلانے میں مہربان ہو ۔ لسان العرب میں ہے امرأۃ عوجاء اذا لہا ولد تعوج الیہ لترضعہ ومنہ قول الشاعر:

اذا المُرْغِثُ العَوْجَاء بَاتَ یَعُزُّہا
عَلی ثَدْیِہَا ذُوْغُتَّتَیْنِ لَہُوْجُ

محمد بہجۃ اثری اور ذوالفقار علی دونوں نے عوجاء کے معنی: اَلَّتِی اعوجت ہُزَالاً و جوعاً دیے ہیں حالانکہ یہ معنی یہاں چسپاں نہیں ہوتے ۔ انہیں یہ غلطی اس لیے لگی ہے کہ عوجاء کے دوسرے معنی: الضامرۃ من الابل کے ہیں ۔

۲ ۔ شُرَیْح جاہلی شاعر ہے ۔ یہ بہادر شاہسوار، اور سخی تھا ۔ جاہلیت میں اسے سادات میں شمار کیا جاتا تھا ۔ اس کا باپ احوص رحرحان الثانی کی جنگ میں بنی عامر کا رئیس تھا ۔ اس دن بنی عامر بن صَعْصَعَہ نے بنی تمیم پر غلبہ پایا تھا ۔ جنگ کی وجہ یہ تھی کہ حارث بن ظالم نے خالد بن جعفر بن کلاب کو قتل کر دیا ۔ پھر بھاگ کر بنی تمیم میں زرارہ بن عدس کے یہاں چلا آیا اور وہاں قیام کر لیا ۔ احوص بن جعفر اور اس کا قبیلہ بھائی کا بدلہ لینے کو آئے ۔ مقام رحرحان پر دونوں گروہوں میں جنگ ہوئی جس میں بنو تمیم کو شکست ہوئی اور حاجب بن زرارہ کا بھائی معبد بن زرارہ قید کر لیا گیا ۔ حاجب بن زرارہ بنی تمیم کا سردار تھا ۔ احوص کا بیٹا شریح ان گھوڑسواروں کا سردار تھا جو حارث بن ظالم کی تلاش میں نکلے تھے ۔

Marfat.com

وَ مُسْتَنْبِحٍ يَبْغِي المَبِيْتَ وَدُوْنَهُ
مِنَ اللَّيْلِ سِجْفَا ظُلْمَةٍ وَسُتُوْرُهَا

مسافران شب میں سے کوئی جو شب باشی کی تلاش میں تھا اور اس کے سامنے رات کی تاریکی اور اس کے کتنے ہی پردے حائل تھے

رَفَعْتُ لَهُ نَارِیْ فَلَمَّا اهْتَدَی بِهَا
زَجَرْتُ كِلَابِیْ اَنْ يَهِرَّ عَقُوْرُهَا

میں نے اس کے لیے اپنی آگ کے شعلوں کو بلند کیا پھر جب آگ کے ذریعے اس نے راستہ پا لیا تو میں نے اپنے کتوں کو ڈانٹا کہ کوئی کاٹنے والا کتا بھونکنے نہ پائے

فَبَاتَ وَاِنْ اَسْرَی مِنَ اللَّيْلِ عَقْبَةً[1]
بِلَيْلَةِ صِدْقٍ غَابَ عَنْهَا شُرُوْرُهَا

اگرچہ وہ رات کے وقت دو فرسنگ چل چکا تھا اس نے میرے پاس ایسی اچھی رات گزاری جو ہر شر اور خطرے سے مامون تھی

[2]اور مسکین الدارمی کہتا ہے

كَاَنَّ قُدُوْرَ قَوْمِیْ كُلَّ يَوْمٍ
قُبَابَ التُّرْكِ مُلْبَسَةَ الجُلَالِ

میری قوم کی دیگیں ہر روز اس طرح دکھائی دیتی ہیں جیسے ترکی خیموں پر سیاہ جھولیں ڈالی گئی ہوں

كَاَنَّ المُوْقِدِيْنَ بِهَا جِمَالٌ
طَلَاهَا الزِّفْتَ وَالقِطْرَانَ طَالِیْ

---

۱ - عقبةً : لسان العرب میں ہے العقبة قدر فرسخین محمد بہجة اثری اور ذوالفقار علی وا عزاز علی نے اس کے معنی نوبت کے کیے ہیں -

۲ - مسکین اس کا لقب ہے - اس کا اصل نام ربیعہ عامر بن اُنیف ہے - ان اشعار کے لیے ملاحظہ ہو حماسہ : ۳۲۶

Marfat.com

ان دیگوں کی دیکھ بھال کرنے والے یوں معلوم ہوتے ہیں گویا وہ ایسے اونٹ ہیں جنھیں ملنے والے نے روغن زفت اور قطران مل دیا ہو

بِاَیْدِیھِمْ مَغَارِفُ مِنْ حَدِیْدٍ
اُشَبِّھُھَا مُقَیَّرَۃَ الدَّوَالِی

اُن کے ہاتھوں میں لوہے کے چمچے ہیں (جن کے ذریعے وہ دیگوں میں سے کھانا نکالتے ہیں) اور میں انھیں ان ڈولوں سے تشبیہ دیتا ہوں جنھیں قار (روغن) مل دیا گیا ہو

[۱] اور عُکْلِیْ کہتا ہے

أَعَاذِلُ بَکَّیْنِیْ لِاَضْیَافِ لَیْلَۃٍ
نَزُوْرِ الْقِرَی اَمْسَتْ بَلِیْلاً شِمَالُھَا

اے مجھے ملامت کرنے والی مجھ پر اس رات کے مہمانوں کی خاطر رو جس میں (بوجہ قحط سالی) کم ضیافت کی جاتی ہو۔ وہ رات جس کی بادِ شمال سرد اور نم آلود ہو

أَعَامِرُ سَھْلاً لَاتَلُمِنِّیْ وَلَا تَکُنْ
خَفِیْتًا اِذَا الْخَیْرَاتُ عُدَّتْ رِجَالُھَا

اے عامر ذرا ٹھہر جاؤ۔ مجھے ملامت نہ کرو۔ جب نیکیوں کے لیے گنتی کے لوگ رہ جائیں تو تم چھپ کر نہ بیٹھو (بلکہ باہر آؤ اور سخاوت کرو)

أَرَی اٰءِ بِلْیٰ تَجْزِیْ مَجَازِیَ ھَجْمَۃٍ
کَثِیْرٍ وَاِنْ کَانَتْ قَلِیْلاً اِفَالُھَا

میں دیکھ رہا ہوں کہ اگرچہ میرے اونٹوں کے بچے کم ہیں مگر پھر بھی وہ بہت بڑی جماعت کا سا کام دیتے ہیں

مَشَاکِیْلُ مَا تَنْفَکُّ اَرْحُلَ جُمَّۃٍ
تُرَدُّ عَلَیْھِمْ نُوْقُھَا وَجِمَالُھَا

---

۲ - حماسہ : ۳۲۶

Marfat.com

میری اونٹنیوں کے بچے (عطایا کے باعث ذبح کیے جانے کے سبب سے) اکثر گم ہوتے رہتے ہیں اور کچھ لوگ ہمیشہ ان کے پاس آ کر اُترتے رہتے ہیں جن کو ان کی اونٹنیاں اور اونٹ (لوگوں کے مابین صلح کرانے یا دیت ادا کرنے کی خاطر دے دیے جاتے ہیں ۔

[1] اور جابر بن حیّان کہتا ہے

فَاِنْ یَقْتَسِمْ مَالِیْ بَنِیَّ وَ اِخْوَتِیْ
فَلَنْ یُقْسِمُوا خُلُقِی الکَرِیْمَ وَلَا فِعْلِیْ

[٦٧] اگر میرے بیٹے اور بھائی میرا مال آپس میں تقسیم کر لیں گے تو وہ میرے کریمانہ اخلاق و افعال کو آپس میں تقسیم نہ کر سکیں گے

اُھِیْنُ لَھُمْ مَالِیْ وَاَعْلَمُ اَنَّنِیْ
سَاُوْرِثُہُ الْاَحْیَاءَ سِیْرَۃَ مَنْ قَبْلِیْ

میں اپنے مہمانوں کے لیے اپنے مال کو بے وقار کر دیتا ہوں اور یہ جانتا ہوں کہ (اگر مہمانوں کو نہ دوں گا تو) گزشتگان کی طرح میں بھی زندہ (رشتہ داروں) کو ان کا وارث بنا دوں گا (مجھ سے قبل چل بسنے والے لوگ اپنے ہمراہ کچھ نہ لے گئے تھے)

اور عتبہ[2] بن بُجَیر کہتا ہے

لِحَافِیْ لِحَافُ الضَّیْفِ وَ الْبَیْتُ بَیْتُہٗ
وَ لَمْ یُلْھِنِیْ عَنْہُ غَزَالٌ مُقَنَّعُ

میرا لحاف مہمان کا لحاف ہے ، میرا گھر اس کا گھر ہے اور میری نقاب پوش ہرنی (بیوی) مجھے اس سے غافل نہیں کر سکتی

اُحَدِّثُہٗ اِنَّ الْحَدِیْثَ مِنَ الْقِرٰی
وَ تَعْلَمُ نَفْسِیْ اَنَّہٗ سَوْفَ یَھْجَعُ

میں (کھانا کھلانے کے بعد) اس سے باتیں کرتا ہوں کیونکہ مہمان سے باتیں کرنا بھی ضیافت ہی میں شامل ہے ۔ مجھے معلوم ہے کہ وہ (سفر کی تھکان کی وجہ سے) جلدی سو جائے گا

---

۱ حسہ : ۳۲۶ ، ۲ - حماسہ : ۳۲۶

Marfat.com

اور سَرّار[1] فقعسی کہتا ہے

آلَیْتُ لاَ اُخفِی ٭ اِذَا اللَّیْلُ جَنَّنِی ٭
سَنَا النَّارِ عَنْ ٭ سَارٍ وَ لاَ مُتَنَوِّرِ

میں نے قسم کھائی ہے کہ جب رات چھا جائے گی تو میں اپنی آگ کی روشنی کو رات کے چلنے والے اور دور سے دیکھنے والے سے چھپا کے نہ رکھوں گا

فَیَا مُوقِدَیْ ٭ نَارِی ٭ ارفَعَاهَا لَعَلَّهَا
تُضِیءُ لِسَارٍ آخِرَ اللَّیْلِ مُقْتِرِ

اے میری آگ کے جلانے والے دو ملازمو ، اس کے (شعلوں کو) اور بلند کرو تا کہ یہ کسی رات کے آخر میں چلنے والے محتاج آدمی کے لیے روشن ہو

وَ مَاذَا عَلَیْنَا اَن یُوَاجِهَ نَارَنَا
کَرِیْمُ المُحَیَّا شَاحِبُ المُتَحَسَّرِ

ہمارا کیا حرج ہے اگر کوئی شریف چہرے والا جس کے جسم کا رنگ بدل چکا ہو ہماری آگ کے سامنے آکر کھڑا ہو جائے

اِذا قَالَ مَنْ ٭ اَنْتُمْ ٭ لِیَعْرِفَ اَهْلَهَا
رَفَعْتُ لَه' بِاسِمِی وَ لَمْ ٭ أتنکّرِ

جب وہ آگ والوں کو جاننے کے لیے کہتا ہے : تم کون ہو ؟ تو میں اپنا نام بلند آواز سے کہتا ہوں - میں اجنبی نہیں بنتا

---

۱ - مسّار فقعسی : مسّار سات شعرا کا نام ہے - مسّار فقعسی ، مسّار عَدَوِی ، مسّار عجلی ، مسّار طائی ، مسّار شیبانی ، مسّار کلبی ، مسّار حرشی اور یہ مسّار مسّار بن سعید بن حبیب بن خالد بن نضلۃ الاشحّج ابن حَجْوان بن فَقْعس ہے - اس کی کنیت ابو حسّان ہے - عہد اسلامی کا شاعر ہے (شرح امالی : ۲۳۱) ان اشعار کے لیے ملاحظہ ہو حماسہ : ۳۲۹

Marfat.com

فَبِتْنَا بِخَيْرٍ مِنْ كَرَامَةِ ضَيْفِنَا
وَ بِتْنَا نُهَيِّئُ طُعْمَهُ غَيْرَ مَيْسِرِ

چنانچہ مہمان کی تعظیم میں ہم رات اچھی طرح گزار دیتے ہیں ۔ رات بھر اس کے لیے کھانا تیار کرتے رہتے ہیں بدون اس کے کہ اس کے ساتھ جؤا کھیلیں

اور یزید[1] بن الطَّثْرِیَّہ کہتا ہے

إِذَا أَرْسَلُونِی عِنْدَ تَقْدِیرِ حَاجَةٍ
أُمَارِسُ فِیهَا كُنْتُ نِعْمَ الْمُمَارِسُ،

جب میری قوم مجھے کسی ایسی حاجت کا اندازہ لگانے کے لیے بھیجے جس کے معاملے میں میں مشّاق ہوں تو میں (واقعی) عمدہ مشّاق ثابت ہوں گا

وَ نَفِعِی نَفْعُ الْمُوسِرِینَ وَ إِنَّمَا
سَوَامِی سَوَامُ الْمُقْتِرِینَ الْمفَالِسِ،[2]

میں لوگوں کے لیے مال داروں کی طرح نفع رساں ہوں حالانکہ میرے جانور مفلس اور محتاج لوگوں جیسے ہیں

[۶۸] اور عُرْوَہ بن الوَرْد العَبْسِی[3] کہتا ہے :

أَرَى[3] أُمَّ حَسَّانَ الْغَدَاةَ تَلُومُنِی
تُخَوِّفُ نَفْسِی الْأَعْدَاءَ وَالنَّفْسُ أَخْوَفُ

---

۱ - یزید بن طَثْرِیَّہ - طَثْرِیَّہ اس کی والدہ بنو طَثْر میں سے ہے جو عَنَز بن وائل بن قاسط کا ایک بطن (ذیلی قبیلہ) ہے - اس کی کنیت ابو المکشوح ہے اور لقب مُوَدِّق کَانَ یُوَدِّقُ النساء مِن جمالہ - یہ عہد اسلامی کا شاعر ہے (شرح امالی : ۱۰۳) - ان اشعار کے لیے دیکھیں ، حماسہ : ۳۳۰ -

۲ - ان دونوں شعروں میں اقواء ہے کیونکہ پہلے شعر میں المماررس، پڑھا ہے اور اس میں المفالس -

۳ - حماسہ : ۳۲۹

Marfat.com

میں آج صبح دیکھ رہا ہوں کہ اُمّ حسان مجھے ملامت کر رہی ہے ، مجھے دشمنوں سے ڈرا رہی ہے اور ظاہر ہے کہ انسان کا نفس ڈر کو بہت قبول کرتا ہے

لَعَلَّ الَّذِیْ خَوَّفْتِنَا مِنْ أَمَامِنَا
یُصَادِفُہٗ فِیْ أَھْلِہٖ الْمُتَخَلِّفُ

ہو سکتا ہے کہ جس آگے آنے والی موت سے تو مجھے ڈرا رہی ہے اسے گھر میں پیچھے رہ جانے والا گھر ہی میں پا لے

إِذَا قُلْتُ قَدْ جَاءَ الْغِنٰی حَالَ دُوْنَہٗ
أَبُوْصِبْیَۃٍ یَشْکُو مَفَاقِرَ أَعْجَفُ

جب میں کہتا ہوں : مال آ گیا تو اس کے درمیان بچوں کا وہ باپ حائل ہو جاتا ہے جو لاغر اور محتاجی کا شاکی ہوتا ہے

لَہٗ خَلَّۃٌ لَا یَدْخُلُ الْحَقَّ دُوْنَھَا
کَرِیْمٌ أَصَابَتْہُ حَوَادِثُ تُجْرِفُ

اس کی ضرورت اتنی شدید ہے کہ (دوسرے لوگوں کے) واجبی حقوق درمیان میں حائل نہیں ہو سکتے کیونکہ وہ ایک شریف انسان ہے جسے حوادث نے تباہ کر رکھا ہے

اور اقرع[1] بن معاذ کہتا ہے :

---

۱ - اقرع بن معاذ : ایک قول کے مطابق یہ نام مجنوں کا ہے کیونکہ اس کے نام میں بہت اختلاف پایا جاتا ہے - چنانچہ اسے بعض قیس بن معاذ اور بعض قیس بن الملّوح کہتے ہیں - بعض کہتے ہیں کہ ملّوح اور معاذ ایک ہی شخص کے نام ہیں - ابو عبیدہ کہتے ہیں کہ مجنوں کا نام البختری بن الجعد ہے - ابو العالیہ کہتا ہے کہ اس کا نام اقرع ہے - ابو الفرج کہتا ہے کہ درست نام قیس بن مر بن قیس ہے - اصمعی کہتا ہے کہ دو شخصوں کو دنیا میں نام کے بغیر پہچانا نہیں گیا مجنوں بنی عامر اور ابن الفریّہ - متعدد لوگوں نے بیان کیا ہے کہ انھوں نے اسے دیکھا ہے اور اس سے بات بھی کی ہے - نوفل بن مُساحق نے بھی اسے وحشت کی حالت میں دیکھا اور اس سے شعر سنانے کو فرمائش کی ہے (شرح امالی : ۳۵۰)

Marfat.com

إنَّ لَنَا صِرْمَةً تُلْفَى مُخَيَّسَةً
فِيهَا مَتَعَادٌ وَ فِي أَرْبَا بِهَا كَرَمُ

ہمارے اُونٹوں کا ایک گلہ جسے (ذبح کرنے کے لیے یا لوگوں کو عطا کرنے کی غرض سے) چراگاہ میں نہیں بھیجا جاتا ہم اس گلے کی طرف (سوالیوں کو دینے کے لیے) بار بار رجوع کرتے ہیں ۔ اس کے مالک سخی ہیں

تُسَلِّفُ الجَارَ شِرْبًا وَهْيَ حَائِمَةٌ
وَلَا يَبِيتُ عَلَى أَعْنَا قِهَا قَسَمُ

باوجود اس کے کہ یہ خود پیاسی ہوتی ہیں اپنا دودھ پڑوسی کو (پینے کے لیے) پیش کر دیتی ہیں ۔ ان کی جانوں کی قسم بھی نہیں کھائی جاتی (ہم کبھی یہ قسم نہیں کھاتے کہ ان اُونٹوں کو ذبح نہ کریں گے)

وَلَا تُسَفِّهُ عِندَ الحَوْضِ عَطْشَتُهَا
أَحْلَامَ مَتْنَا وَ شَرْيُ السُّوءِ يَحْتَدِمُ

اور ان کی پیاس حوض کے پاس آکر ہماری عقلوں کو بیوقوف قرار نہیں دیتی درآنحالیکہ ہر پانی پلانے والا برا ساتھی غصے سے لال پیلا ہو رہا ہو (ہماری روا داری ہماری ضرورت کے احساس کو بے قابو نہیں ہونے دیتی)

[1] یزید بن الجہم ہلالی کہتا ہے :
بعض کے نزدیک یہ اشعار حمید بن ثور کے ہیں

لَقَدْ أَمَرَتْ بِالبُخْلِ أُمُّ مُحَمَّدٍ
فَقُلْتُ لَهَا حُشِّيَ عَلَى البُخْلِ أَحْمَدَا

ام محمد نے مجھے بخل اختیار کرنے کا حکم دیا تو میں نے اس سے کہا کہ بخل کرنے کا حکم احمد کو دو

---

۱ - ان اشعار کے لیے ملاحظہ ہو حماسہ : ۳۳۰

Marfat.com

فَانِیِّ امْرُوءٌ عَوَّدْتُ نَفْسِی عَادَةً
وَ کُلُّ امْرُیءٍ جَارٍ عَلَی مَا تَعَوَّدَا

کیونکہ میں تو ایسا انسان ہوں جس نے اپنے آپ کو ایک عادت ڈال رکھی ہے - ظاہر ہے کہ ہر شخص اپنی عادت کے مطابق چلتا ہے

أَحِیْنَ بَدَا فِی الرَّأْسِ شَیْبٌ وَ اَقْبَلَتْ
إِلَیَّ بَنُوْ عَیْلَانَ تَشْنِیٌ وَ مَوْحَدَا

کیا اب جب میرے سر میں سفید بال ظاہر ہوگئے ہیں اور بنو عیلان اِکے دُکے میری طرف آنے لگے ہیں

رَجَوْتِ سِقَاطِیْ وَ اعتِلَالِیْ وَ نَبْوَتِیْ
وَ رَاءَ کِ عَنِّیِّ طَالِقًا وَ ارْحُلِیْ غَدَا

تُو یہ اُمید رکھتی ہے کہ میں لَغزش کھا جاؤں گا ، بہانے بناؤں گا اور بد خلقی اختیار کروں گا - دور ہو جا تجھے طلاق ہے اور کل صبح یہاں سے کوچ کر جا (عمر بھر کی عادت کو اب بڑھاپے میں کیوں بدل دوں)

ایک اور شاعر کہتا ہے :

إِنِّی وَإِنْ لَمْ یَتَمَلْ مِالِیْ مَدًی خُلُقِیْ
فَیَّاضُ مَا مَلَکَتْ کَفَّایَ مِنْ مَالٍ

[۶۹] میں وہ سب مال لوگوں کو دے دیا کرتا ہوں جو میرے قبضے میں ہو اگرچہ میرا مال میری فیاضانہ ذوق و شوق کی حد کو نہیں پہنچ سکتا

لَا أَحْبِسُ الْمَالَ إِلَّا رَیْثَ أُتْلِفُهُ
وَ لَا تُغَیِّرُنِیْ حَالٌ إِلَی حَالٍ

---

۳ - حماسہ : ۳۳۱

Marfat.com

میں اپنے لیے اپنے پاس صرف اسی قدر مال روک رکھتا ہوں جس قدر خرچ کر سکوں - میری طبیعت کو ایک حالت دوسری حالت میں تبدیل نہیں کر سکتی

اور سوادۃ الیر بوعی[1] کہتا ہے

أَلَا بَكَرَتْ مَنِّي عَلَيَّ تَلُومُنِي
تَقُولُ أَلَا أَهْلَكْتَ مَنْ أَنْتَ عَائِلُهُ

اے مخاطب میری بیوی میرے صبح ہوتے ہی ملامت کرنے کو آ گئی وہ کہتی تھی کہ تو نے اپنے اہل و عیال کو جن کا تو کفیل ہے تباہ کر دیا ہے

ذَرِينِي فَإِنَّ الْبُخْلَ لَا يُخْلِدُ الْفَتَى
وَلَا يُهْلِكُ الْمَعْرُوفُ مَنْ هُوَ فَاعِلُهُ

(میں نے کہا) مجھے اسی طرح رہنے دے کیونکہ نہ بخل انسان کو ہمیشہ کی زندگی عطا کر سکتا ہے اور نہ ہی احسان ، احسان کرنے والے کو ہلاک کر دیتا ہے

مقنع الکندی[2] کہتا ہے

نَزَلَ الْمَشِيبُ فَأَيْنَ تَذْهَبُ بَعْدَهُ
وَقَدِ ارْعَوَيْتَ وَ حَانَ مِنْكَ رَحِيلُ

---

۱ - حماسہ : ۳۳۱

۲ - مقنع : مقنع اس کا لقب ہے - اس کا نام محمد بن عمیرہ ہے - بعض لوگ ابن عُمیر بن ابی شمیر بن فُرعان کہتے ہیں - کندی اور اسلامی شاعر ہے - ہیثم بن عدی کہتا ہے کہ مقنع نہایت ہی خوب صورت تھا - جب چہرہ کو کھولتا تو اسے نظر بد لگ جاتی اور اور یہ بیمار پڑ جاتا اور اسے تکلیف ہوتی لہٰذا یہ ہمیشہ گھونگٹ نکال کر چلتا (شرح امالی : ۶۱۰) ان اشعار کے لیے ملاحظہ ہو حماسہ : ۳۳۲

Marfat.com

(تجھ پر) بڑھاپا نازل ہو گیا ہے تو اس کے بعد جائے گا کہاں ؟ تو راہِ حق سے دور ہٹ گیا ہے حالانکہ تیرے کوچ کا وقت آ گیا ہے

كَانَ السَّبَابُ خَفِيفَةً أَيَّامُهُ،
وَالشَّيْبُ مَحْمِلُهُ عَلَيَّ ثَقِيلُ

جوانی کے ایام ہلکے پھلکے تھے ، بڑھاپا تو میرے لیے بہت ہی گراں بار ہے

لَيْسَ العَطَاءُ مِنَ الفُضُولِ سَمَاحَةً
حَتَّى تَجُودَ وَمَا لَدَيْكَ قَلِيلُ،

ضرورت سے زائد مال میں سے سخاوت کرنا کوئی سخاوت نہیں ۔ بات جب بنتی ہے کہ تیرے پاس مال کم ہو اور تو سخاوت کرتا رہے ۔

یہ اور اسی قسم کے دیگر اشعار میں یہی روش اختیار کی گئی ہے ۔ ان سب سے اس بات کا پتا چل جاتا ہے کہ عربوں کے یہاں صفاتِ محمودہ میں سے کون کون سی صفات تھیں جنھیں حاصل کرنے کے وہ بہت مشتاق تھے ۔ نیز ان اشعار سے سخاوت اور احسان کا بھی پتا چل جاتا ہے جو عربوں میں رواج پزیر تھا ۔ متقدمین اہل لغت و ادب میں سے کسی نے عربوں کے مہمانوں کے واقعات اور اس سلسلے کے نوادر اور عجیب و غریب قصے اور منتخب اشعار پر مشتمل ایک کتاب لکھی ہے ۔ جو اشعار میں نے نقل کیے ہیں یہ وہ ہیں جن کی روایت ابوتمام نے حماسہ میں کی ہے ۔ اسی لیے میں نے ان کی تشریح کرنے کی طرف توجہ نہیں دی کیونکہ اس کتاب کی بہت سی شرحیں پائی جاتی ہیں ۔ لہٰذا اگر کسی کو کوئی اِشکال پیش آ جائے تو اسے ان شروح کی طرف رجوع کرنا چاہیے ۔

جو بات عربوں کی سخاوت پر مزید دلالت کرتی ہے یہ ہے کہ ان کی آگوں میں سے ایک آگ کو نَارُالقِرَی (ضیافت کی آگ) کہا

Marfat.com

جاتا تھا یعنی مہمان نوازی کی آگ جو مہمانوں کو منزل کی راہ بتانے کے لیے جلائی جاتی تھی [۰۷] وہ اس آگ کو بلند مقامات پر جلا دیا کرتے تھے تاکہ وہ خوب مشہور ہو جائے۔ کبھی یوں بھی ہوتا تھا کہ وہ اسے تر مندل سے جلاتے تھے اور مندل ایک قسم کا عطر ہے جو مندل کی طرف منسوب ہے اور مندل ہندوستان کے ایک شہر کا نام ہے یا اسی قسم کی کسی اور چیز سے جلاتے تھے جسے دھونی کے بطور استعمال کیا جاتا ہے تاکہ اندھے بھی راستہ پا سکیں۔ یہ آگ دیگر تمام آگوں کے مقابلے میں زیادہ بزرگ سمجھی جاتی تھی۔ ان سب کا مفصل ذکر عنقریب آئے گا ان شاءاللہ تعالی۔ شعرا ان آگوں کا ذکر ہمیشہ کرتے رہے ہیں۔

۱ ابوزیادالاعرابی الکلابی ایک سخی عرب کی تعریف میں کہتا ہے:

۲ لَہٗ نَارٌ تُشَبَّ عَلَی یَفَاعٍ
اِذَا النَّیِّرَانُ اُلبِسَتِ القَنَاعَا

جب لوگوں کی آگوں کو سرپوش ڈال کر بجھا دیا گیا ہو (سخت قحط سالی کی وجہ سے) تو اس وقت بھی اس کی آگ بلند ٹیلوں پر جلتی رہتی ہے

وَلَمْ یَکُ اکثَرُ الفِتْیَانِ مَالاً
وَلٰکِنْ کَانَ اَرْحَبَھُمْ ذِرَاعَا

اگرچہ یہ شخص دیگر جوانمردوں کے مقابلے میں زیادہ مالدار نہیں ہے تاہم (اس کی سخاوت کا) ہاتھ ان کے مقابلے میں زیادہ فراخ ہے۔

ایک اور شاعر کہتا ہے

اِنِّی اِذَا خَفِیَتْ نَارٌ لِمُرْمِلَۃٍ
اُلْفِی بِاَرْفَعِ تَلٍّ رَافِعاً نَارِی

---

۱ - ابو زیادالاعرابی عہد اسلامی کا شاعر ہے

۲ - حماسہ : ۳۰۲

Marfat.com

جب اس جماعت کی آگ پوشیدہ ہو جائے جن کا زاد راہ ختم ہو چکا ہو تو تم مجھ کو بلند ترین ٹیلے پر آگ کے شعلے بلند کرتے ہوئے پاؤ گے

ذَاكَ وَاِنِّیْ عَلَی اجَارِیْ لَذُوْ حَدَبٍ
اَحْنُوْ عَلَیْهِ كَمَا یُحْنٰی عَلَی الشَّجَرِ

وجہ اس کی یہ ہے کہ میں اپنے پڑوسی پر مہربانی روا رکھتا ہوں اور اس کا پورا پورا خیال رکھتا ہوں ، اسی طرح جس طرح ایک ہمسائے کا حق ہوتا ہے

نیز یہ کہ عرب بوجوہ کتے پال رکھا کرتے تھے ۔ ان میں سے ایک وجہ یہ بھی تھی کہ کتے بھونک کر مہمانوں کو راستہ بتا دیتے تھے ۔ اس بنا پر وہ کتوں کی تعریف کیا کرتے تھے ۔ چنانچہ ان میں سے ایک شاعر اپنے کُتے کے متعلق کہتا ہے

اُوْصِیْكَ خَیْرًا بِهٖ فَاِنَّ لَهٗ
خَلَائِقًا لَا اَزَالُ اَحْمَدُهَا

میں تجھے وصیت کرتا ہوں کہ تو اس کے ساتھ نیک برتاؤ کرنا کیونکہ اس میں کچھ ایسے اخلاق پائے جاتے ہیں جن کی میں ہمیشہ تعریف کرتا رہا ہوں

یَدُلُّ ضَیْفِیْ عَلَیَّ فِیْ غَسَقِ اللَّیْلِ اِذَا النَّارُ نَامَ مُوْقِدُهَا

جب میری آگ کا جلانے والا سو جاتا ہے تو یہ کُتا رات کی تاریکی میں میرے مہمان کی میری طرف راہنمائی کرتا ہے

عربوں کے جؤا کھیلنے کا باعث بھی ان کی سخاوت اور ان کی طبع کریمانہ تھی کیونکہ عربوں کے مالدار اور سخی لوگ سخت سردی اور مصیبت کے زمانے میں جؤا کھیلا کرتے تھے ۔ یہ جؤا تیروں کے ساتھ کھیلا جاتا تھا جن کی تعداد دس ہوتی ۔ داؤ ایک اونٹنی ہوتی جس کے اٹھائیس (۱ + ۲ + ۳ + ۴ + ۵ + ۶ + ۷ = ۲۸) حصے کر دیے جاتے تھے ۔ جب ہم ان کے اُن اعمال کا ذکر کریں گے جن کو اسلام نے جڑ سے اکھاڑ

Marfat.com

کر پھینک دیا تھا تو انشاءاللہ ہم بتائیں گے کہ یہ جؤا کس طرح کھیلا جاتا تھا ۔ جب کوئی شخص بازی جیت لیتا تھا تو وہ داؤ کی اونٹنی کے اجزا کو حاجتمندوں اور مسکینوں میں تقسیم کر دیتا تھا (اس سے قحط سالی میں) لوگوں کی حالت سدھر جاتی اور زندگی فنا ہونے سے بچ جاتی ۔

عرب تیروں کے لینے (جؤا کھیلنے) کی تعریف کیا کرتے تھے۔ جو شخص جؤا نہ کھیلتا اسے برا کہتے اور اس کا نام بَرَم رکھتے (گویا ان کے نزدیک جؤا کھیلنے پر آمادہ نہ ہو سکنا بخل کی علامت اور دولت پرستی کی نشانی تھی)

[۱۷] مُتَمِّم[1] بن نُوَیْرَہ اپنے بھائی مالک کے مرثیے میں کہتا ہے

وَلاَ بَرَماً تُهدِی النِّسَاءُ لِعِرْسِهٖ
اِذَا القِشْعُ مِنْ بَرْدِ الشِّتَاءِ تَقَعْقَعَا

(میرا) یہ بھائی بَرَم نہ تھا کہ جب سرما کی سردی کی وجہ سے سوکھی کھال آواز دینے لگے (یعنی سخت قحط سالی ہو) تو عورتیں اس کی بیوی کی طرف تحفے بھیجیں

عرندس[2] نے یہ شعر عربوں کے کسی قبیلے کے متعلق کہے تھے

هَیْنُوْنَ لَیْنُوْنَ اَیْسَارٌ ذُوْوَکَرَم
سُوَّاسُ مَکْرُمَةٍ اَبْنَاءُ اَیْسَار

---

۱ - مُتَمِّم بن نویرہ بن جمرۃ بنی یربوع بن حنظلہ میں سے تھا ۔ جاہلی اور اسلامی شاعر ہے ۔ اس کی کنیت ابو فَجْعان تھی ۔ یہ ابن درید کا قول ہے ۔ کلبی نے اس کی کنیت ابوتمیم بتائی ہے اور ابوالفرج نے ابونہشل ۔ اس کے بیشتر قصائد اپنے بھائی مالک کے متعلق ہیں ۔

۲ - عرندس کلابی کسی غنوی کی مدح میں کہتا ہے : حماسہ : ۳۰۲
ان اشعار پر مزید بحث کے لیے ملاحظہ ہو شرح امالی : ۵۴۶

Marfat.com

یہ لوگ نرم مزاج ، نیک خو ، سخی ، صاحبِ کرم ، خوش اخلاق منتظم اور سخیوں کے بیٹے ہیں

إِنْ یُسْأَلُوا الحَقَّ یُعطُوهُ وَ إِنْ خُبِرُوا
فِی الجَهْدِ أُدْرِکَ مِنْهُم طِیْبُ أَخْبَارِ

اگر ان سے حقوقِ مہمان نوازی وغیرہ کی درخواست کی جائے تو یہ لوگ ان حقوق کو ادا کر دیں گے ۔ اگر انھیں سختی اور شدت کے زمانے میں آزمایا جائے تو ان سے عمدہ خبریں حاصل ہوں گی (قحط کے دور میں ان کے اعلیٰ اوصاف اور بھی زیادہ اُجاگر ہوں گے)

وَ إِنْ تَوَدَّ تَنَهُم لاَ نُوا وَ إِنْ شُهِمُوا
کَشَّفْتَ أَذْ مَارَ شَرٍّ غَیْرِ أَشْرَارِ

اور اگر تو اُن سے دوستی کا مطالبہ کرے تو یہ نرم ہو جائیں گے ۔ اگر انھیں خطرے سے دو چار کیا جائے تو یہ بہادران جنگ ثابت ہوں گے ، تم انھیں شریر نہ پاؤ گے

فِیْهِم وَ مِنْهُم یُعَدُّ المَجْدُ مُتَّلِدًا
وَ لاَ یُعَدُّ نَشَا خِزْیٍ وَ لاَ عَارِ

شرف و مجد قدیم ان ہی (کی عادات) میں شمار کی جاتی ہے ۔ رسوائی اور عار کی کوئی بات ان (کے خصائل) میں شمار نہیں کی جاتی

لاَ یَنْطِقُون عَنِ الفَحْشَاءِ إِنْ نَطَقُوا
وَ لاَ یُمَارُوْنَ إِنْ مَارَوْا بِإِکْثَارِ

جب بولتے ہیں تو واہیات نہیں بکتے اور اگر جھگڑا کرتے ہیں تو فضول باتوں پر نہیں جھگڑ پڑتے

مَنْ تَلْقَ مِنْهُم تَقُلْ لاَقَیْتُ سَیِّدَهُم
مِثْلَ النُّجُومِ الَّتِی یَسْرِی بِهَا السَّارِی

Marfat.com

اِن میں سے جس سے بھی تمھاری ملاقات ہوگی وہ یہی کہے گا کہ میں ان کے سردار سے ملا ہوں ۔ یہ لوگ تو ایسے ستاروں کی طرح (تابندہ) ہیں جن کی روشنی میں رات کا سفر کرنے والا چلتا ہے

لبید[1] بن مالک اپنے معلّقہ میں کہتا ہے :

وَ جَزُوْرِ اَیْسَارٍ دَعَوْتُ لِحَتْفِهَا
بِمَغَالِقٍ مُتَشَابِهٍ اَجْسَا مُهَا

بہت سی اُونٹنیاں اور اُونٹ جوئے بازوں کے لائق تھیں ، میں نے ان کو ذبح کرنے کے لیے جوئے بازوں کو بلایا جن کے پاس ایسے تیر تھے جو باہم مشابہ تھے (تیر ایک جیسے تھے ۔ تا کہ شناخت نہ ہو اور قرعہ بے رعایت عمل میں آئے)

اَدْعُوْ بِهِنّ لِعَاقِرٍ اَوْ مُطْفِلٍ
بُذِلَتْ لِجِیْرَانِ الجَمِیْعِ لِحَا مُهَا

میں ان تیروں کے ساتھ کسی بانجھ یا بچے والی اُونٹنی کو (ذبح کرنے) کے لیے بلاتا ہوں جن کا گوشت قبیلے کے پڑوسیوں میں خرچ کر دیا جاتا ہے

فَالضَّیْفُ وَ الْجَارُ الجَنِیْبُ کَاَنَّمَا
هَبَطَا تَبَالَةَ مُخْصِبًا اَهْضَا مُهَا

لہٰذا مہمان اور قریب کا پڑوسی اس طرح مسرور ہو جاتے ہیں گویا وہ تبالہ کی سرسبز و شاداب وادی میں اُتر پڑے ہوں

[۴۷] تَاْوِیْ اِلَی الاَطْنَابِ کُلُّ رَذِیَّةٍ
مِثْلُ السَّبِیَّةِ قَالِصٍ اَهْدَا مُهَا

---

۱ - اصل کتاب میں اسی طرح لبید بن مالک ہی دیا ہے مگر درست لبید بن ربیعہ بن عامر بن مالک ہے ۔

Marfat.com

ہمارے خیمے کے پاس آ کر ہر وہ عورت پناہ لیتی ہے جس کے بوسیدہ کپڑے سکڑے سمٹے ہوں اور جس کی حالت بلیہ[1] اُونٹنی کی سی ہو رہی ہو

و یُکَلِّلُوْنَ اِذَا الرِّیَاحُ تَنَاوَحَتْ
خُلُجًا تُمَدُّ شَوَارِعًا أَیْتَامَا مُهَا

جب (قحط سالی کی) بالمقابل ہوائیں چلتی ہیں تو یہ لوگ بڑے بڑے پیالوں کو گوشت سے بھر دیتے ہیں جن کے ختم ہونے پر اور گوشت ڈال دیا جاتا ہے ۔ قبیلے کے جملہ یتیم ان میں آن گھستے ہیں

اس سلسلے میں بہت سے اشعار کہے گئے ہیں :

مزید برآں سخاوت صرف یہی نہیں ہے کہ مال خرچ کر دیا جائے یہ تو درحقیقت انسان کی ایک (طبعی) کیفیت ہوتی ہے جو اسے اپنا اندوختہ خرچ کرنے پر مجبور کرتی ہے خواہ درحقیقت مال خرچ ہو یا نہ ہو ۔ سخاوت کی ضد شُح ہے ۔ اندوختہ کو خرچ کرنے کو جُود کہتے ہیں اور اس کی ضد بخل ہے ۔ ان الفاظ کے اصل معنی یہی ہیں اگرچہ ان میں سے ہر ایک دوسرے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ اس فرق کا پتا تجھے یوں چلے گا کہ عربوں نے سخاء اور شُح سے اسم فاعل جو بنایا ہے وہ طبعی اور فطری افعال کے اسم فاعل کی طرح بنایا ہے چنانچہ فَعِیل کے وزن پر شَحِیحٌ اور سَخِیٌّ کہتے ہیں اور اس کے برخلاف جود اور بخل سے جَوَادٌ اور بَاخِلٌ کہتے ہیں ۔ اب اگر کوئی یہ کہے کہ بخیل بر وزن فعیل آیا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ مبالغے کی غرض سے اسے اپنے اصل وزن سے ہٹا کر فعیل کے

---

۱ ۔ بَلِیَّہ وہ اُونٹنی جسے مالک کے مرنے پر اس کی قبر کے قریب گڑھے میں ڈال دیا جاتا تھا اور تھوڑا سا چارا بھی رکھ دیا جاتا تھا ۔ چارا ختم ہو جانے کے بعد وہ اُونٹنی بھوک اور پیاس کی وجہ سے سخت مصیبت کی حالت میں مر جاتی ۔

Marfat.com

وزن پر بولا گیا ہے جس طرح عرب رَاحِم، اور رَحِیْمٌ کہتے ہیں -

چونکہ سخاوت ایک طبعی چیز ہے اس لیے یہ لفظ اللہ تعالٰی کی صفت میں استعمال نہیں ہوتا (لہٰذا اللہ تعالٰی کو ''سَخِیٌّ'' نہیں کہیں گے جَوَادٌ کہیں گے) -

زمانۂ جاہلیت کے عربوں میں جو لوگ جود و سخا میں مشہور ہوئے اور ان کی سخاوت ضرب المثل بن گئی ان میں سے ایک

حاتم الطائی

ہے - چنانچہ عربوں کے ہاں مثل ہے: اَجْوَدُ مِنْ حَاتِم - اس سے ان کی مراد حاتم بن عبداللہ بن سعد بن الحَشْرَج بن امرؤ القیس بن عدی بن أحزم الطائی سے ہے جو مشہور سخی اور جاہلیت کے شعرا میں سے تھا - اس کی کنیت ابو عدی اور ابو سَفَّانہ (سین پر زبر اور فاء پر تشدید ہے) تھی، اس کے بیٹے حضرت عدی نے اسلام کا زمانہ پایا اور وہ ایمان لائے -

امام احمد[1] نے اپنی مسند میں حاتم کے بیٹے عدی سے روایت کی ہے - وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ سے کہا: یا رسول اللہ! میرا باپ صلہ رحمی کیا کرتا تھا اور فلاں فلاں کام کیا کرتا تھا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے باپ نے ایک بات چاہی اور اسے حاصل کر لیا - آپ کی مراد شہرت سے تھی

سَفَّانہ حاتم کی بیٹی تھی - اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گرفتار کر کے لایا گیا تو اس نے کہا، ''میرا والد مر گیا ہے - مددگار غائب ہوگئے ہیں - اگر آپ مناسب سمجھیں تو مجھے رہا کر دیں اور قبائل عرب کو میری مصیبت [۷۳] پر خوش نہ ہونے دیں

---

۱ - احمد سے مراد امام احمد بن حنبل المتوفٰی ۲۴۱ھ ہیں -

Marfat.com

کیونکہ میرا باپ اپنی قوم کا سردار تھا ، قیدیوں کو چھڑایا کرتا تھا ۔ جن امور کی حفاظت اس کے ذمے ہوتی ان کی حفاظت کیا کرتا تھا ۔ مصیبت زدہ کی مصیبت کو دور کیا کرتا تھا ، کھانا کھلایا کرتا تھا ۔ امن و سلامتی کو رواج عام دیتا تھا ۔ کوئی حاجت مند ایسا نہ ہوگا کہ وہ حاجت روائی کا خواہاں ہو کر اس کے پاس آیا ہو اور اس نے اس کی حاجت روائی نہ کی ہو ۔ میں حاتم طائی کی بیٹی ہوں" ۔

یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ، " لڑکی یہ تو مؤمن کی صفات ہیں ۔ اگر تمہارا باپ عہد اسلامی میں ہوتا تو ہم اس کے لیے رحمت کی دعا کرتے" (پھر حکم دیا کہ) اسے رہا کر دیا جائے کیونکہ اس کا باپ مکارم اخلاق سے محبت رکھتا تھا ۔

ابن الاعرابی کہتے ہیں : حاتم زمانۂ جاہلیت کے شعرا میں سے تھا ، سخی تھا ، اس کی سخاوت اس کے شعروں کے ساتھ پوری پوری مطابقت رکھتی ہے۔ اس کا فعل اس کے قول کی تصدیق کرتا ہے۔ وہ جہاں کہیں بھی اُترتا اس کی فرودگاہ لوگوں میں معروف ہوتی ۔ ہمیشہ ظفریاب[۱] رہا ۔ جب بھی لڑا غالب آیا ، جب بھی غنیمت کا مال حاصل کیا تو لُٹا دیا۔ جب بھی وہ تیروں[۲] سے جؤا کھیلا تو جیت گیا اور جب مسابقت کی تو آگے نکل گیا ۔ جب کسی کو گرفتار کیا تو رہا کر دیا ۔ اس نے قسم کھائی تھی کہ کسی ماں کے اکلوتے بیٹے کو ہرگز قتل نہ کرے گا ۔ رجب کا چاند دیکھنے کے بعد ہر روز دس اُونٹ ذبح کیا کرتا اور لوگوں کو کھلا دیتا ، چنانچہ لوگ اس کے پاس آ کر جمع ہو جاتے تھے ۔

---

۱ - شرح امالی میں مظفراً کی بجائے ظَفِراً دیا ہے (شرح امالی : ۶۰۶)۔
۲ - بلوغ الارب میں یہ الفاظ دیے ہیں و اذا ضرب بالقداح فاز و اذا سَابَقَ سَبَقَ اور شرح امالی میں صرف و اذا قَامَرَ سَبَقَ دیا ہے مگر شرح امالی کی یہ مطبوعہ عبارت درست نہیں ۔ میمنی صاحب اس کی تصحیح سے قاصر رہے ہیں ۔ قَامَرَ اور سبق کے الفاظ میں مناسبت نہیں ہے ۔

Marfat.com

سب سے پہلی بار اس کی سخاوت کا ظہور یوں ہؤا کہ یہ ابھی چھوکرا ہی تھا کہ اس کا باپ اسے اُونٹوں میں چھوڑ کر چلا گیا۔ اس کے پاس شعرا کی ایک جماعت آئی جن میں عَبِیْد بن اَبْرَص، بشر بن ابی حَازِم اور نابغہ ذبیانی تھے۔ یہ لوگ نعمان بن المنذر کے یہاں جا رہے تھے۔ انھوں نے اس سے کھانا مانگا۔ حاتم انھیں جانتا نہ تھا۔ اس نے جواب دیا، ''تم اُونٹوں کو دیکھ کر ضیافت کی درخواست کر رہے ہو، اُتر آؤ''۔ وہ اُتر آئے۔ اس نے ہر ایک کے لیے ایک ایک اُونٹ ذبح کیا پھر ان کے نام دریافت کیے۔ انھوں نے اپنے نام بتلا دیے اور اس نے وہ اُونٹ اور بھیڑ بکریاں انھی میں تقسیم کر دیں۔ جب باپ نے آ کر پوچھا کہ تم نے کیا کیا تو جواب دیا، ''جس طرح کبوتر کی گردن کا طوق دائمی ہے اسی طرح میں نے ابدی بزرگی کا ہار تمھارے گلے میں ڈال دیا ہے''۔ پھر سارا قصہ سنا دیا۔ یہ سن کر باپ نے کہا، ''میں آئندہ کبھی بھی تمھارے ساتھ نہ رہوں گا اور نہ تمھیں اپنے گھر میں رکھوں گا''۔ حاتم نے کہا، ''کچھ پروا نہیں''۔

حاتم کا ایک واقعہ یہ ہے کہ وہ کسی کام کے لیے محرم کے مہینے میں کسی طرف کو روانہ ہؤا۔ جب قبیلہ عَنَزَہ کے علاقے میں پہنچا تو ان کے ایک قیدی نے اسے پکار کر کہا، ''اے ابو سفّانہ مجھے باندھنے کی رسیوں اور جوؤں[1] نے کھا لیا ہے''۔ حاتم نے کہا، ''تمھارا خانہ خراب میں تو اپنی قوم کے علاقے میں نہیں ہوں۔ اس وقت میرے پاس کچھ بھی نہیں۔ تو نے میرے نام کی تشہیر کر کے میرے ساتھ زیادتی کی ہے مگر اب میں تمھیں چھوڑ کر بھی نہیں جا سکتا''۔ اس کے بعد اس نے قبیلہ عَنَزَہ والوں سے بھاؤ کر کے اسے خریدا اور رہا کر دیا اور پھر

۱۔ اس زمانے میں قیدی کی گردن میں تازہ ذبح کیے ہوئے جانور کی کھال کا طوق بنا کر ڈال دیتے تھے۔ جب وہ سوکھ جاتا تو سخت تکلیف دیتا۔ نیز کچی کھال ہونے کی وجہ سے اس میں جوئیں اور کیڑے پڑ جاتے تھے۔

Marfat.com

خود اس کی جگہ قید میں رہا ۔ تاآنکہ اُس کا فدیہ لایا گیا جو اس نے عَنَزَہ[۸] والوں کو ادا کیا (اور رہائی پائی) ۔

حاتم کا ایک واقعہ یہ ہے جو اس کی بیوی ماویہ نے بیان کیا ہے وہ کہتی ہے کہ سخت قحط سالی کا دور تھا [۴۷] اُونٹ[۱] اور مویشی تباہ ہوگئے ، ہم نے ایک رات سخت ترین بھوک کی حالت میں گزاری ۔ حاتم نے عدی کو سنبھالا اور میں نے سفّانہ کو ۔ ان کو دلاسا دیتے رہے تاآنکہ وہ سو گئے ۔ اس کے بعد حاتم باتیں کر کر کے میرا جی بہلانے لگا تاکہ میں بھی سو جاؤں ۔ مجھے اس کی تکلیف پر رحم آ گیا ۔ میں نے بات کرنی بند کر دی تاکہ وہ سمجھے میں سو گئی ہوں تو وہ بھی سو جائے ، چنانچہ اس نے کئی بار کہا ، ”کیا تو سو گئی ہے“ ۔ میں نے کوئی جواب نہ دیا ۔ وہ بھی چپ ہوگیا ۔ اس نے خیمے کے پیچھے کی طرف جو دیکھا تو کسی چیز کو آگے کی طرف آتے ہوئے پایا ۔ سر اُونچا کر کے دیکھا تو وہ ایک عورت تھی جو کہہ رہی تھی ”اے ابو سفانہ ! میں تمہارے پاس بھوکے بچوں کے پاس سے آئی ہوں“ ۔ حاتم نے کہا ، ”اپنے بچوں کو لے آ ۔ اللہ کی قسم میں ضرور ان کے پیٹ بھروں گا“ ۔ (حاتم کی بیوی) کہتی ہے کہ میں جلدی سے اُٹھی اور کہا ، ”حاتم ! تو کس چیز کے ساتھ ان کا پیٹ بھرے گا ۔ اللہ کی قسم تمہارے اپنے بچے تو صرف دلاسے کے سہارے خالی پیٹ سو گئے ہیں“ ۔ حاتم اُٹھا ۔ اس نے اپنے گھوڑے کو ذبح کیا ، پھر آگ جلائی ایک چھری اُٹھا کر اس عورت کو دی اور کہا ، ”بھونتی جاؤ خود بھی کھاؤ اور اپنے بچوں کو بھی کھلاؤ“ ۔ پھر مجھ سے کہا ، ”تم بھی بچوں کو جگاؤ“ ۔ میں نے انھیں جگا دیا ۔ پھر کہنے لگا ، ”اللہ کی قسم یہ تو کمینہ پن ہے کہ تم تو گوشت کھاؤ اور ڈیرے والے جن کا حال تم جیسا ہے (نہ کھائیں) پھر ڈیرے کے ایک ایک گھر گیا اور کہا کہ آگ کی طرف چلے آؤ چنانچہ سب نے اکٹھے ہو کر کھایا مگر وہ خود کمبل اوڑھ کر ایک

---

۱ ۔ خُف اُونٹ کا پاؤں اور ظِلف گائے ، ہرن وغیرہ جانوروں کے پاؤں کو کہتے ہیں ۔ لہٰذا اُونٹ اور مویشی مراد لیے گئے ۔

Marfat.com

طرف بیٹھا رہا تاآنکہ زمین پر گھوڑے کے گوشت میں سے کچھ بھی باقی نہ رہا ، مراد یہ کہ خود حاتم نے کچھ بھی نہ چکھا ۔

فاضل شہاب الدین[1] نے عقد میں یہ قصہ کسی اور طرح بیان کیا ہے ۔ وہاں سے دیکھ لیں ۔ جو بیان ہم نے دیا ہے وہ میدانی[2] کی اس روایت کے مطابق ہے جو اس نے مجمع الامثال میں نقل کی ہے ۔

حاتم کی سخاوت کے واقعات بہت ہیں اور مشہور ہیں ۔ حاتم نے مرنے کے بعد جو ضیافت کی تھی اب ہم اس کا ذکر کرتے ہیں ، وہ عجیب و غریب واقعہ ہے ۔

حضرت ابوھریرہ کا مولیٰ محرز بیان کرتا ہے کہ عبدالقیس میں سے کچھ لوگوں کا گزر حاتم کی قبر کے پاس سے ہؤا ، انھوں نے قبر کے قریب ہی ڈیرہ ڈال دیا ، ان میں سے ایک شخص نے جس کا نام ابوالخیبری تھا اٹھ کر حاتم کی قبر کو ایڑی سے مارنا شروع کیا اور ساتھ ساتھ یہ کہنے لگا : (اے حاتم) ہماری ضیافت کرو ۔ ان میں سے ایک نے کہا ، ”ارے کمبخت تُو خواہ مخواہ ایک مرے ہوئے انسان کے کیوں پیچھے پڑ گیا ہے“ ۔ اس نے کہا ، ”قبیلہ طی کا خیال ہے کہ جو شخص بھی حاتم کی قبر پر آ کر اترتا ہے حاتم اس کی ضیافت کرتا ہے“ ۔ اس کے بعد رات چھا گئی اور وہ سو گئے ۔ ابوالخیبری گھبرا کر اُٹھا اور وہ کہہ رہا تھا ، ”ہائے میری سواری“ ۔ ساتھیوں نے پوچھا ، ”کیا بات ہے ؟“ ۔ اس

---

۱ ۔ شہاب الدین احمد بن محمد بن عبداللہ مصنف العقد الفرید ۳۲۷ھ میں اکاسی سال عمر میں مرا ۔

۲ ۔ ابو الفضل احمد بن محمد المیدانی النیشاپوری ۔ واحدی مفسر اس کی صحبت میں رہا اور اس سے تعلیم پائی ۔ اس نے لغت میں کتب تصانیف کیں ۔ ان میں سے کتاب الامثال اور کتاب السامی ہے ۔ ۵۱۸ھ میں وفات پائی اور باب میدان زیاد میں دفن ہوئے ۔ میدان زیاد نیشاپور کا ایک محلہ ہے جس کی طرف یہ منسوب ہوتے ہیں ۔

Marfat.com

نے جواب دیا ، ”حاتم خواب میں آیا اور اس نے میرے دیکھتے دیکھتے میری اونٹنی کے گھٹنے تلوار سے کاٹ دیے، پھر شعر کہے جو مجھے یاد ہیں“۔ اُن میں وہ کہتا ہے

أَبَاالخَيْبَرِيِّ وَأَنْتَ امْرُؤٌ
ظَلُومٌ العَشِيرَةِ شَتَّا مُهَا

اے ابوالخیبری تو ایسا انسان ہے جو اپنے قبیلے پر بہت ظلم کرے اور اسے بہت گالیاں دے

أَتَيْتَ بِصَحْبِكَ تَبْغِي القِرَى
لَدَى حُفْرَةٍ قَدْ صَدَتْ هَامُهَا

تو اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ضیافت کا طالب ہو کر اس قبر پر آیا ہے جس کا ”ھام“ صَدٰی بن چکا ہے

أَتَبْغِي لِيَ الذَّمَّ عِنْدَ المَبِيتِ
وَحَوْلَكَ طَيٌّ وَ أَنْعَامُهَا

[۵۷] کیا رات گزارنے کے وقت تو یہ چاہتا ہے کہ میری مذمت کی جائے حالانکہ تمہارے گرد قبیلہ طی اور ان کے چوپائے موجود ہیں

فَأَنَا لَنُشْبِعُ أَضْيَافَنَا
وَتَأْتِي المَطِيُّ فَنَعْتَامُهَا[1]

---

۱ - محمد بہجہ اثری نے اس شعر کو نہیں سمجھا اور اس کی جو شرح کی ہے وہ مضحکہ خیز ہے - چنانچہ لکھتے ہیں : عتمت الابل واعتمت واستعتمت اذا حلبت عشاءً - اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ ایک شعر سے استشہاد بھی کیا ہے - حالانکہ یہ عیمة سے ہے جس کے معنی بہترین چیز کے ہیں ، لسان العرب میں ہے العِيمَّة مِنَ المَتَاعِ خِيرته قال الأَزهَرِي : عِيمَّة كل شَيْءٍ خيار و جمعها عِيَم وقَدْ اِعْتَامَ يَعْتَامُ اعتِيامًا اذا اختار - ان اشعار کی روایت میں اختلاف پایا جاتا ہے چنانچہ شرح الامالی [۶۰۶] میں صرف تین اشعار دیے گئے ہیں - دوسرا شعر یوں دیا گیا ہے :

وَمَاذَا تُرِيد الى رِسْلَةٍ بِدَوِيَّةٍ صَخِبٍ هَامُهَا

نیز ملاحظہ ہو العقدالفرید (۱ : ۳۳۵) لدى حفرة صديت هامها

ہم اپنے مہمانوں کو پیٹ بھر کر کھلاتے ہیں اور جب سواریاں آتی ہیں تو ہم ان میں سے بہترین کو چن لیتے ہیں ۔

لہٰذا سب اُٹھ کھڑے ہوئے ، دیکھا تو ایک اونٹنی تین ٹانگوں پر چل رہی ہے اور چوتھی کٹی ہوئی ہے ۔ پھر انھوں نے اسے ذبح کر لیا اور رات بھر کھاتے رہے اور کہنے لگے حاتم نے زندگی میں بھی ہماری ضیافت کی اور مرنے کے بعد بھی ، ازاں بعد انھوں نے اپنے ساتھی (ابوالخیبری) کو اپنے پیچھے اونٹنی پر بٹھا لیا اور روانہ ہو پڑے ۔ کیا دیکھتے ہیں کہ ایک شخص ایک اونٹ پر سوار ہے اور ایک اور اونٹ کو ساتھ لیے آ رہا ہے جب ان کے پاس آ پہنچا تو پوچھا ، ”تم میں سے کون ابوالخیبری ہے“۔ اس نے کہا ، ”میں ہوں“۔ اس نے کہا ، یہ اونٹ لے لے ۔ میں عدی بن حاتم ہوں ۔ حاتم خواب میں میرے پاس آیا اور بتایا کہ اس نے تمھاری ہی اونٹنی سے تمھاری ضیافت کر دی ہے پھر مجھے حکم دیا کہ میں تمھیں سوار ہونے کے لیے جانور دوں لہٰذا تم یہ اونٹ لے لو ، یہ کہہ کے عدی نے وہ اونٹ ابوالخیبری کو دے دیا اور لوٹ گیا ۔

ابو دارۃ الغطفانی نے جو اشعار عدی بن حاتم رض کی مدح میں کہے ہیں ان میں اسی واقعے کی طرف اشارہ کیا ہے ، چنانچہ کہتا ہے :

أَبُوكَ أَبُو سَفَّانَةَ الْخَيْرَ لَمْ يَزَلْ
لَدُنْ شَبَّ حَتَّى مَاتَ فِي الْخَيْرِ رَاغِبَا

تمھارا باپ ابو سفانہ نیک کام کرنے والا شخص تھا جوانی کے وقت سے لے کر مرتے دم تک نیکی کی طرف راغب رہا

بِهِ تُضْرَبُ الْأَمْثَالُ فِي الشِّعْرِ مَيِّتًا
وَكَانَ لَهُ إِذْ ذَاكَ حَيًّا مُصَاحِبَا

مرنے کے بعد بھی (شعروں میں) اس کی مثال دی جاتی ہے ۔ وہ زندگی میں بھی اشعار کا ساتھی تھا ۔ (لوگ اس کی تعریف میں شعر کہتے تھے)

Marfat.com

قَرَی قَبْرُهُ الأَضْيَافَ إذ نَزَلُوا بِهِ
وَ لَمْ يَقْرِ قَبْرٌ قَبْلَهُ الدَّهْرَ رَاكِبَا

اس کی قبر نے مہمانوں کی ضیافت کی ، جب وہ اس کے پاس آکر اترے اور اس سے پہلے کسی قبر نے کسی سوار کی ضیافت نہیں کی

حاتم طائی کے اشعار بہت ہیں جنھیں بلاغت میں مقام بلند حاصل ہے - اس کے دیوان میں تو سارے کلام کا صرف ایک حصہ شامل ہے

اس کے اشعار میں سے کچھ اشعار وہ ہیں جو اس نے اپنی بیوی ماویہ بنت عبداللہ کو مخاطب کر کے کہے :

أَيَا ابْنَةَ عَبْدِ اللهِ وَ ابْنَةَ مَالِكٍ
وَ يَاابْنَةَ ذِي الْبُرْدَيْنِ وَالْفَرَسِ الْوَرْدِ

اے عبداللہ اور مالک کی بیٹی اور دو چادروں والے اور سرخ گھوڑے والے کی بیٹی

إِذَا مَاصَنَعْتِ الزَّادَ فَالْتَمِسِي لَهُ
أَكِيلاً فَإِنِّي ۸ لَسْتُ آكِلَهُ وَحْدِي ۸

جب تو کھانا تیار کرے تو اس کے لیے کھانے والا ساتھی بھی تلاش کر کیونکہ میں کھانا اکیلے نہیں کھا سکتا

أَخاً طَارِقاً أَوْ ۸ جَارَ بَيْتٍ فَإِنَّنِي ۸
أَخَافُ مَذَمَّاتِ الأَحَادِيثِ مِن بَعْدِي ۸

یا کوئی رات کو آنے والا بھائی ہو یا گھر کا پڑوسی - میں ڈرتا ہوں کہ مرنے کے بعد لوگ میری مذمت نہ کریں (مجھے اکل کھرا نہ کہیں جو بخل کی علامت ہے)

وَأَنِّي لَعَبْدُ الضَّيْفِ مَادَامَ ثَاوِياً
وَمَا فِيَّ إِلاَّ تِلْكَ مِنْ ۸ شِيمَةِ الْعَبْدِ

جب تک کوئی مہمان میرے یہاں مقیم رہے میں اس کا غلام بنا رہتا ہوں ، اِس ایک خصلت کے سوا مجھ میں غلاموں کی سی کوئی اور

Marfat.com

خصلت نہیں پائی جاتی

ذی البُردین (دو چادروں والا) سے اس کی مراد عامر بن اُحیمر بن بہدلہ سے ہے ، اس کا ذوالبُردین کے لقب سے ملقب ہونے کا قصہ دو چادروں سے وابستہ ہے وہ یوں کہ منذر بن ماء السماء کے یہاں کئی ایک وفد جمع ہوئے ۔ منذر کے باپ کا اصلی نام امرؤالقیس تھا ۔ ماء السماء کے متعلق بعض کہتے ہیں کہ اس کی والدہ کا نام تھا جس کی طرف وہ اس کی بزرگی و شرافت کی وجہ سے منسوب ہؤا ۔ بعض کہتے ہیں کہ اس کی والدہ کو ماء السماء کا لقب اس لیے دیا گیا تھا کہ اس کا نسب پاک و صاف تھا ۔ بعض کہتے ہیں کہ اس کے رنگ کی صفائی کی وجہ سے یہ لقب دیا گیا تھا اور اس سے مراد یہ لی جاتی ہے کہ وہ آسمان کے پانی کی طرح ہے جس میں کدورت کے ہونے کا احتمال نہیں ہے ۔ ایک دن نعمان نے وفدوں کو آزمانے کی غرض سے دو چادریں نکلوائیں اور کہا ، ”تم میں سے جس کا قبیلہ عربوں میں سب سے زیادہ عزت والا ہو وہ اٹھ کر اُنھیں لے لے“ ۔ عامر بن احیمر نے اُٹھ کر دونوں چادریں لیں اور ایک کو بطور تہمد باندھ لیا اور دوسری کو بطور چادر کے اوڑھ لیا ۔ اس پر منذر نے دریافت کیا ، ”آیا تو ہی عرب بھر میں سب سے زیادہ ذی عزت قبیلے والا ہے“ ؟ اس نے جواب دیا ، ”عزت اور تعداد معد میں ہے پھر نزار میں ، پھر مضر میں ، پھر خندف میں ، پھر تمیم میں ، پھر سعد میں ، پھر کعب میں ، پھر عوف میں ، پھر بہدلہ میں ، جو اس کا انکار کرے وہ مجھ سے حسب و نسب میں مفاخرت کر لے“ ۔ اس پر دیگر سب لوگ خاموش رہے ۔

منذر نے کہا ، ”تمھارے خیال کے مطابق بھی تو یہ عزت و شرف تمھارے قبیلے کی ہوئی ۔ تم اپنے گھر والوں اور اپنی ذات میں سے کیسے ہو“؟ اُس نے جواب دیا ، ”میں دس بچوں کا باپ ہوں ، دس کا بھائی ہوں ، دس کا خالو ہوں ، دس کا پھوپھا ہوں“ ۔ رہی میری ذات تو جو میری عزت کا گواہ ہے وہی میری ذات کا بھی گواہ ہے ۔ اس کے بعد اس نے اپنا قدم زمین پر رکھا اور کہا ، ”جو اسے اس جگہ سے ہٹا دے

Marfat.com

اسے ایک سو اونٹ انعام دوں گا ۔ اس پر حاضرین میں سے کوئی بھی نہ اُٹھا اور وہ دونوں چادریں حاصل کرنے کے معاملے میں کامیاب رہا ۔

حاتم کے شعروں میں سے یہ اشعار بھی ہیں

وعَا ذِلَةٍ قَامَتْ عَلَيَّ تَلُومُنِي
كَأَنِّي إِذَا أَعْطَيْتُ مَالِي أَضِيمُهَا

ایک ملامت کرنے والی مجھے ملامت کرنے کے لیے اٹھی ۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جب میں اپنا مال کسی کو دیتا ہوں تو گویا اُس پر ظلم کرتا ہوں

أَعَاذِلُ إِنَّ الْجُودَ لَيْسَ بِمُهْلِكِي
وَلَا مُخْلِدِ النَّفْسَ الشَّحِيحَةَ لُؤْمُهَا

اے مجھے ملامت کرنے والی (مجھے میری) سخاوت مجھے ہلاک نہ کر دے گی ، اور نہ ہی بخیل آدمی کو اس کا بخل ہمیشہ کی زندگی عطا کر دے گا

وَ تُذْكَرُ أَخْلَاقُ الْفَتَى وَ عِظَامُهُ
مُغَيَّبَةٌ فِي اللَّحْدِ بَالٍ رَمِيمُهَا

انسان کے (اعلیٰ) اخلاق کا ذکر برابر ہوتا رہتا ہے حالانکہ اس کی ہڈیاں قبر میں غائب اور بوسیدہ ہو چکی ہوتی ہیں

وَ مَنْ[1] يَبْتَدِعْ مَا لَيْسَ مِنْ خِيمِ نَفْسِهِ
يَدَعْهُ وَ يَغْلِبْهُ عَلَى النَّفْسِ خِيمُهَا

جو شخص کوئی ایسی نئی خصلت بنا لے جو درحقیقت اس کی (فطری) خصلت نہ ہو تو وہ اس خصلت کو چھوڑ دے گا اور اس پر اس کی اصلی اور فطری خصلت غالب آ جائے گی

---

١ - مبرد نے کامل میں پہلے مصرع کی روایت یوں کی ہے : وَ مَنْ يَتَّخِذْ خِيماً سِوَى خِيمِ نَفْسِهِ

Marfat.com

اسی طرح یہ اشعار بھی حاتم کے ہیں :

أَكُفُّ يَدِي عَنْ أَنْ يَنَالَ التِمَاسُهَا
أَكُفُّ صِحَابِي حِينَ حَاجَتُنَا مَعَا

جب میری اور میرے ساتھی کی حاجت ایک ہی وقت میں ظہور پزیر ہو تو میں اپنے ہاتھ کو روک لیتا ہوں کہ کہیں وہ تلاش کرتے وقت میرے ساتھیوں کی ہتھیلیوں کو نہ لگے (میں اپنی حاجت کو اپنے کسی دوست کی حاجت پر ترجیح نہیں دیتا)

أَبِيتُ هَضِيمَ الكَشْحِ مُضْطَمِرَ الحَشَا
مِنَ الجُوعِ أَخْشَى الذَّمَّ أَنْ أَتَضَلَّعَا

میں بھوک کی وجہ سے پتلی کمر اور پتلے پیٹ والا بن کر رات گزار دیتا ہوں اور مذمت کے ڈر سے پیٹ بھر کر نہیں کھاتا

وَ أَنِّي لَأَسْتَحْيِي رَفِيقِي أَنْ يَرَى
مَكَانَ يَدِي مِنْ جَانِبِ الزَّادِ أَقْرَعَا

[۷۷] مجھے اس بات کے خیال سے بھی حیا آتی ہے کہ کہیں میرا ساتھی کھانے کی جانب سے میرے ہاتھ کی جگہ کو خالی نہ دیکھ لے

وَ إِنَّكَ مَهْمَا تُعْطِ بَطْنَكَ سُؤْلَهُ،
وَفَرْجَكَ نَالَا مُنْتَهَى الذَّمِّ أَجْمَعَا

جب تو اپنے شکم اور جنس کو ان کی خواہش پر چھوڑ دے گا تو یہ دونوں انتہائی مذمت حاصل کریں گے

نیز کہتا ہے :

أَمَا وَالَّذِي لَا يَعْلَمُ السِرَّ غَيْرُهُ،
وَيُحْيِي العِظَامَ البِيضَ وَهْيَ رَمِيمُ،

خبردار ! قسم ہے اس خدا کی جس کے سوا کوئی راز جاننے والا نہیں اور جو سفید ہڈیوں کو بوسیدہ ہونے کے بعد زندہ کرے گا

Marfat.com

لَقَدْ كُنْتُ اَخْتَارُ القِرَی طَاوِیَ الحَشَا
مُحَافَظَةً مِنْ اَنْ یُقَال لَئِیْم،

میں پیٹ سے بھوکا رہ کر ضیافت کرنے کو پسند کیا کرتا تھا اس ڈر سے کہ کہیں کوئی مجھے کمینہ اور بخیل نہ کہدے

وأِنّی لاَسْتَحیِی یَمِیْنِی وَ بَیْنَهَا
وَ بَیْنَ فَمِی دَاجی الظّلاَم بَهِیْم،

میں تو اپنے دائیں ہاتھ سے اس بات پر شرماتا ہوں کہ کہیں میرے منہ اور اس کے درمیان سیاہ اور تاریک رات نہ ہو (تاریک رات میں چھپ کر کھانے سے شرماتا ہوں)

نیز کہتا ہے :

وَ لَمَّا رَأَیْتُ النَّاسَ هَرَّتْ کِلاَبُهُم
ضَرَبْتُ بِسَیفِی سَاقَ أَفعٰی فَخَرَّت،

جب میں نے لوگوں کے کتوں کو بھونکتے دیکھا تو میں نے اپنی تلوار اپنی افعٰی نامی اونٹنی کی پنڈلی پر ماری اور وہ گر گئی

وقُلْتُ لاَصْباءٍ صِغَارٍ وَ نِسْوَةٍ
بِشَهْبَاء من لیلِ[1] الثمانین قَرَّت،

اور پھر میں نے چھوٹے بچوں اور عورتوں کو قحط سالی کی تاریک رات میں جو ٹھنڈی تھی کہا

عَلَیْکُم مِنَ الشَّیْطَانِ کُلَّ وَرِیَّةٍ
اِذَا النَّارُ مَشَّتْ جَانِبَیْهَا اِرْمَعَلَّت،

---

۱ - کتاب میں اسی طرح ثمانین دیا ہے مگر یہ لفظ یہاں پر کوئی معنی ادا نہیں کرتا - میرے خیال میں اس کی بجائے ثلاثین ہونا چاہیے اور لیل الثلاثین مہینے کی آخری رات کو کہتے ہیں جو سخت تاریک ہوتی ہے -

Marfat.com

تم کوہان کی ایک طرف سے گوشت کے چربی والے ٹکڑے لے لو جب آگ ان پر اثر کرتی تو اُن کی چربی پگھل کر بہنے لگتی

وَلاَ يُنْزِلُ المَرْءُ الكَرِيْمُ عِيَالَهُ
وَأَضْيَافَهُ مَا سَاقَ مَالاً بِضَرَّتِ

(کوئی بھی) سخی آدمی اپنے عیال اور مہمانوں کو جب تک کہ اس کے پاس مال موجود ہو مصیبت اور تنگی کی حالت میں نہیں رکھتا

نیز کہتا ہے :

وَلاَ تَسْتُرِيْ قِدْرِيْ إِذَا مَا طَبَخْتِهَا
عَلَيَّ إِذَا مَا تَطْبُخِيْنَ حَرَامُ

جب تو ہنڈیا پکائے تو اسے چھپا کر نہ رکھ (اگر تو ایسا کرے گی) تو جو کچھ تو نے پکایا ہوگا وہ مجھ پر حرام ہوگا

وَلَكِنْ بِهٰذَاكِ الِيَفَاعِ فَأَوْقِدِيْ
بِجَزْلِيْ إِذَا أَوْقَدْتِ لا بِضِرَامِ[1]

لیکن جب تو آگ جلائے تو اُس ٹیلے پر بڑی موٹی لکڑیوں سے جلانا نہ کہ چھوٹی لکڑیوں سے (کیونکہ وہ جلدی بجھ جائیں گی اور ان سے زیادہ کھانا بھی پک نہ سکے گا)

نیز کہتا ہے :

وَ قَائِلَةٍ أَهلكْتَ بِالْجُوْدِ مَالَنَا
وَ نَفْسَكَ حَتّٰى ضَرَّ نَفْسَكَ جُوْدُهَا

ایک کہنے والی (یعنی میری بیوی) مجھے کہتی ہے کہ تو نے سخاوت سے ہمارے مال کو بھی اور اپنے آپ کو بھی تباہ کر دیا ہے یہاں تک کہ تمہاری سخاوت آخر تمہاری جان کو نقصان پہنچا کر رہی

---

۱ - اس شعر میں اقواء پایا جاتا ہے

Marfat.com

فَقُلْتُ دَعِيْنِي اِنَّمَا تِلْكَ عَادَتِي
لِكُلِّ كَرِيْمٍ عَادَةٌ يَسْتَعِيْدُهَا[1]

میں نے اس سے کہا : مجھے (اسی طرح) رہنے دو ، یہ تو میری عادت ہے اور ہر شریف و سخی انسان کی ایک عادت ہوتی ہے ، جس پر وہ کار بند رہتا ہے

جب شدت کی سردی اور شدت کا پالا پڑتا تو حاتم اپنے یسا نامی غلام کو حکم دیتا اور وہ ایک ٹیلے پر آگ جلا دیتا [۷۸] تاکہ جو شخص رات کے وقت راستے سے بھٹک گیا ہو اُسے دیکھ کر اِدھر آ جائے۔

أَوْ قِدْ فَاِنَّ اللَّيْلَ لَيْلٌ قُرٌّ
وَالرِّيْحُ رِيْحٌ يَا وَاقِدُ رِيْحٌ صِرٌّ

آگ جلا کیونکہ رات ٹھنڈی ہے ۔ اے آگ جلانے والے ! ہوا بھی ٹھنڈی چل رہی ہے

عَلَّ يَرَى نَارَكَ مَنْ يُمِرُّ
اِنْ جَلَبَتْ ضَيْفاً فَاَنْتَ حُرُّ

ہو سکتا ہے کہ کوئی راہگیر تمھاری آگ کو دیکھ لے ۔ لہٰذا اگر یہ آگ کسی مہمان کو کھینچ کر اِدھر لے آئے تو تُو آزاد ہے

نیز کہتا ہے[2]

أَمَاوِيَّ قَدْ طَالَ التَّجَنُّبُ وَالْهَجْرُ
وَقَدْ عَذَرَتْنِي فِيْكِ طِلَابِكُمُ الْعُذْرُ[3]

---

۱ - اِستَعَادَهَا : تَعَوَّدَهَا

۲ - ان اشعار کے لیے ملاحظہ ہو العقدالفرید : ۱ : ۳۳۵ - ۳۳۶

۳ - العُذْرُ دراصل العُذُرُ تھا ۔ العُذُرُ عِذَارٌ کی جمع ہے جس کے معنی لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے رخسارے پر ہوتا ہے ضرورت شعری کے لیے ذال کو ساکن پڑھا گیا ۔ محاورہ ہے عَذَرْتُ الفَرَسَ بالعِذَارِ ای شددته به اور یہاں بطور استعارہ موانع کے معنوں میں آیا ہے ۔ مگر محمد بہجۃ اثری نے اسے یوں لیا ہے : وقوله عذرتنا الخ عذرته فيما صنع : رفعت عنه اللوم فهو معذور ای غیرملوم ۔ بیوی کا مطالبہ تھا کہ اتنی سخاوت نہ کرو کہ ہم خود محتاج ہو جائیں ۔

Marfat.com

اے (میری بیوی) ماویہ تمہاری علٰحدگی اور جدائی نے طول پکڑا اور تمہارے مطالبے کو پورا کرنے سے کئی ایک موانع نے ہمیں روک دیا ہے

أمَاوِيَّ إنَّ الشَّمَالَ غَمَادٍ وَ رَائِحٌ
وَيَبْقَى مِنَ المَالِ الأَحَادِيثُ وَالذِّكْرُ

اے ماویہ دولت تو آنی جانی شے ہے ، اور دولت کی باتیں اور یاد باقی رہ جاتی ہے (دولت سخاوت میں خرچ ہو تو اس کا ذکر باقی رہ جاتا ہے)

أمَاوِيَّ إمَّا مَانِعٌ فَمُبَيَّنٌ
وَإمَّا عَطَاءٌ لَا يُنَهْنِهُهُ الزَّجْرُ

اے ماویہ میں نے مانع کی وضاحت کر دی ہے اب رہی سخاوت تو تمہاری زجر و توبیخ اسے روک نہیں سکتی

أمَاوِيَّ إنِي لَا أَقُولُ لِسَائِلٍ
إذَا جَاءَ يَوْماً حَلَّ فِي مَالِيَ النَّزْرُ

اے ماویہ اگر کوئی سوالی کسی دن بھی آ جائے تو میں اسے یہ نہیں کہنے کا کہ میرا مال کم ہو گیا ہے

أمَاوِيَّ لَا يُغْنِي الثَّرَاءُ عَنِ الفَتَى
إذَا حَشْرَجَتْ يَوْماً وَ ضَاقَ بِهَا الصَّدْرُ

اے ماویہ جب کسی دن جان کنی کا وقت آ جائے اور (جان کو اپنے اندر رکھنے سے) سینہ تنگ ہو جائے تو اس وقت مالداری انسان کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتی -

أمَاوِيَّ إنْ يُصْبِحْ صَدَايَ[1] بِقَفْرَةٍ
مِنَ الأَرْضِ لَا مَاءٌ لَدَيَّ وَلَا خَمْرُ

---

۱ - صدی دراصل اس اُلّو کو کہتے ہیں جو عربوں کے خیال کے مطابق مقتول کے سر سے نکلتا تھا - یہاں مراد خود ماتم سے ہے -

Marfat.com

اے ماویہ اگر میں مرنے کے بعد چٹیل زمین میں دفن ہو جاؤں جہاں میرے پاس نہ پانی ہو نہ شراب

تَرَیٰ أَنَّ مَاأَنْفَقْتُ لَمْ یَکُ ضَرَّنِی
وَ إِنَّ یَدِیٰ مِمَّا بَخِلْتُ بِہٖ صِفْرُ

تو اس وقت صحیح معلوم ہو جائے گا کہ جو مال میں نے خرچ کر ڈالا ہے اس سے مجھے کوئی نقصان نہیں پہنچا اور جس مال کے خرچ کرنے سے میں نے بخل کیا تھا (اسے پیچھے چھوڑ آیا ہوں اور اب) میرا ہاتھ اُس مال سے خالی ہے

إِذَا أَنَا دَلَّانِی الَّذِینَ یَلُونَنِی
بِمُظْلِمَةٍ لُجٍّ جَوَانِبُهَا غُبْرُ

جب مجھے میرے آس پاس کے لوگ سخت تاریک گڑھے میں اتار دیں گے جس کے اطراف مٹیالے ہوں گے

وَرَاحُوْا سِرَاعاً یَنْفُضُوْنَ أَکُفَّهُمْ
یَقُوْلُوْنَ قَدْ أَدْمَی أَظَافِرَ نَا الْحَفْرُ

اور وہ ہاتھ جھاڑتے ہوئے اور یہ کہتے ہوئے جلدی جلدی چلے جائیں گے کہ مٹی کھودنے سے ہمارے ناخن زخمی ہو گئے ہیں

أُمَاوِیَّ إِنَّ الْمَالَ مَالٌ بَذَلْتُهُ
فَأَوَّلُهُ شُکْرٌ وَآخِرُهُ ذِکْرُ

(تو اس وقت واضح ہو جائے گا) اے ماویہ کہ درحقیقت مال تو وہ تھا جسے میں نے خرچ کر ڈالا ایسے مال کا آغاز شکریہ ہوتا ہے اور انجام شہرت

---

۱ - دَلَّانی : اَرْسَلَنِیْ اور مظلمة ای حفرة مُظْلِمَة

۲ - اَظَافِر یہ جمع الجمع ہے ظُفُر کی جمع اظفار آئی اور پھر اظفار کی جمع اظافر -

Marfat.com

وَقَدْ يَعْلَمُ الاُسَّةُ قَوْامُ لَوْ اَنَّ حَاتِماً
اَرَادَ ثَرَاءَ الْمَالِ كَانَ لَهُ وَفْرُ
لوگوں کو معلوم ہے کہ اگر حاتم مال کی کثرت چاہتا تو اس کے پاس وافر مال ہوتا

فَاِنِّی وَجَدِّیْ رُبَّ وَاحِدِ اُمِّهٖ[1]
اَخَذْتُ فَلَا قَتْلٌ عَلَیْهِ وَلَا اَسْرُ
قسم ہے اپنے بخت کی کہ میں نے ماؤں کے اکلوتے بیٹوں کو پکڑا مگر ان میں سے نہ کسی کو قتل کیا نہ قید

وَلَا اَظْلِمُ ابْنَ الْعَمِّ اِنْ كَانَ اِخْوَتِیْ
شُهُوداً وَقَدْ اَوْدَی بِاِخْوَتِهِ الدَّهْرُ
[۷۹] اگر میرے بھائی موجود ہوں اور میرے چچا زاد بھائی کے بھائیوں کو زمانے نے فنا کر دیا ہو تو (اس وجہ سے) میں اپنے چچا زاد بھائی پر ظلم نہیں کرنے کا

غَنِیْنَا[2] زَمَاناً بِالتَّقَصُّدِ وَالْغِنٰی
وَكُلٌّ سَقَانَا وَهْوَ كَاسِبُنَا الدَّهْرُ

---

۱ - بلوغ الارب میں اُسّۃ چھپا ہے جو غلط ہے - تصحیح از روئے عقدالفرید کی گئی ہے - عقدالفرید میں اخذتَ کی بجائے اَجَرْتُ دیا ہے اور وہی بہتر بھی ہے -

۲ - بلوغ الارب میں یہ شعر اسی طرح دیا ہے جس کا بظاہر کوئی مفہوم نہیں بن سکتا - العقدالفرید میں اسے یوں درست کیا گیا ہے :

غَنِیْنَا زَمَاناً بالتصعلکُ والغنیٰ
وُكُلّاً سَقَانَاه بِكَأْسَیْهِمَا الدَّهْرُ

اور میں نے اوپر جو ترجمہ دیا ہے اسی کے مطابق دیا ہے - مزید برآں اس روایت کے مطابق اس شعر میں ایطاء کا عیب پایا جاتا ہے - اغانی کی روایت میں الدھر کی بجائے الْعَصْرُ دیا ہے اس صورت میں ایطاء نہ پایا جائے گا -

Marfat.com

ہم نے محتاجی میں بھی کچھ عرصہ زندگی گزاری ہے اور مالداری میں بھی - زمانے نے یہ دونوں پیالے ہمیں پلائے ہیں

[1] فَمَا زَادَنَا مأوًى عَلَىٰ ذِیْ قَرَابَةٍ
غِنَانَا وَلَا أَزْرَى بِأَحْسَابِنَا الْفَقْرُ

مگر ہم نے مالداری کی وجہ سے کسی رشتہ دار کے سامنے گھمنڈ کا اظہار نہیں کیا اور نہ ہی محتاجی نے ہمارے حسب و نسب کو عیب لگایا

حاتم کا ایک طویل قصیدہ سخاوت اور مکارم اخلاق کے متعلق ہے - جو حماسہ[2] بصریہ اور دیگر کتابوں میں منقول ہے اور وہ یہ ہے :

وَعَاذِلَتَيْنِ هَبَّتَا بَعْدَ هَجْعَةٍ
تَلُوْمَانِ مِتْلَافًا مُفِيْدًا مُلَوَّمَا

دو ملامت کرنے والی عورتیں تھوڑی سی نیند کے بعد اٹھ کھڑی ہوئیں اور اس شخص کو جو ان کے نزدیک اس لیے قابلِ ملامت ہے کہ مال تلف کر دیتا ہے اور دوسروں کو فائدہ پہنچاتا ہے ملامت کرنے لگیں

تَلُوْمَانِ لَمَّا غَوَّرَ النَّجْمُ ضَلَّةً[3]
فَتَىً لَا يَرَى الْإِنْفَاقَ فِي الْحَمْدِ مَغْرَمَا

---

۱ - بلوغ الارب میں یہ شعر اسی طرح دیا ہے مگر درست یوں ہے
فَمَا زَادَنَا بَأْوًا عَلَى ذِي قَرَابَةٍ غِنَانَا
وَلَا أَزْرَى بِأَحْسَابِنَا الْفَقْرُ
شرح امالی میں بأوا کی بجائے بَغْيًا دیا ہے (صفحہ ۹۲۸) اور اوپر ترجمہ بھی اسی طرح کیا گیا ہے ملاحظہ ہو العقدالفرید : ۱ : ۳۳۷
البأو : الفخر والتکبر

۲ - حماسہ بصریہ صدر الدین علی بن ابی الفرج کی تالیف ہے جسے اس نے سلطان ملک الظاہر رکن الدین بیبرس البند قداری (۶۵۸-۷۶/۱۲۶۰-۷۷) کے لیے لکھا -

۳ - لسان العرب میں ہے فلان یلومنی ضَلَّةً : اذا لَمْ یُوَفَّقْ لِلرَّشَادِ علی عَمَدٍ

Marfat.com

جب ستارہ غروب ہو جاتا ہے تو دونوں ایک ایسے انسان کو ناحق ملامت کرتی ہیں جو تعریف کے مواقع پر خرچ کرنے کو تاوان نہیں سمجھتا

فَقُلْتُ وَقَدْ طَالَ العِتَابُ عَلَيْهِمَا
وَأَوْعَدَ تَنَا[1] نِي أَنْ تَبِيْنَا وَ تَصْرِمَا

جب وہ دیر تک اظہار عتاب کرتی رہیں اور ان دونوں نے مجھے جدائی اور قطع تعلق کی دھمکی تک دے دی تو میں نے کہا

أَلَا لَا تَلُوْمَا نِيْ عَلَى مَا تَقَدَّمَا
كَفَى بِصُرُوْفِ الدَّهْرِ لِلْمَرْءِ مُحْكِمَا[2]

جو بات ہو چکی اس پر تم مجھے ملامت نہ کرو اس لیے کہ حوادث زمانہ انسان کو دانا بنا دینے کے لیے کافی ہیں

فَأَنْكُمَا لَا مَا مَضَى تُدْرِكَانِهِ
وَ لَسْتُ عَلَى مَا فَاتَنِيْ مُتَنَدِّمَا

اس لیے کہ جو بات گزر چکی ہے تم اسے دوبارہ حاصل نہیں کر سکتیں اور پھر یہ کہ میں اس مال پر نادم بھی نہیں جو میرے ہاتھ سے نکل گیا ہے

فَنَفْسَكَ أَكْرِمْهَا فَإِنَّكَ إِنْ تُهِنْ
عَلَيْكَ فَلَنْ تَلْقَى مَدَى الدَّهْرِ مُكْرَمَا

اپنے نفس کی عزت کر کیونکہ اگر تو اسے ذلیل کر دے گا تو پھر تیری کبھی بھی عزت نہ کی جائے گی (تو اپنی عزت کا پاسباں خود ہے)

---

۱ - بلوغ الارب میں وأوعدتما نی دیا ہے مگر وہ غلط ہے میں نے اوپر صحیح لفظ دیا ہے۔

۲ - محاورہ ہے أحكمتهُ التجاربُ : جعلتهُ حكيماً

Marfat.com

أَهُنْ لِلَّذِی یَهْوَی[1] التِلَادَ فَأَنِّهْ
إِذَا مِتُّ كَانَ الْمَالُ نَهْباً مُقَسَّمَا

کیا میں اس شخص کے لیے ذلیل ہو جاؤں جو وراثت کا مال چاہتا ہے ظاہر ہے کہ جب میں مر جاؤں گا تو میرا مال وارثوں میں بٹے گا اور لٹے گا

وَ لَا تَشْقَیَنَّ بِهِ فَیَسْعَدَ وَارِثٌ
بِهِ حِینَ تَغْشَی أَغْبَرَ الْجَوْفِ مُظْلِمَا

تو (اس مال کے ساتھ بخل کرکے) بدبخت نہ بن کیونکہ جب تو غبار آلود پیٹ والی اور تاریک قبر میں چلا جائے گا تو (وہ مال تجھے خوش بخت نہ کرے گا) اس مال کی بدولت تیرا وارث سعادت حاصل کرے گا

یُقَسِّمُهُ غُنْماً وَ یَشْرِی كَرَامَةً
وَقَدْ صِرْتَ فِی خِطِّ[2] سِنَ الْأَرْضِ أَعْظُمَا

وہ اسے غنیمت کا مال سمجھ کر تقسیم کرے گا اور (اپنے لیے) عزت خریدے گا جبکہ تو زمین کے اندر ہڈیاں بن چکا ہوگا

قَلِیلًا بِهِ مَا یَحْمَدَنَّكَ وَارِثٌ
إِذَا نَالَ مِمَّا كُنْتَ تَجْمَعُ مَغْنَمَا

جب تیرا وارث اس مال کو جسے تو جمع کیا کرتا تھا غنیمت کا مال سمجھ کر لے لے گا تو تیری بہت کم تعریف کرے گا

تَحَلَّمْ عَنِ الْأَدْنَیْنَ وَ اسْتَبْقِ وُدَّهُمْ
وَ لَنْ تَسْتَطِیعَ الْحِلْمَ حَتَّی تَحَلَّمَا

---

۱ - بلوغ الارب میں ’’ تھوی ‘‘ دیا ہے وہ غلط ہے -
۲ - الخِطُّ والخِطَّةُ : الأَرْضُ تُنْزَلُ مِنْ غَیْرِ ان یَنْزِلَهَا نَازِلٌ قَبْلَكَ

Marfat.com

اپنے قریبی رشتہ داروں کی باتوں کو سن کر تحمل اور حلم سے کام لے ۔ ان کے ساتھ دوستی کو قائم رکھ اور تو تحمل اور حلم اس وقت تک کر سکے گا جب تک کوشش کرکے اسے اپنی عادت نہ بنا لے ، (کوئی آدمی بھی بآسانی متحمل مزاج نہیں بن سکتا)

وَعَوْرَاءَ قَدْ أَعْرَضْتُ عَنْهَا فَلَمْ تَضِرْ
وَ ذِیْ أَوَدٍ قَوَّمْتُهُ، فَتَقَوَّمَا

اور کئی ایک برے کلمات ہیں جن سے میں نے اعراض کیا اور انھوں نے مجھے کوئی تکلیف نہ پہنچائی اور کئی ایک کج رو انسانوں کو میں نے سیدھا کیا اور وہ سیدھے ہو گئے

وَ أَغْفِرُ عَوْرَاءَ الكَرِیْمِ اِدِّخَارَہٗ
وَأَعْرِضُ عَنْ شَتْمِ اللَّئِیْمِ تَكَرُّمَا

میں ایک شریف انسان کے برے کلمات کو معاف کر دیتا ہوں تاکہ وہ ضرورت کے وقت کام آئے ۔ میں ذلیل کاموں سے بچنے کی غرض سے کمینوں کو گالی دینے سے اعراض کرتا ہوں

وَلَا آخُذُ المَشْوَلٰی وَإِنْ كَانَ خَاذِلًا
وَلَا أَشْتِمُ ابنَ العَمِّ إِنْ كَانَ مُفْحَمَا[1]

خواہ میرا چچا زاد بھائی میرا ساتھ چھوڑ دے مگر میں (وقت آنے پر) اس کا ساتھ نہیں چھوڑتا اور اگر وہ گالی کا جواب گالی سے دینے والا نہ ہو تو اسے گالی نہیں دیتا

وَلَا زَادَنِیْ عَنْهُ مُنَایَ تَبَاعُدًا
وَإِنْ كَانَ ذَا نَقْصٍ مِنَ الشَّمَالِ مُصْرِمَا[2]

[۸۰] میری آرزوئیں مجھے اس سے اور زیادہ دور نہیں کر دیں گی اگرچہ وہ کم مال والا اور محتاج اور کثیرالعیال ہو (یعنی غریب عزیز جس

---

۱ - شاعرٌ مُفْحَمٌ : الذی لَا یُجِیب هَاجِیَہٗ
۲ - المُصْرِم : الفَقِیْرُ الكَثِیْرُ العِیَالِ

Marfat.com

سے کوئی امید وابستہ نہ کی جا سکتی ہو اپنی بے بسی اور نابکاری کی بنا پر مجھ سے دور نہیں ہو سکتا ، اس کی نابکاری اسے میرے لیے بیگانہ نہیں بنا سکتی ، میں بے لوث محبت کرتا ہوں)

وَلَيْلٍ بِتَهْيُمٍ قَدْ تَسَرْ بَلْتُ هَوْلَهُ،
إِذِ اللَّيْلُ بِالنِكْسِ الدَّنِيُّ تَجَهَّمَا

میں نے کئی ایک تاریک راتوں کی ہولناکیوں کا لباس پہنا اگرچہ وہ رات کمینے اور حقیر آدمی کے نزدیک ترش اور تلخ مزاج ہو

وَلَنْ يَكْسِبَ الصُعْلُوكُ حَمْدًا وَلَا غِنَى
إِذَا هُوَ لَمْ يَرْكَبْ مِنَ الْأَمْرِ مُعْظَمَا

فقیر آدمی اس وقت تک ذکر خیر اور تمول حاصل نہیں کر سکتا جب تک وہ بڑے کٹھن مراحل سے نہ گزر لے

لَحَى اللهُ صُعْلُوكًا مُنَاهُ وَ هَمُّهُ،
مِنَ الْعَيْشِ أَنْ يَلْقَى لَبُوسًا وَ مَغْنَمَا

خدا اس فقیر کو تباہ کرے جس کی آرزو اور فکر اس زندگی سے صرف یہی علاقہ رکھتی ہے کہ اسے لباس اور مال غنیمت مل جائے

يُنَامُ الضُّحَى حَتَّى إِذَا نَوْمُهُ اسْتَوَى
تَنَبَّهَ مَثْلُوجَ الْفُؤَادِ مُوَرَّمَا

یہ فقیر چاشت تک سویا رہتا ہے یہاں تک کہ جب اس کی نیند پوری ہو جاتی ہے تو ایسی حالت میں اٹھتا ہے کہ وہ کند ذہن اور پھولا ہؤا ہوتا ہے (جس کا زیادہ سوئے رہنے کے باعث ذہن کند ہو گیا ہے اور جسم پھول گیا ہے)

مُقِيمًا مَعَ الْمُثْرِينَ لَيْسَ بِبَارِحٍ،
إِذَا نَالَ جَدْوَى مِنْ طَعَامٍ وَمَجْثَمَا

وہ مالداروں کے ساتھ قیام کرتا ہے اور وہاں سے اِدھر اُدھر نہیں ہوتا بشرطیکہ اسے کھانے یا بیٹھنے کی جگہ کا مفاد حاصل ہو جائے

Marfat.com

وِلله صُعْلُوكٌ يُسَاوِرُ هَمَّهُ
ويَمْضِي عَلَى الاَحْدَاثِ والدَّهْرِ مُقْدِمَا

(مگر اس کے مقابلے میں) اس فقیر کے کیا کہنے جس کے ارادے حملے پہ حملہ کیے جاتے ہیں اور وہ باوجود حوادث زمانہ کے آگے بڑھے جاتا ہے

فَتَى طَلِبَاتٍ لاَيَرَى الخَمْصَ تَرْحَةً
وَلاَ شَبْعَةً اِنْ نَالَهَا عَدَّ مَغْنَمَا

یہ کئی ایک مطالبات اور تمناؤں والا انسان ہے جو بھوک کو مصیبت خیال نہیں کرتا اور اگر اسے پیٹ بھر کر کھانا میسر آ جائے تو اسے غنیمت کا مال نہیں سمجھتا

يَرَى الخَمْصَ تَعْذِيباً وَلَمْ يَلْقَ شَبْعَةً
يَبِيتُ قَلِيْبُهُ مِنْ قِلَّةِ الهَمِّ مُبْهَمَا

وہ بھوک کو عذاب سمجھتا ہے اور سیری نہیں پاتا اس کا دل غم کے لرزے سے مبہوت رہتا ہے

اِذَا مَا رَأَى يَوْماً مَكَارِمَ اَعْرَضَتْ
تَيَمَّمَ كَبْرَاهُنَّ ثُمَّتَ صَمَّمَا

جب کسی دن یہ دیکھتا ہے کہ بزرگیوں نے اس سے منہ موڑ لیا ہے تو یہ سب سے بڑی بزرگی (کے حصول) کا قصد کرکے اس کو پا لینے پر تل جاتا ہے

وَيَغْشَى اِذَا مَا كَانَ يَوْمُ كَرِيْهَةٍ
صَدُوْرَ الشَّوَالِي فَهْوَ مُخْتَضِبٌ دَمَا

جب جنگ کا دن ہوتا ہے تو یہ نیزوں کی نوکوں کے اوپر چڑھ جاتا ہے اور اس کی حالت یہ ہوتی ہے کہ خون سے رنگا ہوتا ہے

Marfat.com

يَسَرِّی رُمَحَہٗ وَنَشَبَلَہٗ وَمِجَنَّہٗ،
وذَاشطَبٍ عَضَبِ الضَرِيبَةِ[1] مَخذَمَا
[2]وَاَحنَاءَ سَرجٍ قَاتِرٍ[3] وَلِجَامَہٗ،
عَتَادَ فَتًی هَيجَا وطِرفًا مُسَوَّمَا

یہ اپنے نیزے ، تیر ، ڈھال ، تیز دھار والی بتّراں تلوار ، گھوڑے کی پیٹھ پر ٹھیک بیٹھنے والی زین کی ٹیڑھی لکڑیاں اور گھوڑے کی لگام اور نشان لگائے ہوئے گھوڑے کو ایک جنگجو انسان کا سامان خیال کرتا ہے

فَذٰلِکَ اِنْ يَهْلِکْ فَحُسْنٰی ثَنَاؤُہٗ،
وَاِنْ عَاشَ لَمْ يَقْعُدْ ضَعِيفًا مُذَمَّمَا

ایسا شخص اگر مر جائے گا تو اس کی خوب تعریف ہوگی اور اگر زندہ رہے گا تو کمزور اور قابل مذمت نہ گردانا جائے گا ۔

میں نے حاتم کے جو اشعار دیے ہیں ان کی تشریح اس لیے نہیں کی کہ ان میں سے اکثر اشعار کی تشریح شواہد کی کتابوں میں کی جا چکی ہے ۔ اور انھی میں سے

کعب بن مامہ الا یادی

ہے ۔ یہ بھی ان لوگوں میں سے تھا جن کی سخاوت ضرب المثل ہے ۔ اس کا قصہ یہ ہے کہ یہ گرمی کے مہینے میں قافلے کے ساتھ نکلا ۔ اس قافلے میں نمر بن قاسط کا ایک آدمی بھی تھا ۔ یہ راستے سے بھٹک گئے اور " مُصَاۃُ فَنَتٌ " سے پانی پینے لگے ۔ مصافنہ یہ ہے کہ پیالے میں ایک پتھر ڈال دیتے ہیں پھر اس میں اس قدر پانی ڈالا جاتا ہے کہ پتھر ڈوب

---

۱ - ضريبةِ السيف : حدّہ
۲ - اَحناء جمع ہے حِنْو کی زین کی وہ لکڑی جو ٹیڑھی ہو ۔
۳ - قَاتِر : قاتر اس پالان یا زین کو کہتے ہیں جو اونٹ کی پشت پر ٹھیک بیٹھ جائے ۔

Marfat.com

جائے ۔ اس پتھر کو مَقْلَہ کہا جاتا ہے ۔ اس طرح ہر انسان یکساں مقدار میں پانی پیتا ہے ۔ چنانچہ یہ پانی پینے کے لیے بیٹھ گئے ۔ دَور چلتا رہا ۔ جب پیالہ کعب کے پاس پہنچا تو اس نے نمری کو دیکھا کہ اس کی طرف تیز نگاہوں سے تک رہا ہے لہٰذا اس نے خود نہ پیا بلکہ نمری کو دے دیا اور ساقی سے کہا : اپنے نمری بھائی کو پلاؤ ۔ چنانچہ نمری نے اس دن کا کعب کا پانی کا حصہ پی لیا ۔ دوسرے دن ایک اور منزل پر اترے اور پھر باقی ماندہ پانی کو مُصَمّاً فَنَنَتْ سے پینے لگے ۔ اُس نمری نے پھر پہلے دن کی طرح اس کی طرف دیکھا کعب نے پھر وہی الفاظ کہے ۔ قوم روانہ ہو گئی ۔ لوگوں نے کعب کو بھی ساتھ چلنے کو کہا مگر اس میں اٹھنے تک کی طاقت نہ تھی حالانکہ اب وہ پانی کے قریب پہنچ چکے تھے ۔ لوگوں نے اس سے کہا : اے کعب تُو تو لوگوں کو پانی پلانے والا ہے چل پانی تک ۔ مگر وہ جواب بھی نہ دے سکا ۔ جب وہ لوگ اس سے مایوس ہو گئے تو اسے کپڑے سے ڈھانپ[1] دیا تاکہ اسے کوئی درندہ نہ کھا جائے ۔ پھر اسے وہیں چھوڑ دیا اور وہ مر گیا ۔ اس پر اس کے باپ مامہ نے اس کا مرثیہ کہا

۲ مَا كَانَ مِن مُوقَةٍ أَسْقَى عَلَى ظَمَأٍ
خَمْرًا بِمَاءٍ إِذَا نَاجُودُهَا بَرَدَا

[۸۲] عوام الناس میں کوئی شخص بھی اس سے بڑھ کر (سخی) نہ تھا کہ پیاسوں کو شراب پلائے ، وہ شراب جس میں پانی ملا ہؤا ہو

---

۱ ۔ خَيَّلُوا عَلَيْهِ بِثَوْبٍ : لسان العرب میں ہے ۔ والخَالُ : الثوب الذی تَضَعُهُ على الميّت تستره به ۔ وقد خَيَّلَ عَلَيْهِ ۔

۲ ۔ بلوغ الارب میں یہ شعر اسی طرح دیا ہے مگر لسان العرب (وقد) میں یوں دیا ہے : مَا كَانَ أَسْقَى لِنَاجُودٍ عَلَى ظَمَأٍ
مَاءً بِخَمْرٍ إِذَا نَاجُودُ هَا بَرَدَا
امالی قالی اور شرح امالی میں اسی طرح دیا ہے جیسا کہ بلوغ الارب میں ہے (صفحہ ۸۴۰)

Marfat.com

اور جس کا برتن ٹھنڈا ہو چکا ہو

مِن ابنِ مَامَۃَ کعبٍ ثُمَّ عَنَّ بِہٖ
زَوُّ المَنِیَّۃِ اِلَّا حِرَّۃً وَقَدَا[1]

پھر حوادث زمانہ اسے شدت کی پیاس کے سوا کسی اور طریقے سے مار ڈالنے سے عاجز آ گئے

اَوْفٰی عَلَی المَاءِ کَعْبٌ ثم قیل لہ
رِدْ کَعْبُ اِنَّکَ وَرَّادٌ فَمَا وَرَدَا

کعب پانی کے قریب پہنچ گیا تو اُس سے کہا گیا اے کعب پانی پر اتر پڑو تم تو پانی پر بہت اترنے والے تھے مگر وہ پانی پر نہ اترا

زَوُّ المَنِیَّۃِ سے مراد مقدر موت ہے اور عَنَّ بِہٖ کا مطلب یہ ہے کہ حوادث زمانہ اسے پیاسا مارنے کے سوا کسی اور طریقے سے نہ مار سکے۔ اصمعی کہتا ہے کہ زوُّ المنیۃ سے مراد[2] وہ حادثہ ہے جو موت کی پیدا کردہ ہلاکت کا نتیجہ ہو۔ بعض کہتے ہیں کہ زوّ کے معنی تقدیر کے ہیں۔ چنانچہ محاورۃً میں کہتے ہیں قُضِیَ عَلَیْنَا، وقُدِّرَ، وحُمَّ، وزُیَّ (وزِیَّ)

اور یہ تعریف ان تمام لوگوں کے مقابلے میں جن کی تعریف کسی اور سبب سے کی گئی ہو بہت زیادہ ہے اسی کے متعلق حبیب[3] کہتا ہے۔

یَجُودُ بِالنَّفْسِ اِذْ ضَنَّ البَخِیْلُ بِہٖ
وَالجُوْدُ بِالنَّفْسِ اَقْصٰی غَایَۃِ الجُوْدِ

۱۔ بلوغ الارب میں وقدا دیا ہے مگر درست وہی ہے جو میں نے دیا ہے۔
۲۔ مگر لسان العرب میں یوں دیا ہے: فاِن الاٗ صمعی یقول: زَوْءُ المَنِیَّۃِ مایحدث من ھلاک المنیۃ
۳۔ حبیب سے مراد ابو تمام حبیب بن اوس الطائی سے ہے جو عہد عباسیہ کا مشہور شاعر اور حماسہ کا مؤلف ہے ۲۳۱ھ میں وفات پائی۔

Marfat.com

یہ اپنی جان کی بھی سخاوت کر دیتا ہے جبکہ بخیل انسان اپنی جان کے ساتھ بخل کرتا ہے اور اپنی جان کا سخاوت کر دینا تو سخاوت کی انتہا ہے

امی (کعب) اور حاتم الطائی کے متعلق ایک شاعر[1] کہتا ہے

كَعْبٌ وَحَاتِمُ اللَّذَانِ تَقَسَّمَا
نِ
خُطَطَ[2] العُلٰى مِنْ طَارِفٍ وَتَلِيْدِ

کعب اور حاتم وہ دو شخص ہیں جنھوں نے عظمت و بلندی کی تمام قدیم اور جدید خصلتوں کو آپس میں تقسیم کر لیا ہے

هٰذَا الَّذِیْ خَلَفَ السَّحَابَ وَمَاتَ ذَا
[3]فِی المَجْدِ مِیْتَةَ خِضْرِمٍ صِنْدِیْدِ

یہ (یعنی حاتم) تو بادلوں کا قائم مقائم تھا اور وہ (یعنی کعب) بزرگی میں بہادر سردار کی طرح مرا

اِنْ لَا یَکُنْ فِیْهَا الشَّهِیْدَ فَقَوْمُهٗ
لَا یَسْمَحُوْنَ بِهٖ بِاَلْفِ شَهِیْدِ

اگر وہ اُن میں شہید نہیں ہؤا تو اس کی قوم اسے ایک ہزار شہید کے عوض میں بھی دینے کو تیار نہیں ہے

اور انھی میں سے

اوس بن حارثہ بن لأم الطائی

ہے - یہ شخص کرم و سخاوت میں ضرب المثل ہے اسے ابن سُعدیٰ (بھی) کہا جاتا ہے

---

۱ - یہ شاعر وہی حبیب بن اوس الطائی ہی ہے -
۲ - بلوغ الارب میں خِطَطَ دیا ہے وہ غلط ہے یہ خُطَّة کی جمع ہے -
۳ - بلوغ الارب میں فی الجَهْدِ دیا ہے مگر ابو تمام کے دیوان اور العقد الفرید (۱ : ۳۳۹) دونوں میں فی المجد دیا ہے جیسا کہ اوپر لکھا گیا اور یہی درست ہے -

Marfat.com

جریر کہتا ہے

وَمَا كَعْبُ ابْنُ مَامَةَ وَابْنُ سُعْدَى
بِاَجْوَدَ مِنْكَ يَا عُمَرُ[1] الْجَوَادَا

اے سخی عمر! کعب بن مامہ اور ابن سُعدیٰ تم سے زیادہ سخی نہ تھے
[۸۳] پہلے پہل [2]بشر بن ابی خازم الاسدی اوس کی ہجو کیا کرتا

---

۱ - اس شعر پر محمد بَهْجَةَ اثری نے ایک نوٹ دیا ہے کہ کوفیوں کے نزدیک اس منادیٰ پر جس کی صفت ابن کے سوا کوئی اور آئی ہو نصب پڑھنا جائز ہے مگر بَهْجَةَ اثری نے غلط سمجھا ہے - یہاں پر تو منادیٰ کے اعراب سے کوئی فرق نہیں پڑتا اور نہ یہاں منادیٰ کے اعراب کا سوال ہے - یہاں تو منادیٰ کے توابع کے اعراب کا سوال ہے چنانچہ زمخشری (مفصل مطبعہ مجیدی کانپور : ۴۹) کہتا ہے توابع المُنَادی المضموم غیرالمبهم حملت علی لفظه وَمَحِلِّه كقولک یازیدُ الطویلُ والطَّوِیلَ - اس شعر میں الجَوَادَا عمر کی صفت واقع ہؤا ہے اور عمر منادی موصوف ہے اور جوادا اس کی صفت ، لِهٰذا الجَوَادُ اور الجَوَادَا دونوں طرح پڑھنا درست ہے مگر یہاں قافیہ الف کے ساتھ آ رہا ہے اس لیے کہ قصیدے کا مطلع یوں ہے :

أَبَتْ عَيْنَاكَ بِالْحَسَنِ السُّرُقَادَا
وَانْكَرْتِ الْاَصَادِقَ وَالْبِلَادَا

چنانچہ الجَوَادَا پڑھیں گے اور اسی بات کے لیے اس شعر کو بطور شاہد کے پیش کیا جاتا ہے -

۲ - بشر بن ابی خازم الاسدی : جاہلی اور قدیم شعرا میں سے اور تقریباً فحول شعرا کا ہم درجہ تھا - لوگوں نے اسے اوس کی ہجو کہنے کے لیے رشوت دی تھی - اس نے ابناء پر لوٹ مار کے لیے حملہ کیا تھا جس میں بنی وائلہ کے ایک نوجوان نے اسے تیر مارا تھا جس سے اس کی موت واقع ہوئی (شرح امالی : ۶۶۴)

Marfat.com

تھا اور آوٴس نے نذر مانی تھی کہ اگر وہ بشر پر قابو پا لے گا تو اسے ضرور جلا دے گا مگر جب اس پر قابو پا لیا تو اسے رہا کر دیا پھر بشر نے اوس کی مدح میں چند قصائد کہے

بشر کا اوس کی ہجو کرنے کا سبب جیسا کہ ابوالعباس المبرد نے الکامل میں بیان کیا ہے یہ تھا کہ اوس بن حارثہ بن لاٴم الطائی اپنی قوم کا سردار اور پیشوا تھا ۔ وہ اور حاتم بن عبداللہ الطائی دونوں [1] عمرو بن ہند کے پاس آئے۔عمرو کے باپ کا نام المنذر بن المنذر بن ماء السماء ہے ۔ اس نے اوس کو بلا کر پوچھا ، " تو افضل ہے یا حاتم " ؟ اس پر اوس نے کہا ، " اے بادشاہ خدا تجھے قابل مذمت اخلاق سے دُور رکھے ۔ اگر حاتم میرا ، میری اولاد ، اور میرے رشتہ داروں کا مالک بن جائے تو ہم سب کو ایک رات کے اندر اندر لوگوں کو عطا کر دے" ۔ عمرو بن ہند نے اس کے بعد حاتم کو بلایا اور کہا ، " تو افضل ہے یا أَوس " ؟ اس نے جواب دیا ، " خدا تجھے قابل مذمت اخلاق سے دور رکھے ! میرا ذکر تو اوس کی بدولت ہوتا ہے ۔ اس کے جس بیٹے کو لے وہی مجھ سے افضل ہے " ۔

نعمان بن المنذر کے ہاں عرب کے ہر قبیلے کے وفد آئے ہوئے تھے ۔ اس نے ایک دو شالہ منگوایا اور کہا ، " کل تم سب لوگ حاضر ہو میں یہ دوشالہ اسے پہناؤں گا جو تم میں سب سے زیادہ ذی عزت ہوگا " ۔ اوس کے سوا سب لوگ آ گئے ۔ کسی نے اوس سے پوچھا کہ تم کیوں نہیں جاتے ؟ اس نے جواب دیا ، اگر بادشاہ کی مراد کسی اور شخص سے ہے تو بہتر یہی ہے کہ میں وہاں موجود نہ ہوں اور اگر میں ہی مراد ہوں تو وہ مجھے بلا بھیجے گا اور لوگوں کو میرا رتبہ معلوم ہو جائے گا ۔

جب نعمان تخت پر بیٹھا تو اس نے اوس کو نہ دیکھا اور کہا ، " اوس کے پاس جاؤ اور اس سے کہو جس بات کا تمہیں ڈر ہے اس سے

---

۱ ۔ العقدالفرید (۲ : ۲۸۶ مطبعۃ التالیف والترجمہ والنشر ۱۳۵۹ھ = ۱۹۴۰ء) میں عمرو بن ہند کی بجائے نعمان بن المنذر کا نام دیا ہے

Marfat.com

بے خوف ہو کر چلے آؤ"۔ چنانچہ وہ آ گیا اور وہ دوشالہ اسے پہنا دیا گیا۔ اس پر اس کے گھر کے کچھ لوگوں کو اس سے حسد ہو گیا چنانچہ حُطَیئہ سے اس کی ہجو کہنے کو کہا اور بدلے میں تین سو اونٹنیاں دینے کا وعدہ کیا۔ حُطَیئہ نے کہا، "میں بھلا اس شخص کی ہجو کیسے کہہ سکتا ہوں۔ میرے گھر کا تو تمام سامان اور مال اسی کا دیا ہؤا ہے"۔ پھر یہ شعر کہا:

كَيْفَ الْهِجَاءُ وَمَا تَنْفَكُّ صَالِحَةٌ[1]
مِنْ آلِ لَأْمٍ بِظَهْرِ الْغَيْبِ تَأْتِينِي

میں ہجو کیسے کہہ سکتا ہوں جبکہ میری غیر حاضری میں لأم کے خاندان کی طرف سے عظیم احسانات میرے پاس مسلسل آتے رہتے ہیں۔

اس پر ابن ابی خازم نے جو بنی اسد بن خُزیمہ میں سے ہے کہا، میں اس کی ہجو کہتا ہوں اور وہ (تین صد) اونٹ لے کر ہجو کہہ دی۔ اوس حملہ کرکے اس کے تمام اونٹوں کو ہانک[2] لایا۔ اس کے بعد ابن ابی خازم جس قبیلے کے پاس بھی پناہ لینے کے لیے جاتا وہ اس سے یہی کہتا کہ اوس کے سوا ہم تمھیں ہر شخص کے خلاف پناہ دے سکتے ہیں۔ ابن ابی خازم نے اوس کی ہجو میں اس کی ماں کا بھی ذکر کیا تھا۔ ابن ابی خازم کو جب پکڑ کر لایا گیا تو اوس اپنی والدہ کے پاس گیا اور کہا، "بشر بن ابی خازم کو جس نے تیری اور میری ہجو کہی تھی پکڑ کر لایا گیا ہے"۔ والدہ نے کہا، "کیا تو میری بات مانے گا"؟ اوس نے کہا، "ہاں"۔ والدہ نے کہا، "میری رائے یہ ہے کہ تو اسے اس کا مال واپس دے دے اور اسے معاف کر دینے کے بعد اسے انعام بھی دے۔ میں بھی اسی طرح کروں گی، کیونکہ اس کی ہجو کو اسی کی مدح دھو سکتی ہے"۔ [۸۴] اوس نے باہر آ کر کہا، "میری والدہ سُعدیٰ نے جس کی تو ہجو

---

۱ - صالحہ: یقال آتتنی صالحة من فلان ای نعمة وافرة او حسنة عظیمة

۲ - محاورہ ہے اغاروا علیهم فاکتسحوهم ای أخذوا مالهم کُلَّہٗ

Marfat.com

کیا کرتا تھا مجھے " تمھارے متعلق اس اس طرح کا حکم دیا ہے - یہ سن کر بشر نے کہا ، خدا کی قسم میں تو مرتے دم تک تیرے سوا کسی اور کی مدح نہ کہوں گا " چنانچہ وہ اوس کے متعلق کہتا ہے

اِلَـــی اوس بن حـــارثة بـــن لأم
لِیَقْضِیَ حَاجَتِی فَیَمْنَ قَضَاهَا

میں اوس بن حارثہ بن لأم کے پاس آیا ہوں تاکہ جہاں دوسرے لوگ میری حاجت روائی کرنا چاہتے ہیں وہاں وہ بھی کر لے

فَمَا وَطِیَٔ الثَرٰی مِثْلُ ابنُ سُعدٰی
وَلَا لَبِسَ النِّعَالَ وَلَا احتَذَاهَا

کیونکہ زمین پر چلنے والوں اور جوتا پہننے والوں میں کوئی شخص بھی ابن سُعدیٰ جیسا نہیں ہے

یہ تمام قصہ المبرد نے بیان کیا ہے مگر اس نے یہ بیان نہیں کیا کہ اوس نے اُس پر کس طرح قابو پایا - اس کا ذکر مَعْمَرَ بن مثنّٰی نے اپنی شرح میں کیا ہے - وہ کہتا ہے کہ بشر بن ابی خازم نے پہلے قبیلہ طی پر پھر بنی نَبْہَانْ پر چڑھائی کی مگر خوب زخمی ہؤا - ان دنوں وہ اپنے کسی ساتھی کی چراگاہ میں تھا اور بنی والبہ کے یہاں مقیم تھا - ازاں بعد بنو نَبْہَانْ نے اسے قید کر لیا اور اُسے چھپائے رکھا تاکہ کہیں اوس کو اس امر کی خبر نہ ہو جائے - اوس نے سن لیا کہ بشر ان کے پاس ہے تو کہا ، " اللہ کی قسم جب تک بنو نَبْہَانْ بشر کو میرے حوالے نہ کر دیں گے میرے اور ان کے درمیان کوئی بھلائی نہ ہوگی " - پھر دو سو اونٹ دے کر بشر کو ان سے لے لیا - جب (اپنی قیام گاہ پر) لے کر آ گیا تو بشر کو جلانے کے لیے آگ دھکائی - بنی اسد کہتے ہیں کہ آگ واگ کچھ نہ تھی بلکہ اس نے اسے ایک تازہ ذبح کیے ہوئے اونٹ کی کھال میں ڈال دیا - بعض کا بیان ہے کہ مینڈے کی کھال تھی پھر اسے اسی طرح رہنے دیا تا آنکہ وہ کھال اس کے جسم پر سوکھ گئی اور اس کی حالت اس کھال میں چڑیا کی سی ہو گئی - اس کی خبر سُعدیٰ بنت

Marfat.com

حصین طائیہ کو ہوئی اور یہ سردار تھی، چنانچہ نکل کر اوس کے پاس آئی اور پوچھا ، ''تو بشر کے ساتھ کیا کرنا چاہتا ہے'' ؟ اوس نے کہا ، ''میں اس شخص کو جس نے ہمیں گالیاں دی ہیں جلا دُوں گا'' ۔ سُعدیٰ نے جواب دیا ، '' خدا اس قوم کو رسوا کرے جس نے تجھے سردار بنایا ہے یا جو تم سے رائے لیتی ہے ۔ خدا کی قسم مجھے تو یوں معلوم ہوتا ہے جیسے کہ تو اس کے بدلے میں گرفتار کر لیا گیا ہے ۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ اس کی اپنی قوم میں اس کا کیا رتبہ ہے ۔ اسے رہا کر دے اور اس کی عزت وتکریم کر ۔ کیونکہ جو کچھ اس نے کہا ہے اسے خود یہی دھو بھی سکتا ہے '' ۔ اس کے بعد اس نے اسے اپنے پاس روکے رکھا ۔ اس کے زخموں کا علاج کیا اور اسے قطعاً نہ بتلایا کہ وہ اس سے کیا برتاؤ کرنا چاہتا ہے ، کہا تو یہ کہ : تم اپنی قوم کی طرف پیغام بھیجو کہ وہ تمہارا فدیہ ادا کریں کیونکہ میں نے تمہیں دو سو اونٹ دے کر خریدا تھا ۔ بشر نے اپنی قوم کی طرف پیغام بھیج دیا اور انھوں نے اس کا زر فدیہ تیار کر لیا مگر ان کے آنے سے پہلے ہی اوس نے اسے عمدہ لباس پہنایا ۔ اپنے اصیل گھوڑے پر جس پر خود سواری کیا کرتا تھا سوار کرایا اور پھر خود اس کے ساتھ روانہ ہؤا یہاں تک کہ جب بشر غطفان کے علاقے کے قریب پہنچا تو اوس اور اس کے خاندان کی مدح کہنے لگ پڑا ، ہر ہجویہ قصیدے کے مقابلے میں ایک مدحیہ قصیدہ کہا ۔ بشر نے ان کی ہجو میں پانچ قصیدے کہے تھے لہٰذا اب پانچ مدحیہ قصیدے کہہ دیے ۔

اور انھی میں سے

ہرم بن سنان

ہے ۔ یہ شخص اپنے زمانے کے سخیوں میں سب سے زیادہ مشہور تھا اور نیک برتاؤ کرنے اور احسان کرنے کی جانب سب سے زیادہ راغب تھا ۔ یہ بھی انھی لوگوں میں سے ہے جن کی سخاوت ضرب المثل بن گئی ہے ۔ زُھَیْر کا ممدوح یہی ہے جس کے متعلق وہ کہتا ہے

Marfat.com

مَتیٰ تُلاقِ عَلَتی عِلاّتِہٖ هَرِماً
تَلْقَ السَّمَاحَةَ فی خَلْقٍ وفی خُلُقٍ

[۸۵] جب تو هرم کو کسی حالت میں بھی ملے گا تو تُو خَلق اور خُلق دونوں میں سخاوت پائے گا

هرم کا باپ سنان قبیلہ غطفان کا سردار تھا ۔ سنان کی ماں حمل کی حالت میں مر گئی اور مرتے ہوئے کہا کہ میرے مرنے کے بعد میرا پیٹ چیرنا کیونکہ اس میں قوم غطفان کا سردار ہے ۔ چنانچہ جب وہ مر گئی تو اس کا پیٹ چاک کرکے اس میں سے سنان کو نکال لیا گیا ۔ بنی سنان کے بارے میں زهیر نے یہ اشعار کہے ہیں :

قَوْمٌ، اَبُوهُمْ سِنَانٌ حِیْنَ تَنْسِبُهُمْ
طَابُوا و طَابَ مِنَ الاَوْلاَدِ مَا وَلَدُوْا

جب تو اس قوم کا نسب بیان کرنا چاہے تو پھر جان لے کہ ان کا باپ سنان ہے یہ لوگ پاک ہیں اور جو اولاد ان سے پیدا ہوئی ہے وہ بھی پاک ہے ۔

لَوْ کَانَ یَقْعُدُ فَوْقَ الشَّمْسِ مِنْ کَرَمٍ
قَوْمٌ بِاَوَّلِهِمْ اَوْ مَجْدِهِمْ قَعَدُوْا

اگر کوئی قوم اپنی شرافت کی وجہ سے اپنے مورث اوّل اور اپنی بزرگی کے باعث سورج کے اوپر بیٹھ سکتی تو وہ یہ لوگ بیٹھتے

جِنٌّ اِذَا فَزِعُوْا اِنْسٌ اِذَا اَمِنُوا
مُرَزَّؤُنَ بِهَالِیْلٌ اِذَا قَصَدُوْا

---

۱ ۔ یہ شعر بلوغ الارب اور العقدالفرید میں اسی طرح دیا ہے مگر الشعر و الشعرا اور العقدالثمین میں یوں دیا ہے :

مَنْ یَلْقَ یَوماً علی عِلاّتِهٖ هَرِماً
یَلْقَ السَّمَاحَةَ فیه والندی خُلُقاً

Marfat.com

جب یہ کسی کی مدد کو آتے ہیں تو جنّوں کی طرح ہوتے ہیں اور امن میں ہوں تو انسان ہوتے ہیں ۔ جب لوگ ان کا قصد کرکے آئیں تو یہ سخی ، کریم اور سردار ہوتے ہیں

مُحَسَّدُوْنَ عَلَی مَا کَانَ مِنْ نِعَمٍ
لَا یَنْزِعُ اللّٰہُ مِنْھُمْ مَالَہٗ حُسِدُوْا

لوگ اُن نعمتوں کی وجہ سے ان کے حاسد ہیں جو اللہ نے انھیں دی ہیں ۔ خدا ان سے وہ نعمتیں نہ چھینے جن کی وجہ سے لوگ ان سے حسد کرتے ہیں

زُھَیر ، ھَرِم بن سنان کے متعلق کہتا ہے :

وَاَبْیَضَ فَیَّاضٍ یَدَاہُ غَمَامَۃٌ
عَلَی مُعْتَفِیْہِ مَا تُغِبُّ فَوَاضِلُہٗ

(سنان) ایک پاکیزہ اور فیاض انسان ہے جس کے دونوں ہاتھ عطیہ لینے والے کے لیے بادل کی طرح ہیں ۔ جس کے عطیے کبھی بند نہیں ہوتے

تَرَاہُ اِذَا مَا جِئْتَہٗ مُتَھَلِّلًا
کَاَنَّکَ تُعْطِیْہِ الَّذِیْ اَنْتَ سَائِلُہٗ

جب تو اس کے پاس آئے گا تو اسے بشاش بشاش پائے گا ۔ یوں معلوم ہوگا کہ جس چیز کا تو اُس سے سوال کر رہا ہے وہ گویا اُلٹا تو اسے دے رہا ہے

اَخُوْثِقَۃٍ لَا تُتْلِفُ الْخَمْرُ مَالَہٗ
وَلٰکِنَّہٗ قَدْ یُتْلِفُ الْمَالَ نَائِلُہٗ

یہ خود اعتماد انسان ہے ۔ شراب اس کے مال کو فنا نہیں کرتی ۔ اس کے مال کو تو اس کے عطیے فنا کرتے ہیں

یہ اشعار بھی زُھیر نے ھَرِم بن سِنان اور اس کے خاندان کے متعلق کہے

Marfat.com

إلَيْكَ أعْمَلْتُهَا فُتْلاً مَرَافِقُهَا
شَهْرَيْنِ يَجْهَضُ مِنْ أرْحَامِهَا العَلَقُ،

میں مضبوط بازوؤں والی اونٹنیوں کو دو ماہ تک تیز دوڑاتا ہؤا تمہارے پاس لایا ہوں یہاں تک کہ ان کے رحموں سے خون کے لوتھڑے گرنے لگ گئے تھے

حَتّٰى دُفِعْنَ إلَى حُلْوٍ شَمَائِلُهُ،
كَالثَّغَيْثِ تَنْبُتُ فِيْ آثَارِهِ الوَرَقُ،

بالآخر یہ اس شخص کے پاس آن پہنچیں جس کی خصلتیں میٹھی ہیں اور وہ اس بارش کی طرح ہے جس کے برسنے کے بعد پتے اُگ آتے ہیں

مِنْ أهْلِ بَيْتٍ يَرَى ذوالعرش فَضْلَهُمُ،
يُبَنّٰى لَهُمْ فِيْ جِنَانِ الخُلْدِ مُرْتَفَقُ،

یہ اس گھرانے سے تعلق رکھتا ہے جن کی فضیلت کا علم اللہ کو ہی ہے اور جن کے لیے جنت میں آرام گاہیں بنائی جاتی ہیں

المُطْعِمِيْنَ[1] إذَا مَا أزْمَةٌ أزَمَتْ
وَالطَّيِّبِيْنَ ثِيَاباً كُلَّمَا عَرِقُوْا

[۸۶] (میں ان لوگوں کی مدح کر رہا ہوں) جو قحط سالی کے وقت لوگوں کو کھانا کھلاتے ہیں - جب انھیں پسینہ آتا ہے تو ان کے پسینے سے ان کے کپڑے خوشبودار ہو جاتے ہیں

كَأنَّ آخِرَهُمْ فِي الجُوْدِ أوَّلُهُمْ
إنَّ الشَّمَائِلَ وَالأخْلاقَ تَتَّفِقُ،

ان کا آخری شخص سخاوت میں ایسا ہی ہے جیسا ان کا پہلا شخص (اس کی وجہ یہ ہے کہ) ان کی عادات و اخلاق یکساں ہیں

---

۱ - العقد الفرید میں المطعمین کی بجائے المُطعِمُونَ اور الطیبین کی بجائے الطیبون درج ہے مگر بلوغ الارب والی روایت زیادہ بہتر ہے -

Marfat.com

إنْ قَامَرُوْا قَمَرُوْا أو فَاخَرُوْا فَخَرُوْا
أَوْنَا ضَلُوْا نَضَلُوْا أَوْسَابَقُوْا سَبَقُوْا

وہ اگر جؤا کھیلتے ہیں تو جیتتے ہیں اور اگر کسی سے مفاخرت کرتے ہیں تو فخر میں غالب آ جاتے ہیں - اگر کسی کے مقابلے میں تیراندازی کرتے ہیں تو اس میں بھی بازی لے جاتے ہیں جب کسی کے مقابلے میں دوڑ لگاتے ہیں تو آگے نکل جاتے ہیں

تُنَافِسُ الأَرْضُ مَوْتَاهُمْ إِذَا دُفِنُوا
كَمَا تُنَوفِسُ عِنْدَ البَاعَةِ الوَرَقُ

جب ان کے مردے دفن کیے جاتے ہیں تو زمین (کے مختلف اقطاع) اس طرح ایک دوسرے سے بڑھ کر (ان کو لینے کے) خواہاں ہوتے ہیں جس طرح بیوپاری درہموں کی خواہش میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرتے ہیں

'میدانی' اپنی کتاب مجمع الامثال میں عربوں کا قول "أَجْوَدُ مِنْ هَرِم" نقل کر کے لکھتا ہے یہ هَرِم بن سنان بن ابی حارثہ المُرّی ہے - اس کی سخاوت کا ذکر ضرب المثل بن گیا ہے - اسی کے متعلق زُہیر بن ابی سُلْمٰی کہتا ہے :

إِنَّ البَخِيْلَ مَلُوْمٌ حَيْثُ كَانَ
وَ لٰكِنَّ الجَوَادَ عَلَى عِلَّاتِهِ هَرِم

بخیل کہیں بھی ہو اس کو لائق ملامت جانا جاتا ہے لیکن سخی ہر حالت میں (خواہ تنگی ہو خواہ فراخی) هَرِم (کی طرح لائق ثنا) ہوتا ہے

---

۱ - اصل کتاب میں اقمروا چھپا ہے غلط ہے - میں نے اُوپر درست لفظ دے دیا ہے -

۲ - بلوغ الارب میں تَنَفَّسَ دیا ہے مگر درست تُنُوفِس ہے جیسا کہ العقد الفرید (۱ : ۳۳۸) میں ہے -

Marfat.com

هُوَ الجَوَادُ الَّذِی یُعْطِیکَ نَائِلَه،
عَفْواً و یُظْلَمُ اَحْیَانَا فَیَنْتَظِم،

تو ایسا سخی ہے کہ بغیر مانگے عطیے دے دیتا ہے - بعض اوقات لوگ اس پر ظلم کرتے ہیں اور وہ ظلم برداشت کرتا ہے (لوگ سوال کرتے وقت اس پر زیادتی کر جاتے ہیں مگر وہ برداشت کر لیتا ہے)

ھرم کی ایک بیٹی حضرت عمرؓ کے پاس آئی تو حضرت عمرؓ نے اس سے کہا ، " تمھارے باپ نے زھیر کو کیا دیا کہ اس کے عوض میں اس نے اس کی وہ مدح کہی جو (اتنی) مشہور ہوگئی " - لڑکی نے جواب دیا ، " میرے باپ نے اسے لاغر ہو جانے والے گھوڑے ، ہلاک ہو جانے والے اُونٹ ، بوسیدہ ہو جانے والے کپڑے اور فنا ہو جانے والا مال دیا"۔

حضرت عمرؓ نے جواب دیا ، " لیکن جو کچھ زھیر نے دیا ہے اسے زمانہ بوسیدہ نہیں کر سکتا - نہ ہی وقت اسے فنا کر سکتا ہے " -

روایت کی جاتی ہے کہ لڑکی نے یہ جواب دیا تھا ، "ھرم نے جو کچھ زھیر کو دیا تھا اسے لوگ بھول چکے ہیں"۔ اس پر حضرت عمرؓ نے فرمایا تھا، "لیکن جو کچھ زھیر نے تمھیں دیا ہے اسے لوگ نہ بھول سکیں گے"۔

اور انھی میں سے

عبد اللہ بن حبیب العنبری

ہے [۸۷] یہ شخص بھی سخاوت میں ضرب المثل تھا چنانچہ کہتے ہیں اَکْثَرُ مِنْ آکِلِ الخُبْزِ (روٹی کھانے والے سے بھی زیادہ مہمان نواز) وہ بنی سمرہ میں سے تھا اس کا نام آکل الخبز اس لیے پڑا کہ یہ نہ تو کھجوریں کھاتا تھا اور نہ اسے دودھ کی خواہش ہوتی تھی - یہ اپنے زمانے میں بنی العنبر کا سردار تھا - بنی العنبر فخریہ طور پر بیان کیا کرتے تھے کہ آکل الخبز (روٹی کھانے والا) ہمیں میں سے تھا ، اور ہم ہی میں سے پرندوں کو پناہ دینے والا بھی ہؤا ہے - پرندوں کو پناہ دینے والا ثور بن شحمہ عنبری تھا -

Marfat.com

عبد اللہ کو آکل الخبز کا لقب ملنے کی وجہ یہ تھی کہ عربوں کے یہاں روٹی بذات خود ایک اچھی چیز سمجھی جاتی ہے ۔ ابو عبیدہ نے ذکر کیا ہے کہ ھَوْذَہ بن علی الحنفی خسرو پرویز کے پاس گیا ۔ خسرو نے ھَوْذَہ سے سوال کیا ، " تمھاری اولاد میں سے کون سا بچہ تمھیں زیادہ پیارا ہے " ۔ ھَوْذَہ نے جواب دیا ، " چھوٹا تاآنکہ وہ بڑا ہو جائے ، غائب تاآنکہ وہ واپس آ جائے اور مریض تاآنکہ وہ صحت یاب ہوجائے " خسرو نے دریافت کیا، " تم اپنے ملک میں کیا غذا کھاتے ہو"؟ ھَوْذَہ نے جواب دیا، "روٹی"۔ اس پر خسرو نے کہا، "یہ روٹی کی عقل ہے دودھ اور کھجوروں کی عقل نہیں " ۔ اس طرح روٹی عربوں کے یہاں قابل تعریف چیز قرار پا گئی ۔ اسی طرح وہ چیزیں جو کسی حد تک روٹی سے مناسبت رکھتی ہیں ممدوح قرار پا گئیں مثلاً فالودہ کیونکہ یہ عربوں کے نزدیک اعلیٰ ترین کھانا ہے ۔ عبد اللہ بن جُدْعَان کے سو یہ کھانا کسی عرب نے لوگوں کو نہیں کھلایا ، چنانچہ اُمیّہ بن[1] ابی الصلت نے عبد اللہ بن جُدْعَان کی اسی بات کے باعث تعریف کی ہے اور کہا ہے

إِلَیٰ[2] رُدُحٍ مِنَ الشِیزیٰ مِلَاءٍ
لُبَابَ البُرِّ یُلْبَکَ بِالشِّهَادِ

عربوں کا ایک کھانا ثرید ہے اور یہ کھانا ان کے اشراف کے ہاں عام کھایا جاتا ہے ۔ ہاشم یہ کھانا کھانے میں اور لوگوں پر غالب آ گیا کیونکہ اس نے اپنی قوم کو یہ کھانا کھلایا

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں امیہ بن الصلت دیا ہے اور وہ غلط ہے درست امیة بن ابی الصلت ہے اور ابو الصلت کا نام عبد اللہ بن ابی ربیعہ ابن عوف تھا ۔ امیہ بنی ثقیف میں سے تھا ۔ یہ جاہلی شاعر ہے جس نے اسلام کا زمانہ پایا ۔ مگر کافر مرا اس کی کنیت ابو عثمان ہے ۔

۲ ۔ اس شعر کا ترجمہ اور تشریح آگے آئے گی ۔

Marfat.com

اسی شاعر نے اپنے اس شعر میں اس کی یوں مدح کی ہے

عَمْرُو الْعُلاَ هَشَمَ الثَّرِيْدَ لِقَوْمِهِ
وَ رِجَالُ مَكَّةَ مُسْنِتُوْنَ عِجَافُ

عمرو العُلا (هاشم بن عبد مناف) تو وہ شخص ہے جس نے اپنی قوم کو روٹی کے ٹکڑے کر کے ثرید بنا کے کھلایا درآنحالنکہ مکے کے لوگ قحط میں مبتلا تھے اور لاغر ہو رہے تھے

حمزہ کہتا ہے کہ یہ مثال اور دیگر آئندہ آنے والی مثالیں وہ مثالیں ہیں جن کا ذکر عمرو بن بحرالجاحظ[1] نے اپنی کتاب اَطِعْمَةُ العرب میں کیا ہے اور انھی میں سے

عبداللہ[2] بن جدعان التیمی

ہے - یہ مشہور سخی لوگوں میں سے تھا اور ان لوگوں میں سے تھا جن کی سخاوت کی مثال دنیا کے اطراف و اکناف میں مشہور ہے - اسے

---

۱ - عمرو بن بحرالجاحظ : عمرو بن بحرالجاحظ ابو عثمان البصری المعتزلی - جاحظیہ فرقے کی نسبت اسی کی طرف ہے - بہت سے فنون میں تصانیف کیں اور علم کلام اور اعتزال میں رئیس شمار کیا جاتا تھا - اس نے قاضی ابو یوسف ، ثمامہ بن اشرف اور ابو اسحٰق النظام سے تعلیم حاصل کی - نوے (۹۰) سال زندہ رہا اور ۲۵۰ھ میں فوت ہؤا - آخر میں اسے فالج ہو گیا تھا - جسم کے تندرست حصے میں اس قدر حرارت تھی کہ اس پر صندل اور کافور لگایا جاتا تھا اور مفلوج حصے کو قینچی سے بھی کاٹ دیا جاتا تو محسوس نہ ہوتا - اس کی موت کتابوں کی جلدیں اس پر گرنے سے واقع ہوئی (شذرات : ۲ : ۱۲۲ : ۱۲۱) -

۲ - عبداللہ بن جدعان کا سارا بیان الروض الانف (۱ : ۹۲ تا ۹۳) سے لیا گیا ہے اور جن کتابوں کے حوالے دیے گئے ہیں سب وہاں موجود ہیں -

Marfat.com

حاسی الذھب (سونے کے گھونٹ پینے والا) کہا جاتا تھا کیونکہ یہ سونے کے برتنوں میں پانی پیا کرتا تھا ۔ عرب مثال کے طور پر کہا کرتے ہیں :

" اَقْرٰی مِن حَاسِی الذَّھَبِ " (حاسی الذھب سے بھی زیادہ مہماں نواز)

عبداللہ بن جدعان قریش میں سے تھا ۔ [1] ابوالصلت ثقفی اس کے متعلق کہتا ہے

لَہٗ دَاعٍ بِمکَّۃَ مُشْمَعِلٌ
وآخَرُ فَوْقَ دَارَتِہٖ یُنَادِیْ

اس کا ایک نداء کرنے والا تو مکے میں ادھر ادھر تیزی سے جا کر اعلان کرتا ہے اور دوسرا اس کے گھر (پر کھڑا ہو کر) پکارتا رہتا ہے کہ

اِلٰی رُدُحٍ مِنَ الشِیْزٰی مِلَاءٍ
لُبَابَ الْبُرِّ یُلْبَکَ بِالشِّھَادِ

[۸۸] شیزیٰ لکڑی کے بنے ہوئے بڑے بڑے پیالوں کی طرف (آؤ) جو شہد میں ملے ہوئے نشاستے (فالودے) سے بھرے پڑے ہیں

رُدْحۃ (بروزن ظُلْمۃ) وہ پردہ جو خیمے کی پچھلی جانب ہوتا ہے یا خیمے کا وہ ٹکڑا جس کا خیمے میں اضافہ کیا جاتا ہے اور رداح [2] بڑے پیالے کو کہتے ہیں ۔ جوھری نے اس شعر کی روایت یوں کی ہے :

اِلٰی رُدُحٍ مِنَ الشِیْزٰی عَلَیْھَا

چنانچہ وہاں مِلَاءِ کی جگہ علیھا دیا ہے ۔

اور شیز اور شِیْزیٰ ایک قسم کی سیاہ رنگ کی لکڑی ہے جس سے

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں ابوالصلت ثقفی ہی دیا ہے مگر درست امیہ بن ابی الصلت الثقفی ہے

۲ ۔ بلوغ الارب میں الخفیفۃ العظیمۃ دیا ہے اسے اَلجَفْنَۃُ العظیمۃ پڑھیں ۔

Marfat.com

پیالے بنائے جاتے ہیں ۔ رہا اس کا لُبَابَ البر کہنا تو یہ دراصل [1] مِنْ لُبَابِ البر ہے ۔

عبداللہ بن جُدْعان کی سخاوت کے قصے بہت ہیں ۔ الزبیربن بکار [2] نے اپنی ایک کتاب میں جو اس نے فضائل قریش کے بارے میں تالیف کی تھی ان قصوں میں سے چند ایک کا ذکر کیا ہے ۔

اس کے بارے میں یہ بتایا جاتا ہے کہ وہ پہلے پہل محتاج اور تہی دست تھا مگر اس کے باوجود بہت شریر تھا ، کمین گاہ سے نکل کے لوگوں پر اچانک پل پڑتا تھا ۔ وہ کسی نہ کسی جرم کا ارتکاب کرتا ہی رہتا اور اُس کا باپ اور اس کی قوم جرمانہ ادا کرتی رہتی یہاں تک کہ اس کا قبیلہ اس سے ناراض ہو گیا ، باپ نے اسے گھر سے نکال دیا اور قسم کھا لی کہ وہ اسے کبھی گھر میں نہ رکھے گا لہٰذا یہ مکے کی گھاٹیوں میں پریشانی کی حالت میں نکل گیا اور موت کی آرزو کرنے لگا ، اسی اثنا میں اس نے پہاڑ میں ایک شگاف دیکھا ۔ خیال آیا کہ شاید اس میں سانپ ہو لہٰذا یہ اس شگاف کی طرف گیا ، اس خیال سے کہ اس میں کوئی ایسی چیز ہوگی جو اسے مار ڈالے گی اور (زندگی سے) نجات دلا دے گی مگر اسے وہاں کوئی چیز دکھائی نہ دی ۔ یہ اندر گھس گیا دیکھا کہ ایک بہت بڑا اژدہا ہے جس کی دونوں آنکھیں چراغ کی طرح چمک رہی ہیں ۔ اژدہے نے اس پر

---

۱ ۔ الوسی کی مراد یہ ہے کہ لُبَابَ البُر میں باء منصوب بنزع خافض ہے مگر میرے نزدیک یہ منصوب علی التمیز ہے ۔ میمن (شرح امالی : ۳۶۳) نے لبابُ البُرُ دیا ہے اور یہ اعراب غلط ہے لبُابَ البر ہونا چاہیے ۔ البتہ جوھری کی روایت کے مطابق لبابُ البر درست ہوگا ۔

۲ ۔ الزبیر بن بکار ۔ الامام ابو عبداللہ الزبیر بن بکار الاسدی الزبیری ۔ مکہ کے قاضی تھے ۔ ثقہ تھے اگر کوئی ان کی عیب جوئی کرتا تو یہ پروا نہ کرتے تھے ۔ انھوں نے سُفیان عُیَیْنَہ سے حدیث سنی اور ۲۵۶ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

حملہ کیا تو اس نے راستہ چھوڑ دیا ۔ اژدہا گھر کے گرد چکر لگانے لگ پڑا ، بعد ازاں اس نے (اژدہے کی جانب) ایک اور قدم بڑھایا ۔ اژدہے نے باریک سی آواز نکالی اور تیر کی طرح اس کی طرف آیا ۔ اس نے پھر راستہ چھوڑ دیا اور تیزی سے دور ہٹ گیا ۔ پھر رک کر اس کی طرف دیکھنے اور اس کے متعلق غور کرنے لگ گیا ۔ اس کے دل میں خیال آیا کہ شاید یہ اژدہا مصنوعی ہے لہٰذا اسے دونوں ہاتھوں سے پکڑ لیا ، دیکھا تو وہ سونے کا بنا ہؤا تھا ، آنکھوں کی جگہ دو یاقوت تھے ۔ اس نے اژدہے کو توڑ کر اس کی آنکھیں نکال لیں اور گھر کے اندر گھس گیا ، دیکھا تو تختوں کے اوپر اس قدر لمبے لمبے جسم پڑے ہیں کہ اتنے لمبے اور اتنے بڑے جسم کبھی اس کے دیکھنے میں نہ آئے تھے ۔ ان کے سروں کے پاس چاندی کی ایک تختی پڑی تھی جس میں ان کی تاریخ لکھی ہوئی تھی (اس تختی کے مطالعے سے معلوم ہؤا کہ) وہ لوگ جرھم کے بادشاہ تھے جن میں سے لمبے شملے والا الحرث بن مضاض سب سے آخر میں مرا تھا ۔ انھوں نے منقش لباس پہن رکھے تھے ، جو چھوتے ہی ریزہ ریزہ ہو جاتا تھا ۔ اس لیے کہ وہ بہت کہن سال تھے ، اُس تختی پر نصیحتیں لکھی ہوئی تھیں ۔

ابن ہشام کہتا ہے کہ وہ تختی سنگِ مرمر کی تھی اور اس پر یہ لکھا ہؤا تھا :

[۸۹] میں نفیلہ بن عبدالمدان بن خشرم بن عبدیالیل بن جرہم بن قحطان ابن نبیّ اللہ ہُود علیہ السلام ہوں ۔ میں پانچ سو سال زندہ رہا اور میں نے دولت ، بزرگی اور ملک کی تلاش میں نشیب زمین کے ظاہر و باطن کا سفر کیا مگر یہ بات مجھے موت سے نجات نہ دلا سکی ۔ اس کے نیچے یہ شعر مرقوم تھے

قَدْ قَطَعْتُ البِلَادَ فِیْ طَلَبِ الشَّرْ
وَةِ والمَجْدِ قَالِصَ الأَثْوَابِ

میں نے نہایت چستی سے دولت اور بزرگی کی تلاش میں شہر شہر کا سفر کیا ۔

Marfat.com

وَسَرَیْتُ البِلَادَ قَفْراً لِقَفْرٍ
بِقَنَـاۃٍ[1] وقُـوَّۃٍ وَاکْتِسَابِ

میں نے ایک چٹیل میدان کے بعد دوسرے چٹیل میدان کو قطع کیا اور اس طرح شہر شہر کی سیر کی - میں نے یہ سب کچھ اپنے درازقد ، اپنی قوت اور جوہر و صلاحیت کی مدد سے کیا

فَأَصَابَ الرَّدَی بَنَاتَ فُؤَادِی
بِسِهَـامٍ مِن المَنَایَا صِیَابِ

پھر ہلاکت نے میری آرزؤں کو موت کے صحیح نشانے پر لگنے والے تیر مارے

فَانْقَضَتْ مُدَّتِی[2] وَاَقْصَرَ جَهْلِی
وَاسْتَرَاحَتْ عَوَاذِلِی مِنْ عِتَابِی

پھر میری مدت بھی گزر گئی اور جہالت بھی کم ہو گئی اور ملامت کرنے والیوں کو بھی ملامت کرنے کی طرف سے بے فکری ہو گئی

وَدَفَعْتُ السِفَاہَ بِالْحِلْمِ لَمَّا
نَزَلَ الشَیْبُ فی مَحَلِّ الشَّبَابِ

جب بڑھاپا جوانی کی جگہ اتر آیا تو میں نے حماقت کو حلم کی مدد سے دُور کیا

صَاحِ هَلْ رَیْتَ اَوْ سَمِعْتَ بِرَاعٍ
رَدَّ فِی الضَّرْعِ مَا قَرَی فِی الحِلَابِ

اے دوست کیا تو نے کبھی کسی چرواہے کو دیکھا یا سنا کہ اس نے اس دودھ کو دوبارہ تھنوں میں لوٹا دیا ہو جو برتن میں دوہنے سے جمع ہو جاتا ہے-

---

۱ - الروض الانف میں یہ مصراع یوں دیا ہے : بقناتی و قُوتی واکتِسَابِی

۲ - الروض الانف میں مدتی کی بجائے شِرّتی دیا ہے

Marfat.com

دیکھا تو گھر کے وسط میں یاقوت ، لؤلؤ ، سونے ، چاندی اور زبرجد کی بنی ہوئی ایک بڑی کوہان والی اونٹنی ہے ۔ اس نے وہاں سے جس قدر ہو سکا اٹھا لیا ، پھر اس شگاف پر کوئی نشانی لگا دی اور اس کے دروازے کو پتھروں سے بند کر دیا ۔ اب اس نے اپنے باپ کو راضی کرنے کی خاطر جو مال یہاں سے نکالا تھا اُس کے پاس بھیج دیا ، اپنے سارے کنبے کو بھی عطیے دیے اور ان کا سردار بن گیا ۔ بہر حال وہ اُس خزانے میں سے خرچ کرتا رہا ۔ لوگوں کو کھانا کھلاتا ، اور نیکی کے کاموں میں مصروف رہتا ۔

قاموس میں مذکور ہے : بعض اوقات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس کے کھانے پر موجود ہوتے تھے اور اس کا ایک پیالہ (اتنا بڑا) تھا کہ ایک شخص کھڑے ہو کر یا سوار ہو کر اس میں سے کھانا کھا سکتا تھا ۔ بلکہ اس کے پیالے میں سے ایک شخص اونٹ پر سوار ہونے کے عالم میں کھا سکتا تھا ، ایک بار ایک بچہ اس میں گر گیا اور ڈوب کر مر گیا ۔

[1]ابن قتیبہ کی کتاب ' غریب الحدیث ' میں مرقوم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : میں دوپہر کے وقت عبداللہ بن جُدعان کے پیالے کے سائے میں بیٹھا کرتا تھا ۔ صَکَّۃَ عُمَیّ سے مراد دوپہر ہے ۔ دوپہر کو صکۃ عُمی کہنے کے ضمن میں ایک واقعہ (بیان کیا جاتا) ہے جس کا ذکر ابو حنیفہ[2] نے کتاب الانواء میں کیا ہے ۔ واقعہ یوں ہے :

---

۱ ۔ ابن قتیبہ : ابو محمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ الدینوری لغت و نحو کے امام تھے ۔ انھوں نے کتاب المعارف ، ادب الکاتب وغیرہ کتابیں تصنیف کیں ۔ فاضل تھے اور ثقہ ۔ ان کی جائے پیدائش بغداد ہے مگر دینور میں قاضی رہنے کے سبب دینوری کہلائے ، پیدائش ۲۱۳ھ ہوئی ۔ ۲۷۶ھ میں اچانک وفات پا گئے ۔

۲ ۔ ابو حنیفہ احمد الدینوری مصنف کتاب الاخبار الطوال ۳۸۲ھ = ۸۹۵ء میں وفات پائی ۔

Marfat.com

بنی عَدوان کے ایک فرد کا نام عُمَیّ تھا ۔ بعض کہتے ہیں کہ کہ وہ بنی ایاد میں سے تھا ۔ وہ جاہلیت میں عربوں کا فقیہ تھا ۔ وہ اپنی قوم کے ساتھ حج یا عمرہ کرنے کی غرض سے آیا - جب مکے سے دو مرحلوں کے فاصلے پر پہنچا تو عین دوپہر کے وقت قوم سے کہا : جو کل اس وقت تک [۹۰] مکے پہنچ جائے اسے دو عُمروں کا اجر ملے گا ۔ اس پر انھوں نے اپنے اونٹوں کو خوب مار مار کر دوڑایا یہاں تک کہ دوسرے دن صبح ہی صبح مکے پہنچ گئے ۔

عُمَیّ اَعْمٰی کی تصغیر ہے اس میں اَعْمٰی کے لفظ کو مرخم کر کے تصغیر (بنائی گئی ہے) اس واقعے سے دوپہر کا نام صَکّۃ عُمَیّ پڑ گیا ۔

عبداللہ بن جُدعان قبیلہ بنی تیم میں سے تھا ۔ اس کی کنیت ابو زہیر تھی ۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا عمزاد بھائی تھا ۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت عائشہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گزارش کی تھی کہ آیا ابن جدعان کو جو لوگوں کو کھانا کھلاتا تھا مہمانوں کی ضیافت کیا کرتا تھا اور بھلائی کے کاموں میں مصروف رہتا تھا ۔ یہ امور قیامت کے دن نفع پہنچا سکیں گے ؟ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا ، " نہیں " ۔ کیونکہ اس نے ایک دن بھی یہ نہیں کہا کہ اے میرے رب قیامت کے دن میری خطا معاف کر دینا ۔ [۱] سُہیلی نے الرَوْض الاُنُف میں اسی طرح لکھا ہے ۔ احمد بن عمار کی کتاب رِی العاطش وانس الواحش میں احمد بن عمار لکھتا ہے :

ابن جُدعان ان لوگوں میں سے تھا جنھوں نے جاہلیت میں شراب کو حرام قرار دیا تھا حالانکہ پہلے اس کا بہت دلدادہ تھا ۔ اس کی وجہ یہ

---

۱ ۔ سہیلی ۔ امام ابو زید ۔ و ۔ ابو القاسم ۔ و ۔ ابو الحسن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن احمد الاندسی المالقی الحافظ النحوی ۔ ان کی کئی ایک تصانیف ہیں ۔ مثلاً الاعلام بما ابہم القرآن من الاسما و الاعلام ۔ مسئلۃ رویۃ اللہ عزوجل فی المنام ورؤیۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم و مسئلۃ السرفی عور الرجال ۵۸۱ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

ہوئی کہ ایک رات جب وہ شراب کے نشے میں دھت تھا توترنگ میں اپنے ہاتھ بڑھا کر چاند کی روشنی کو پکڑنے لگا ، اس پر اس کے ہمنشین ہنس پڑے - جب ہوش میں آیا تو لوگوں نے اس سے اس بات کا ذکر کیا ، یہ سن کر اس نے قسم کھا لی کہ آئندہ کبھی شراب نہ پیے گا -

جب اس کی عمر بڑی ہو گئی اور یہ بوڑھا ہو گیا تو بنو تیم نے اسے مال لُٹانے سے روکنا چاہا اور اسے اس کی سخاوت پر ملامت کی ، ازاں بعد عالم یہ ہو گیا کہ یہ کسی شخص کو بلاتا ، جب وہ قریب آ جاتا تو یہ اسے ایک ہلکا سا تپھڑ رسید کر دیتا - پھر اس سے کہتا جاؤ کھڑے ہو کر اس تھپڑ کا اعلان کر دو اور اس کی دیت کا مطالبہ کرو - جب وہ اس طرح کرتا تو بنو تیم اس شخص کو ابن جُدعان کے مال میں سے کچھ دے دیتے -

اور انھی میں سے

قیس بن سعد

ہے - وہ عربوں کے مشہور و معروف سخیوں میں سے تھا - کسی نے اس سے دریافت کیا، ''کیا تونے کسی کو اپنے سے بھی زیادہ سخی پایا'' ؟ اس نے جواب دیا ، ''ہاں'' - ہم صحرا میں ایک عورت کے یہاں اترے- اتنے میں اس کا خاوند بھی آ گیا - عورت نے خاوند سے کہا ، '' تمھارے یہاں مہمان آئے ہیں'' - وہ ایک اونٹنی لے آیا ، اسے ذبح کیا اور کہا ، ''یہ لو'' - جب دوسرا دن ہؤا ، تو ایک اور اونٹنی لے آیا ، اسے ذبح کیا اور پھر کہا ، یہ لو'' - میں نے کہا، ''ہم نے اس اونٹنی میں سے جو تم نے کل ذبح کی تھی ابھی تھوڑا سا ہی (گوشت) کھایا ہے ''[۹۱] اس نے جواب دیا ، ''میں اپنے مہمانوں کو باسی چیز نہیں کھلایا کرتا'' - اس کے بعد ہم نے چند دن اور وہاں قیام کیا - مسلسل بارش ہوتی رہی اور وہ بھی اسی طرح کیے چلا گیا - جب ہم نے وہاں سے کوچ کرنے کا ارادہ کیا تو اس کے گھر میں ایک سو دینار رکھ دیے اور اس کی بیوی سے کہا، ''ہماری طرف سے اس سے معذرت کر دینا '' بہر حال ہم وہاں سے چل دیے - جب دن کافی چڑھ گیا تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک شخص ہمیں پیچھے سے باآواز بلند پکار پکار کر

Marfat.com

کہہ رہا ہے ، ” اے کمینے سوارو ! ٹھہرو ۔ کیا تم ہم کو میزبانی کی قیمت دینا چاہتے ہو“ ؟ پھر وہ ہم تک آ پہنچا اور بولا ، ” تمھیں رقم واپس لینی پڑے گی ورنہ تمھیں اپنے نیزے سے چھید ڈالوں گا “ ، چنانچہ ہم نے وہ رقم واپس لے لی اور وہ لوٹ گیا ۔

اور انھی میں سے

عبدۃ الکلبیہ

ہے ۔ یہ ایک عرب عورت تھی جو اپنی سخاوت کی وجہ سے مشہور تھی چنانچہ [۱]ابوبکر ابن دُرَید نے اپنی سند سے جو [۲]ابو عبیدہ تک پہنچتی ہے روایت کی ہے کہ شام کا رہنے والا ایک شخص بنی کلب کی ایک عورت کے پاس گیا اور کہا، ” کیا بکاؤ دودھ ہے“ ۔ عورت نے جواب میں کہا ، ” تو خود کمینہ ہے یا تجھے ابھی ابھی کسی کمینی قوم سے سابقہ پڑا ہے ۔ کیا کوئی شریف زادہ کبھی دودھ بیچتا ہے یا کسی کمینے شخص کے سوا کوئی دودھ کے بارے میں بخل کرتا ہے ؟ جب شدت و تکلیف کا زمانہ لوگوں کو اپنی سخت گرفت میں لے لے تو ہم بڑی کوہان[۳] والی اونٹنیوں کی ایک ایک ٹانگ کاٹ دیتے ہیں اور وہ تین ٹانگوں پر چلتی ہیں ۔ ہم کچے گوشت کو مہنگا جانتے ہیں اور جب پک جائے تو اس کی کوئی قیمت نہیں پہچانتے“ ، (وہ ہماری نگاہوں میں بے وقعت ہو کر رہ جاتا ہے

---

۱ ۔ ابوبکر بن درید : ابوبکر محمد بن الحسن بن دُرَید ۔ المتقدر کے عہد میں ہوئے ہیں ۔ انھوں نے ایک مقصورہ ، الجمہرۃ فی اللغہ اور کتاب الاشتقاق لکھی ۳۲۱ھ = ۹۳۴ء میں وفات پائی ۔

۲ ۔ ابو عبیدہ معمر بن المثنی ، اصمعی (م ۲۱۶ھ) کے معاصر اور مشہور لغت دان ہیں ۔ ۲۱۰ھ = ۸۲۵ء میں وفات پائی ۔

۳ ۔ محمد بہجہ اثری نے کوم کے معنی القطعۃ من الابل دیے ہیں حالانکہ یہاں کُوم کَوْماء کی جمع ہے جس کے معنی بڑی کوہان والی اونٹنی کے ہیں ۔

Marfat.com

ہم اسے بانٹ دیتے ہیں) ۔

اور انھی میں سے

قتادہ بن مسلمہ الحنفی

ہے ۔ یہ بھی عربوں کے سخیوں اور سخاوت میں مشہور لوگوں میں سے تھا ۔ سخاوت میں یہ ضرب المثل بن گیا تھا ، اسے " غیث الضریک " (محتاجوں کا فریاد رس) کہا جاتا تھا ۔ چنانچہ عربوں کے یہاں مثل مشہور ہے : اَقْرٰی مِنْ غَیْثِ الضَّرِیک (محتاجوں کے فریاد رس سے بھی زیادہ مہماں نواز) ۔ ضریک[1] کے معنی محتاج کے ہیں ۔

اور انھی میں سے

مطاعیم الریح

ہیں ۔ ابن الاعرابی کا خیال ہے کہ یہ چار شخص ہیں ۔ ان میں سے ایک تو ابو محجن الثقفی کا چچا ہے [۹۲] مگر اس نے باقی لوگوں کے ناموں کا ذکر نہیں کیا ۔

ابو الندی کا بیان ہے : مطاعیم الریح یہ لوگ ہیں : ابو محجن الثقفی کا چچا کنانہ بن عبدیالیل الثقفی ، [2]لبید بن ربیعہ اور اس کا باپ ۔ جب بھی باد صبا چلتی یہ اشخاص لوگوں کو کھانا کھلاتے تھے ۔ باد صبا کے ساتھ کھانا کھلانا اس لیے مخصوص تھا کہ باد صبا صرف قحط سالی کے زمانے میں ہی چلتی ہے ۔

---

۱ ۔ اصل کتاب میں صرف " وھوالفقیر " دیا ہے اسے " والضَّرِیکُ ھُوَ الفَقِیرُ " پڑھیں ۔

۲ ۔ لبید بن ربیعہ : لبید بن ربیعہ بن مالک ۔ ابو عقیل کنیت ۔ مخضرمین میں سے ہیں ۔ صحابی ہیں ایک سو پچاس سال کی عمر میں ۴۱ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

لبید بن[۱] ربیعہ رضؓ العامری کی بیٹی کہتی ہے

إِذَا هَبَّتْ رِيَاحُ أَبِي عَقِيلٍ
ذَكَرْنَا عِنْدَ هَبَّتِهَا الوَلِيدَا

جب ابو عقیل (لبید) کی ہوائیں چلتی ہیں تو ہم اس وقت ولید کو یاد کرتے ہیں

أَشَمَّ الأَنْفِ أَبْيَضَ عَبْشَمِيًّا
أَعَانَ عَلَى مُرُوءَتِهِ لَبِيدَا

یہ بلند ناک والا ، روشن چہرہ شخص قبیلۂ عبد شمس میں سے ہے - اس نے مروّت میں لبید کی مدد کی -

چونکہ ان لوگوں میں فطری طور پر سخاوت اور اچھے اخلاق پائے جاتے تھے اس لیے عرب ان کو بطور مثال پیش کیا کرتے تھے - عربوں نے ان سخیوں کے ذکر خیر کو دوام عطا کر دیا ، اور ان کی جی بھر کے تعریف کی اور ظاہر ہے کہ یہی بہترین اندوختہ ہے اور بزرگترین خزانہ و سرمایہ -

اور انھی میں سے

ازواد الرکب

ہیں - ابن بکار انساب قریش میں بیان کرتے ہیں کہ قریش کے تین آدمی ازواد الرکب کہلاتے تھے - مسافر بن ابی عمرو بن امیہ بن عبد شمس زمعہ بن الاسود بن المطلب بن اسد بن عبدالعزیٰ اور ابو امیہ بن المغیرہ بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم - انھیں ازواد الرکب اس لیے کہا گیا کہ جب یہ سفر کو نکلتے تو ان کا کوئی رفیق بھی زاد راہ ساتھ نہ لیتا تھا - یہ نام ان تینوں کے سوا کسی اور کو نہیں دیا گیا -

---

۱ - حضرت لبید کی اس بیٹی کی عمر جبکہ اس نے یہ اشعار کہے صرف پانچ سال تھی -

Marfat.com

ابو امیہ بن المغیرہ کی چار بیویاں تھیں ۔ ان سب کا نام عاتکہ تھا ۔ پہلی عاتکہ عبدالمطلب کی بیٹی تھی جو زُھیر اور عبداللہ کی والدہ ہے ۔ یہ عبداللہ وہی شخص ہے جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا :

لَنْ نُؤْمِنَ لَکَ حَتّٰی تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ یَنْبُوْعاً

(ہم آپ پر اس وقت تک ایمان نہیں لائیں گے جب تک آپ ہمارے لیے زمین میں سے چشمہ نہ نکال دیں)

دوسری عاتکہ [1] جذل الطعان کی بیٹی تھی اور وہ ام سلمہ اور مہاجر کی والدہ ہے ۔ تیسری عاتکہ عتبہ بن ربیعہ کی بیٹی تھی ، چوتھی عاتکہ تمیمیہ ہے ۔ یہ قیس کی بیٹی تھی ۔ یہ قیس بنی نہشل بن دارم میں سے تھا ۔ ابن بکار کی عبارت ختم ہوئی ۔

قریش ان لوگوں کی مثال دیا کرتے تھے ۔

میدانی عربوں کے قول : اَقْرٰی من زادالرّکب پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

ابن الاعرابی کا خیال ہے کہ یہ ضرب المثل قریش کی (معروف) امثال میں سے ہے اور وہ اس کو تین سخی آدمیوں کے متعلق بیان کیا کرتے تھے ۔ ان کے نام اور تعداد وہی ہے جس کا اوپر ذکر ہو چکا ۔ ان کے کئی ایک قصے (مشہور) ہیں ۔ جو اشعار ان کی مدح میں کہے گئے ہیں وہ اس سے بھی زیادہ ہیں ۔ یہاں ان کے ذکر کی گنجائش نہیں ۔

ابو امیہ بن المغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم ابوطالب کی ہمشیرہ عاتکہ بنت عبدالمطلب کا خاوند تھا ۔ وہ تجارت کے لیے شام کی طرف گیا اور راستے میں سَرُو سُحَیم نامی ایک مقام پر وفات پائی ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ابوطالب نے اس کے مرثیے میں یہ اشعار کہے :

اَلَا اِنَّ زَادَ الرَّکْبِ غَیْرَ مُدَافَعٍ
بِسَرْوِ سُحَیْمٍ غَیَّبَتْهُ الْمَقَابِرُ

---

۱ ۔ جذل الطعان ۔ علقمہ بن فراس بن غَنَم کا لقب ہے ۔

Marfat.com

یاد رکھیں کہ وہ شخص جس کے زاد الرکب کہلانے میں کسی کو اعتراض نہ تھا اسے سر و سحیم کے مقام پر قبر نے پوشیدہ کر دیا

بِسَرُوٍ سُحَیْمٍ عَارِفٌ و مُنَاکِرٌ
وفَارِسُ غَارَاتٍ خَطِیْبٌ، وَیَاسِرُ،

وہ صابر ، جنگجو ، غارت ڈالنے والا شہسوار ، خطیب اور جؤا کھیلنے والا (عالی ظرف) شخص سر و سحیم کے مقام پر پڑا ہے

تَنَادَوْا بِأَنْ لاَ سَیِّدَ الْحَیِّ فِیْهِمْ،
وَقَدْ فُجِعَ الْحَیَّانِ کَعْبٌ، وَعَامِرُ،

انھوں نے پکار کر کہا کہ قبیلے کا سردار ان میں نہیں رہا ۔ کعب اور عامر دونوں قبیلوں کو اس کی موت سے دکھ پہنچا ہے

فَکَانَ إِذَا یَأْتِی مِنَ الشَّامِ قَافِلاً
بِمَقْدَمِهِ تَسْعٰی إِلَیْنَا الْبَشَائِرُ،

جب یہ شام سے لوٹتا تھا تو (محض) اس کی آمد بشارتیں بن کر ہماری طرف دوڑی آیا کرتی تھیں

فَیُصْبِحُ أَهْلُ اللهِ بِیْضًا کَأَنَّمَا
کَسَتْهُمْ[۸] [۱]حَبِیْراً [۲]رَیْدَةُ [۳]و مَعَافِرُ،

پھر اللہ کے گھر والے یعنی قریش (کے چہرے) روشن و چمکدار ہو جاتے ، ایسا معلوم ہوتا کہ ریدہ اور معافر شہروں نے انھیں منقش چادریں پہنا دی ہیں

---

۱ - حَبِیْر: البرد الموشی منقش چادر ۔
۲ - ریدہ: یمن کے ایک شہر کا نام ہے ۔
۳ - معافر: ایک قبیلے کے باپ کا نام ہے جس کی طرف معافری کپڑے منسوب ہوتے ہیں ۔

Marfat.com

تَـرَی دَارَہٗ لَا یَـبْـرَحُ الدَّھْرُ عِنْدَھَا
مُـجَـعْـجِـعَـۃً کُـوْمٌ سِـمَانٌ وَبَاقِرُ

تو اس کے گھر کو دیکھے گا کہ وہاں ہر وقت بڑی کوہان والی موٹی اونٹنیاں اور گائیں پڑی رہتی ہیں

اِذَا أُکِـلَـتْ یَـوْمًا أَتَی الدَّھْرُ مِثْلَھَا
زَوَاھِـقَ زُھْـمٌ أَو مَـخَـاضٌ بَـھَـازِرُ

اگر انھیں کسی دن کھا لیا جاتا (اور وہ ختم ہو جاتیں) تو زمانہ اسی قدر اور لے آتا ۔ ان میں کچھ موٹی اور چربی والی ہوتیں اور کچھ حاملہ اور موٹی ہوتیں

ضَرُوْبٌ بِنَصْلِ السَّیْفِ سُوْقَ سِمَانِھَا
اِذَا عَـدِمُـوْا زَادًا فَـانَّـکَ عَـاقِـرُ

یہ اپنی تلوار موٹی اونٹنیوں کی پنڈلیوں پر مارا کرتا تھا اس وقت جب کہ لوگوں کے پاس زاد نہ ہوتا (اے مرنے والے) تُو تو (دوسروں کی خاطر) اونٹ ذبح کیا کرتا تھا

وَاِلَّا یَـکُـنْ لَـحْـمٌ غَـرِیْـضٌ فَـأَنَّـہٗ
تُـکِـبُّ عَـلَـی آفْـوَاہِـھِـنَّ الْـغَـرَائِرُ

اور اگر تازہ گوشت نہ ہوتا تو (گندم کے) تھیلوں کو انڈھیل دیا جاتا

فَـیَـالَـکَ مِـنْ نَـاعٍ حُـبِـیْـتَ بِأَلَّۃٍ
شَـرَاعِـیَّـۃً [۲] تَـصْـفَـرُّ مِـنْـہُ الْاَ ظَـافِـرُ

[۹۴] اے اسپہ کی موت کی خبر لانے والے ! خدا کرے تجھے کوئی

---

۱ - مجعجعۃ : از جَعْجَعَ البعیر اذا بَرَکَ وَ اسْتَنَاخَ -
۲ - ناخنوں کا پیلا ہو جانا موت کی علامت ہے -

Marfat.com

ایسا لمبا نیزہ لگے جس سے (تیرے) ناخن پیلے پڑ جائیں (سارے جسم کا خون بہ جائے)

ہمارے لیے ممکن نہیں کہ ہم (عہدِ) جاہلیت کے اُن تمام سخی لوگوں کا ذکر کریں جنھیں ضرب المثل کی حیثیت حاصل ہو گئی تھی ۔ جو شخص عربوں کے واقعات سے باخبر ہے اس پر عیاں ہے کہ ان میں سے ہر شخص مثال بن جانے کا مستحق تھا ۔

ظہورِ اسلام کے بعد تو اُن کے یہاں سخاوت اور بھی مؤکد ہوگئی ۔ شریعت کے صریح احکام نے اسے واجب قرار دے دیا ۔ ایک طرف اسلام اور دوسری طرف ان کا فطری میلان دونوں سبب یکجا ہوگئے ، چنانچہ قرون ثلاثہ میں ایسے لوگ بھی ہوئے ہیں جنھوں نے کعب بن مامہ اور ابن سُعدی کی یاد کو فراموش کرا دیا ۔

ابن عبد ربہ العقد الفرید میں بیان کرتا ہے[1] ۔ ایک ہی زمانے میں حجاز میں تین سخی موجود تھے ۔ عبید اللہ بن العباس (م ۵۸ھ) ، عبد اللہ بن جعفر (م ۸۰ھ) اور سعید بن العاص (م ۵۹ھ) ۔

عبید اللہ بن العباس کی سخاوت یہ تھی کہ وہ پہلا شخص ہے جس نے اپنے ہمسایوں کو ناشتہ[2] کرایا ۔ وہ پہلا شخص ہے جس نے سڑکوں پر دسترخوان لگا دیے اور وہ پہلا شخص ہے جس نے اپنے کھانے پر لوگوں کو حَیّاك اللہ (خدا تجھے زندہ رکھے) کہا اور وہ پہلا شخص ہے جس نے دسترخوان لُٹایا ۔

اسی کے متعلق مدینے کا ایک شاعر کہتا ہے :

وَ فِی السَّنَۃِ الشَّہْبَاءِ اَطْعَمْتَ حَامِضًا
وَ حُلْوًا وَ لَحْمًا تَامِکًا و مُمَزَّعَا

جس سال بارش نہ ہو تو تُو لوگوں کو ترش (دودھ) ، میٹھا دودھ ، موٹا گوشت اور ٹکڑے کیا ہؤا گوشت کھلاتا ہے

---

۱ - العقد الفرید : ۱ : ۳۴۰ -
۲ - فَطَّرَ ؛ اَعْطَاہُ فَطُوراً -

Marfat.com

وَ اَنْتَ رَبِیْعٌ لِلْیَتَامٰی و عِصْمَۃٌ
اِذَا الْمَحْلُ مِنْ جَوِّ السَّمَاءِ تَطَلَّعَا

جب آسمان سے قحط جھانکنے لگے تو تُو یتیموں کے لیے ربیع (کا موسم) اور بچاؤ کا سبب بن جاتا ہے

اَبُوْکَ اَبُوالْفَضْلِ الَّذِی کَانَ رَحْمَۃً
وَ غَیْثًا وَ نُوراً لِلْخَلَائِقِ اَجْمَعَا

تمھارا باپ ابوالفضل تو تمام مخلوق کے لیے رحمت ، بارش اور نور تھا

اُس کی سخاوت کا ایک واقعہ یہ ہے - وہ اپنے گھر کے صحن میں تھا کہ ایک شخص آیا اور کہا ، ” اے عباس کے بیٹے ! تم پر میرا ایک احسان ہے اور مجھے اب اس کی ضرورت پڑ گئی ہے “ - اس نے اُوپر نیچے نظر دوڑائی مگر اسے نہ پہچان سکا - پھر کہا ، ” مجھ پر تمھارا کون سا احسان ہے “ ؟ اس نے جواب دیا ، ” میں نے ایک بار تمھیں زمزم پر کھڑے دیکھا۔ تمھارا غلام تمھارے لیے پانی نکال رہاتھا - تم پر دھوپ پڑ رہی تھی - میں نے اپنی چادر کے کنارے سے تم پر سایہ کر دیا تھا تاآنکہ تم نے پانی پی لیا “ - عبید اللہ نے کہا ، ” ہاں مجھے یاد ہے اور (اس) بات (کی یاد) میرے ذہن اور دماغ میں گرداں ہے “ - پھر اس نے اپنے مختار سے پوچھا ، ”تمھارے پاس کیا ہے“ ؟ اس نے جواب دیا ، ”دو سو دینار اور دس ہزار درہم“- کہا ، ”اسے دے دو اور میرے خیال میں [۹۵] اس رقم سے اس کے احسان کا حق تو ادا نہیں ہوتا “ - وہ شخص بولا ، ” خدا کی قسم اگر حضرت اسماعیل[۴] کی اولاد میں صرف تو ہی ایک ہوتا تو جب بھی اس کے لیے کافی تھا - مگر اُن کے کیا کہنے ان کی اولاد میں سیّد الاوّلین والآخرین محمد صلی اللہ علیہ و سلم پیدا ہوئے ، مستزاد یہ کہ اس میں تم بھی ہو اور تمھارا باپ بھی“ -

اس کی سخاوت کا یہ واقعہ بھی مذکور ہے کہ معاویہ رض نے حسین رض بن علی رضی اللہ عنہما کا وظیفہ بند کر دیا یہاں تک کہ ان کی حالت تنگ

Marfat.com

ہوگئی - کسی نے ان سے کہا : اگر آپ اپنے چچا زاد[1] بھائی عبید اللہ کے پاس کسی کو بھیجتے (تو وہ آپ کو ضرور کچھ دے دیتا) کیونکہ وہ تقریباً دس لاکھ درہم لے کر آیا ہے - اس پر حسین نے کہا ، ''دس لاکھ سے عبید اللہ کا کیا بنے گا'' ؟ خدا کی قسم وہ تو تند و تیز ہوا اور موجزن سمندر سے بھی زیادہ سخی ہے - اس کے بعد انھوں نے ایک قاصد کے ہاتھ ایک رقعہ بھیجا جس میں ذکر کیا کہ معاویہ رض نے میرے وظیفے بند کر دیے ہیں اور میں تنگ دست ہو رہا ہوں - مجھے ایک لاکھ درہم درکار ہے - جب عبید اللہ نے وہ خط پڑھا تو آنکھوں میں آنسو آ گئے اس لیے کہ وہ نہایت ہی رقیق القلب تھا اور پرگداز طبیعت کا مالک تھا - چنانچہ کہا ، '' اے معاویہ رض تیرے ہاتھوں نے ایک پاپ اور کما لیا - تو خود تو نرم بستر اور بلند محلوں میں رہے اور حسین رض تنگ دستی اور کثرت عیال کا شاکی ہو''؟ پھر اپنے مختار عام سے کہا ، '' چاندی ، سونا ، کپڑا جانور غرض جو کچھ بھی میری مِلک ہے اس کا نصف حسین کے پاس بھیج دو اور اسے بتا دو کہ میرے پاس جو کچھ ہے وہ میں نے اس کے ساتھ برابر بانٹ لیا ہے - اگر وہ اس پر راضی ہو جائیں (تو فبہا) ورنہ واپس آ کر باقی آدھا حصہ بھی لے جاؤ'' - مختار نے کہا ، ''یہ (دیگر) ذمہ داریاں جو آپ پر عائد ہیں انھیں کس طرح پورا کریں گے '' ؟ جواب دیا جب ہم وہاں تک پہنچیں گے تو ہم تمھیں ایک ایسی بات بتائیں گے جس سے تم اپنے حال کی اصلاح[2] کر سکو گے - جب قاصد ان کا پیغام

---

۱ - بلوغ الارب اور العقد الفرید دونوں میں '' ابن عمک '' (عمزاد بھائی) ہی لکھا ہے مگر یہ غلط ہے کیونکہ حضرت عباس رض حضرت علی رض کے چچا تھے اور عبید اللہ حضرت علی رض کا چچا زاد بھائی نہ کہ حسین[4] کا - عبید اللہ حسین رض کے چچا ہوتے ہیں لہٰذا الی عمک عبید اللہ ہونا چاہیے -

۲ - بلوغ الارب میں '' تقیم بہ حالک'' مرقوم ہے ؛ جس کا ترجمہ اُوپر دے دیا گیا مگر العقد الفرید میں یقیم حالک ہے درست وہی ہے جو بلوغ الارب میں ہے -

Marfat.com

لے کر حسین رض کے پاس آیا تو انھوں نے اِنا لِلہ پڑھا اور کہا ، ''اللہ کی قسم میں نے اپنے عمزاد بھائی پر بارِ گراں ڈال دیا ہے ۔ میرا خیال نہ تھا کہ وہ یہ تمام چیزیں مجھے دے دے گا لہٰذا انھوں نے مال کا آدھا حصہ لے لیا ۔ عبید اللہ پہلا شخص ہے جس نے (عہد) اسلام میں ایسا کیا ۔

عبید اللہ کی سخاوت کی ایک مثال یہ ہے کہ جب وہ شام میں معاویہ رض کے یہاں مقیم تھے تو معاویہ رض نے ان کے پاس نو روز کے تحفے کے طور پر کپڑوں کے بہت سے جوڑے ، کستوری اور سونے چاندی کے برتن اپنے حاجب (دربان) کے ہاتھ بھیجے ۔ جب حاجب نے ان چیزوں کو ان کے سامنے رکھا تو انھوں نے دیکھا کہ دربان ان چیزوں کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھ رہا ہے ۔ عبید اللہ نے پوچھا ، '' کیا تمھارے دل میں ان چیزوں کے متعلق کوئی خواہش ہے '' ؟ اس نے جواب دیا ، '' ہاں ! وہی خواہش ہے جو یوسف کے بارے میں یعقوب علیہ السلام کے دل میں تھی''۔ یہ سن کر عبید اللہ ہنس پڑا اور کہا ، ''لے لو ۔ یہ سب کچھ [۹۶] تمھارا ہے'' ۔ اس نے کہا ، ''میں آپ کے قربان جاؤں مجھے ڈر ہے کہ اگر معاویہ رض کو اس بات کا پتا چل گیا تو مجھ پر ناراض ہوگا'' ۔ جواب دیا ، '' ان پر اپنی مہر لگا کر خادم کے سپرد کر دو ۔ جب ہمارا یہاں سے جانے کا وقت آئے گا تو وہ رات کے وقت تمھارے پاس یہ سب کچھ پہنچا دے گا'' ۔ اس پر حاجب نے کہا ، ''خدا کی قسم سخاوت کرنے کے لیے یہ حیلہ کرنا سخاوت سے بھی بڑی بات ہے ۔ میری خواہش ہے کہ مرنے سے پہلے تمھیں اس کی جگہ دیکھوں '' ۔ مراد تھی معاویہ کی جگہ ۔ عبید اللہ نے خیال کیا کہ حاجب فریب دے رہا ہے لہٰذا کہا ، '' ایسی بات چھوڑو کیونکہ ہم تو وہ لوگ ہیں جو اپنے وعدے پورے کرتے ہیں ۔ جو کچھ طے کر دیں اس سے منحرف نہیں ہوتے '' ۔

اس کی سخاوت کا ایک واقعہ یہ ہے کہ اس کے پاس ایک سائل آیا اور وہ اسے جانتا نہ تھا ۔ سائل نے کہا ، '' خیرات کرو ۔ کیونکہ مجھے بتلایا گیا ہے کہ عبید اللہ بن عباس نے ایک سائل کو ایک ہزار درہم دیے تھے اور اس پر بھی عذر پیش کیا تھا '' ۔ اس پر عبید اللہ نے کہا ،

Marfat.com

میں عبید اللہ کا کہاں مقابلہ کر سکتا ہوں''؟ سائل نے کہا ، ''تم حسب کے اعتبار سے بات کر رہے ہو یا مال کی کثرت کے اعتبار سے '' ۔ عبید اللہ نے کہا ، ''دونوں کے اعتبارسے۔ سائل نے کہا، ''انسان کا حسب اس کی مروّت اور اس کا فعل ہوتا ہے ۔ جب تو کوئی کام کرنا چاہے تو کر سکتا ہے اور جب کر لیا تو حسب والا ہوگیا '' ۔ اس پر عبید اللہ نے اسے دو ہزار درہم بھی دیے اور اپنی تنگ دستی کا عذر بھی پیش کیا ۔ یہ دیکھ کر سائل نے کہا ، '' اگر تو عبید اللہ بن عباس نہیں ہے تو یقیناً کوئی اس سے بہتر انسان ہے اور اگر تو وہی ہے تو کل کے مقابلے میں آج برتر ہے'' ۔ اس پر عبید اللہ نے اسے ایک ہزار درہم اور دیے ۔ اس پر سائل بولا ، '' یہ (انداز) تو ایک سخی اور حسب والے انسان کے خوشی کے مارے جھومنے کے مترادف ہے ۔ اللہ کی قسم میں نے اپنے دل کے دانے کو کھود کر تمھارے دل میں ڈال دیا اس میں غلطی صرف اتنی ہوئی کہ میرے[1] دل میں شبہ سا پیدا ہوگیا ۔

اس کی سخاوت کا ایک واقعہ یہ بھی ہے کہ اس کے پاس انصار میں سے ایک شخص آیا اور کہا ، '' اے رسول اللہ کے چچا زاد بھائی آج رات میرے یہاں لڑکا پیدا ہؤا ہے اور میں نے اس کا نام تبرک کی غرض سے آپ کے نام پر رکھ دیا ہے ۔ والدہ اس کی فوت ہوگئی ہے '' ۔ یہ سن کر عبید اللہ نے کہا ، '' اللہ تعالٰی اس عطیے میں برکت دے اور (اس کی والدہ کی موت کی) مصیبت پر خدا تجھے اجرکثیر دے ۔ اس کے بعد اس نے اپنے مختارعام کو بلایا اور کہا ، '' ابھی جا کر بچے کے لیے ایک لونڈی خرید لاؤ جو بچے کی پرورش کرے اور اس شخص کو اس بچے کی تربیت کے لیے دو سو دینار دے دو'' ۔ ازاں بعد انصاری سے کہا ، '' چند دنوں کے بعد پھر آنا کیونکہ تو ایسے وقت میں آیا ہے جب ہماری روزی خشک اور مال کم ہے'' ۔ یہ سن کر انصاری بولا ، '' اگر تو حاتم

---

۱ - بلوغ الارب میں ''من جوانحی'' دیا ہے مگر میں نے ''بین جوانحی'' پڑھ کر ترجمہ کیا ہے جیسا کہ العقد الفرید (۱ : ۳۴۲) میں ہے ۔

Marfat.com

سے صرف ایک دن پہلے ہوتا تو عرب اس کا کبھی ذکر بھی نہ کرتے لیکن چونکہ (تجھ سے) وہ پہلے گزر چکا ہے لہٰذا تو دوسرے نمبر پر ہوگیا مگر میں گواہی دیتا ہوں کہ تمہارا بغیر سوال کے کسی کو دینا اُس مال سے کہیں زیادہ ہے جسے حاتم نے بڑی کوشش سے کسی کو دیا ہو۔ تمہاری سخاوت کے چھینٹے اس کی زور دار بارش سے بیش ہیں ۔ عبید اللہ کے جو واقعات العقد الفرید میں درج ہیں وہ ختم ہوئے۔

ابو الفرج[1] الاصبہانی نے ''الاغانی'' میں خود اپنی سند سے بیان کیا ہے کہ عبید اللہ بن عباس بن عبد المطلب کا مَعن بن آوس المزنی کے پاس سے گزر ہؤا ، اس وقت معن کی بینائی جاتی رہی تھی ۔ عبید اللہ نے کہا ، '' معن ! کیا حال ہے '' ؟ اس نے جواب دیا ، ''بینائی کمزور ہو چکی ہے ، اہل و عیال کثیر ہیں [۹۷] قرضہ بہت سا چڑھ گیا ہے '' ۔ عبیداللہ نے پوچھا ، '' تمہارا قرضہ کتنا ہے''؟ اس نے جواب دیا ، ''دس ہزار درہم'' ۔ عبید اللہ نے دس ہزار درہم اس کی طرف بھیج دیے ۔ دوسرے دن پھر اس کے پاس سے گزر ہؤا ۔ پوچھا ، اے معن ! کیا حال ہے تو اس نے کہا :

آخَذْتُ بِعَیْنِ المَالِ حَتّٰی نھَکتُہ،
وَ بِالدَّیْنِ حَتّٰی مَا أکَادُ أدَّان،

میں نے نقد مال لیا اور اسے خرچ کر ڈالا پھر قرض لیا حتّٰی کہ اب کوئی مجھے قرض بھی دینے کا نہیں ہے

وَ حَتّٰی سَأَلْتُ القَرْضَ عِنْدَ ذَوِی الغِنٰی
وَ رَدَّ فُلَانٌ حَاجَتِی و فُلَانٌ،

---

۱ - ابو الفرج الاصبہانی : ابو الفرج علی بن الحسین الاموی الاصبہانی ۔ یہ ادیب ، نسب دان ، علامہ ، شاعر اور کئی ایک کتابوں کا مصنف ہے ۔ عجیب بات یہ ہے کہ باوجود مروانی ہونے کے اس کا میلان تشیع کی طرف تھا ۔ تہتر سال کی عمر میں ۳۵۶ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

(حالت بایں جا رسید کہ) میں نے مال داروں سے قرض مانگا مگر میری حاجتوں کو فلاں اور فلاں نے رد کر دیا

(یہ سن کر) عبیداللہ بولا : مدد اللہ ہی سے لی جا سکتی ہے ہم نے ایک لقمہ آپ کے پاس بھیجا تھا آپ نے اسے چبایا بھی نہ تھا کہ آپ کے ہاتھ سے چھین لیا گیا ۔ لہٰذا گھر والوں ، قرابت داروں اور پڑوسیوں کے لیے کیا رہ گیا ۔ چنانچہ دس ہزار درہم اور اس کی طرف بھیج دیے ، اس پر معن نے اس کی مدح میں یہ شعر کہے :

اِنکَ فَرْعٌ مِنْ قُرَیْشٍ وَ اِنَّمَا
یَمُجُّ النَّدٰی مِنْهَا الْبُحُوْرُ الدَّوَافِعُ

تُو تو قریش کی ایک شاخ ہے (اس لیے سخی ہے) کیونکہ بلند موجوں والے سمندر ہی سخاوت (کے موتی) اُگلا کرتے ہیں

ثَوَوْا قَادَةً لِلنَّاسِ بِالْحَزْنِ مَكَّةً
لَهُمْ فِیْ سِقَایَاتِ الْحَجِیْجِ الدَّوَافِعُ[1]

یہ لوگ مکہ کی پتھریلی اور ریت والی وادی میں سردار بن کر مقیم رہے ۔ حاجیوں کے پانی پلانے کی جگھوں میں وادی کے نچلے حصے ان ہی کے تھے

فَلَمَّا دُعُوْا لِلْمَوْتِ لَمْ تَبْكِ مِنْهُمْ
عَلَى حَادِثِ الدَّهْرِ الْعُیُوْنُ الدَّوَامِعُ

اور جب انھیں موت (جنگ) کی طرف بلایا گیا تو رونے والی آنکھیں حوادث زمانہ کی وجہ سے ان پر نہ روئیں

ابن عبدربّہ نے اس کے بعد عبداللہ بن جعفر ، سعید بن العاص ،

---

۱ - دوافع : وادی کے نچلے حصے جہاں پانی آ کر جمع ہوتا ہے ۔ الدوافع اسافل الاراضی السهلة حیث تدفع فیه الاودیه اسفل کل ارض الواحدة منها " دافعة " ۔

Marfat.com

عبیداللہ[۱] بن ابی بکرۃ اور عبیداللہ[۲] بن معمر القُرَشی کی سخاوت کے کچھ واقعات بیان کیے ہیں ، نیز ان اسخیا کے دوسرے طبقے کے بھی بہت سے لوگوں کی سخاوت کا ذکر کیا ہے اور ایسی ایسی باتیں بیان کی ہیں کہ انھیں سن کر تعجب اور حیرت ہوتی ہے مگر یہ کوئی اچنبے کی بات نہیں ۔ کیونکہ ان کے پاس ان کے سردار نہیں بلکہ عدنان و قحطان کی اولاد کے سردار اور عالم امکان کی آنکھ کے نور صلی اللہ علیہ و سلم کا نمونہ موجود تھا ۔ آپ ؐ کو وہ (جوہر) سخاوت جُود عطا کیا گیا تھا جس سے آپ ؐ باقی سب پر فوقیت لے گئے یہاں تک کہ آپ ؐ نے ہر وہ چیز جو آپ ؐ کے پاس موجود تھی اللہ کی راہ میں دے دی ۔ اپنی ہر مطلوب و محبوب چیز خیرات کر دی اور جب آپ ؐ کی وفات ہوئی تو آپ ؐ کی زرہ اپنے گھر والوں کی خوراک کے لیے چند صاعوں کے عوض ایک یہودی کے پاس گرو تھی حالانکہ آپ ؐ جزیرۂ عرب کے مالک تھے ۔ اسی جزیرے میں ملوک اور حِمْیَری ہو گزرے تھے جن کے پاس دولت بھی تھی اور مال بھی ، جنھیں جمع کر کے وہ خزانے بھرتے تھے اور ان خزانوں پر فخر کرتے تھے ۔ ان سے متکبرانہ اور مغرورانہ طور پر حظ اُٹھاتے تھے مگر آپ ؐ کے قبضے میں تو[۹۸] اُن سب کے ملک آ گئے تھے ، پھر بھی آپ نے نہ کوئی دینار جمع کیا اور نہ درہم ۔ آپ کا کھانا نرم اور آسانی سے نگلا جانے والا نہ ہوتا تھا ۔ آپ ؐ گاڑھے لباس کے سوا کوئی اور لباس بھی نہ پہنتے تھے ، دوسرے لوگوں کو اعلیٰ چیزیں عطا فرماتے ۔ کثیرالتعداد افراد پر آپ ؐ کے احسانات تھے مگر خود محتاجی کے کڑوے گھونٹ

---

۱ - عبید اللہ بن ابی بکرۃ ۔ بلوغ الارب اور العقد الفرید میں عبید اللہ ہی دیا ہے مگر شذرات الذہب (۱ : ۸۷) میں عبد اللہ بن ابی بکرۃ دیا ہے ، حجاج نے انھیں ۷۸ھ میں سجستان کا گورنر بنا کر بھیجا تھا ۔ ہر عید کے موقع پر ایک سو غلام آزاد کیا کرتے تھے ۔ ۷۹ھ میں وفات پائی ۔

۲ - عبید اللہ بن معمر القرشی ۳۲ھ میں چالیس سال کی عمر میں اصطخر کے کسی گاؤں میں قتل ہوئے ۔

Marfat.com

پیتے اور احتیاج کی بھوک پر صبر کرتے رہے ، حالانکہ ہوازن کا مالِ غنیمت آپؐ کے قبضے میں آیا تھا جس میں چھ ہزار قیدی ، چوبیس ہزار اُونٹ ، چالیس ہزار بھیڑ بکریاں اور چار ہزار اُوقیہ چاندی تھی ۔ آپ نے اپنا تمام حق از رہ سخاوت بخش دیا اور خالی ہاتھ رہ گئے ۔

ابو وائل[۱] نے مسروق[۲] سے اور انھوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا (م ۵۸ھ) سے روایت کی ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ کوئی دینار چھوڑا نہ درہم ، نہ کوئی بکری اور نہ اُونٹ اور نہ ہی کسی چیز کی وصیت فرمائی ۔

عمرو بن مرہ[۳] نے سوید بن الحارث سے روایت کی ہے اور سوید ، ابوذرؓ[۴] سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

(فرض کیا اگر) میرے پاس اُحد پہاڑ جتنا بھی سونا ہو تو میں اسے اللہ کی راہ میں خرچ کر دوں گا ۔ مجھے یہ بات پسند نہیں کہ جب مروں تو میرے پاس اس میں سے ایک دینار بھی موجود ہو ہاں البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ میں اسے قرض خواہ کے لیے رکھ لوں (تاکہ قرض ادا

---

۱ - ابووائل : ابو وائل شقیق بن سلمہ الاسدی الکوفی ۔ یہ ابن مسعود کی صحبت میں رہے اور صاحبِ ابن مسعود کے نام سے مشہور ہوئے ۔ انھوں نے ابوبکر ، عمر ، عثمان اور علی سے روایت کی ہے ۔

۲ - مسروق ۔ مسروق بن عبد الرحمٰن الکوفی ۔ انھوں نے ابن مسعود اور دیگر لوگوں سے حدیث سنی اور ان سے شعبی وغیرہ نے ۔ ۶۳ھ میں وفات پائی ۔

۳ - عمرو بن مرۃ : عمرو بن مرۃ المرادی ۔ کوفی اور نابینا تھے ۔ حافظ حدیث تھے اور سند مانے جاتے ہیں ۔ ابن ابی آوفٰی اور دیگر لوگوں سے حدیث سنی ۔ ۱۱۶ھ میں وفات پائی ۔

۴ - ابوذر: ابوذر غفاریؓ نجبائے صحابہ میں سے تھے۔ علم میں ابن مسعود کے ہم پلہ تھے ۔ ۳۲ھ ربذہ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

ہو جائے) ۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کچھ بھی نہ ہوتا اور کوئی سائل آ جاتا تو آپ وعدہ فرما دیتے تھے ، مگر اس کا سوال رد نہ کرتے تھے اور اللہ کی طرف سے کشائش کے منتظر رہتے تھے ۔

حماد بن زید[1] نے معلی بن زیاد سے روایت کی ہے اور انھوں نے حسن[2] سے روایت کی ہے کہ ایک سوالی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا۔ آپؐ نے فرمایا، ''بیٹھ جاؤ ابھی اللہ تمھیں دے دے گا'' ۔ پھر ایک اور آ گیا ، پھر ایک اور ، اور آپ ان سب کو بیٹھ جانے کا حکم فرماتے گئے ۔ اس کے بعد ایک شخص چار اُوقیہ لے کر آیا اور آپ کی خدمت میں پیش کر کے کہا ، ''یا رسول اللہ ! یہ صدقے کے ہیں'' ۔ آپ نے پہلے سائل کو بلایا اور اسے ایک اوقیہ دے دیا ، پھر دوسرے کو بلایا اور ایک اوقیہ دے دیا ۔ پھر تیسرے کو بلایا اور ایک اوقیہ دے دیا ۔ ایک اوقیہ آپ کے پاس بچ گیا ۔ آپ نے لوگوں کے سامنے پیش کیا مگر کوئی لینے کے لیے نہ اُٹھا ۔ جب رات ہوئی تو آپ نے اسے اپنے سر کے نیچے رکھا ۔ آپ کا بستر ، آپ کا چوغہ ہی ہوتا تھا ۔ مگر آپ کو نیند نہ آتی تھی لہٰذا آپ پھر سے نماز پڑھنے لگ جاتے تھے ، یہ حال دیکھ کر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا ، '' یا رسول اللہ ! کیا آپ کو کوئی حادثہ پیش آیا ہے'' ؟ آپ نے فرمایا ، ''نہیں'' ۔ حضرت عائشہؓ نے پھر عرض کیا ، '' کوئی اللہ کا حکم نازل ہؤا ہے''؟ آپؐ نے فرمایا ، ''نہیں'' حضرت عائشہ نے پھر کہا ، ''آج رات آپ جو کچھ کر رہے ہیں پہلے کبھی نہ کیا تھا '' ۔ اس پر آپ نے اُس ایک اوقیہ کو نکالا اور فرمایا ، '' وہ معاملہ جو تم دیکھ رہی ہو وہ اس نے میرے ساتھ کیا ہے میں اس

---

۱ - حماد بن زید بن درہم الازدی البصری ۔ نابینا تھے ۔ بہت پرہیزگار اور دین دار تھے ۔ ۱۷۹ھ میں وفات پائی ۔

۲ - حسن سے مراد حسن بصری ہیں ۔ اگرچہ انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نہیں کی مگر ان کی مرسل روایت مقبول ہے ۔ ۱۱۰ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

بات سے خائف تھا کہ مبادا قضائے الٰہی وارد ہو جائے اور میں نے اس اوقیے کو چلتا نہ کیا ہو "۔

زھری نے ابو سلمہ سے روایت کی ہے اور انھوں نے حضرت ابوھریرہ رض سے اور حضرت ابوھریرہ رض نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا :

میں مومنوں کی جانوں کا خود ان کے مقابلے میں بیشتر حقدار ہوں لہٰذا جس نے قرض چھوڑا ہو اس کی ادائی میرے ذمے ہے مگر جس نے مال چھوڑا وہ اس کے وارثوں کا حق ہے۔

کیا جود و سخا کے اعتبار سے کوئی بھی جود و سخا ایسی ہو سکتی ہے یا آپ کے اعراض اور زہد جیسا [۹۹] کوئی اور اعراض اور زہد ہو سکتا ہے۔ یہ ناممکن ہے۔ یہ ناممکن ہے۔ جس کے فضائل میں سے یہ چند پارہ ہائے زر یہ ہوں اور جس کے محاسن میں سے تھوڑے سے محاسن یہ ہوں کیا کوئی اس کے مقام تک پہنچ سکتا ہے۔ آپ کے محاسن کو نہ کوئی شمار کر سکتا ہے اور نہ کوئی ان کی انتہا معلوم کر سکتا ہے۔ وہ ذات جو فضائل کی انتہا کو پہنچ چکی ہو اور معاملات کی غایت کو درجۂ کمال تک پہنچا چکی ہو وہی تمام جہاں کی سرداری کی اہلیت کا استحاق رکھتی ہے۔ وہی مخلوق کی مصلحتوں کو پورا کرنے کی بجا طور پر ضامن قرار دی جا سکتی ہے۔

عربوں کا بمقابلہ اور قوموں کے حلم کے زیادہ قریب ہونا

ہاں تو حلم نام ہے نفس کو قابو میں رکھنے کا تا کہ غصہ بھڑکنے نہ پائے۔ جس طرح تحلّم نام ہے نفس کو قابو میں رکھنے کا تا کہ یہ اپنی حاجت کو پورا نہ کر سکے۔ حلم عقل کا کام ہے، عقل سے حلم جدا نہیں ہو سکتا اسی لیے ہر عقل کی بات جو فعلاً ظاہر ہو حلم کہلاتی ہے جس طرح اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی مذمت کرتے ہوئے جو حق کی اطاعت نہیں کرتے بطور تعجب فرماتے ہیں :

Marfat.com

أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلَامُهُمْ بِهٰذَا

کیا ان کی عقلیں انھیں ایسا کرنے کا حکم دیتی ہیں ؟

اور جب حلم کا لفظ اللہ تعالٰی کے لیے استعمال کیا جائے تو اس سے حلم کے تقاضا کے مطابق عمل کرنا مراد ہوتا ہے ۔ یعنی عفو بدون اس کے کہ اس پر کوئی تاثر واقع ہو ۔ مزید برآں یہ کہ جس قدر عقل زیادہ ہوگی اسی قدر اس کی تاثیر بھی زیادہ کامل ہوگی اور اس کا اثر بھی زیادہ قوی اور زیادہ مضبوط ہوگا ۔ ہم پہلے یہ بیان کر چکے ہیں کہ عرب کس قدر زیادہ اور کس قدر کامل عقل کے مالک تھے ، لہٰذا اس کے اثرات بھی یقینی طور پر ایسے ہی ہوں گے ۔ ان کی شہرت تو ۔ خدا کرے کہ ان کے کارنامے تا بقائے زمانہ اور تا مرور عصور پڑھے جائیں ۔ ہر اس بات پر استوار تھی جس سے حلم کی تکمیل ہوتی ہو ۔ کیونکہ انسان کا حلم صرف اسی وقت مکمل ہو سکتا ہے جب وہ اپنے تمام جوارح پر قابو رکھ سکے مثلاً ہاتھ پر قابو ہو کہ وہ گرفت نہ کرے ۔ زبان پر قابو ہو کہ وہ فحش بات نہ کہے اور آنکھ پر قابو ہو کہ واژوں نظری سے بچے ۔ اور جو شخص ان کے اشعار اور خطبوں کو باریک بین نگاہ سے دیکھے گا اور ان کی زبان سے واقف ہوگا اس پر یہ تمام مذکورہ بالا امور واضح ہو جائیں گے ۔ عرب ظلم کرنے کو حرام قرار دیتے اور ظلم کرنے سے باز رہنے کے لیے آپس میں قسمیں اُٹھاتے تھے جیسا حِلْفُ الفضول وغیرہ کے ضمن میں عنقریب ذکر کیا جائے گا ۔ عرب فحش اور ناپسندیدہ باتوں سے باز رہتے اور ان کی زبان ہر اس چیز کو کنایتہً بیان کرتی ہے جس کو تصریحاً بیان کرنا قبیح سمجھا جاتا ہے ، تا کہ وہ ایسا لفظ بولنے سے بچ سکیں جس سے ان کی مروت اِبا کرتی ہے ۔ ثَعَالَبِی[۱] نے ایک الگ کتاب لکھی ہے جس میں ان امور کے کنایات کا ذکر کیا ہے جن کے

---

۱ ۔ ابو منصور عبدالملک الثعالبی المتوفی ۴۳۰ھ ۔ اپنے زمانے میں نیشاپور کے چوٹی کے ادیب اور لغت دان تھے ۔ انھوں نے متعدد کتابیں لکھیں مثلاً یتیمۃ الدھر فقہ اللغہ وغیرہ ۔

Marfat.com

صراحتہً بیان کرنے سے ان کی زبانیں پرہیز کرتی ہیں - وہ اپنے اشعار میں اپنے حلم پر فخر کرتے آئے ہیں اگر وہ حلم میں کسی خاص مقام پر فائزنہ ہوتے تو وہ حلم کے دلدادہ نہ ہوتے -

خَلَف[1] بن خلیفہ مولٰی قیس بن ثعلبہ عربوں میں سے کچھ لوگوں کے حلم ، مکارم اخلاق اور خوش خوئی کی تعریف میں کہتا ہے

عَدَلْتُ اِلَی فَخْرِ العَشِیرَةِ وَ الْهَوٰی
اِلَیْهِمْ وَ فِیْ تَعْدَادِ مَجْدِهِم شُغْلٌ،

[۱۰۰] میں اور لوگوں کو چھوڑ کر ایسے لوگوں کی طرف مائل ہؤا جو قبیلے کے لیے باعث فخر ہیں اور میرا دل رجحان بھی انھی کی طرف ہے اور ان کی بزرگی کے کارناموں کو بار بار شمار کرنا میرے لیے ایک بہت بڑا شغل ہے

---

۱ - خلف بن خلیفہ عہدِ اسلامی کا خوش گو شاعر تھا - جریر اور فرزدق کا ہمعصر تھا - اسے اقطع کہا جاتا تھا - کیونکہ اس پر چوری کا اتہام لگایا گیا تھا جس میں اس کا ایک ہاتھ کاٹ دیا گیا تھا - زبان دراز اور فحش کلام تھا - ایک بار ایک جماعت کے پاس سے گزرا تو ایک آدمی سے اس کی ملاقات ہوئی - خلف نے کہا یہ کس کا شعر ہے :

هُوَالقَیْنُ وابنُ القَیْنِ لاَقَیْنَ مِثْلُه
لِیَقْطَعَ المَسَاحِیْ اَوْلِیَجْدَلِ الاَدَاهِمِ

مراد اس سے فرزدق پر چوٹ کرنا تھی - اس شخص نے جواب دیا یہ شعر اسی شاعر کا ہے جس نے یہ شعر بھی کہا ہے :

هواللِّصُّ و ابن اللِّصِّ لا لِصٌّ مثلہ
لِیَنْقُبَ البُیُوتِ اَوْلِیَطَرَّ الدَّرَاهِمِ،

اس سے اس کا مقصود خلف پر چوٹ کرنا تھا - ان اشعار میں خلف بنی شیبان کی مدح کر رہا ہے -

Marfat.com

إِلَى هَضْبَةٍ مِن آلِ شَيْبَانَ أَشْرَفَتْ
لَهَا الذِّرْوَةُ العُلْيَاءُ و الكَاهِلُ العَبْلُ،

میں ایک بلند پہاڑ کی طرف مائل ہؤا میری مراد آل شیبان سے ہے جن کی عزت کی چوٹی بلند اور (جس کی قوت) کا کندھا تنومند اور موٹا ہے

إِلَى النَّفَرِ البِيْضِ الأُلَى كَأَنَّهُمْ
صَفَائِحُ يَوْمِ الرَّوْعِ أَخْلَصَهَا الصَّقْلُ،

یہ وہ شریف لوگ ہیں جو جنگ کے دن ان چمک دار تلواروں کی طرح ہوتے ہیں جنھیں صیقل نے زنگ سے پاک و صاف کر دیا ہو

إِلَى مَعْدِنِ العِزِّ المؤيَّدِ و النَّدَى
هُنَاكَ هُنَاكَ الفَضْلُ و الخُلُقُ الجَزْلُ،

میں مستحکم عزت اور سخاوت کی کان کی طرف مائل ہؤا ہوں۔ وہیں فضیلت بھی ہے اور بڑے اخلاق بھی

أُحِبُّ بَقَاءَ القَوْمِ لِلنَّاسِ إِنَّهُمْ
مَتَى يَظْعَنُوا مِن مِصْرِهِم[1] سَاعَةً يَخْلُو

میں لوگوں کے فائدہ کی خاطر ان لوگوں کی بقا چاہتا ہوں کیونکہ جب یہ لوگ ایک گھڑی کے لیے بھی اپنے شہر سے کوچ کر جاتے ہیں تو شہر خالی ہو جاتا ہے

عِذَابٌ عَلَى الأَفْوَاهِ مَالَمْ يَذُقْهُمُ،
عَدُوٌّ و بَلاءٌ فَوَاهِ أَسْمَاءُهُمْ تَحْلُو

جب تک دشمن ان کی دشمنی کا مزہ نہیں چکھتا یہ ان کے منہ کے لیے میٹھے ہوتے ہیں (اور جب دشمنی مول لے لے تو یہ کڑوے

---

١ - بلوغ الارب میں من مصرع چھپا ہے اسے من مصرهم پڑھیں جیسا کہ حماسہ میں ہے۔

Marfat.com

ہوتے ہیں) مگر (دوسرے) لوگوں کے منہ کے لیے یہ لوگ (ہمیشہ) میٹھے (ہی) رہتے ہیں

عَلَيْهِمْ وَ قَارُ الْحِلْمِ حَتّٰى كَأَنَّمَا
وَ لِيْدُ هُمْ مِنْ أَجْلِ هَيْبَتِهِ كَهْلُ

ان میں حلم کا وقار (جلوہ گر) ہے یہاں تک کہ ان کا ایک بچہ بھی اپنی ہیبت اور دبدبے کی وجہ سے یوں معلوم ہوتا ہے جیسے ادھیڑ عمر کا انسان ہو

إِنِ اسْتُجْهِلُوْا لَمْ يَعْزُبِ الْحِلْمُ عَنْهُمْ
وَ إِنْ أَثَرُوْا أَنْ يَجْهَلُوْا عَظُمَ الْجَهْلُ

اگر انھیں اکھڑپنے پر اکسایا جائے (تو یہ جاہل نہیں بنتے) بلکہ ان کا حلم ان کے پاس ہی رہتا ہے اور اگر یہ اکھڑپنے پر اُتر آئیں پھر ان کا اکھڑپنا بہت بڑی آفت ہوتا

هُمُ الْجَبَلُ الْأَعْلٰى إِذَا مَا تَنَاكَرَتْ
مُلُوْكُ الرِّجَالِ أَوْ تَخَاطَرَتِ الْبُزُلُ

جب[1] لوگوں کے بادشاہ (شدت قحط کی وجہ سے) ان سے بیگانگی برتنے لگ جائیں یا جب کامل عقل والے اور تجربہ کار لوگ ایک دوسرے پر حملہ کرنے لگ جائیں تو یہ لوگوں کے لیے پناہ گاہ کا کام دیتے ہیں

---

۱ - اس شعر کی تشریح میں محمد بہجہ اثری نے تاج العروس سے صرف اس قدر نقل کیا ہے - قال فی التاج : یجوزان یکون من الخطر الذی ھوالوعید و یجوزان یکون من خَطَرالبَعِیْر بذنبہ اذا ضرب بہ - یہی بعینہ لسان العرب کی عبارت ہے جو اسی شعر کی تشریح میں دی گئی مگر وہاں من الخطر کی بجائے من الخطیر تحریر کیا ہے - پھر محمد بہجہ ، اعزاز علی ، ذوالفقار علی سب نے بُزُل کو بازل کی جمع بتلایا ہے حالانکہ بازل

(باقی حاشیہ صفحہ ۲۱۸ پر)

Marfat.com

اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْقَتْلَ غَالٍ اِذا رَضُوْا
وَ اِنْ غَضِبُوا فِی سَوْطِنٍ رَخُصَ الْقَتْلُ

کیا تو نے نہیں دیکھا کہ جب یہ لوگ کسی پر خوش ہوں تو ان کا قتل کرنا (قاتل کے لیے) مہنگا ہوتا ہے لیکن اگر کسی وقت یہ ناراض ہو جائیں تو قتل کرنا سستا ہو جاتا ہے

لَنَا فِیْهِمْ حِصْنٌ حَصِیْنٌ وَ مَعْقِلٌ
اِذَا حَرَّكَ النَّاسَ الْمَخَاوِفُ وَ الْاَزَلُّ

(صفحہ ۲۱۷ کا بقیہ حاشیہ)

کی جمع بُزَّلٌ آتی ہے - لسان العرب میں ہے جمل بَازِلٌ وَ بُزُوْلٌ - و جمع البازل بُزَّلٌ و جمع البَزُوْل بُزُلٌ - و الاُنثی بَازِلٌ و جمعها بَوَازِلُ وَ بُزُوْل و جمعها بُزُلٌ - و قد قالوا رَجُلٌ بازلٌ علی التشبیه بالبعیر و ربما یعنون به کماله فی عقله و تجربته بُزُلٌ دراصل بُزُلٌ تھا ضرورت شعری کے لیے اسے بُزُلٌ پڑھا گیا اور بُزُلٌ بزُول کی جمع ہے جس کے معنی وہی ہیں جو بازل کے اور تخاطر خطیر اور خَطَرَان سے ہے جس کے معنی ایک دوسرے پر حملہ کرنے اور وعید کے ہیں (التصاول و الوعید) - اعزاز علی نے اس شعر کے یوں معنی کیے ہیں : یقول : هم المعقل الرفیع و الملاذ المنیع اذا اشتد الزمان بحیث ینکر الملوك و ساداتهم بعضهم بعضًا اواشتدت الحرب بحیث یقع الاستباق و المسابقة بین الجِمال القَویة عند الهرب - ذوالفقار علی نے یوں ترجمہ کیا ہے : وہی لوگ کوہ بلند کے موافق لوگوں کی گریزگاہ و جائے پناہ ہیں - جب لوگوں کے سردار بسبب شدت قحط ان سے اوپرے اور انجان ہو جائیں یا جبکہ اشتران قوی ہیکل بھاگنے میں ایک دوسرے پر سبقت کرنا چاہیں یعنی بخوف شدائد جنگ بے اختیار بھاگنے لگیں -

Marfat.com

جب (دوسرے) لوگوں کو قحط سالی اور خوف حرکت میں لے آئے تو (ہمیں پروا نہیں ہوتی اس لیے کہ) یہ لوگ ہمارے لیے مضبوط قلعہ اور جائے پناہ ہوتے ہیں

لَعَمْرِی لَنِعْمَ ٱلْحَیُّ یَدْعُو صَرِیخَهُمْ[1]
إِذَا الشِّجَارُ وَ الْمَاکُولُ أَرْهَقَهُ الْأَکْلُ

اپنی جان کی قسم جب کسی پڑوسی اور کمزور شخص کو ظلم نے دبا رکھا ہو اور پھر کوئی فریادی انھیں پکارے تو اس وقت یہ قبیلہ بہت ہی اچھا قبیلہ ثابت ہوتا ہے

سُعَاةٌ عَلَی أَفْنَاءِ بَکْرِ بْنِ وَائِلٍ
وَ تَبْلُ أَقَاصِی قَوْمِهِمْ لَهُمُ تَبْلُ

یہ لوگ قبیلہ بکر بن وائل کے مختلف گروہوں کے کارساز ہیں اور ان کی قوم کے وہ لوگ جو ان سے دور رہتے ہیں ان کے کینے اور دشمنی کو یہ اپنا کینہ اور دشمنی سمجھتے ہیں

إِذَا طَلَبُوا ذَحْلًا فَلَا الذَّحْلُ فَائِتٌ
وَ إِنْ ظَلَمُوا أَکْفَاءَ هُمْ بَطَلَ الذَّحْلُ

جب یہ لوگ کسی قوم سے بدلے کا مطالبہ کرتے ہیں تو لے کر رہتے ہیں مگر اگر یہ اپنے ہمسروں پر ظلم کریں تو ان ہمسروں کا کینہ باطل ہو جاتا ہے (جب یہ کسی کو سزا دینا چاہیں تو اس پر قادر ہوتے ہیں مگر انھیں ان کی زیادتی پر کوئی سزا نہیں دے سکتے)

سَوَا عِیدُهُمْ فِعْلٌ إِذَا مَا تَکَلَّمُوا
بِتَلْکَ الَّتِی إِنْ سُمِّیَتْ وَ جَبَ الْفِعْلُ

---

۱ - یہاں صریخ کے معنی فریاد خواہ کے ہیں ۔ فریاد رس کے معنی یہاں مراد نہیں ہیں جیسا کہ اعزاز علی نے سمجھا ہے ۔

Marfat.com

ان کے وعدے فعلاً پورے ہوتے ہیں - جب وہ ایسا کلمہ بولتے ہیں جس کے نام لینے سے فعل واجب ہو جاتا ہے (یعنی جب یہ ہاں کر لیتے ہیں) تو اس صورت میں ان کے وعدے (صرف زبانی وعدے نہیں ہوتے بلکہ) فعل ہو جاتے ہیں

بُحُوْرٌ تُلَاقِيْهَا بُحُوْرٌ غَزِيْرَةٌ
إِذَا زَخَرَتْ قَيْسٌ وَ إِخْوَتُهَا ذُهْلُ

[۱۰۱] جب قبیلہ قیس اور ان کے بھائی بنی ذہل موجزن ہوتے ہیں تو ان کی مثال ان وسیع سمندروں کی سی ہوتی ہے جن کے ساتھ وسیع سمندر مل جائیں

ان کے ہاں ایک جملہ تھا جو غصے اور جھگڑے کے موقعوں پر بولا جاتا تھا - جب کوئی ایسا شخص جو دل کی بھڑاس نکالنے اور انتقام لینے کے درپے ہوتا اگر یہ جملہ سن لیتا تو انتقام لینے سے باز آ جاتا، جملہ یہ ہے : إِذَا مَلَكْتَ فَاسْجِحْ جب قُوَّة غضبیہ بھڑک اُٹھتی تو اس جملے کے کہنے کا مقصد معافی اور حلم کی درخواست کرنا ہوتا اور اگر عربوں کو دوسروں کے مقابلے میں اپنے آپ پر زیادہ قابو نہ ہوتا اور اپنی عقلوں کا ساتھ دینے پر زیادہ قادر نہ ہوتے تو وہ اس کلمہ کے سننے کے باوصف انتقام لینے سے باز رہ سکنے پر قادر نہ ہوتے، لہٰذا یہ لوگ شرافت کے جھگڑوں میں ہر حلیم الطبع انسان سے زیادہ حلیم اور مخاصمت میں ہر سلیم الطبع سے زیادہ صلح جُو ہیں اور جب انھیں کسی کی بد خوئی سے پالا پڑ جائے تو (جب بھی) ان میں کوئی انوکھی بات نہیں پائی جاتی اور نہ ہی کسی کی جلد بازی کی وجہ سے پیماں شکنی ان کا دستور ہے حالانکہ ان کے سوا ہر حلیم الطبع انسان لغزش کھا جاتا ہے اور ان کے سوا ہر صاحب وقار انسان پھسل جاتا ہے - یہ لوگ دکھ اور محتاجی کو صبر سے برداشت کرتے ہیں اور بدحالی اور تنگ دستی کا تحمل کرتے ہیں - جو جنگیں، اختلافات، خصومتیں اور جھگڑے ان میں واقع ہوئے وہ سب خود اپنی شرافت کو بچانے اور اپنی عزت اور مرتبے کی مدافعت

Marfat.com

میں واقع ہوئے ہیں ، مقصود یہ تھا کہ یہ لوگ اپنی بزرگی کو ذلت سے بچائے رکھیں۔ تاہم یہ اس بات کا بھی خیال رکھتے تھے کہ ان کے بلند حسب کو حقیر نہ سمجھ لیا جائے۔ ظاہر ہے کہ جب حلم برمحل نہ ہو تو ذلت کا باعث بن جاتا ہے۔ یہ بھی واضح ہے کہ ناقابل ستائش بات پر صبر کر لینا غلطی ہے۔

اللہ کے پیغمبروں (اللہ کی ان پر صلٰوۃ اور سلام ہو) ہی کو لیجیے حالانکہ وہ ہر قابل ستائش صنعت کی رو سے کامل ترین مخلوق تھے اور ایسا شیرین ترین گھاٹ تھے جہاں لوگ آ کر سیراب ہوتے تھے مگر وہ بھی دشمنوں کے خلاف جہاد کرنے کے لیے اُٹھ کھڑے ہوتے رہے۔ انھوں نے بھی ان لوگوں سے جنگ کی ، جو راہ حق سے ہٹ گئے تھے تاآنکہ محتاجوں نے ان کی بدولت زادِ راہ حاصل کر لیا۔ کمزور طاقتور ہو گئے۔ وہ دشمنوں کو تہ تیغ کر کے فاتح بنے اور اپنے رعب و دبدبے کی بدولت ان (کے شر) سے بچتے رہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک[1] دن کے اندر بنی قریظہ کے سات سو آدمیوں کو قید رکھ کر ان کی گردنیں اُڑا دیں۔ گویا آپ نے ان سے ایک ایسے ہی شخص کی طرح انتقام لیا جسے ان پر کسی قسم کا رحم نہ آیا ہو اور نہ ہی ان کے لیے اس کا دل نرم ہؤا ہو۔ آپ نے یہ کام محض اللہ کے حقوق کی خاطر کیا۔ بنو قریظہ نے خود ہی سعد بن معاذ[2] کو ثالث بنانے پر رضامندی ظاہر کی تھی اور یہ فیصلہ سعد ہی نے دیا تھا کہ جو[3] بالغ ہو چکا ہے اسے قتل کر دیا جائے ، نابالغوں کو غلام بنا لیا جائے (سعد کا یہ فیصلہ سن کر) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا :

---

۱ - اصل کتاب میں فی یوم احد چھپا ہے۔ اسے فی یوم واحِد پڑھیں۔

۲ - سعد بن معاذ مشہور صحابی ہیں۔ انھوں نے ۵ھ میں وفات پائی۔

۳ - اصل عبارت : مَنْ جَرَتْ علیہ المُوسٰی ہے۔ لفظی ترجمہ "جس پر اُسترا چل چکا ہو"۔

Marfat.com

هٰذا حُكْمُ اللهِ فَوْقَ سَبْعَةِ اَرْقِعَةٍ[1]

اللہ تعالٰی نے سات آسمانوں کے اُوپر یہی فیصلہ کر رکھا تھا

چنانچہ آپ کے لیے کسی ایسے حق کا معاف کر دینا جو اُن پر اللہ کی طرف سے واجب ہو چکا ہو جائز نہ تھا آپ کی معافی کا تعلق خاص آپ کے ذاتی حق کے ساتھ تھا

[۱۰۲] روایت کی جاتی ہے کہ قیس[2] بن عاصم المنقری ، اور وہ ان عربوں میں سے ہے جن کے حلم کی مثال دی جاتی ہے - پنڈلیوں اور کمر کے گرد پٹکا ڈالے بیٹھا اپنے ساتھیوں کے ساتھ باتیں کر رہا تھا کہ اس کے مقتول بیٹے اور اس کے ایک چچا زاد بھائی کو جسے رسیوں میں جکڑا ہؤا تھا لایا گیا اور لوگوں نے کہا ، ''اس نے تمھارے اس بیٹے کو قتل کیا ہے'' مگر اس نے نہ تو بات کو بند کیا اور نہ چوکڑی کو کھولا یہاں تک کہ جب اپنی بات سے فارغ ہو گیا تو لوگوں کی طرف متوجہ ہوا اور کہا ، ''میرا فلاں بیٹا کہاں ہے''؟ وہ آیا تو اس نے کہا ، ''بیٹا ! اُٹھو ، اس چچا زاد کو آزاد کر دو ، اپنے بھائی کو دفن کر دو اور مقتول کی ماں کے پاس جاؤ اور اسے ایک سو اُونٹنی دے دو اس لیے کہ وہ یہاں پردیسی ہے تاکہ اس کا غم غلط ہو جائے'' اس کے بعد اس نے اپنے بائیں پہلو پر ٹیک لگا کر یہ شعر کہے :

---

۱ - ارقعہ جمع ہے رَقیع کی بمعنی آسمان - حدیث کے اصل الفاظ یوں ہیں :

لَقَدْ حَكَمْتَ بِحُكْمِ اللهِ مِنْ فَوْقِ سَبْعَةِ اَرْقِعَةٍ

۲ - قیس بن عاصم بن سنان بن خالد بن مِنْقَر - ابوعلی کنیت - یہ اسلامی اور جاہلی عہد کا شاعر اور شہسوار تھا اور اس کا شمار حُلماء عرب میں ہوتا ہے اور حلم میں ضرب المثل ہے چنانچہ کہتے ہیں احلم من قیس بن عاصم - فتح مکہ کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آ کر اسلام لایا اور احادیث کی روایت کی (شرح امالی : ۴۸۷—۴۸۸) -

Marfat.com

إنِيّ امْرُؤٌ لاَ يَعْتَرِيْ خُلُقِيْ
دَ نَسٌ يُفَنِّدُهُ، وَ لاَ آفُنُ

میں تو وہ شخص ہوں جس کے اخلاق کو نہ کوئی میل کچیل لاحق ہوتا ہے اور نہ ضعف عقل جس کی وجہ سے مجھے بیوقوف کہا جا سکے

مِنْ مِنْقَرٍ فِيْ بَيْتِ مَكْرُمَةٍ
وَ الغُصْنُ يَنْبُتُ حَوْلَهُ الْغُصْنُ

میں بنی منقر کے بزرگی کے گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں ۔ ایک ٹہنی کے گرد دوسری ٹہنیاں اُگ ہی آتی ہیں

خُطَبَاءُ حِيْنَ يَقُول قَائِلُهُمْ
بِيْضُ الوُجُوهِ مَصَاقِعٌ لُسْنُ

جب ان میں سے کوئی کہنے والا کوئی بات کہتا ہے تو یہ خطیب ہوتے ہیں ، یہ شرفاء ہیں ، فصیح و بلیغ ہیں (فصاحت میں کوئی کسی سے کم نہیں)

لاَ يَقِطُنُوْنَ لِعَيْبِ جَارِهِمْ
وَ هُمْ لِحِفْظِ جِوَارِهِ فُطُنُ

وہ اپنے پڑوسی کے عیوب کو نہیں جانتے مگر اس پڑوسی کے حق کی حفاظت کرنے کے معاملے کو خوب سمجھتے ہیں

احنف[1] حلیم الطبع انسان تھا اور اپنے حلم کی وجہ سے مشہور تھا ۔ اس کے حلم کی ایک کہانی یہ ہے کہ ایک شخص نے اسے قدرے قریب جا کے دیکھا ، وہ ایک ہنڈیا کی طرف متوجہ تھا جو پک رہی تھی ۔ اس آدمی نے کہا ،

---

۱ - احنف : احنف بن قیس التمیمی ان کا شمار سادات التابعین میں ہوتا ہے اور حلم میں ضرب المثل ہیں ۶۷ھ میں وفات پائی ۔ ابو تمام کہتا ہے :

فِيْ حِلْمِ أَحْنَفَ فِيْ ذَكَاءِ إِيَاسِ

Marfat.com

" بندر کی ہتھیلی جتنی تو ہنڈیا ہے نہ اسے مستعار لینے والے کو عاریتہً دیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اسے جو اس کے پاس آئے چکناہٹ لگ سکتی ہے " ۔ کسی نے احنف کو یہ بات بتلا دی تو احنف بولا ، " اگر وہ چاہتا تو اس سے بہتر بھی کہہ سکتا تھا " اور کہا ، " میں نہیں چاہتا کہ اس ذلت کے بدلے میں جو میرے حصے میں آئی ہے مجھے سرخ اُونٹ مل جائیں " اس پر دوسروں نے کہا ، " تو عربوں میں سب سے زیادہ ذی عزت انسان ہے ۔ " یہ سن کر احنف نے جواب دیا ، " لوگ حلم کو ذلت سمجھتے ہیں " ۔

احنف کہا کرتا تھا : میں بہت سے غصوں کے گھونٹ پی گیا ہوں اس ڈر سے کہ کہیں کسی اس سے بھی زیادہ سخت کیفیت میں مبتلا نہ ہو جاؤں ۔

یہ اقوال بھی اسی کے ہیں :

كثرة المُزَاح تُذهب بالهيبة

کثرت مزاح سے انسان اپنی ہیبت کھو بیٹھتا ہے

مَنْ اَكْثَرَ مِنْ شَئِی عُرِفَ بِهٖ

انسان جس چیز کو کثرت سے کرتا ہے اسی کی نسبت سے مشہور ہو جاتا ہے

السُّودَدُ كَرَمُ الاَخْلَاقِ وحُسْنُ الفِعْلِ

کریمانہ اخلاق اور حُسن عمل کا نام سرداری ہے

ایک شخص نے اس سے کہا : اے ابو بحر[1] ! مجھے کوئی ایسی قابل تعریف بات بتاؤ جس میں کوئی عیب نہ پایا جاتا ہو تو اس نے جواب دیا :

الخُلُقُ السجيع و الكَفُّ عَنِ ابقَبِيْح

---

۱ - ابو بحر احنف کی کنیت ہے ۔

Marfat.com

(نرم خوئی اختیار کرنا اور بری بات سے مجتنب رہنا) اور جان لے کہ بدترین بیماری فحش گو زبان اور برے اخلاق ہیں

ایک شخص نے مصعب[1] سے کسی شخص کے متعلق کوئی بات کہی، پھر جب وہ شخص معذرت چاہنے کے لیے آیا تو مصعب نے اس سے کہا، "جس شخص نے یہ بات مجھے بتائی ہے وہ معتبر آدمی ہے"۔ (یہ سن کر) احنف بولا اے امیر[2] رہنے دیں۔ معتبر آدمی کسی کی چغلی نہیں کھاتا۔

[۱۰۳] احنف بن قیس عربوں کے فصیح ترین خطیبوں میں سے تھا۔ اس کا ایک خطبہ وہ ہے جس کی روایت ابن دُرَید نے اپنی سند سے جو بنی تمیم کے ایک آدمی پر ختم ہوتی ہے کی ہے۔ وہ شخص کہتا ہے کہ میں احنف بن قیس کی مجلس میں گیا اس کے پاس لوگ کسی کام کے لیے جمع تھے۔ احنف نے اللہ کی حمد اور تعریف بیان کرنے کے بعد کہا، "جرم کو روکنے کا نام کرم ہے۔ سزا سرکش لوگوں کے بہت ہی قریب ہے۔ اُس لذت میں کوئی بھلائی نہیں جس کے بعد انسان کو نادم ہونا پڑے۔ جس شخص نے اعتدال کو اختیار کیا وہ ہلاک نہیں ہؤا اور جس نے زہد اختیار کیا وہ فقیر نہیں ہؤا۔ بعض اوقات ہنسی سنجیدگی میں بدل جاتی ہے جو شخص زمانے کو امین سمجھتا ہے زمانہ اس سے خیانت کرتا ہے اور جو زمانے پر اپنی بڑائی ظاہر کرتا ہے زمانہ اسے ذلیل کر دیتا ہے۔ مزاح کرنا چھوڑ دو کیونکہ اس سے کینے پیدا ہو جاتے ہیں۔ بہترین قول وہ ہے جس کی تصدیق عمل سے ہوتی ہو۔ جو (بربنائے تعلق خاطر) تمہیں ناز دکھائے اس کی نازبرداری کرو اور

۱۔ مصعب سے مراد مصعب بن زبیر سے ہے۔ یہ عبد اللہ بن زبیر کے بھائی ہیں ۷۲ھ میں دیر جاثلیق کی جنگ میں مارے گئے

۲۔ کتاب کے اصل الفاظ: حِلاّ ایھا الامیر ہیں: جب کوئی شخص کسی کو خوب دھمکی دے رہا ہو یا حد سے زیادہ فخر کر رہا ہو یا بڑھ بڑھ کر باتیں کر رہا ہو تو اسے کہتے ہیں حِلاّ اَبَافِلَانٍ

Marfat.com

جو عذر پیش کرے اس کا عذر قبول کر لو ۔ اپنے بھائی کی اطاعت کرو خواہ وہ تمہاری نافرمانی ہی کیوں نہ کرے اور اس سے تعلق قائم رکھو خواہ وہ تم سے جفا ہی کیوں نہ کرے ، اپنی ذات کے ساتھ انصاف کرو قبل اس کے کہ تم سے انتقام لیا جائے ۔ عورتوں سے مشورہ کرنے سے بچو ، یاد رکھو کہ کسی کی عنایات کی ناشکر گزاری کرنا کمینہ پن ہے ، جاہل کی صحبت نحوست ہے ۔ اپنے عہد و پیمان کو پورا کرنا شرافت ہے ۔ میل ملاپ کے بعد قطع تعلق کر لینا کس قدر برا ہے اور مہربانی کے بعد بدخلقی اور دوستی کے بعد عداوت کس قدر بری بات ہے ۔ تجھے کسی سے نیکی کرنے کے مقابلے میں کسی سے برائی کرنے پر زیادہ قادر نہیں ہونا چاہیے اور نہ ہی سخاوت کرنے کے مقابلہ میں بخل کرنے کی طرف زیادہ تیز رفتار ہونا چاہیے ۔ یاد رکھو اس دنیا میں تمہاری چیز وہی ہے جس سے تم نے آخرت کے ٹھکانے کی اصلاح کر لی ۔ لہٰذا لوگوں کے حقوق (کی ادائی) میں مال خرچ کرو اور دوسروں کے لیے (وارثوں کے لیے) جمع کرنے والے نہ بنو ۔ جب لوگوں (کی فطرت) میں بے وفائی موجود ہے تو ہر شخص پر اعتماد کر لینا اپنی کمزوری ہے ۔ جو شخص تمہارے حق کو پہچانے تم اس کے حق کو پہچانو ۔ یاد رکھو ! جاہل سے قطع تعلق کرنا عاقل پر احسان کرنے کے برابر ہے " ۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے اس سے زیادہ فصیح و بلیغ کلام نہیں دیکھا ۔ جب میں اُٹھا تو یہ تمام خطبہ مجھے یاد تھا ۔

عربوں کے حلیم انسانوں کے واقعات اور ان کی نادر باتیں جو صحیح طریقوں سے ان کے متعلق روایت کی جاتی ہیں بہت زیادہ ہیں ۔ اور وہ تاریخ ادب کی کتابوں میں مندرج ہیں ۔

عربوں کا دوسروں کے مقابلے میں زیادہ دلیر ہونے کا معاملہ

یہ اس لیے ہے کہ دلیری ایک فطری صفت ، طبعی خصلت ہے اور نفس کی معنوی قوت ہے جسے انسان اس کے نشانات اور غایات ہی

Marfat.com

سے سمجھ سکتا ہے اور جس کا علم شجاعت کے مقتضیات اور علامات کے بغیر ممکن نہیں ، وہ مقتضیات و علامات یہ ہیں ۔ جہاں لوگ پیچھے ہٹیں آگے بڑھا جائے، نہ زندگی کی پروا کی جائے نہ موت کی ، یہ نشانات جس قدر عظیم ہوں گے ان کا مبدا اسی قدر قوی تر اور کامل تر ہوگا ۔

عربوں کے نیزے تو ہمیشہ ایک دوسرے سے اُلجھتے رہے ، ان کی عمریں جنگوں میں فنا ہوتی رہیں اور تلواریں ایک دوسری سے ٹکراتی رہیں ان کے بہادر میدان وغا میں مبتلائے کشاکش رہے ۔ [۱۰۴] انھوں نے زندگی اور دل پسند لذتوں سے ہاتھ اُٹھائے رکھے اور اپنی عزت کو مضبوط کرنے کے لیے اپنی خواہشات کے سائے میں آرام کرنے سے اعراض کیا ۔ وہ اسی طرح ہیں جس طرح کسی شاعر نے ان کے بارے میں کہا ہے :

قَوْمٌ إِذَا نَزَلَ الغَرِيْبُ بِدَارِهِم
تَرَكُوهُ رَبَّ صَوَاهِلٍ و قِيَانِ

یہ وہ لوگ ہیں کہ جب کوئی پردیسی ان کے یہاں آ کر اُترتا ہے تو یہ اسے گھوڑوں اور لونڈیوں کا مالک بنا دیتے ہیں

وَ إِذَا دَعَوتَهُم لِيَوْمٍ كَرِيْهَةٍ
سَدُّوا شُعَاعَ الشَمْسِ بِالفُرسَانِ

جب تُو اُنھیں کسی یوم جنگ کی دعوت دے تو یہ سورج کی شعاعوں کو گھوڑ سواروں سے روک دیتے ہیں (شعاؤں کو زمین تک پہنچنے نہیں دیں گے)

لَا يَنكُتُونَ الأَرْضَ عِنْدَ سُؤَالِهِم
لِتَطَلُّبَ العِلَّاتِ بِالعِيْدَانِ

جب کوئی ان سے کچھ مانگتا ہے تو یہ بہانے ڈھونڈنے کے لیے لکڑیوں سے زمین کو نہیں کریدنے لگ پڑتے

---

۱ - یہاں ترکوہ کے معنی صَیَّرُوْہُ کے ہیں ۔

Marfat.com

بَلْ يسفرُونَ وُجُوهَهُمْ فَتَرى لَهَا
عِنْدَ السُّؤال كَأَحْسَنِ الألْوَانِ

بلکہ یہ اپنے چہرے روشن کر لیتے ہیں چنانچہ تو سوال کرتے وقت انھیں بہترین رنگ میں دیکھے گا ۔

وہ حتمی موت کے مدح خواں تھے اور بستر پر پڑ کے مرنے کی ہجو کیا کرتے تھے ۔ کہتے تھے مَات فلان' حتف آنْفِهِ (فلاں اپنی ناک کی موت (طبعی موت) مرا) ۔ کسی عرب کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ اسے اپنے بھائی کے مرنے کی خبر ملی تو اس نے کہا اگر وہ قتل ہؤا ہے تو پھر کوئی بات نہیں ۔ اس کا باپ بھائی اور چچا بھی تو قتل ہوئے تھے ۔ اللہ کی قسم ہم (طبعی) موت سے نہیں مرا کرتے بلکہ نیزوں کی نوکوں کے باعث پرزے پرزے ہو کر مرتے ہیں اور تلواروں کے سائے تلے جان دیتے ہیں ۔

[1]سموأل کہتا ہے :

وَمَا مَاتَ مِنَّا سَيِّدٌ حَتْفَ أَنْفِهِ
وَلَا طُلَّ مِنَّا حَيْثُ كَانَ قَتِيلُ

ہمارا کوئی سردار بھی طبعی موت نہیں مرا ، اور ہمارا کوئی مقتول ایسا نہیں جس کے خون کا بدلہ نہ لیا گیا ہو خواہ وہ جہاں بھی قتل ہؤا

---

۱ - سموأل بن غریض بن عادیاء الیہودی ۔ کاہن بن ہارون بن عمران کی اولاد میں سے تھا ۔ بنو قُریظہ اور بنو نَضیر دونوں کو کاہنان کہا جاتا ہے کیونکہ یہ اپنے دادا کاہن بن ہارون بن عمران کی طرف منسوب ہیں ۔ سموأل کی والدہ غسانی تھی ۔ تیماء کا مشہور قلعہ اسی سموأل کا تھا ۔ یہ وفاداری میں ضرب المثل ہے ۔ سموأل کا خاندان تمام کا تمام شعرا کا خاندان تھا ۔ یہ خود شاعر اس کا باپ شاعر اور اس کا بھائی سَعْیَہ بن غریض قدیم اور عمدہ شاعر تھا ۔ (شرح امالی : ۵۹۵—۵۹۶) ۔

Marfat.com

تَسِيْلُ عَلَى حَدِّ الظُّبَاتِ نُفُوسُنَا
وَ لَيْسَتْ عَلى غير السُّيوفِ تَسِيْلُ

ہمارے خون تلواروں کی دھاروں پر بہتے ہیں اور کہیں نہیں بہتے
ایک اور شاعر کہتا ہے :

وَ إِنَّا لَتَسْتَحِلِي المَنَايَا نُفُوسُنَا
و نَتْرُكُ أخرى مُرَّها فَنَذُوقُهَا

ہمارے نفس موتوں کو میٹھا خیال کرتے ہیں اور دوسری چیزوں کو کڑوی سمجھ کر چھوڑ دیتے ہیں لہٰذا انھیں نہیں چکھتے
اور شَنْفَرٰی[۲] کہتا ہے :

---

۱ - یہ شعر جس طرح بلوغ الارب میں دیا گیا ہے اس طرح پڑھنے سے معنی کچھ سمجھ میں نہیں آتے - بالآخر العقد الفرید (۱ : ۱۱۸) کی طرف رجوع کیا تو معلوم ہؤا کہ الوسی نے شعر غلط دیا ہے اور شعر کو سمجھنے کے بغیر ہی نقل کر دیا ہے درست یوں ہے :

وَ إِنَّا لَتَسْتَحِلِي المَنَايَا نُفُوسُنَا
وَ نَتْرُكُ أُخرى مُرَّةً مَا نَذُوقُهَا

چنانچہ اِسی کے مطابق ترجمہ کیا گیا ہے -

۲ - شَنْفَرٰی ازد کی شاخ بنی الحجر بن الهُنْء میں سے - جاہلی زمانے کا شاعر اور بہادر لٹیرا ہے - تأبط شراً اس کا ساتھی تھا - بچپن ہی میں قید کر لیا گیا - بنو سلامان کی قید میں رہا اور انھی میں پرورش پائی - بڑا ہؤا تو اسے پتا چلا کہ وہ دراصل بنو ازد میں سے ہے - اس پر اس نے قسم کھائی کہ وہ بنو سلامان کے ایک سو آدمیوں کو قتل کرے گا چنانچہ اس نے ننانوے آدمی قتل کر ڈالے اور خود لڑتا ہؤا مارا گیا - دشمن کے قبیلے میں سے ایک آدمی نے اس کی کھوپری کو پاؤں سے ٹھوکر لگائی اور کھوپری کا ایک ٹکڑا اس کے پاؤں میں گھس گیا جو مہلک ثابت ہؤا - اس طرح اس کی قسم پوری ہوگئی -

Marfat.com

۱لاَ تَدْ فِنُونِی إِنَّ دَفِنِی مُحَرَّمٌ
عَلَیکُم وَلٰکِن خَامِرِی أُمَّ عَامِرٍ

تم مجھے میرے قتل کے بعد دفن نہ کرنا تم پر میرا دفن کرنا حرام ہے لیکن مجھے بِجُّو کے آگے ڈال دینا (تاکہ وہ مجھے کھا جائے)

إِذَا حُمِلَتْ رَأسِی وَفِی الرَأسِ أَکثَرِی
وَغُودِرَ عِندَ المُلتَقَی ثَمَّ سَائِرِی

جب میرے سر کو اُٹھا کر لے جایا جا چکا ہو اور ظاہر ہے کہ میرے سر ہی میں میرا بیشتر حصہ ہے اور باقی ماندہ حصے کو میدان جنگ میں چھوڑ دیا گیا ہو

هنا'لِک لا أَبغِی حَیَاةً تَسُرُّنِی
سَجِیسَ اللَّیَالِی مُبسَلاً بِالجَرَائِرِ

---

۱ - اس شعر کی مختلف روایات ہیں - حماسہ میں یہ شعر یوں دیا ہے :

لا تقبرونی ان قبری محرم
علیکم ولکن ابشری ام عامر

امالی (۳۷ : ۳۶ طبع دار الکتب) میں یوں دیا ہے :

لا تقتلونی ان قتلی محرم
علیکم ولکن ابشری ام عامر

العقد الفرید (۱ : ۱۱۹) پر اس کی تشریح یوں دی ہے :
قولہ : خامری ام عامر - ھی الضبع یعنی بقولہ : اذا قتلتونی فلاتدفنونی و لکن ألقُونی الی التی یقال لھا : خامری ام عامر و ھی الضبع - و ھذا اللفظ بعید من المعنی - ابن عبدربہ کا مقصد یہ ہے کہ شعر کے الفاظ مفہوم کو پورا ادا نہیں کرتے -

Marfat.com

اس وقت واضح ہو جائے گا کہ میں کیوں خوش کن زندگی کا ہرگز مطالبہ نہیں کرتا اور کیوں لگاتار راتوں کو ارتکاب جُرم کیے جا رہا ہوں

حضرت حسان بن ثابتؓ کہتے ہیں :

وَ لَسْنَا عَلَى الْاَعْقَابِ تَدْمٰى كُلُومُنَا
وَ لٰكِنْ عَلٰى اَقْدَامِنَا[1] تَقْطُرُ الدِّمَا

ہم وہ نہیں کہ ہمارے زخموں کے خون ہماری ایڑیوں پر گریں بلکہ یہ ہمارے قدموں پر گرتے ہیں

اور علوی کہتا ہے :

مُحَرَّمَةٌ اَكْفَالُ خَيْلِيْ عَلَى الْقَنَا
وَ دَامِيَةٌ لَبَّاتُهَا وَ نُحُوْرُهَا

میرے گھوڑوں کے چوتڑ نیزوں پر حرام ہیں اس لیے کہ ان کے سینے اور چھاتیاں خون آلودہ ہوتی ہیں

حَرَامٌ عَلٰى اَرْمَا حِنَا طَعْنُ مُدْبِرٍ
وَ تَنْدَقُّ مِنْهَا فِي الصُّدُوْرِ صُدُوْرُهَا

جو شخص پیٹھ دکھا دے اسے نیزہ مارنا ہم پر حرام ہے ہمارے نیزوں کے اگلے حصے دشمنوں کے سینوں میں ٹوٹتے ہیں

---

۱ - کتاب میں دوسرا مصراع یوں چھپا ہے :
و لکن علی اعقا بنا تقطر الدما
اسے و لکن علی اقدامنا تقطر الدما پڑھیں ملاحظہ ہو العقد الفرید (۱ : ۱۱۷) - مطلب یہ ہے کہ ہم میدان جنگ سے بھاگتے نہیں ہیں کہ پشت پر زخم کھائیں بلکہ ڈٹ کر مقابلہ کرتے ہیں اور سامنے کی طرف زخم کھاتے ہیں مزید برآں یہ شعر حسان کا نہیں ان کے دیوان میں نہیں پایا جاتا - یہ شعر حصین بن حُمام المری کا ہے ملاحظہ ہو حماسہ طبع سنگ، دیوبند : ۳۳ -

Marfat.com

[۱] ایک اور شاعر کہتا ہے :

وَ سَائِلَةٍ بِالثَّغَيْبِ عَنِّي وَ لَوْدَرَتْ
سُقَارَ عَتِي الْأَ بْطَالَ طَالَ نِحِيبُهَا

ایک عورت میری غیر حاضری میں میری بابت لوگوں سے پوچھتی ہے - اگر اسے بہادروں کے ساتھ میرے جنگ کرنے کے (انداز) کا پتا چل جائے تو مدت تک روتی رہے

إِذَا مَا الْتَقَيْنَا كُنْتُ أَوَّلَ فَارِسٍ
يَجُودُ بِنَفْسٍ أَثْقَلَتْهَا ذُنُوبُهَا

جب ہم لوگ دشمن سے دو چار ہوتے ہیں تو میں پہلا سوار ہوتا ہوں جو اپنے اس نفس کی سخاوت کر دیتا ہے جسے گناہوں نے بوجھل کر رکھا ہے

[۲] حُصین بن الحُمام المری کہتا ہے :

تَأَخَّرْتُ أَسْتَبْقِي الْحَيَاةَ فَلَمْ أَجِدْ
لِنَفْسِي حَيَاةً مِثْلَ أَنْ أَتَقَدَّمَا

---

۱ - ابن عبدربہ لکھتے ہیں (العقد الفرید : ۱ : ۱۲۱) کسی نے سہلب بن ابی صفرہ سے پوچھا کہ تو نے ان جنگوں میں جو تمھاری ازارقہ کے ساتھ ہوئیں کونسی عجیب ترین بات دیکھی - سہلب نے کہا : ہر روز ازارقہ کی طرف سے ایک نوجوان نکل کر ہماری طرف آتا اور یہ دو شعر پڑھتا پھر حملہ کرتا - جو کوئی بھی اس کے مقابلے کے لیے کھڑا ہوتا وہ اسے بٹھا دیتا - ہر روز اس کا یہی طریقہ تھا -

۲ - حُصَیْن بن الحمام المری - یہ جاہلی شاعر اور بہادر شہسوار ہو گزرا ہے - ابو عبیدہ کا خیال ہے کہ اس نے اسلام کا زمانہ پایا - اسے مانع الضیم کہا جاتا تھا - اس کا پوتا عبدالملک بن مروان کے پاس آیا اور کہا میں مانع الضیم کا بیٹا ہوں - عبدالملک سمجھ گیا کہ وہ حصین کا بیٹا ہے (شرح الامالی : ۲۲۶) -

Marfat.com

میں اپنی زندگی کو باقی رکھنے کے لیے پیچھے ہٹا مگر (حق یہ ہے کہ) میں نے اپنے نفس کی زندگی کے لیے پیشقدمی جیسی اور کوئی شے نہیں پائی

عمرو بن الاطنابہ الانصاری کہتا ہے :

اَبَتْ لِیْ شِیْمَتِیْ وَ اَبٰی بَلَائِیْ
وَ اَخْذِی الْحَمْدَ بِالثَّمَنِ الرَّبِیْحِ،

میرے اخلاق ، جنگ کی آزمائش اور سود مند قیمت ادا کر کے تعریف حاصل کرنے اور

وَ اِقْدَامِیْ عَلَی الْمَکْرُوْہِ نَفْسِیْ
وَ ضَرْبِیْ ہَامَۃَ الْبَطَلِ الْمُشِیْحِ،

[۱۰۶] جنگ کی طرف قدم بڑھانے اور ایک بہادر اور مستعد جنگجو کی کھوپڑی اڑانے نے

وَ قَوْلِیْ کُلَّمَا جَشَأَتْ وَ جَاشَتْ
مَکَانَکِ تُحْمَدِی اَوْ تَسْتَرِیْحِیْ

اور جب مارے غم کے کلیجہ منہ کو آنے لگے اور اس وقت نفس کے یہ بات کہنے نے کہ اپنی جگہ سے نہ ہٹنا (کیونکہ تو نے اگر مار ڈالا تو) تمھاری تعریف کی جائے گی اور (اگر مر گیا تو) آرام پا جائے گا

ان سب امور نے میرے لیے بزدلی کو گوارا کرنے سے انکار کر دیا

لِاَدْفَعَ عَنْ مَاثِرَ صَالِحَاتٍ
وَ اُحْمٰی[1] بَعْدُ عَنْ عِرْضٍ صَحِیْحِ،

---

۱ - بلوغ الارب میں اَحْمَیَا ہی دیا ہے مگر اس سے مفہوم واضح نہیں ہوتا ۔ العقد الفرید (۱ : ۱۲۲) میں "احیا" کی بجائے اَحْمِیْ دیا ہے اور میرے نزدیک وہی بہتر ہے ۔ اس صورت میں دوسرے مصراع کے معنی یوں ہوں گے : اور تاکہ میں اپنی صحیح و سالم عزت کو بچا سکوں ۔

Marfat.com

یہ سب کچھ اس لیے ہے کہ میں اچھے کارناموں کی پاسبانی (کا حق ادا) کر سکوں اور اس کے بعد صحیح و سالم عزت کے ساتھ زندگی گزاروں (وہ عزت جسے عیب نہ لگا ہو)

اسی[1] قسم کے اشعار قطری بن الفُجَاءۃ کے ہیں :

وَ قَولِی[2] کُلَّمَا حَبَشَأت لِنَفسِی
سِنَ الاَبطَالِ وَ یحَکِ لاَ تُرَاعِی

جب غم سے کلیجہ منہ کو آتا ہے تو اپنی جان سے کہتا ہوں اے جان بہادروں سے نہ ڈر

فَاِنَّکِ لَوسَأَلتِ حَیَاۃَ[3] یَومٍ
سِوَی الاَجَلِ الذی لَکِ لم تُطَاعِی

کیونکہ اس مدّت حیات کے علاوہ جو تیرے لیے مقرر ہے اگر تُو ایک دن بھی اور زندہ رہنے کی درخواست کرے گا تو تیری یہ درخواست مانی نہ جائے گی

---

۱ - بلکہ قطری نے ابن الاطنابہ ہی سے تخیل لیا ہے قطری قطر کی طرف نسبت ہے جو بحرین کا ایک شہر ہے - یہ خارجیوں کا سردار اور بہادر تھا - خارجی اسے امیر المؤمنین کہہ کر پکارا کرتے تھے - خوارج کی کسی ایک جنگ میں مارا گیا -

۲ - بلوغ الارب میں پہلا مصراع اسی طرح دیا ہے مگر شرح امالی (صفحہ ۵۷۵) اور حماسہ میں یوں دیا ہے :

اقول لَہا وَ قَدَ طارت شُعَاعًا

۳ - حماسہ اور شرح امالی میں یہ شعر یوں دیا ہے :

فانک لوسالت بقاء یوم
عَلَی الاَجَلِ الَّذِی لَکِ لَم تُطَاعِی

Marfat.com

اور عنترہ[1] کہتا ہے اور (حق یہ ہے کہ) یہ وہ اشعار ہیں جو بزدل کو بھی بہادر بنا دیں :

بَکَرَتْ تُخَوِّفُنِی الحُتُوفَ کَأَنَّنِی
أَصْبَحْتُ عَنْ غَرَضِ الحُتُوفِ بِمَعْزِلِ

(میری بیوی) علی الصباح اُٹھ کر مجھے موتوں سے ڈرانے لگی (اس کے الفاظ سے ایسا معلوم ہوتا تھا گویا) میں موتوں کے نشانے سے ایک طرف ہو گیا ہوں

فَأَجَبْتُهَا إِنَّ المَنِيَّةَ مَنْهَلٌ
لَابُدَّ أَنْ أُسْقَى بِكَأْسِ المَنْهَلِ

[۱۰۷] میں نے اسے جواب دیا کہ موت ایک گھاٹ ہے (جہاں ہر کسی کو وارد ہونا ہے) لہٰذا ضروری ہے کہ مجھے اس گھاٹ کا پیالہ پلایا جائے

فَاقْنَیْ حَیَاءَكِ لَا أَبَا لَكِ وَاعْلَمِی
أَنِّی امْرُؤٌ سَأَمُوتُ إِنْ لَمْ أُقْتَلِ

تیرا باپ مرے ، حیا کرتی رہ اور جان لے کہ آخر میں ایک انسان (ہی تو) ہوں اگر قتل نہ ہوں گا تو عنقریب (ویسے بھی) مر جاؤں گا ۔

جنگوں میں بہادری دکھانا اور دشمن کے مقابلے میں مردانہ وار ڈٹے رہنا عربوں کے ساتھ مخصوص ہے ۔ قوموں کی تاریخ اس امر پر شاہد ہے ۔ عرب و عجم کی زبانیں اس کی معترف ہیں ، عربوں کے ایام جنگ اور گزشتہ زمانے میں ان کی سیرت کے متعلق جو کتابیں لکھی جا چکی ہیں ان کی طرف جو شخص رجوع کرے گا اُس پر واضح ہو جائے گا کہ

---

۱ - عنترہ بن شداد عبسی جاہلیت کا مشہور معلقہ گو اور بہادر ہے اسے عنترۃ الفوارس کہا جاتا ہے ۔ داستان امیر حمزہ کی طرح اس کے بھی افسانے مشہور ہیں ۔ ۲۲ قبل از ہجرت میں مرا ۔

Marfat.com

عرب جب بھی خوف ناک وقت میں جنگ کے لیے نکلے ہیں تو مقابلے میں ڈٹے رہے ہیں تاآنکہ فتح یا کم از کم مدافعت نمایاں ہو جاتی ۔ یہ لوگ (ہمیشہ) اپنے مقام پر موجود رہے، کبھی بھاگے نہیں ، نہ ہی کبھی رعب[1] کے مارے اپنی جگہ سے ہٹے ، بلکہ ایک مطمئن اور پُرسکون دل کے ساتھ ثابت قدم رہے ۔

کسی نے عنترہ سے دریافت کیا : فروق[2] کی جنگ میں تمھاری تعداد کتنی تھی ۔ اس نے جواب دیا : ہم (خالص) سونے کی طرح کے سو (۱۰۰) آدمی تھے نہ تعداد میں (اتنے) زیادہ تھے کہ بزدلی دکھا کر پیچھے[3] ہٹتے اور نہ (اتنے) کم تھے کہ ذلیل ہوتے ۔

عرب کہیں بھی ہوں عزت و آبرو اور حریم کی حفاظت پر کسی بھی اور شے کو مقدم نہ جانتے تھے ، ان چیزوں کی حفاظت کرنے کے معاملے میں وہ اپنی جانوں کو حقیر جانتے تھے چنانچہ ان میں سے اکثر لوگوں نے شہروں کو چھوڑ کر صحراؤں میں رہنا اختیار کر لیا تھا جس کی وجہ یہ تھی کہ شہروں میں عزت نہ رہتی تھی ۔ بزدلی کو آرام اور مزے کی زندگی سے وابستگی جنم دیتی ہے ، یہ ان چیزوں کی پروا نہ کرنے سے پیدا ہوتی ہے جو عالی حسب شخص کو عیب دار بنا دیں اور کجا یہ بات اور کجا عرب ۔ اس سے تجھے معلوم ہو جائے گا کہ عرب کس قدر بہادر تھے اور مقامات ہلاکت کی طرف کس جرأت کے ساتھ پیش قدمی

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں یہ جملہ یوں دیا ہے : و لاحازوا فیہ رغبا مگر اس طرح کوئی مناسب مفہوم نہیں نکلتا ۔ میرے خیال میں یہ جملہ وَ لاَحَادُوا عنہ رُعبًا ہونا چاہیے اور میں نے اسی طرح ترجمہ کیا ہے ۔

۲ ۔ فروق کی جنگ بنی عبس اور بنی سعد بن زید مناۃ کے درمیان واقع ہوئی ۔ ان جنگوں کا بیان دوسری جلد میں آئے گا ۔

۳ ۔ اسی قول کو دوسری جلد صفحہ ۷۰ پر دیا ہے مگر وہاں فتنکل کی بجائے فنفشل دیا ہے ۔

Marfat.com

کرتے تھے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں باہمی الفت پیدا کرنے اور ان میں اتحاد پیدا کرنے کے لیے وہ تکالیف جھیلیں کہ شمار نہیں کی جا سکتیں ۔ آپ کو اس معاملے میں حد سے زیادہ مشقت اُٹھانی پڑی ۔ بہرحال عربوں کے اشعار بزبان حال گویا ہیں کہ وہ اس میدان میں کس قدر راسخ القدم تھے اور اس باب میں کس قدر بلند ہمت تھے ۔ لہٰذا اگر یہاں پر چند اشعار درج کر دیے جائیں تو کوئی مضایقہ نہ ہوگا ۔ چنانچہ حیان بن ربیعہ الطائی کے یہ شعر ملاحظہ ہوں جن میں وہ اپنی قوم پر فخر کرتا ہے ۔ یہ حیان بن ربیعہ مشہور بہادروں میں سے تھا ۔

لَقَدْ عَلِمَ الْقَبَائِلُ أَن قَوْمِی
ذَوُو جِدٍّ إِذَا لُبِسَ الْحَدِیْدُ
[۱۰۸] تمام قبائل کو معلوم ہے کہ جب لوگ زرہیں پہن لیں تو میری قوم خوب مستعد ثابت ہے

وَ إِنَّا نِعْمَ أَحْلَاسُ الْقَوَا فِی
إِذَا اسْتَعَرَ التَّنَافُرُ و النَّشِیْدُ
(ان کو یہ بھی معلوم ہے کہ) جب تفاخر اور شعرگوئی کا بازار گرم ہوتا ہے تو ہم اشعار کی پیٹھ پر کس مضبوطی سے سوار ہوتے ہیں

وَ إِنَّا نَضْرِبُ الْمَلْحَاءَ حَتّٰی
تُوَلِّیَ وَ السُّیُوفُ لَنَا شُهُودُ
نیز یہ کہ جب کسی لشکر جرار سے پالا پڑ جائے تو اسے مسلسل تلوار سے ضرب لگائے چلے جاتے ہیں تاآنکہ وہ پیٹھ دکھا دے ۔ ہماری تلواریں اس امر پر گواہ ہیں

یحییٰ بن منصور حنفی کہتا ہے :

وَ جَدْنَا أَبَا نَا كَانَ حَلَّ بِبَلْدَةٍ
سِوَیً بَیْنَ قَیْسٍ قَیْسِ عَیْلَانَ و الْفِزْرِ
ہم نے اپنے باپ کو ایسے شہر میں اترا ہؤا پایا جو قَیْس عیلان اور سعد بن زید مناۃ کے علاقے کے عین وسط میں واقع ہے

Marfat.com

فَلَمَّا نَأَتْ عَنَّا الْعَشِيرَةُ كُلُّهَا
أَنَخْنَا فَحَلَّا لَفَّنَا السُّيُوفَ عَلَى الدَّهْرِ

پھر جب تمام کا تمام قبیلہ ہم سے دور چلا گیا تو ہم نے اُونٹوں کو بٹھا دیا اور تمام زمانے کے خلاف تلواروں کا حلیف ہونے کا معاہدہ کر لیا

فَمَا أَسْلَمَتْنَا عِنْدَ يَوْمِ كَرِيهَةٍ
وَلَا نَحْنُ أَغْضَيْنَا الْجُفُونَ عَلَى وِتْرِ

چنانچہ نہ ان تلواروں نے جنگ کے دن ہمارا ساتھ چھوڑا اور نہ ہم نے کنبے کے ہوتے ہوئے چشم پوشی کی

حِمْيَرْ کا ایک شخص ایک جنگ کے متعلق کہتا ہے - وہ جنگ جس میں بنی عبد مناۃ اور بنی کلب کو حمیر پر فتح حاصل ہوئی تھی

[1] مَنْ رَأَى يَوْمَنَا وَيَوْمَ بَنِي التَّيْـ ـم إِذَا التُّفَّ صِيقُهُ بِدَمِهِ

---

۱ - ان اشعار سے تعلق رکھنے والا واقعہ یہ ہے کہ قبیلہ سعد کے علاقے میں قحط پڑا اور بنو عبد مناۃ بن اُدَد ، تیم ، عدی ، عکل اور تمیم بن مر ، بنو ضبہ ، سلامان اور بنو صحار نکل کر صنعاء یمن چلے گئے اور صنعاء یمن کے صحراؤں میں اپنے اونٹوں کو چرانے کے لیے چھوڑ دیا - حمیر نے اسے ناپسند کیا اور بنی صحار پر حملہ کر دیا لہٰذا ان کے درمیان سخت جنگ ہوئی جس میں ذوناب حمیر کا بادشاہ مارا گیا - بنو صحار بیداء سے کوچ کرکے بلاد سعد میں پہنچ چکے تھے - حمیر نے ذی ناب کے خون کا بدلہ لینے کے لیے بنو کلب پر حملہ کر دیا اس لیے کہ کلب صحار کے بھائی بند تھے - کلب نے تیم الرباب سے مدد مانگی - انھوں نے وعدہ کر لیا اور پھر چل کر اپنے علاقے میں پہنچ گئے - اس کے بعد حمیر ، عبدمناۃ ، تیم ، عدی ، عکل اور کلب کی طرف روانہ ہوئے چنانچہ ان میں جنگ چھڑ گئی اور بنو عبد مناۃ اور بنو حمیر پر غالب آ گئے اور انھوں نے علقمہ بن ذی یزن کو قتل کر دیا - اسی جنگ کے متعلق حمیر کے شاعر نے یہ شعر کہے اور انصاف کی بات کہی ، یہی وجہ ہے کہ ان اشعار کو منصفات میں شمار کیا جاتا ہے -

Marfat.com

ہے کوئی جس نے ہماری اور بنی تیم کی جنگ، کا دن دیکھا ہو - وہ دن جس کا غبار خون سے مل گیا تھا

لَمَّا رَأَوْا اَنَّ يَوْمَهُمْ أَشِبٌ
شَدَّوْا حَيَازِ يْمَهُمْ عَلَى أَلَمِهْ

جب انھوں نے دیکھا کہ گھمسان کا رن پڑ رہا ہے تو انھوں نے اس کے درد و الم کو صبر سے برداشت کیا

كَأَنَّمَّا الْأُسْدُ فِي عَرِيْسِهِمِ
وَنَحْنُ كَاللَّيْلِ جَاشَ فِيْ قَتَمِهْ

یوں معلوم ہوتا تھا کہ وہ لوگ ان شیروں کی طرح جو اپنے کچھار میں بیٹھے ہوئے ہوں اور ہم اس رات کی طرح (چھا جاتے ہیں) جو سخت تاریک ہو گئی ہو

لَا يُسْلِمُوْنَ الْغَدَاةَ جَارَهُمْ
حَتَّى يَزِلَّ الشِّرَاكُ عَنْ قَدَمِهْ

یہ لوگ جنگ کے دن ان لوگوں کا ساتھ نہیں چھوڑتے جو ان کی پناہ میں آ گئے ہوں تاآنکہ انھیں موت نہ آ جائے

وَلَا يَخِيْمُ الِلِّقَاءَ فَارِسُهُمْ
حَتَّى يَشُقَّ الصُّفُوْفَ مِنْ كَرَمِهْ

ان کا شہسوار جب تک اپنی بزرگی کی وجہ سے دشمن کی صفوں کو نہ چیر لے جنگ سے منہ نہیں موڑتا

سَابَرِحَ التَّيْمُ يَعْتَزُوْنَ وِزْرَ
قُ الْخَطِّ تَشْفِي السَّقِيْمَ مِنْ سَقَمِهْ

---

۱ - شدالحیازیم سے کنایتہً مراد صبر ہے - اعزاز علی نے '' جنگ کے لیے آمادہ '' ہونے کے معنی کیے ہیں -

۲ - عَرِین کے معنی مَأوی الأسد یعنی کچھار کے ہیں - اعزاز علی اور ذوالفقار علی دونوں نے نیستان مراد لیا ہے -

Marfat.com

بنو تیم لگاتار اپنا نسب بیان کرتے رہے اور خط کے نیلے نیزے بدلہ لینے والوں کو (کینے کی) بیماری سے شفا دیتے رہے

حَتّٰی تَوَلَّتْ جُمُوْعُ حِمْیَرَ و الفلُّ سَرِیْعاً یَهْوِی الی أَمَمِهْ

یہاں تک کہ حمیر کی فوجوں نے پیٹھ دکھا دی اور (پھر ظاہر ہے کہ) شکست خوردہ فوج جلدی جلدی قریب ترین مقام (پناہ) کا رخ کرتی ہے

کَمْ تَرَکْنَا هُنَاکَ مِنْ بَطَلٍ
تَسْفِی عَلَیْهِ الرِیَاح فِیْ لِمَمِهْ

ہم نے اس مقام پر کئی ایک بہادروں کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ ہوائیں ان کی لٹوں پر مٹی بکھیر رہی تھیں

حسّان بن نشبہ العدوی اسی جنگ کے بارے میں کہتا ہے

نَحْنُ أَجَرْنَا الحَیَّ کَلْبًا وَقَدْ أَتَتْ
لَهَا حِمْیَرٌ تُزْجِی الوَشِیْجَ المُقَوَّمَا

ہمیں نے قبیلۂ کلب کو پناہ دی تھی درآنحالیکہ حمیر کا قبیلہ سیدھے کیے ہوئے نیزوں کو لے کر آن پہنچا تھا

تَرَکْنا لَهُمْ شِقَّ الشِمَالِ فَأَصْبَحُوا
جَمِیْعاً یَزُجُّوْنَ المَطِیَّ المُخَزَّمَا

(جب ان کو شکست ہو گئی تو) ہم نے بائیں جانب کو ان کے لیے چھوڑ دیا اور وہ تمام نکیل والی اونٹنیوں کو ہانک لے گئے

فَلَمَّا دَنَوْا صُلْنَا فَفَرَّقَ جَمْعَهُمْ
سَحَابُتُنَا تَنْدَی أَسِرَّتُهَا دَمَا

جب وہ ہمارے قریب آ گئے تھے تو ہم نے حملہ کر دیا تھا ، پھر ان کی جمعیت کو ہماری اس کثیرالتعداد فوج نے منتشر کرکے رکھ دیا تھا جن کی راہوں اور وادیوں میں خون رواں تھا

Marfat.com

فَغَادَرْنَ قَيْلاً مِنْ مُقَاوِلِ حِمْيَرٍ
كَأَنَّ بِخَدَّيْهِ مِنَ الدَّمِ عَنْدَمَا

پھر انھوں نے حمیر کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ کو اس عالم میں چھوڑا کہ اس کے دونوں رخسار خون آلود تھے اس طرح سے کہ گویا وہ خون دم الاخوین ہو

أَمَرَّ عَلَى الأَعْدَاءِ فَوَاهِ مِنْ ذَاقَ طَعْمَهَا
مَطَاعِمُنَا يَمْجُجْنَ صَاباً وَعَلْقَمَا

ہمارے کھانوں کے مزے ان مونھوں کے لیے جنھوں نے ان کا مزا چکھا ہے ایسے تلخ ہو گئے کہ ان کے منہ جب تھوکتے ہیں تو ایلوے اور حنظل جیسا تھوک نکلتا ہے

اُسی شاعر نے اُسی جنگ کے بارے میں (یہ بھی) کہا

أَنِسِيَّ وَإِنْ لَمْ آفِدِ حَيًّا سِوَاهُمُ،
فِدَاءٌ لِتَيْمٍ يَوْمَ كَلْبٍ وَحِمْيَرَا

میں جو کبھی کسی قبیلے پر قربان نہ ہؤا تھا بنو تیم پر اس روز قربان ہو گیا جس روز انھوں نے بنو کلب و حمیر کے خلاف جنگ لڑی

أَبَوْا أَنْ يُبِيحُوا جَارَهُمْ لِعَدُوِّهِمْ
وَقَدْ ثَارَ نَقْعُ الْمَوْتِ حَتَّى تَكَوْثَرَا

انھوں نے اس بات سے انکار کر دیا کہ وہ اپنے پناہ لینے والے کو دشمن کے رحم و کرم پر چھوڑ دیں درآنحالیکہ موت کا غبار اُٹھ اُٹھ کر دھواں دھار ہو گیا تھا

سَمَوْا نَحْوَ قَيْلِ الْقَوْمِ يَبْتَدِرُونَهُ،
بِأَسْيَافِهِمْ حَتَّى هَوَى فَتَقَطَّرَا

یہ لوگ قوم کے سردار کی طرف بڑھے اور اسے جلدی سے اپنی تلواروں پر رکھ لیا یہاں تک کہ وہ اپنے پہلو کے بل گر پڑا

Marfat.com

وَكَانُوا كَنَافِثِ اللَّيْثِ لَا شَمَّ سَرْغَمًا
وَلَا نَالَ قَطُّ الصَّيْدَ حَتَّى تَعَفَّرَا

یہ شیر کی ناک کی طرح تھے جو کبھی ذلت قبول نہیں کرتا اور جب تک شکار کو گرا نہ دے نہیں کھاتا

[۱۸] اس جنگ کے متعلق بنی ثور بن عبدمناۃ بن ادّ کا ایک آدمی ہلال بن رزین کہتا ہے

وَبِالشَّبَيْدَاءِ لَمَّا أَنْ تَلَاقَتْ
بِهَا كَلْبٌ وَحَلَّ بِهَا النُّذُورُ

جب بیداء کے مقام پر بنی کلب جنگ میں دشمنوں سے دو چار ہوئے اور ان کی قسمیں پوری ہو گئیں

فَحَانَتْ حِمْيَرٌ لَمَّا الْتَقَيْنَا
وَكَانَ لَهُمْ بِهَا يَوْمٌ عَسِيرٌ

پھر جب بھی جنگ میں ہم ایک دوسرے سے آن ملے تو قوم حمیر تباہ ہو گئی وہ دن ان کے لیے بڑا سخت دن تھا

وَأَيْقَنَتِ الْقَبَائِلُ مِنْ جَنَابٍ
وَعَامِرُ أَنْ سَيَمْنَعُهَا نَصِيرٌ

جناب اور عامر قبیلوں کو یقین ہو گیا کہ ایک بہت بڑا مددگار ان کی حفاظت کرے گا

أَجَادَتْ وَبْلَ سُدْجِنَةٍ فَدَرَّتْ
عَلَيْهِمْ صَوْبَ سَارِيَةٍ دَرُورُ

اس نے زور دار بارش والے بادلوں کی بارش برسائی پھر اس نے ان پر رات کے آنے والے بادل کی طرح مینہ کی بوچھاڑ کر دی

فَوَلَّوْا تَحْتَ قِطْقِطِهَا سِرَاعًا
تَكُبُّهُمُ الْمُهَنَّدَةُ الذَّكُورُ

Marfat.com

پھر وہ تیروں کی بارش کے نیچے جلد ہی بھاگ گئے درآنحالیکہ انھیں ہندی فولادی تلوار منہ کے بل گرائے جا رہی تھی

حُصَین بن حُمَام المری کہتا ہے

فَقُلْتُ لَهُمْ یاآلَ ذُبْیانَ مَالَکُمْ
تَفَاقَدْتُمْ لا تُقْدِمُوْنَ مُقَدَّمَا

میں نے ان سے کہا : اے آل ذبیان ، خدا کرے تم ایک دوسرے کو گم پاؤ ۔ تمھیں کیا ہو گیا ہے ، تم آگے کیوں نہیں بڑھتے ؟

سَوَالِیکُمْ، سَوْلَی الوِلَادَةِ مِنْهُمْ،
وَسَولَی الیَمِیْنِ حَابِسٌ قَد تَقَسَّمَا

تمھارے مولیٰ دو قسم کے ہیں ایک پیدائش کے اعتبار سے مولیٰ ہے یعنی عمزاد بھائی اور دوسرے مولیٰ یمین (قسم) جو اپنے آپ کو جنگ کا پابند رکھتا ہے ۔ یہ تقسیم اسی طرح ہے

وَقُلْتُ تَبَیَّنْ هَلْ تَرَی بَیْنَ ضَارِجٍ
وَنَهْیِ الاُکُفِّ صَارِخاً غَیْرَ اَعْجَمَا

میں نے کہا : خوب اچھی طرح سے دیکھ لو کیا ضارج اور نہی الاکف کے درمیان تجھے کوئی فریادی[1] دکھائی دیتا ہے جو واضح الفاظ میں (تجھے مدد کے لیے پکار رہا ہو)

مِنَ الصُبْحِ حَتَّی تَغْرُبَ الشَمْسُ لاتَرَی
سِوَی الخَیْلِ اِلاَّ خَارِجِیّاً مُسَوَّمَا

(اگر کوئی فریادی ہے تو اس کی فریاد کے جواب میں) تجھے صبح سے لے کر غروب آفتاب تک سبقت لے جانے والے نشان زدہ گھوڑوں کے سوا کچھ دکھائی نہ دے گا

---

۱ - اعزاز علی اور ذوالفقار علی نے صارخ کے معنی " فریاد رس " کیے ہیں اور اعجم سے مراد گھوڑے لیے ہیں ۔

Marfat.com

عَلَيْهِنَّ فِتْيَانٌ كَسَاهُمْ سُحَرِّقٌ[1]
وَكَانَ إِذَا يَكْسُو أَجَادَ وَأَكْرَمَا

ان گھوڑوں پر وہ نوجوان سوار ہوں گے جنھیں محرّق نے خلعتیں پہنائی تھیں اور محرّق جب کسی کو خلعت عطا کرتا تھا تو اعلیٰ چیز دیتا تھا اور معزز بنا دیتا تھا

صَفَائِحُ بُصْرَى أَخْلَصَتْهَا قُيُونُهَا
وَمُطَّرِداً مِنْ نَسْجِ دَاوُدَ مُبْهَمَا

اس نے انھیں بُصریٰ کی تلوارین پہنائی تھیں جنھیں ماہر کاریگروں نے بے عیب بنایا تھا اور داؤد علیہ السلام کی زرہوں کی سی تنگ حلقوں والی زرہیں بھی پہنائیں

وَلَمَّارَ أَيْنَا الصَّبْرَ قَدْ [2]حِيلَ دُونَهُ
وَإِنْ كَانَ يَوْماً ذَا كَوَاكِبَ مُظْلِمَا

اور جب ہم نے دیکھا کہ صبر کی راہ مسدود ہو گئی ہے اور (پھر باوصف اس کے کہ) وہ دن اس قدر تاریک تھا کہ ستارے نظر آنے لگ پڑے تھے

صَبَرْنَا وَكَانَ الصَّبْرُ مِنَّا سَجِيَّةً
بِأَسْيَافِنَا يَقْطَعْنَ كَفّاً وَمِعْصَمَا

ہم ڈٹے رہے اور (ظاہر ہے کہ) ڈٹ کر لڑنا ہماری خصلت ہے - ہم ان تلواروں کے ساتھ لڑے جو ہتھیلیوں اور کلائیوں کو کاٹ کاٹ کر پھینک رہی تھیں

نُفَلِّقُ هَاماً مِنْ رِجَالٍ أَعِزَّةٍ
عَلَيْنَا وَهُمْ كَانُوا أَعَقَّ وَأَظْلَمَا

---

۱ - محرّق : یہ امرؤ القیس بن عمرو بن عدی اللخمی کا لقب ہے -
۲ - لفظی معنی ”صبر کے درمیان سختی حائل ہو گئی“

Marfat.com

ہم ان لوگوں کی کھوپڑیاں پھوڑ رہے تھے جن کی ہمارے ہاں بڑی عزت تھی ، (یہ اس لیے ہؤا) کہ انھوں نے تعلقات کا خون کر دیا تھا اور سینہ زوری پر اُتر آئے تھے

وَلَمَّا رَأَيْتُ الوُدَّ لَيْسَ بِنَافِعِيْ
عَمَدْتُ إِلَى الأَمْرِ الَّذِيْ كَانَ أَحْزَمَا

جب میں نے دیکھا کہ اب دوستی نفع نہیں دیتی تو پھر میں نے اس امر کا ارادہ کر لیا جس کا ارادہ کر لینا سب سے بڑی دانشمندی تھی

فَلَسْتُ بِمُبْتَاعِ الحَيَاةِ بِذِلَّةٍ
وَلَا مُرْتَقٍ مِنْ خَشْيَةِ المَوْتِ سُلَّمَا

(وہ ارادہ یہ تھا کہ) میں ذلّت کے بدلے زندگی کو نہیں خریدنے کا ، اسی طرح موت کے خوف سے سیڑھی لگا کر اوپر کو بھی نہیں چڑھ جانے کا

بشامہ بن حزن کہتا ہے

وَلَقَدْ غَضِبْتُ لِخِنْدِفٍ وَلِقَيْسِهَا
لَمَّا وَنَى عَنْ نَصْرِهَا خُذَّالُهَا

جب خذف اور قیس کی مدد کرنے کے معاملے میں ان کا ساتھ چھوڑنے والوں نے سستی کا مظاہرہ کیا تو مجھے ان کی حمایت میں تاؤ آ گیا

دَافَعْتُ عَنْ أَعْرَاضِهَا فَمَنَعْتُهَا
وَلَدَيَّ فِي أَمْثَالِهَا أَمْثَالُهَا

میں نے ان کی حرمتوں کی پاسبانی کی چنانچہ دشمنوں کو روک دیا ، ایسے مواقع پر مجھ سے ایسے ہی کارنامے عمل میں آتے ہیں

Marfat.com

إِنّـِی امْرُؤٌ أَسِمُ القَصَائِدَ لِلْعِدَی
انَّ القَصَائِدَ شَرُّهَا أَغْفَالُهَا[1]

میں تو وہ انسان ہوں کہ دشمنوں کے خلاف جو قصائد لکھتا ہوں اُن پر اپنے نام کا نشان لگا دیتا ہوں کیونکہ بدترین قصائد وہ ہوتے ہیں جن کے قائل کا پتا نہ ہو

قَومِی بِنُوالحَرْبِ العَوَانِ بِجَمعِهِم
والمَشْرَ فِیَّةُ وَالقَنَا اشعالُهَا

[۱۱۲] میری ساری کی ساری قوم سخت جنگجو ہے ، (ہماری) تلواریں اور نیزے جنگ کو اشتعالک دے دیتے ہیں

سَازَالَ مَعْرُوفاً لِمُرَّةَ فِی الوَغٰی
عَلَّ القَنَا وعَلَیهِم اِنْهَالُهَا

جنگ میں بنی مرہ کی یہ بات مشہور چلی آتی ہے کہ وہ نیزوں کو (دشمنوں کے خونوں سے) بار بار سیر کرتے ہیں اور پہلی بار (خون) پلانا تو ان پر واجب ہے

سِنُ عَهْدٍ عَادٍ كَانَ مَعْرُوفاً لَنَا
أَسْرُ العُدَاةِ وَقَتْلُهَا وقِتَالُهَا

دشمنوں کو قید کرنا ، ان کو قتل کرنا اور ان سے جنگ لڑنا قدیم زمانے سے ہمارے متعلق مشہور چلا آ رہا ہے

---

۱ - أَغْفَال جمع ہے غُفْل (غَیْن پر ضمہ اور فاء ساکن) کی جس کے کہنے والا کا پتا نہ ہو - لسان العرب میں ہے شِعر غُفْل : لا یُعرَف قَائِلُہ' - اعزاز علی اور ذوالفقار علی دونوں نے اسے محرکۃ یعنی غَفَل لکھا ہے اور معنی مالا علامۃ علیہ کیے ہیں مگر یہ معنی یہاں غلط ہیں -

Marfat.com

۱شریح بن قرواش العبسی کہتا ہے اور وہ مشہور ترین شہسواروں میں سے تھا ۔

لَمَّا رَأَیْتُ النَّفْسَ جَاشَتْ عَکَرَتُهَا
عَلَی مِسْحَلٍ وأیُّ سَاعَةَ مَعْکَرِ

جب میں نے دیکھا کہ گھبراہٹ کے مارے دم ناک میں آ گیا ہے تو میں نے اپنے آپ کو مسحل کی طرف موڑا مگر یہ کونسا مڑنے کا وقت تھا

عَشِیَّةَ نَازَلْتُ الفَوَارِسَ عِنْدَهُ
وَزَلَّ سِنَانِی عَنْ شُرَیْحِ بنِ مُسْهِرِ

یہ اس رات کی بات ہے جس میں میں نے سواروں سے جنگ کی تھی اور میرا نیزہ شریح بن مُسہر پر سے پھسل گیا تھا

وأُقسِمُ لَولَا دِرْعُهُ لَترَکتُهُ
عَلَیهِ عَوَافٍ ۲ من ضِبَاعٍ وأنْسُرِ

میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اگر اس کی زرہ نہ ہوتی تو میں نے اس کا وہ حال کر دیا ہوتا کہ اس کے اوپر اور ارد گرد بھوکے بجو اور گدھیں منڈلا رہی ہوتیں

---

۱ - شریح جاہلی شاعر ہے ۔ ان اشعار کا قصہ یہ ہے کہ شریح بن مسہر الحارثی کی ملاقات مسحل بن شیطان بن جذیم بن جذیمہ الاسدی سے ہوئی تو شریح نے نیزہ مار کر گرا دیا یہ دیکھ کر اس شریح نے اس پر حملہ کرکے مسحل کو چھڑایا ۔

۲ - عوافٍ جمع ہے عافیة کی جس کے معنی رزق تلاش کرنے والے کے ہیں خواہ انسان ہو خواہ چوپایہ خواہ پرندہ ۔ اعزاز علی ، ذوالفقار علی اور محدبہجة اثری نے عَوَافٍ کو عافی کی جمع بنایا ہے حالانکہ یہ اصولِ صرف کے خلاف ہے اور غلط ہے ۔ پھر معنی " طالب عفو " کیے ہیں ۔ لسان العرب میں ہے : والعافیة : طُلاّب الرزق من الانس والد واب والطیر

Marfat.com

وَمَا غَمَرَاتُ المَوْتِ إِلاَّ نِزَالُكَ
الِكَمِّيَّ عَلَى لَحْمِ الكَمِيِّ المُقَطَّرِ

موت کی سختیاں تو یہی ہیں کہ (تو دیکھ رہا ہو کہ ایک) بہادر زمین پر گرا پڑا ہے (اور تو) اس کے گوشت (جسم) پر کھڑا ہو کر (دوسرے) بہادر سے جنگ کر رہا ہو

[1]عباس بن مرداس السلمی کہتا ہے اور یہ اشعار منصفات میں سے ہیں :

فَلَمْ أَرَ مِثْلَ الحَيِّ حَيّاً مُصَبَّحاً
وَلاَ مِثْلَنَا يَوْمَ الْتَقَيْنَا فَوَارِسَا

---

۱ - عباس بن مرداس بنی ابی عامر السُلَمی - بنی سُلَیْم بن منصور میں سے ہے - اس کی کنیت ابوالهَیْثم ہے اور ماں خنساء شاعرہ بنت عمرو بن الشرید اور خنساء اس کے تین بھائیوں مَیْسرہ - قِرْد اور معاویہ کی بھی ماں ہے - یہ سب شاعر ہیں کیونکہ اس کے تمام بچے شاعر تھے - خنساء کا ایک بیٹا ابو شَجَرہ عمرو بن عبدالعُزّیٰ تھا - کلبی کہتا ہے کہ مرداس کی تمام اولاد خنساء سے تھی سوا عباس کے ، کیونکہ وہ عباس کی ماں نہیں ہے مگر اس نے عباس کی والدہ کا نام نہیں رقم کیا ، ابوالفرج نے اپنی سند سے بیان کیا ہے کہ خنساء عباس کی والدہ ہے اور عباس مخضرم ہے - جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حُنَین کے مال غنیمت میں سے مؤلفۃ القلوب کو سو سو اونٹ دیے اور عباس کو چند بکریاں دیں تو عباس ناراض ہو گیا اور اس نے چند شعر کہے جن میں سے ایک شعر یہ ہے

أَتَجْعَلُ نَهْبِي وَنَهْبَ
العُبَيْدِ بَيْنَ عُيَيْنَةَ وَالأَقْرَعِ

اس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی زبان بند کرنے کا حکم دیا چنانچہ اسے اور دیا گیا اور یہ راضی ہو گیا - عُبَید اس کے گھوڑے کا نام ہے - ان اشعار کا قصہ یہ ہے کہ اس نے بنی سلیم کی تمام شاخوں میں سے آدمی لے کر ایک فوج تیار کی ، پھر عمرو بن معدیکرب کے قبیلہ بنی زبید پر حملہ کیا اور مال غنیمت حاصل کیا -

Marfat.com

جس قبیلے کو ہم نے لوٹا نہ تو ہم نے اس جیسا کوئی لٹا ہؤا قبیلہ دیکھا اور نہ ہی اپنے جیسے شہسوار دیکھے ایسے عالم میں کہ جنگ میں دشمنوں سے آمنا سامنا ہو

أَكَرَّ وَ أَحْمَى لِلْحَقِيقَةِ مِنْهُمُ
وَ أَضْرَبَ مِنَّا بِالسُّيُوفِ الْقَوَانِسَا

(میں نے کسی قبیلے کو) ان سے بڑھ کر بار بار حملہ کرنے والا اور ان امور کی زیادہ حفاظت کرنے والا نہیں دیکھا جن کی حفاظت کرنا ان پر واجب ہے اور نہ ہی ان سے بڑھ کر خود کے اوپر کے حصے پر تلوار مارنے والا کسی کو پایا

إِذَا مَا شَدَدْنَا شَدَّةً نَصَبُوا لَنَا
صُدُورَ الْمَذَاكِي[1] وَالرِّمَاحَ الْمَدَاعِسَا

جب ہم حملہ کرتے تو وہ ہمارے مقابل تام الخلقت گھوڑوں کے سینے اور ٹھوس نیزے کھڑے کر دیتے

إِذَا الْخَيْلُ جَالَتْ عَنْ صَرِيعٍ نُكُرُّهَا
عَلَيْهِمْ فَمَا يَرْجِعْنَ إِلَّا عَوَابِسَا

جب (دشمن) گھوڑ سوار (اپنے) گرے ہوئے ساتھیوں سے منہ موڑ کر چل دیں تو ہم اپنے گھوڑوں کا رخ ان کی طرف کر دیتے ہیں (بھاگنے والوں کا تعاقب کرتے ہیں) پھر جب یہ گھوڑے اس تعاقب سے لوٹتے ہیں تو بڑی ہی ناگواری اور ترشروئی کے ساتھ لوٹتے ہیں

[۱۱۳] [2]ابوالابیض العبسی کہتا ہے جن میں سے چند اشعار یہ ہیں :

---

۱ - لسان العرب میں ہے المَدَاعِسُ : الصُّمُّ مِنَ الرِّمَاحِ ۔

۲ - ابوالابیض عہد اسلامی کا شاعر ہے ۔ ان اشعار کا قصہ یہ ہے کہ یہ ہشام بن عبدالملک کے عہد میں جہاد کے لیے نکلا ۔ اس نے خواب میں دیکھا کہ اس نے کھجور اور مکھن کھایا اور جنت میں داخل ہو گیا ہے چنانچہ جب صبح ہوئی تو اس نے کھجور اور مکھن کھایا پھر آگے بڑھ کر لڑا اور مارا گیا ۔

Marfat.com

وَذِیْ أَمَلٍ یَرْجُو تُرَاثِیْ وَ إِنَّ مَا
یَبِیْصِیْرُ لَہٗ مِنِّیْ غَدًا لَقَلِیْلُ

بہت سے امیدوار میرے ورثے کی امید لگائے بیٹھے ہیں مگر جو کچھ انھیں کل ملنے والا ہے وہ تو بہت تھوڑا ہے

وَمَالِیَ مَالٌ غَیْرُ دِرْعٍ وَمِغْفَرٍ
وَأَبْیَضُ مِنْ مَاءِ الحَدِیْدِ صَقِیْلُ

کوئی مال میرے پاس نہیں ماسوا ایک زرہ ، ایک خود ، چمکدار اصلی لوہے کی صیقل شدہ تلوار کے

وَأَسْمَرُ خَطِّیٌّ القَنَاةِ مُثَقَّفٌ
وَأَجْرَدُ عُرْیَانُ السَّرَاةِ طَوِیْلُ

بھورے رنگ کے سیدھے خطی نیزے اور ایک کم بالوں والے ، دراز قد اور ننگی پیٹھ والے گھوڑے کے

أُقِیْمُ بِنَفْسِیْ فِی الحُرُوْبِ وَأَتَّقِیْ
بِھَادِیْہِ إِنِّیْ لِلْخَلِیْلِ وَصُوْلُ

میں جنگوں میں اس گھوڑے کو اپنی جان کو خطرے میں ڈال کے بچاتا ہوں اور میں خود اس کی گردن کو اپنے لیے ڈھال بنا لیتا ہوں ۔ میں دوست کے ساتھ تعلقات مربوط کیے رکھنا چاہتا ہوں

[1] عمرو بن کلثوم التغلبی کہتا ہے :

مَعَاذَ الاِلٰہِ لِلّٰہِ أَن تَنُوحَ نِسَاؤُنَا
عَلَی ھَالِکٍ أَو أَنْ نَضِجَّ مِنَ القَتْلِ

---

۱ - عمرو بن کلثوم تغلبی : مشہور جاہلی شاعر اور معلقہ گو ہے - پندرہ برس کی عمر میں قوم کا سردار بنا اور ڈیڑھ سو سال عمر پا کر ۵۲ قبل از ہجرت = ۵۷۰ء میں وفات پائی - یہ اپنے زمانے کے چوٹی کے شہسواروں میں سے تھا - اسی نے عمرو بن ہند کو قتل کیا تھا -

Marfat.com

خدا پناہ دے اس سے کہ ہماری عورتیں کسی ہلاک ہونے والے پر نوحہ کریں یا یہ کہ ہم (کسی کے) قتل ہونے پر واویلا کریں

قِرَاعُ السُّیُوفِ بِالسُّیُوفِ أَحَلَّنَا
بِأَرْضٍ بَرَاحٍ ذِی أَرَاکٍ وَ ذِی أَثْلِ

تلواروں کے تلواروں کے ساتھ ٹکرانے نے ہمیں ایک چٹیل زمین میں لا اتارا جہاں نہ کوئی درخت تھا نہ کوئی اور بچاؤ کی چیز تھی - جس میں (صرف) پیلو اور جھاؤ اُگ رہا تھا

فَمَا أَبْقَتِ الْأَیَّامُ مِنْ مَالِ عِنْدَنَا
سِوَی جِذْمِ آذِیٍّ وَ أَدْمٍ مُجَذَّفَةِ النَّسْلِ

ہماری جنگوں نے ہمارے مال میں سے صرف چند اونٹ چھوڑے ہیں جنھیں ہم نے نسل کے لیے رکھ چھوڑا ہے - (یا جن کی آئندہ نسل منقطع ہو چکی ہے یا یہ کہ اس نسل کے اونٹ نایاب ہیں)

ثَلَاثَةُ أَثْلَاثٍ فَأَثْمَانُ خَیْلِنَا
وَ أَقْوَاتُنَا وَ مَا نَسُوقُ إِلَی الْقَتْلِ

ہمارے مال کو (اونٹوں کو) تین حصوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے - ایک حصہ گھوڑوں کی قیمت میں صرف ہوتا ہے ایک حصہ کھانے میں آتا ہے اور ایک حصہ وہ ہے جسے ہم (مقتول کے گھر والوں) کی طرف (بطور دیت) لے جاتے ہیں

بنی قیس بن ثعلبہ کا ایک آدمی کہتا ہے :

دَعَوْتُ بَنِی قَیْسٍ إِلَیَّ فَشَمَّرَتْ
خَذَاذِیْذُ مِنْ سَعْدٍ طِوَالُ السَّوَاعِدِ

میں نے بنی قیس کو اپنی طرف بلایا تو آل سعد میں سے بہادر اور لمبے بازوؤں والے لوگ بخوبی تیار ہو کر آ گئے

Marfat.com

إذَا مَا قُلُوبُ القَوْمِ طَارَتْ مَخَافَةً
مِنَ المَوْتِ أَرْسَوْا بِالنُّفُوسِ المَوَاجِدِ

جب لوگوں کے دل موت کے ڈر سے گھبرانے لگیں تو یہ لوگ اپنی بزرگ جانوں کے ساتھ ثابت قدم رہتے ہیں

[۱۱۴] حجر[۲] بن خالد کہتا ہے :

وَجَدْنَا أَبَانَا حَلَّ فِي المَجْدِ بَيْتَهُ
وَأَعْيَا رِجَالاً آخَرِينَ مَطَالِعُهُ

ہم نے اپنے دادا کو پایا کہ اس کا گھرانہ بزرگی کے مقام پر اترا مگر دوسرے لوگ اس بزرگی کے راستے پر چلنے سے عاجز آ گئے

فَمَنْ يَسْعَ مِنَّا لاَ يَنَلْ مِثْلَ سَعْيِهِ
وَلَكِنْ مَتَى مَا يَرْتَحِلْ فَهْوَ تَابِعُهُ

لہٰذا ہم میں سے جو شخص بھی کوشش کرے گا وہ ہمارے دادا کی سی کوشش نہ کر سکے گا ہاں جب ہمارا دادا اس بزرگی کی منزل سے کوچ کرکے (بلند تر مقام کو چلا جائے) تو پھر یہ اس کے پیچھے پیچھے جا سکتا ہے (بزرگی اور بڑائی میں دادا کی پیروی تو کی جا سکتی ہے اس جیسا نہیں بنا جا سکتا)

---

۱ - محمد بہجۃ اثری لکھتے ہیں : أرسوا : اثبتوا ومفعولہ محذوف کأنہ قال : اثبتوا قلوبھم بالنفوس الکریمۃ - یہی معنی ذوالفقار علی اور اعزاز علی نے دیے ہیں مگر یہاں یہ معنی درست نہیں ہیں یہاں أرْسٰی لازم ہے از أرْسَی الشئُ إرْسَاءً : ثَبَتَ : لسان العرب میں ہے وربما قالوا : أرْسَتْ قَدَمَاہُ ای ثَبَتَتَا

۲ - حجر جاہلی شاعر ہے - حماسہ میں اس کا نسب یوں دیا ہے : حجر بن خالد بن محمود بن عمرو بن مرثد (حماسہ طبع دیوبند ; ۸۷)

Marfat.com

يَسُودُ ثُنَّانا مِنَ مِوَانا و بَدْؤُنا
يَسُودُ مَعَدّاً كُلَّهَا لاَ تُدَافِعُهُ[1]

ہمارا دوسرے درجے کا سردار بھی دوسروں پر سرداری کرتا ہے اور ہمارا اول درجے کا سردار تو تمام معد بن عدنان پر بدون مزاحمت حکم چلاتا ہے

وَنَحْنُ الَّذِينَ لاَ يُرَوَّعُ جَارُنَا
وَبَعْضُهُمُ لِلغَدْرِ صُمٌّ مَسَامِعُهُ

ہم وہ لوگ ہیں جن کے ہاں پناہ لینے والے کو کوئی خوفزدہ نہیں کر سکتا حالانکہ دوسرے لوگوں کے کان عہد شکنی کے وقت (لوگوں کی طعن و تشنیع سننے کے معاملے میں) بہرے ہوتے ہیں

نُدَهْدِقُ بَضْعَ اللَّحْمِ لِلسِّبَاعِ والنَّدَى
وَبَعْضُهُمُ تَغْلِي بِذَمٍّ مَنَاقِعُهُ

ہم گوشت کے ٹکڑوں کو کرم و سخاوت کے لیے کاٹتے ہیں درآنحالیکہ بعض لوگوں کی ہنڈیا مذمت کے ساتھ جوش مارتی ہے

ويَحْلِبُ ضِرْسُ الضَّيفِ فينا إِذَا شَتَا
سَدِيفَ الشِّتَامِ تَسْتَرِيهِ أَصَابِعُهُ

---

۱ - ذوالفقار علی نے لا تدافعہ کے معنی یوں کیے ہیں "کوئی اس کو منع اور معزول نہیں کر سکتا" - اعزاز علی لکھتے ہیں : لایقدرون علی دفعہ وعزلہ مگر یہ معنی درست نہیں ہیں - اقرب الموارد میں ہے: دَافَعَہٗ : زَاحَمَہٗ یقال : سید غیر مدافع ای مزاحم فی السیادۃ

۲ - نُدَهْدِق : از دَهْدَقَ اللحم : قطعہ وکسر عِظَامَہٗ - معنی واضح ہیں مگر بہجۃ اثری اور اعزاز علی نے "نغل" دیے ہیں اور ذوالفقار علی نے یوں ترجمہ کیا ہے : ہم گوشت کے ٹکڑوں کو ایک دوسرے کے اوپر پھینکتے ہیں - مناقع جمع ہے مُنْقُعٌ کی مُنْخُلٌ کی طرح ، چھوٹی ہنڈیا -

Marfat.com

جب قحط پڑتا ہے تو جو شخص ہمارے یہاں بطور مہمان اترتا ہے اس کی ڈاڑھ کوہان کی اس چربی کو چوستی ہے جسے خود اس کی اپنی انگلیوں نے منتخب کیا ہو

مَنَعْنَا حِمَانَا وَاسْتَبَاحَتْ رِمَاحُنَا
حِمَى كُلِّ قَوْمٍ مُسْتَجِيرٍ مَرَاتِعُهْ

ہم نے اپنی محفوظ چراگاہ کو لوگوں سے بچائے رکھا مگر ہمارے نیزوں نے ہر پناہ لینے والی قوم کی چرنے کی جگھوں کو لوٹا

[1] رقاق بن المنذر بن ضرار الضبی کہتا ہے :

إِذَا الْمُهْرَةُ الشَّقْرَاءُ أَدْرَكَ ظَهْرُهَا
فَشَبَّ[2] الأَ لَهُ الْحَرْبَ بَيْنَ الْقَبَائِلِ

جب سرخ رنگ کی گھوڑی سواری کے قابل ہو جائے اور پھر اللہ تعالیٰ قبائل میں جنگ کی آگ بھڑکا دے

وَأَوْقَدَ نَاراً بَيْنَهُمْ بِضِرَامِهَا
لَهَا وَهَجٌ[3] لِلْمُصْطَلِي غَيْرُ طَائِلِ

اور قبائل کے درمیان ایندھن سے (لڑائی کی) آگ جلا دے جس کی گرمی آگ سینکنے والوں کے لیے مفید نہ ہو

إِذَا حَمَلَتْنِي وَالرِّمَاحَ مُشَيِّحَةً
إِلَى الرَّوْعِ لَمْ أُصْبِحْ عَلَى سِلْمِ وَائِلِ

---

۱ - بلوغ الارب میں رقاق ہی دیا ہے مگر حماسہ اور شرح ذوالفقار علی دونوں میں رُقَاد دیا ہے - میمن (شرح امالی : ٦٦٥) نے بھی اسے رُقَاد ہی لکھا ہے اور وہ زمانۂ جاہلیت کا شاعر ہے -

۲ - شارحین نے اسے دعائیہ جملہ بنایا ہے حالانکہ ایسا نہیں -

۳ - شارحین نے وھج کے معنی آگ کا بھڑکنا کیا ہے مگر یہ معنی یہاں چسپاں نہیں ہوتے - یہاں وھج کے معنی حرارت کے ہیں - اقرب الموارد میں ہے الوھج حَرُّ النَّارِ والشمسِ من بعید -

Marfat.com

جب یہ بچھیری مجھے میرے ہتھیاروں سمیت تیزی سے اٹھا کر جنگ کی طرف لے جائے تو میں وائل کی صلح پر صبح نہ کروں گا

فِدیً لِفَتَیَّ اَلقَلٰی[1] اِلَّی بِرَأسِهَا
تِلاَدِیْ وَاَهْلِیْ مِنْ صَدِیْقٍ وَجَامِلِ

جس شخص نے مجھے یہ بچھیری عطا کی ہے اس پر میرا قدیم مال اور میرے گھر والے یعنی دوست اور اونٹ سب قربان ہوں

[2]ابوالغول الطھوی عربوں کی ایک قوم کے متعلق کہتا ہے :

فَدَتْ نَفْسِیْ وَمَا مَلَکَتْ یَمِیْنِیْ
فَوَارِسَ صَدَّقَتْ فِیْهِمْ ظُنُوْنِیْ

میری جان اور مال ان شہسواروں پر قربان ہو جنھوں نے میرے ان گمانوں کو جو میں ان کے متعلق رکھتا تھا سچ کر دکھایا

فَوَارِسَ لاَ یَمَلُّوْنَ المَنَایَا
اِذَا دَارَتْ رَحَی الحَرْبِ[3] الزُّبُوْنِ

[۱۱۵] وہ ایسے سوار ہیں جو موتوں سے نہیں اُکتاتے درآنحالیکہ جنگ کی ایسی چکی چل رہی ہو جو صلح پر منتج نہ ہو سکتی ہو

---

۱ - محاورہ ہے اَلقٰی الیہ خیراً : اصطنعہ عندہ

۲ - ابوالغول الطُّہوی : اس کی کنیت ابوالبلاد ہے - اس کی کنیت ابوالغول اس لیے پڑی کہ اس نے ایک چڑیل دیکھی جسے اس نے قتل کر ڈالا چنانچہ اس کے متعلق اس نے شعر بھی کہے ہیں - یہ بنی طُہیۃ میں سے ہے جنھیں بنو عبد شمس ابن ابی سود مالک بن حفظلہ بن مالک بن زید مناۃ بن تمیم کہا جاتا ہے - عہد اسلامی کا شاعر ہے اور مروانیوں کے عہد حکومت میں تھا (شرح امالی : ۵۷۹-۵۸۰)

۳ - ابو عبیدالبکری کہتا ہے (صفحہ ۵۸۰) الزُّبُوْن لا یکون الاّ بِالثفنات - یرید الحرب التي لا تقبل الصلح کالناقة التی تدفع الحَبَل -

Marfat.com

وَلا يَجْزُوْنَ مِنْ حَسَنٍ بِشَيْءٍ
وَلا يَجْزُوْنَ مِنْ غِلَظٍ بِلِيْنِ

یہ لوگ نیکی کا بدلہ بدی سے نہیں دیتے اور نہ سختی کے بدلے نرمی کرتے ہیں

وَلا تَبْلَى بَسَالَتُهُمْ وَاَنْ هُمْ
صَلُوا بِالحَرْبِ حِيْنًا بَعْدَ حِيْنِ

نہ ہی ان کی بہادری میں کمزوری واقع ہوتی ہے خواہ انھیں بار بار کیوں نہ جنگ میں جھونکا جائے

هُمُ مَنَعُوْا حِمَى الوَقْبَى بِضَرْبٍ
يُؤَلِّفُ بَيْنَ اَشْتَاتِ المَنُوْنِ

انھی نے وقبیٰ کی چراگاہ کو (دشمنوں کے ہاتھوں سے) ایسی تلوار زنی کے ذریعے بچایا جو مختلف موتوں کو یکجا کر دے (ایک وار میں کئی لوگوں کو موت کے گھاٹ اتار دے)

فَنَكَّبَ عَنْهُمُ دَرْءَ الاَعَادِيْ
وَدَاوَوْا بِالجُنُوْنِ مِنَ الجُنُوْنِ

(چنانچہ اس تلوار زنی نے) دشمنوں کے ریلوں کا منہ ان کی طرف سے پھیر دیا ۔ انھوں نے جنون (جنگ) کا علاج جنون (جنگ) سے کیا

وَلا يَرْعَوْنَ اَكْنَافَ الهُوَيْنٰى
اِذَا حَلُّوا وَلا اَرْضَ الهُدُوْنِ

وہ لوگ جب کہیں پڑاؤ کرتے ہیں تو آرام و راحت کی زمین کے گرد اپنے جانوروں کو نہیں چراتے اور نہ ہی صلح کی زمین میں (چراتے

---

۱ - ابو عبید بکری نے اس شعر کی یوں تشریح کی ہے (صفحہ ۵۸۱) هٰؤلاء القوم من عزهم و مَنَعتهم لايرعون الا ماكن التى اباحها المسالمة و وطّأتها المُهادَنَة ولكن يرعون النواحي المتحامَاة والاَرَضِيْن الممتنعة ۔

Marfat.com

ہیں بلکہ دشمن کی زمین میں چراتے ہیں)

[1]ربیعہ بن مقروم الضبی کہتا ہے :

وَلَقَدْ شَهِدتُّ الْخَيْلَ يَوْمَ طِرَادِهَا
بِسَلِيمِ أَوْظِفَةِ القَوَائِمِ هَيْكَلِ

سواروں کے حملے کے دن میں بھی ایک صحیح و سالم ٹانگوں والا قوی ہیکل گھوڑا لے کر موجود تھا

فَدَعَوْا نَزَالِ فَكُنْتُ أَوَّلَ نَازِلٍ
وَعَلَامَ أَرْكَبُهُ، إِذَا لَمْ أَنْزِلِ

پھر انھوں نے ایک دوسرے کو گھوڑے سے اتر کر لڑنے کے لیے للکارا چنانچہ میں پہلا شخص تھا جو گھوڑے سے اترا اور اگر میں گھوڑے سے اتر کر جنگ نہیں کر سکتا تو پھر مجھے گھوڑے پر سوار ہونے کا بھی حق حاصل نہیں

وَأَلَدَّ ذِي حَنَقٍ عَلَيَّ كَأَنَّمَا
تَغْلِي [2]عَدَاوَةُ صَدْرِهِ فِيَّ مِرْجَلِ

اور کئی ایک شخص جو سخت جھگڑنے والے اور میرے خلاف دل میں کینہ رکھنے والے تھے اور جن کے سینے کی عداوت ہنڈیا کے جوش کی طرح تھی

[3]أَرْجَيْتُهُ، عَنِّي فَأَبْصَرَ قَصْدَهُ
وَكَوَيْتُهُ، فَوْقَ النَّوَاظِرِ مِنْ عَلِ

---

۱ - ربیعہ بن مقروم بن قیس الضبی جاہلی اور اسلامی شاعر ہے

۲ - سینے کو ہنڈیا کہا ہے جس میں عداوت ہنڈیا کی طرح جوش مار رہی تھی

۳ - بلوغ الارب میں ارجیتہ (راء مہملہ کے ساتھ) چھپا ہے - حماسہ میں زاء معجمہ کے ساتھ دیا - محمد بہجہ اثری نے بحوالہ ابوالفتح اوجیتہ واو کے ساتھ دیا ہے اور اس کے معنی اذللتہ و قہرتہ دیے ہیں مگر اقرب الموارد میں ہے اوجیتہ عنی : ابعدتہ کأنک سیرتہ مسافۃ طویلۃ قد وجی فیھا اور میں نے یہی لفظ لے کر معنی کیے ہیں

Marfat.com

(اس طرح کے شخص کو) میں نے اپنے سے دور ہٹا دیا تب اس نے سیدھی راہ دیکھ لی اور میں نے اپنا نیزہ اوپر کی طرف سے اس کے سر کی رگوں میں داغ دیا

[1] بنی قیس بن ثعلبہ کا ایک شاعر کہتا ہے :

إنّا مُحَيُّوكَ يَاسَلْمٰى فَحَيِّيْنَا
وَإِنْ سَقَيْتَ كِرَامَ النَّاسِ فَاسْقِيْنَا

[۱۱۶] اے سلمیٰ ہم تجھے سلام کہتے ہیں تو بھی ہمیں سلام کہہ اور اگر تو شرفا (ی) کو شراب پلاتی تو پھر ہمیں بھی پلا (ہم بھی شریف ہیں)

وَإِنْ دَعَوْتَ إِلَى جُلّٰى ومَكْرُمَةٍ
يَوْماً سَرَاةَ كِرَامِ النَّاسِ فَادْعِيْنَا

اور اگر کسی روز تو شرفا کے سرداروں کو کسی عظیم الشان کام اور بزرگی کی طرف دعوت دے تو ہمیں بھی دعوت دینا

إنّا بَنِي نَهْشَلٍ لَا نَدَّعِي لِأَبٍ
عَنْهُ وَلَا هُوَ بِالْأَبْنَاءِ يَشْرِينَا

ہم (میری مراد خاص طور پر) بنی نہشل سے تعلق رکھتے ہیں لہٰذا اپنے باپ کو چھوڑ کر کسی اور باپ کی طرف منسوب نہیں ہوتے اور نہ ہی وہ ہمیں اور بیٹوں کے عوض فروخت کر ڈالتا ہے

إِنْ تُبْتَدَرْ غَايَةٌ يَوْماً لِمَكْرُمَةٍ
تَلْقَ السَّوَابِقَ مِنَّا وَالْمُصَلِّيْنَا

اگر کسی روز بزرگی حاصل کرنے کی خاطر لوگ کسی غایت کی طرف دوڑ کر جائیں تو تُو اول و دوم آنے والے ہمیں میں سے پائے گا

---

۱ - یہ شاعر بشامہ بن حزن النہشلی ہے - بظاہر اسلامی شاعر معلوم ہوتا ہے -

Marfat.com

وَ لَيْسَ يَهْلِكُ مِنَّا سَيِّدٌ اَبَدًا
اِلَّا افْتَلَيْنَا غُلَامًا سَيِّدًا فِيْنَا

ہم میں سے جب کوئی سردار مر جاتا ہے تو ہم ایک بچے کا دودھ چھڑا کر اسے سردار بنا دیتے ہیں (بڑوں کا تو کہنا ہی کیا)

اِنَّا لَنَرُدُّ خِصُ يَوْمَ الرَّوْعِ اَنْفُسَنَا
وَلَوْ نُسَامُ بِهَا فِى الْاَمْنِ اُغْلِيْنَا

ہم جنگ کے دن اپنی جانوں کو سستا کر دیتے ہیں اور اگر امن کے زمانے میں ان جانوں کا بھاؤ کیا جائے تو یہ جانیں بڑی مہنگی ہوتی ہیں

بِيْضٌ نَفَار قُنَا تَغْلِيْ مَرَاجِلُنَا
نَأْسُوْا بِاَمْوَا لِنَا آثَارَ اَيْدِيْنَا

ہمارے سروں کی مانگیں (مسلسل خودیں پہننے کی وجہ سے بال گر جانے سے یا مشک لگانے کی وجہ سے) سفید ہیں (مہمانوں کے لیے) ہماری دیگیں جوش مارتی رہتی ہیں اور ہم اپنے ہاتھوں سے لگائے ہوئے زخموں کا علاج اپنے مالوں سے کرتے ہیں (یعنی ہم دیت ادا کر دیتے ہیں ، کوئی ہم سے قصاص نہیں لے سکتا)

اِنِّى لِمَنْ مَعْشَرٍ اَفْنٰى اَوَائِلَهُمْ
قِيْلُ الْكُمَاةِ اَلَا اَيْنَ الْمُحَا مُوْنَا

میں تو ان لوگوں میں سے ہوں جن کے اسلاف کو مسلح بہادروں کے اس قول نے کہ ''حمایتی کہاں ہیں'' فنا کر دیا

لَوْ كَانَ فِى الْاَلْفِ مِنَّا وَاحِدٌ فَدَعَوْا
مَنْ فَارِسٌ خَالَهُمْ اِيَّاهُ يَعْنُوْنَا

اگر ہمارا ایک آدمی ہزار آدمیوں کے درمیان موجود ہو پھر وہ یہ کہہ کر پکاریں '' سوار کون ہے ؟ '' تو وہ یہی سمجھے گا کہ ان کی مراد اسی سے ہے

Marfat.com

إِذَا الكُمَاةُ تَنَحَّوا أَنْ يُصِيبَهُمْ
حَدُّ الظُّبَاةِ وَ صَلْنَا هَا بِأَيْدِينَا

جب مسلح لوگ اس ڈر کے مارے کہ کہیں اُنھیں تلوار کی دھار نہ لگ جائے ایک طرف ہٹ جائیں تو ہم ان تلواروں سے خود جا ملتے ہیں اور انھیں ہاتھوں پر لیتے ہیں

وَلَا تَرَاهُمْ وَإِنْ جَلَّتْ مُصِيبَتُهُمْ
مَعَ البُكَاةِ عَلَى مَنْ مَاتَ يَبْكُونَا

اور ان کی مصیبت خواہ کتنی ہی بڑی کیوں نہ ہو جائے تو انھیں ان لوگوں پر جو مر گئے ہوں رونے والوں کے ساتھ روتا ہؤا نہ دیکھے گا

و نَرْكَبُ الكُرْهَ أَحْيَانًا فَنَفْرِجُهُ
عَنَّا الحِفَاظُ وَ أَسْيَافٌ تُوَا تِينَا

اور ہم کبھی جنگ اختیار کرتے ہیں تو (میدان جنگ کو) ہماری حمیت اور ہماری موافقت کرنے والی تلواریں کشادہ کر دیتی ہیں

وَ دَّاک[1] بن ثمیل مازنی کہتا ہے :

رُوَيْدَ بنی شَيْبَانَ بَعْضَ وَ عِيدِكُمْ
تُلَاقَوا غَدًا خَيْلِي عَلَى سَفْوَانِ

اے بنی شیبان اپنی دھمکیوں کو ذرا بند کرو اور کل سفوان کے چشمے پر میرے گھوڑ سواروں سے ملاقات کرو

---

۱ - وداک جاہلی شاعر ہے - ان ابیات کا واقعہ یہ ہے کہ بنی شیبان بن ذھل نے بنی مازن کو سفوان کے چشمے سے نکال دینا چاہا کیونکہ وہ اس بات کے مدعی تھے کہ وہ پانی ان کی ملکیت ہے اس پر وداک نے یہ شعر کہے -

Marfat.com

تَلاَّ قَوْا جِيَادًا لاَ تَحِيْدُ عَنِ الوَغٰى
اِذَا مَا غَدَتْ فِى المَاْزِقِ المُتَمَدِّ انِيْ

تم ان گھوڑوں سے ملاقات کرو گے جو جنگ سے منہ نہیں موڑتے خواہ جنگ کتنی ہی تنگ اور قریب الاطراف جگہ میں لڑی جا رہی ہو (کیسی ہی دست بدست اور گھمسان کی کیوں نہ ہو)

عَلَيْهَا الكُمَاةُ الغُرُّ مِنْ آلِ مَازِنٍ
لَيُوْثُ طِعَانٍ عِنْدَ كُلِّ طِعَانِ

ان گھوڑوں پر آل مازن کے نامی بہادر ہوں گے جو ہر نیزہ زنی کے موقعے پر نیزہ زنی کے شیر ہوتے ہیں

تُلاَّ قُوهُمْ فَتَعْثِرُوا كَيْفَ صَبْرُهُمْ
عَلَى مَا جَنَتْ فِيْهِمْ يَدُ الحَدَثَانِ

جب تم ملو گے تو تمھیں معلوم ہو جائے گا کہ جو زیادتیاں زمانے کے ہاتھ نے ان سے کی ہیں ان کے تعامل پر وہ کیسے صابر رہے ہیں

مَقَادِيْمُ وَصَّالُوْنَ فِى الرَّوْعِ خَطْوَهُمْ
بِكُلِّ رَقِيْقِ الشَّفْرَتَيْنِ يَمَانِ

یہ لوگ جنگ میں خوب آگے بڑھنے والے اور اپنے قدموں کو باریک دھار والی یمنی تلوار کے ساتھ (دشمن کے ساتھ) ملا دینے والے ہیں

اِذَا اسْتُنْجِدُوْا لَمْ يَسْأَلُوْا مَنْ دَعَاهُمُ
لِاَيَّةِ حَرْبٍ أَمْ بِاَيِّ مَكَانِ

جب کوئی ان سے مدد مانگتا ہے تو اپنے پکارنے والے سے وہ یہ نہیں پوچھتے کہ (تو ہمیں) کس جنگ یا کس مقام پر (جنگ کرنے کے لیے بلا رہا ہے)

بنی تیم اللہ بن ثعلبہ کا ایک[1] شاعر کہتا ہے :

---

۱ - شاعر کا نام علقمہ بن شیبان ہے جو منذر بن ماء السماء کے عہد میں گزرا ہے ، علقمہ نے اُوَارہ کی جنگ میں منذر بن ماء السماء کے بھائی متمطر پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا اور وہ یہ سمجھ رہا تھا کہ اس نے منذر کو قتل کیا ہے ۔

Marfat.com

وَ لَقَدْ شَهِدتُ الخَيْلَ يَوْمَ طِرَادِهَا
فَطَعَنْتُ تَحْتَ كِنَانَةِ المُتَمَطِّرِ

بخدا میں گھوڑ سواروں کے ہمراہ جنگ کے دن موجود تھا پھر میں نے متمطر کے ترکش کے نیچے نیزہ مارا

وَ نُطَا عِنُ الأَبْطَالَ عَنْ أَبْنَائِنَا
وَ عَلَى بَصَائِرِنَا وَ إِنْ لَمْ نَبْصِرِ

ہم اپنے بیٹوں کی مدافعت کرتے ہوئے بہادروں کو نیزے مار رہے تھے ، ہمارے حواس قائم تھے ، اگرچہ ہمیں کچھ دکھائی نہ دیتا تھا

وَ لَقَدْ رَأَيْتُ الخَيْلَ شُلْنَ عَلَيْكُمُ
شَوْلَ المَخَاضِ أَبَتْ عَلَى المُتَغَبِّرِ

اور میں نے گھوڑوں کو دیکھا کہ وہ اپنی دُموں کو تمھارے خلاف (غصے کے مارے) اُٹھائے ہوئے تھے اسی طرح جس طرح حاملہ اُونٹنیاں دودھ دوھنے والے کے خلاف ناگواری کا اظہار کرتے ہوئے دم اُٹھاتی ہیں

عامر[1] بن الطفیل کہتا ہے :

---

۱ - عامر بن الطُفَیل بن مالک - اس کی ماں کبشہ بنت عُروۃ الرحّال ہے اور عامر کی کنیت ابو علی ہے - نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا مگر اسلام نہیں لایا - اس نے اربد کے ساتھ مل کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تھا مگر ناکام رہا - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کے لیے بد دعا کی تھی - عامر بنی سلول کے ایک قبیلہ میں مقیم تھا کہ اسے طاعون کی بیماری لگی اور مر گیا - ان اشعار میں عامر خیف الریح کی جنگ کا ذکر کر رہا ہے - اس جنگ میں بنی عامر ، صعداء ، خثعم ، مذحج ، اور حارث بن کعب نے حصہ لیا تھا - اور اسی جنگ میں اس کی آنکھ پھوٹی تھی -

Marfat.com

طُلِّقْتِ إنْ لَمْ تَسْأَلِي أيَّ فَارِسٍ
حَلِيلُكِ إذْ لاقَى صُدَاءً وَ خَثْعَمَا

اگر تو لوگوں سے یہ نہ پوچھے کہ تمھارا خاوند کیسا سوار ہے جب وہ قبیلہ صداء اور خثعم سے جنگ میں ملا تھا تو تجھے طلاق ہے

أكُرُّ عَلَيْهِمْ دَعْلَجًا وَ لَبَانَهُ
إذَا مَا اشْتَكَى وَقْعَ الرِّمَاحِ تَحَمْحَمَا

(اُس وقت جبکہ) میں اپنے گھوڑے دعلج اور اس کی چھاتی کو ان کی طرف لوٹا رہا تھا جب اس گھوڑے کو نیزوں کے زخم تکلیف دیتے تو یہ ہنہنانے لگ پڑتا تھا

[۱۱۸] حُرَيْث بن عَتَّاب النبهانی کہتا ہے :

تَعَالَوْا أُفَاخِرْكُمْ أَعَيْيَا وَ فَقْعَسُ
إلَى الْمَجْدِ أَدْنَى أَمْ عَشِيرَةُ حَاتِمِ

آؤ تم سے ہم بزرگی میں مقابلہ کریں ۔ کیا اعیا اور فقعس بزرگی کے زیادہ قریب ہیں یا حاتم کا قبیلہ (جس میں سے ہم ہیں)

إلَى[1] حَكَمٍ مِنْ قَيْسِ عَيْلَانَ فَيْصَلٍ
وَ آخَرَ مِنْ حَيَّيْ رَبِيعَةَ عَالِمِ

آؤ قیس عیلان کے ایک ثالث کی طرف اور ایک اور عالم ثالث کی طرف جو قبیلہ ربیعہ کے دونوں قبیلوں میں سے ہو

ضَرَبْنَا كُمُ حَتَّى إذَا قَامَ مَيْلُكُمْ
ضَرَبْنَا الْعِدَا عَنْكُمْ بِبِيضٍ صَوَارِمِ

---

۱ - قیس عیلان کا ثالث حکم بن قطبہ ہے اور حیی ربیعہ کا ثالث دَغفل نسابہ اور حیی ربیعہ سے مراد ذہل بن شیبان اور ذہل بن ثعلبہ سے ہے ۔

Marfat.com

ہم نے تم کو تلواروں سے مارا یہاں تک کہ جب تمھاری کجی دور ہوگئی اور تم سیدھے ہوگئے تو ہم نے تمھاری طرف داری میں (تمھارے) دشمنوں کو چمک دار اور کاٹنے والی تلواروں سے مارا

فَحُلْتُوا بِاَكْنَا فِيْ وَ اَكْنَافِ مَعْشَرِيْ
اَكُنُّ حِرْزَكُمْ فِي الْمَأْقِطِ الْمُتَلَاحِمِ

اب تم میری اور میری قوم کی پناہ میں آ کر اترو میں تمھارے لیے جنگ کے تنگ مقاموں میں پناہ کا کام دوں گا

فَقَدْ كَانَ اَوْصَانِيْ اَبِيْ اَنْ اُضِيْفَكُمْ
اِلَيَّ وَ اَنْهٰى عَنْكُمْ كُلَّ ظَالِمِ

کیونکہ میرے باپ نے مجھے وصیت کی تھی کہ میں تمھیں اپنے ساتھ ملا لوں اور ہر ظالم کو تم تک پہنچنے سے روکے رکھوں

اسی قسم کے اور بھی اشعار ہیں جو ان کی دلیری اور بہادری پر دال ہیں ۔ ان سے ادبی کتابیں بھری پڑی ہیں مگر ہمارا مقصد صرف اتنا ہے کہ ہم محض اس قدر شعر یہاں نقل کر دیں جن سے ہمارے دعویٰ کی تائید ہو جائے جو ہمارے مقصد کی وضاحت کے لیے کافی اور حصول مراد کے لیے وافی ہو ۔

عرب جاھلیت کے بعض وہ افراد جن کی شجاعت ضرب المثل تھی

عرب شجاعت کے معاملے میں اس مرتبے پر فائز تھے کہ مقابلہ نہیں ہو سکتا ، جیسا کہ ہم ذکر کر چکے ہیں اور اس ضمن میں واضح دلائل اور روشن براہین پیش کر چکے ہیں ، اس لیے اُن میں سے یوں تو ہر ایک اس بات کا مستحق تھا کہ اس کو بطور مثال بیان کیا جائے اور قول و عمل میں اس کی شان بلند کی جائے مگر ضرب الامثال اور جنگوں

Marfat.com

کی کتابوں میں صرف انھی لوگوں کا ذکر کیا گیا ہے جو شعرا کی زبانی مشہور ہوئے اور جن کی قبائل میں شہرت تھی - ہم ان میں سے بعض افراد کا ذکر کر رہے ہیں اور اس تمنا کے ساتھ کر رہے ہیں کہ اس سے پڑھنے والوں کی روح کو گرمی حاصل ہو اور سننے والوں کے کانوں کو تازگی -

انھی میں سے

خالد بن جعفر بن کلاب العامری

ہے ۔ اُس کا قصہ یہ ہے کہ قبیلہ ہوازن زہیر بن جذیمہ کو اپنا خدا جانتا تھا کیونکہ ان دنوں ہوازن کا قبیلہ بالکل نکما تھا اور اُس وقت تک عامر بن صعصعہ کی تعداد بھی زیادہ نہ تھی - [۱۱۹] وہ نہایت ہی ذلیل و خوار سمجھے جاتے تھے - یہ لوگ پہاڑوں پر بھیڑ بکریاں چرایا کرتے ۔ زُہَیر ان سے عُشر لیا کرتا تھا - جب عکاظ کا بازار لگتا اور زہیر ان کے پاس آتا تو وہ اپنی بھیڑ بکریوں کا خراج لے کر حاضر ہو جاتے جو گھی ، پنیر اور بھیڑ بکریوں پر مشتمل ہوتا تھا - ہوازن کی ایک بڑھیا مشکیزے میں گھی لے کر آئی اور معذرت چاہی اور متواتر قحط سالیوں کی شکایت کی - جب زہیر نے گھی کو چکھا تو اسے اس کا ذائقہ پسند نہ آیا - زہیر کے ہاتھ میں کمان تھی اس نے کمان سے بڑھیا کو دھکا دیا - وہ گر پڑی اور ننگی ہوگئی - اس سے ہوازن کو غصہ آ گیا اور وہ اس کے خلاف کینہ پالنے لگے - ان کے سینوں میں اس کے خلاف غیظ و غضب کا جذبہ تو پہلے ہی سے موجود تھا - اب بنی عامر کی تعداد بھی زیادہ ہو چکی تھی چنانچہ خالد بن جعفر نے قسم کھا کر کہا کہ یا تو میں اپنا بازو اس کی گردن میں ڈال کر اسے قتل کر دوں گا یا خود قتل ہو جاؤں گا - اسی ضمن میں وہ کہتا ہے :

أُرِيشُونِي إِرَاغَتَكُم فَأَنِّي
وَحَذْفَةً كَا لشَجَا تَحْتَ الوَرِيدِ

Marfat.com

تم جس طرح بھی چاہو مجھے دھوکے سے طلب کرتے رہو مگر یاد رکھو کہ میں اور میری گھوڑی حذفہ اس ہڈی کی طرح ہیں جو شہ رگ کے نیچے پھنس کر رہ گئی ہو

مُقَرَّبَةٌ أُوَا سِيهَا بِنَفْسِي
وَالْحِفُهَا[1] رِدَائِي فِي الْجَلِيدِ

یہ گھوڑی میری مقرب ہے (مجھے اتنی عزیز ہے کہ) میں اسے اپنی جان کے برابر سمجھتا ہوں - جب کہر پڑتی ہے تو میں اسے اپنی چادر اڑھا دیتا ہوں

لَعَلَّ اللهَ يُقْدِرُنِي عَلَيْهَا
جِهَارًا مِنْ زُهَيْرٍ أَوْ أُسَيْدِ

شاید اللہ تعالٰی مجھے قدرت عطا کرے اور میں اس گھوڑی پر سوار ہو کر زُہیر اور اُسید سے علانیہ دو دو ہاتھ کر سکوں

اتفاق سے زہیر ایسے مقام پر اُترا جو علاقۂ بنی عامر کے قریب تھا - تماضر بنت عمرو بن الشرید زہیر بن جذیمہ کی بیوی اور اس کے بچوں کی ماں تھی ، تماضر کا بھائی الحٰرث بن عمرو زہیر کے پاس سے گزرا - زہیر نے اپنے بیٹوں سے کہا ، ''یہ گدھا تمھارے خلاف جاسوسی کرنے آیا ہے - اسے یہیں باندھ لو'' - تماضر نے اپنے بیٹوں سے کہا ، ''کیا تمھارا ماموں تمھیں ملنے کو آئے تو تم اس کی مشکیں کَس دو گے''- اس کے بعد انھوں نے ایک مشک میں دودھ دوہا اور اس سے قسم لی کہ وہ ان کے متعلق کسی کو کچھ نہ بتائے گا - وہ نکل کر بنی عامر کے پاس گیا اور انھیں اطلاع دے دی - اس پر خالد بن جعفر ، حندج بن البکاء اور معاویہ بن عباد اور بنی عامر کے تین سوار نکلے اور پاؤں کے نشان کا کھوج لگاتے چلے گئے ، آخر بنی جذیمہ کے اُونٹ [۱۲۰] دیکھ کر

---

۱ - بلوغ العرب میں اُلحِقُهَا قاف کے ساتھ چھپا ہے اسے اُلْحِفُهَا فاء موحدہ کے ساتھ پڑھیں -

Marfat.com

گھوڑوں پر سے اُتر پڑے - عورتوں نے کہا ، ''جہاں ہم کچھ نہ دیکھا کرتے تھے وہاں ہمیں نیزوں کا جنگل دکھائی دیتا ہے'' - اس کے بعد چرواہوں نے آ کر خبر دی - زھیر کے بھائی اُسید نے بھی آ کر خبر دی اور کہا ، ''میرے جانور چرانے والی نے بنی عامر کے سوار اور نیزے دیکھے ہیں'' - یہ سن کر زھیر نے کہا :

کُلُّ اٰزَبَّ نَفُوْرٌ

(ہر وہ شخص جس کے بدن پر گھنے بال ہوں وہ بھگوڑا ہوتا ہے)

یہ الفاظ ضرب المثل بن گئے - اس لیے کہ اُسَیْد کے بدن پر بہت بال تھے - راوی کہتا ہے کہ یہ حال دیکھ کر بنو رواحہ کے تمام لوگ وہاں سے کوچ کر گئے - زھیر نے قسم کھا لی کہ صبح ہونے سے پہلے وہاں سے نہیں ہٹے گا - اس کے بیٹوں ورقاء اور حارث کے سوا جس قدر لوگ اس کے ساتھ تھے سارے کوچ کر گئے - اسے خبر بھی نہ ہوئی کہ یکایک گھوڑ سواروں نے آ کر اُسے گھیر لیا - زھیر نے انھیں یمن کے لوگ خیال کرتے ہوئے پوچھا ، ''اُسید یہ کون لوگ ہیں'' ؟ اُسید نے جواب دیا ، ''یہ وہی لوگ ہیں جن کے بارے میں تو آج رات سے غصہ میں ہے'' - راوی کہتا ہے کہ اُسید گھوڑے پر سوار ہو کر جان بچا کر نکل جانے میں کامیاب ہوگیا - زھیر کود کر اپنی گھوڑی قعساء پر سوار ہوگیا - یہ بڑی سرکش گھوڑی تھی - خالد بھی اپنی گھوڑی حذفہ پر سوار ہو کر آ پہنچا ، اس وقت اس کے لب پر یہ الفاظ تھے

لَا نَجَوْتُ اِنْ نَجَا زُھَیر

(اگر آج زھیر بچ کر نکل بھی جائے تو خدا کرے کہ میں بچ کر نہ نکلوں)

خالد نے زھیر کے گلے میں ہاتھ ڈال دیے اور دونوں گھوڑیوں پر سے گر پڑے - خالد زھیر کے اُوپر گرا - اُس نے اپنے بیٹوں کو مدد کے لیے پکارا ، ورقاء بن زھیر نے خالد پر تین وار کیے مگر وہ کارگر نہ ہوئے کیونکہ

Marfat.com

خالد نے دو زرہیں پہن رکھی تھیں۔ اس کے بعد حُندج نے زہیر کا سر کاٹ کر اسے قتل کر دیا ، اسی واقعہ کے متعلق ورقاء بن زہیر کہتا ہے

رَأَیْتُ زُهَیراً تَحْتَ کَلْکَلِ خَالِدٍ
فَأَقْبَلْتُ أَسْعٰی کَالْعُجُولِ[1] أُبَادِرُ

میں نے زہیر کو خالد کے سینے کے نیچے دیکھا تو میں جلدی سے اس عورت کی طرح دوڑا جس کا بچہ مر گیا ہو

إِلَی بَطَلَیْنِ یَنْهَضَانِ کِلَاهُمَا
یُرِیدَانِ نَصْلَ السَّیْفِ وَالسَّیْفُ دَاثِرُ[2]

(میں) دو بہادروں کی طرف (آیا) اور وہ دونوں اٹھ رہے تھے تاکہ تلوار کی دھار ہاتھ میں لیں ، وہ تلوار جو عرصے سے صیقل نہ کیے جانے کی وجہ سے زنگ آلود تھی

فَشَلَلْتُ یَمِینِی یَوْمَ أَضْرِبُ خَالِداً
وَیَسْتُرُهُ مِنِّی الْحَدِیدُ الْمُظَاهَرُ[3]

جس روز میں نے خالد کو تلوار سے مارا میرا دایاں ہاتھ شل ہو گیا کیونکہ دوہری زرہ اسے مجھ سے چھپا رہی تھی

فَیَا لَیْتَ أَنِّی قَبْلَ ضَرْبَةِ خَالِدٍ
وَیَوْمَ زُهَیْرٍ لَمْ تَلِدْنِی تُمَاضِرُ

کاش کہ خالد کو چوٹ لگانے سے پہلے اور زہیر (کی جنگ کے) دن سے پہلے میری والدہ تماضر نے مجھے جنا نہ ہوتا

---

۱ - العجول : الثکلی والعجول الوالہ من النساء
۲ - سیف داثر : بعید العهد بالصقال
۳ - ظَاهَرَ بَیْنَ ثوبَین مظاهرة و ظِهاراً : طارق بینهما و طابق ای لبس احدهما فوق الآخر -

Marfat.com

اور انھی میں سے

[1]مجمع بن ھلال بن خالد بن مالک

[۱۲۱] ہے ۔ عربوں کے یہاں اس شخص کی بہادری ضرب المثل تھی ۔ اس کا قصہ یہ ہے کہ ایک بار اس نے یزید بن سعد بن زید مناۃ پر چڑھائی کی مگر کوئی مال غنیمت ہاتھ نہ آیا ، لہٰذا اس مہم سے لوٹا اور بنی تمیم کے ایک چشمے کے پاس سے گزرا جہاں بنی مجاشع کے کچھ لوگ موجود تھے ۔ چنانچہ اس نے ان[2] میں سے کچھ افراد کو قتل کیا اور کچھ کو قید کر لیا اور پھر اسی واقعہ کے متعلق یہ شعر کہے :

إِنْ أَمْسِ مَاشَيْخاً كَبِيراً فَطَالَمَا
عَمِرتُ ولكِنْ لاَ أَرَى العُمْرَ يَنفَعُ

اگر میں اب معمر ہو چکا ہوں (تو کیا ہؤا) میں ایک عرصے تک جیتا رہا ہوں ۔ مگر طولِ عمر میں بھی کوئی فائدہ تو نظر نہیں آتا

مَضَتْ مِائَةٌ مِنْ مَوْلِدِی فَنَضَيْتُهَا
وخمْسٌ تِباعٌ بَعْدَ ذَاكَ وأَرْبَعُ

میری پیدائش سے لے کر اب تک ایک سو سال گزر چکے ہیں جنھیں میں نے (لباس کی طرح) اتارکر پھینک دیا ہے پھر اس (سو سال) کے بعد پانچ اور چار سال (مزید گزر گئے)

وَخَيْلٍ كَأَسْرَابِ القَطَا قَدْ وَزَعْتُهَا[3]
لَهَا سَبَلٌ فِيهِ المَنِيَّةُ تَلْمَعُ

---

۱ - مجمع کا تعلق بنی تمیم اللہ بن ثعلبہ سے ہے ، یہ جاہلی شاعر ہے ، ابو حاتم نے اس کا ذکر معمرین میں کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ ایک سو انیس سال زندہ رہا

۲ - بلوغ الارب میں یہاں فیھم کا لفظ دیا ہے اسے منھم پڑھیں

۳ - وزع ، ایک معنی صفوں کو مرتب کرنے کے ہیں اور دوسرے معنی یہ ہیں کہ فوج کو روک رکھا جائے تا کہ آخری حصہ بھی پہنچ جائے ۔ یہاں دونوں معنی مراد ہو سکتے ہیں

Marfat.com

بہت سے گھوڑ سوار تھے (جو کثرتِ تعداد کے اعتبار سے) بھٹ تیتروں کے جھنڈوں کی طرح تھے ، میں انھیں صفوں میں مرتب کیا کرتا تھا ۔ ان کے (تیروں) کی بارش میں موت چمک رہی ہوتی تھی

شَهِدتُ وغُنمٍ قَد حَوَيْتُ وَلَذَّةٍ
أَتَيْتُ وَمَاذَا الْعَيْشُ إِلاَّ التَمتُّعُ،

میں ان سواروں کی جنگ میں موجود تھا اور میں نے بہت سے اموال غنیمت جمع کیے ۔ لذتیں حاصل کیں اور یہ زندگی چند روزہ لطف کے سوا اور ہے کیا ؟

وَ عَاثِرَةٍ[1] يَوْمَ الْهُيَيْمٰى رَأَيْتُهَا
وَقَدْ ضَمَّهَا مِنْ دَاخِلِ الخِلْبِ مَجْزَعُ،

اور ایک بدبخت عورت جسے میں نے هُيَيمٰى کی جنگ میں دیکھا تھا کہ اس کے جگر کے پردے کے اندر گھبراہٹ نے گھر کر رکھا تھا

لَهَا غَلَلٌ، [2]فالصَّدْرُ لیس بِبَادِحٍ
شَجٰى نَشِبٌ والعَيْنُ بالماء تَدْمَعُ،

(میں نے دیکھا کہ) اس کے سینے کے اندر شدت کی پیاس ہے جو دور نہیں ہوتی یا گلے میں کوئی پھنسی ہوئی ہڈی ہے نیز یہ کہ اس کی آنکھوں سے آنسو بہے جا رہے تھے

تَقُوْلُ وَقَدْ أَفْرَدتُها مِنْ حَلِيْلِهَا
تَعِسْتَ كَمَا أَتْعَسْتَنِي يا مُجَمِّعُ،

---

۱ - عاثرة ای عاثرة جَدُّها : بدبخت و تباہ حال عورت ۔ بلوغ الارب میں داخل الخِلب دیا ہے خِلب بکسرالخاء جگر یا دل کا پردہ مگر حماسہ میں خلب کی بجائے قلب دیا ہے ۔ لسان العرب (مادہ ھ ی م) میں داخل الحب دیا ہے ۔

۲ - بلوغ الارب میں اسی طرح فالصدر دیا ہے اسے في الصدر پڑھیں

Marfat.com

جب میں اسے اس کے خاوند سے جدا کر چکا تو کہنے لگی اے مُجمّع جس طرح تو نے مجھے تباہ کیا ہے خدا تجھے بھی تباہ کردے

فَقُلتُ لَهَابَلْ تَعِسَ اُختِ مُجَاشِعٍ۔
وقَومِکِ حَتّٰی خَدُّکِ الیَومَ اَضْرَعُ

میں نے جواب دیا بلکہ بنی مجاشع کی ایک عورت (یعنی تو) تباہ ہو نیز تیری قوم تباہ ہو حتٰی کہ آج تمھارے رخسار بھی مٹی میں پڑے ذلیل ہو رہے ہیں

عَبَأْتُ لَہٗ رُمْحاً طَوِیْلاً وَاَلَّۃً
کَأَنَّ قَبَسٌ یُعَلّٰی بِھَاحِیْنَ تُشْرَعُ

میں نے اس عورت کے خاوند کے لیے ایک لمبا نیزہ تیار کیا اور ایک چھوٹا نیزہ جسے جب حرکت دی جاتی تو یوں معلوم ہوتا کہ آگ کی چنگاری پھوٹ رہی ہے

و کَائِنْ تَرَکْتُ بِنْ کَرِیْمَۃِ مَعْشَرٍ
عَلَیْھَا الخَمُوشُ ذَاتُ حُزْنٍ تَفَجَّعُ

میں نے کئی ایک شریف بیویوں کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ اُن کو خراشیں آ چکی تھیں ، وہ غمزدہ بھی تھیں اور دردمند بھی

اور انھی میں سے عتیبہ بن حارث ہے اور انھی میں سے ربیعہ بن مکدّم ، عنترۃ العبسی شاعر مشہور ، مُلاعب الاسنہ ، زیدُ الخیل ، عامر بن الطفیل ، عمرو بن معدیکرب ، زیدُ الفوارس ، اسید بن حرثان ، [۱۲۲] عمرو بن کلثوم وغیرہ ہیں جن کا شمار و حساب محال ہے ان شاء اللہ اس جزو کے آخر میں ان کے حالات کا کسی قدر تذکرہ ہو جائے گا ۔

عربوں کا دیگر اقوام کے مقابلے میں زیادہ وفادار ہونا

یاد رکھیں کہ وفاداری سچائی اور عدل کی بہن ہے اور بے وفائی جھوٹ اور ظلم کی ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وفاداری قولاً بھی اور عملاً بھی سچائی کا نام ہے اور بے وفائی قولاً بھی اور عملاً بھی جھوٹ کا نام ہے

Marfat.com

بے وفائی میں جھوٹ کے علاوہ عہد شکنی بھی پائی جاتی ہے ۔ اللہ تعالٰی نے عہد کی پابندی کو ایمان کا جز قرار دیا ہے اور اسی پر لوگوں کے معاملات کا دار و مدار ٹھہرا ، ہے ۔ چنانچہ لوگ باہمی تعاون کے محتاج ہیں۔ بالخصوص عرب کہ ان کے باہمی تعاون و امداد کا عمل عہد و پیمان کی پائداری اور وفاداری کو ملحوظ رکھے بغیر مکمل ہو ہی نہیں سکتا اگر یہ نہ ہو تو لوگوں کے دل ایک دوسرے سے نفرت کرنے لگیں اور زندگی کے ذرائع ناپید ہو جائیں ۔ اسی لیے تو اللہ تعالٰی نے اس امر کی بڑی شان بیان فرمائی ہے ۔

چنانچہ فرمایا ہے :

وَأَوْفُوا بِعَهْدِي أُوفِ بِعَهْدِكُمْ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ

تم میرا عہد پورا کرو میں تمھارا عہد پورا کروں گا ، ڈرو تو مجھی سے ڈرو

نیز فرمایا :

أَوْفُوا بِعَهْدِ اللهِ إِذَا عَاهَدْتُمْ

جب تم اللہ سے عہد کر لو تو اسے پورا کر دکھاؤ

اور فرمایا :

وَالْمُوفُونَ بِعَهْدِهِمْ إِذَا عَاهَدُوا

اور وہ لوگ کہ جب عہد کرتے ہیں تو اسے پورا کر دکھاتے ہیں

اور فرمایا :

وَالَّذِينَ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ

اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کا خیال رکھتے ہیں

مشہور شاعر السموأل کی قدر و منزلت اسی لیے زیادہ ہو گئی تھی کہ وہ امرؤالقیس کی زرہوں کے معاملے میں بڑی ثابت قدمی کے ساتھ وفا کا دم بھرتا رہا جیسا کہ ہم عنقریب ذکر کریں گے ۔ یہ بات تو معلوم ہی

Marfat.com

ہے کہ عربوں کو سچائی سے کس قدر لگاؤ تھا اور وہ سچائی کی کس طرح پاسداری کرتے تھے ۔ وہ جھوٹ سے کتنے متنفر تھے اور اسے کس قدر قبیح خیال کرتے تھے یہاں تک کہ " رضی " عربوں کے محاورہ ھو رَجُلُ صِدْقٍ پر بحث کرتے ہوئے کہتا ہے :

اس قسم کے موقعوں پر صدق سے مراد عمدگی ہے نہ کہ صرف گفتار کی سچائی

اس کی وجہ یہ ہے کہ عربوں کے یہاں حق گوئی مستحسن اور پسندیدہ تھی ، یہاں تک کہ وہ صدق کے لفظ کو عمدگی کے معنوں میں استعمال کرنے لگے ، چنانچہ عربوں کا محاورہ ہے ثَوبٌ صِدْقٌ اور خَلٌّ صَادِقُ الحَمُوضَةِ (عمدہ کپڑا اور عمدہ ترشی والا سرکہ) بعینہٖ اسی طرح جس طرح ان کے یہاں جھوٹ کو برا سمجھا جاتا ہے ۔ چنانچہ جب کسی کو کسی بات پر اکسانا چاہتے ہیں تو کہتے ہیں کَذِبَ عَلَیْکَ (تم پر واجب ہے) ۔ کسی شخص نے عمرو بن معدیکرب کے پاس [1] پیٹ کے درد کی شکایت کی تو اس نے کہا :

کذِبَ علیک العسل (تیز چلنا تمہارے لیے ضروری ہے)

---

۱ - اصل کتاب میں سَغص غین معجمہ کے ساتھ دیا ہے مگر لسان العرب میں معص (عین مہملہ کے ساتھ) دیا گیا ہے جس کے معنی پاؤں میں موچ آنے کے ہیں ۔ مزید برآں لسان العرب میں مندرج ہے کہ عمرو بن معدیکرب نے حضرت عمر سے پاؤں میں موچ آنے کا ذکر کیا تھا تو حضرت عمر نے فرمایا تھا کَذِبَ علیک العَسَلُ ۔ آپ کی مراد عَسَلان سے تھی اور عَسَلان بھیڑئیے کی چال کو کہتے ہیں آپ کا مطلب یہ تھا کہ " تم تیز چلو " ۔

اصمعی کہتا ہے کذَبَ علیکم میں اغراء کے معنی پائے جاتے ہیں اور دراصل اسے منصوب آنا چاہیے تھا یعنی علیکم العَسَلَ پڑھنا چاہیے تھا مگر یہاں شاذ طور پر پیش ہی پڑھی گئی ہے ۔

Marfat.com

اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ عسل سے یہاں شہد ہی مراد لیا جائے یعنی تجھ پر شہد کا استعمال لازم ہے ، شاعر کہتا ہے :

وذُبیَانیَّۃٍ[1] اَوْصَتْ بَنِیْھَا
بِاَنْ کَذَّبَ القَرَاطِفُ والقُرُوْفَ[2]

ایک ذبیانی عورت نے اپنے بیٹوں کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ تم پر سرخ چادروں اور برتنوں کا لوٹنا واجب ہے -

[۱۲۳] اس کی مراد یہ ہے کہ تم[۲] پر ان دونوں چیزوں کا حاصل کرنا لازم ہے

---

۱ - یہ شعر مُسَعَدِّر بن حمار البَارِقِی کا ہے - قراطف سرخ چادروں کو کہتے ہیں - اس ذبیانی عورت کے بیٹے عمدہ لباس پہن کر سوار ہو کر نکلا کرتے تھے حالانکہ وہ محتاج تھے اور اس کے سوا ان کے پاس کچھ نہ تھا - ان کی ماں جب انہیں محتاج دیکھتی تو اسے غم ہوتا اسی لیے اس نے کہا کَذَّبَ القَرَاطِفُ یعنی ان کی زینت اور عمدہ لباس جھوٹا ہے اس کے علاوہ ان کے پاس کچھ نہیں ہے (لسان العرب ک ذ ب)

۲ - گزشتہ صفحے پر لسان العرب کا وہ بیان جو مادہ ک ذ ب کے تحت دیا ہے تحریر کیا گیا ہے مگر جو تشریح لسان میں مادہ ق ر ف کے تحت دی وہ اس سے مختلف ہے مزید برآں وہاں اَوْصَتْ کی بجائے وَصَّتْ دیا ہے - لکھتے ہیں قَرْف چمڑے کا ایک برتن ہوتا ہے - بعض کہتے ہیں کہ اسے قِرفہ یعنی انار کے چھلکوں سے رنگا جاتا ہے اور اس میں خلع تیار کیا جاتا ہے اور خلع اس گوشت کو کہتے ہیں جسے گرم مصالحوں کے ساتھ تیار کیا جائے - قرف کی جمع قُروف ہے - معنی یہ ہیں علیکم بالقَراطِفِ والقُرُوْنِ فَاغْنِیْھُوْھَا - ابو عمر کہتا ہے کہ قروف سرخ چمڑے کو کہتے ہیں اور قُرُوف اور ظروف ہم معنی ہیں -

Marfat.com

بات اسی طرح ہے جس طرح رضی نے بیان کی ۔ عرب اپنے عہد و پیمان کی سب لوگوں سے زیادہ حفاظت کرتے ہیں اور اپنے وعدے کو سب لوگوں سے بڑھ کر پورا کرتے ہیں کیونکہ انھوں نے کسی [1] وفادار کے ساتھ پیمان شکنی نہیں کی اور نہ ہی کسی دوست سے وعدہ خلافی کی ہے ۔ وہ بے وفائی کو کبیرہ گناہ خیال کرتے ، وعدہ خلافی کو بری عادت شمار کرتے اور بدترین عیب سمجھتے تھے ۔ ذرا حاجب بن زرارہ کے اس قصے پر غور کریں جب اس نے اپنی کمان کسریٰ کے پاس بطور ضمانت رکھی تھی ، اسی سے تجھے ان کی سچائی ، وفاداری اور پیمان کی نگہداشت کا اندازہ ہو جائے گا ۔ اس کا قصہ جیسا کہ امام مرزوقی نے بیان کیا ہے یوں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مضر کے حق میں بددعا کرتے ہوئے فرمایا تھا :

اَللّٰھُمَّ اشدُدْ وَطأتَکَ عَلَی مُضَرَ
(خدایا اپنی گرفت مضر پر سخت کر دے)

وَابْعَثْ عَلَیْھِمْ سِنِیْنًا کَسِنِیْ یُوسُفَ
(اور ان پر یوسف علیہ السلام والی قحط سالی نازل کر)

چنانچہ ان پر متواتر سات سال قحط مسلط رہا ۔ جب حاجب نے اپنی قوم کی مشقت و مصیبت کو دیکھا تو اس نے بنی فزارہ کو اکٹھا کیا اور کہا (میں نے پختہ ارادہ کر لیا ہے کہ بادشاہ کسریٰ کے پاس جاؤں اور اس سے درخواست کروں کہ وہ ہماری قوم کو اجازت دے کہ وہ سمندر کے قریب جا رہیں تاآنکہ ان کے ہاں فارغ البالی [2] اور آسودگی لوٹ آئے ۔ انھوں نے کہا ! ٹھیک کہ رہے ہو ، ایسا ہی کرو ۔ مگر ہمیں بکربن وائل سے ڈر لگتا ہے ۔ حاجب نے جواب دیا : ابن الطویلہ تیمی کے سوا ان کے تمام سرداروں پر میرا احسان ہے اور میں ابن طویلہ کا بھی علاج کر لوں گا ۔ اس کے بعد وہ روانہ ہو پڑا اور لوگوں کو مسلسل تحفے دیتا اور ان پر

---

۱ - المحافظ : الوافی بالعقد والمُتَمسک بِالوُدِّ
۲ - یُحیَوا : از اَحْیَی القَوْمُ : اَخْصَبُوا ۔

Marfat.com

احسان کرتا چلا گیا ، تاآنکہ اس پانی پر جا پہنچا جہاں ابن الطویلہ تھا ۔ رات وہاں قیام پزیر رہا ، جب صبح ہوئی تو اس نے چمڑے کا دسترخوان منگوایا اور اس پر کھجوریں پھینکیں جانے کا حکم دیا اور پھر لوگوں کو صبح کے کھانے کی بذریعہ اعلان دعوت دے دی ۔ ابن الطویلہ نے دیکھا تو پتا چلا کہ حاجب ہے ۔ اس نے اہل مجلس سے دعوت کو قبول کرنے کو کہا ۔ حاجب نے اسے اونٹنیاں بطور تحفہ دین اور وہاں سے چل دیا ۔ جب کسریٰ کے پاس پہنچا تو اس کے پاس جان اور مال کی مصیبت کی شکایت کرکے اس کے علاقے میں جا رہنے کی اجازت مانگی ۔ کسریٰ نے کہا ، ''تم عرب لوگ بڑے بے وفا ہو ، اگر میں عربوں کو اجازت دے دوں تو یہ لوگ رعایا کے اندر فساد بپا کریں گے اور لوٹ مچائیں گے'' ۔ حاجب نے کہا ، ''میں ضامن ہوں کہ وہ ایسا نہ کریں گے''۔ کسریٰ نے کہا ، ''اس بات کا کون ضامن ہے کہ تو وفا کرے گا''۔ حاجب نے کہا ، ''میں اپنی کمان تمہارے پاس بطور ضمانت رکھتا ہوں''۔ جب وہ اپنی کمان لے کر آیا تو آس پاس کے لوگ ہنس پڑے ۔ اس پر بادشاہ نے کہا ، ''یہ اپنی کمان تمہارے حوالے کرنے والا نہ تھا ۔ کمان اس سے لے لو[1]''۔

حاجب کی موت کے بعد جب قبیلہ مضر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہؤا تو آپ نے ان کے حق [۱۲۴] میں دعا کی[2] ۔ ازاں بعد حاجب کے ساتھی اپنے اپنے علاقوں میں واپس چلے آئے ۔ حاجب کا بیٹا عطارد اپنے باپ کی کمان لینے کے لیے کسریٰ کے پاس پہنچا ۔ کسریٰ نے کہا ، ''تو نے تو اسے بطور[3] ضمانت نہ رکھا تھا'' ۔ عطارد

---

۱ ۔ العقدالفرید (۲ : ۲۰) میں اس کے بعد یہ الفاظ دیے ہیں :

وَاُذِنَ لَهُمْ اَنْ يَدْخُلُوا الرِّيفَ

۲ ۔ العقد الفرید (۲ : ۲۱) میں اس کے بعد یہ لفظ دیا ہے فَاُحْيُوا (وہ فارغ البال ہوگئے ۔ یا ان کا علاقہ سرسبز ہوگیا) ۔

۳ ۔ بلوغ الارب کے یہ الفاظ ہیں : ما انت بالذی و ضعتها مگر العقد الفرید (۲ : ۲۰) میں یوں ہے : ما انت الذی رهنتها ۔

Marfat.com

نے کہا ، ”یہ درست ہے کہ وہ مر گیا ہے مگر میں اس کا بیٹا ہوں اور بادشاہ کا وفادار ہوں“ ۔ بادشاہ نے کہا ، ”اس کی کمان واپس کر دو“ ۔ نیز اُسے خلعت عطا کی ۔ پھر جب عطارد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہؤا (اور[1] اسلام لایا) تو اس نے یہ کمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کی مگر آپ نے قبول نہ فرمائی ۔ عطارد نے وہی کمان ایک یہودی کے پاس چار ہزار درہم کو فروخت کر دی ۔ حاجب کا یہ واقعہ اس کے اور اس کی قوم کے لیے فخر اور نیک نامی کا باعث بنا ۔ اسی کے متعلق ابوتمام اپنے ایک قصیدے میں کہتا ہے :

إِذَا افْتَخَرَتْ يَوْمًا تَمِيمٌ بِقَوْسِهَا
فِخَارًا عَلَى مَا وَطَّدَتْ مِنْ مَنَاقِبِ

جب کسی روز قبیلہ تمیم من جملہ ان کارناموں کے جو انھوں نے کیے ہیں اپنی کمان پر فخر کرے

فَأَنْتُمْ بِذِي[2] قَارٍ أَمَالَتْ سُيُوفُكُمْ
عُرُوشَ الَّذِينَ اسْتَرْهَنُوا قَوْسَ حَاجِبِ

(تو کون سی بڑی بات ہے) کیونکہ تم تو وہ لوگ ہو جن کی تلواروں نے ان لوگوں کے تختوں کو جھکا دیا ہے جنھوں نے حاجب کی کمان اپنے پاس رہن رکھی تھی

کسی شاعر نے ایک قلندر خوبرو کے متعلق جس نے اپنے ابرو منڈوائے ہوئے تھے شعروں میں حاجب کی کمان کی تلمیح برتی ہے ۔ چنانچہ وہ کہتا ہے :

---

۱ ۔ یہ الفاظ بلوغ الارب میں نہیں ہیں ۔ العقد الفرید (۲ : ۲۰) سے لیے گئے ہیں ۔

۲ ۔ ذی قار کی جنگ میں بنی شیبان نے ایرانیوں پر فتح حاصل کی تھی اور یہ پہلی بار تھی کہ عرب ایرانیوں پر غالب آئے تھے ۔

Marfat.com

حَبِیبِیْ بِحَقِّ اللهِ قُلْ لِیْ مَا الَّذِیْ
دَعَاكَ اِلَی هٰذَا فَقَالَ مُجَاوِبِیْ

اے میرے محبوب تجھے خدا کی قسم مجھے یہ تو بتا کہ تجھے اس بات کے کرنے پر کس چیز نے مجبور کیا تو اس نے جواب دیا

وَ عَدْتُ بِوَصْلِ العَاشِقِیْنَ تَعَطُّفًا
فَلَمْ یَثِقُوْا وَ اسْتَرْهَنُوْا قَوْسَ حَاجِبِیْ

میں نے عنایت کرتے ہوئے عاشقوں کے وصال کا وعدہ کیا مگر انہیں یقین نہ آیا چنانچہ انہوں نے میرے ابرو کی کمان کو گرو رکھ لیا

عربوں کی سچائی ، وفاداری اور پاس عہد و پیمان اور بے وفائی پر زجر و توبیخ کرنے کی حکایات سے تاریخ و ادب کی کتابیں بھری پڑی ہیں۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے ۔

وَ اِذَا الْاَمَانَةُ قُسِّمَتْ فِیْ مَعْشَرٍ
اَوْفٰی بِاَوْفَرِ حَظِّنَا قَسَّامُهَا

جب کسی قوم میں امانت تقسیم کی جائے تو تقسیم کنندہ ہمیں اس کا وافر حصہ دے گا

فَهُمُ السُّعَاةُ اِذَا الْعَشِیْرَةُ اُفْظِعَتْ
وَ هُمْ فَوَارِسُهَا وَ هُمْ حُكَّامُهَا

جب قبیلے پر کوئی مصیبت آ جائے تو یہی (ہمارے آدمی) بھاگ دوڑ کرنے والے ، یہی سوار اور یہی حاکم ہوتے ہیں

وَ هُمْ رَبِیْعٌ لِلْمُجَاوِرِ فِیْهِمِ
وَ الْمُرْمِلَاتِ اِذَا تَطَاوَلَ عَامُهَا

جو لوگ اِن کے یہاں آ کر پناہ لیں یہ ان کے لیے موسم بہار ہوتے ہیں اسی طرح بے کس عورتوں کے لیے بھی پناہ ہوتے ہیں جب ان کا سال لمبا ہو جائے

Marfat.com

عربوں میں سے وہ لوگ جو وفاداری میں مشہور ہوئے اور ضرب المثل بن گئے

انھی میں سے

عوف بن محلم

ہے۔ اس کی وفا کا قصہ یہ ہے کہ مروان القرظ بن زنباع نے بکر بن وائل پر چڑھائی کی۔ وہ اس کی فوج کے نشانِ قدم کا کھوج لگاتے چلے آئے، ان کے ایک آدمی نے اسے قید کر لیا، وہ اسے پہچانتا نہ تھا۔ وہ اسے لے کر اپنی والدہ کے پاس آیا۔ اس کی والدہ نے کہا، ''تو اپنے قیدی پر ایسے فخر کر رہا ہے جیسے تو مروان القرظ کو قید کر لایا ہو''۔ یہ سن کر مروان نے کہا، ''تجھے مروان سے کیا امید وابستہ ہے''۔ عورت نے جواب دیا، ''اس کا زرِ فدیہ بہت زیادہ ہوگا''۔ اس نے کہا، ''تو اس کے فدیے میں کتنی رقم کی امید رکھتی ہے''؟ عورت نے جواب دیا، ''ایک سو اُونٹ''۔ مروان نے کہا، ''میں تمھیں ایک سو اُونٹ اس شرط پر دوں گا کہ تو مجھے عوف بن محلم کی بیٹی خُمَاعہ کے پاس پہنچا دے''۔ اس کا سبب یہ تھا کہ جب لیث بن مالک جو المنزوف[1] ضَرِطًا کے نام سے مشہور ہے مر گیا تو بنو عبس نے اس کے کپڑے، ہتھیار اور گھوڑی لے لی پھر اس کے خیمے کی طرف گئے اور اس کے اہل و عیال کو گرفتار کر لیا اور اس کی بیوی خماعہ بنت عوف بن محلم کا سارا سامان لوٹ لیا۔ خماعہ عمرو بن قارب اور ذؤاب بن اسماء کے ہتھے چڑھی تھی، مروان القرظ نے خماعہ سے پوچھا، ''تو کون ہے''؟ اس نے جواب دیا، ''میں عوف بن محلم کی بیٹی خماعہ ہوں''۔ اس پر مروان نے خُماعہ کو عمرو اور ذؤاب سے چھین لیا کیونکہ 'عوف' قوم کا سردار تھا اور خماعہ

۱۔ المنزوف ضرطا کے لفظی معنی ہیں وہ شخص جو گوز مارتے مارتے مر گیا ہو۔

Marfat.com

کو کہا ، ’’ اپنا چہرہ ڈھانپ لو ۔ خدا کی قسم کوئی عربی اس چہرے کی طرف اس وقت تک نہ دیکھے گا جب تک [۱۲۶] میں تجھے تیرے باپ کے پاس نہ لوٹا دوں‘‘ ۔ اسی خماعہ کی وجہ سے مروان القرظ اور بنی عبس کے درمیان جنگ واقع ہوئی تھی ۔

کہا جاتا ہے کہ مروان نے عمرو اور ذؤاب سے یہ کہا تھا ، ’’خماعہ کا فیصلہ مجھ پر چھوڑ دو‘‘۔ وہ دونوں بولے، ’’اے ابوصہبان ہم نے تجھے ثالث بنا دیا‘‘۔ مروان نے کہا ، ’’میں اسے تم سے ایک سو اُونٹوں کے عوض خریدتا ہوں‘‘۔ اور پھر خماعہ کو اپنے اہل و عیال میں رکھا ۔ جب محرم کا مہینہ آیا تو اسے عمدہ لباس پہنایا ۔ اسے ایک خادم دیا اور عزت افزائی کی ۔ پھر اسے سوق عکاظ میں لے گیا جب اسے لے کر بنی شیبان کی فرود گاہ پر پہنچا تو اس سے پوچھا : کیا تم اپنی قوم کی فرود گاہ اور اپنے باپ کے ڈیرے کو پہچانتی ہو ؟ اس نے کہا ، ’’یہ میری قوم کے ڈیرے ہیں اور وہ میرے باپ کا خیمہ ہے‘‘۔ مروان نے کہا ، ’’اپنے باپ کے پاس چلی جا‘‘۔ وہ چلی گئی اور اپنے باپ سے مروان کے برتاؤ کا ذکر کیا ۔ مروان نے خماعہ کے ضمن میں جو معاملہ اس کے اور اس کی قوم کے درمیان ظہور میں آیا تھا اور پھر جس طرح اس نے خماعہ کو اس کے باپ کے پاس لوٹایا تھا اس واقعہ کے متعلق یہ شعر کہے :

رَدَدْتُ إِلَى عَوْفٍ خُمَاعَةَ بَعْدَ مَا
خَلَاهَا ذُؤَابٌ غَيْرَ خَلْوَةِ خَاطِبِ

میں نے خُماعہ کو اس کے باپ عوف کے پاس لوٹا دیا بعد اس کے کہ ذؤاب اس کے پاس خلوت میں جا چکا تھا اور یہ خلوت شادی کرنے والے کی خلوت نہ تھی

وَ لَوْ غَيْرُهَا كَانَتْ سَبِيَّةُ رُمْحِهِ
لَجَاءَ بِهَا مَقْرُونَةً بِالذَّ وَ ائِبِ

اگر اس نے نیزے سے کوئی اور عورت قید کی ہوتی تو وہ اسے گیسوؤں سے جکڑ کر لاتا

Marfat.com

و لٰکِنّه اَلثقَی عَلَیہا حِجَابَہ،
رَجَاءَ الثَّوَابِ اَو حِذَارَ العَوَاقِبِ
لیکن اس نے جزا کی امید پر یا انجام کے ڈر سے اُس پر اپنا پردہ ڈال دیا
فَدَافَعتُ عَنہَا نَاشِبًا و قَبِیلَہ،[1]
و فَارِسَ یَعبُوب و عمرو بن قَارِب،
میں نے ناشب اور اس کی جماعت کو اس سے پرے ہٹا دیا۔ اسی طرح یعبوب نامی گھوڑے کے سوار اور عمرو بن قارب کو بھی پرے ہٹا دیا

فَفَادَیتُہَا لَمَّا تَبَیَّن نِصفُہَا
بِکُومِ المَتَالِی[2] و العِشَارِ الضَّوَارِب
جب اس کا آدھا حصہ ظاہر ہو چکا تھا تو میں نے اس کا فدیہ ایسی اُونٹنیوں کے ذریعے دیا جن میں سے بعض بڑی کوہان والی تھیں اور ان کے بچے پیچھے پیچھے آ رہے تھے اور بعض دس ماہ کی گابھن تھیں اور اپنی دمیں جھٹک رہی تھیں (تاکہ نر اُونٹ متوجہ نہ ہوں)

صُہَابِیَّۃٍ حُمرِ العَوَانِین و الذُّرَی
مَہَارِشُ اَمثَالُ الصُّخُورِ مَصَاعِب،
یہ اُونٹ صُہاب نامی اُونٹ کی طرف منسوب ہیں۔ ان سب کی ناک اور کوہان سرخ ہیں یا یہ جسیم ہیں، پتھروں کی طرح ٹھوس ہیں ان پر سوار ہونا کسی کے بس کا روگ نہیں۔

اس قصیدے میں ان اشعار کے علاوہ دیگر اشعار بھی تھے
شاعر کی ''تَبَیَّنَ نِصفُہَا'' سے مراد انصاف ہے اور کوم[3]

---

۱ - بلوغ الارب میں قبیلہ کی بجائے قبیلۃ دیا ہے، وہ غلط ہے۔
۲ - ان اشعار کو الوسی نے قطعاً نہیں سمجھا یہی وجہ ہے کہ الفاظ کی جو تشریح دی ہے سراسر غلط اور لکھنے والے کی جہالت پر دال ہے۔
۳ - کُوم کوماء کی جمع ہے جس کے معنی بڑی کوہان والی اُونٹنی کے ہیں۔ الوسی نے سراسر غلط معنی دیے ہیں۔

Marfat.com

کے معنی اُونٹوں کی ایک جماعت کے ہیں ۔ مُتَتالِی[۱] وہ شخص جو گویے کے ساتھ سُر ملا کر آواز نکالتا ہے اور اصہب[۲] اس اُونٹ کو کہتے ہیں جس کے رنگ کی سفیدی میں سرخی ملی ہوئی ہو ، اس طرح کہ اون کا اوپر کا حصہ سرخ ہو اور درمیانی حصہ سفید اور جمل صُہبَابی اس اُونٹ کو کہتے ہیں جس کا رنگ بھورا ہو ۔ العوان[۳] ادھیڑ عمر کی ہر چیز کے اعلیٰ حصے کو ذُروہ ۔ لہٰذا مروان کا خماعہ پر یہ احسان تھا اسی لیے تو اس نے (عوف کی ماں) سے کہا تھا کہ تجھے اتنے اُونٹ

---

۱ - یہ معنی مُتَتالِیٰ کے ہیں (میم پر پیش) اور یہ لفظ مفرد ہے مگر یہاں مَتَتالِیٰ (میم پر زبر) ہے اور یہ جمع ہے مُتْلٍ یا مُتِلَۃ کی ۔ وہ اُونٹنی جس کے پیچھے اس کا بچہ آ رہا ہو ۔

۲ - الوسی نے یہ معنی بھی غلط دیے ہیں ۔ لسان العرب میں ہے اٰبِلٌ صُہَابِیَّۃٌ منسوبۃ الی فحل اسمہ صُہَابٌ قال : و اذا لم یضیفوا الصہابیۃ فہی من اولاد صُہَابٍ ۔

۳ - عوان کی جمع عُوْنٌ آتی ہے عَوَانین نہیں آتی ۔ معلوم نہیں الوسی کس خیال میں بیٹھے یہ شرح لکھ رہے تھے ۔ میں نے اس لفظ کو عرانین (راء کے ساتھ) پڑھ کر ترجمہ کیا ہے اور عرانین عِرنِین کی جمع ہے اور لفظ ذریٰ اس معنی کی تائید کرتا ہے ۔ الوسی نے اچھا کیا کہ اور الفاظ کی تشریح نہیں کی ، ورنہ ان کا بھی یہی حشر ہوتا ۔ الضَوَارب : لسان میں ہے ضربت المخاض اذا شالت بَاذنابہا ثم ضربت بہا فروجہا و مشت فہی ضَوَارِبُ و قیل : الضوارب من الابل التی تمتنع بعد اللقاح اصل کتاب میں مہارش دیا ہے مگر میں نے اسے مہارس سین مہملہ کے ساتھ پڑھا ہے کیونکہ مہارش کے کوئی معنی یہاں چسپاں نہیں ہوتے ۔ مَہَارِس مِہْرَاس کی جمع ہے جس کے معنی خوب کھانے والا اُونٹ ۔ یا ۔ جسیم اُونٹ ہے ۔ اس کی جمع مہاریس آتی ہے مگر یہاں ضرورت شعری کے لیے مہارس پڑھا گیا ۔ مصاعب جمع مُصعَب کی ہے وہ اُونٹ جس پر کسی نے سواری نہ کی ہو اور کبھی کسی نے رسی نہ باندھی ہو جس کی وجہ سے وہ اکھڑ ہو گیا ہو ۔

Marfat.com

مل جائیں گے بشرطیکہ تو مجھے خماعہ بنت عوف بن محلم کے پاس پہنچا دے ۔

وہ بولی ایک سو اُونٹ کا کون ضامن ہے ؟ اس پر مروان نے زمین سے ایک لکڑی اُٹھائی اور کہا ، ''تمھارے لیے یہ اُونٹوں کی ضامن ہے''۔ اس کے بعد وہ عورت اسے لے کر عوف بن محلم کے پاس آئی ، اُدھر سے عمرو بن ہند نے عوف کو پیغام بیھج دیا کہ وہ مروان کو لے کر اس کے پاس آ جائے ۔ عمرو بن ہند ، مروان پر کسی وجہ سے ناراض تھا اور اس نے قسم کھا رکھی تھی کہ وہ اسے اس وقت تک معاف نہ کرے گا جب تک وہ اس کی اطاعت قبول نہ کرے ۔ جب قاصد پہنچا تو عوف نے کہا ، ''میری بیٹی نے اسے پناہ دے دی ہے لہٰذا (اسے عمرو بن ہند کے قبضے میں دینے کی) کوئی صورت نہیں '' ۔ عمرو بن ہند نے کہا ، ''میں تو قسم کھا چکا ہوں کہ جب تک وہ میری اطاعت قبول نہ کرے گا میں اسے معاف نہ کروں گا''۔ عوف نے کہا ، [۱۲۷] ''وہ اپنا ہاتھ تمھارے ہاتھ میں اس شرط پر دے گا کہ میرا ہاتھ دونوں کے ہاتھوں کے درمیان ہو '' ۔ عمرو بن ہند نے اسے منظور کر لیا ۔ عوف مروان کو لایا اور اس نے اس کا ہاتھ عمرو بن ہند کے ہاتھ میں رکھا اور دونوں کے درمیان اپنا ہاتھ رکھا چنانچہ عمرو[1] نے اسے معاف کر دیا اور کہا ، ''لَا حُرَّ بِوَادِی عَوْفٍ[2] اور یہ الفاظ ضرب المثل بن گئے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس وادی میں کوئی ایسا سردار نہیں جو اس (عوف) کی مخالفت کر سکے ۔

مروان کو مروان القَرَظ اس لیے کہا گیا کہ وہ یمن پر چڑھائی

---

۱ - لسان العرب میں مفضل کے حوالے سے اس ضرب المثل کو نعمان بن المنذر کی طرف منسوب کیا ہے اور یہ کہ وہ زھیر بن امیہ شیبانی پر ناراض تھا ۔

۲ - لفظی معنی یہ ہیں کہ عوف کی وادی میں کوئی آزاد نہیں یعنی سب غلام ہیں کیونکہ عوف ان سب پر غالب آ جاتا ہے جو اس کی وادی میں آئیں ۔ لہٰذا اس وادی کے تمام لوگ اس کے لیے غلاموں کے مانند ہیں کیونکہ وہ سارے اس کے مطیع ہیں ۔

Marfat.com

کرتا رہتا تھا اور یمن میں قرظ[1] بہت اُگتا ہے -

اور انھی میں سے

حنظلہ بن عفراء

ہے ــ قالی[2] اپنی کتاب امالی کے ذیل میں کہتا ہے کہ ہم سے ابو بکر بن درید نے بیان کیا - وہ کہتا ہے کہ ہم سے عبدالرحمان نے اپنے چچا سے سن کر بیان کیا - وہ کہتا ہے کہ میرے چچا نے مجھے بتایا کہ میں نے یونس بن حبیب کو کہتے سنا کہ نعمان بن منذر کے دادا المنذر بن ماء السماء کے دو عرب ندیم تھے - خالد بن المضلل اور عمرو بن مسعود الاسدی - شاعر نے اپنے اس شعر میں انھی دو سے مراد لی ہے :

أَلاَ بَكَّرَ النَّاعِيْ بِخَيْرَيْ بَنِيْ أَسَدْ
بِعَمْرِو بْنِ مَسْعُوْدٍ وَ بِالسَّيِّدِ الصَّمَدْ

موت کی خبر دینے والا صبح سویرے ہی سویرے بنی اسد کے دو بڑے عمدہ (جس سے لوگوں کی امیدیں وابستہ ہوئی ہیں) آدمیوں کی موت کی خبر لے کر آیا - ایک عمرو بن مسعود اور دوسرا وہ سردار جس کے پاس

---

۱ - قَرَظ کیکر کی قسم کا ایک درخت ہے جسے سَلَم کہتے ہیں اور اس کے پتوں کو قَرَظ کہتے ہیں - قرظ کے پتے کھال رنگنے میں کام آتے ہیں -

۲ - ابو علی اسماعیل بن القاسم البغدادی القالی ، قالی کی نسبت قالی قلا کی طرف ہے جو دیار بکر کا ایک شہر ہے انھوں نے ابن درید سے تعلیم پائی اور ابویعلی الموصلی اور بغوی سے حدیث سنی - قالی نے لغت میں کتاب البارع لکھی مگر اسے مکمل نہ کر سکا - قرطبہ پہنچ کر امالی لکھوائی - ۳۵۶ھ میں چھیاسٹھ سال کی عمر میں وفات پائی -

Marfat.com

لوگ قصد کرکے جاتے ہیں[1]

ایک رات منذر بن ماء السماء نے ان کے ساتھ مل کر شراب پی مگر ان سے کسی بات پر تکرار ہو گئی ، اسے غصہ آ گیا چنانچہ ان دونوں کو اس کے حکم سے قتل کر دیا گیا اور دونوں کو دو تابوتوں میں رکھ کر کوفے کے باہر دفن کر دیا گیا۔ جب صبح ہوئی اور وہ ہوش میں آیا تو ان کے متعلق دریافت کیا ۔ اسے واقعہ کی خبر دی گئی اس پر وہ نادم ہؤا اور سوار ہو کر ان کی قبروں پر آیا اور دو[2] غریان تعمیر کرنے کا حکم دیا اور اپنے لیے سال میں دو دن مقرر کیے ۔ ایک عذاب کا اور ایک انعام کا ۔ وہ اپنا تخت ان دونوں غریّوں کے درمیان رکھا کرتا تھا ۔ جب انعام کا دن ہوتا تو جو شخص سب سے پہلے آتا درآنحالیکہ وہ اپنے تخت پر بیٹھا ہو تو وہ اسے ایک سو شاہی اونٹ دیتا اور جو شخص عذاب کے دن سب سے پہلے آتا اسے ظَربان[3] کا سر دیتا اور اس کے [۱۲۸] ذبح

---

۱ - یہ شعر سَبُرّہ بن عمرو الاسدی کا ہے اور سید صمد سے مراد ابو مَعْشر خالدابن المضلل سے لی ہے جو بنی اسد کے دو مشہور خالدوں میں سے تھا ۔ دوسرے کا نام خالد بن نضلہ ہے ۔ اس شعر پر مزید بحث کے لیے ملاحظہ ہو شرح امالی : ۹۲۳ ۔ اس شعر کے بعد یہ شعر ہیں :

فَلَا تَسْئَلَانِی ٔ عَنْ ٔ بَیَانٍ فَاِنَّہ‘
اَبُو مَعْشَرٍ لَا ٔ حَیْدَ عَنْہُ وَلَا ٔ صَرَدْ ٔ
اَثَارُوْا بِصَحْرَاء الثَوِیَّةِ قَبْرَہ
وَمَا کُنْتُ ٔ اَخْشٰی اَنْ ٔ یُزَازِیَہُ البَلَدْ ٔ

۲ - غَرِیّ کے لفظی معنی خوبصورت عمارت کے ہیں اور یہاں وہ دو عمارتیں مراد ہیں جن کی تعمیر کا حکم منذر بن ماءالسماء نے دیا تھا ۔ انھیں غری اس لیے کہا گیا کہ جب وہ کسی آدمی کے قتل کا حکم دیتا تو اس کا خون دونوں عمارتوں کو مل دیا جاتا تھا

۳ - ظربان بلّی جتنا ایک جانور ہے (Pole-cat) جس کی گوز سخت بدبوناک ہوتی ہے ۔

Marfat.com

کیے جانے کا حکم دیتا اور اس کا خون دونوں غریوں کو لیپ دیا جاتا چنانچہ جتنا عرصہ اللہ نے چاہا وہ اسی طرح کرتا رہا ۔ ایک بار جب اس کا عذاب کا دن تھا کہ اچانک [1]عَبِید بن الابرص آ پہنچا ۔ بادشاہ نے کہا، ''اے عَبِید کیا کوئی اور قتل ہونے والا نہ تھا''۔ عَبِید نے جواب دیا ، أَتتْکَ بِحَائنٍ رِجْلاَہ (مرنے والے کی دونوں ٹانگیں اسے تمہارے پاس لے آئیں) بادشاہ نے جواب میں کہا ، ''یا یہ کہ موت کا وقت آ پہنچا ہے''۔ پھر کہا، ''اے عَبِید شعر سناؤ''۔ عَبِید نے جواب دیا، ''حَالَ الشَّجَرِیْضُ دُون القَرِیْضِ (شعر سرائی کے اور میرے درمیان غم حائل ہو گیا ہے) نیز کہا : بَلَغَ الحِزَامُ الطُّبَّیَیْنِ (تنگ اونٹنی کے پستانوں تک آ پہنچی ہے یعنی معاملہ حد سے گزر گیا ہے) اس نے پھر کہا ، '' یہ قصیدہ سناؤ ''

أَقْفَرَ مِنْ أَهْلِہٖ مَلْحُوب
فَالقُطَبِیَّاتُ فَالذَّنُوب

ملحوب ، قطبیات اور ذنوب ساکنین سے خالی ہو گئے

عبید نے یہ شعر یوں کہے :

[2]أَقْفَرَ مِنْ أَهلِہٖ عَبِیْد
فَالْیَوْمَ لاَ [3]یُبْدِیْ وَلاَ یُعِیْد

عبید آج تن تنہا رہ گیا اور آج اس کا کوئی حیلہ کارگر نہیں ہو سکتا

---

۱ - عَبِید بن الابرص بن جُشَم بن عامر الاسدی جاہلی شاعر ہے ابودودان اور ابوزیاد کنیت ہے ۔

۲ - محاورہ ہے أَقْفَرَ الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِہٖ : تَفَرَّدَ منهم وبَقِیَ وَحْدَہ

۳ - محاورہ ہے فلان مَایُعِیْدُ ولا یُبْدِیْ : اذا تکن لہ حیلۃ

Marfat.com

عَنَّتْ لَہٗ مُعِنَّۃٌ[1] نکُوْدٌ
وَحَانَ لَہٗ مِنْھَا وَرُوْدٌ

بے خیر اور ہر بات میں دخل دینے والی (موت) پیش آ گئی اور عَبِید کے لیے اس کے وارد ہونے کا وقت آ گیا

بادشاہ نے پھر کہا، ''تمھیں موت آئے شعر سناؤ''۔ عبید نے جواب دیا، المَنَایَا عَلَی الحَوَایَا (خود کردہ را علاجے نیست) یعنی میں نے خود موت کو دعوت دی ہے۔ اس پر لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا، '' تجھے موت آئے، بادشاہ کو شعر سنا''۔ عبید نے جواب دیا، ''لَایَرْحَلُ رَحْلَکَ مَنْ لَیْسَ مَعَکَ '' جو شخص تمھارے ساتھ نہیں وہ تمھارا پالان جانور پر نہیں رکھے گا یعنی مجھے خود ہی سب کچھ بھگتنا ہے۔ یہ سن کر ایک اور شخص نے کہا، '' تو موت سے کس قدر گھبرا رہا ہے۔ اس پر عبید نے یہ شعر کہے:

لَا غَرْوَ مِنْ عَیْشَۃٍ نَافِدَہْ
وَھَلْ غَیْرُ مَا مِیْتَۃٍ وَاحِدَہْ

[۱۲۹] ختم ہو جانے والی زندگی پر کوئی تعجب نہیں اور کیا ایک بار مرنے کے سوا کوئی اور موت بھی ہے

فَاَبْلِغْ بَنِیَّ وَاَعْمَامَھُمْ
بِاَنَّ المَنَایَا ھِیَ الرَّاصِدَہْ

میرے بیٹوں اور ان کے چچوں کو یہ پیغام پہنچا دو کہ موتیں گھات میں بیٹھی ہیں

لَنَا مُدَّۃٌ فَتَنُفُوْسُ العِبَادِ
اِلَیْھَا وَاِنْ کَتَرِھَتْ قَاصِدَہْ

۱۔ مِعَنَّہٗ مؤنث ہے مِعَنّ کی وہ شخص جو ان امور میں دخل دے جن سے اسے کوئی سروکار نہ ہو اور ہر بات میں دخل دے۔

Marfat.com

ان کی ایک (مقررہ) مدت ہے لٰہذا لوگوں کے نفس خواہ وہ اسے ناپسند ہی کیوں نہ کریں موت کا قصد کیے چلے جا رہے ہیں

فَلَا تَجْزَعُوْا لِحِمَامٍ دَنَا
فَلِلْمَوْتِ مَا تَلِدُ الْوَالِدَہ

لٰہذا جو موت قریب آ گئی ہے اس سے گھبرانا نہیں کیونکہ تمام وہ لوگ جنھیں کسی ماں نے جنا ہے موت ہی کے لیے ہیں

منذر نے کہا ، '' موت سے چھٹکارا نہیں ، آج کے دن خواہ میرا باپ میرے سامنے آ جاتا تو میرے لیے اسے قتل کرنے کے سوا اور کوئی چارہ کار نہ ہوتا مگر اب چونکہ تو ہی اس کے لیے ہے اور یہ تیرے لیے لٰہذا ان تین باتوں میں سے کوئی ایک اختیار کر لے ۔ اگر چاہے تو اکحل[1] سے اگر چاہے تو اَبْجل[2] سے اور اگر چاہے تو ورید سے (شاہ رگ سے) '' ۔ عبید نے جواب دیا ، '' یہ تینوں[3] باتیں ایسی ہیں جن کا موت کی طرف لے جانا برا لے جانا ہے اور جن کا چلانے والا برا چلانے والا ہے ۔ ان میں ان کے چاہنے والے کے لیے کوئی بھلائی نہیں ۔ اگر تو مجھے ضرور قتل ہی کرنا چاہتا ہے تو مجھے شراب پلا یہاں تک کہ جب میرے ہوش جاتے رہیں اور اس کی وجہ سے میرے بدن کے جوڑ مردہ ہو جائیں تو پھر جو تمھارا دل چاہے کرنا ۔ اس پر منذر نے اسے اس کی خواہش کے مطابق شراب پلانے کا حکم دیا ۔ جب شراب نے اس پر اپنا اثر ڈال لیا اور پھر اسے

---

۱ - بلوغ الارب میں الا کل چھپا ہے اسے الأکحل پڑھیں ۔ اکحل بازو میں ایک رگ کا نام ہے جسے کاٹنے سے بدن کا سارا خون نکل جاتا ہے اور انسان مر جاتا ہے

۲ - ابجل ٹانگ یا بازوں میں ایک موٹی رگ کا نام ہے جو اکحل کے بالمقابل ہوتی ہے

۳ - میمن نے عبید کا یہ قول اس طرح دیا ہے (شرح امالی :۸۴۵)

ثلاث خصال کسحابات عاد ، واردھا شروارد و حادیھاشرحاد و معاد ھاشرمعاد ولاخیر فیھا لمرتاد

Marfat.com

قتل کرنے کے لیے قریب لایا گیا تو اس نے یہ شعر کہے :

وَخَيَّرَنِيْ ذُوالْبُؤْسِ فِيْ يَوْمِ بُؤْسِهٖ
خِلَالًا أَرَى فِيْ كُلِّهَا الْمَوْتَ قَدْ بَرَقْ

عذاب دینے والے بادشاہ نے عذاب کے دن مجھے چند ایسے امور میں سے ایک کو اختیار کرنے کا اختیار دیا جن میں سے ہر ایک میں مجھے موت چمکتی ہوئی دکھائی دیتی تھی

كَمَا خُيِّرَتْ عَادٌ مِنَ الدَّهْرِ مَرَّةً
سَحَائِبُ مَا فِيْهَا لِذِيْ خِيْرَةٍ أَنَقْ [1]

جس طرح ایک زمانے میں قوم عاد کو ایک بار ان بادلوں میں سے ایک بادل اختیار کرنے کو کہا گیا تھا جن میں سے کسی ایک میں بھی اختیار کنندہ کو خوشی اور سرور حاصل نہ ہو سکتا تھا

سَحَائِبُ رِيْحٍ لَمْ تُوَكَّلْ بِبَلْدَةٍ
فَتَتْرُكَهَا إِلَّا كَمَا لَيْلَةَ الطَّلَقْ [2]

یہ ہواؤں کے وہ بادل تھے کہ انھیں جس شہر پر بھی مسلط کر دیا گیا اسے انھوں نے ایسا کر دیا جیسا طلق کی رات اونٹ کرتے ہیں

پھر منذر نے اس کی رگ کے کھولنے کا حکم دیا اور جب وہ مر گیا تو اس کا خون غریان کو مل دیا گیا اسمٰعیل بن ہبۃ اللہ نے کتاب

---

۱ - الأنق : الا عجاب والفرح والسرور

۲ - وقفہ کے بعد اونٹوں کے چلنے کو طلق کہتے ہیں - اس کی کیفیت یہ ہے کہ اونٹوں اور پانی کے درمیان دو راتوں کا فاصلہ ہو چنانچہ پہلی رات کو لیلۃالطلق کہیں گے - چرواہا اونٹوں کو پانی کی طرف چلنے کے لیے چھوڑ دیتا ہے اور وہ رات بھر چرتے بھی رہتے ہیں - لہٰذا جو چیز بھی راستے میں آتی ہے اسے تباہ کیے جاتے ہیں - اور دوسری رات کو لیلۃ القرب کہتے ہیں -

Marfat.com

الاوائل میں شرقی بن القطامی سے اس حکایت کو اسی طرح روایت کیا ہے، اس وقت تک منذر اُس بری رسم سے باز آ گیا تھا ۔

موصلی نے اپنی کتاب الاوائل میں روایت کیا ہے کہ منذر ایک عرصے تک اس رسم پر قائم رہا یہاں تک کہ قبیلہ طی کا ایک آدمی آیا جسے حنظلہ بن عفراء کہتے ہیں ۔ اس نے بادشاہ کو ابیت اللعن کہہ کر سلام کیا اور کہا ، ”میں آپ کی زیارت کے لیے اور اپنے گھر والوں کے لیے خوراک تلاش کرنے آیا ہوں لہٰذا ان کی خوراک کی تلاش میرے قتل کا سبب نہیں ہونا چاہیے“ ۔ نعمان نے جواب دیا ، ”مگر اس کے سوا تو کوئی چارہ ہی نہیں ہے ہاں قتل ہونے سے پہلے مانگ لے جو کچھ مانگنا ہے وہ میں تجھے دے دوں گا“۔ اس نے کہا ، ”مجھے ایک سال کی مہلت دے تاکہ میں اپنے گھر واپس جا کر اپنے گھر والوں کے معاملات مضبوط کروں اور [۱۳۰] پھر آپ کے پاس لوٹ آؤں گا“ منذر نے کہا ، ”تمہاری واپسی تک تمہارا کون ضامن ہے ؟ اس نے بادشاہ کے ہمنشینوں کے چہروں کی طرف دیکھا اور ان میں سے شریک بن عمرو اور ابوالحوفزان کو پہچان لیا اور پھر یہ شعر کہے :

أَيَا شَرِيكاً يَا ابْنَ عَمْرٍو
هَلْ مِنَ الْمَوْتِ مَحَالَهْ

اے شریک اے ابن عمرو کیا موت سے چھٹکارا ہو سکتا ہے

يَاأَخَا كُلِّ مُصَابٍ
يَاأَخَا مَنْ لَا أَخَالَهْ

اے ہر مصیبت زدہ کے بھائی اور اے ہر اس شخص کے بھائی جس کا کوئی بھائی نہ ہو

يَاآخَاشَيْبَانَ فَكَّ الْيَوْمَ رَهْناً قَدْ أَنَالَهْ

اے بنی شیبان کے ایک فرد آج اس رہن شدہ شخص کو چھڑا دو جس کا وقت آ گیا ہے

Marfat.com

إنّ شَيْبَان قبيلٌ
أكْرَمَ اللهُ رِجَالَهْ

شیبان کے لوگ ایسے لوگ ہیں جن کے آدمیوں کو اللہ نے عزت بخشی ہے

وأبُوک الخَيْرُ عَمْرٌو
وشَرَاحِيلُ التَحَمَالَهْ

تمہارا نیک باپ عمرو ہے اور شراحیل جو لوگوں کی دیتیں اور تاوان ادا کیا کرتا تھا

[1]وفتاک اليَوْمَ فی المَجْدِ وَفِیْ حُسْنِ المَقَالَهْ

آج بزرگی اور حسن مقال میں ان دونوں نے تجھ سے وفا کی ہے

شریک نے یہ سنا اور اچھل کر کہا ، ''اے بادشاہ ! تم پر سلام ہو - اس کا ہاتھ میرا ہاتھ ہے اور اس کا خون میرا خون ، اگر وہ اپنی مقررہ مدت میں واپس نہ آئے'' - اس پر منذر نے اسے چھوڑ دیا - جب اگلا سال آیا اور وہ (حسب معمول) اپنی مجلس میں بیٹھا تھا دیکھا ایک سوار آ رہا ہے - لوگوں نے جب غور سے دیکھا تو وہ حنظلہ تھا جو کفن پہنے اور خوشبو لگائے ہوئے تھا اور اس کے ساتھ ایک نوحہ کرنے والی عورت بھی تھی ، ادھر شریک کا نوحہ کرنے والی عورت بھی نوحہ کرنے کے لیے کھڑی ہو چکی تھی ، جب منذر نے یہ دیکھا تو اُسے ان دونوں کی وفاداری اور شرافت پر بڑا تعجب ہؤا لہٰذا اس نے دونوں کو چھوڑ دیا اور اس رسم کو بند کر دیا -

منذر کے اس رسم کو بندکرنے کے ضمن میں ایک اور سبب بھی بیان کیا گیا ہے - موصلی اور میدانی نے اسے اس مثل کے ماتحت درج کیا ہے

'' وَإنّ غَدًا لِنَاظِرِهِ قَرِيْبٌ ''

اور یہ اس شعر کا ایک ٹکڑا ہے

---

۱ - اصل کتاب میں وفتاک ہی دیا ہے مگر اس طرح کوئی معنی نہیں بنتا ، میں نے وَفَيَاکَ پڑھ کر ترجمہ کیا ہے

Marfat.com

فَاِنْ یَکُ صَدْرُ ھٰذَا الْیَوْمِ وَلّٰی
فَاِنَّ غَدًا لِنَاظِرِہٖ قَرِیْبٗ

اگر اس دن کا ابتدائی حصہ گزر چکا ہے (تو کوئی بات نہیں) کیونکہ کل انتظار کرنے والے کے لیے قریب ہے

میدانی کہتا ہے : سب سے پہلے یہ مثل قُراد بن اجدع نے کہی ۔ اس کا واقعہ یوں ہے کہ نعمان بن منذر اپنے گھوڑے یحموم پر سوار ہو کر شکار کے لیے نکلا ۔ اس نے گھوڑا ایک گورخر کے پیچھے ڈال دیا ، گھوڑا اسے لے کر دور نکل گیا ، گورخر تو قابو میں نہ آیا مگر وہ اپنے ساتھیوں سے الگ ہو گیا ۔ اوپر سے بارش آ گئی ۔ اس نے پناہ گاہ تلاش کی چنانچہ یہ ایک خیمے کی طرف گیا جس میں بنی طیّئ کا ایک فرد حنظلہ نامی مقیم تھا ۔ اس کے ساتھ اس کی والدہ بھی تھی ۔ اسی نے ان سے کہا ، ”کیا کوئی ٹھہرنے کی جگہ ہے“۔ حنظلہ نے کہا ، ”ہاں“ (یہ کہہ کر) حنظلہ نکلا اور (آ کر) اسے اُتار لیا ۔ اس طائی شخص کے پاس ایک بکری کے سوا اور کچھ نہ تھا اور وہ نعمان کو پہچانتا بھی نہ تھا ۔ اس نے اپنی بیوی سے کہا ، ”یہ شخص تو اچھی ہیئت والا دکھائی دیتا ہے ہو سکتا ہے کہ کوئی شریف [۱۳۱] اور صاحب مرتبہ انسان ہو لہٰذا اب کیا کیا جائے“ ۔ بیوی نے کہا ، ”میرے پاس تھوڑا سا آٹا ہے جو میں نے بچا رکھا تھا ۔ تو بکری ذبح کر تاکہ میں آٹے کا [1] ملّہ بناؤں“ ۔ راوی کہتا ہے کہ عورت نے آٹا نکالا اور اس سے روٹی پکائی ۔ طائی نے اٹھ کر پہلے بکری کو دوہا پھر اسے ذبح کیا اور اس کے گوشت سے مضیرہ[2] کا شوربا بنایا ، پھر نعمان کو اس کا گوشت کھلایا اور دودھ پلایا ۔ نیز تدبیر کرکے شراب بھی پلائی اور رات

---

۱ - ملّہ : انگارے یا گرم ریت جس میں روٹی پکائی جاتی ہے ۔ روٹی کو محض ملّہ کہنا درست نہیں خبزُ ملّۃ کہیں گے ۔ اقرب الموارد میں ہے تقول : اطعمنا خبز ملة ولاتقل : اطعمنا ملّۃً لأن الملّۃ الرماد الحارّ وقال ابو عبید : الملّۃ الحفرة نفسها

۲ - مَضِیرۃ : وہ شوربا جو ترش دودھ سے بنایا جاتا ہے ۔

Marfat.com

کا باقی حصہ اس سے باتیں کرتا رہا ۔ جب صبح ہوئی تو نعمان نے اپنا لباس پہنا اپنے گھوڑے پر سوار ہؤا اور کہا ، ''اے قبیلہ طی کے ایک فرد ! میں نعمان ہوں''۔ اپنا صلہ لینے کے لیے آ جانا ۔ اس نے کہا، ''میں انشاء اللہ ایسا ہی کروں گا'' ۔ اس کے بعد گھوڑ سوار آ پہنچے اور نعمان حیرہ کو چلا گیا ۔ اس واقعہ کے بعد ایک عرصہ بیت گیا اور وہ طائی مصیبت و تنگدستی میں مبتلا ہو گیا ۔ اور اس کی حالت زبوں ہو گئی چنانچہ اس کی بیوی نے اس سے کہا ، '' اگر تو بادشاہ کے پاس جائے تو وہ ضرور تجھ سے اچھا برتاؤ کرے گا ۔ وہ حیرہ آیا اتفاق سے وہ دن نعمان کے عذاب کا دن تھا اور وہ ہتھیار لیے گھوڑ سواروں میں کھڑا تھا ۔ جب نعمان نے اسے دیکھا تو اسے پہچان لیا اور اسے اس بات پر غم ہؤا کہ وہ وہاں (اُس دن) پہنچا ہے ۔ نعمان نے کہا ، '' کیا تو وہی طائی ہے جس کے ہاں ہم مہمان اترے تھے'' ؟ اس نے جواب دیا ، ''ہاں'' ۔ نعمان نے کہا ، ''تو کسی اور دن کیوں نہیں آیا''؟ ۔ اس نے کہا ، ''اے بادشاہ سلامت ! مجھے اس دن کا کیا علم تھا''؟ نعمان نے کہا ، '' اللہ کی قسم اگر آج میرا بیٹا قابوس بھی میرے سامنے آ جاتا تو اسے بھی ضرور قتل کر دیتا ۔ لہٰذا دنیا کی جو حاجت ہو مانگ اور جو جی چاہے مانگ کیونکہ تو قتل کر دیا جائے گا'' ۔ اس نے کہا ، ''بادشاہ سلامت ! میں اپنے مرنے کے بعد دنیا کو کیا کروں گا ؟ نعمان نے کہا ، ''اس کی کوئی اور صورت نہیں'' ؟ اس نے کہا ، ''اگر تجھے ضرور قتل ہی کرنا ہے تو پھر مجھے مہلت دو تاکہ میں اپنے گھر جا کر انہیں وصیت کروں ، ان کی حالت درست کروں اور پھر واپس آ جاؤں'' ۔ نعمان نے کہا ، ''اپنے آنے کے معاملے میں کوئی ضامن دو''۔ طائی شریک بن عمرو بن قیس کی طرف متوجہ ہؤا جو بنی شیبان میں سے تھا ۔ ابو الحوفزان اُس کی کنیت تھی وہ بادشاہ کا ردیف ہؤا کرتا تھا اور اس وقت اس کے پہلو میں کھڑا تھا ۔ اس نے اُس سے کہا :

[1] یَاشَرِیکاً یَاابْنَ عَمْرٍو
ھَلْ مِنَ الْمَوْتِ مَحَالَہ

---

۱ - پہلے تین شعروں کا ترجمہ گزر چکا ہے ۔

Marfat.com

يا اخَا كُلّ مُصابٍ
يا أخا مَنْ لاَ اَخَالَهْ

يااخا النعمان فُكّ الْيَوْمَ ضَيْفاً قَدْ اتَى لَهْ
طَالَمَا عَالَجَ كَرْبَ الْمَوْتِ لاَ يَنْعَمُ بَالَهْ

[۱۳۲] مدت تک وہ موت کی مصیبت کا مقابلہ کرتا رہا مگر اس کی حالت اچھی ہونے میں نہ آتی تھی -

شریک نے ضامن بننے سے انکار کر دیا ، پھر اس پر بنی کلب کا ایک فرد جسے قراد بن اجدع کہا جاتا تھا اٹھا اور نعمان سے کہا ، ”بادشاہ سلامت ! اس کی ذمہداری مجھ پر ہے“۔ نعمان نے کہا ، ”کیا تو ضامن ہے“؟ اس نے کہا ، ”ہاں“ اور وہ اس کا ضامن بن گیا ۔ اس کے بعد طائی کو پانچ سو اونٹنیاں دینے کا حکم دیا اور طائی اپنے گھر چلا گیا اور مدت ایک سال تھی ، اُس دن سے لے کر اگلے سال کے اسی دن تک ۔ جب سال گزر گیا اور مدت میں صرف ایک دن باقی رہ گیا تو نعمان نے قراد سے کہا ، ”مجھے تو یہی دکھائی دیتا ہے کہ تو کل قتل ہو جائے گا“ ۔ اس پر قُراد نے کہا :

فَاِنْ يَكُ صَدْرُ هٰذا الْيَوْمِ وَلّى
فَاِنَّ غَـداً لِنَاظِرِهٖ قَرِيْبُ

جب صبح ہوئی تو نعمان اپنے دستور کے مطابق اپنے سواروں اور پیادوں کے ساتھ مسلح ہو کر نکلا اور غَرِیّین کے پاس پہنچ کر ان کے درمیان ٹھہر گیا اور حکم دیا کہ قراد کو باہر لا کر قتل کر دیا جائے ۔ نعمان کے وزراء نے کہا ، ”جب تک دن پورا نہ گزر جائے آپ کو قتل کرنے کا حق نہیں ۔ لہٰذا اسے چھوڑ دیا گیا ۔ نعمان چاہتا تھا کہ قراد کو قتل کر دیا جائے تاکہ طائی کو قتل سے نجات مل جائے ۔ جب سورج قریب غروب ہؤا تو قراد کو ننگا کرکے صرف ایک تہمد میں اس چمڑے پر کھڑا کر دیا گیا جس پر مجرموں کو قتل کیا جاتا ہے ۔ جلاد اس کے پاس کھڑا تھا اس وقت قراد کی بیوی نے آ کے یہ شعر کہے :

Marfat.com

أَيَاعَيْنُ بَكِّي لِي قُرَادَ بْنَ أَجْدَعَا
رَهِينًا لِقَتْلٍ لَا رَهِينًا مُوَدَّعَا

اے آنکھ میری خاطر قراد بن اجدع پر رو وہ ایک قتل کے سلسلہ میں ضامن ہوا تھا۔ وہ ایسا ماخوذ اور قیدی نہ تھا جسے قوم نے (بے یار و مدد گار) چھوڑ رکھا ہو

أَتَتْهُ الْمَنَايَا بَغْتَةً دَوْنَ قَوْمِهِ
فَأَمْسَى أَسِيرًا حَاضِرَ الْبَيْتِ أَضْرَعَا

اس کی قوم سے ورے موت نے اسے اچانک آن لیا ، اور وہ گھر میں موجود ہوتے ہوئے بھی ذلیل و خوار قیدی بن کر رہ گیا

وہ اسی عالم میں تھے کہ یکایک دور سے ایک شخص آتا دکھائی دیا نعمان قراد کے قتل کا حکم دے چکا تھا ۔ کسی نے نعمان سے کہا ، ''جب تک وہ شخص نہ آ جائے تو اُسے قتل نہیں کر سکتا ، تجھے معلوم تو ہو جائے کہ وہ کون ہے'' ، لہٰذا وہ رک گیا یہاں تک کہ وہ شخص آ پہنچا دیکھا تو وہی طائی تھا ۔ نعمان نے جب اسے دیکھا تو اسے اس کا آنا بہت ناگوار گزرا چنانچہ نعمان نے پوچھا ، '' تمھیں کس بات نے وفاداری پر مجبور کیا''؟ اس نے جواب دیا، ''میرے دین نے''۔ نعمان نے پوچھا، ''تمھارا دین کونسا ہے''؟ اس نے جواب دیا ، ''نصرانیت'' ۔ نعمان نے اسے نصرانیت کے بارے میں کچھ بتانے کو کہا ۔ جب اس نے نعمان کو نصرانیت سے آگاہ کیا تو وہ عیسائی ہو گیا ۔ اس کے ساتھ باقی تمام اہل حیرہ بھی عیسائی ہو گئے ۔ اس سے پہلے نعمان عربوں کے دین کا پیرو تھا ۔ اس دن سے اس نے قتل کرنا ترک کر دیا اور اس رسم کو بند کر دیا ۔ غریّین کے گرا دینے کا حکم دیا اور قراد اور طائی دونوں کو معاف کر دیا اور کہا ، '' اللہ کی قسم میں نہیں سمجھ سکا کہ ان دونوں میں سے کون زیادہ وفادار اور زیادہ کریم ہے ۔ کیا یہ شخص جو قتل سے نجات پا جانے کے بعد لوٹ آیا یا یہ [۱۳۳] شخص جو اس کا ضامن بنا ، خدا کی قسم میں تینوں میں سب سے زیادہ کمینہ ہرگز نہ بنوں گا '' ۔ اس پر طائی نے یہ شعر کہے :

Marfat.com

مَاكُنْتُ أُخْلِفُ ظَنَّهُ بَعْدَ الَّذِی
أَسْدَی إِلَیَّ من الفَعَال الحَالِیٖ

اس نے مجھ پر اچھے اور میٹھے احسانات کیے تھے ازاں بعد میں اس کے گمان کو جو اسے میرے متعلق تھا جھٹلا نہ سکتا تھا

وَلَقَدْ دَعَتْنِی لِلْخِلَافِ ضَلَالَتِی
فَأَبَیْتُ غَیْرَ تَمَجُّدِی و فَعَالِیٖ

مجھے میری گمراہی نے وعدہ خلافی کی دعوت دی مگر میں نے اپنی بزرگی اور نکوکاری کی پاسداری کے سوا ہر بات کو رد کر دیا

إِنِّی امْرُؤٌ مِنِّی الوَفَاءُ سَجِیَّةٌ
وَجَزَاءُ كُلِّ مُكَارِمٍ بَذَّالُ[1]

میں وہ شخص ہوں کہ وفا کرنا اور ہر باکرم و سخی شخص کو (مناسب)بدلہ دینا میری (طبعی) خصلت ہے

اسی نے قراد کی مدح میں کہا :

أَلَا إِنَّمَا یَسْمُوْ إِلَی المَجْدِ والعُلٰی
سَخَارِیْقُ أَمْثَالُ القُرَادِ بْنِ أَجْدَعَا

بزرگی اور بلندی (کے مقام) تک قُراد بِن اجدع جیسے سخی ہی پہنچ سکتے ہیں

سَخَارِیْقُ أَمْثَالُ القُرَادِ وأَهْلِهِ
فأَنَّهُمُ الأَخْیَارُ مِن رَهْطِ تُبَّعَا

وہ لوگ قراد اور اس کے گھر والوں جیسے ہی ہو سکتے ہیں وہ قوم تُبَّع کے بہترین افراد میں سے ہیں

بیان ختم ہؤا ــ حقیقت حال کی خبر اللہ کو ہے

---

۱ - بلوغ الارب میں بذالی چھپا ہے اسے بَذَّال, پڑھیں

Marfat.com

اور انھی میں سے

الحارث بن ظالم المری

ہے - اس کی وفا کا واقعہ یہ ہے کہ عیاض بن دَیْشہَث حارث کے چرواہوں کے پاس سے گزرا وہ اس وقت جانوروں کو پانی پلا رہے تھے - اس نے بھی پانی نکالنا چاہا مگر اس کی رسی چھوٹی نکلی چنانچہ حارث سے عاریۃً رسی لی اور اپنی رسی سے ملا کر (پانی نکالا) اور اپنے اونٹوں کو سیر کیا - اس کے بعد نعمان کے بعض خادموں نے اس پر غارت ڈالی اور اس کے اونٹ ہانک کر لے گئے - اس نے شور مچا کر کہا ، ''اے حارث ! اے پناہ دینے والے - حارث نے کہا ، ''میں نے کب تجھے پناہ دی تھی'' ؟ اس نے جواب دیا ، ''میں نے اپنی رسی تمھاری رسی کے ساتھ باندھ کر اپنے اونٹوں کو پانی پلایا تھا ، ازاں بعد جب انھیں اڑا لیا گیا تو وہ پانی ابھی ان کے پیٹ میں تھا - یہ بات سن کر حارث نے کہا ، کعبہ کے رب کی قسم یہ (بات) تو یقیناً پناہ (دینے کے مترادف) ہے - لہٰذا وہ نعمان کے پاس آیا اور کہا ، '' بادشاہ سلامت آپ کے نوکروں نے میرے پناہ گزین عیاض بن دَیْشہَث پر غارت ڈال کر اس کے اونٹ اور (دیگر) جانور ہتھیا لیے ہیں - لہٰذا آپ انھیں واپس کر دیں'' - نعمان نے اس سے کہا ، ''تمھاری جو کھال کمزور ہو گئی ہے تو اسے مضبوط کیوں نہیں کرتا ؟ اس کی اس سے مراد یہ تھی کہ حارث نے خالد بن جعفر بن کلاب کو جو اسود بن المنذر کی پناہ میں تھا قتل کر دیا تھا - حارث نے جواب دیا :

هل[1] تُعِدّون الحِلية الى نفسی

(کیا تم مجھے قتل کرنے کا بہانہ تیار کر رہے ہو)

[۱۳۴] یہ الفاظ ضرب المثل بن گئے - یعنی اگر میں[2] اسے قتل

---

۱ - بلوغ الارب میں اسی طرح دیا ہے مگر درست یوں ہے :
هَلْ تُعِدُّوْنَ الحِيْلَة الى نَفْسِی

۲ - بلوغ الارب میں قتلتها دیا ہے اسے : قتلتُہ' پڑھیں -

Marfat.com

کر دوں تو تو مجھے قتل کر دے گا ۔ نعمان نے اس کے الفاظ پر غور کیا تو عیاض کے اونٹ[1] اور جانور اسے واپس کر دیے ۔ جب [2]سلیمان بن عبدالملک نے یزید بن المہلب[3] سے وفا کی تو فرزدق نے حارث کی وفاداری کی مثال دیتے ہوئے کہا :

لَعَمْرِیْ لَقَدْ اَوْفٰی و زَادَ وَفَاؤُہٗ
عَلَی کُلِّ حالٍ جارَ آل المُہَلَّبِ

اپنی جان کی قسم اس نے آل مہلب کے پناہ لینے والے سے وفا کی ہے اور (حق یہ ہے کہ) ہر حالت میں اس کی وفا زیادہ تھی

کَمَا کَانَ اَوْفٰی اِذْ یُنَادِیْ ابنُ دَیْہَثٍ
وَصِیْرُ مَتْنُہٗ کَ لِمَغْنَمِ المُتَنَہَّبِ

اُس کی وفا اُس وقت بھی بیشتر تھی جب ابن دیہث نے پکارا تھا اور اس کے اونٹوں کا گلہ لوٹے ہوئے مال غنیمت کا سا ہو کر رہ گیا تھا

فَقَامَ اَبُو لَیْلٰی اِلَیہِ ابنُ ظَالِمٍ
وَکَانَ مَتٰی مَایَسْلُلِ السَّیْفَ یَضْرِبِ

(اُس کی پکار سن کر) ابُولیلٰی (حارث) بن ظالم اٹھ کھڑا ہؤا تھا ۔ وہ ایسا شخص تھا کہ جب تلوار سونت لیتا تھا تو پھر ضرب بھی لگاتا تھا ؟ اس کا ذکر میدانی نے اپنی کتاب ' الامثال ' میں کیا ہے

اصبہانی نے اغانی میں اپنی سند سے روایت کی ہے کہ جب حارث بن ظالم المرّی نعمان بن المنذر کے یہاں اُترا ہؤا تھا تو نعمان کے خراج وصول کرنے والے نے بنی مرہ کی ایک عورت کے اونٹ پکڑ لیے جس کا نام دیہث تھا ۔ وہ حارث کے پاس آئی اور اپنا ڈول حارث کے ڈول کے ساتھ لٹکا دیا

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں اھلہ دیا ہے اسے اِبلہ پڑھیں ۔
۲ ۔ سلیمان بن عبدالملک اموی خلیفہ ۹۶ھ تا ۹۹ھ
۳ ۔ یزید بن مہلب مشہور بہادر پسرِ بہادر سپہ سالار جس نے خارجیوں کے ساتھ جنگیں لڑیں ، ۱۰۲ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

اس عورت کے ساتھ اس کا ننھا بیٹا بھی تھا ۔ پھر کہا : اے ابو لیلیٰ ! میں تمھارے پاس مظلوم ہو کر آئی ہوں ۔ حارث نے کہا : جب لوگ اپنے جانوروں کو پانی پلانے کے لیے لائیں تو تُو بلند آواز سے یوں کہنا :

دَعَوتِ بِاللهِ وَلَمْ تُرَاعِمِیْ
ذَلِکِ دَاعِیکِ فَنِعْمَ الدَّاعِیْ

تو نے بے خوف ہو کر اللہ کا نام پکارا ہے وہی تمھارا داعی ہے اور خوب داعی ہے

وتِلکَ ذَوْدُ الحَارِثِ الکُسَاعِیْ
یَمْشِی لَهَا بِصَارِمٍ قَطَّاعِ

یہ اونٹ اس حارث کُساعی کے اونٹ ہیں جو تیز اور براں تلوار لے کر چلتا ہے

یَشْفِیْ بِهٖ مَجَامِعَ الصُّدَّاعِ

اور وہ اس تلوار سے اسی مقام کو شفا دے دیتا ہے جہاں درد سر جمع ہو جاتا ہے (یعنی سر)

اُس عورت کے پیچھے پیچھے حارث بن ظالم (خود بھی) نکل آیا ، اس کے لبوں پر تھا

أنا ابو لَیْلٰی و سیفی المَعْلُوب
کَمْ قَد أجَرْنا من حَرِیْبٍ مَحْرُوبٍ

میں ابو لیلیٰ ہوں اور میری تلوار معلوب ہے ہم نے کئی ایک لٹے ہوئے لوگوں کو پناہ دی ہے

وَکَم رَدَدْنَا من سَلِیْبٍ مَسْلُوب
وطَعْنَةٍ طَعَنْتُهَا بِالمَضْبُوبْ[1]

---

۱ - مجھے مضبوب کے معنی معلوم نہ ہو سکے شاید روایت غلط ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ مضبوب سے مراد الرمح الضبوب ہو یعنی وہ نیزہ جس کے منہ سے خون ٹپک رہا ہو

Marfat.com

ہم نے کئی لٹے ہوئے آدمیوں کا لٹا ہؤا مال لوٹا دیا ہے اور میں نے مضبوب نیزے کے ساتھ بارہا وار کیے

ذَاکَ جَھِیْزُ الْمَوْتِ عِند المکرُوْب

غمزدہ کے لیے یہی فوری موت ہے

پھر کہا : جو اونٹ یا اونٹنی تمھارے پاس لوٹا کر لائی جائے اور جس کی تو شناخت کر لے اسے لے لے - چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا - پھر اس نے اپنی ایک دودھ دینے والی اونٹنی کو دیکھ لیا جس کا دودھ ایک حبشی دوہ رہا تھا لہٰذا کہنے لگی، ''اے ابولیلیٰ! یہ میری اونٹنی ہے''- حبشی نے کہا، ''تو جھوٹ کہتی ہے''- حارث نے کہا، '' اِستالحالب اَعْلَم'' [۱۳۵] دوہنے والے کی دُبر خوب جانتی ہے اور یہ الفاظ مثل بن گئے - ابو عبیدہ کہتا ہے کہ اسی واقعہ کے متعلق فرزدق نے یہ شعر کہے تھے :

لَعَمْرِیْ لَقَدْ اَوْفٰی و زَادَ وفَاؤُہٗ
علی کُلّ جارٍ جارَ آلِ المُھَلَّبِ
کما کَانَ اَوْفَی اِذْ یُنَادِی ابن دیسَمٍ
وصِرْمَتُہٗ کَالْمَغْنَمِ المتنھَّبِ
فَقَام اَبولَیْلٰی اِلَیْہِ ابنُ ظالِمٍ
وَکَانَ اِذَا مَا یَسْلُلِ السیْفَ یَضْرِبِ
وما کان جارٌ غیر دَلْوٍ تَعلَّقَتْ
بِحَبْلَیْنِ فی مُستَحصِدِ القَدِّ مُکرِبِ

---

۱ - ضرب المثل زیادہ تر یوں مشہور ہے :

اِسْتُ البَائِنِ اَعْلَمُ

اونٹنی کو دوہتے وقت دو شخص کام کرتے ہیں ایک شخص برتن اٹھائے رکھتا ہے اور وہ بائیں جانب ہوتا ہے اسے بائن کہتے ہیں اور دوسرا دوہتا ہے اسے سُعلِی اور مُستَعلِی کہتے ہیں -

۲ - پہلے تین شعروں کا ترجمہ پہلے گذر چکا ہے -

Marfat.com

حالانکہ وہ اس کے ہاں پناہ گزین نہ تھا صرف اتنی بات تھی کہ ڈول کی رسی کو دو مضبوط چمڑے کے تسموں سے باندھ کر لٹکا دیا گیا تھا ۔

بیان ختم ہؤا۔اشعار سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ اصبہانی کی روایت زیادہ لائق اعتبار ہے ۔

اور انھی میں سے

ابو حنبل الطائی

ہے ۔ اس کا قصہ یہ ہے کہ امرؤالقیس اس کے ہاں آ کر اترا اور اس کے ساتھ اس کے اہل و عیال بھی تھے ، اور ہتھیار اور مال بھی ۔ ابو حنبل کی دو بیویاں تھیں ایک جَدَلیّہ اور دوسری ثعلبیّہ ۔ جدلیہ نے کہا ،

" اللہ کا دیا ہؤا مال ہے نہ تم سے اس کا کوئی عہد و پیمان ہے نہ پڑوس کا حق ۔ میری رائے تو یہ ہے کہ تو اس مال میں سے خود بھی لے اور اپنی قوم کو بھی دے" ۔ ثعلبیہ نے کہا ، "یہ ایک ایسا آدمی ہے جو (جائے) پناہ میں آ گیا ہے تجھ سے پناہ کا طالب ہے اور اس نے تجھے منتخب کیا ہے ، میری رائے تو یہ ہے کہ تو اُس کی حفاظت کر اور اس کے بارے میں حق وفا ادا کر" ۔ یہ سن کر ابو حنبل اٹھ کر ایک جوان بکری کے پاس گیا ، اُسے دوھا ، اس کا دودھ پیا ، پھر اپنے پیٹ پر ہاتھ پھیرا ، ایک ٹانگ پر چلا اور کہا :

لَقَدْ آلَيْتُ أَغْدِرُ فِي جِذَاعٍ
وَإِنْ مُنِّيتُ أُمَّاتِ الرِّبَّاعِ،

میں نے قسم کھا لی ہے کہ میں بکریوں کے بارے میں بے وفائی نہ کروں گا خواہ مجھے ربیع کے موسم میں پیدا ہونے والے اونٹوں کی ماؤں کی امید کیوں نہ دلائی جائے

لأَنَّ الْغَدْرَ فِي الأَقْوَامِ عَارٌ
وَإِنَّ الْحُرَّ يَجْزِي بِالْكُرَاعِ،

Marfat.com

کیونکہ بے وفائی لوگوں (کی نگاہوں) میں کارِ رسوائی ہے اور مرد
شریف تو ایک پائے کا بھی بدلہ دیتا ہے

اس پر جدلیہ نے اس کی [1]پتلی پنڈلیاں دیکھ کر کہا ، ''اللہ کی قسم میں نے کسی بچانے والے کی ایسی پنڈلیاں نہیں دیکھیں جیسی کہ آج دیکھی ہیں''۔ اس پر ابوحنبل نے کہا ، ''یہ اس شخص کی پنڈلیاں ہیں جس [۱۳۶] نے شر کو چھوڑ رکھا ہے اور یہ الفاظ بھی ضرب المثل بن گئے''۔

شاعر کا مُنَسّیت کہنا اس کے معنی [2]ضُعفت (دگنے دیے جاؤں) کے ہیں ۔ رباع جمع ہے رُبَع کی بروزن صُرَد ۔ اونٹ کا وہ بچہ جو موسم بہار میں پیدا ہؤا ہو ۔ اور یہ پہلا جنم ہوتا ہے ۔

اور انھی میں سے

الحارث بن عباد

ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے [3]قِضّہ کی جنگ میں عدی بن ربیعہ کو قید کر لیا تھا مگر یہ اسے پہچانتا نہ تھا ۔ چنانچہ اس سے کہا ، ''مجھے عدی بن ربیعہ کا پتا بتاؤ''۔ عدی نے کہا ، ''اگرمیں تجھے اس کا پتا بتا دوں تو کیا تو مجھے امان دے دے گا''۔ اس نے کہا ، ''ہاں''۔ اس نے کہا ، ''عوف بن محلم اس کا ضامن ہونا چاہیے'' اس پر حارث بن عباد نے عوف کو حکم دیا اور وہ اس بات کا ضامن بن گیا کہ اگر وہ اسے عدی کا پتا بتا دے تو اسے امان مل جائے گی۔ عدی نے کہا ، ''میں ہی عدی ہوں''۔ اور اس نے اسے چھوڑ دیا ۔ اس واقعہ کے متعلق حارث کہتا ہے :

---

۱ - بلوغ الارب میں خمیشتین خاء معجمہ کے ساتھ چھپا ہے اسے حمیشتین حاء مہملہ کے ساتھ پڑھیں ۔

۲ - الوسی کی اس تشریح کو میں سمجھنے سے قاصر ہوں ۔ معلوم نہیں ان کا دماغ کہاں چکر کاٹ رہا ہے ۔

۳ - قِضّہ کے لفظی معنی اس جگہ کے ہیں جہاں کنکریاں ہوں ۔ یہاں یہ ایک مقام کا نام ہے جہاں بکر اور تغلب کے درمیان جنگ ہوئی تھی ۔

Marfat.com

لَهفَ نَفسِیَ عَلَی عَدِیٍّ وَقَدَ
اشعبَ[1] لِلمَوتِ وَاحتَوَتهُ الیَدَانِ

مجھے عدی کے ضمن میں افسوس ہوتا ہے وہ تو موت کے قریب پہنچا دیا گیا تھا اور میرے قبضے میں آ چکا تھا

اور انھی میں سے

السموأل بن حبان بن عادیاء الیہودی العنسانی

ہے ۔ اس کی وفا کا قصہ یہ ہے کہ جب امرؤالقیس نے قیصر کی طرف چلے جانے کا ارادہ کیا تو اس نے کچھ زرہیں سموأل کے پاس بطور امانت رکھ دیں اور کچھ اُحَیحہ بن الجُلاح کے پاس ۔ جب امرؤالقیس مر گیا تو شام کے ایک بادشاہ نے سموأل پر چڑھائی کی ۔ سموأل نے قلعے میں پناہ لے لی ۔ بادشاہ نے سموأل کے ایک بیٹے کو جو قلعے کے باہر تھا پکڑ لیا ۔ اور پھر سموأل کو بلایا ۔ اس نے قلعے پر سے جھانکا ، تو بادشاہ نے کہا ، ”یہ تمھارا بیٹا میرے قبضے میں ہے تجھے معلوم ہے کہ امرؤالقیس میرا عمزاد اور میرے قبیلے میں سے ہے اور میں اس کی میراث کا نسبتاً زیادہ حقدار ہوں ۔ ان زرہوں کو میرے حوالے کر دو ورنہ میں تمھارے بیٹے کو قتل کر دوں گا“۔ سموأل نے اس سے مہلت مانگی ۔ اس نے مہلت دے دی ۔ سموأل نے اپنے گھر والوں اور عورتوں کو جمع کرکے ان سے مشورہ کیا ۔ ہر ایک نے یہی مشورہ دیا کہ زرہیں دے دو اور بیٹے کو بچا لو ۔ جب صبح ہوئی تو سموأل نے قلعے کے اوپر سے جھانکا اور کہا ، ”زرہیں دینے کی کوئی صورت نہیں لہٰذا تو جو چاہے کر گزر۔ یہ سن کر بادشاہ نے اس کے

---

۱ - بلوغ الارب میں أشعب للموت چھپا ہے ۔ یہ غلط ہے ۔ محمد بہجہ نے بھی اندھا دھند حاشیہ لکھ مارا ہے چنانچہ لکھتے ہیں :

أشعب للموت ای مات اوفارق فراقا لا یرجع

مگر یہ معنی یہاں چسپاں نہیں ہوتے ۔ درست لفظ أسقِبَ ہے أسقَبَہ ، قَرَّبَہ

Marfat.com

بیٹے کو اس کی نگاہوں کے سامنے ذبح کر ڈالا ازاں بعد بادشاہ ناکام واپس چلا گیا ۔ سموأل حج کے موقع پر زرہیں لے کر آ گیا اور امرؤالقیس کے وارثوں کو دے دیں ۔ سموأل نے اسی واقعہ کے متعلق یہ شعر کہے تھے :

وَفَیْتُ بِتَادُرُعِ الکِندِیِّ أِنّی
إِذَا مَا خَانَ أَقْوَامٌ وَفَیْتُ،

[۱۳۷] میں نے کندی کی زرہوں کے ساتھ وفا کی ۔ جب اور لوگ خیانت کریں تو میں وفا کرتا ہوں

وقَالُوا إِنّهُ کَنْزٌ رَغِیْبٌ،
وَلاَ واللهِ أَغدِرُ مَامَشَیْتُ،

لوگوں نے کہا یہ تو بہت ہی وسیع خزانہ ہے ۔ خدا کی قسم جب تک میں زمین پر چلتا ہوں بے وفائی نہ کروں گا

بَنٰی لِیْ عَادِیَا حِصْنًا حَصِیْنًا
وَ بِئراً کُلَّمَا شِئْتُ اسْتَقَیْتُ

عادیا نے میرے لیے ایک مضبوط قلعہ تعمیر کیا اور ایک کنواں کھدوایا میں جب چاہوں اس میں سے پانی نکال لوں ۔

ایک روایت میں انہ[1] ماسا منی ضیمًا أبیت ہے

اسی کے متعلق اعشٰی کہتا ہے :

شُرَیْحُ لاَ تَتْرُکَنِّی بَعْدَ مَا عَلِقَتْ
حِبَالُکَ الْیَوْمَ بَعْدَ الْقِدِ أَظْفَارِی

اے شریح تم مجھے نہ چھوڑنا بعد از آنکہ تمہاری رسیاں کٹنے کے بعد میرے ناخنوں کے ساتھ چمٹ گئی ہیں

کُنْ کَالسَّمَوأَلِ إِذ طَافَ الْهُمَامُ بِهِ
فِیْ جَحْفَلٍ کَسَوَادِ اللَّیْلِ جَرَّارِ

---

۱ - درست ”اذا ماسا مني صُیمًا أبیت“ ہے ۔

Marfat.com

تو سموأل کی طرح بن جا ۔ جب ایک بڑے بادشاہ نے رات کی سیاہی کی طرح کی جرار فوج لے کر اس کا محاصرہ کیا تھا

خَیَّرَہٗ خُطَّتَیْ خَسْفٍ فَقَالَ لَہٗ
مَھْمَا یَقُلْہُ فَاِنِّیْ سَامِعٌ حَارِ[1]

(تو) اس نے اسے ذلت کی دو باتوں میں سے (ایک کو) اختیار کرنے کو کہا ۔ اس نے اس سے کہا جو کچھ کہا (اور کیا) اے حارث میں سن رہا ہوں

فَشَکَّ غَیْرَ طَوِیْلٍ ثُمَّ قَالَ لَہٗ
اِذْبَحْ اَسِیْرَکَ اِنِّیْ مَانِعٌ جَارِیْ

اس نے تھوڑی دیر کے لیے شک کیا پھر کہا ، ” تو اپنے قیدی کو ذبح کر دے میں تو اپنے ہم عہد کے عہد (اپنے پناہ گزیں) کی حفاظت کرتا رہوں گا

اِنَّ لَہٗ خَلَفًا اِنْ کُنْتَ قَاتِلَہٗ
وَ اِنْ قَتَلْتَ کَرِیْمًا غَیْرَ عُوَّارِ

اگر تو اسے قتل کر ڈالے گا تو (اللہ) اس کے بدلے میں اور دے دے گا اگرچہ تو ایک ایسے شریف مرد کو قتل کرے گا جو بزدل نہیں ہے

یہی سموأل اپنے مشہور قصیدے میں کہتا ہے :

اِذَا الْمَرْءُ لَمْ یَدْنَسْ مِنَ اللُّؤْمِ عِرْضُہٗ
فَکُلُّ رِدَاءٍ یَرْتَدِیْہِ جَمِیْلُ

جب تک کسی انسان کی عزت کمینہ پن سے ملوّث نہ ہو جائے وہ جو سی چادر بھی اوڑھے اسے خوب صورت لگتی ہے

---

۱ ۔ کتاب میں جار (جیم کے ساتھ) چھپا ہے اسے حارِ (حاء مہملہ کے ساتھ) پڑھیں اور حار مُرَخَّم ہے حارث سے ۔

Marfat.com

وَ اِنْ هُوَ لَمْ يَحْمِلْ عَلَى النَّفْسِ ضَيْمَهَا
فَلَيْسَ اِلَى حُسْنِ الثَّنَاءِ سَبِيْلُ

اور اگر کوئی شخص اپنے نفس پر ظلم نہیں کرے گا (تکالیف برداشت کرنے اور سخاوت کرنے سے) تو پھر اچھی تعریف حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہیں

تُعَيِّرُنَا أَنَّا قَلِيْلٌ عَدِيْدُنَا
فَقُلْتُ لَهَا : اِنَّ الْكِرَامَ قَلِيْلُ

وہ ہمیں یہ کہہ کے عار دلاتی ہے کہ ہماری تعداد کم ہے ۔ میں نے اس سے کہا : شرفا کم ہی ہؤا کرتے ہیں

وَ مَا قَلَّ مَنْ كَانَتْ بَقَايَاهُ مِثْلَنَا
شَبَابٌ[1] تَسَامٰى فِي[2] الْعُلٰى وَ كُهُوْلُ

(اور پھر) جس قوم کے بقایا ہمارے جیسے ہوں کہ اُن کے جوان اور ادھیڑ عمر کے سبھی افراد بلندیوں کی طرف چڑھے چلے جا رہے ہوں وہ قوم قلیل نہیں (قرار دی جا سکتی)

وَ مَا ضَرَّنَا أَنَّا قَلِيْلٌ وَ جَارُنَا
عَزِيْزٌ وَ جَارُ الْاَكْثَرِيْنَ ذَلِيْلُ

ہمارے کم تعداد ہونے نے ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچایا جبکہ ہمارے یہاں کا پناہ گزین ذی عزت ہوتا ہے حالانکہ اکثر لوگوں کے یہاں کے پناہ گزین ذلیل ہوتے ہیں

لَنَا جَبَلٌ يَحْتَلُّهُ مَنْ نُجِيْرُهُ
مَنِيْعٌ يَرُدُّ الطَّرْفَ وَ هُوَ كَلِيْلُ

---

۱ - شَبَاب جمع ہے شَابٌ کی ۔
۲ - حماسہ میں فی العلی کی بجائے لِلْعُلٰی دیا ہے اور وہ بہتر ہے ۔

Marfat.com

ہمارا ایک پہاڑ ہے جس پر وہی شخص ڈیرہ ڈال سکتا ہے جسے ہم پناہ دیتے ہیں ۔ وہ پہاڑ محفوظ ہے اس کی طرف نظر کرنے والی نگاہ خیرہ ہو کر لوٹ آتی ہے

رَسَا أَصْلُهُ، تَحْتَ الثَّرىٰ و سَمَابِهِ
إِلَى النَّجْمِ فَرْعٌ لَا يُنَالُ طَوِيلُ،

اس کی جڑ پاتال میں (مضبوط) گڑی ہوئی ہے ۔ اس کی چوٹی ثریا تک چلی گئی ہے اور اس قدر بلند ہے کہ کوئی وہاں تک نہیں پہنچ سکتا

وَ إِنَّا لَقَوْمٌ مَا نَرَىٰ الْقَتْلَ[1] سُبَّةً
إِذَا مَا رَأَتْهُ عَامِرٌ و سَلُولُ

[۱۳۸] ہم وہ لوگ ہیں جو قتل ہونے کو عار نہیں سمجھتے حالانکہ عامر اور سلول اسے عار سمجھتے ہیں

يُقَرِّبُ حُبُّ الموتِ[2] آجَالَنَا لَنَا
و تُكْرَهُهُ، آجَا لَهُمْ فَتَطُولُ،

موت کی محبت ہماری موت کو ہمارے قریب کر دیتی ہے

۱- یہاں القتل مصدر مجہول ہے ۔

۲ - آجالنا : لوگوں کو اس شعر میں اکثر غلطی لگ جاتی ہے اور وہ دونوں جگھوں پر اجل کے معنی موت کے کرتے ہیں حالانکہ اجل کے اصل معنی "مدت" کے ہیں لہٰذا اگر "کل مدت" مراد لی جائے تو معنی "مدت عمر یا مدت حیات" کے ہوں گے اور اگر انتہاء مدت مراد لی جائے تو موت مراد ہو گی ۔ چنانچہ شاعر کہتا ہے :

كُلُّ حَيٍّ يُسْتَكْمِلُ مُدَّةَ العُمْرِ و مُؤْدٍ إِذَا انْتَهَىٰ أَجَلُهُ،

ہر زندہ اپنی مدت عمر کو پورا کرتا ہے اور جب یہ مدت عمر ختم ہوتی ہے تو مر جاتا ہے

Marfat.com

اور ان کی مدت حیات موت کو برا سمجھتی ہے لٰہذا لمبی ہو جاتی ہے

وَ مَا مَاتَ مِنَّا سَیِّدٌ حَتْفَ اَنْفِہٖ
وَ لَا طُلَّ[1] مِنَّا حَیْثَ کَانَ قَتِیْلٌ

ہمارا کوئی سردار طبعی موت نہیں مرا اور ہمارا کوئی مقتول ایسا نہیں جس کے خون کا بدلہ نہ لیا گیا ہو خواہ وہیں کہیں بھی قتل ہؤا ہو

تَسِیْلُ عَلَی حَدِّ الظُّبَاتِ نُفُوسُنَا[2]
وَ لَیْسَتْ عَلٰی غَیْرِ الظُّبَاتِ تَسِیْلُ

ہمارے خون تلواروں کی دھاروں پر بہتے ہیں کہیں اور نہیں بہتے

صَفَوْنَا فَلَمْ نَکْدَرْ وَ اَخْلَصَ سِرُّنَا[3]
اِنَاثٌ اَطَابَتْ حَمْلَنَا وَ فُحُوْلُ

ہمارا خاندان پاک و صاف ہے ۔ اس میں گدلا پن نہیں ہے اور ہمارے خالص نسب کو ان نروں نے اور ان ماؤں نے پاک رکھا ہے جنھوں نے ہمارے حمل کو پاکیزہ بنایا

عَلَوْنَا الٰی خَیْرِ الظُّہُوْرِ وَ حَطَّنَا
لِوَقْتٍ اِلَی خَیْرِ الْبُطُوْنِ نُزُوْلُ

ہم بہترین پیٹھوں میں بلند رہے اور اپنے وقت پر بہترین پیٹوں میں اتر آئے

---

۱ - محاورہ میں کہتے ہیں طُلَّ دَمُہٗ ای ھدر و لم یؤخذ بثأرہٖ
۲ - النفوس : الدماء ۔
۳ - السِرُّ محض النسب یقال ھو فی سرّالنسب ای محضہ و السرّ الأصل ۔

Marfat.com

فَنَحْنُ كَمَاءِ المُزْنِ مَا فِي نِصَابِنَا[1]
كَمَا مِنَّا[2] وَ لَا فِينَا يُعَدُّ بَخِيلُ

ہم بادلوں کے پانی کی طرح صاف ہیں ۔ ہمارے خاندان میں کوئی نکما آدمی نہیں اور نہ ہی ہمارا کوئی آدمی بخیل ہے

وَ نُنْكِرُ إِنْ شِئْنَا عَلَى النَّاسِ قَوْلَهُمْ
وَ لَا يُنْكِرُونَ القَوْلَ حِينَ نَقُولُ

ہم اگر چاہیں تو لوگوں کی باتوں کو قبول کرنے سے انکار کر دیتے ہیں مگر جب ہم کوئی بات کہیں تو وہ انکار نہیں کر سکتے

إِذَا سَيِّدٌ مِنَّا خَلَا قَامَ سَيِّدٌ
قَؤُولٌ لِمَا قَالَ الكِرَامُ فَعُولُ

جب ہم میں سے کوئی سردار گزر جاتا ہے تو دوسرا سردار اس کی جگہ کھڑا ہو جاتا ہے جو شرفا کی سی باتیں کہتا بھی ہے اور کرتا بھی ہے

وَ مَا أَخْمَدَتْ نَارٌ لَنَا دُونَ طَارِقٍ
وَ لَا ذَمَّنَا فِي النَّازِلِينَ نَزِيلُ

ہماری آگ کسی رات کے آنے والے کے سامنے سے بجھا نہیں دی جاتی اور نہ کوئی ہمارے ہاں اترنے والوں میں سے کسی اترنے والے نے ہماری مذمت کی ہے

وَ أَيَّامُنَا مَشْهُورَةٌ فِي عَدُوِّنَا
لَهَا غُرَرٌ مَعْلُومَةٌ وَ حُجُولُ

دشمن کے ساتھ جو ہماری جنگیں ہوئیں ہیں وہ مشہور ہیں ان جنگوں کے چہرے اور پاؤں کے نشان معلوم ہیں (لوگ ان سے بخوبی آگاہ ہیں)

---

١ - النصاب : الأصل ۔
٢ - كَهَام : رجل كَهَام مُسِنٌّ لَا غِنَاءَ عِنْدَهُ ۔

Marfat.com

وَاسْيَا فُنَا فِي كُلِّ غَرْبٍ وَ مَشْرِقِ
بِهَا سِنٌ قِرَاعِ الدَّارِ عِيْنٌ فُلُوْلٌ

ہماری تلواریں مغرب و مشرق میں مشہور ہیں ۔ ان میں ذرہ پوشوں پر وار کرتے رہنے سے دندانے پڑ گئے ہیں

مُعَوَّدَةٌ أَنْ لَا تُسَلَّ نِصَالُهَا
فَتُغْمَدَ حَتّٰى يُسْتَبَاحَ قَبِيْلٌ

یہ تلواریں اس بات کی عادی ہو چکی ہیں کہ جب انھیں میان سے نکالا جائے تو پھر جب تک کسی جماعت کو قتل نہ کیا جا چکے انھیں میان میں داخل نہ کیا جائے

سَلِيْ إِنْ جَهِلْتِ النَّاسَ عَنَّا وَعَنْهُمُ
فَلَيْسَ سَوَاءٌ عَالِمٌ وَ جَهُوْلٌ

(اے طعنہ دینے والی عورت) اگر تجھے معلوم نہیں تو ہمارے اور ہمارے دشمن کے متعلق لوگوں سے پوچھ کیونکہ جاننے والا اور نہ جاننے والا یکساں نہیں ہوتا

فَأَنَّ بَنِي الدَّيَّانِ قُطْبٌ لِقَوْمِهِمْ
تَدُوْرُ رَحَا هُمْ حَوْلَهُمْ وَ تَجُوْلُ

---

۱ - شرح امالی (۵۹۵) پر درج ہے کہ اس قصیدے کے کہنے والے کے متعلق اختلاف پایا جاتا ہے ۔ بعض اسے عبد اللہ بن عبد الرحمٰن یا ابن عبد الرحیم الازدی کی طرف منسوب کرتے ہیں اور ازدی اسلامی عہد کا شاعر ہے ۔ بعض سموأل بن غریض بن عادیا یہودی کی طرف منسوب کرتے ہیں ۔ میمن کی رائے میں یہ قصیدہ لجلاج حارثی کا قصیدہ ہے جس کی دلیل وہ آخری شعر سے لیتے ہیں کیونکہ دیان یزید بن قطن بن زیاد بن الحارث الاصفر بن مالک بن ربیعہ بن کعب بن الحارث الاکبر ہے ۔ ابو عبید آخری شعر کی تشریح میں لکھتے ہیں : یرید انھم اھل حضر و قصور و جنّات و انھم لایظعنون فی طلب نجعة کما تفعل الأعراب ۔

Marfat.com

(لوگ تجھے بتائیں گے) کہ بنی السّریان اپنی قوم کے لیے قطب اور مرکز کی حیثیت رکھتے ہیں ، اور ان کی چکی انھی کے گرد گھومتی ہے

[۱۳۹] اور انھی میں سے

فکیہہ بنت قتادہ بن مشنوء

ہے — یہ فُکیہہ طَرفہ کی خالہ تھی ۔ کیونکہ طرفہ کی والدہ وردہ بنت قتادہ ہے ۔ اس کی وفا کا واقعہ یہ ہے کہ سُلیک بن سُلَکہ نے بکر بن وائل پر چڑھائی کی ۔ مگر آہستگی سے کام لیا ، تاہم وہ لوگ ایسے نہ ہوئے کہ یہ فائدہ اُٹھا سکتا ۔ انھوں نے چشمے پر ایسے قدموں کے نشانات دیکھے جنھیں وہ پہچانتے نہ تھے لہٰذا چھپ کر بیٹھ گئے اور اسے مہلت دی یہاں تک کہ وہ چشمے پر آیا ، پانی پیا اور خوب سیر ہوگیا ۔ اب انھوں نے اس پر حملہ کر دیا ۔ یہ بھاگا لیکن پیٹ بوجھل ہونے کی وجہ سے نہ بھاگ سکا ۔ لہٰذا فکیہہ کے خیمے میں گھس گیا اور اس سے پناہ طلب کی ۔ اس نے اسے اپنی قمیص کے اندر لے لیا ۔ لوگ اس کے پیچھے آئے تو اسے فکیہہ کے کپڑے کے نیچے پایا ۔ چنانچہ انھوں نے فکیہہ کی اُوڑھنی اتار دی ۔ فکیہہ نے اپنے بھائیوں اور بیٹوں کو پکارا اس پر دس آدمی آ گئے لہٰذا اس نے سلیک کو حملہ آوروں سے بچا لیا ۔ سلیک اس کے بعد کہا کرتا تھا : جب اس نے مجھے اپنی قمیص کے نیچے داخل کر لیا تو میں نے اپنی پیٹھ پر اس کے چوتڑوں کا کھردرا پن محسوس کیا ۔

اسی کے متعلق سلیک کہتا ہے :

لَتَعْمُرُ أَبِيكَ و الأَبناء تُمْثَنٰى
لَنِعْمَ الْجَارُ أُخْتُ بنى عَوارا

تمھارے باپ کی قسم ، خبریں تو بیان کرنے کے لیے ہی ہوتی ہیں
بات یہ ہے کہ بنی عوار کی عورت اچھی پناہ دینے والی تھی

Marfat.com

عَنَيْتُ بِهَا فَكَيْهَةَ حِيْنَ قَامَتْ
لِنَصْلِ السَّيْفِ وَ انْتَزَعُوْا الخمارا

میری مراد فکیہہ سے ہے - جب اس نے اُٹھ کر تلوار لی اور حملہ آوروں نے اس کی اُوڑھنی اتار دی

مِنَ الخَفِرَاتِ[1] لَمْ تَفْضَحْ أَخَاهَا
وَ لَمْ تَرْفَعْ لِوَالِدِهَا شَنَارَا

یہ ان باحیا عورتوں میں سے ایک ہے جس نے اپنے بھائی کو رسوا نہیں کیا اور نہ اس کے باپ تک اُس کے متعلق کوئی عیب لگانے والی بات پہنچی ہے

اور انھی میں سے

ام جمیل

ہے — یہ ابو ہریرہ کی قوم دَوس میں سے تھی - وہ لوگ سراۃ کے باشندے تھے - اس کی وفا کا قصہ یہ ہے کہ ہشام بن الولید بن المغیرہ المخزومی نے ابو زہیر زہرائی کو جو ازد شنوءۃ میں سے تھا قتل کر دیا - ابو زہیر ابو سفیان بن حرب کا خسر تھا - جب سراۃ میں اس امر کی خبر اُس کی قوم کو ملی تو انھوں نے ضرار بن الخطاب پر قتل کرنے کی نیت سے حملہ کر دیا - وہ دوڑ کر ام جمیل کے گھر چلا گیا اور اس کے پاس پناہ لے لی - کسی نے اس پر تلوار سے وار کیا تو تلوار کی دھار دروازے پر جا لگی - ام جمیل ان کے سامنے کھڑی ہو گئی اور ان کو پرے دھکیل دیا ، پھر اپنی قوم کو پکارا ، انھوں نے اس کی خاطر ضرار

---

۱ - اس لفظ کی تشریح میں محمد بہجۃ اثری لکھتے ہیں یقال خفرت الرجل حمیته وَ اَجَرْتُه' من طالبه - محمد بہجہ اس لفظ کو قطعاً سمجھ نہیں سکا - محاورہ یوں ہے خَفِرَت الجارية خَفَرًا و خَفَارة : استحيت اشد الحياء فهى خَفِرٌ و خَفِرَةٌ -

Marfat.com

کو بچا لیا ۔ جب عمر بن الخطاب رض خلیفہ بنے تو ام جمیل نے سمجھا کہ وہ ضرار کے بھائی ہیں لہٰذا وہ آپ کے پاس مدینے آئی ۔ حضرت عمر رض کو اس واقعہ کا علم تھا ۔ آپ نے فرمایا میں اس کا صرف مسلمان ہونے کے معاملے میں بھائی ہوں ۔ نیز یہ کہ وہ غازی ہے اور جو احسان تو نے اس پر کیا ہے ہمیں اس کا اعتراف ہے ۔ ازاں بعد حضرت عمر رض نے ام جمیل کو ایک راہگیر جانتے ہوئے کچھ عطا کر دیا ۔

عربوں کا دیگر اقوام کے مقابلے میں زیادہ غیرت مند ہونا

[۱۴۰] اس کی وجہ یہ ہے کہ انھیں اپنے نسب کی حفاظت کرنے کی اشد ضرورت تھی چنانچہ انھوں نے اسے محفوظ رکھنے کی انتہائی کوشش کی ۔ اسی وجہ سے انھوں نے اپنی مدافعت کی اور کسی بادشاہ کو اپنے اُوپر مسلط نہ ہونے دیا اور لوگوں کی ایذا رسانی کو روکے رکھا تاکہ اس طرح سے وہ اپنے مخالفین کے خلاف مدد حاصل کر سکیں اور اپنے دشمنوں کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کر سکیں ۔ نسبی الفت کی وجہ سے ان کی حالت یہاں تک پہنچ گئی کہ وہ طاقتور کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کرتے تھے ۔ اسی نسبی الفت کی بدولت وہ اپنا حکم ایک جابر حاکم کی طرح چلاتے تھے اس لیے کہ قریب کی رشتہ داری کے عالم میں لوگ ایک دوسرے کے ہمدرد ہوتے ہیں ۔ اس امر کی بنیاد غیرت پر ہے ، اور نسب کو غیرت ہی سے محفوظ کیا جا سکتا ہے جیسا کہ ظاہر ہے کیونکہ بیویوں کی تعظیم کی خاطر غصے کے بھڑکنے کا نام غیرت ہے ۔ اللہ تعالٰی نے اس قوت کو انسان کے لیے اپنے پانی (اپنی نسل) کی صیانت کا سبب اور نسب کی حفاظت کا ذریعہ بنایا ہے ۔ اسی لیے کہا جاتا ہے کہ ہر وہ قوم جس کے آدمیوں میں غیرت ہوگی ان کی عورتوں میں اپنے آپ کو عیب سے بچانے کی خصلت پائی جائے گی ۔ غیرت کے معاملے میں وہ حد سے تجاوز کر گئے تھے یہاں تک کہ وہ اس خیال سے کہ ان کی وجہ سے کہیں انھیں عار لاحق نہ ہو جائے وہ اپنی

Marfat.com

بیٹیوں کو زندہ دفن کر دیتے تھے - جب ہم اُن اعمال کا ذکر کریں گے جنھیں اسلام نے باطل قرار دے دیا تھا تو اس بارے میں ان کے طرز عمل کی تفصیل بیان کریں گے -

عربوں کا سب سے پہلا قبیلہ جس نے بیٹیوں کو زندہ در گور کیا وہ ربیعہ تھا - اس کا سبب یہ ہؤا کہ کسی قبیلے نے ان پر لوٹ مار کے لیے یورش کی - ان کے امیر کی بیٹی بھی لوٹ میں چلی گئی - صلح کے بعد اس امیر نے اسے واپس مانگا - لڑکی کو اختیار دیا گیا کہ وہ چاہے تو اپنے باپ کے پاس چلی جائے اور چاہے تو اسی کے پاس رہے جس کے یہاں تھی - لڑکی نے انھی لوگوں کے پاس رہنا پسند کر لیا - جس کے یہاں تھی ، اسے اپنے باپ پر ترجیح دی - اس پر امیر کو سخت غصہ آ گیا اور اپنی قوم کے لیے بچیوں کے زندہ دفن کرنے کی رسم جاری کر دی - مطلب یہ کہ انھوں نے یہ کام محض غیرت کی بنا پر کیا تھا اور اس ڈر سے کہ کہیں آئندہ بھی اسی قسم کا کوئی واقعہ پیش نہ آ جائے - پھر یہ رسم دوسرے عربوں میں بھی پھیل گئی -

عرب اپنی نخوت اور غیرت ہی کی وجہ سے اپنی آزاد اور شریف عورتوں کو کنایۃً ''بَیْضٌ'' کہتے ہیں - قرآن مجید میں بھی یہ کنایہ استعمال میں آیا ہے چنانچہ ارشاد ہؤا :

كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَكْنُونٌ

(گویا وہ چھپائے ہوئے انڈے ہیں)

امرؤ القیس کہتا ہے :

وَ بَيْضَةِ خِدْرٍ لَا يُرَامُ خِبَاؤُهَا
تَمَتَّعْتُ مِنْ لَهْوٍ بِهَا غَيْرَ مُعْجِلٍ

کئی ایک خیمہ کی خوب صورت اور شریف زادیاں تھیں جن کے خیمے کا کوئی شخص قصد نہ کر سکتا تھا میں نے ان کے ساتھ لہو و لعب میں مزے لیے اور دیر تک لیے ، (مجھے کوئی خوف نہ تھا کہ جلدی کرتا)

Marfat.com

عرب ان کے لیے کنایة کے طور پر " نخلہ " کا لفظ بھی استعمال کرتے ہیں چنانچہ ایک عرب کہتا ہے :

أَلاَ يَا نَخْلَةً مِنْ ذَاتِ عِرْقٍ
عَلَيْكِ وَ رَحْمَةُ اللهِ السلام

[۱۴۱] اے ذات عرق کی نخلہ تجھ پر اللہ کا سلام اور رحمت ہو

سَأَلْتُ النَّاس عَنْكِ فَخَبَّرُونِي
هَنَا مِن ذاك تكرهه الكِرَام

میں نے تمہارے متعلق لوگوں سے پوچھا تو انھوں نے تمہارے متعلق فحش باتیں بتائیں جنھیں شرفا ناپسند کرتے ہیں

وَ لَيْسَ بِمَا أَحَلَّ اللهُ بَأْسٌ
إِذَا هُوَ لَمْ يُخَالِطْهُ الحَرَام

جو چیزیں اللہ نے حلال کی ہیں ان میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ ان میں حرام بات نہ مل جائے

کیونکہ اس شاعر نے یہاں "نخلہ" سے کنایتہً عورت مراد لی ہے، اور هناة سے زنا - عرب هناة کی قسم کے الفاظ کنایے کے طور پر استعمال کرتے رہتے ہیں - نخلہ سے کنایةً عورت مراد لینا نہایت عمدہ اور عجیب و غریب کنایہ ہے - ابن الاعرابی نے بنی مرة بن عوف کے ایک شخص کے یہ شعر پیش کیے ہیں جن میں اس نے نخلتین سے کنایتہً دو عورتیں مراد لی ہیں :

أيا نَخْلَتَيْ[1] أَوْلٍ إِذَا كَانَ فِيكُمَا
جَنَايَ فَانْظُرَا مَنْ تُطْعِمَانِ جَنَاكُمَا

---

۱ - لسان العرب میں یہ شعر بھی مرقوم ہے :
أيا نَخْلَتَيْ أَوْلٍ سَقَى الأَصْلَ مِنْكُمَا
مَفِيضُ الرُّبَى وَ المُدْجِنَاتُ ذَرَاكُمَا

Marfat.com

اے مقام اَوْل کے دو کھجور کے درختو ! جب تمھیں پھل لگا ہؤا ہے تو دیکھ لیا کرو کہ تم کسے پھل کھلاتی ہو

وَ یَا نَخْلَتَیْ اَوْلٍ اِذَا ھَبَّتِ الصَّبَا
وَ اَمْسَیْتُ مَقْرَورًا ذَکَرْتُ ذَرَا کُمَا

اے مقام اول کی دو نخلہ جب بادِ صبا چلتی ہے اور مجھے سردی لگتی ہے تو مجھے تمھارا پہلو یاد آتا ہے

وضاح الیمن[1] کہتا ہے :

أیانَخْلَتَیْ وَادی بُوَانَةَ حَبَّذَا
اِذَا نَامَ حُرَّاسُ النَّخِیلِ جَنَاکُمَا

اے وادیٔ بوانہ کی دو نخلہ جب نخلستان کے پاسبان سو جائیں تو تمھارا پھل کیا ہی عمدہ لگتا ہے

بُوانہ باء کی پیش کے ساتھ ایک جگہ کا نام ہے
اسی طرح ''سرحہ'' کے لفظ سے بھی کنایتہً عورت مراد لی جاتی ہے

[2]حُمید بن ثور کہتے ہیں :

أَبَی اللہ اِلاَّ اَن سَرْحَةَ مَالِکٍ
عَلَی کُلِّ اَفْنَانِ العِضَاہِ تَرُوْقُ

---

۱ - اصل کتاب میں وضاح الیمنی چھپا ہے جو غلط ہے - اس کا اصلی نام عبدالرحمٰن بن اسمٰعیل بن عبد کُلاَل ہے - اسے اس کی خوبصورتی کی وجہ سے وضاح کہا گیا - یہ ام البنیں بنت عبدالعزیز بن مروان زوجہ ولید بن عبدالملک کے متعلق عشقیہ اشعار کہا کرتا تھا اسی وجہ سے ولید نے اسے قتل کر دیا تھا ، یہ ان تین شخصوں میں سے تھا جنھیں فسق کی وجہ سے قتل کیا گیا باقی دو کے نام یہ ہیں یسار الکواعب اور عبدِ بنی حسحاس - (شرح ذیل الامالی : ۸۴)

۲ - حُمید بن ثور بن عبداللہ بن عامر عہد اسلامی کا شاعر ہے - ابو لاحق کنیت ہے اصابہ اور استیعاب میں انھیں صحابہ میں شمار کیا گیا ہے -

Marfat.com

خدا کو ہر بات سے بڑھ کر یہ بات پسند تھی کہ اس کے مالک کی عورت کیکر کے درخت کی تمام شاخوں سے زیادہ خوشنما معلوم ہوتی ہے

فَيَا طِيبَ رَيَّاها ويَا بَرْدَ ظِلِّها
إِذَا حَانَ مِنْ شَمْسِ النَّهارِ شُرُوقُ

طلوع آفتاب کے وقت اس کی خوشبو کس قدر مہک رہی ہوتی ہے اور اس کا سایہ کس قدر ٹھنڈا ہوتا ہے

فَهَلْ أَنَا إِنْ عَلَّلْتُ نَفْسِي بِسَرْحَةٍ
مِنَ السَّرْحِ مَسْدُودٌ عَلَيَّ طَرِيقُ

اگر میں سرحہ کے درختوں میں کسی ایک درخت (یعنی کسی عورت) سے دل بہلاؤں تو کیا میرے لیے راستہ بند ہوگا

حَمَى ظِلَّهَا شَكْسٌ الخَلِيقَةِ طَائِفٌ
عَلَيْهَا عُرَامٌ[1] الطَّائِفِينَ شَفِيقُ

ایک بد خو اس کے گرد چکر لگانے والا اس کے سائے کی حفاظت کرتا ہے وہ دیگر چکر لگانے والوں کے لیے اذیت کا سبب ہے اور اس سرحہ پر مہربان ہے

فَلَا الظِّلُّ مِنْ بَرْدِ الضُّحَى تَسْتَطِيعُهُ
وَلَا الفَيْءُ مِنْ بَرْدِ العَشِيِّ تَذُوقُ

لہٰذا تو نہ تو چاشت کی ٹھنڈک کا سایہ (حاصل کرنے) کی طاقت رکھتا ہے اور نہ ہی شام کی ٹھنڈک کا سایہ چکھ سکتا ہے

حُمَید اسی قسم کے کنائے کے متعلق یہ بھی کہتے ہیں :

تَجَرَّمَ أَهْلُوهَا لَئِنْ كُنْتَ مُشْعِراً
جَنُوناً بِها يَا طُولَ هَذَا التَّجَرُّمِ

---

۱ - العُرَام : الاَ ذی ۔ لسان العرب میں طائف کی بجائے حائط دیا ہے جس کے معنی محافظ کے ہیں اور وہی معنی یہاں بہتر معلوم ہوتے ہیں ۔

۲ - محاورہ ہے
تَجَرَّم علیہ : ادّعی علیہ الجرم وان لم یُجرم
کسی پر بے جرم ارتکابِ جرم کا الزام لگانا ،

Marfat.com

ابن قتیبہ نے روایت کی ہے کہ ایک شخص[1] نے عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کی طرف یہ شعر لکھ کر بھیجے

---

۱ - لسان العرب (ما د ہ ا ز ر) میں اس شخص کا نام ابو المنہال بُقیلہ الاکبر الاشجعی دیا ہے۔ واقعہ یوں ہے کہ جعدۃ بن عبداللہ السُّلَمی بقیلہ کے شہر کا حاکم تھا ۔ جب لوگ جہاد کے لیے چلے جاتے تو یہ ان کے بعد ان کی بیویوں کو سلع کی طرف باہر نکال دیتا اور ان کی ٹانگیں رسی سے باندھ دیتا اور کہتا جو پاک دامن ہوگی وہی عِقال (رسی) میں چل سکے گی ۔ بعض اوقات وہ گر جاتیں اور ان کا ستر کھل جاتا ۔ یہ واقعہ بقیلہ نے لکھ کر حضرت عمرؓ کو بھیجا :

ألا أبلغ ابا حفص رسولاً
فِدیً لک من اخی ثقہ إزاری[۸]
قلائصِنا ھدَاکَ اللہ إنا
شُغلنا عنکم زمَن الحِصار
فما قُلُصٌ وُجدن معقلاتٍ
قفَاً سَلْع بمختلف النِجار
قلائصُ من بنی کعبِ بن عمرو
وإسلم او جھینۃ أو غِفار
یُعقلھُنّ جَعدۃ من سُلیم
غَوِیٌّ یبتغی سَقَطَ العَذَاری[۸]
یعِقّلھُنّ ابیضُ شَیظمِیٌ
وبِئس مُعَقِّلُ الذَّوْدِ الخِیار

جب حضرت عمر نے ان اشعار کو پڑھا تو اس حاکم کو معزول کر دیا ۔ دریافت کرنے پر اس نے اپنے جرم کا اعتراف کر لیا ۔ چنانچہ اسے ایک سو درے ٹانگوں میں رسی باندھ کر مارے گئے اور جلا وطن کرکے شام بھیج دیا گیا ۔ (نیز ملاحظہ ہو الروض ؛ ۱ : ۲۷۶)

Marfat.com

قَـلاَ ئِـصَنَـا هَدَاکَ اللہ إنّـا
شَغَلْنَا عَنکُم، زَمَنَ الحِصَـار،

خدا تیرا ہادی ہو ہماری بیویوں کا خیال رکھ - ہم محاصرے کے زمانے میں تم لوگوں سے غافل ہو کر جنگ میں مشغول رہے

فَمَـا قُلُصٌ وُجِدْنَ مُعَقَّلاَتٍ
قَفَـا سَلْعٍ بمختَلَفِ النِجَـار،

ان عورتوں کا کیا حال ہے جن کی ٹانگیں سلع کی پچھلی جانب اس راستے پر جہاں سے لوگ نِجار کو آتے جاتے رہتے ہیں رسیوں سے باندھی ہوئی پائی گئیں

یُعَقّلُهُـنّ جَعْـدٌ شَیظَمِیّـیٌ
وبِئس مُعَقّلُ[1] الذّوْدِ الظُؤَار،

[۱۴۳] انھیں جعد جو بڑا جسیم شخص ہے رسیوں سے باندھتا ہے - وہ بہت ہی برا آدمی ہے کہ وہ مامتا کی ماری عورتوں کی بھی ٹانگیں رسیوں میں کس دیتا ہے

ابن قُتَیبَہ کہتا ہے کہ شاعر نے قُلُص سے جس کے معنی جوان

---

۱ - عَقَلَ اور عَقّلَ کے معنی ہیں اونٹ کی ٹانگ کو دوہرا کرکے باندھ دینا - اونٹنیوں کو جفتی کے لیے ایسا باندھا جاتا ہے - لسان العرب میں اس شعر کی تشریح میں لکھا ہے : یعنی
نساءٌ معقّلات لأزواجهن کما تعقّل النوق عندالضِراب ..اراد انہ یتعرض لهن فکنٰی بالعَقل عن الجماع أی انّ ازواجهـن یعقلونهن و هو یُعقلهنّ ایضاً کأنّ البدءَ للازواج والإعادة له
الظُؤَار بهجة اثری نے اسے ظِئر کی جمع بتایا ہے ، حالانکہ یہاں ایسا نہیں ہے - یہاں ظُؤَار ظَؤُورٌ کی جمع ہے ، لسان العرب میں الظؤُور من النوق التی تعطف علی ولد غیر ها أوعلی بَوٍّ تقول ظُئِرت فاظّئرت فهی ظَؤُورٌ و مظؤورو جمع الظؤور أظآر وظُؤَارٌ پھر اس کی تائید میں یہی شعر پیش کیا ہے راجع لسان مادہ ظ ء ر -

Marfat.com

اونٹنیاں ہیں عورتیں مراد لی ہیں ۔ حضرت عمر ان اشعار کا مطلب سمجھ گئے اور آپ نے جعدہ کو درے لگا کر شہر بدر کر دیا ۔

عربوں کی غیرت اور نخوت ہی کی وجہ سے ان کے یہاں یہ دستور تھا کہ جب وہ کسی پانی پر آتے تو پہلے مرد آتے پھر نوکر اور چرواہے ۔ جب یہ تمام لوگ جا چکتے تو عورتیں آتیں ۔ یہ نہاتیں ، کپڑے دھوتیں اور بغیر کسی کھٹکے اپنے آپ کو پاک صاف کرتی تھیں ۔ لہٰذا اگر کوئی پیچھے رہ جاتا یہاں تک کہ عورتیں بھی چلی جاتیں تو یہ اس کے لیے انتہائی ذلت کی بات ہوتی ۔ اسی بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے عمرو بن معدیکرب کی بہن کبشہ نے یہ اشعار کہے تھے جن میں سے ایک شعر یہ ہے :

وَلَا تَرِدُوْا اِلَّا فُضُوْل نِسَائِکُمْ
اِذَا ار تَمَلَّتْ اَعْقَبَا بُهُنَّ مِنَ الدَّمِ

اور تم گھاٹ پر اپنی عورتوں کے بچے کھچے پانی پر وارد ہو ۔
جب ان کی ایڑیاں خون آلودہ ہو چکی ہوں

غیرت کو ہر اس چیز کی حفاظت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جس کا محفوظ رکھنا تینوں قسم کی سیاست میں انسان پر لازم ہے یعنی سیاست نفس ، سیاست منزل اور سیاست شہر و جاگیر ۔ اسی لیے کہا جاتا ہے کہ [۱۴۴] غیرت یہ نہیں کہ انسان ہر کمزور آدمی کی مدافعت کرے ۔ اگر کوئی شخص کسی انعام کا مستحق نہ ہو اور اسے انعام مل جائے تو اس پر کسی شخص کا برا ماننا بھی غیرت ہے ۔ غیرت اگرچہ ایک ایسی انسانی قوت ہے جس کا پایا جانا ہر قوم کے اندر ضروری ہے مگر یہ عربوں میں بہت زیادہ پائی جاتی ہے چنانچہ جو شخص ان کے کسی ایک شخص کے گھر میں

---

۱ ۔ ابو عبید بکری (شرح امالی : ۴۴۸) اس شعر کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں :
یرید اذا فعلتم هذا فلا تألفوا من شئی واغشوا نساءکم و هُن حُیَّضٌ والفضول هُنَا بقایا الحَیْض وجَعَلَ الغِشیان وِرْداً مجازاً وقیل فضول ما اغتسلن به فیکون وردُه حقیقة

Marfat.com

داخل ہو جاتا اور اس کے صحن میں پناہ لے لیتا تو وہ اس کے اس فعل کو قابل احترام جانتا ۔ اسے ہمسائگی اور عہد و پیمان کے مترادف جانتا ، حد یہ ہے کہ ایسا عمل وحشی جانوروں اور کیڑوں مکوڑوں سے سرزد ہوتا جب بھی احترام کیا جاتا ، چنانچہ ان میں سے بعض لوگوں کو اسی وجہ سے مُجِیرُ الجَرَاد (مکڑی کو پناہ دینے والا) مُجیرالغَزَال اور مُجِیرالذِّئب وغیرہ کہا گیا ۔

ان کی امثال میں ہے :

أَحمٰی مِن مُجِیر الجَرَاد

(مکڑی کو پناہ دینے والے سے بھی زیادہ پناہ دینے والا)

کہتے ہیں کہ یہ شخص مُدلج بن سُوید طائی تھا ۔ اس کا قصہ جیسا کہ ابن الاعرابی نے ابن الکلبی کی روایت سے نقل کیا ہے یہ ہے کہ مدلج ایک روز اپنے خیمے میں اکیلا بیٹھا ہؤا تھا ۔ اچانک کیا دیکھتا ہے کہ قبیلہ طی کے کچھ لوگ اپنے برتن لیے ہوئے آ گئے ہیں ۔ اُس نے اُن سے دریافت کیا کہ معاملہ کیا ہے انھوں نے جواب دیا تمھارے صحن میں مکڑی آ گئی ہے ۔ ہم اسے پکڑنے آئے ہیں ۔ یہ سن کر وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہو گیا نیزہ ہاتھ میں لے لیا اور کہا ، ''خدا کی قسم اگر کسی نے ان کو ہاتھ لگایا تو میں اسے قتل کر دوں گا ۔ باوجود اس کے کہ تم نے انھیں میری پناہ میں دیکھا ہے تم انھیں پکڑنا چاہتے ہو'' سوید ان کی پاسبانی کرتا رہا یہاں تک کہ سورج کی گرمی تیز ہو گئی اور مکڑی اُڑ گئی ۔ اس وقت وہ بولا ، ''تم جانو اور تمھارا کام ، اب یہ میری پناہ سے نکل کر چلی گئی ہے'' ۔

بعض کہتے ہیں کہ یہ پناہ دینے والا ابو حنبل حارثہ بن مر تھا ۔ اس کے متعلق قبیلہ طی کا ایک شاعر کہتا ہے :

ومِنّـا ابنُ مُـرٍّ أبُـو حَنْبَـلٍ
أَجَارَ عَلَی النّاس رِجْلَ الجَرَادِ

Marfat.com

ابُو حنبل ابن مر ہمیں میں سے تھا جس نے لوگوں کے خلاف ٹڈی دل کو پناہ دی

وَ زَیْدٌ لَنَا وَ لَنَا حَاتِمٌ
غِیَاثُ الوَرَیٰ فِی السَّنِیْنِ الشِّدَادِ

زید ہمارا ہے حاتم بھی ہمارا ہے ، جو قحط سالی کے زمانوں میں لوگوں کا فریاد رس تھا

ایک اور ضرب المثل ہے :

اَحْمٰی مِنْ مُجِیْرِ الظُّعْنِ

(ہودہ میں بیٹھی ہوئی عورتوں کو پناہ دینے والے سے بھی زیادہ حمایت کرنے والا) ۔

وہ [1] ربیعہ بن مکدم کنانی تھا اس کا واقعہ یوں ہے جیسا کہ

---

۱ - ربیعہ بن مکدم جذل الطعان کی اولاد میں سے تھا ۔ یہ مضر کے بہادروں اور چوٹی کے شہسواروں میں سے تھا ۔ جاہلی زمانے میں گزرا ہے ۔ روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عمرو بن معدیکرب سے پوچھا ، ''تم نے کسی کو بہادر ترین آدمی دیکھا'' ۔ عمرو نے جواب دیا ، ''میں نے ایک بار چڑھائی کی تو راستے میں میں نے تین نہایت خوبصورت لڑکیاں دیکھیں ۔ انھوں نے ایک اور لڑکی کی طرف اشارہ کیا ، وہاں ایک خوبصورت نوجوان تھا جس سے میرا مقابلہ ٹھن گیا۔ اس نے مجھے تین بار حملہ کرنے کی اجازت دی ۔ میں حملہ کرتا اور وہ بچاؤ کر لیتا بالآخر میں ہار گیا ۔ اب مجھے ڈر تھا کہ کہیں مجھے وہ مار نہ ڈالے مگر اس نے یہ کہہ کر مجھے چھوڑ دیا کہ مجھے تو تمہارے جیسے آدمی کو قتل کرنے سے شرم آتی ہے ۔ اس کے یہ الفاظ میرے لیے قتل ہونے اور مرنے سے بھی زیادہ سخت تھے۔ میں نے جب دریافت کیا تو وہ ربیعہ بن مکدم تھا ۔ اللہ کی قسم یہ ان تمام لوگوں میں سے زیادہ بہادر تھا جنھیں میں نے دیکھا''۔

Marfat.com

ابو عبیدہ ، نے بیان کیا ہے کہ نُسبَیشہ بن حبیب السُلَمی چڑہائی کرکے نکلا ۔ کَدِیْد کے مقام پر اُسے بنی کنانہ کی کچھ ہودہ نشین عورتیں ملیں اس نے ان سب کو اپنے قبضے میں لے لینا چاہا ۔ ربیعہ بن مکدم نے جو ابھی بچہ ہی تھا اور زلفیں رکھی ہوئی تھیں چند سواروں کے ساتھ مل کر اسے روکا ۔ نُسبَیشہ نے اس پر حملہ کرکے اس کے بازو پر نیزہ مارا ۔ ربیعہ اپنی والدہ کے پاس آیا اور کہا :

شُدِّی عَلَیَّ العَصْبَ اُمَّ سَیَّارْ
فَقَدْ رُزِئتِ فَارِساً کالِدّ یُشْنَارْ

اے ام سیار مجھے پٹی باندھ دے ، تجھ پر خالص دینار کی طرح کے سوار کی مصیبت آ گئی ہے

والدہ نے جواب دیا :

اِنّا بنی رَبِیْعَۃَ بن مَالِکِ
مُرَزَّؤا خِیَارِنَا کَذَلِکِ
من بَیْنِ مَقْتُولٍ وبَیْنِ هَالِکِ

ہم بنی ربیعہ بن مالک کے لوگ ہیں ہم پہ اپنے بہترین آدمیوں کی مصیبت اسی طرح وارد ہوتی ہے

کچھ ان میں سے قتل ہوتے ہیں اور کچھ مر جاتے ہیں

اس کے بعد اس نے پٹی باندھ دی ۔ پھر پینے کو پانی مانگا ۔ والدہ نے کہا ، ''جا جا کر ان لوگوں سے جنگ کر کیونکہ یہ پانی تو کہیں جانے کا نہیں'' ۔ اس نے واپس جا کر اُن لوگوں پر حملہ کیا اور [۱۴۰] انھیں ان عورتوں سے دور ہٹا دیا ۔ پھر لوٹ کر ان عورتوں کے پاس آیا اور کہا ، ''جو زخم مجھے لگے ہیں ان کی وجہ سے میں مرنے والا ہوں مگر مرنے کے باوجود میں تمھاری اسی طرح حفاظت کروں گا جس طرح زندگی میں کی تھی ، اس طرح کہ میں گھاٹی پر اپنے گھوڑے کے ساتھ کھڑا ہوں گا اور اپنے نیزے کا سہارا لے لوں گا ، اگر مر گیا تو نیزہ

Marfat.com

میرے لیے ستون کا کام دے گا ۔ لہٰذا تم بھاگ جاؤ کیونکہ دن کے کچھ حصے تک میں ان لوگوں کو تم سے ہٹائے رکھوں گا'' چنانچہ عورتوں نے گھاٹی کو عبور کر لیا اور ان لوگوں کے سامنے اپنے نیزے کا سہارا لیے اپنے گھوڑے پر جا رہا ۔ آخر سارا خون نکل جانے کے باعث وہ مر گیا مگر وہ لوگ اس کی موجودگی میں آگے بڑھنے سے ہچکچا رہے تھے ۔ جب انھوں نے دیکھا کہ وہ دیر تک اپنی جگہ پر کھڑا ہے اور اپنی جگہ سے نہیں ہٹتا تو انھوں نے اس کے گھوڑے کو تیر مارا ۔ وہ اچھلا اور ربیعہ منہ کے بل گر گیا ۔ اس کے بعد انھوں نے عورتوں کا تعاقب کیا مگر ان تک نہ پہنچ سکے ۔ اس کے بعد حفص بن الا خیف الکنانی ربیعہ کی نعش کے پاس سے گزرا ۔ اس نے اسے پہچان لیا چنانچہ اس نے حرّہ (پتھریلی زمین) کے پتھر اکٹھے کر کے اس کے اوپر رکھ دیے اور اس کا یوں مرثیہ کہا :

لاَ یَبْعُدَنَّ[1] ربیعةُ بن مکدّم
وَسَقَیَ الغَوَادِیْ[2] قَبْرَہٗ بِذَنُوبِ

---

۱ - بلوغ الارب (۲ : ۱۳۴ - ۱۳۷) میں درید ین الصمہ کے بیان میں مذکور ہے کہ ہودے والی عورت اس کی بیوی تھی ۔ ان اشعار سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ربیعہ مر چکا تھا اور پتھر اس کی قبر پر پہلے ہی سے رکھے ہوئے تھے ۔ الوسی نے لکھا ہے کہ حفص بن اخیف نے اسے دفن کیا اور اس پر پتھر رکھے ۔ اشعار کے بیان اور الوسی کے بیان میں صرف یوں مطابقت ہو سکتی ہے کہ یہ اشعار حفص نے کسی دوسرے موقع پر کہے ۔ یہ اشعار حماسہ باب المراثی میں دیے ہیں ۔ شروع میں ان اشعار کا سبب یوں دیا ہے کہ ربیعہ کی قوم بنو فراس نے اسے سیاہ پتھروں کے نیچے دفن کر دیا تھا اور درمیان میں سفید پتھر رکھ دیے تھے ۔ اس کے بعد جو شخص بھی وہاں سے گزرتا وہ اپنی اونٹنی ذبح کر دیتا ۔ شرفا کی قبروں پر اونٹنی ذبح کرنا عربوں کا دستور تھا ۔ چنانچہ جب حفص کا وہاں سے گزر ہؤا تو اسے لمبا سفر درپیش تھا اس لیے وہ اپنی اونٹنی ذبح نہ کر سکا اور اظہار عقیدت و ادب کے طور پر یہ شعر کہہ دیے ۔

Marfat.com

خدا کرے ربیعہ بن مکدم ہلاک نہ ہو اور خدا کرے صبح کے آنے والے بادل اس کی قبر کو بڑے ڈول بھر بھر کر سیراب کریں

نَفَرَتْ قُلُوصِی مِنْ حِجَارَةِ حَرَّةٍ
بُنِیَتْ عَلَی طَلْقِ الیَدَیْنِ وَهُوبِ

میری اونٹنی حرّہ کے پتھروں سے بھاگی جو بڑے سخی اور عطیے دینے والے شخص کے اوپر رکھے ہوئے تھے

لَا تَنْفُرِی یَا نَاقُ مِنْهُ فَإِنَّهُ
شِرِّیبُ خَمْرٍ مِسْعَرٌ لِلْحُرُوبِ

اے میری اونٹنی تو اُس سے بھاگ نہیں کیونکہ یہ تو بہت شراب پینے والا اور بڑا جنگجو تھا

لَوْلَا السِّفَارُ وَ بُعْدُ خَرْقٍ مُهْمَهٍ
لَتَرَکْتُهَا تَحْبُو عَلَی العُرْقُوبِ

اگر سفر اور وسیع بیابان کی مسافت نہ ہوتی تو میں اسے رینگتا ہؤا چھوڑتا (یعنی ذبح کر دیتا)

ابو عبیدہ[1] کہتا ہے کہ ابو عمرو بن العلاء[2] کا قول ہے کہ ہمیں معلوم نہیں کہ ربیعہ بن مکدم کے سوا کسی اور مقتول نے عورتوں کی حفاظت کی ہو (لٰہذا وہ اس لقب سے ملقّب ہؤا ہو)

---

۱ - ابو عبیدہ : مشہور لغوی اور صاحب تصانیف جن سے بخاری نے تفسیر قرآن میں بعض مقامات کا حل نقل کیا ہے - ۲۱۰ھ میں وفات پائی -

۲ - ابو عمرو بن العلا التمیمی المازنی البصری - سات مشہور قاریوں میں سے تھے کہا جاتا ہے کہ ابھی ان کا ختنہ نہ ہؤا تھا کہ انھوں نے علوم کا مطالعہ کرنا شروع کر دیا تھا - قرآن ، عربیت ، شعراء اور ایام عرب کے علم میں ان کے لگے کا کوئی نہ تھا - چوراسی ۸۴ برس کی عمر میں ۱۵۴ھ میں وفات پائی -

Marfat.com

علاوہ ازیں ام عامر (بجسّو) کے پناہ دینے والے کا قصہ بھی مشہور ہے ۔ مگر اس کا ذکر باعثِ طوالت ہوگا ۔

ان کے ہاں اس غصے کو جو غیرت کا تقاضا کرے حفیظہ کہا جاتا ہے چنانچہ عربوں کا محاورہ ہے اَحفَظَنِی[۸] فُلاَن یعنی اس نے مجھے ایسا غصہ دلایا جس نے قوتِ حفظ کو بھڑکا دیا ۔

[۱۴۶] القصہ بات یہ ہے کہ جب عرب کامل ترین عقل و دانش والے ، طرّار ترین زبان والے اور رسا ترین ذہن والے ٹھہرے تو اس کا حتمی نتیجہ یہی ہونا چاہیے تھا کہ انھیں دیگر ہر قسم کی فضیلت بھی حاصل ہو جاتی ، اور ہر کار نمایاں کی انجام دہی کا جوہر انھیں ورثے میں مل جاتا ۔ کیونکہ انسان کے اندروں میں چمکنے والی عقل کے ذریعے علم ، معرفت ، درایت ، حکمت ، ذکاء ، ذہن ، فہم ، فطنت ، جودتِ نظر ، جودتِ فہم ، تخیل ، بداہت ، ذکاوت ، خیر ، ظنِ صحیح ، فراست ، صحتِ تخمین ، پیش بینی ، قیافہ شناسی ، الہام ، دقت نظر ، دقت رائے ، خوش تدبیری ، صحت فکر ، عمدہ یادداشت ، عمدہ حافظہ ، بلاغت ، فصاحت اور دیگر پسندیدہ اخلاق اور قابل تعریف اعمال حاصل ہوتے ہیں ۔ ظاہر ہے کہ اسلام سے پہلے بھی ان کی طبیعت میں نیکی کو قبول کرنے کی صلاحیت موجود تھی مگر وہ نیکی کرنے سے معطل پڑی تھی ۔ ان کے پاس آسمان سے اترا ہؤا کوئی علم نہ تھا نہ ہی کسی نبی سے حاصل کی ہوئی کوئی شریعت تھی اور نہ وہ کسی خالص عقلی علم میں مشغول ہوئے تھے مثلاً طب ، حساب وغیرہ ۔ ان کا علم صرف وہ علم تھا جو ان کی طبیعت نے انھیں عطا کر رکھا تھا مثلاً شعر اور خطبے یا وہ علم تھا جو انھوں نے اپنے انساب اور جنگوں کے متعلق محفوظ کر رکھا ہے یا جس کی انھیں دنیاوی امور میں ضرورت پڑتی تھی مثلاً انواء[۱]

---

۱ - عربوں کے ہاں یہ ایک قسم کا ستاروں کا علم تھا ۔ اس طرح کہ ایک ستارہ صبح کے وقت مغرب میں غروب ہو اور اسی وقت دوسرا ستارہ مشرق میں طلوع ہو وغیرہ ۔ انواء کا علم بارش کے نازل ہونے کے متعلق تھا جس کی عربوں کو اشد ضرورت رہتی تھی ۔

Marfat.com

اور ستاروں کا علم یا معرکوں کا علم وغیرہ امور جن کی تفصیل انشاءاللہ ان کے علوم کے تذکرے کے ضمن میں آگے آئے گی۔

پھر جب اللہ تعالیٰ نے محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدایت دے کر بھیجا، وہ ہدایات جسے اللہ نے دنیا میں ایک علامت بنا دیا اور جس سے زیادہ جلیل القدر اور عظیم دوسری کوئی چیز نہیں ہو سکتی تو عربوں نے یہ علم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اُن ؐ کی سخت کوششوں کے بعد حاصل کیا اور آپ ؐ کو انھیں جاہلیت کی عادات سے منتقل کرنے اور ان کو کفر کی تاریکیوں سے نکالنے کے لیے جنھوں نے ان کے دلوں کو اپنی اصلی فطرت سے دور ہٹا رکھا تھا کئی جھگڑے کرنے پڑے، مگر جب انھوں نے آپ ؐ کی وہ عظیم راہ ہدایت قبول کر لی تو ان کے دلوں سے زنگ زائل ہو گیا۔ وہ آپ ؐ کی ہدایت کے فیض سے نورانی ہو گئے اور اس عظیم ہدایت کے مطابق عمل پیرا ہو پڑے۔ یہ سب کچھ (ان کی) اُسی قابلِ تعریف فطرت کی وجہ سے ظہور میں آیا، چنانچہ ان کے اندر دو کمال اکٹھے ہو گئے ایک اس قوت کا کمال جو اللہ نے ان کے اندر پیدا کر رکھی تھی اور دوسرے وہ کمال جو اللہ نے نازل فرمایا تھا۔ ان کی مثال بمنزلہ اس زمین کے تھی جو بذاتِ خود تھی تو عمدہ [۱۴۷] مگر غیر مزروعہ پڑی تھی، لہٰذا اس میں کیکر اور جھاڑیاں اُگ پڑی تھیں اور وہ سؤروں اور درندوں کا گھر بن چکی تھی، مگر جب [۱۴۷] اسے موذی درختوں اور جانوروں سے پاک کر دیا گیا اور اس میں بہترین غلے اور پھل بو دیے گئے تو اس سے ایسے کھیت تیار ہو گئے جن کی مثال نہیں مل سکتی۔ چنانچہ سب سے پہلے حلقۂ ایمان میں داخل ہونے والے مہاجرین اور انصار انبیا کے بعد افضل ترین مخلوق بن گئے۔ اُن کے بعد وہ لوگ افضل ترین انسان بنے جنھوں نے روشن شریعت کو اپنایا خواہ وہ عربی تھے خواہ عجمی۔ شریعت میں یہ بھی آیا ہے کہ قریش تمام عرب میں افضل ہیں اور بنی ہاشم قریش میں افضل ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنی ہاشم میں افضل ہیں لہٰذا آپ اپنی ذات میں ان سب سے افضل اور نسب کے اعتبار سے سب

Marfat.com

سے بلند ہیں - پہلے عربوں کی فضیلت پھر قریش کی پھر بنی ہاشم کی، یہ محض اس لیے نہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُن میں سے تھے اگرچہ یہ بات بھی ایک طرح سے وجہ فضیلت ہے تاہم عرب بذات خود دیگر لوگوں کے مقابلے میں بیشتر فضیلت کے مالک ہیں - یہیں سے یہ بات ثابت ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ذات کے اعتبار سے بھی اور اپنے نسب کی رو سے بھی افضل تھے ، بصورت دیگر دور لازم آئے گا جو فلاسفہ کے ہاں محال ہے -

''وہ مناظرہ جو عربوں کے بارے میں نعمان بن المنذر اور کسریٰ کے درمیان ہؤا،،

بہت سے مؤرخین نے ذکر کیا ہے اور ان میں ابن عبدربّہ[1] بھی ہے جس نے اپنی تاریخ میں وہ واقعہ لکھا ہے جس کی روایت ابن القطامی نے کلبی[2] کے حوالے سے کی ہے - وہ کہتا ہے کہ نعمان بن المنذر ، کسریٰ کے پاس آیا - اس وقت اس کے پاس روم ، ہند اور چین کے وفد آئے ہوئے تھے اور انھوں نے اپنے اپنے بادشاہوں اور ملکوں کے متعلق جو کچھ چاہا بیان کیا - نعمان نے عربوں پر اظہار فخر کیا اور کہا

---

۱ - ابن عبدربہ : احمد بن محمد بن عبدربہ القرطبی - قرطبہ کے رہنے والے تھے اور ان کا شمار وہاں کے فضلا میں ہوتا ہے - یہ العقد الفرید کے مصنف ہیں اور یہاں تاریخ سے یہی کتاب مراد ہے - عمدہ شعر کہتے تھے - انھوں نے بقی بن مخلّد اور محمد بن وضاح سے حدیث سنی - بیاسی[۸۲] سال کی عمر میں ۳۲۸ھ میں وفات پائی - اس مناظرہ کے لیے ملاحظہ ہو العقد الفرید ۶ : ۴ - ۱۹

۲ - کلبی - ہشام بن محمد بن السائب الکلبی اخباری اور نسب دان تھے - کتاب الجمہرہ فی النسب کے مصنف ہیں - ان کی ایک سو پچاس[۱۵۰] سے زائد تصانیف ہیں - ۲۰۴ھ میں وفات پائی -

Marfat.com

کہ وہ تمام قوموں سے افضل ہیں اور اس ضمن میں ایران یا کسی بھی اور قوم کو مستثنٰی قرار نہ دیا ۔ کسریٰ کی شاہی حمیت نے جوش مارا ۔ چنانچہ اس نے کہا ،

''اے نعمان میں نے عربوں اور دیگر اقوام کے بارے میں غورکیا ہے اور جن لوگوں کے وفد میرے پاس آئے ہیں میں نے ان کے احوال پر بھی نظر دوڑائی ہے ۔ میں نے دیکھا ہے کہ رومیوں میں قومی اتحاد ، عظیم سلطنت ، شہروں کی کثرت اور مضبوط عمارتیں پائی جاتی ہیں نیز یہ کہ ان کا مذہب ایسا ہے جو حلال و حرام کی وضاحت کرتا ہے ۔ بیوقوفوں کو (بے وقوفی سے) روکتا ہے اور جاہلوں کو سیدھا کر دیتا ہے ۔ میں نے اہل ہند کو بھی اپنی حکمت اور طب میں ایسا ہی پایا ہے ۔ مزید برآں ان کے یہاں بہت سے دریا اور پھل پائے جاتے ہیں ۔ ان کی صنعت عجیب وغریب ہے ۔ ان کے درخت عمدہ ہیں ۔ ان کا حساب دقیق اور گنتی بہت زیادہ ہے ۔ یہی حال چین والوں کا ہے [۱۴۸] ان کی جمعیت ، آلات[1] حرب ، لوہے کی صنعت اور ان کی دستکاری بہت زیادہ ہے ، مزید برآں ان کے یہاں گھوڑ سواری اور جگرداری پائی جاتی ہے نیز ان کا ایک بادشاہ[2] ہے جو سب کو متحد کیے ہوئے ہے ۔

اور ترک اور خزر باوجود خستہ حالی کے اور باوجود اس کے کہ ان کے یہاں نہ زرخیز زمینیں ہیں نہ پھل نہ قلعے نہ رہنے کے لیے گھر اور

---

۱ - بلوغ الارب میں یہ عبارت یوں دی ہے : و کثرة صناعة ایدیها و فروسیتها و همتها فی آلة الحرب و صناعة الحدید مگر العقد الفرید میں یوں دیا ہے : و کثرة صناعة ایدیها فی آلة الحرب و صناعة الحدید و فروسیتها و همتها ۔ میں نے العقد الفرید کی عبارت کو ترجیح دیتے ہوئے اسی کے مطابق ترجمہ کیا ہے ۔

۲ - العقد الفرید میں ''مُلکنًا'' (میم پر پیش) دیا ہے مگر میں نے مَلِکنًا (بادشاہ) پڑھا ہے ۔

Marfat.com

نہ پہننے کے لیے لباس وغیرہ چیزیں جن پر دنیا کی آبادی کا دار و مدار ہے تاہم ان کے بھی بادشاہ ہیں جو ان کے تمام اطراف[1] کو اپنے اندر شامل کیے ہوئے ہیں اور ان کے امور کا انتظام کرتے ہیں ، مگر میں نے عربوں میں کوئی بھی اچھی خصلت نہیں پائی - نہ دینی امور میں ، نہ دنیاوی امور میں ، نہ دانش مندی میں اور نہ قوت میں - مزید برآں جو بات ان کی ذلت و رسوائی اور ان کی دوں ہمتی پر دلالت کرتی ہے وہ ان کا وہ مقام ہے جہاں وہ وحشی اور انسانوں سے بدکنے والے جانوروں اور سرگرداں پرندوں کی معیّت میں رہتے ہیں - وہ فاقے کی وجہ سے اپنی اولاد کو قتل کر ڈالتے ہیں اور احتیاج کی وجہ سے ایک دوسرے کو کھا جاتے ہیں - وہ دنیا کے کھانوں ، لباس ، پینے کی چیزوں ، دنیاوی عیش اور لذتوں سے محروم ہو چکے ہیں ، چنانچہ ان کے یہاں کا بہترین کھانا جو وہاں کا فارغ البال انسان حاصل کرتا ہے وہ اُونٹ کا گوشت ہے - جس کے کھانے سے بہت سے درندے اس لیے ناک چڑھاتے ہیں کہ یہ بھاری اور بد ذائقہ ہوتا ہے اور اس سے بیماری کے لاحق ہونے کا خطرہ ہوتا ہے - ان میں سے اگر کوئی شخص کسی مہمان کی ضیافت کرتا ہے تو اسے بڑی بزرگی شمار کرتا ہے اور اگر کوئی اُسے ایک لقمہ کھلا دے تو وہ اسے غنیمت سمجھتا ہے - اس امر پر ان کے اشعار گواہ ہیں - ان کے مرد اس بات پر فخر کرتے ہیں ماسوا ان تنوخی[2] لوگوں کے جن کے اتحاد کی بنیاد میرے دادا نے ڈالی ، ان کے مقبوضات کو مضبوط کیا اور انھیں دشمن سے بچایا - چنانچہ یہ بات آج تک ان میں قائم ہے -

---

۱ - قَوَاصی جمع ہے قاصیۃ کی بمعنی نواحی -

۲ - تنوخی - تنوخ حمیری اور یمنی قبائل میں سے ہے - ان کے تین بطن ہیں - بنو تیم اللہ ، بنو مالک بن زہیر اور اُذَینہ - یہاں کسریٰ کا اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ جب حبشیوں نے یمن پر حملہ کیا اور یمن کے بادشاہ سیف بن ذی یزن نے کسریٰ سے مدد مانگی تو اس کی مدد سے وہ اپنے ملک پر قابض رہا اور ایرانیوں کا اثر اور تہذیب اس ملک میں باقی رہی -

Marfat.com

اس کے علاوہ ان کے یہاں کچھ قدیم آثار ہیں ، لباس ہے ، بستیاں ہیں ، قلعے ہیں اور کچھ دیگر امور ہیں جو دیگر قوموں کے امور کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں ۔ اس کی مراد یمن سے تھی ۔ اس ذلت ، قلت ، فاقے اور تنگدستی کے ہوتے ہوئے بھی تو وہ عاجزی نہیں کرتے چہ جائیکہ تم فخر کرو اور یہ چاہو کہ تمھیں دوسرے لوگوں کے مقابلے میں بلند تر مرتبہ دیا جائے ۔

نعمان نے جواب دیا ،

" اللہ بادشاہ کو تندرست رکھے جس قوم میں سے آپ ہیں اس قوم کا حق ہے کہ ان کے فضائل بلند ، ان کا نصیبہ جلیل ہو اور ان کا رتبہ بلند ہو ۔ مگر جو کچھ بھی بادشاہ نے فرمایا ہے میرے پاس اس کا جواب ہے بدون اس کے کہ میں آپ کی باتوں کی تردید کروں یا آپ کو جھٹلاؤں اگر آپ مجھے اپنی ناراضگی سے امان دیں تو میں کچھ عرض کروں" ۔

کسریٰ نے کہا ، " کہو تمھیں امان ہے" ۔

نعمان نے کہا ، " اے بادشاہ ! آپ کی قوم سے کوئی قوم فضیلت میں مقابلہ نہیں کر سکتی کیونکہ انھیں عقل ، دانش مندی ، وسعت علاقہ اور بے اندازہ عزت کا بلند مقام حاصل ہے ۔ نیز اس وجہ سے بھی کہ اللہ نے تمھاری قوم کو تمھارے آباء و اجداد اور تمھاری بادشاہی کی وجہ سے عزت بخشی ہے ۔ رہیں دیگر اقوام جن کا آپ نے ذکر کیا ہے تو جس قوم کا بھی آپ عربوں سے مقابلہ کریں گے عرب ان سے فضیلت کے معاملے میں فائق ہوں گے" ۔

کسریٰ نے کہا ، " کن امور کی وجہ سے" ؟

نعمان نے جواب دیا ، " اپنی عزت اور قوتِ مدافعت کی وجہ سے ، اپنے چہروں کی خوب صورتی ، اپنی شجاعت ، سخاوت ، گفتار کی حکمت ، پختگی ، عقل ، عزت نفس اور وفا کی وجہ سے" ۔

[۱۴۹] پہلے لیجیے ان کی عزت نفس اور قوت مدافعت (تو آپ کو معلوم ہے) کہ عرب ہمیشہ سے آپ کے ان آباء و اجداد کے پڑوس میں رہے ہیں

Marfat.com

جنھوں نے ملکوں کو مسخر کیا اور حکومت کو مضبوط بنایا اور لشکر کشی کی ، کوئی شخص بھی انھیں للچائی ہوئی نظروں سے نہ دیکھ سکتا تھا اور نہ کوئی ان کا کچھ بگاڑ سکتا تھا ۔ گھوڑوں کی پشتیں ان کے قلعے ، زمین ان کا بستر ، آسمان ان کی چھت ہوتا ، تلواریں ان کی پناہ گاہیں اور صبر ان کا ساز و سامان ہوتا تھا حالانکہ دیگر اقوام کی عزت پتھر ، مٹی ، اور سمندروں کے جزیروں پر منحصر ہے ۔

اب ان کے چہروں اور رنگوں کی خوب صورتی کو لیں تو اس میں بھی دیگر اقوام پر ان کی فضیلت عیاں ہے مثلاً بیمار ہندی ، دبلے چینی ، بد شکل ترک اور ننگے روسی ۔

اب لیں ان کے نسب اور حسب کو تو جتنی بھی قومیں ہیں سب اپنے آباء و اجداد ، اصل اور اپنے قدیم اسلاف سے ناواقف ہیں یہاں تک کہ اگر ان میں سے کسی سے قریب ترین باپ کے بعد کسی کا نام پوچھا جائے تو وہ نہ تو اس (سے اوپر) نسب بیان کر سکے گا اور نہ ہی کسی کو جانتا ہوگا ۔ (اس کے برخلاف) عربوں کا ہر آدمی اپنے آباء و اجداد کا ایک ایک کر کے نام لے سکتا ہے اس طرح انھوں نے حسب کی نگہداشت[1] کی اور اپنے انساب کو محفوظ رکھا (جس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ) کوئی شخص کسی غیر قوم میں داخل نہیں ہو سکتا نہ ہی کسی غیر نسب کی طرف منسوب ہو سکتا ہے اور نہ ہی اپنے باپ کو چھوڑ کر کسی اور (کا بیٹا ہونے کا) دعویٰ کر سکتا ہے ۔

اب ان کی سخاوت کو لیجیے تو ان کا ایک ادنیٰ انسان بھی جس کے پاس ایک جوان یا ایک بوڑھی اُونٹنی ہوتی ہے جس پر اس کی باربرداری ، روزی ، اور پیٹ بھر کر کھانے کا دار و مدار ہوتا ہے اگر کوئی مہمان آ جائے جس کے لیے ایک ٹکڑا کافی ہوتا ہے اور جو تھوڑی سی پینے کی چیز پر اکتفا کر سکتا ہے مگر یہ عرب اس کے لیے اس اُونٹنی

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں ''احاطوا'' دیا ہے مگر درست ''حاطوا'' ہے جیسا کہ العقد الفرید میں ہے ۔

Marfat.com

کو ذبح کر ڈالتا ہے وہ یہ چاہتا ہے کہ اپنی ساری کائنات ان امور کے ضمن میں صرف کر دے جن کے ذریعے اسے نیک نامی اور ذکر خیر حاصل ہو۔

اب ان کی گفتارِ حکیمانہ کو لیجیے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو ان کے اشعار ، بیان کی رونق ، کلام کی خوبی ، وزن اور قافیوں کا حسن ، نیز اشیا کی معرفت اور ضرب الامثال کے بیان کرنے اور وصف نگاری کے معاملے میں انتہا پسندی کی وہ خوبی عطا کی ہے جو ان کے کسی بھی ہم جنس کو حاصل نہیں ۔ پھر یہ کہ ان کے گھوڑے بہترین گھوڑے ہیں ۔ ان کی عورتیں نہایت پاک دامن ہیں ۔ اُن کا لباس بہترین لباس ہے ۔ سونا اور چاندی ان کی معدنیات ہیں ۔ ان کے پہاڑوں کے پتھر سلیمانی منکے ہیں ، ان کی سواریاں ایسی ہیں کہ کوئی [1]سفر کرنے والا ایسی سواری حاصل نہیں کر سکتا اور نہ ویران و بیابان علاقے ایسی سہولت سے طے کیے جا سکتے ہیں ۔

اب ان کے دین اور شریعت کو لیجیے ۔ یہ اپنے دین کے شدت سے پابند ہوتے ہیں ۔ یہ پابندی اُس حد تک پہنچ گئی ہے کہ ان کے یہاں چند مہینے '' اشہر حرم '' سمجھے جاتے ہیں اور مکہ '' بلد حرام '' اور ایک ایسا گھر ہے جس کا لوگ حج کرتے ہیں ، جہاں وہ جملہ مناسک ادا کرتے ہیں اور جانوروں کو ذبح کرتے ہیں چنانچہ کوئی شخص اپنے باپ یا بھائی کے قاتل کو بھی ملتا ہے اور وہ اس سے بدلہ لینے اور اپنی خواہش[2] کو پورا کرنے کی قدرت بھی رکھتا ہے تو باینہمہ اُس کی شرافت

---

۱ - بلوغ الارب میں سفن دیا ہے اسے سَفَر' پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے۔

۲ - بلوغ الارب میں '' رغمہ '' دیا ہے جس کے معنی ذلت و خواری کے ہیں یعنی جو ذلت و خواری باپ یا بھائی کے قتل سے اٹھانی پڑی تھی اس کی اصلاح کر لے مگر العقد الفرید میں رغبتہ دیا ہے اور میں نے اسی کو ترجیح دے کر ترجمہ کیا ہے ۔

Marfat.com

اور اس کا دین اسے اُس کو ایذا پہنچانے سے روک دیتا ہے ۔

[۱۵۰] اب ان کی وفاداری کو لیجیے ۔ عربوں کا ایک فرد اگر صرف آنکھ یا اشارے سے ہی کام لیتا ہے تو یہ ایک ایسا عہد و پیمان قرار پا جاتا ہے جسے صرف موت ہی توڑ سکتی ہے ۔ عربوں کا ایک شخص زمین سے لکڑی اٹھاتا ہے اور وہ اس کے قرض کے عوض گرو ہو جاتی ہے تو وہ رہن ناقابل انفکاک نہیں ہوتا اور نہ ہی اس میں عہد شکنی کی جاتی ہے ۔ نیز یہ کہ جب کسی کو معلوم ہو جاتا ہے کہ فلاں شخص نے اس سے پناہ طلب کی ہے درآنحالیکہ کہ وہ اس کے گھر سے دور ہی ہو تو اگر کوئی شخص اس پناہ گزین کو تکلیف پہنچا دے تو یہ پناہ دینے والا اس وقت تک راضی نہیں ہوتا جب تک تکلیف دہندہ کے قبیلے کو فنا نہ کر دے یا اس کا اپنا قبیلہ فنا نہ ہو جائے، محض اس لیے کہ اس نے اس کے عہد کو توڑا ہے ۔ نیز یہ کہ جب ایک مجرم یا شورش پسند شخص بھی ان کے پاس آ کر پناہ لے لیتا ہے خواہ اس کی ان سے نہ کوئی جان پہچان اور نہ کوئی قرابت داری ہو تو پھر بھی یہ لوگ اپنی جانوں کو اس کی حفاظت کے لیے پیش کر دیتے ہیں اور اپنے مالوں کو اس کے مال کی مدافعت میں رکھ دیتے ہیں ۔

اے بادشاہ ! رہا آپ کا یہ فرمانا کہ وہ اپنی اولاد کو زندہ درگور کر دیتے ہیں تو (آپ کو معلوم ہونا چاہیے) کہ ان میں سے جو قبیلہ بھی لڑکیوں کے ساتھ ایسا کرتا ہے وہ عار سے ناک چڑھانے اور خاوندوں سے غیرت کھانے کی وجہ سے کرتا ہے ۔

آپ کا یہ فرمانا کہ ان کا بہترین کھانا اونٹ کا گوشت ہے جیسا کہ آپ نے بیان فرمایا ہے تو (اس کے متعلق عرض ہے کہ) انھوں نے دوسری قسم کے گوشت کو حقیر سمجھ کر ترک کر دیا ہے اور انھوں نے سب سے بڑے اور سب سے افضل گوشت کو اختیار کیا ہے ۔ چنانچہ اونٹ ان کی سواری کا جانور بھی ہے اور خوراک بھی ۔ علاوہ ازیں اونٹ میں بمقابلہ دیگر جانوروں کے زیادہ چربی پائی جاتی ہے ۔ ان کے مقابلے میں زیادہ لذیذ گوشت ہے ، اونٹ کا دودھ بھی نسبتاً پتلا ہوتا ہے اور اس کا نقصان کم

Marfat.com

ہوتا ہے اور چسکے کے معاملے میں زیادہ میٹھا ۔ دیگر اقسام کے جتنے بھی گوشت ہیں اگر ان کو اسی طرح تیار کیا جائے جس طرح اسے تیار کیا جاتا ہے تو اس گوشت کی ان پر فضیلت ظاہر ہو جائے گی ۔

رہیں ان کی باہمی جنگیں اور ان کا ایک دوسرے کو کھا جانا اور کسی ایک شخص کی تابعداری نہ کرنا جو ان کا انتظام کرے اور انھیں متحد کر دے تو (اس کا جواب یہ ہے کہ) جو قومیں ایسا کرتی ہیں وہ صرف اس وقت کرتی ہیں جب وہ اپنے اندر کمزوری محسوس کرتی ہیں اور جب وہ اس بات سے ڈرتی ہیں کہ کوئی دشمن ان پر دھاوا نہ بول دے ۔ بڑی سلطنت کے اندر صرف ایک ایسا خاندان ہوتا ہے جس کی فضیلت دیگر خاندانوں کو معلوم ہوتی ہے ۔ لہٰذا دیگر سب خاندان اپنے جملہ معاملات اس کے سپرد کر دیتے ہیں اور ان کے مطیع و فرمانبردار بن کر رہتے ہیں ۔ مگر عربوں کے یہاں تو اس قسم کے کئی خاندان پائے جاتے ہیں ۔ یوں کہ وہ سب کے سب بادشاہ بننے کا خواب دیکھتے ہیں مزید برآں اُنھیں خراج ادا کرنے اور [1] جبری ادائی سے سخت عار آتی ہے ۔

اب لیجیے یمن کو جس کی بادشاہ نے تعریف کی ہے تو (اس کا جواب یہ ہے کہ) جو [2] شخص آپ کے دادا کے پاس آیا تھا وہ حبشیوں کے غلبے کی وجہ سے آیا جو اس کے منظم ملک اور متحدہ سلطنت پر غالب آ گئے تھے ۔ لہٰذا جب وہ بادشاہ کے پاس پہنچا تو اس وقت وہ لُٹا ہؤا ، ملک سے باہر دھکیلا ہؤا اور فریادی تھا ۔ اس کے مضبوط محل اسے پناہ

---

۱ - محمد بہجہ اثری نے والوطف بالعسف کی یوں تشریح کی ہے ۔ ای استحصال المال منهم بالجبر والظلم يقال : سحابة وطفاء ای مسترخية الجوانب بكثرة مائها مگر یہاں یہ معنی مراد نہیں ہیں ۔ لسان العرب میں ہے وَطَفَ وطفاً طَرَّدَ الطريدة وكان فی اثرها اور یہی معنی یہاں چسپاں ہوتے ہیں ۔

۲ - یہ عبارت بلوغ الارب میں یوں دی ہے ' فلما اتی جدُّ الملک' الیها الذی اتاه ، مگر العقد الفرید میں اس کی صحیح عبارت یوں دی ہے : فلما اتی جَدَّ الملک الذی اتاه ۔

Marfat.com

دینے سے عاجز تھے جو اس کی نگاہ میں حقیر معلوم ہو رہے تھے ۔ اگر اس [۱۵۱] نے آس پاس کے عربوں پر ظلم نہ کیا ہوتا تو وہ ضرور میدانِ جنگ کی طرف مائل ہوتا اور اسے عمدہ نیزہ زن اور وہ لوگ مل جاتے جو شریر غلاموں کے غلبے کے خلاف شریف لوگوں کی خاطر جوش میں آ جاتے ہیں ۔

راوی کہتا ہے کہ جب نعمان نے یہ جواب دیا تو کسریٰ کو بہت تعجب ہؤا اور کہا ، ”اپنے ملک کے اندر تو سرداری کے جس مقام پر فائز ہے اس کا تو (واقعی) اہل ہے بلکہ اس سے زیادہ کا بھی حقدار ہے“۔ اس کے بعد اسے خلعت عطا کرکے حیرہ روانہ کر دیا ۔

اب نعمان حیرہ تو پہنچ گیا مگر جو باتیں اس نے کسریٰ سے عربوں کی تنقیص اور تحقیر کے متعلق سنی تھیں ان کی وجہ سے دل ہی دل میں پیچ و تاب کھا رہا تھا ، لہٰذا اس نے اکثم بن صیفی تمیمی ، حاجب بن زاراہ تمیمی ، [۱] حارث بن عباد بکری ، قیس بن مسعود بکری ، خالد بن جعفر عامری ، علقمہ بن علاثہ ، عامر بن الطفیل عامری ، عمرو بن الشرید السلمی ، عمرو بن معدیکرب الزبیدی اور حارث بن ظالم المری کو بلا بھیجا ۔ جب یہ لوگ اس کے پاس خَوَرْنَق [۲] پہنچے تو اس نے انہیں کہا ، ”تم ان ایرانیوں کو جانتے ہو اور یہ بھی جانتے ہو کہ وہ عربوں کے بڑے قریبی پڑوسی ہیں ۔ میں نے کسریٰ سے کچھ ایسی باتیں سنی ہیں جن سے مجھے ڈر لگتا ہے کہ کہیں ان کی تہ [۳] میں کوئی اور معاملہ نہ ہو“۔ ہو سکتا ہے کہ اس نے ان باتوں کا اظہار کسی خاص بات کے لیے کیا ہو جس کے باعث وہ عربوں کو اپنا نوکر بنانا چاہتا ہو ، ایسے ہی جیسے اس نے

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں حارث بن ظالم دیا ہے مگر یہ درست نہیں ۔ اس کی تصحیح العقد الفرید سے کی گئی ہے ۔

۲ ۔ خورنق نعمان بن المنذر کے محل کا نام ہے جسے سِنِمّار معمار نے تعمیر کیا تھا ۔

۳ ۔ بلوغ الارب میں غوراً دیا ہے اسے غورٌ پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے ۔

Marfat.com

بعض دیگر عجمیوں کو بنا رکھا ہے چنانچہ وہ لوگ اسے خراج ادا کرتے ہیں ، یہی طریق عمل اس کا اردگرد کی قوموں کے بادشاہوں کے ساتھ ہے۔ اس کے بعد اس نے کسریٰ کا بیان اور جو جواب اس نے دیا تھا اس سے ان کو آگاہ کیا۔ ان سب نے کہا ، ''اے بادشاہ ! توفیق خداوندی تمہارے شامل حال ہو تم نے کیا اچھا جواب دیا ہے اور کس قدر بلیغ دلائل پیش کیے ہیں لہٰذا تم ہمیں جو چاہو حکم دو اور جس امر کی طرف چاہو ہمیں متوجہ کر لو''۔

نعمان نے کہا ، ''میں تو تمھی میں سے ایک آدمی ہوں ، میں اگر بادشاہ بنا ہوں اور کوئی عزت حاصل کی ہے تو وہ تمہاری ہی بدولت ہے اور یہ اس لیے ہے کہ لوگ تمہاری طرف سے ڈرتے ہیں۔ مجھے اس بات سے بڑھ کر اور کوئی بات محبوب نہیں ہو سکتی جس سے اللہ تعالیٰ تمہارے معاملات کو درست کر دے ، تمہاری حالت بہتر کر دے اور تمہاری عزت کو مداومت بخشے۔ میری رائے تو یہ ہے کہ تم سب لوگ روانہ ہو جاؤ اور کسریٰ کے پاس پہنچو ، جب اس کے یہاں بار پاؤ تو تم میں سے ہر شخص جو اس کے جی میں آئے کہہ دے ، تاکہ اسے معلوم ہو کہ عرب ایسے لوگ نہیں ہیں جیسے وہ گمان کرتا ہے یا جس طرح اس کا دل اسے سمجھاتا ہے ، مگر کوئی شخص ایسی بات نہ کہے جس سے اسے غصہ آ جائے کیونکہ وہ بڑی شان والا بادشاہ ہے۔ اس کی فوج کثیر التعداد ہے ، وہ اپنے مال و دولت پر نازاں ہے اور خود پسند ہے۔ تم اس کے سامنے گفتگو کے معاملے میں اس طرح خاموش نہ ہو جانا جس طرح ایک ذلیل اور عاجز شخص خاموش ہو کر رہ جاتا ہے بلکہ معاملہ بین بین ہونا چاہیے تاکہ اس سے تمہاری عقلوں کی پختگی ، تمہارے مرتبے کی بلندی اور وسیع حوصلگی ظاہر ہو۔ سب سے پہلے اکثم بن صیفی بات شروع کرے کیونکہ اس کا مقام[1] بلند ہے۔ اس کے بعد باری باری اسی ترتیب سے جو میں نے

---

۱ - بلوغ الارب میں لسنّی حالہ دیا ہے مگر العقد الفرید میں لسنیٌ محلہ دیا ہے اور یہی درست ہے۔

Marfat.com

مقرر کر دی ہے تم لوگ بات کرنا ، تم میں سے ایک کو [۱]دوسرے پر [۱۵۲] مقدم کرنے کی وجہ یہ ہے کہ میں جانتا ہوں تم میں سے ہر شخص کی یہی خواہش[۲] ہوگی کہ پہلے وہ بولے - ایسی بات نہیں ہونی چاہیے ورنہ کسریٰ کو تمہارے آداب پر طعن توڑنے کا موقع مل جائے گا اس لیے کہ وہ مقتدر اور مطلق الحکم بادشاہ ہے - اس کے بعد نعمان نے اپنے خزانوں میں سے نایاب شاہی خلعتیں منگوائیں اور ان میں سے ہر ایک کو ایک خلعت عطا کی - ایک عمامہ پہنایا اور ایک یاقوت کی انگھوٹھی دی - نیز ہر ایک کو ایک مہری[۳] اونٹنی اور اصیل گھوڑا دینے کا حکم دیا ، ایک رقعہ بھی لکھ دیا جس کا مضمون یہ تھا :

بعد آداب واضح ہو کہ بادشاہ نے عربوں کے متعلق چند باتوں کا ذکر کیا تھا جن کا اُنھیں علم ہے اور میں نے ان کے جواب میں وہ باتیں کہیں تھیں جن سے آپ سمجھ گئے تھے کہ میری یہ خواہش ہے کہ آپ کو ان امور کا علم ہو جائے اور آپ کے دل میں یہ بات کھٹکتی نہ رہے کہ وہ قوم جس نے اپنی ریاست کو آپ سے بچائے رکھا ہو اور اپنی قوت کے بل بوتے پر آس پاس کے لوگوں کی حفاظت بھی کی ہو اس میں وہ جوہر ضرور موجود ہوں گے جس کے باعث دانشمند ، قوی ، صاحبِ تدبیر اور اہل حکمت لوگ عزت حاصل کرتے ہیں - اے بادشاہ میں نے عربوں کی ایک جماعت کو بطور وفد کے آپ کی خدمت میں روانہ کیا ہے - ان لوگوں کو حسب و نسب اور عقل و ادب میں فضیلت حاصل ہے - بادشاہ کو چاہیے کہ ان کی بات سنے - اگر ان کی گفتار میں کوئی درشت لہجہ پایا جائے

---

۱ - بلوغ الارب میں التقدمة الیکم دیا ہے مگر العقد الفرید میں اسے غلط قرار دیا ہے اور درست التقدمة بینکم دیا ہے -

۲ - بلوغ الارب میں بجمیل کل رجل دیا ہے اسے لِمِثْلِ کل رجل پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے -

۳ - مَہری منسوب ہے مَہرہ بن حیدان کی طرف جس کی طرف اصیل اونٹ منسوب ہوتے ہیں -

Marfat.com

تو اس سے چشم پوشی کی جائے۔ ان کی عزت کرنا گویا میری عزت کرنا ہے ۔ آپ انھیں جلدی واپس روانہ کر دیں ۔ میں نے اسی چٹھی کے نیچے ان کے قبائلی نسب نامے درج کر دیے ہیں ۔

یہ لوگ اپنے ساز و سامان کے ساتھ روانہ ہو گئے اور مدائن پہنچ کر کسریٰ کی بارگاہ میں وارد ہوئے۔ نعمان کی چٹھی کسریٰ کو پہنچا دی جسے پڑھ کر کسریٰ نے ان کے ٹھہرائے جانے کا حکم دیا تاآنکہ وہ ان کے لیے ایک خاص مجلس منعقد کرے اور ان کی باتیں سنے ۔ چند دنوں کے بعد اس نے اپنے رؤسا اور اعیان سلطنت کو حاضر ہونے کا حکم دیا چنانچہ وہ آئے اورکسریٰ کے دائیں بائیں جانب اپنی اپنی کرسیوں پر بیٹھ گئے ۔ اس کے بعد اس نے ان عربوں کو یکے بعد دیگرے اس ترتیب کے ساتھ جس ترتیب میں نعمان نے ان کا ذکر اپنی چٹھی میں کیا تھا ، بلایا اور ترجمان سے کہا کہ وہ ان کی بات اسے سمجھاتا رہے ۔ ازاں بعد انھیں گفتگو کرنے کی اجازت دے دی ۔

اکثم بن صیفی نے اٹھ کر کہا :

افضل ترین چیزیں وہ ہیں جو سب سے اعلیٰ ہوں اور بادشاہ سب لوگوں سے اعلیٰ ہیں ۔ افضل ترین بادشاہ وہ ہیں جن کا نفع سب سے زیادہ عام ہو ۔ بہترین زمانہ وہ زمانہ ہے جو سب سے زیادہ سرسبز و شاداب ہو ۔ اور بہترین خطیب وہ ہے جو سب سے زیادہ سچ کہے ۔ صدق نجات کا سبب ہے اور کذب ہلاکت کا ۔ ضد کرنا جنگ کی جڑ ہے ۔ دانشمندی ایک تند مزاج سواری ہے ۔ عاجزی آسان سواری ہے ۔ نفسانی خواہش [۱۵۳] رائے کے لیے آفت ہے ۔ کمزوری محتاجی کی چابی ہے ۔ صبر تمام باتوں سے اچھا ہے ۔ [۱]حسن ظن ایک بھنور ہے اور بدظنی بچاؤ ۔ رعیت

---

۱ ۔ عربوں کی ایک اور مثال ہے مِنَ الحَزْمِ سُوء الظنِ بالناس لوگوں سے بدگمانی رکھنا دانشمندی ہے ۔ ایک شاعر کہتا ہے :

خَالِطِ النّاس وکُن علی حَذَر

لوگوں سے میل ملاپ رکھ مگر ان سے بچتا رہ ۔

Marfat.com

کی خرابی کی اصلاح کرنا حاکم کی خرابی کی اصلاح سے بہتر ہے - جس کے مصاحب بدنیت ہو جائیں اس کی مثال اس شخص کی سی ہے جسے پانی سے [1]اُچھوں آئے - بدترین ملک وہ ملک ہے جہاں کوئی حاکم نہ ہو - بدترین بادشاہ وہ بادشاہ ہے جس سے بے گناہ لوگ ڈرتے رہیں - انسان عاجز آ جاتا ہے مگر حیلہ[2] عاجز نہیں آتا - بہترین اولاد وہ ہے جو [3]والدین کی فرمانبردار ہو اور بہترین مُصاحب وہ ہیں جو خیر خواہی کے معاملے میں ریاکار نہ ہوں - مدد کی سب سے زیادہ حقدار وہ فوج ہے جس کا باطن اچھا ہو - تمھارے لیے اسی قدر زاد راہ کافی ہے جو تمھاری منزل تک پہنچا دے - بدی (جنگ)[4] کے متعلق تمھارا باتیں سن لینا ہی کافی ہے - خاموشی حکمت ہے مگر کم لوگ اس پر عمل کرتے ہیں - اختصار کا نام بلاغت ہے - جس نے سختی کی اس نے لوگوں کو متنفر کر دیا اور جس نے

---

۱ - یعنی پانی تو اُچھوں کا علاج ہوتا ہے مگر اگر خود پانی ہی اس کا سبب ہو تو پھر کیا علاج، اسی چیز کو شاعر نے یوں کہا ہے :

اِلَی الْمَاء یَسْعٰی مَنْ یُغَصُّ بلُقمۃٍ
اِلَی اَیْنَ یَسْعٰی مَنْ یَغَصُّ بماء

جسے لقمہ سے اُچھوں آ جائے وہ دوڑ کر پانی کی طرف جاتا ہے مگر جسے پانی سے اُچھوں آ جائے وہ کہاں جائے

عدی بن زید کہتا ہے :

لَوْ بغیر الْمَاءِ حلقِی شَرِق
کُنتُ کالغصّانِ بالماء اعتِصارِی

۲ - بلوغ الارب میں الانسان یعجز لامحالۃ دیا ہے اسے الا نسان یعجز لا المحالۃ پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے اور یہاں محالہ کے معنی حیلہ کے ہیں -

۳ - بلوغ الارب میں افضل من الاولاد دیا ہے اسے افضل الاولاد پڑھیں جیسا کہ العقدالفرید میں دیا ہے -

۴ - یعنی دیکھنے کی نوبت نہ آنی چاہیے -

Marfat.com

نرمی کی اس نے الفت پیدا کر لی ۔

کسریٰ کو اکثم کی باتوں پر تعجب ہؤا لہٰذا کہا ، ” اکثم ! بہت خوب ، تم کس قدر دانا ہو ۔ اگر تم نے یہ باتیں بے محل نہ کہی ہوتیں تو تمھاری گفتار کس قدر ٹھوس ہوتی“ ۔

اکثم نے جواب دیا ، ”تمھارے بارے میں حق گوئی آگاہی بخش سکتی ہے نہ کہ دھمکی“ ۔

کسریٰ نے کہا ، ” اگر عربوں میں صرف تمھی ایک ہوتے تو ان کے لیے یہی کافی تھا “۔

اکثم نے جواب دیا ، ” کتنی ہی ایسی باتیں جو ہلّے سے زیادہ بااثر ہوتی ہیں“ ۔

اس کے بعد حاجب بن زرارہ التمیمی کھڑا ہؤا اور کہنے لگا :

خدا تمھیں کامیاب کرے ۔ تمھارا ہاتھ اونچا رہے لوگوں میں تمھارا دبدبہ قائم رہے ، بیشک عربوں کی قوم ایک ایسی قوم ہے جن کے جگر سخت ہیں ، اور طاقت مضبوط ۔ جو اپنے دودھ کی حفاظت کرتے ہیں جب تک تم ان سے الفت کرو گے یہ بھی تم سے محبت کریں گے ۔ جب تک تم ان سے مہربانی کے ساتھ پیش آتے رہو گے یہ بھی مہربانی سے پیش آتے رہیں گے ۔ جب تک تم ان سے درگزر کرتے رہو گے یہ تمھاری اطاعت کا دم بھرتے رہیں گے ۔ یہ لوگ کڑوے پن میں حنظل کی طرح ، بدمزہ ہونے میں صاب[1] کی طرح ، شیرینی کے اعتبار سے شہد کی طرح اور نرمی کے اعتبار سے ماء زُلال کی طرح ہیں ۔ ہم انھی عربوں کے نمائندے اور ترجمان بن کر تمھارے پاس آئے ہیں ۔ ہمارے یہاں عہد و پیمان کی حفاظت کی جاتی ہے ، خاندانی شرافت کی پاسبانی کی جاتی ہے ۔ ہمارے قبائل ہماری بات سنتے

---

۱ ۔ صاب ایک قسم کا درخت ہے جس میں سے سخت کڑوا دودھ نکلتا ہے ۔ بلوغ الارب میں الصاب غضاضۃ دیا ہے مگر اس طرح کوئی معنی نہیں بنتے ۔ میرے خیال میں یہ لفظ عَفُوصَۃٌ ہے جس کے معنی بد مزہ ہونے کے ہیں۔

Marfat.com

اور ہاری اطاعت کرتے ہیں ۔ اگر ہم تمھاری تعریف کرتے ہوئے واپس جائیں گے تو تمھارے لیے بہتر ہوگا اور عامۃ العرب تمھاری تعریف کریں گے اور اگر ہم نے تمھاری مذمت کر دی تو پھر تمام عرب میں صرف[1] ہمیں مذمت کرنے والے نہ ہوں گے (بلکہ تمام عرب تمھاری مذمت کرنے لگے گا) ۔

کسریٰ نے جواب دیا ، ''اے حاجب ! ٹیلوں[2] کے پتھر اپنی چٹان کے رنگوں سے کس قدر مشابہت رکھتے ہیں'' ۔

حاجب نے پھر کہا ، '' نہیں بلکہ شیر کی چنگھاڑ اس کے حملے کے عین مطابق ہے'' ۔

کسریٰ بولا ، ''بات تو ٹھیک ہے'' ۔

[۱۵۴] اس کے بعد حارث بن عبّاد بکری اٹھا اور کہا ، ''اے بادشاہ ! خدا تمھاری سلطنت ہمیشہ قائم رکھے اور وہ فراواں خوش بختی کے عروج اور عظمت و بلندی کی تابانی سے ہمکنار ہو ۔ جس کی رسی لمبی ہوگی وہی پانی بھی کثرت سے نکالے گا ۔ جس کا مال جاتا رہے اس کی سخاوت بھی کم ہو جاتی ہے ۔ کسی انسان کی عقل کی پہچان اس امر سے ہو سکتی ہے کہ وہ سنی ہوئی باتوں کو کس طرح بیان کرتا ہے ۔ یہ وہ مقام ہے جہاں جو کچھ بھی کہا جائے قافلے اسے [3]تیز رفتاری کے ساتھ لے اڑیں

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں لم نَخُص دیا ہے اسے لم نَختَصّ پڑھیں جیسا کہ العقدالفرید میں دیا ہے ۔

۲ ۔ کسریٰ کی مراد یہ ہے کہ تم لوگ اپنی اصل یعنی عربی قوم کے رنگ روپ پر ہو ۔

۳ ۔ بلوغ الارب میں یہ عبارت یوں دی ہے ۔ وھذا مقام سیوجف بما تنطق بہ الرکب مگر درست عبارت جیسی کہ العقد الفرید میں مندرج ہے یوں ہے وھذا مقام سَیُوجِفُ بما تُنطق فیہ الرکب ۔ محمد بہجۃ اثری نے یوجف کے معنی '' اضطراب '' دیے ہیں ، جو غلط ہیں ۔ یہاں یہ لفظ وجف سے نہیں ہے بلکہ اَوجَفَ سے ہے جس کے معنی '' تیزی سے چلنے '' کے ہیں ۔

Marfat.com

گے ۔ اس طرح عرب و عجم ہمارے حال کی حقیقت کو پہچان جائیں گے ۔ ہم تمہارے قریب کے پڑوسی ہیں اور تمہارے مددگار سپاہی ۔ ہمارے یہاں گھوڑوں کی بہتات ہے ۔ ہماری فوجیں عظیم الشان ہیں ۔ اگر تم ہم سے مدد طلب کرو گے تو ہم [۱]بیٹھ رہنے والے نہیں ہیں اور اگر تم ہمیں کسی[۲] سے ٹکرا جانے کو کہو گے تو ہم کمزور نہیں ہیں اور اگر تم ہمیں للکارو گے تو ہم حملہ کرنے کے معاملے میں سست[۳] پڑنے والے نہیں ہیں ہم نہ تو کسی خوف کے مارے منہ موڑ لینے والے ہیں اور نہ ہی زمانے کے لیے اپنی حالت کو بدلنے والے ہیں ، ہمارے نیزے لمبے ہیں اور عمریں کوتاہ ۔

کسریٰ نے کہا ، " تمہارے نفس تو بڑی آن والے ہیں مگر [۴]قوم کمزور ہے " ۔

حارث نے جواب دیا ، " اے بادشاہ ! کمزور آدمی کی عزت کیسے ممکن ہے یا چھوٹے آدمی میں قوت کیونکر پائی جا سکتی ہے " ۔

کسریٰ نے کہا ، " اگر تمہاری عمر کوتاہ ہوتی تو تمہارا نفس تمہاری زبان پر غالب نہ آتا " ۔

---

۱ - یہ لفظ رُبُضٌ ہے (راء اور باء دونوں پر ضمہ) لسان العرب میں ہے : إنّہ لَرُبُضٌ عَنِ الحَاجَاتِ وعن الا سفار علی فُعُلٍ ای لا یخرج فیھا ۔ العقد الفرید کے حاشیے پر اسے ربوض کی جمع ظاہر کیا گیا ہے یہ غلط ہے ۔

۲ - استطرق : کسی سے درخواست کرنا کہ وہ کسی سے ٹکرا جائے اور جُہُضٌ جمع جَہِیضٌ کی وہ بچہ جس کی پیدائش تام الخلقت ہونے سے پہلے ہو گئی ہو ۔ مراد کمزور ۔

۳ - غمض جمع غامضٌ کی ، لسان العرب میں ہے الغامض من الرجال : الفاتر من الحملة ۔

۴ - بلوغ الارب میں واللہ ضعیفة دیا ہے ۔ واللہ محرف ہے وأمّة سے لہٰذا اسے وأمّةٌ ضعیفة پڑھیں ۔ العقد الفرید میں اس کی یوں تصحیح کی گئی ہے ۔ امة واللہ ضعیفة ۔

Marfat.com

حارث نے جواب دیا ، ”اے بادشاہ ! جب کوئی سوار کسی فوج پر حملہ کرتا ہے اور اپنے آپ کو موت کے سامنے پیش کر دیتا ہے وہ جانتا ہے کہ موت کے منہ میں جا رہا ہے اور زندگی[1] سے منہ موڑ رہا ہے ۔ عربوں کو معلوم ہے کہ اگر میں آگے بڑھ کر جنگ کو بھڑکاتا ہوں تو اسے روک بھی لیتا ہوں ۔ درآنحالیکہ یہ لوگوں کی جانوں پر متصرف ہوتی ہے یہاں تک کہ جب اس کی آگ جوش مارنے لگتی ہے اور اس کے شعلے بھڑک اٹھتے ہیں اور یہ شدید ہو جاتی ہے تو میں اپنے نیزے سے اس کے بادلوں کو کھینچ کر لانے والا بن جاتا ہوں ۔ اپنی تلوار کو اس کی بجلی اور اپنی چنگھاڑ کو اس کی گرج بنا دیتا ہوں ۔ میں اس کے کم[2] گہرے پانی میں گھسنے سے کوتاہی نہیں کرتا ۔ حتیٰ کہ اس کی موجوں کی گہرائیوں میں داخل ہو جاتا ہوں اور اپنے سواروں کے لیے کشتی بن جاتا ہوں تاکہ میں انہیں لے کر ان کے [3]سپہ سالار کے پاس وسط میں پہنچ جاؤں ۔ پھر میں ان سے خون کی بارش کا مطالبہ کرتا ہوں اور اس کے حامیوں کو بوڑھی گدھوں کی خوراک[4] بنا دیتا ہوں“۔

اس کے بعد کسریٰ نے ان لوگوں کو جو وہاں حاضر تھے مخاطب

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں جنان استد برھا دیا ہے ۔ اسے حیاۃ استدبرھا پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے ۔

۲ ۔ بلوغ الارب میں ضحضاحھا دیا ہے اور یہی درست ہے مگر العقدالفرید میں خُضَاخِضِیھَا دیا ہے جس کے معنی المکان الکثیرالماء کے دیے ہیں اور یہ معنی یہاں چسپاں نہیں ہوتے ۔

۳ ۔ لسان العرب میں ہے : کیش الکتیبۃ قائدھا یہاں سید یا سردار کے معنی مراد نہیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے ۔

۴ ۔ جزر السباع : لحم السباع ۔ العقد الفرید میں جزر کے معنی ”قطعاً“ دیے ہیں مگر یہ معنی یہاں غلط ہیں ۔ عنترہ کہتا ہے :

فَتَرَکتُہٗ جَزَرَ السِبَاعِ یَنُشْنَہٗ
یِقْضِمْنَ حُسْنَ بَنَانِہٖ والمِعْصَمِ

Marfat.com

کرکے کہا ، ”کیا یہ بات اسی طرح ہے“ ؟

سب نے کہا ، ”اس کے کارنامے اس کی زبان سے کہیں زیادہ گویا ہیں“۔

کسریٰ نے کہا ، ”میں نے آج کی طرح کا کوئی وفد نہیں دیکھا جس کے افراد ایک دوسرے کی مدد کے لیے ان سے زیادہ متحد ہوں اور نہ ہی گواہ دیکھے ہیں جو ان سے بہتر نمائندگی کر سکیں“ ۔

اس کے بعد عمرو بن الشرید السُلمی نے اٹھ کر کہا ، ”اے بادشاہ ! خدا تمہیں ہمیشہ اطمینانِ خاطر دیے رکھے ۔ سدا خوش حال و مسرور رکھے ۔ کلام کے انجام پر پہلے ہی سے غور کر لیا جاتا ہے ۔ جو امور ایک جیسے ہوں وہ لائق اعتبار ہیں ۔ کثرت میں بوجھ اور کم میں کفایت ہے ۔ بادشاہوں میں اپنی طاقت کے زعم پر تیزی ہوتی ہے ۔ یہ وہ مقام[1] ہے جس کا بعد کے آنے والے امور سے تعلق ہے ۔ لٰہذا جس نے یہاں شرف [۱۵۵] حاصل کر لیا وہ شریف ہو گیا اور جو یہاں گمنام رہا وہ گمنام ہو گیا ۔ ہم نہ تو اس لیے یہاں آئے ہیں کہ تم ہم پر ظلم کرو اور نہ اس لیے کہ تمہاری ناراضگی حاصل کریں ۔ نہ ہی ہم نے تم سے کوئی عطیہ مانگا ہے ۔ ہمارے[2] مال ہمارے لیے کمائی کا ذریعہ ہیں اور ہمیں اپنی طاقت پر اعتماد ہے ، اگر ہم آگ جلاتے ہیں تو اسے خوب روشن کرتے ہیں ۔ اگر ہمیں[3] زمانہ

---

۱ - بلوغ الارب میں ھذا منطق دیا ہے مگر العقد الفرید میں ھذا موطن دیا ہے ۔ میں نے اسی کو ترجیح دی ہے اور اسی کے مطابق ترجمہ کیا ہے ۔

۲ - بلوغ الارب میں ان فی اموالنا منتقدا دیا جس کا کوئی مفہوم نہیں نکلتا مگر العقد الفرید میں ان فی اموالنا مُرتفدا دیا ہے اور میں نے اسی کے مطابق ترجمہ کیا ہے ۔

۳ - بلوغ الارب میں ان اَرْوَدَ دھر بنا دیا ہے اور اوپر اسی طرح ترجمہ کیا گیا ہے مگر العقد الفرید میں إنْ أَوِدَ بِنَا الدَّھْرُ دیا ہے ۔ (اگر ہم کو زمانہ ٹیڑھا کرنا چاہے تو سیدھے ہو جاتے ہیں) اور العقد الفرید کی عبارت زیادہ موزوں ہے ۔

Marfat.com

مہلت دے تو ہم اعتدال پر رہتے ہیں ۔ مگر اس کے باوجود تمہارے عہد کی نگہداشت کریں گے اور جو تم سے جنگ کا ارادہ کرے گا ہم اس سے جنگ کریں گے تاکہ جب ہم یہاں سے واپس جائیں تو ہماری تعریف ہو اور ہمارا ذکر اچھے الفاظ کے ساتھ کیا جائے۔

(یہ سن کر) کسریٰ نے کہا ، ”تمہاری گفتگو کا اعتدال تمہارے حد سے بڑھ جانے کا پتا نہیں دیتا ۔ نہ تمہاری مدح تمہاری مذمت کا علم ہونے دیتی ہے“ ۔

عمرو نے جواب دیا، ”میرے ادنٰی درجے کا اعتدال صحیح راہ دکھانے والا اور میری ادنٰی درجے کی زیادتی حقیقت حال کا پتا دینے والی ہے ۔ جس شخص کا نفس اس بات سے بیگانہ اور کنارہ کش ہے جس کو وہ جانتا ہے ، اور [1] اتنے اعتدال کو پسند کرے جس سے وہ اپنے مقصد کو پہنچ جائے تو اسے قابل ملامت نہیں جانا جاتا“ ۔

کسریٰ نے جواب دیا ، ”انسان ہر وہ بات جس کا اسے علم ہو کتہ نہیں دیا کرتا ۔ بیٹھ جاؤ“ ۔

اس کے بعد خالد بن جعفر الکلابی اٹھا اور کہا ، ”خدا بادشاہ کو سعادت مندی سے ہمکنار کرے اور راہ راست کی ہدایت دے ۔ ہر گفتار کا موقع و محل ہوتا ہے ، ہر جواب [2] میں تکلیف پائی جاتی ہے ۔ بولتے بولتے رک جانا زیادہ سخت ہوتا ہے بہ نسبت اس کے کہ انسان خاموش ہی رہے ۔ گفتار کی لغزش دشوار گزار راستے کی لغزش سے بھی زیادہ تکلیف دہ [3] ہوتی ہے ۔ ہمارے نزدیک گفتار کا موقع یہی ہے کہ جو ہم چاہیں (کہہ دیں)

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں عزبت نفسہ دیا ہے اسے عزفت نفسہ پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے ۔

۲ ۔ بلوغ الارب میں حاجۃ دیا ہے اسے جابۃ (جواب) پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے ۔

۳ ۔ بلوغ الارب میں اتکاءاً دیا ہے اسے آنکی پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے ۔

Marfat.com

ان باتوں کے کہنے کا غم جنھیں ہم کہنا نہیں چاہتے ایسا ہے کہ گلے سے نیچے نہیں اتر سکتا ۔ میرا ان باتوں کے کہنے سے رک جانا جو میں اپنی ذات کے متعلق جانتا ہوں اور جو لوگ مجھے[1] سن چکے ہیں وہ جانتے ہیں کہ مجھ میں ان کے (کہنے کی) طاقت ہے ، مجھے زیادہ پسند ہے بہ نسبت اس کے کہ میں تکلفاً وہ بات کہوں جس کا مجھے ڈر ہے اور جس کی وجہ سے لوگ مجھ سے ڈرتے ہیں ۔ ہمارے بادشاہ نعمان نے ہمیں تمھارے پاس بھیجا ہے اور وہ تمھارے بہترین مدد گاروں میں سے ہے ۔ وہ بڑا اعلیٰ احسان شناس اور امتنان گزار شخص ہے ۔ ہمارے نفوس تمھاری تابعداری کا اقرار کرتے ہیں اور ہماری گردنیں تمھاری خیر خواہی کے لیے خم ہیں اور ہمارے ہاتھ تمھارے حق میں وفا کے ضامن ہیں ۔

کسریٰ نے کہا ، ”تم نے جو گفتگو کی ہے عقلمندی سے کی ہے ۔ تم اپنی فضیلت کی وجہ سے [2]بلند ہوئے ہو اور تم نے اپنی شرافت کی وجہ سے اعلیٰ مقام پایا ہے“ ۔

اس کے بعد علقمہ بن عَلاثہ العامری اٹھا اور کہا ، ”ہدایت کے راستے تمھاری نگاہوں پر عیاں[3] ہو چکے ہیں ۔ بندگانِ خدا کی گردنیں تمھارے سامنے جھکی ہوئی ہیں ۔ ہر بات کہنے کا الگ طریقہ ہے ۔ رائے کے لیے دخل انداز ہونے کی گنجائش اور دشواریوں سے نکل جانے کی راہ موجود ہوتی ہے ۔ بہترین قول وہ ہے جو سب سے زیادہ سچا ہو اور بہترین جستجو وہ ہے جو سب سے زیادہ کامیاب ہو ۔ اگرچہ محبت ہمیں یہاں کھینچ لائی ہے اور تمھارے پاس آنے سے ہم تم سے اور زیادہ قریب ہو گئے ہیں تاہم ہم میں سے جو لوگ اس وقت تمھارے پاس حاضر ہیں وہ ان لوگوں سے افضل

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں من سمعی دیا ہے اسے مَنْ سَمِعَنی پڑھیں ۔
۲ ۔ بلوغ الارب میں سمرت مندرج ہے اسے سموت پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں مرقوم ہے ۔
۳ ۔ بلوغ الارب میں نھجت دیا ہے اسے اَنْھَجَتْ پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں ہے۔

Marfat.com

نہیں ہیں جو تم سے دور ہیں بلکہ تم اگر ان میں سے ہر شخص کا قیام کر [۱۵۶] لو اور ان کے متعلق تمھیں وہ باتیں معلوم ہو جائیں جن کا ہمیں علم ہے تو تم اس کے قریب ترین آباء و اجداد میں اس کے ہمسر اور ہم مرتبہ لوگوں کو پاؤ گے ۔ ان میں سے ہر شخص فضیلت کا حامل ہے اور شرف و سرداری سے مُتّصِف ہے اور فضیلت والی رائے اور لوگوں کے دلوں میں گھر کر جانے والے ادب کے باعث مشہور ہے ۔ (ان میں سے ہر ایک (اپنی چراگاہ کی حفاظت کرتا ہے اور اپنے ندیموں کو یوں پلاتا ہے کہ وہ میر ہو جائیں وہ اپنے دشمنوں[1] کو مار بھگاتا ہے ۔ نہ تو اس کی آگ بجھتی ہے اور نہ اس کا پڑوسی اس سے احتراز کرتا ہے ۔ اے بادشاہ جو شخص عربوں کو آزمائے گا وہ ان کی فضیلت کو پہچان لے گا لہٰذا تمھیں عربوں سے نیک برتاؤ کرنا چاہیے کیونکہ یہ لوگ عزت کے اعتبار سے مضبوط گڑے ہوئے پہاڑوں کی طرح ہیں اور زخّار سمندر کی طرح موجزن ہیں ۔ یہ لوگ شرف میں چمکدار ستارے ہیں اور تعداد میں اتنے ہیں جتنے سنگریزے ۔ لہٰذا اگر تم ان کی فضیلت کو پہچانو گے تو وہ تمھیں تقویت دیں گے اور اگر ان کو مدد کے لیے پکاروگے ، تو وہ تمھارا ساتھ نہ چھوڑیں گے ۔

کسریٰ نے اس ڈر سے کہ کہیں وہ کوئی ایسی بات نہ کہہ ڈالے جس سے اس کو غصہ آ جائے کہا ،

''بس اتنا ہی کافی ہے ۔ تو نے اپنی بات پہنچا دی اور بڑی اچھی طرح پہنچا دی '' ۔

اس کے بعد قیس بن مسعود شیبانی نے اٹھ کر کہا ، ''ــخدا تمھارے مقاصد[2] کو عمدہ بنا دے اور تمھیں مصائب سے دور رکھے ۔ تمھیں بری مصیبتوں سے بچائے رکھے ۔ جب ہم تمھاری خدمت میں حاضر ہو گئے ہیں تو

---

۱ ۔ بلوغ الارب اور العقدالفرید دونوں میں اعداہ دیا ہے اسے عُداہ پڑھیں عُدیٰ اسم جمع ہے عَدُوّ کے لیے ۔

۲ ۔ مراشد بمعنی مقاصد ۔ مراشد ایسی جمع ہے جس کا مفرد نہیں ہے جیسے مَلامحُ اور مَحاسِنُ

Marfat.com

ہم اس بات پر بہت زیادہ قادر ہیں کہ ہم تم سے کوئی ایسی بات نہ کہیں جس سے تمہارے سینے میں غصہ پیدا ہو ، اور جو تمہارے دل میں ہمارے خلاف کینے کا بیج بوئے ۔ اے بادشاہ ! ہم تمہارے پاس تم سے بزرگی میں مقابلہ کرنے کے لیے نہیں آئے اور نہ ہم نے اپنا نسب نامہ[1] تم سے دشمنی کرنے کی غرض سے بیان کیا ہے بلکہ صرف اس لیے کہ تمہیں اور تمہاری رعایا کو نیز ان قوموں کو جن کے وفد تمہارے پاس آئے ہیں یہ معلوم ہو جائے کہ ہم نہ گفتار میں پیچھے ہٹنے والے ہیں اور نہ جنگ[2] میں کوتاہی کرنے والے ۔ اگر کوئی دوڑ میں ہم سے مقابلہ کرے تو ہم سے آگے نہیں نکل سکتا اور اگر کوئی بزرگی میں مقابلہ کرے تو وہ بھی ہم پر غالب نہیں آ سکتا ۔

اس پر کسریٰ بولا ، ”مگر تم جب عہد کرتے ہو تو اسے پورا نہیں کرتے“ ۔ اس کا اشارہ اس بات کی طرف تھا کہ اس نے سواد کے علاقے کے معاہدے کو پورا نہیں کیا تھا ۔

قیس نے جواب دیا ، ”اے بادشاہ ! میری مثال اس میں اس وفادار شخص کی تھی جس سے بے وفائی کی گئی ہو یا اس پناہ دینے والے کی تھی جس کی ذمہ داری کی بے توقیری کی گئی“ ۔

کسریٰ نے کہا ، ”نہ کمزور آدمی کی کوئی ضمانت ہو سکتی ہے اور نہ ذلیل کی پناہ“ ۔

قیس نے جواب دیا، ”اے بادشاہ ! میرا جو عہد توڑا گیا ہے اس میں

---

۱ - بلوغ الارب اور العقد الفرید دونوں میں لم ننتسب لمعاداۃ دیا ہے جس کا ترجمہ اوپر دے دیا گیا ہے ۔ مگر میرے خیال میں درست انتصبنا ہونا چاہیے کیونکہ محاورے میں نصب للعداوۃ اور ناصب استعمال ہوتا ہے لہٰذا اس صورت میں معنی یوں ہوں گے : اور نہ ہم اس لیے آئے ہیں کہ تم سے دشمنی کا اظہار کریں ۔

۲ - بلوغ الارب میں وفی النّاس دیا ہے اسے وفی البأس پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے ۔

Marfat.com

مجھ پر جس قدر عار لازم آتی ہے اس سے کہیں بڑھ کر اُن لوگوں کی وجہ سے جو تمھاری رعایا میں سے قتل کیے گئے اور جو بے عزتی تمھاری ہوئی تم پر عائد ہوتی ہے ۔

کسریٰ نے کہا ، ’’ اس کی وجہ یہ ہے کہ جو شخص [1] خائن لوگوں کو امین سمجھے اور بدکار لوگوں سے مدد طلب کرے اسے وہی سزا ملے گی جو اس غلطی سے مجھے ملی ہے ۔ سب لوگ ایک جیسے نہیں ہوتے ۔ تو نے حاجب بن زرارہ کو کیسا پایا ؟ کیا وہ اپنی قوتوں کو اس لیے مضبوط نہیں کرتا کہ ثابت قدم رہے ، عہد اس لیے نہیں کرتا کہ پورا کرے اور وعدہ اس لیے نہیں کرتا کہ ایفا کرے ؟

قیس نے کہا ، ’’ وہ اس کا بہت ہی زیادہ حقدار ہے حالانکہ میں سمجھتا تھا کہ یہ میرا ہی حصہ ہے ‘‘ ۔

کسریٰ بولا ، ’’یہ لوگ سب کے سب کامل [2] ہیں ۔ ان کا افضل ترین شخص وہ ہے جو قوی ترین ہے ‘‘ ۔

اس کے بعد عامربن الطفیل عامری نے اٹھ کر کہا ، ’’کہنے کے کئی طریقے ہیں ۔ مشتبہ [3] طور پر بات کہنا سخت تاریکی سے بھی زیادہ تاریک [4]

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں ذٰلک من ائتمن دیا ہے اسے ذٰلک لاٰن مَن ائتمن پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے ۔

۲ ۔ بُزَّلٌ جمع بازلٌ کی ۔ بازل دراصل اس اونٹ کو کہتے ہیں جو اپنی کامل عمر کو پہنچ چکا ہو ۔ پھر تشبیہ کے طور پر اس شخص کے لیے بولا جاتا ہے جو اپنی عقل اور تجربے کے معاملے میں کمال کو پہنچ چکا ہو ۔ العقد الفرید میں اسے بُزُل بروزن فُعُل دیا ہے اور اسے بازل کی جمع بتایا ہے ۔ یہ غلط ہے کیونکہ بازل کی جمع بُزَّل آتی ہے نہ کہ بُزُل کی ۔ بُزُل بَزُولٌ کی جمع ہے جو بازل کا ہم معنی ہے ۔ مزید برآں وہاں اس کے معنی الجمل المُسن دیے ہیں یہ بھی غلط ہے ۔

۳ ۔ بلوغ الارب میں لیس لکھا ہؤا ہے اسے لبس (بالباء الموحدة) پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں مرقوم ہے ۔

۴ ۔ بلوغ الارب اور العقد الفرید دونوں میں : اعمٰی درج ہے اسے اغمٰی (بالغین المعجمہ) پڑھیں ۔

Marfat.com

ہوتا ہے ۔ فخر نیک کارناموں پر کیا جاتا ہے اور عزت[1] جرأت میں پائی جاتی ہے ۔ قدرت کی اطاعت کرنا سرداری ہے ۔ تمھیں ہماری قوت کا خوب [۱۵۷] علم ہے اور تم ہماری فضیلت کو خوب جانتے ہو اور ہم اس بات کے اہل ہیں کہ اگر زمانہ ہمیں غلبہ دے اور ہماری عقلیں بحال رہیں تو ہم سے ایسے ایسے امور ظہور میں آئیں جن کی علامات (واضح اور ظاہر) ہوں ۔

کسریٰ نے پوچھا ، " یہ علامات[2] کیا ہیں " ؟

عامر نے جواب دیا ، " قبائل ربیعہ اور مضر کا ایک ایسے امر پر اتفاق کرنا جس کا لوگوں میں چرچا ہونے لگے " ۔

کسریٰ نے پھر پوچھا ، " وہ کونسی بات ہے جس کا چرچا ہونے لگے " ۔

عامر نے جواب دیا ، " جتنا بتانے والے نے بتا دیا ہے مجھے اس سے زیادہ کا علم نہیں ہے " ۔

کسریٰ بولا ، " اے ابن الطفیل ! تو کاہن کب سے بن بیٹھا ہے " ۔

عامر نے جواب دیا ، "میں کاہن نہیں ہوں ، میں تو نیزہ زن ہوں " ۔

کسریٰ نے پھر کہا ، " اگر کوئی شخص تمھاری کانی آنکھ کی طرف سے آئے تو کیا کرو گے " ۔

عامر نے جواب دیا ، " میری وہ ہیبت اور دبدبہ جو سامنے سے ہے اس ہیبت اور دبدبے سے کم نہیں جو پیچھے سے ہے ، میری آنکھ

---

۱ - بلوغ الارب میں العجز لکھا ہؤا ہے اسے العز پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں ہے ۔

۲ - بلوغ الارب میں وماتلک الا حلام مرقوم ہے اسے وماتلک الاٴعلام پڑھیں جیسا کہ العقد القرید میں ہے ۔

Marfat.com

کھیل کود[1] میں ضائع نہیں ہوئی بلکہ کھیل کود سے اثرپزیری کے باعث ضائع ہوئی ہے"۔

اس کے بعد عمرو بن معدیکرب الزبیدی نے اُٹھ کر کہا، انسان (کی ہستی اس کی) دو چھوٹی چیزوں کے باعث ہے۔ دل اور زبان۔ گفتار کا پیغام یہی ہے کہ جو بات کہی جائے درست کہی جائے۔ گھاس کی[2] تلاش کر لینے کا دار و مدار اس کی تلاش (کے عمل) پر ہے۔ وہ رائے[3] جو از خود اور آسانی سے حاصل ہو جبراً غور و فکر کرنے سے بہتر ہے۔ تجربے کی غرض سے توقف کرنا حیرت کی کجروی سے بہتر ہے۔ اپنے الفاظ کے ذریعے ہماری اطاعت کو اپنی طرف کھینچو اور اپنے حلم سے ہماری جلد بازیوں کو پی جاؤ۔ ہمارے لیے اپنے پہلو کو نرم کرو تاکہ تمہارے لیے[4] ہمیں مطیع بنانا آسان ہو جائے کیونکہ ہم تو وہ لوگ ہیں جن کے پتھر میں اُن لوگوں کی منقاریں[5] نقطے[6] نہ ڈال سکیں جو ہمیں

۱۔ بلوغ الارب میں ما اذھب عینی فی عبث دیا ہے اسے ما آذھب عینی عبث پڑھیں۔ العقد الفرید میں ما اذھب عینی عیث دیا ہے۔

۲۔ بلوغ الارب میں النجدۃ دیا ہے اسے النُجعۃ پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے۔

۳۔ عفو: وہ چیز جو آسانی سے اور بغیر مانگے کے حاصل ہو۔

۴۔ بلوغ الارب میں یسلس لنا دیا ہے اسے یسلس لک پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں ہے۔

۵۔ منقار مفرد ہے مناقیر کا، وہ آلہ جس سے چکی کو ٹھکور کر اس میں گڑھے بنائے جاتے ہیں۔

۶۔ بلوغ الارب اور العقد الفرید دونوں میں لم یوقس صفا تنا قراع دیا ہے اسے لم یرقش صفا تنا قرع پڑھیں۔ العقد الفرید میں لم یوقس پڑھ کر اس کے معنی لم یخدش دیے ہیں مگر ان معنوں کی تصدیق کتب لغت سے نہیں ہوتی۔

Marfat.com

چبا جانا چاہتے تھے - ہم نے اپنی چراگاہوں کو ہر اس شخص سے بچائے رکھا جو ہم پر ظلم کرنے کا خواہاں ہؤا -

[۱۵۸] اس کے بعد حارث بن ظالم المری نے اُٹھ کر کہا ، ''جھوٹ گفتار کے لیے آفت ہے - چاپلوسی رذیل اخلاق میں سے ہے - رائے میں غلطی ہو جانے کی وجہ سے صاحب سطوت بادشاہ کی خفت ہوتی ہے - اگر ہم تمھیں یہ بتا دیں کہ ہم الفت کی وجہ سے تمھارے حضور آئے ہیں اور ہمارا تمھارے پاس بھیجا[1] جانا خلوص نیتی پر مبنی ہے تو تم اسے قبول نہیں کرنے کے اور نہ ہی تم اس بات پر اعتماد کرو گے - مگر عہد کو پورا کرنا اور وہ عہد نامہ جس کو پختہ نہ کیا گیا ہو پختہ کرنا (نہایت ضروری امر ہے)- یہ معاملہ ہمارے اور تمھارے درمیان یکسان ہے جب تک کہ تمھاری طرف سے کجروی یا لغزش نہ ہو -

کسریٰ نے دریافت کیا ، '' تو کون ہے '' ؟

اس نے جواب دیا ، '' الحارث بن ظالم ''

کسریٰ بولا ، '' تمھارے آباء کے ناموں میں اس بات کی دلیل پائی جاتی ہے کہ تم بے وفا ہو اور یہ کہ تم بے وفائی اور گناہ کے بہت زیادہ قریب ہو '' -

حارث نے جواب دیا ، ''حق بات غصہ دلاتی ہے'' سرداری تغافل کا نام ہے کوئی شخص اس وقت تک حلم کا اہل نہیں جب تک اس میں (بدلہ لینے یا سزا دینے کی) قدرت نہ ہو - لہٰذا تمھارے عمل اور اس مجلس (کی گفتگو) میں مطابقت پائی جانی چاہیے -

کسریٰ نے کہا ، ''یہ شخص (اپنی) قوم کا بہادر ہے'' - پھر کہا ، '' جو کچھ تمھارے خطیبوں نے کہا ہے اور جو طرح طرح کی باتیں تمھارے مقررین نے کی ہیں میں انھیں سمجھ گیا ہوں - اگر مجھے یہ بات معلوم نہ ہوتی کہ ادب نے تمھاری کجی کو سیدھا نہیں کیا اور نہ

---

۱ - بلوغ الارب میں ایفادنا دیا ہے اور میں نے اسی کو درست سمجھا ہے مگر العقد الفرید میں انقیادنا دیا ہے -

Marfat.com

اس نے تمھارے معاملات کو مضبوط کیا ہے ۔ نیز اگر یہ بات معلوم نہ ہوتی کہ تمھارا کوئی بادشاہ ہی نہیں جو تم سب کو اکٹھا کرے پھر تم اس کے سامنے اس طرح بات کرو جس طرح ایک عاجزی کرنے والی اور اطاعت گزار رعایا کرتی ہے تو میں تمھیں بہت سی ایسی باتیں کہنے کی اجازت نہ دیتا جو تم نے کہی ہیں ۔ اب تو جو تمھاری زبانوں پر آیا تم نے کہہ ڈالا اور جو تمھاری طبیعت پر غالب آیا تم نے اگل دیا ، میں یہ پسند نہیں کرتا کہ اپنے پاس آنے والوں کے ساتھ سختی[1] سے پیش آؤں یا ان کے دلوں میں کینہ پیدا کروں ۔ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ جس امر پر تمھارے امور کا دار و مدار[2] ہے اس کی اصلاح کر دوں ۔ تمھارے بکھرے ہوئے شیرازے کو مجتمع کر دوں ۔ جو معاملہ میرے اور تمھارے درمیان ہے میں اس کا عذر اللہ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ تم نے جو درست[3] باتیں کہی ہیں میں انھیں قبول کرتا ہوں ، اور ان باتوں میں جو غلطی اور نادرستی تھی اس سے در گزر کرتا ہوں ۔ اب تم اپنے بادشاہ کے پاس چلے جاؤ اور اسے بطریقِ احسن تقویت دو ۔ اس کی اطاعت کا دم بھرتے رہو ۔ اپنے یہاں کے بیوقوفوں کو روکو اور ان کی کجی کو سیدھا کرو ۔ انھیں اچھے ادب آداب سکھاؤ ، اس لیے کہ عام لوگوں کی بہبودی اسی امر میں مضمر ہے" ۔

---

۱ - بلوغ الارب میں اَنْ اُجِبَہ دیا ہے اور العقد الفرید میں اَنْ أجَبِّہ دیا ہے مگر یہ دونوں غلط ہیں ۔ اسے اَنْ اَجْبَہَ پڑھیں ۔

۲ - بلوغ الارب میں یہ عبارت یوں دی ہے و الذی احب من اصلاح مدبر کم مگر العقد الفرید میں یوں دی ہے : و الذی احب ھو اصلاح مدار کم اور میں نے اسی کو لے کر ترجمہ کیا ہے ۔

۳ - بلوغ الارب میں قد قبلت فیما کان دیا ہے اسے قد قبلت ما کان پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے ۔

Marfat.com

عربوں کی فضیلت کے متعلق ابن المقفع[1] کا بیان

ابو العیناء ہاشمی نے قحذمی[۸] سے اور اس نے شبیب[۲] بن شبہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ہم بصرے میں مربد کے مقام پر مقیم تھے اور مربد اشراف کی آماجگاہ تھا ۔ اسی زمانے میں ابن المقفع آ گیا ۔ ہم نے اس کے آنے پر خوشی کا اظہار کیا اور سلام کرنے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانی چاہی ۔ اس نے سلام کا جواب دیا پھر کہا ، (کیا ہی اچھا ہو) اگر تم نیرون[۳] اور اس کے وسیع سائے [۱۵۹] لمبی فصیل اور دل‌کش نسیم کی طرف رخ کرو ، پھر تم اپنے بدنوں کو نشیبی زمین میں پناہ دو اور اپنے چوپایوں کو بوجھ کی مشقت سے آرام دو ۔ جس چیز کی تمھیں تلاش ہے مل جائے گی ، جس چیز کا اللہ نے تمھارے لیے فیصلہ کر رکھا ہے وہ تمھیں مل کر رہے گی ۔ ہم نے اس کی بات مان لی اور اُدھر کو ہو لیے ۔ جب ہم آرام سے بیٹھ گئے تو اس نے پوچھا ، کونسی قوم سب سے زیادہ عقل مند ہے ؟ اس پر ہم ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے ، پھر ہم نے کہا شاید اُس کی مراد اس کی اپنی ایرانی قوم سے ہے ، لٰہذا بولے ایرانی ۔ ابن المقفع نے کہا ، وہ ایسے نہیں ہیں بیشک وہ روئے زمین کے بہت سے حصے کے مالک رہے ہیں ۔ بہت بڑا ملک پایا ہے اور بہت سی مخلوق پر غالب آئے ہیں اور ان کے ہاتھ میں زمام حکومت رہی ہے مگر انھوں نے اپنی عقل کے ذریعے کسی چیز کا استنباط نہیں کیا اور نہ ہی کوئی باقی رہنے والی حکیمانہ

---

۱ - ابن المقفع : اصلی نام روزبہ تھا پھر عبد اللہ بن المقفع کہلایا ۔ یہ ایرانی الاصل تھا ۔ کلیلہ دمنہ کا پہلوی زبان سے عربی میں ترجمہ کیا اسی طرح دیگر پہلوی کتابوں کا بھی ترجمہ کیا اور المنصور کے حکم سے تقریباً ۱۴۶ھ میں قتل کیا گیا ۔

۲ - شبیب بن شبہ : بلوغ الارب میں اسی طرح دیا ہے مگر درست نام شبیب بن شیبہ ہے ۔ یہ منقری اور بصری ہے ۔ فصیح و بلیغ اور مؤرخ تھا ۱۶۲ھ میں وفات پائی ۔

۳ - بلوغ الارب میں نیروز دیا ہے جو غلط ہے ۔

Marfat.com

بات کہی ہے ہم نے کہا : پھر روسی ہوں گے ؟ اس نے کہا : وہ تو اہل صنعت ہیں - ہم نے کہا : پھر چینی ہوں گے ؟ بولا : وہ تو عجیب و غریب حرکات کرتے ہیں - ہم نے کہا : پھر ہندی ہوں گے ؟ اس نے کہا ، وہ تو فلسفی ہیں - ہم نے کہا ، سوڈانی ہوں گے" ؟ اس نے جواب دیا ، "وہ تو اللہ کی بدترین مخلوق ہیں" - ہم نے کہا ، ترکی ؟ اس نے جواب دیا ، وہ تو جھپٹ کر لے جانے والے کتے ہیں - ہم نے کہا ، خزر ؟ اس نے کہا ، وہ کُھلی چرنے والی گائیں ہیں - ہم نے کہا ، پھر آپ ہی کہیے - اس نے جواب دیا ، عرب - اس پر ہم ہنس پڑے - چنانچہ اس نے کہا ، (یہ کہنے سے) میرا مقصد تم سے موافقت کرنے کا نہیں ہے لیکن اگر میں خود ان کی طرف منسوب ہونے سے محروم رہا ہوں تو اس بات سے تو محروم نہیں ہوں کہ مجھے اس امر کی شناخت کا موقع ملا ہے - عربوں نے جو حکومت کی ہے اسے کسی ایسی مثال پر استوار نہیں کیا جو ان کے لیے پہلے سے قائم کی جا چکی ہو اور نہ ہی کسی قسم کی روایات پر جو ان کے یہاں مروّج رہی ہوں - وہ تو اُونٹ اور بھیڑ بکریوں والے لوگ تھے اور بالوں اور چمڑے (کے بنے ہوئے گھروں میں) رہتے تھے - وہ اپنی خوراک تک کی سخاوت کر دیتے تھے ، جو چیز خود[1] انھیں نہایت عزیز ہوتی تھی وہ بھی عطا کر دیتے تھے - اپنی فارغ البالی میں بھی اور تنگ دستی کے زمانے میں بھی ایک دوسرے کے شریک حال رہتے تھے - عرب اپنی عقل سے ایک چیز کو یوں بیان کرتا ہے کہ اس کے ضمن میں اوروں کا پیشرو بن جاتا ہے اور اگر کوئی کام کرتا ہے تو اس طرح کہ اوروں کے لیے حجت بن جانا ہے - جسے اچھا بنانا چاہتا ہے اسے اچھا بنا دیتا ہے اور جسے قبیح بنانا چاہتا ہے اسے قبیح بنا دیتا ہے - ان کو خود ان کے اپنے نفسوں نے ادب سکھایا اور اپنی ہی ہمتوں نے بلند کیا اور ان کے دلوں اور

---

۱ - لسان العرب میں ہے : المجهود : المُشتَهی من الطعام و اللّبن و جُهِدَ الطَعَامُ و اُجْهِدَ أشتُهِیَ -

Marfat.com

زبانوں نے انھیں بلند مقام دیا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا عطیہ بھی انھی میں رہا اور ان کا اپنا عطیہ بھی ، یہاں تک کہ ان کو قابل فخر بلندی اور اعلیٰ درجے کی شہرت حاصل ہوئی ۔ بالآخر انھیں تمام زمانے بھر کے مقابل دنیا کی حکومت ارزانی کر دی گئی ۔ ان کے دین اور ان کی خلافت نے ان کے لیے قیامت تک بھلائی کا راستہ کھول دیا جو انھی میں رہے گی اور ان کے لیے ہوگی ۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

اِنَّ الاَرْضَ لِلّٰہِ یُوْرِثُھَا مَنْ یَّشَاءُ مِنْ عِبَادِہٖ وَ الْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ ۔

زمین اللہ کی ہے ، وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا مالک بنا دیتا ہے ، انجام (تو) متقین ہی کے لیے ہے

لہٰذا جس نے ان کی حق تلفی کی اس نے نقصان اُٹھایا ۔ جس نے ان کی فضیلت کا انکار کیا مغلوب ہؤا اور زبان سے حق بات کی مخالفت کرنے سے دل کی دنیا تباہ ہو جاتی ہے ۔

عربوں کے بارے میں شعوبیہ کا مذہب اور اس کا رد

شعوبیہ ایک فرقہ ہے جن کا مذہب یہ ہے کہ عربوں کی تنقیص [۱۶۰] کی جائے ۔ ان کا عقیدہ یہ ہے کہ عربوں کو غیر عربوں پر کوئی فضیلت حاصل نہیں ہے ۔ انھیں شعوبیہ اس لیے کہا گیا کہ یہ شعوب کی طرفداری کرتے ہیں اور شعوب اور قبائل کے مابین مغایرت پائی جاتی ہے (عجمی ان قبائل کی طرفداری کرتے ہیں جو عربی قبائل سے الگ ہیں) چنانچہ مفسرین کی ایک جماعت نے اللہ تعالیٰ کے فرمان :

یٰاَیُّھَاالنَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِنْ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی وَ جَعَلْنٰکُمْ شُعُوْباً وَ قَبَائِلَ

لوگو ! ہم نے تمھیں ایک نر اور ایک مادے سے پیدا کیا اور تمھیں شعوب اور قبائل بنایا

Marfat.com

کی تفسیر میں لکھا ہے کہ قبائل عربوں کے ہیں اور شعوب عجمیوں کے ۔ بعض لوگ عجمیوں کی بعض شاخوں کو عربوں سے افضل خیال کرتے ہیں ۔ انھی میں سے ابوعبیدہ[1] بھی ہے ۔ اس کے اعتقادات خارجیوں کے سے تھے ۔ اُس نے عربوں کے عیوب کے متعلق ایک کتاب بھی لکھی ہے ۔ دوسرا شخص ابن غَرسِیّہ ہے جس نے عربوں پر عجمیوں کو فضیلت دینے کے متعلق ایک فصیح رسالہ لکھا ہے ۔ علمائے اندلس نے اس کے رد میں کئی رسالے لکھے ہیں ۔

ابو عبید[2] البکری امالی کی شرح میں لکھتے ہیں :

کتاب مثالب العرب دراصل زیاد[3] بن ابیہ نے لکھی ہے ۔ کیونکہ

---

۱ ۔ ابوعبیدہ : ابو عبیدہ معمر بن مثنی التیمی البصری ۔ عالم لغت اور تاریخ ۔ ان کی کی تقریباً دو سو تصانیف بتلائی جاتی ہیں ۔ ایک کتاب ”مجاز“ کے متعلق لکھی جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے اس کا نام ”مثالب العرب“ ہے ۲۱۰ھ میں وفات پائی ۔

۲ ۔ ابو عبیدالبکری : ابوعبید عبداللہ بن عبدالعزیز بن محمد البکری ۔ دراصل شَلَشْطِیْش کا رہنے والا تھا مگر قرطبہ میں رہائش اختیار کر لی تھی ۔ لغوی ، نسّاب ، اور اخباری تھا ۔ انھوں نے متعدد کتابیں لکھیں مثلاً اعلام النبوۃ ، کتاب الاحصاء فی طبقات الشعرا ، التنبیہ علی اغلاط ابی علی فی امالیہ وغیرہ ۔ میمن نے ان کی بارہ کتابوں کے نام دیے ہیں ۔ ان کی مشہور ترین کتاب شرح امالی ہے جس کا یہاں حوالہ دیا ہے ۔ ملاحظہ ہو شرح امالی صفحہ ۸۰۷ ۔ ۸۰۸ ۔ انھوں نے ۴۸۷ھ میں وفات پائی ، نیز ملاحظہ ہو خزانۃالادب : ۲ : ۲۱۲ اور ۵۱۹

۳ ۔ زیاد بن ابیہ ۔ الفخری وغیرہ نے ان کی والدہ کے متعلق لکھا ہے کہ یہ ”ذوات الرایات“ (طائفہ) تھی مگر سہیلی (الروض الانف : ۲ : ۱۳) لکھتے ہیں کہ ان کی والدہ سمیّہ پہلے حارث بن کلدہ متطبب

بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۶۱ پر

Marfat.com

جب اس نے اس بات کا دعویٰ کیا کہ ابو سفیان اس کا باپ ہے تو اسے اس بات کا علم تھا کہ عرب اس کے نسب کو جانتے ہوئے اسے ماننے کے نہیں ہیں ۔ لہٰذا اس نے کتاب المثالب لکھی اور ہر قسم کا عیب ، عار کی بات ، لغو ، جھوٹ اور بہتان عربوں کے سر تھوپ دیا ۔ پھر دوسرا شخص جس نے یہی کام کیا وہ ہیثم بن عدی[1] تھا ۔ یہ شخص صحیح النسب نہ تھا لہٰذا اس نے اپنے دل کی بھڑاس نکالنے کے لیے شرفا کی عزت کو ملوث کرنا چاہا ۔ پھر اس کام کی تجدید ابوعبیدہ نے کی ۔ اس نے اس میں اضافہ بھی کیا ۔ کیونکہ یہ دراصل یہودی تھا اور اس کا دادا ابوبکر (رضی اللہ عنہ) کی اولاد میں سے کسی شخص کے ہاتھ پر ایمان لایا تھا اسی لیے اس نے بنی تیم کا مولیٰ ہونے کا دعویٰ کیا اور ان کی طرف نسبت اختیار کر لی ۔ اس کے بعد عَلاّن[2] شعوبی وَرّاق اٹھا ۔ یہ شخص

صفحہ ۳۶۰ کا بقیہ حاشیہ

کے پاس تھی ۔ حارث نے یمن کے ابو جبر نامی ایک بادشاہ کا علاج کیا تھا اور شفایاب ہونے پر اس نے سمیہ تخماً حارث کو دے دی ۔ ابو جبر سے پہلے سمیّہ کسی ایرانی بادشاہ کے پاس تھی ۔ ابو جبر ایران گیا اور ایرانی بادشاہ نے ہدیتاً اسے سمیہ دے دی ۔ زیاد کا شمار دُھاۃ العرب میں ہوتا ہے ۔ معاویہ رض کے عہد میں یہ عراق کا گورنر رہا اور ۵۳ھ میں وفات پائی ۔ (شذرات الذہب : ۱ : ۵۹)

۱ - ہیثم بن عدی : ابو عبدالرحمٰن ہیثم بن عدی الطائی الکوفی صاحبِ اخبار اور مؤرخ تھا ۔ متروک الحدیث ہے ۔ اسے ابوداؤد سجستانی نے کذاب کہا ہے ۔ اس نے ۲۰۷ھ میں وفات پائی (شذرات : ۲ : ۱۹)

۲ - بلوغ الارب میں غیلان دیا ہے ۔ تصحیح شرح امالی کی مدد سے کی گئی ہے ۔ علاّن بن الحسن شعوبی دراصل ایران کا رہنے والا تھا راویۂ نسب تھا ، مثالب اور مفاخرات کا عالم تھا ۔ برامکہ کے ساتھ

باقی حاشیہ صفحہ ۳۶۲ پر

Marfat.com

زندیق تھا اور دو خداؤں کو مانتا تھا ۔ اس کے اس عقیدے کے متعلق کسی کو کسی قسم کا شک[1] نہیں ہے چنانچہ اس نے طاہر بن حسین[2]

صفحہ ۳۶۲ کا بقیہ حاشیہ

اس کے گہرے تعلقات تھے ۔ ہارون الرشید (۱۷۰ تا ۱۹۳ھ) مامون (۱۹۸ھ تا ۲۱۸ھ) اور براسکہ کے لیے بیت الحکمہ میں کتابت کا کام کرتا تھا ۔ اس نے عربوں کے مثالب میں کتاب المیدان لکھی ۔ اسی موضوع پر اس نے کتاب الجلبہ یا حلبۃ المثاب لکھی مگر یہ کتاب اب ناپید ہے ۔ اس کی دیگر تصانیف کے نام یہ ہیں ۔ کتاب المثالب جس میں قریش کے عیوب ان کی صنعت اور تجارت کا ذکر کیا ہے ۔ کتاب فضائل کنانہ ۔ نسب النمر بن قاسط ، کتاب نسب تغلب بن وائل ، کتاب فضائل ربیعہ اور کتاب المنافرہ ہے (الفہرست : ۱۵۳ - ۱۵۴ مطبع رحمانیہ مصر)

۱ - بلوغ الارب میں لا یوشک دیا ہے اسے لا یشک فیہ پڑھیں جیسا کہ شرح امالی میں دیا ہے ۔

۲ - طاہر بن الحسین طاہر بن الحسین خزاعی بنی خزاعہ کا مولیٰ تھا ۔ ذوالیمینین لقب ، یہ سخی اور بہادر تھا ۔ شعرا نے اس کی مدح میں قصائد کہے ۔یہ خراسان کا گورنر تھا اسی نے الامین کو قتل کیا تھا ۔ مامون نے ایک لڑکے کو تربیت دے کر اس کے ساتھ خادم کے طور پر کر دیا تھا اور اسے حکم دیا تھا کہ جب اسے طاہر کی طرف سے بغاوت کا شک گزرے تو اسے زہر دے دے ۔ چنانچہ جب یہ خراسان پر پورے طور پر قابض ہو گیا تو اس نے مامون کے نام کا خطبہ بند کر دیا اور اپنے نام کا خطبہ شروع کروا دیا ۔ اس پر ایک صبح کو جب اُٹھے تو اسے بستر پر مردہ پایا گیا ۔ اس کی وفات ۲۰۷ھ میں ہوئی ۔ اس کے بعد مامون نے اس کے بیٹے طلحہ کو یہاں کا حاکم مقرر کیا ۔ اس کے بعد اس کا دوسرا بیٹا عبداللہ حاکم بنا جو ۲۳۰ھ میں مرا ۔

Marfat.com

کے لیے ایک خارج از اسلام کتاب لکھی جس کی ابتدا بنی ھاشم کے عیوب سے کی اور اس میں ان کے بیاہوں اور ان کی ماؤں کا ذکر کیا ۔ ازاں بعد قریش کے چھوٹے قبائل اور پھر دیگر عربوں کا ذکر ہے ۔ اس نے ان کی طرف ہر قسم کا جھوٹ اور ڈھکوسلا منسوب کر دیا ہے ۔ ہر قسم کا بہتان اور اتہام ان کے سر تھوپ دیا ہے اس پر طاہر نے اسے تیس ہزار درہم انعام دیے تھے ۔ کتاب المثالب و المناقب کے نام سے جو کتاب[1] اب لوگوں کے پاس موجود ہے وہ نضر بن شمیل[2] حمیری اور خالد بن سلمہ[3]

---

۱ - شرح امالی میں یہ عبارت یوں دی ہے واما کتاب المثالب والمناقب الذی بایدی النّاس الیوم وھو کتاب الواحدة المعلوم فانما ھوللنضر بن شمیل ۔ مگر بلوغ الارب میں وھو کتاب الواحدة المعلوم کے الفاظ نہیں دیے ۔ میمن اس مقام پر لکھتے ہیں کہ ان الفاظ کو بغدادی نے حذف کر دیا ہے کیونکہ بغدادی کی یہ عادت ہے کہ جن الفاظ کو وہ سمجھ نہیں سکتا انہیں حذف کر دیتا ہے ۔ الوسی نے یہ عبارت دراصل خزانة الادب سے لی ہے مگر اس کا حوالہ نہیں دیا ۔ دراصل شرح امالی کا حوالہ بغدادی نے دیا ہے ۔ الوسی نے یہ ظاہر کرنے کی غرض سے کہ اس نے یہ عبارت براہ راست شرح امالی سے لی ہے شرح امالی کا حوالہ دیا ہے مگر ان الفاظ کے حذف کرنے سے اس کی غلط بیانی ظاہر ہو گئی ہے ۔

۲ - نضر بن شمیل ۔ ابوالحسن نضر بن شمیل البصری ۔ اس نے مرو میں رہائش اختیار کر لی تھی ۔ عالم ۔ امام ، حافظ اور جلیل القدر انسان تھا ۔ بصرہ کو چھوڑنے کی وجہ ان کی تنگدستی تھی ۔ ۲۰۳ھ میں وفات پائی ۔

۳ - خالد بن سلمہ المخزومی ۔ یہ یزید بن عمر بن ھبیرہ کے ساتھ دولت بنو امیہ کے خاتمے پر بھاگ نکلا تھا مگر بنو عباس کے ہاتھ آ گیا اور انھوں نے اسے ۱۳۲ھ میں قتل کر ڈالا ۔

Marfat.com

مخزوی کی لکھی ہوئی ہے - یہ دونوں اپنے زمانے کے بہترین نسب دان تھے - ہشام بن عبدالملک (م ۱۲۵ھ) نے حکم دیا تھا کہ وہ عربوں کی خوبیاں اور برائیاں بیان کریں - انھیں اور ان لوگوں کو جو ان کے ساتھ اس کام میں شریک تھے یہ حکم دیا گیا تھا کہ قریش کو جیسا کہ وہ ہیں ویسے ہی رہنے دیا جائے - (ان سے تعرّض نہ کیا جائے) یہی وجہ ہے کہ اس کتاب میں کسی قریشی کا ذکر نہیں کیا گیا -

شرح امالی کا بیان ختم ہؤا ــ بہت سے عجمی اسی رائے کے مالک ہیں -

بدیع الزمان ہمدانی (م ۳۹۸ھ) سے مروی ہے کہ اس نے کہا "میں ایک دن الصاحب کافی الکفاۃ اسماعیل بن عبّاد(م ۳۸۵ھ) کے پاس موجود تھا کہ ایک ایرانی شاعر اس کی خدمت میں حاضر ہؤا - اس نے صاحب کو ایک قصیدہ سنایا جس میں اس نے اپنی قوم کو عربوں پر فضیلت دینے کے علاوہ عربوں کی مذمت بھی کی تھی - قصیدہ یہ ہے :

غَنِيْنَا بِالطُّبُوْلِ عَنِ الطُّلُوْلِ
وَ عَنْ عَنَسٍ عُذَافِرَةٍ ذَمُوْلٍ

ہم طبلوں کو لے کر طلول (کھنڈرات) سے مستغنی ہو گئے ہیں اور قوی ، مضبوط اور نرم رفتار اونٹنی سے بھی مستغنی ہو گئے ہیں

وَاَذْ هَلَنِيْ عُقَارٌ عَنْ عَقَارٍ
فَفِيْ[1] است ام القضاہ مع العدول

جاگیر نے مجھے شراب بھلا دی ہے اور قاضی اور اس کے عدول کی ایسی تیسی

فَلَسْتُ بِتَارِكٍ إِيْوَانَ كِسْرٰى
لِتُوْضِحَ اوْلِحَوْمَلَ فَالدَّخُوْلِ

---

۱ - میں نہ اس مصرع کو سمجھ سکا ہوں اور نہ تصحیح کر سکا ہوں -

Marfat.com

میں توضح ، حومل اور دخول جیسے مقامات کی خاطر ایوان کسریٰ کو چھوڑنے کا نہیں ہوں

وَضَبٍ بِالفَلاَ سَاعٍ و ذِئْبٍ
بِهَا يَعْوِی و لَيْثٍ وَسْطَ غِيْلٍ

ان کے جنگلوں میں کئی ایک گوہ ہیں دوڑتی اور بھیڑیے بھونکتے پھرتے ہیں ۔ جنگلوں میں شیر موجود ہیں

يَسُلُّونَ السُيُوفَ لِرأسِ ضَبٍّ
حِرَاشاً بِالغَدَاةِ و بِالأَصِيْلِ

عرب ایک گوہ کے سر کا شکارکرنے کی خاطر صبح و شام تلوار کھنیچے پھرتے ہیں

إِذَا ذَبَحُوْا فَذٰلِکَ يَوْمُ عِيْدٍ
وَإِنْ نَحَرُوا فَفِی عُرْسٍ جَلِيْلٍ

جب وہ کوئی جانور ذبح کر لیں تو وہ ان کے لیے عید کا دن ہوتا ہے اور اگر اونٹ ذبح کر لیں تو گویا بیاہ شادی ہو رہی ہے

أَمَالَو لَمْ يَكُنْ لِلفُرْسِ اِلاَّ
نَجَارُ الصَّاحِبِ القَرْم النَّبِيْلِ

یاد رکھیں کہ اگر ایرانیوں کے پاس (اس) صاحب شرف سردار (الصّاحب) کے خاندان کے سوا کوئی اور خوبی نہ بھی ہوتی

لَكَانَ لَهُمْ بِذٰلِکَ خَيْرُ فَخْرٍ
وَجِيْلُهُمُ بِذٰلِکَ خَيْرُ جِيْلٍ

جب بھی ان کے لیے یہی ایک بات برترین فخر کی بات ہوتی اور (اسی ایک کے باعث) ان کی قوم بہترین قوم (گنی گئی) ہوتی

جب شعر سناتے سناتے وہ اس شعر پر پہنچا تو صاحب نے کہا :

Marfat.com

بس[1] کافی ہے - پھر گردن اٹھا کر کونوں میں اور اہل مجلس کی طرف نظر دوڑانے لگا - میں بڑے کمرے کے ایک کونے میں بیٹھا ہؤا تھا - مگر وہ مجھے نہ دیکھ سکا اور کہا ابوالفضل[2] کہاں ہے - میں اٹھ کر زمین بوس ہؤا اور کہا : کیا حکم ہے ؟ الصاحب نے فرمایا - اپنی تین چیزوں کی طرف سے جواب دو - میں نے عرض کیا : کونسی تین چیزیں ؟ فرمایا : اپنے ادب ، اپنے نسب اور اپنے مذہب کی طرف سے - میں نے کہا : بات کہنے کی کوئی گنجائش نہیں مگر اس کے بغیر طبیعت کو چین بھی نہ آئے گا لہٰذا میں بھی اسی طرز میں جس طرز میں تم نے شعر سنے ہیں کچھ عرض کرتا ہوں ، اس کے بعد میں نے یہ شعر پڑھنے شروع کر دیے :

أَرَاکَ عَلَی شَفَا خَطَرٍ مَهُول
بِمَا أَوْدَعْتَ لَفْظَکَ مِن فُضُول

میں تجھے خوفناک خطرے کے کنارے پر دیکھ رہا ہوں کیونکہ تیرے الفاظ میں بہت سی بے کار باتیں پائی جاتی ہیں

تُرِیْدُ عَلَی مَکَارِمِنَا دَلِیْلاً
مَتَی احْتَاجَ النَّهارُ إِلَی دَلِیْل

تو ہماری بزرگیوں کے ضمن میں دلیل چاہتا ہے بھلا دن کبھی محتاج ہؤا اس امر کا کہ (اپنے دن ہونے کی) دلیل دے

أَلَسْنَا الضَّارِبِیْنَ جِزَّیً عَلَیْکُم
وَإِنَّ الْجِزْیَ أَوْلَی بِالذَّلِیْل

کیا ہم نے تم پر جزیہ نہیں عائد کیا اور ظاہر ہے کہ جزیہ ذلیل لوگوں ہی کے لیے مناسب ہوتا ہے

---

۱ - بلوغ الارب میں فذاک دیا ہے اسے قَدْکَ پڑھیں -
۲ - بلوغ الارب میں : ابن ابی الفضل دیا ہے اسے أَیْنَ ابوالفضل پڑھیں -

Marfat.com

مَتَى [1]فَرَعَ المَنَابِرَ فَارِسِيٌّ
مَتَى عَرَفَ الأَغَرَّ من الحُجُول،

کب کوئی ایرانی بھی منبر پر چڑھا ہے کسی ایرانی نے کب سفید پیشانی والے گھوڑے اور سفید ٹانگوں والے گھوڑے میں امتیاز کیا ہے

متی عَرَفَتْ وَآنَسَتْ بِهَا زَعِيمٌ
آكُفَّ الفُرسِ أعرَافَ الخُيُول،

[۱۶۲] ایرانیوں کی ہتھیلیوں نے کب گھوڑوں کی گردن کے بالوں کو پہچانا ہے اور تو جو ان کا ضامن بن رہا ہے انھی میں شامل ہے

فَخَرَتْ بِمِلاءٍ مَا ضِغَتَيكَ هُجْراً
عَلَى قَحْطَانَ وَالشَّيتِ الأَصِيلِ،

تو نے گلا پھاڑ پھاڑ کر بڑی بیہودگی سے اظہار فخر کیا اور اپنے آپ کو قحطان اور خاندانی گھرانے سے افضل بتایا ہے

وتَفْخَرُ أَنْ مَأكولاً و لُبْساً
وَذٰلِكَ فَخَرُ رَبَّاتِ الحُجُول،

تو کھانے کی چیزوں اور لباس پر فخر کرتا ہے حالانکہ یہ باتیں عورتوں کے لیے باعث فخر ہیں

فَفَاخِرْهُنَّ فِي خَدٍّ أَسِيلٍ
وَفَرْعٍ فِي سَفَارِ قِهَا رَسِيلٍ،

لہٰذا تو لمبوترے رخسار اور مانگ چوٹی کے معاملے میں عورتوں کے ساتھ تفاخر کر

وَأَمْجَدُ مِنْ أَبِيكَ إِذَا تَزَيَّا
عُرَاةً كَاللُّيوثِ عَلَى الخُيُول،

---

۱ - بلوغ الارب میں قرع (قاف کے ساتھ) دیا ہے اسے فَرَعَ فاء کے ساتھ پڑھیں -

Marfat.com

تمھارا باپ لباس پہن لے جب بھی وہ ننگے لوگ جو شیروں کی طرح گھوڑوں پر سوار ہوتے ہیں تمھارے باپ سے زیادہ عالی قدر ہیں

جب میں نے سارے شعر سنا دیے تو ”صاحب“ اس کی طرف متوجہ ہؤا اور کہا : ”کہو کیسی رہی“ ۔ اس نے جواب دیا : اگر میں نے (فقط) سنا ہوتا تو اس پر یقین نہ کرتا (کہ کوئی فی البدیہ اس طرح شعر کہہ سکتا ہے) صاحب نے کہا ، ”تمھارا انعام یہی ہے کہ اس وقت تمھیں اجازت دے دی جائے اور اگر میں نے تمھیں پھر دیکھ لیا تو تمھاری گردن اڑا دوں گا“ ۔ اس کے بعد صاحب نے فرمایا : میں نے جس کسی کو بھی عجمیوں کو عربوں پر فضیلت دیتے دیکھا اُس میں مجوسیت کی رگ ضرور موجود پائی جس کی طرف اس کا میلان ہوتا ہے ۔ بالعموم دیکھنے میں آیا ہے کہ اس قسم کا کلام کسی نہ کسی قسم کی منافقت کے بغیر صادر نہیں ہوتا ، یہ منافقت یا اعتقاد میں یا ایسے عمل میں جو نفسانی خواہش سے پیدا ہؤا ہو اور جس کے ضمن میں شبہات ہوں پیدا ہوئی ہو ۔ اسی لیے حدیث میں آیا ہے :

حُبُّ العَرَبِ مِنَ الاِیمَانِ وبُغْضُھُم نِفَاقٌ

عربوں کی محبت ایمان کا جزو ہے اور ان کا بغض منافقت

باایں ہمہ اس قسم کے مسائل پر گفتگو دونوں طرف کی نفسانی خواہش پر استوار ہوتی ہے ۔ اور یہ بات تمام مسائل شریعت میں حرام قرار دی گئی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حَبْلُ اللہ کو مضبوط پکڑنے کا حکم دیا ہے اور مسلمانوں کو تفرقہ بازی اور اختلاف سے منع فرمایا ہے اور باہمی معاملات کے متعلق مصالحت کا حکم دیا ہے ۔

حدیث میں آیا ہے :

مَثَلُ المُؤمِنِینَ فِی تَوَادِّھِم وتَرَاحُمِھِم وتَعَاطُفِھِم کَالجَسَدِ الوَاحِدِ اِذَا اشتکیٰ عُضْوٌ مِنْہُ تَدَاعیٰ لَہٗ سَائِرُ الجَسَدِ بِالسَّھَرِ والحُمّٰی

Marfat.com

مسلمانوں کی باہمی دوستی باہمی ترحم اور باہمی شفقت و مہربانی کی مثال ایک جسم کی سی ہے ، اگر جسم کا ایک عضو بیمار پڑ جائے تو باقی تمام جسم بیداری اور بخار کی وجہ سے پکار اٹھتا ہے

ایک اور حدیث میں ہے :

لاَ تَقَاطَعُوْا وَلاَ تَدَابَرُوْا وَلاَ تَبَاغَضُوا وَلاَ تَحَاسَدُوْا وَكُونُوا عِبَادَ اللهِ إِخْوَاناً كَمَا أَمَرَكُمُ اللهُ

تم ایک دوسرے سے قطع تعلقات نہ کیا کرو ، نہ آپس میں اختلاف رکھا کرو اور نہ بغض اور نہ حسد ۔ اللہ کے بندے اور بھائی بن کر رہا کرو ایسے ہی جیسے تمھیں اللہ نے حکم دیا ہے

جب اس مسئلے میں غیر مسلم جھگڑتے ہیں تو مجھے تعجب نہیں ہوتا ، تعجب تو ان لوگوں پر ہوتا ہے جو شریعت کے احکام کی پابندی تو کرتے ہیں لیکن اگر عربوں کی فضیلت کے متعلق بات سن لیں تو مخالفت پر اتر آتے ہیں حالانکہ اس بارے میں نص صریح آ چکی ہے ۔

چنانچہ امام احمد بن حنبل (م ۲۴۱ھ) نے اپنی مسند میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک لوگوں کی کچھ باتیں پہنچیں ۔ حضرت عباس فرماتے ہیں [۱۶۳] کہ اس پر آپ نے منبر پر چڑھ کر فرمایا :

مَنْ أَنَا

(میں کون ہوں)

صحابہ نے عرض کیا : آپ اللہ کے رسول ہیں

پھر آپ نے فرمایا : میں محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہوں ۔ اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا اور مجھے اپنی بہترین مخلوق میں شامل کیا ، اللہ نے مخلوق کے دو گروہ بنائے اور مجھے بہتر گروہ میں رکھا ۔ اللہ نے قبائل بنائے اور مجھے بہترین قبیلے کا فرد بنا دیا ، اللہ نے ان کے گھرانے بنائے اور مجھے ان میں سے بہترین گھرانا دیا ، لہٰذا میں گھرانے اور اپنی ذات کے اعتبار سے تم سب سے افضل ہوں ۔

Marfat.com

اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ہے کہ اللہ نے مخلوق کے جونسے بھی دو گروہ بنائے ہیں مجھے ان میں سے بہتر گروہ میں رکھا ہے ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اس حدیث میں یہ فرمانا کہ " اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا تو مجھے بہترین مخلوق میں شامل کیا پھر ان کے دو گروہ بنائے اور مجھے ان میں سے بہتر گروہ میں رکھا " اس کے دو احتمال ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ خلق سے مراد ثقلان ہے یعنی جن اور انس ۔ یا خلق سے مراد تمام وہ مخلوق ہے جو اللہ نے زمین پر پیدا کی اور بنو آدم ان میں سب سے بہتر ہیں اور اگر خلق کے مفہوم کو عام کر دیا جائے تاکہ اس میں ملائکہ بھی شامل ہو جائیں تو اس صورت میں اس حدیث میں تمام جنس بنی آدم جنس ملائکہ پر افضل قرار پائے گی اور اس مفہوم کی ایک صحیح صورت بھی پائی جاتی ہے ۔

اس کے بعد بنی آدم کے دو گروہ بنائے اور وہ عرب و عجم ہیں ۔ پھر عرب کو قبائل میں تقسیم کیا ۔ تو قریش تمام عرب قبائل سے افضل ٹھہرے ۔ پھر قریش سے گھرانے بنائے تو بنو ہاشم کا گھرانا بہترین گھرانا قرار پایا ۔

یہ بھی احتمال ہو سکتا ہے کہ خلق سے مراد بنی آدم ہوں اور آپ ان میں سے بہترین گھرانے میں سے ہوئے یعنی ابراھیم کی اولاد میں سے یا عربوں میں سے ۔ اس کے بعد خدا نے ابراھیم کی اولاد کے دو گروہ بنائے بنو اسمٰعیل اور بنو اسحٰق ، عربوں کے بھی دو حصے کر دیے عدنان اور قحطان مگر اللہ نے مجھے اسمٰعیل کی اولاد میں سے یعنی عدنان کی نسل میں رکھا ۔ پھر بنی اسمٰعیل اور بنی عدنان کے بھی قبائل بنا دیے اور مجھے ان کے بہترین قبیلے قریش میں شامل کر دیا ۔ بہر کیف اس حدیث میں صراحتاً عربوں کو غیر عربوں پر فضیلت دی گئی ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ ان سے محبت رکھنے اور ان کا لحاظ کرنے کے بارے میں صحیح احادیث وارد ہیں ۔ چنانچہ ایک حدیث میں آتا ہے :

Marfat.com

حُبُّ العَرَبِ ایْمَانٌ وبُغْضُهُم کُفرٌ
عربوں سے محبت کرنا ایمان اور ان سے بغض رکھنا کفر ہے
مَنْ اَحَبَّ العَرَبَ فَقَدْ اَحَبَّنِی
جس نے عربوں سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی
وَمَنْ اَبْغَضَ العَرَبَ فَقَدْ اَبْغَضَنِی
اور جس نے ان سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا

ایک حدیث یہ ہے :

مَنْ غَشَّ العَرَبَ لَمْ یَدْخُل فِی شَفَاعَتِی وَلَمْ تَنَلْهُ مَوَدَّتِی
جس نے عربوں سے دھوکا کیا وہ میری شفاعت (پانے والوں) میں داخل نہ ہوگا اور نہ ہی اسے میری دوستی حاصل ہو گی

وجہ ظاہر ہے کہ محبت کے با وصف کسی نوع کے ساتھ دھوکا کرنا ممکن نہیں ہوتا یہ بات تو اسی صورت میں ممکن ہے جب ان لوگوں کو حقیر و ذلیل جانا جائے۔

ایک اور حدیث ہے :

اَحِبُّوا العَرَبَ لِثَلَاثٍ لِاَنِّی عَرَبِیٌّ والقُرآنُ عَرَبِیٌّ ولِسَانُ اَهْلِ الْجَنَّةِ عَرَبِیٌّ
عربوں کے ساتھ تین وجوہ سے محبت کرو ۔ اس لیے کہ میں عربی ہوں ، قرآن عربی ہے اور اہل جنت کی زبان عربی ہے

ترمذی (م ۲۷۹ھ) نے سلمان فارسی (م ۳۶ھ) رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ انھوں نے فرمایا :

اے عربوں کی قوم ! تم دو طریق سے ہم پر فضیلت لے گئے ایک یہ کہ ہم تمھاری امامت نہیں کر سکتے اور دوسرے یہ کہ ہم تمھاری عورتوں سے نکاح نہیں کر سکتے ۔

اس حدیث سے اکثر اُن فقہا نے استدلال کیا ہے جنھوں نے محض [۱۶۴] عربوں کے عرب ہونے کو عجمیوں کا ہم پلہ قرار دیا ہے ۔ ایک

Marfat.com

روایت میں امام احمد نے اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ کفاءت کسی ایک معین انسان کا حق نہیں ہے بلکہ نکاح کے مسئلے میں یہ مسئلہ مطلق حقوق میں شمار ہوتا ہے یہاں تک کہ اگر میاں بیوی میں کفاءت نہ پائی جاتی ہو تو ان کو ایک دوسرے سے علٰحدہ کیا جا سکتا ہے۔

امام شافعی (م ۲۰۴ھ) کے شاگردوں نے اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے کہا ہے کہ شرافت بھی ان امور میں سے ہے جن کی وجہ سے کسی کو نماز میں (مقدم) آگے کرنا واجب ہو جاتا ہے۔

امام احمد کے شاگرد [1]حرب بن اسماعیل کرمانی نے سنت کے بیان میں ذکر کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ ائمہ علم، اصحاب اثر اور ان اہل سنت کا یہ مذہب ہے جو سنت کا عمل کرنے کے معاملے میں مشہور ہیں۔ جن کی لوگ اتباعِ سنت کے ضمن میں پیروی کرتے ہیں۔ نیز عراق اور شام وغیرہ کے بھی ان علما کا یہ مذہب ہے جن سے میں ملا ہوں۔ لہٰذا جو شخص ان مذاہب میں سے کسی کی بھی مخالفت کرے گا یا عیب چینی کرے گا یا اس کے قائل کو برا کہے گا وہ بدعتی ہے، خارج از جماعت ہے اور سنت کے طریقے اور راہ حق سے منحرف ہے۔ احمد، اسحٰق بن ابراھیم بن مخلد، عبداللہ[2] بن الزبیر الحمیدی اور [3]سعد بن منصور وغیرہ کا جن کی صحبت

۱۔ حرب بن اسماعیل کرمانی حافظ حدیث اور بلند مرتبہ فقیہ ہیں۔ انھوں نے امام احمد سے بہت سے مسائل کی روایت کی ہے ۲۸۱ھ میں وفات پائی۔

۲۔ عبداللہ بن الزبیر القرشی الحمیدی۔ انھوں نے فُضَیل بن عیاض اور اس طبقے کے دیگر لوگوں سے روایت کی۔ امام اور حجت تھے۔ ابتدا میں امام شافعی سے متنفر تھے پھر ان کی صحبت میں رہے۔ ۲۱۹ھ میں وفات پائی۔

۳۔ سعید بن منصور خراسانی حافظ حدیث تھے۔ اور سنن کے مؤلف ہیں مشہور اور ثقہ لوگوں میں سے تھے۔ ۲۲۷ھ میں وفات پائی۔

Marfat.com

میں ہم رہے اور جن سے ہم نے علم حاصل کیا یہی مذہب تھا ۔ ان کا یہ عقیدہ تھا کہ ایمان دراصل قول ، عمل اور نیت کا نام ہے پھر لمبی سی عبارت نقل کر دی جس کے آخر میں کہا ہے :

(اور ایمان یہ ہے کہ) ہم عربوں کے حق ، ان کی فضیلت اور مرتبے کو پہچانیں ۔ ہم ان سے محبت کریں اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے :

حب العرب ایمان و بغضهم نفاق

(عربوں سے محبت کرنا ایمان اور ان سے بغض رکھنا نفاق ہے)

ہمیں شعوبیوں اور کمینے موالیوں کی سی باتیں نہیں کہنی چاہیں ۔ جو نہ عربوں سے محبت رکھتے ہیں اور نہ ان کی فضیلت کا اقرار کرتے ہیں ۔ ان لوگوں کا قول تو اہل فضل اور اہل کمال کے نزدیک بدعت اور گمراہی ہے ۔

اس سلسلے میں بہت سی احادیث مروی ہیں ۔ حافظ عراقی[1] نے اس سلسلے میں ایک رسالہ بھی لکھا ہے جس کا نام القُرَب فی محبّۃِ العَرَب رکھا ہے ۔ اسی طرح متقدمین علما نے بھی اس سلسلے میں تصانیف چھوڑی ہیں ۔

[2]شعوبیہ کے شبہات اور ان کا رد

شعوبی کہتے ہیں : ہم تو عدل اور مساوات کے قائل ہیں ۔ نیز[3] یہ کہ تمام لوگ ایک ہی مٹی سے وجود میں آئے اور ایک ہی شخص کی اولاد ہیں ۔ ہماری دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے

---

۱ ۔ حافظ عراقی : حافظ زین الدین عبدالرحیم بن الحسین العراقی ۔ شافعی تھے ۔ ۷۳۵ھ میں پیدا ہوئے ۸۰۶ھ میں وفات پائی ۔

۲ ۔ یہ مضمون العقد الفرید : ۳ : ۴۰۳ - ۴۱۲ اور کتاب العرب لابن قتیبہ سے لیا گیا ہے ۔ مگر الوسی نے مأخذ کا ذکر نہیں کیا ۔

۳ ۔ بلوغ الارب میں وان الناس دیا ہے اسے وَالّتی ان النّاس پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں مرقوم ہے ۔

Marfat.com

المُؤمِنُونَ اِخوَۃٌ تَتَکافَأُ دِمَاؤُھُم ویَسعٰی بذِمتھم اَدنَاھم
و ھم یَدٌ عَلَی مَن سِوَاھُم

سب مومن بھائی بھائی ہیں ان کے خون ایک دوسرے کے برابر ہیں - ادنیٰ سے ادنیٰ مسلمان بھی ان کے لیے بہ شد و مد عہد و پیمان کر سکتا ہے اور دیگر امتوں کے خلاف یہ سب متفق ہوتے ہیں

حجۃ الوداع کے موقع پر جو کچھ آپ نے فرمایا تھا یہ لوگ اُس سے بھی استدلال کرتے ہیں - یہ وہ خطبہ ہے جس میں آپ نے اپنی امت کو الوداع کہا اور (جس کی رو سے) نبوت کی تکمیل ہوئی :

لوگو ! اللہ تعالیٰ نے جاہلیت کی نخوت اور آبا و اجداد پر تفاخر کو باطل قرار دے دیا ہے - تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم مٹی سے پیدا ہؤا تھا ، کسی عربی کو کسی عجمی پر فضیلت نہیں بجز تقویٰ کے -

[۱۶۰] آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان اللہ کے فرمان

اِنَّ اَکرَمَکُم عِندَ اللہ اَتقَاکُم

(تم میں سے زیادہ عزت والا اللہ کے نزدیک وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہو) کے عین مطابق ہے - مگر تم نے کہا کہ ہم تو ضرور تفاخر کریں گے - عجمی ہرگز ہمارے برابر نہیں ہو سکتے خواہ وہ مسلمان ہونے کے معاملے میں ہم سے آگے ہی کیوں نہ نکل جائیں اور نمازیں پڑھتے پڑھتے کمانوں ہی کی طرح کیوں نہ ہو جائیں اور روزے رکھتے رکھتے سوکھ کر تانت ہی کیوں نہ بن جائیں - ہم تمھیں معاف کرتے ہیں اور آباء و اجداد پر تفاخر کے چیلنج کو قبول کرتے ہیں کیونکہ تم اس حدیث کی مخالفت پر تلے بیٹھے ہو - (۱ حالانکہ ہمارے نبی اور تمھارے نبی نے تمھیں اس سے منع کیا ہے) ہم آپ کی حدیث ۲ کی تابعداری کرتے ہوئے اور آپ کے حکم کی اطاعت کرتے

---

۱ - یہ الفاظ بلوغ الارب میں نہیں ہیں - العقد الفرید سے لے کر ترجمہ کیا گیا ہے -

۲ - حدیث کا ذکر کیا گیا ہے مگر حدیث دی نہیں گئی -

Marfat.com

ہوئے یہ چیلنج قبول کرتے ہیں ۔ لہٰذا تمہاری مفاخرت کی دلیل کی تردید میں ہم کہتے ہیں :

بھلا یہ بتائیں کہ اگر عجمی آپ سے یہ پوچھیں کہ تم کس بات کو قابل فخر سمجھتے ہو حکومت کو یا نبوت کو ؟ پھر اگر تم کہو کہ حکومت فخر کی بات ہے تو وہ تمہیں کہیں گے کہ تمام روئے زمین کے بادشاہ فراعنہ ، نمارِدہ ، عمالقہ ، اکاسرہ ، قیاصرہ سب ہمیں میں سے ہوئے ہیں ۔ کیا کسی کے پاس سلیمان علیہ السلام جیسی حکومت ہو سکتی ہے جن کے لیے اِنس و جن ، پرندے اور ہوا مسخر تھی ۔ وہ ہمیں میں سے تھے یا کیا سکندر جیسی حکومت کسی کی ہوئی جو تمام روئے زمین کا مالک تھا ۔ جو مشرق سے مغرب تک پہنچا اس نے لوہے کا بند باندھا ، اس نے دو پہاڑوں کے دامنوں کو برابر کر دیا اور اس کے پیچھے ایک بہت بڑی مخلوق کو جو کثرت تعداد میں روئے زمین کی ساری مخلوق سے زیادہ تھی بند کر دیا ، چنانچہ اللہ تعالٰی فرماتے ہیں :

حَتّٰی إِذَا فُتِحَتْ یَاجُوجُ وَمَاجُوجُ وَهُم مِّن کُلِّ حَدَبٍ یَنسِلُونَ

یہاں تک کہ جب یاجوج اور ماجوج کے لیے راستہ کھول دیا جائے گا اور وہ ہر بلندی سے (اتر کر) تیزی سے چلے آئیں گے

اس آیت سے بڑھ کر کوئی چیز ان کی کثرت تعداد پر [1] دلالت نہیں کر سکتی ۔ زمین میں جیسے آثار سکندر کے پائے جاتے ہیں کسی اور انسان کے نہیں پائے جاتے ۔ اگر اس کے آثار میں سے صرف اسکندریہ کا منارہ ہی ہوتا جس کی بنیاد اس نے سمندر کی تہ میں رکھی تھی اور اس منارہ کی چوٹی پر ایک آئینہ لگا دیا تھا جس میں تمام سمندر جھلکتا تھا تو یہی [2]

---

۱ - بلوغ الارب میں یہ لفظ موجود نہیں ۔ العقد الفرید سے لے کر ترجمہ کیا گیا ہے عبارت یوں ہے : فلیس شئی اَدَلّ علی

۲ - یہ لفظ بھی بلوغ الارب میں نہیں ہے : یظهر البحر کله فی زجاجتها کے بعد لتکفلی کا لفظ چاہیے ۔

Marfat.com

اس کے لیے کافی تھا ۔ (ہمیں فخر) کیوں نہ ہو جبکہ ہم میں وہ [1] ہندوستان کے بادشاہ ہوئے ہیں جن میں سے ایک نے عمر بن عبدالعزیز [2] کو یہ الفاظ لکھے تھے :

اس شہنشاہ کی طرف سے جو ایک ہزار بادشاہوں کا بیٹا ہے اور جس کے تحت ایک ہزار شہزادیوں کی بیٹیاں ہیں ۔ جس کے اصطبل میں ایک ہزار ہاتھی ہیں ۔ جس کے دو دریا ہیں جو عود ، خوشبو ، اخروٹ اور کافور اگاتے ہیں ، وہ کافور جس کی خوشبو بارہ میل سے آتی ہے ۔ عربوں کے بادشاہ [۱۶۶]کی طرف جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بتاتا ۔ اما بعد ۔۔۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے پاس کسی ایسے شخص کو بھیجیں جو مجھے اسلام کی تعلیم دے اور اسلامی احکام سے آگاہ کرے ۔ والسلام

اور اگر تمہارا یہ خیال ہو کہ فخر صرف نبوت ہی کی بنا پر ہو سکتا ہے تو حضرت آدم سے لے کر چار نبیوں ہود ، صالح ، اسمٰعیل اور محمد علیہم الصلوٰۃ والسلام کے سوا تمام کے تمام انبیا اور مرسلین ہمیں میں سے ہوئے ہیں ۔ اور تمام جہان کے برگزیدہ لوگ بھی ہمیں میں سے ہوئے ہیں یعنی آدم اور نوح اور یہی دو اصلی عنصر ہیں جن سے نوع بشر نکلی ہے ۔ لہٰذا ہم اصل ٹھہرے اور تم فرع ۔ تم تو ہماری شاخوں میں سے ایک شاخ ہو لہٰذا اب تم جو چاہو کہو اور جس بات کا چاہو دعویٰ کرو ۔ دنیا کے ہر گوشے میں اور عجمیوں کی تمام اقوام میں بادشاہ گزرے ہیں جو اُنھیں ایک جگہ جمع کیے رکھتے تھے ، ان کے شہر تھے جن میں ان کے مسکن تھے ۔ ان کے کچھ احکام ہوتے تھے جن کی وہ اطاعت کرتے تھے ۔ ان کے یہاں فلسفہ تھا جس سے وہ نتیجے اخذ کرتے تھے ، وہ عجیب و غریب آلات و صنعتیں ایجاد کرتے تھے مثلاً محمل کی صنعت ، یہ نہایت عجیب و غریب صنعت ہے ۔ اور شطرنج کا کھیل اور یہ بہت ہی بلند کھیل ہے

---

۱ ۔ جاحظ کی کتاب الحیوان (ج ۷ : ۲۹) میں ملوک الھند کی بجائے ملوک الصین لکھا ہے ۔

۲ ۔ کتاب الحیوان میں عمرؓ بن عبدالعزیز کے بجائے معاویہؓ درج ہے ۔

Marfat.com

اور ترازو کا گولا جس سے ایک رطل سے لے کر سو رطل تک وزن کیا جا سکتا ہے ۔ [۱]ذات باری تعالٰی کے متعلق رومیوں کا فلسفہ اور قانون (ایک قسم کا ساز) اور اسطرلاب جس سے ستاروں کی بلندی معلوم کی جاتی ہے ۔ ان کے فاصلے کا علم ، افلاک کی گردش معلوم کی جاتی ہے اور سورج گرہن کا علم وغیرہ محکم آثار مگر عربوں کا کوئی ایسا بادشاہ نہ تھا جو ان کو جمعیت عطا کر سکتا اور ان کے پھیلاؤ کو اپنے اندر سمیٹ لیتا ، ظالموں کا سدّباب کرتا اور بیوقوفوں کا تدارک کرتا ۔ عربوں نے کسی صنعت کے ضمن میں بھی کوئی کارنامہ انجام نہ دیا ، نہ فلسفے میں کوئی نشان چھوڑا بجز شعر کے ، اور اس میں بھی عجمی ان کے ساتھ برابر کے شریک تھے اور یہ اس طرح کہ رومیوں کے یہاں بھی دلکش اشعار پائے جاتے ہیں جن میں وزن اور عروض پایا جاتا ہے لٰہذا وہ کونسی بات ہے جس کی بنا پر اہل عرب عجمیوں کے مقابل تفاخر کرتے ہیں ۔ وہ تو ظالم بھیڑیوں اور بھاگ جانے والے وحشیوں کی طرح ہیں کہ ایک دوسرے کو کھاتے اور ایک دوسرے پر غارت ڈالتے ہیں ، چنانچہ ان کے مرد تو قید و بند میں [۲]جکڑے ہوتے ہیں اور ان کی عورتیں قیدی بنائی جاتی ہیں اور انھیں سوار کے پیچھے سامان کے ساتھ لاد کر لے جایا جاتا ہے ۔ جب فریاد رس پہنچ کر انھیں شام کے وقت چھڑاتا ہے تو انھیں اس وقت تک شاہراہ کی طرح روندا جا چکا ہوتا ہے ۔ ایک شاعر اس پر فخر کرتے ہوئے کہتا ہے :

وأُوثَقُ [۳] عِندالمُردَفَات عَشِيَّةً

---

۱ - بلوغ الارب میں خلق مرقوم ہے اسے خالق پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں ہے ۔

۲ - بلوغ الارب میں موثقون تحریر ہے اور یہی درست ہے مگر العقد الفرید میں موثوقون مندرج ہے اور وہ غلط ہے ۔

۳ - العقد الفرید میں اوثق عند کی بجائے وَالشَحَقُ رکب دیا ہے اور وہ روایت بہتر ہے کیونکہ آگے چل کر خود الوسی کہتا ہے : وأیّ فَخرلک فی أنْ تَلتَحقِهُنّ ۔ مزید برآں مکمل شعر یوں ہے :

وَالشَحَقَ رَكْبَ المُردَفَاتِ عَشِيَةً
لَحَاقاً إذَا ماجَرَّدَ السَيْفَ مَانِعُ

Marfat.com

وہ عورتیں جنھیں وہ پیچھے بٹھا کر ساتھ لے جاتے ہیں مجھ پر بھروسا کرتی ہیں

کسی نے اس سے کہا : جب وہ بے عصمت ہو چکیں اور خوار ہو چکیں تو پھر شام کے وقت تمھارے ان تک پہنچ جانے میں کونسی فخر کی بات ہے -

نیز جریر بنی دارم کو ملامت کرتے ہوئے کہتا ہے کیونکہ رحرحان کے دن قیس ان پر غالب آ گئے تھے :

۱وَبَرحْرَحَانَ غَدَاۃَ کُبِلَّ مَعْبَدٌ
نُکِحَتْ۸ نِسَاؤُکُمُ، بغیر مَھُوْرِ

جس دن تمھارا معبد (بن زراہ) رحرحان کے مقام پر قید کر لیا گیا تھا اس دن گویا تمھاری عورتوں کے ساتھ بغیر مہر سے نکاح کر لیے گئے تھے

اسی طرح اور عنترہ اپنی بیوی سے کہتا ہے :

اِنَّ ۲الرِّجَالَ لَھُمْ اِلَیکِ وَسِیْلَۃٌ
اِنْ۸ یأخُذُوکِ تکَحُّلِی۸ وَتَخَضَّبِی۸

---

۱ - رحرحان عکاظ کے قریب ایک پہاڑ کا نام ہے جہاں جنگ ہوئی تھی -

۲ - لسان العرب میں ہے کہ بعض نے ان اشعار کو خُزَز بن لوزان السَدُوسی کی طرف منسوب کیا ہے - اس کے بعد ابن منظور نے ان اشعار کی جو تشریح ابوالفرج الاصبہانی نے کی ہے دی ہے چنانچہ لکھتے ہیں : قال : ان نهاية غرض الرجال منک اذا أخذوک الکُحْلُ والخضاب للتمتع بکِ ومتی اخذوکِ انت حملوکِ علی الرحل والقعودِ واَسَرُونی انا و قال : ابن النعامة رجلاه او ظِلُّه، الذی یمشی فیه - وهذا اقرب الی التفسیر من کونه یصف المرأة برکوب القعود و یصف نفسه برکوب الفرس ، اللّٰهم الا ان یکون راکب الفرس منهزماً مولیاً هارباً ولیس فی ذلک من الفخر مایقوله عن نفسه فأی۸ حالة اسوأ من اِسْلام حلیلته وهربه عنها راکباً او راجلا فکونه یَستَهوِلُ اخذها وحملها واسره هو ومشیه هو الامر الذی یحذره ویستهوله - ملاحظہ ہو لسان العرب ما د ہ ن ع م -

Marfat.com

اگر مرد تجھے پکڑ لیں تو ان کی غرض تجھ سے صرف اس قدر ہے کہ وہ تمھارے سرمے اور خضاب سے حظ حاصل کریں لہٰذا تم سرمہ اور خضاب لگا لو

وأنَا امرٌ إن يأخُذُونِي عَنْوَةً
أُقرَنْ إلَى شَدِّ الرِكابِ وأُجْنَبِ

اور میں تو وہ شخص ہوں کہ اگر وہ مجھے زبردستی پکڑ لیں گے تو مجھے رکاب کے تسمے کے ساتھ باندھ کر ساتھ ساتھ دوڑائے لیے جائیں گے

ويكون سَرْكَبَكِ القَعُودُ ورَحْلُهُ،
وابنُ النَّعَامَةِ عِنْدَ ذٰلِكِ سَرْكَبِي

اس وقت تم سواری اور اس کے پالان پر سوار ہوگی اور میں پیدل چل رہا ہوں گا

اس نے ابن النعامہ سے [1] پاؤں کا اندرونی حصہ مراد لیا ہے۔

ابن ہبولہ الغسّانی نے الحارث بن عمرو الکندی کی بیوی کو قید کر لیا ۔ حارث پیچھے سے آ پہنچا اور آ کے ابن ہبولہ کو قتل کر دیا اور عورت کو واپس لے آیا ۔ ابن ہبولہ اس سے حظ اٹھا چکا تھا ۔ حارث نے بیوی سے پوچھا : کیا وہ تم سے ہمکنار ہؤا ؟ اس نے کہا ''ہاں ! اللہ کی قسم کسی [2] عورت نے ایسا بچہ نہیں جنا ۔ اس پر اس نے اسے دو گھوڑوں کے درمیان باندھ کر گھوڑوں کو دوڑایا یہاں تک کہ انھوں نے اس کے ٹکڑے کر دیے اور اس واقعہ کے متعلق اس نے یہ شعر کہے :

---

۱ - لسان العرب میں ہے النعامة : باطن القدم اور ابن النعامة کے متعلق لکھا ہے کہ اس کے معنی پنڈلی کی ہڈی یا پاؤں کا اگلا حصہ یا پاؤں کا نچلا حصہ ہے اور یہاں یہی مراد ہے ۔

۲ - محاورہ ہے : اشتمل الرحم علی الولد اذا تضمنہ یہاں حارث کی بیوی ابن ہبولہ کی قوت مجامعت کی تعریف کر رہی ہے ۔

Marfat.com

كُلُّ اُنثٰى وَاِنْ بَدَا لَكَ مِنْهَا
آيَةُ الْوُدِّ حُبُّهَا خَيْتَعُوْرُ

ہر عورت خواہ تجھ پر اس کی محبت کی علامات ظاہر ہو جائیں پھر بھی اس کی محبت ایک سراب ہے

اِنَّ مَنْ غَرَّهُ النِّسَاءُ بِوُدٍّ
بَعْدَ هِنْدٍ لَجَاهِلٌ مَغْرُوْرُ

ہند کے واقعہ کے بعد جس شخص کو عورتیں محبت (کے نام پر) دھوکا دے دیں وہ جاہل اور سادہ لوح ہے

بنو سُلَیم نے شہسوار عرب عمرو بن معدیکرب کی بہن ریحانہ کو قید کر لیا تھا ۔ اس واقعہ کے متعلق عمرو نے قصیدہ کہا (جس کا مطلع یہ ہے)

أَمِنْ رَيْحَانَةَ الدَّاعِي السَّمِيْعُ
يُؤَرِّقُنِي وَ أَصْحَابِي هُجُوْعُ

کیا یہ پکارنے والا اور سنانے والے ریحانہ کی طرف سے آیا ہے جو مجھے بیدار کیے ہوئے ہے اور میرے ساتھی ہیں کہ سوئے پڑے ہیں اسی قصیدے میں وہ کہتا ہے :

اِذَا لَمْ تَسْتَطِعْ شَيْئاً فَدَعْهُ
وَجَاوِزْهُ اِلَى مَا تَسْتَطِيْعُ

جب تو کسی بات کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اسے چھوڑ دے اور اس بات کی طرف توجہ دے جس کے کر لینے کی تجھ میں طاقت ہے

حوفزان نے [1] بنی منقذ بن زید مناۃ پر لوٹ مار کی غرض سے حملہ کیا اور بنی ربیع بن الحارث کی ایک عورت زرقاء کو اٹھا کر لے گئے وہ حوفزان کو پسند آ گئی ۔ زرقاء نے بھی اسے پسند کر لیا اور خلوت میں

---

۱ ۔ العقد الفرید میں بنی منقذ کی بجائے بنی سعد تحریر ہے ۔

Marfat.com

اس سے ہمکنار ہؤا ۔ اس کے بعد قیس بن عاصم آ پہنچا اور اس نے زرقاء کو اس سے رہا کرا لیا اور ہمکنار ہو چکنے کے بعد اسے اس کے گھر والوں کے یہاں لوٹا دیا ۔

[۱] جاہلیت کے دور میں اہل عرب اور اہل عجم دونوں کا یہی حال تھا ۔ جب اسلام آیا تو عجمیوں کا اسلام میں برابر آدھا حصہ تھا ۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بنی آدم کے ہر سرخ و سیاہ کی طرف بھیجے گئے تھے ، سب سے پہلے ایک آزاد اور ایک غلام نے ، آپ کی اطاعت کی ۔ لوگوں کا اس میں اختلاف ہے کہ یہ کون تھے ۔ کچھ لوگ [۱۶۸] کہتے ہیں کہ یہ ابوبکرؓ (م ۱۳ھ) اور بلالؓ (م ۲۰ھ) تھے ۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہ علیؓ (م ۴۰ھ) اور صہیب (م ۳۸ھ) تھے اور جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ (م ۲۳ھ) کی وفات کا وقت آ گیا تو آپ نے صہیبؓ کو مہاجرین اور انصار کا پیشوا بنایا اور انھوں نے نماز پڑھائی ۔ جب آپ سے [۲] درخواست کی گئی کہ آپ کسی کو خلیفہ بنا دیں ۔ تو آپ نے فرمایا : ”میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں کن لوگوں میں سے خلیفہ بناؤں ۔ آپ سے اہل حراء کے چھ آدمیوں کا ذکر کیا گیا تو آپ نے سب میں نقص نکالا پھر فرمایا : اگر میں سالم مولیٰ ابی حذیفہ کو زندہ پاتا تو مجھے کوئی شک نہ گزرتا ۔ اس کے متعلق عربوں کا ایک شاعر کہتا ہے :

هٰذَا صُهَيْبٌ أَمَّ كُلَّ مُهَاجِرٍ
وَعَلَا جَمِيْعَ قَبَائِلِ الْأَنْصَارِ

یہ صُہیب ہیں جنھوں نے تمام مہاجرین کی امامت کی اور جو انصار

---

۱ ۔ بلوغ الارب اور العقد الفرید دونوں میں فی جاھلیتھا لکھا ہے اسے فی جاھلیتھا پڑھیں ۔

۲ ۔ بلوغ الارب میں وقال لہ مرقوم ہے اسے وقیل لہ پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں ہے ۔

۳ ۔ بلوغ الارب میں ما احالنی ممن استخلف دیا ہے مگر العقد الفرید میں ما اجد من استخلف تحریر ہے ۔

Marfat.com

کے تمام قبائل سے بلند رہا

لَمْ یَرْضَ سِنْهُمْ وَاحِداً لِصَلَاتِنَا
وَهُمُ الْهُدَاةُ وَقَادَةُ الْأَخْیَارِ

ہماری نماز کے لیے وہ ان میں سے کسی ایک پر بھی راضی نہ ہوئے حالانکہ وہ لوگوں کے رہنما اور نیک لوگوں کے قائد تھے

هٰذَا وَلَوْ كَانَ الْمُشَرَّمُ سَالِمٌ
حَيّاً لَنَالَ خِلَافَةَ الْأَمْصَارِ

بات ہے بھی اسی طرح اور اگر مشرم یعنی سالم زندہ ہوتا تو وہ ان ملکوں کا خلیفہ بن جاتا

[1]مَازَالَ هٰذِی الْعَجْمُ تَحْیَا دُونَنَا
إِنَّ الْعُرَیْبَ لَفِیهِ عَمًی وَخَسَارِ

یہ اہل عجم ہمیشہ ہم سے الگ زندگی گزارتے رہے اور بیچارے عرب حماقت اور خسارے میں رہے

[2]بجُیَیر عربوں کو ان کے نسب کے اختلاف اور متبنّٰی کو اپنا ہم نسب بنا لینے کے ضمن میں طعن توڑتے ہوئے کہتا ہے :

زَعَمْتُمْ بِأَنَّ الْهِنْدَ آوَلَادُ خِنْدَفٍ
وَبَیْنَكُمْ قُرْبٰی وَبَیْنَ الْبَرَابِرِ

---

۱ - العقد الفرید میں یہ شعر یوں درج ہے :

مَابَالُ هٰذِی الْعَجْمِ تَحْیا دُونَنَا
ان الْغَوِیَّ لَفِیهِ عَمًی وَخَسَارِ

مگر بلوغ الارب والی روایت درست ہے - عُرَیْب تصغیر ہے عرب کی اور یہاں تصغیر ترحّم کے لیے آئی ہے -

۲ - العقد الفرید میں ایک جگہ تو ان شعروں کو بُجَیر ہی کی طرف منسوب کیا گیا ہے (۳ : ۴۰۷) مگر دوسری جگہ (۳ : ۳۴۲) ابو بجیر کی طرف منسوب کیا ہے -

Marfat.com

تمہارا خیال ہے کہ اہل ہند خندف کی اولاد میں سے ہیں اور تمہارے اور بربریوں کے درمیان قرابت داری ہے

ودَیْلَمُ مِنْ نَسْلِ بن ضَبَّة بَاسِلٍ[1]
وبُرجَان من أولادِ عَمْرو بنِ عَامِرِ

(نیز یہ کہ) دیلمی باسل بن ضبہ کی نسل میں سے ہیں اسی طرح برجانی عمرو بن عامر کی اولاد میں سے ہیں

فَقَدْ صَارَ کُلُّ النَّاسِ أولادَ واحِدٍ
وَصَارُوْا سَوَاءً فی أُصُولِ العَنَاصِرِ

چنانچہ سب لوگ ایک ہی فرد کی اولاد ہو گئے اور اپنی اصل کی رو سے سب برابر ہو گئے

بَنُو الأَصْفَرِ الأَمْلاکُ أَکْرَمُ مِنکُم
وأَوْلَی بِقُرْبَانَا مُلُوکُ الأَکَاسِرِ

رومی بادشاہ تم سے زیادہ ذی عزت ہیں مگر ایرانی بادشاہ ہماری قرابت داری کے زیادہ حقدار ہیں

أَتَطْمَعُ فِیْ صِهْرِیْ دَعِیّاً مُجَاهِراً
ولَم[2] تَرَ سِتْراً مِنْ دَعِیٍّ مُجَاهِرِ

---

۱ - باسل بن ضَبّہ دیلم کے علاقے میں چلا گیا تھا اور اس نے وہاں ایک عجمی عورت سے شادی کر لی تھی جس سے دیلم پیدا ہؤا لٰہذا کہا جاتا ہے کہ باسل بن ضُبّہ ابو الدیلم ہے (العقد الفرید : ۳ : ۳۴۲)

۲ - اس مصرع کو یوں پڑھیں : ولم تر شراً من دَعِیٍّ مجاهر ۔ العقد الفرید میں یہ شعر یوں دیا ہے :

أَتُطْمِعُ بِی صِهْراً دَعِیّاً مجاهراً
ولم ترسِتْراً مِنْ دَعِیٍّ مُجَاهِرِ

پھر العقد الفرید کے حاشیے پر ہے کہ بعض نسخوں میں یہ شعر اس طرح ہے:

أ أطمع فی صهری دعیا مجاهراً
ولم تر شراً من دعی مُجَاهِرِ

Marfat.com

کیا تو ایک ایسے شخص کو جو اپنے نسب کے معاملے میں کھلم کھلا مُتّہم ہے میرے ساتھ رشتہ داری کا لالچ دے رہا ہے، حالانکہ تو اس شخص سے بدتر کوئی آدمی نہ دیکھے گا جو کھلم کھلا متّہم فی النسب ہو

وتَشْتِمُ لُؤماً رَهْطَهٗ وَقَبِيلَهٗ
وتَمْدَحُ جَهْلاً طاهراً وَابْنَ طَاهِرٍ[1]

تو کمینے پن کی وجہ سے اس کے قبیلے اور گھرانے کو برا بھلا کہتا ہے اور طاہر (م ۲۰۷ھ) اور ابن طاہر (م ۲۳۰ھ) کی تعریف کرتا ہے[2]

حسن بن ہانی شعوبیہ کا نظریہ پیش کرتے ہوئے کہتا ہے :

وَجَاوَرْتُ قَوْماً لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ
أَوَاصِرُ إِلاَّ دَعْوَةٌ وَبُطُونُ[3]

میں ایک ایسی قوم کے پڑوس میں رہا جن سے میری کوئی قرابت داری نہ تھی سوا اس کے کہ میں ان کے نام سے پکارا جاتا ہوں اور مجھے ان کے بارے میں کچھ گمان ہیں

إِذَا مَادَعَى بِاسْمِي الْعَرِيفُ أَجَبْتُهٗ
إِلَى دَعْوَةٍ سِمَّا عَلَيَّ يَهُونُ

جب قوم کا سربراہ میرا نام لے کر مجھے کسی ایسی بات کی

---

۱ - اس کے بعد ابن عبدربہ لکھتے ہیں : وقد ذکرت هذا الشعر تاماً فی کتاب النساء والا دعیاء والنجباء مگر الوسی نے اپنے ماخذ کو چھپانے کی غرض سے یہ عبارت حذف کر دی ہے -

۲ - حسن بن ہانی : ابو نواس حسن بن ہانی - شاعر عراق - ابو اُسامہ شاعر کی صحبت میں تربیت پائی اور مولدین کے طبقہ اُولٰی میں شمار کیا گیا - ۱۹۶ھ میں باون سال کی عمر میں وفات پائی -

۳ - بلوغ الارب میں اسی طرح بطون ہی دیا ہے اسے ظُنُون پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے -

Marfat.com

طرف دعوت دیتا ہے جو میرے لیے بہت معمولی اور سہل ہو تو میں اس کا جواب دیتا ہوں

لاَزْدِ[1] عُمَانٍ بالمُهَلَّبِ نَزْوَةٌ
إذَا افْتَخَرَا لاَزٌ قَوَامُ ثُمَّ تَلِيْنُ،

جب قومیں فخر کرتی ہیں تو قبیلہ ازد عمان مہلب پر فخر کرتا ہے مگر پھر نرم پڑ جاتا ہے

و بَكْرٌ تَرَى[2] أَنَّ النُبَوَّة أُنْزِلَتْ
عَلَى مِسْمَعٍ فی البَطْنِ وهو جَنِيْنُ،

اور قبیلہ بکر کا خیال ہے کہ مسمع پر نبوت اس وقت نازل ہوئی جبکہ وہ ابھی ماں کے پیٹ ہی میں تھا

و قَالَتْ تَمِيْمٌ لاَ نَرَى أَنَّ وَاحِدًا
كَأَحْنَفِنَا حَتَّى المَمَاتِ يَكُوْنُ،

قبیلہ تمیم کہتا ہے ہے کہ ہمارے خیال میں کوئی شخص ہمارے احنف[3] کی طرح کا نہیں ہو سکتا

---

۱ - شعر کی تصحیح العقد الفرید سے کی گئی ہے - بلوغ الارب میں لاَزد عمان بن المهلب بزوة لکھا ہے - مہلب سے مراد مہلب بن ابی صفرہ سے ہے جو قبیلہ ازد عمان میں سے تھا - مہلب بہت بڑا جرنیل تھا - ۸۲ھ میں وفات پائی -

۲ - بلوغ الارب میں ''یری'' درج ہے ، غلط ہے -

۳ - احنف سے مراد احنف بن قیس تمیمی سے ہے - سادات تابعین میں سے تھے- ان کا حلم ضرب المثل تھا - انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا اور ان کے اشارے سے ان کی قوم ایمان لائی - مگر یہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر نہ ہو سکے، ۷۲ھ میں وفات پائی -

Marfat.com

فَلَا لُمتُ قَيْسًا بَعْدَ ها فی قُتَيبةٍ[1]
اِذَا افْتَخَرُوْا اِنَّ الحَدِيْثَ شُجُوْنٌ[2]

[۱۶۹] جب اس کے بعد قبیلۂ قیس قتیبہ پر اظہار فخر کرے تو میں انھیں ملامت نہیں کروں گا ، اور ظاہر ہے کہ بات سے بات نکلتی ہے

ابن قتیبہ کی طرف سے شعوبیہ کا جواب

ابن قتیبہ[3] کتاب "تفضیل العرب" میں کہتا ہے : جو لوگ مساوات کے قائل ہیں ان میں سے بعض نے قرآن و حدیث کے ظاہری الفاظ کو لیا ہے اور اسی بنا پر فیصلہ دے دیا ہے۔ انھوں نے اس کے صحیح معنوں کی تحقیق نہیں کی ۔ چنانچہ انھوں نے اللہ تعالٰی کے اس قول کو لیا ہے :

يَا اَيُّهَا النَّاسُ[4] اِنَّا خَلَقْنَا كُمْ مِنْ ذَكَرٍ و اُنْثٰى و جَعَلْنَا كُمْ شُعُوبًا و قَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اكرمَكُمْ عِنْدَ اللهِ اتقا كُم ۔

---

۱ - قتیبہ سے مراد قُتَیبہ بن مسلم باہلی سے ہے جو مشہور سپہ سالار اور فاتح تھا ۔ ۹۶ھ میں مرا ۔ باھلہ قبیلۂ قیس کی ایک شاخ ہے ۔

۲ - العقد الفرید میں یہ مصرع یوں دیا ہے : اِذَا افْتَخَرُوْا اِنَّ الفِخَارَ فُنُوْنٌ ۔

۳ - ابن قتیبہ : ابو محمد عبد اللہ بن مسلم بن قُتَیبہ ، نحوی اور لغوی تھے ۔ کئی ایک کتابوں کے مصنف ہیں مثلاً الشعر و الشعرا ، ادب الکاتب وغیرہ ۔ ۲۷۶ھ میں وفات پائی ۔ الوسی نے یہ بیان العقد الفرید (۳ : ۴۰۸—۴۱۲) سے لیا ہے مگر حوالہ تفضیل العرب کا جیسا کہ العقد الفرید میں دیا ہے دے دیا ہے حالانکہ انھوں نے اصل کتاب تفضیل العرب کو نہیں دیکھا ۔

۴ - ابن عبدربّہٖ نے صرف اِنَّ اکرمکم عنداللہ اتقاکم دیا ہے الوسی نے اپنا بیان ظاہر کرنے کی غرض سے پوری آیت لکھ دی ہے ۔

Marfat.com

لوگو ! ہم نے تمھیں ایک نر اور ایک مادے سے پیدا کیا ہے اور تمھیں شعوب اور قبائل بنایا ہے تاکہ باہمی تعارف پیدا کر سکو ۔ بیشک تم میں سے سب سے زیادہ عزت والا اللہ کے یہاں وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ پرہیزگار ہو ۔

نیز اللہ کے اس فرمان سے استدلال کیا ہے

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ

تمام مومن بھائی بھائی ہیں لہٰذا اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کرا دیا کرو ۔

اسی طرح انھوں نے حجۃ الوداع کے موقع پر ارشاد کردہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبے کے ان الفاظ کو لے لیا ہے :

لوگو ! اللہ تعالیٰ نے جاہلیت کی نخوت اور آباءُ اجداد پر فخر کرنا باطل قرار دیا ہے ، کسی عربی کو کسی عجمی پر تقویٰ کے بغیر کوئی فضیلت نہیں ، تم سب اولاد آدم میں سے ہو اور آدم مٹی سے تھے ۔

نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان ذیل کو پیش نظر رکھا ہے :

مومنوں کے خون ایک دوسرے کے برابر ہیں ، ان کی طرف سے ایک ادنیٰ سے ادنیٰ مسلمان بھی ذمہ داری لینے کی کوشش کر سکتا ہے اور وہ اغیار کے خلاف یک جان ہیں ۔

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں میں سے ہر شخص بلحاظ احکام اور بلحاظ اس منزلت کے جو اللہ کے یہاں اور دارِ آخرت میں ہوگی یکساں ہیں ۔ اگر دنیاوی امور میں سب لوگ برابر ہوتے اور آخرت کے معاملے کے سوا کسی کو دوسرے پر فضیلت نہ ہوتی تو دنیا میں نہ کوئی شریف ہوتا اور نہ رذیل ، نہ کوئی صاحب فضیلت ہوتا اور نہ مفضول ، لہٰذا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا کیا مطلب ہوگا :

Marfat.com

إِذَا أَتَاكُمْ كَرِيمُ قَوْمٍ فَأَكْرِمُوهُ

جب تمہارے پاس کسی قوم کا کوئی (صاحب شرف و عزت) شریف آدمی آئے تو اس کی عزت کرو

نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا کیا معنٰی ہوگا ؟

أَقِيلُوا ذَوِي الهيآت عَثَرَاتِهِمْ

اچھی شکل و شباہت والے لوگوں کی لغزشیں معاف کر دیا کرو

نیز یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قیس بن عاصم کے حق میں فرمایا تھا : یہ بدویوں کا سردار ہے ۔

عرب کہا کرتے تھے :

لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا تَبَايَنُوا فَإِذَا تَسَاوَوْا هَلَكُوا

جب تک لوگوں میں اختلاف مراتب رہے گا وہ ٹھیک رہیں گے مگر جب سب برابر ہو جائیں گے تو تباہ ہو جائیں گے

ان کا مطلب یہ ہے کہ جب تک ان میں اشراف و اغیار ہوں گے یہ اچھے رہیں گے اور اگر سب ایک جیسے ہوگئے تو تباہ ہو جائیں گے ۔

عرب جب کسی قوم کی مذمت کرتے تو کہتے :

سَوَاسِيَةٌ كَأَسْنَانِ الْحِمَارِ

وہ سب گدھے کے دانتوں کی طرح برابر ہیں

لوگ فضائل کے اعتبار سے کیسے ایک جیسے ہو سکتے ہیں حالانکہ ایک شخص کے خود اپنے اعضا ہی ایک [۱۷۰] دوسرے کے برابر نہیں ہوتے ، نہ ہی جوڑ یکساں ہوتے ہیں بلکہ بعض کو بعض پر فضیلت ہوتی ہے ۔ چنانچہ سر کو تمام اعضائے بدن پر ، عقل اور حواس خمسہ کی وجہ سے فضیلت ہے ۔ کہتے ہیں کہ دل جسم کا حاکم ہے ۔ بعض اعضا خادم ہیں اور بعض مخدوم ۔

Marfat.com

اس کے[1] بعد کہتا ہے : شعوبیہ کا سب سے بڑا دعویٰ یہ ہے کہ وہ آدم علیہ السلام کی وجہ سے عربوں سے تفاخر کرتے ہیں ۔ نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان سے (استدلال کرتے ہیں)

لا تُفَضِّلُونِی عَلَیْهِ فَانمّا انا حَسَنَةٌ مِن حَسَنَاتِهِ،

مجھے ان پر فضیلت نہ دو کیونکہ میں تو ان کی نیکیوں میں سے ایک نیکی ہوں

اس کے بعد ان کا تمام انبیا کی بنا پر تفاخر کرنا اور یہ کہنا کہ سب انبیا چار کے سوا عجمی تھے (ایک اور دلیل ہے) وہ چار یہ ہیں ہود ، صالح ، اسمٰعیل ، اور محمد علیہم الصلٰوۃ و السلام ۔ انھوں نے اللہ کے اس فرمان سے استدلال کیا ہے ۔

إِنَّ اللهَ اصْطَفٰى آدَمَ وَ نُوْحاً وآلَ إِبْرَاهِيْمَ وآل عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِيْنَ ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ وَ اللهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۔

اللہ تعالیٰ نے آدم ، نوح ، آل ابراھیم اور آل عمران کو جہان والوں میں سے منتخب کر لیا ہے ۔ یہ ایک دوسرے کی اولاد ہیں اور اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے

اس کے بعد انھوں نے اسحٰق بن ابراھیم کے باعث تفاخر کیا ہے اور یہ (کہا ہے) کہ وہ سارہ کے بیٹے تھے اور یہ کہ اسمٰعیل ایک لونڈی ھاجر کے بیٹے تھے چنانچہ ان کا ایک شاعر کہتا ہے :

فِیْ بَلْدَةٍ لَم تَصِلْ عُكْلٌ بِهَا طُنُباً
وَلَا خِبَاءً وَلَا عَكٌّ وَ هَمْدَانُ

---

۱ - بلوغ الارب میں ''ثم قال'' درج ہے مگر العقد الفرید میں قال ابن قتیبہ ۔ الوسی نے یہ الفاظ یہ ظاہر کرنے کے لیے لکھے ہیں کہ وہ براہ راست ابن قتیبہ سے نقل کر رہا ہے حالانکہ وہ تمام بیان ابن عبدربہ سے لے رہا ہے ۔

Marfat.com

ایک ایسے شہر میں جہاں عکل قبیلہ نے نہ طنابیں ملائیں نہ خیمے گاڑے اور نہ ہی عَـک اور ہمدان نے

وَلاَ لِجَرْمٍ وَلاَ نَهْدٍ بِهَا وَطَنٌ
لٰكِنَّهَا لِبَنِي الأَحْرَارِ أَوْ طَنَانٌ

اور نہ ہی وہاں جَرْم اور نہد کا وطن تھا لیکن یہ شہر بنی الاحرار کا وطن تھا

أَرْضٌ يُبِنِّي بِهَا كِسرىٰ مَسَاكِنَهُ
فَمَا بِهَا مِن بَنِي اللَّخْنَا إِنْسَانُ

یہ ایسی زمین ہے جہاں کسریٰ نے اپنے گھر بنائے تھے اور وہاں لونڈی کے بیٹوں میں سے کوئی انسان آباد نہ تھا چنانچہ ان کے نزدیک عجمی بنو الاحرار ہیں اور عرب لونڈی کی اولاد ، اس لیے کہ وہ ہاجر کی اولاد ہیں اور وہ لونڈی تھی ۔ اُن سے ان عبارتوں کا مطلب سمجھنے میں غلطی سرزد ہوئی ہے کیونکہ ہر لونڈی کو لَخْنَاء نہیں کہا جاتا ۔ [۱۷۱] لخناء تو صرف اس لونڈی کو کہتے ہیں جس سے اونٹوں کے چرانے اور ان کو پانی پلانے اور ایندھن اکٹھا کرنے کا ذلیل کام لیا جاتا ہے ۔ یہ کام لخن سے لیا گیا ہے جس کے معنی بدبو کے ہیں ۔ محاورہ ہے لخن السقاء ، جب اس کی بو بگڑ جائے ۔ ہاجر جیسی عورت جسے اللہ تعالیٰ نے ہر قسم کے میل کچیل سے پاک رکھا ہو جسے خلیل علیہ السلام کی زوجیت کے لیے منتخب کیا ہو جو اسمٰعیل اور محمد علیہما السلام جیسے پاکیزہ انبیا کی ماں ہو اور یہ دونوں اس کی اولاد میں سے ہوں تو کیا کسی ملحد کو بھی اسے لخنا کہتے زیب دیتا ہے چہ جائیکہ کوئی مسلمان ایسی بات کہے ۔

شعوبیہ کا ابن قتیبہ کو جواب

کسی نے جو شعوبیہ کے سے عقائد رکھتا ہے لوگوں کے باہمی تفاوت ایک کی دوسرے پر فضیلت اور خواجہ و بندہ کے امتیاز کے معاملے میں ابن قتیبہ کو جواب دیتے ہوئے کہا ہے :

Marfat.com

ہم ، لوگوں کے باہمی تفاوت کے منکر نہیں نہ اس بات کے منکر ہیں کہ ایک کو دوسرے پر فضیلت حاصل ہے اور نہ خواجہ و بندہ ، اور اعلیٰ اور ادنیٰ کے وجود کے منکر ہیں مگر ہمارا یہ خیال ہے کہ لوگوں کا ایک دوسرے سے افضل ہونا نہ تو اپنے آبا ؤ اجداد کی وجہ سے ہے اور نہ حسب کی وجہ سے بلکہ[1] یہ تفاضل ان کے افعال ، اخلاق ، ذاتی شرافت اور بلند ہمتی کی وجہ سے ہے ۔ کیا تو نہیں دیکھتا کہ جو شخص دوں ہمت ہو ، مروت باختہ ہو ، وہ با شرف نہیں ہو سکتا خواہ وہ بنی ہاشم کی کسی بلند ترین شاخ سے ، خواہ بنی امیہ کی اصل میں سے یا قیس کے شریف ترین بطن سے ہی سے کیوں نہ ہو ۔ کریم[2] وہ ہے جس کے افعال کریمانہ ہوں ، شریف وہ ہے جس کی ہمت شریفانہ ہو ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان :

إِذَا أَتَاكُم كَرِيمُ قَوْمٍ فَأَكْرِمُوهُ

کا یہی مفہوم ہے اور آپ کا قیس بن عاصم کے حق میں ارشاد کہ ”یہ بدویوں کا سردار ہے“ صرف اس لیے تھا کہ وہ اپنی قوم کی عزت کی حفاظت کے باعث اور اپنا مال خرچ کرنے کی وجہ سے ان کا سردار تھا ۔ کیا تو نہیں دیکھتا کہ عامر بن طفیل ، قیس کے شریف ترین بطن میں سے ہونے کے باوصف کہتا ہے :

وَ إِنِّی وَ إِن كُنْتُ ابن سَيِّد عَامِرٍ
وَفَارِسَهَا المَشْهُورَ فِی كُلِّ مَرْكَبِ

میں اگرچہ قبیلۂ عامر کے سردار کا بیٹا ہوں شہسواروں کی ہر جماعت

---

۱ - بلوغ الارب میں ولکنھم تحریر ہے ۔ اسے ولکنہ پڑھیں ، جیسا کہ العقد الفرید میں ہے ۔

۲ - بلوغ الارب میں ان الکریم مَنْ کرمت حالہ دیا گیا ہے اسے انما الکریم من کَرُمَتْ أَفْعَالُہ، پڑھیں جیسا کہ العقد الفرید میں آیا ہے ۔

Marfat.com

میں میں ہی ان کا مشہور شہسوار ہوں

فَمَا سَوَّ دَتْنِی عَامِرٌ عَنْ وِرَاثَةٍ
أَبَى اللهُ إِنْ أَسْمُو بِأُمٍّ وَ لَا أَبِ

پھر بھی قبیلہ عامر نے مجھے وراثتاً سردار نہیں بنایا ۔ اللہ تعالیٰ اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ میں ماں یا باپ کی وجہ سے بلند ہوں

وَ لٰكِنَّنِی أَحْمِی حِمَاهَا وَ أَتَّقِی
أَذَاهَا وَ أَرْمِی مَنْ رَمَاهَا بِمَنْكِبِ[1]

لیکن میں تو ان کی ان چیزوں کی حفاظت کرتا ہوں جن کی حفاظت کرنا ضروری ہے اور ان کو ایذا دینے سے بچتا ہوں ، جو ان کی طرف تیر پھینکے میں ان کی طرف اپنا سردار بھیج دیتا ہوں

[۱۷۲] ایک اور شاعر کہتا ہے :

إِنَّا وَ إِنْ كَرُمَتْ أَوَائِلُنَا
لَسْنَا عَلَى الْأَحْسَابِ نَتَّكِلُ

اگرچہ ہمارے خاندان بزرگ ہیں پھر بھی ہم اپنے حسب پر بھروسا نہیں کرتے

نَبْنِی كَمَا كَانَتْ أَوَائِلُنَا
تَبْنِی وَ نَفْعَلُ مِثْلَ مَا فَعَلُوا

جس طرح ہمارے اوائل نیک کاموں کی بنا رکھا کرتے تھے ہم بھی

---

۱ - بلوغ الارب ج ۳ : ۱۲۸ یہ لفظ منکبی مرقوم ہے اسی طرح العقد الفرید میں کہیں اسے بمنکب لکھا ہے اور کہیں بمنکبی ۔ لسان العرب میں ہے المنکب : العریف و قیل : عون العریف و قال اللیث : منکب القوم رأس العرفاء علی کذا و کذا عریفًا منکب ۔

Marfat.com

رکھتے ہیں اور جس طرح وہ کیا کرتے تھے ہم بھی کرتے ہیں

اور قُس بن ساعدہ کہتا ہے : میں عربوں کے مابین ایک ایسا فیصلہ کروں گا جیسا کہ مجھ سے پہلے کسی نے نہ کیا ہوگا اور جسے میرے بعد کوئی رد نہ کر سکے گا۔ اگر کوئی کسی ایسے شخص کو کمینے پن کا الزام دے گا جس میں شرافت پائی جاتی ہو تو وہ کمینہ نہ ہوگا اور اگر کوئی شخص شرافت کا مدعی ہوگا درآنحالیکہ اس میں کمینہ پن موجود ہو تو وہ شخص شریف نہ ہوگا۔

اسی قسم کے الفاظ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رض کے بھی ہیں ''ہر وہ شرافت جس کی نمود میں کمینگی حائل ہو وہ کمینگی ہی کہلانے کی مستحق ہے۔ اور ہر کمینگی جس کے نمود میں شرافت حائل ہو وہ شرافت ہی کہلانے کی مستحق ہے''۔

آپ کی مراد یہ ہے کہ انسان کے اپنے طبائع اور خصال اس کی ذات کے معاملے میں اہم تر ہیں۔ اگر (کسی کے) یہ خصال ہوں گے تو اسے اس کے آبا ؤ اجداد کا کمینہ پن کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا اور اگر اسی کے طبائع اور خصال کمینوں کے سے ہوں گے تو اسے اس کے آباؤ اجداد (کے شرف) نفع نہ پہنچا سکیں گے۔

ایک شاعر کہتا ہے :

نَفْسُ عِصَامٍ سَوَّدَتْ عِصَامَا
و عَلَّمَتْهُ الْكَرَّ و الاِقْدَامَا
و جَعَلَتْهُ مَلِكًا هُمَامًا

عصام کے نفس نے اسے سردار بنایا۔ اسے حملہ کرنا اور آگے بڑھنا سکھایا اور اسے بڑا بادشاہ بنایا

ایک اور شاعر کہتا ہے

مَا لِيَ عَقْلِي و هِمَّتِي حَسَبِي
مَا أَنَا مَوْلَايَ و لا أَنَا عَرَبِي

Marfat.com

میری عقل میرا مال اور میری ہمت میرا حسب ہے ، میں نہ مولیٰ ہوں نہ عربی

إنّ إنتمائی منتمٍ الی أحدٍ
فأنتنی منتمٍ إلی أدبی

اگر کوئی شخص کسی کی طرف منسوب ہوتا ہے تو ہوتا رہے میں تو اپنے ذاتی کمالات کی طرف منسوب ہوتا ہوں

ایک شخص نے عبدالملک بن مروان (م ۸۶ھ) کے سامنے تقریر کی جس میں طرح طرح کے موضوعات پر اظہار خیال کیا ۔ عبدالملک کو اس کی باتیں بہت پسند آئیں چنانچہ اس سے پوچھا : لڑکے تو کس کا بیٹا ہے ؟ اس نے جواب دیا : اے امیرالمؤمنین ! میں اپنے نفس کا بیٹا ہوں جس کی بدولت مجھے آج یہاں بیٹھنے کا موقع ملا ہے ۔ عبدالملک نے کہا : تو سچ کہتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

انسان کا مال اس کا حسب اور اس کا دین اس کی شرافت ہے

[۱۷۳] اور عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے ”اگر تمہارے پاس مال ہے تو تمہارے پاس حسب ہے اور اگر تمہارے پاس دین ہے تو تمہارے پاس شرافت ہے“ ۔

شہاب الدین اندلسی نے اپنی کتاب ’العقد‘ میں تعجب کا اظہار کیا ہے کیونکہ مذکورہ بیان کے بعد وہ کہتا ہے ۔ میں نے ابن قتیبہ سے بڑھ کر کوئی عجیب انسان نہیں دیکھا ۔ اس نے کتاب تفضیل العرب میں عربوں کے فضائل بیان کرنے کے لیے رنگ رنگ کی باتیں بنائیں مگر اپنی کتاب کو ختم شعوبیہ کے مذہب پر کیا ہے چنانچہ جو کچھ وہ پہلے کہہ چکا تھا آخر میں اس کا رد پیش کر دیا ۔ وہ اپنے بیان کے اختتام پر کہتا ہے :

میرے نزدیک جو بات سب سے زیادہ قرین انصاف ہے یہ ہے کہ لوگ سب کے سب ایک ماں اور ایک باپ کی اولاد ہیں ۔ مٹی سے پیدا کیے گئے اور پھر مٹی ہی میں لوٹا دیے جائیں گے ۔ سب پیشاب کی نالی میں

Marfat.com

سے گزرے ہیں۔ سب کو گندگیوں نے اپنی لپیٹ میں لیا ہے ۔ لہٰذا یہ ہے ان کا نسبِ اعلیٰ جس کی بنا پر اہل عقل ، تکبر کرتے اور آبا ؤ اجداد پر فخر کرنے سے باز رہتے ہیں ۔ پایان کار سب کو اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے ، اس وقت تمام انساب منقطع اور حسب باطل ہو جائیں گے ، سوا ان لوگوں کے جن کا حسب تقویٰ ہوگا اور اطاعت خداوندی جن کا وسیلہ ہوگا ۔

عربوں کی شادیوں کے متعلق شعوبیہ کی رائے

زمانۂ جاہلیت میں جب عرب لوٹ مار کی خاطر چڑھائی کرتے تھے تو ایک دوسرے کی بیویوں سے ہمکنار ہو لیا کرتے تھے ۔ بدون اس کے کہ کوئی عقد نکاح ہو یا عورت حیض سے پاک ہو لہٰذا کسی کو کیا معلوم کہ کس کا باپ کون ہے ۔

فرزدق ایک قیدی عورت کے بارے میں جسے بنی عامر بن صعصعہ کی شاخ بنی ضبہ کے لوگ قید کرکے لے گئے تھے بنی ضبہ پر فخر کرتا ہے گویا یہ فخر کی بات تھی کہ وہ اپنی جنگوں میں (دشمنوں کے) اہل و عیال کو زبردستی پکڑ کر لے جاتے تھے ۔

فَظَلَّتْ وَظَلُّوا يَرْكَبُونَ هَبِيرَهَا
وَلَيْسَ لَهُمْ إِلَّا عَوَالِيَهَا سِتْرُ

وہ دن بھر اس عورت پر مجرمانہ حملے کرتے رہے اور وہ یہ حملے سہتی رہی ۔ ان لوگوں کے لیے اگر اس عورت کے جسم پر کوئی پردہ تھا تو وہ صرف اوپر کے حصے پر تھا ،

هَبِير کے معنی [1] ہموار زمین کے ہیں اور یہاں شرمگاہ مراد ہے ۔ وہی شاعر فخر کرتا ہؤا کہتا ہے :

---

۱ - لسان العرب میں ہے الهَبْرما اطمأنّ من الأرض وا رتفع ماحوله ۔ وهوالهبير ايضاً وقيل : الهبير من الارض ان يكون مطمئنا و ماحوله ارفع منه ۔

Marfat.com

ومِنّا التَمِيمِیُّ الَّذِی قَام اَیْرُہٗ
ثَلاثِین یَوْماً ثم زَادَھُم عَشْراً

وہ تمیمی مرد ہمیں میں سے تھا جس کا عصا چالیس روز لگاتار حالتِ قیام میں رہا

شعوبیہ کے ان دلائل کا رد

شعوبیہ نے عربوں کی شادیوں کے بارے میں جو کچھ کہا ہے اور جس طرح ان کے نسب کے متعلق برنگ طعن ذکر کیا ہے اس کی کوئی اصل نہیں ۔ مثلاً لوٹ مار کے حملوں میں عورتوں کو قید کرنا ، انھیں لونڈیاں بنانا اور ان کے حیض سے پاک ہوئے بغیر ہی ان کی طرف متوجہ ہو پڑنا وغیرہ ۔ تاریخ کی کتابیں انھیں ان تمام اتہامات سے جو ان کے مخالف اور دشمن ان پر لگاتے ہیں بری[1] قرار دیتی ہیں ۔ عربوں کے جاہلی اشعار میں ان کی حمیت ، غیرت ، اپنے نسب کی نگہداشت کا اہتمام ، حریم [۱۷۴] کی حفاظت ، حسب اور قبیلوں کی حفاظت کا وضاحت سے ذکر آیا ہے ۔ غارت گری اور باہمی جھگڑوں میں عورتوں کے ساتھ اور اہل و عیال کے ساتھ بدسلوکی نہ قدیم زمانے میں عربوں کا طریق تھا اور نہ اب ہے بلکہ ان کے یہاں یہ بات بدترین کبیرہ گناہ سمجھی جاتی تھی ۔ جن اشعار کی روایت شعوبیہ نے کی ہے اگر یہ صحیح ثابت ہو بھی جائے کہ ان کے کہنے والوں نے واقعی یہ شعر کہے نیز یہ بھی کہ ان کا کہنے والا خالص عربی تھا جب بھی اس میں کوئی طعن کی بات نہیں پائی جاتی کیونکہ اگر کوئی بات کسی قوم کے ایک فرد سے صادر ہو تو اس کی بنا پر تمام افرادِ نوع کا مؤاخذہ کرنا عقلمندوں اور صائب الرأی لوگوں کے نزدیک درست نہیں ہے ۔ " وَلَا تَزِرُ وَازِرَۃٌ وِزْرَ اُخْرٰی " کوئی نفس دوسرے نفس کا بوجھ نہیں اٹھاتا ۔ اور یہ دعویٰ تو کسی نے بھی نہیں کیا کہ عربوں کا

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں صَادِحَۃٌ دیا ہے اسے صَارِعَۃ پڑھیں ۔

Marfat.com

ہر فرد ہر قسم کی غلطی اور عیب سے پاک ہے اور نہ یہ کہ ان کا ہر فرد تمام فضائل میں دیگر اقوام کے ہر فرد سے افضل ہے ۔ یہ ناممکن بات ہے کیونکہ اس کا غلط ہونا بالکل واضح ہے ۔ کیا آپ نہیں دیکھ رہے کہ عقل سلیم رکھنے والے سب لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ مرد عورتوں سے افضل ہیں اس کے باوجود بعض عورتیں ایسی ہیں جن کے ذاتی کمالات اور انسانی فضائل کی ہزاروں ایسے مرد برابری نہیں کر سکتے جو ان فضائل سے عاری ہوں ۔ شاعر[1] نے کیا خوب کہا ہے :

وَلَو اَنَّ النِّسَاءَ كَمَنْ فَقَدْنَا
لَفَضَّلْنَا النِّسَاءَ عَلَى الرِّجَالِ

اگر تمام عورتیں ایسی ہی ہوتیں جس طرح کی یہ مرنے والی تھی تو ہم عورتوں کو مردوں پر فضیلت دے دیتے

لہٰذا اگر عربوں کی قوم میں سے کسی ایک یا دو افراد سے کوئی بری حرکت صادر ہو گئی ہو تو اس سے ان کے بلند مرتبے اور اعلیٰ شرف پر کوئی حرف نہیں آتا بالخصوص جبکہ وہ بری بات ایسی ہے کہ اس کا صحیح ہونا یقینی نہیں ہے یا ہو سکتا ہے کہ اس کی بھی کوئی وجہ ہو ۔ اس لیے کہ ان کے دین اور رواج میں ایک دوسرے پر حملوں کے دوران جو قیدی ہاتھ آتے تھے وہ بمنزلۂ غلام کے ہوتے تھے ، اور ظاہر ہے کہ تمام مذاہب والوں کے یہاں مملوکہ عورت کے ساتھ عقدِ [۱۷۵] نکاح کے بغیر ہم آغوش ہونا زنا نہیں کہلاتا ۔ یہ بات بجا ، مگر حقیقت وہی ہے جو ہم پہلے بیان کر چکے ہیں ۔ اس کے بعد ہم کہتے ہیں کہ عربوں کے علاوہ جتنی بھی قومیں ہیں ان میں سے کونسی قوم ہے جس نے لوگوں کو قید نہ کیا ہو یا غارتیں نہ ڈالی ہوں ۔ تمام مخلوق کا ابتدا سے لے کر آخر تک یہی حال رہا ہے ۔ اگر ہم عربوں کے علاوہ دیگر اقوام کی شادیوں کا وہ حال جو گزشتہ ایام میں تھا ذکر کرنے لگیں تو صفحۂ قرطاس سیاہ ہو جائے ۔

---

۱ ۔ یہ شعر متنبّی کا ہے ۔

Marfat.com

رہی یہ بات جو شعوبیہ نے کہی ہے کہ عرب عورتوں کے پاس قبل اس کے کہ وہ حیض سے پاک ہوں چلے جاتے تھے تو یہ بھی بہتان عظیم ہے ۔ عربوں کے اشعار اور ان کی تاریخ اس کے خلاف گواہی دیتی ہے ۔ وہ حیض کے دوران ہم بستری سے پرہیز کرتے تھے ۔ جب ہم ان کی عادات اور عبادات کا ذکر کریں گے تو ان باتوں کو بھی بیان کریں گے ۔

شعوبیہ نے جو کچھ بھی عربوں کے متعلق کہا ہے اس کا اجمالی ذکر

یاد رکھیں کہ شعوبیہ نے اپنے دعویٰ کے حق میں استدلال کے طور پر جو کچھ کہا ہے سب بے محل اور بے موقع ہے کیونکہ اصل مقصد تو یہ ہے کہ ان امور میں جو تمام انواع میں فضیلت کا باعث سمجھے جاتے ہیں ایک جنس کو افضل قرار دیا جائے مثلاً یہ کہ جنسِ عرب کی فضیلت کا سبب ان کی وہ خاص عقلیں ، زبان ، اخلاق اور اعمال وغیرہ ہیں جن کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں اور جنھیں ہم مکمل طور پر اور شرح و بسط سے واضح کر چکے ہیں ۔ ہمارا دعویٰ یہ نہیں ہے کہ فضیلت نبوت کی وجہ سے ہے اس لیے کہ اس کے جواب میں کہا جا سکتا ہے کہ غیر عرب انبیا کی تعداد عرب انبیا سے زیادہ ہے ۔ کیونکہ تمام انبیا کی تعداد جیسا کہ وھب[1] بن منبہ نے ذکر کیا ہے ایک لاکھ چوبیس ہزار ہے جن میں سے تین سو پندرہ رسول ہیں ۔ ان میں سے پانچ عبرانی تھے یعنی آدم ، شیث ، ادریس ، نوح اور ابراھیم ، اور پانچ عرب تھے یعنی ہود ، صالح ، اسمٰعیل ، شعیب اور محمد صلوات اللہ تعالٰی علیہم اجمعین ۔ ابو صالح نے ابن عباس سے روایت کیا ہے کہ اللہ تعالٰی نے اہل رّس کی طرف ایک نبی بھیجا ،

---

۱ ۔ وھب بن منبہ : ابو عبداللہ وھب بن منبہ صنعانی ۔ یہ ابنا میں سے تھے ۔ یہ بانویں الہامی کتابوں کے عالم تھے اور انھوں نے حِمیَری بادشاہوں کے متعلق ایک مختصر سی کتاب بھی لکھی ۔ ۱۱۴ھ میں وفات پائی

Marfat.com

رس کے معنی کنوئیں کے ہیں ۔ اس نبی کا نام حنظلہ بن صفوان تھا ۔ اہل رس نے ان کی تکذیب کی اور انھیں قتل کر ڈالا اس پر اللہ نے ایک نبی ارمیا بن برخیاناى کی طرف جو بخت نصر کے ساتھ تھا وحی کی کہ بخت نصر کو حکم دو کہ وہ ان عربوں پر چڑھائی کرے جن کے گھروں پر کوئی [۱۷۶] تالا نہیں اور انھیں اس فعل کی پاداش میں جو انھوں نے اپنے نبی کے ضمن میں کیا ہے قتل کر دے ۔ خالد بن سنان بھی انبیائے عرب میں سے تھے ۔ ان کی شان میں ایک حدیث بھی آئی ہے اور وہ یہ ہے :

ذاکَ نبیٌّ اَضاعَہ، قَوْمُہ،

(یہ ایک نبی تھے جنھیں ان کی قوم نے کھو دیا)

ان کے علاوہ جو انبیا بھی تھے وہ باقی تمام مختلف اقوام میں سے تھے ۔

عربوں کے لیے اور پھر قریش اور بنی ھاشم کے لیے محض اس لیے فضیلت نہیں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے تھے اگرچہ یہ بھی ایک فضیلت ہے ۔ بات یہ ہے کہ عرب بذات خود افضل ہیں اور اسی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی ذات اور نسب کے اعتبار سے افضل ہونا ثابت ہوتا ہے ورنہ دور لازم آئے گا ۔ باایں ہمہ اگر شعوبیہ کے مخالفین یہ دعوی کریں کہ یہی ایک بات فضیلت کی وجہ ہے تو ان کے لیے یہ کہنا ممکن ہوگا کہ انبیائے عرب باوجود اس کے کہ ان کی تعداد کم ہے پھر بھی وہ فضیلت میں دیگر انبیا اور رسولوں کے برابر ہیں یا ان سے بھی زیادہ ہیں تو یہ کوئی انوکھی بات بھی نہیں ہے کیونکہ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں کہ انسان اور انسان میں فرق ہوتا ہے چنانچہ کہیں ایک شخص دس شخصوں کے برابر کہیں دس سو کے برابر بلکہ ایک انسان سو جیسا اور کہیں ایسا بھی ہے کہ دس بے کار لوگ ایک سے بھی کم تر مرتبے کے مالک ہوتے ہیں ۔ ایک عورت سے کہا گیا : کیا دس بے کار لوگ تجھے زیادہ پسند ہیں یا ایک جو دس جیسا ہو ۔ اس نے جواب دیا : ہاں ایک جو دس جیسا ہو ، شاعر کہتا ہے :

Marfat.com

وَلَمْ اَرَ اَمْثَالَ الرِجَال تَفَاوُتاً
لَدَى المَجْدِ حتى عُدَّ اَلْفٌ بِوَاحِدٍ

میں نے بزرگی کے معاملے میں آدمیوں جیسا کسی میں تفاوت نہیں پایا یہاں تک کہ ایک کے مقابلے میں ایک ہزار شمار کیے گئے

بلکہ ہم تو ایک کو دس ہزار کے برابر دیکھتے ہیں اور دس ہزار کو ایک سے بھی کم ۔ جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اور ظاہر ہے کہ آپ کا فرمان نہایت سچا ہے

اَلنَّاسُ كَاَبِلٍ مِائَةٍ لَا تَكَادُ تَجِدُ فِيْهَا رَاحِلَةً

لوگوں کی مثال ان سو عام شتروں کی سی ہے جن میں سے ایک بھی سواری کے قابل نہ ہو

ان کے عُرف میں اِبِلٌ کا لفظ ایک سو اونٹ کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ لٰہذا ایک سو اِبل دس ہزار اونٹ ہوئے بلکہ اگر یوں بھی کہا جائے کہ ہم ایک کو ایک جہان کے برابر دیکھتے ہیں اور ایک جہان کو ایک کے برابر تو جائز ہوگا جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے :

وُزِنْتُ بِاُمَّتِیْ فَرَجَحْتُهُمْ

مجھے ساری امت کے ساتھ تولا گیا تو میں ان سے وزنی نکلا ۔ اسی خیال کے مطابق شاعر کہتا ہے :

لَيْسَ عَلَى اللهِ بِمُسْتَنْكَرٍ
اَنْ يَجْمَعَ العَالَمَ فِي وَاحِدٍ

اللہ کے لیے یہ کوئی عجیب بات نہیں کہ تمام جہان کو ایک شخص میں جمع کر دے

ہمارا دعویٰ یہ بھی نہیں ہے کہ فضیلت ، ملکیت ، ثروت ، کثرت تعداد اور ساز و سامان کی وجہ سے ہوتی ہے کیونکہ ان چیزوں سے بھی فضیلت کا حاصل ہونا ضروری نہیں ہے ۔ فضیلت تو اچھی صفات کی مقتضی ہے ۔

Marfat.com

كَمْ عَاقِلٍ عَاقِلٍ أَعْيَتْ مَذَاهِبُهُ
وَجَاهِلٍ جَاهِلٍ تَلْقَاهُ مَرْزُوقَا

[۱۷۷] بہت سے کامل عقل رکھنے والے عقلمند لوگ ہیں جن کے لیے معیشت کے تمام راستے مسدود ہیں اور بہت سے مکمل جاہل افراد ہیں جنھیں تو آسودہ حال پاتا ہے

انھی معنوں میں سموأل اپنے ان اشعار میں جن کا ذکر کیا جا چکا ہے کہتا ہے :

وَمَا ضَرَّنَا أَنَّا قَلِيلٌ وَجَارُنَا
عَزِيزٌ وَجَارُ الْأَكْثَرِينَ ذَلِيلُ

ہمیں اس بات سے کوئی نقصان نہیں پہنچتا کہ ہم تعداد میں کم ہیں جبکہ ہمارا پڑوسی ذی عزت ہے حالانکہ اکثر لوگوں کے پڑوسی ذلیل ہو جاتے ہیں

مزید برآں گزشتہ زمانے میں عربوں کا تمدن اس حد تک پہنچ چکا تھا کہ وہاں تک کوئی اور تمدن نہ پہنچا تھا ۔ اگرچہ ان کے حالات ہم تک نہیں پہنچے ۔ یہ ان کی عظیم عمارتوں کے آثار ہیں اور ان کے بڑے بڑے شہروں کے باقی ماندہ نشان ہیں جو ان کے تمدن پر گواہی دے رہے ہیں ۔ تَدْمُر کا شہر عربوں کے شہروں اور ان کی آبادیوں میں سے ایک تھا جیسا کہ قاموس وغیرہ میں مذکور ہے ۔ اس شہر کے باقی ماندہ نشانوں سے جو کچھ دکھائی دیتا ہے وہ دنیا کے عجائبات میں سے ہے جس کی مضبوطی کا مقابلہ کرنے سے بعد کے آنے والے ادوار عاجز ہیں ۔ قوم تُبّع کے یمنی بادشاہوں اور آزْوَاء کا (مختلف) ملکوں پر تسلط اور اطراف (کے علاقوں) پر غلبہ اس حد کو پہنچ چکا تھا کہ قلم سے تعریف نہیں ہو سکتی ۔

وہ بادشاہ جس نے دو پہاڑوں کے سروں کو برابر کر دیا تھا وہ بھی اُنھی میں سے تھا ۔ اس نے مشرقین سے لے کر مغربین کا چکر لگایا یہ وہی بادشاہ تھا جسے ذوالقرنین کا لقب دیا جاتا ہے ۔ برخلاف اس کے

Marfat.com

شعوبیہ اور چند اہل علم کا خیال ہے کہ ذوالقرنین سکندر رومی ہی تھا مگر ہمارے بیان کی گواہی قدیم اشعار سے ملتی ہے بلکہ قدیم اشعار اس معاملے میں زیادہ قوی دلیل ہیں ۔

اعشی[1] بنی ثعلبہ کہتا ہے :

وَالصَّعْبُ ذُو القَرنَینِ اَسْمٰی ثَاوِیاً
بِالحِنْوِ فی جَدَثٍ هُنَاکَ مُقِیم
صعب ذوالقرنین حنو کے مقام پر قبر میں مقیم ہے

حِنْو حاء مہملہ کے نیچے زیر اور نون ساکن مشرق میں ایک مقام کا نام ہے

رُبَیْع[2] بن ضُبیع کہتا ہے :

---

۱ - بلوغ الارب میں اعشٰی بن ثعلبہ چھپا ہؤا ہے ۔ اسے اعشی بنی ثعلبہ پڑھیں ۔ اعشی کا اصلی نام میمون میں قیس ہے ۔ ابو بصیر کنیت ۔ اسلام قبول کرنے کی غرض سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کے لیے چلا ۔ جب مکے میں پہنچا توکسی نے کہا وہ تو شراب کو حرام قرار دیتے ہیں ۔ کہنے لگا ایک سال پی لوں پھر آؤں گا مگر اسی عرصے میں مر گیا ۔ لسان العرب میں اس شعر کو لبید کی طرف منسوب کیا گیا ہے ۔

۲ - بلوغ الارب میں اسی طرح ربیع بن ضبیع ہی دیا ہے ۔ مگر درست رُبَیع بن ضَبُع بن وھب ہے ۔ ابو حاتم کہتے ہیں یہ تین سو چالیس سال زندہ رہا مگر اسلام نہیں لایا ۔ جب دو سو سال کی عمر کو پہنچا تو یہ شعر کہے :

إِذَا کَانَ الشِتَاءُ فَأَدْفِئُونِی
فَإِنَّ الشَیخ یَهرِمُهُ الشِتَاءُ
إِذَا عَاش الفتی مِائتَین عاماً
فَقَد ذهَب المسَرّة والفتَاء
(شرح امالی : ۸۰۲ - ۸۰۳)

Marfat.com

وَالصَّعْبُ ذُوالقَرْنَيْنِ عَمَّرَ مُلْكَهٗ،
اَلْفَيْنِ اَمْسٰى بَعْدَ ذاکَ رَمِيْمَا

صعب ذوالقرنین نے دو ہزار سال تک اپنے ملک کو آباد رکھا ۔ اس کے بعد بوسیدہ (ہڈیاں) ہوگیا ۔

[۱۷۸] قُس بن ساعدہ ایادی کہتا ہے :

والصعب ذُوالقَرنَين اَصْبَحَ تَاوِياً
باللَّحْدِ بَيْنَ مَلَاعِبِ الاٰءِ رْيَاحِ،

صعب ذوالقرنین کھیل کود کے میدانوں اور ہواؤں کے درمیان قبر میں مقیم ہے ۔

تُبّع حمیری کہتا ہے :

قَدْ كَانَ ذوالقَرنَيْنَ قَبْلِيْ مُسْلِماً
مَلِكاً تَدِيْنُ لَهُ الملوکُ وتَحْشُدُ،
مِنْ بَعْدِهٖ بِلقِيْسُ، كَانَت عَمَّتِي
مَلَكَتْهُم، حَتّٰى أتاها الهُدْهُدُ،

مجھ سے پہلے ذوالقرنین مسلمان تھا ۔ وہ ایسا بادشاہ تھا جس کی بادشاہ اطاعت کرتے اور اس کے پاس آ کر جمع ہوتے تھے ۔ اس کے بعد میری پھوپھی بلقیس آئی جس نے ان پر حکومت کی ، تاآنکہ ہُدہُد اس کے پاس آیا ۔

حارثیوں کا ایک شاعر مضر کے کچھ لوگوں کو مخاطب کرتے ہوئے اور ذوالقرنین پر فخر کرتے ہوئے کہتا ہے :

سَمُّوالَنَا وَاحِداً مِنكم فَنَعرفَهٗ،
فِي الجَاهِلِيَّةِ لاِ سمِ الْمُلكِ مُحتَمِلاً
كالتُّبَّعَيْنِ و ذُوالقَرنين يَقْبَلُهٗ،
أهْلُ الحَيجٰى واحق القولِ مَاقُبِلاً

Marfat.com

تم اپنوں میں سے کسی ایک کا نام لو جو جاہلیت کے زمانے میں بادشاہ کہلانے کا مستحق ہؤا ہو ، دونوں تبع اور ذوالقرنین جیسے لوگوں کا نام لو جسے دانشمند لوگ قبول کر لیں اور صحیح بات تو وہی ہے جسے قبول کیا جا سکے ۔

[1]نعمان بن بشیر صحابی بن صحابی فرماتے ہیں :

وَسَنْ ذَا یُعَادِیْنَا مِنَ النَّاسِ مَعْشَر
کِرَامٌ و ذُوالقَرْنَیْنِ مِنَّا و حَاتِمُ

ہماری کون مخالفت کر سکتا ہے (کیونکہ) ہم شرفا ہیں ۔ ذوالقرنین ہم میں سے تھا اور حاتم بھی

ان میں سے اکثر شواہد سے یہی اخذ کیا جاتا ہے کہ اس کا نام صعب تھا ۔ ذوالقرنین کا ذکر امرؤالقیس ، اوس بن حجر اور طرفۃ بن العبد وغیرھم کے اشعار میں بھی آیا ہے ۔ کتاب نشرالمحاسن الیمانیہ میں ان کے بہت سے کارناموں کا ذکر کیا گیا ہے جن کا ذکر بوجہ طوالت نہیں کیا جا سکتا ۔

قحطانیوں کا وصف بیان کرتے ہوئے الکلاعی کہتا ہے :

وَرَتَّبْنَا مَرَاتِبَ کُلِّ مَلْکٍ
فَکَانَ لَنَا الخَلَائِقُ مُقْتَفِیْنَا

ہم نے ہر بادشاہ کا مرتبہ مقرر کر دیا ہے چنانچہ تمام مخلوق ہماری پیروی کرتی ہے

سَنَنَّا لِلْبَرِیَّةِ کُلَّ فِعْلٍ
جَمِیْلٍ مِنْ فِعَالِ الأَکْرَمِیْنَا

ہم نے دنیا کے لیے ہر قسم کے اچھے فعل کا طریقہ جاری کر رکھا ہے جو شرفا کے فعال میں سے ہے

---

۱ - نعمان بن بشیر ۶۴ھ میں ضحاک کی جنگ میں مارے گئے ۔

Marfat.com

فَهُمْ يَتَشَبَّهُونَ بِمَا فَعَلْنَا
وَفِي آثَارِنَا يَتَتَبَّعُونَا

لہٰذا لوگ ہمارے افعال کی نقل کرتے ہیں اور ہمارے نقش قدم پر چلتے ہیں۔

وَلَيْسُوا مُدْرِكِينَ لَنَا لأَنَّا
جُعِلْنَا السَّابِقِينَ الأَوَّلِينَا

مگر یہ لوگ ہم تک نہیں پہنچ سکتے کیونکہ ہمیں تو سابقین اور اولین قرار دے دیا گیا ہے

(کلاعی) ان اشعار کی شرح میں کہتا ہے: پہلا شخص جس نے تاج پہنا اور حکومت کے فرائض معین کیے اور شہر کے حاکم سے عہد لیا اور اسے عدل و انصاف کرنے کا حکم دیا، دیوان قائم کیے اور سرحدوں کی طرف حاکم بھیجے وہ حِمیر بن سبا الاکبر تھا اور پہلا شخص جس نے اپنے محل کے دروازے پر زنجیر لٹکائی تاکہ فریادی اس کو کھینچ سکیں عبد شمس بن وائل ہے اور پہلا شخص جس نے کسی شکایت کنندہ کی بات [۱۷۹] پر غور کیا اور اس کی شکایت پر شہر کے حاکم کو معزول کیا وہ سعد الکامل تھا۔ پہلا شخص جس نے سفارش کرکے قیدیوں کا فدیہ قبول کیا وہ تبع الاصغر تھا۔ اسی لیے اس کا نام ماءالسماء پڑا۔ پہلا شخص جس نے ابجد کے مطابق عربی رسم الخط اختیار کیا وہ [1] مرة بن مرامر

۱۔ بلوغ الارب میں مرة بن مرامر ہی مرقوم ہے۔ مگر درست مُرَامِر بن مرة ہے۔ لسان العرب میں ہے (ما د ہ: م ر ر) مُرامر ایک آدمی کا نام ہے۔ شرقی بن القُطَامی کہتا ہے جن لوگوں نے سب سے پہلے عربی رسم الخط وضع کیا وہ قبیلہ طیٔ کے کچھ لوگ تھے جن میں سے ایک مُرامر بن مرة بھی ہے شاعر کہتا ہے:

تَعَلَّمْتُ بَاجَاداً وَآلَ مُرَامِرٍ
وَسَوَّدتُّ آثْوَابِي وَلَسْتُ بِكَاتِبِ

باقی حاشیہ صفحہ ۴۰۶ پر

Marfat.com

تھا ۔ پہلا شخص جس نے ضیافت کی رسم جاری کی وہ قبیلہ طی کا عامر بن حارثہ الازدی تھا ۔ پہلا شخص جس نے خنثٰی کے متعلق یہ فیصلہ دیا کہ یہ مد نظر رکھا جائے کہ وہ پیشاب کہاں سے کرتا ہے عمرو بن حممۃ الدوسی تھا ۔ پہلا شخص جس نے میت کو خوشبوئیں ملیں مقسم بن بہرالقضاعی ہے ۔ پہلا شخص جس نے وراثت میں سے نر کو مادہ سے دگنا حصہ دیا وہ عامر بن جشم الجہمی ہے اور پہلا شخص جس نے میت کا جنازہ پڑھا عطیرہ بن صعصعہ السکسکی ہے اور پہلا شخص جس نے دیت کی ادائی میں مدد مانگنے والے کی مدد کی وہ ہمدان کا فرد جعاد بن عبدالتیمی تھا ۔

یہ وہ امور ہیں جن میں جاہلیت ہی میں بنو قحطان سبقت لے جا چکے تھے۔ بعد ازاں اسلام اسی قسم کے احکام لے کر آیا اس سے ظاہر ہے کہ ان کی ذکاء کی تیزی انتہا کو پہنچی ہوئی تھی۔ ان کی ذکاء کی ایک بات یہ ہے کہ عرب سب سے پہلے لوگ ہیں جنھوں نے گھوڑوں کو باندھا ، انھیں سدھایا اور ان گھوڑوں کی ایسی تعریف بیان کی جو ان کے لائق تھی (یہی

صفحہ ۴۰۵ کا بقیہ حاشیہ

شرقی کہتا ہے کہ شاعر نے آل مرامر اس لیے کہا ہے کہ اس نے اپنی اولاد کے نام ابجد کے آٹھ الفاظ پر رکھتے تھے ۔ ابن بری کہتا ہے کہ ابن النحاس وغیرہ نے مدائنی سے ذکر کیا ہے کہ یہ نام مُرامر بن مروہ ہے ۔ مدائنی کہتا ہے کہ ہمیں یہ خبر ملی ہے کہ سب سے پہلے عربی رسم الخط میں انبار کے ایک شخص مرامر بن مروہ نے لکھا ۔ بعض اسے حیرہ کا بتاتے ہیں ۔ سمرۃ بن جندب کہتا ہے ۔ میں نے عربی کتابت پر غور کیا تو دیکھا کہ حیرہ سے پہلے یہ خط انبار میں لکھا جاتا تھا ۔ کہا جاتا ہے کہ جب مہاجرین سے پوچھا گیا کہ تم نے عربی رسم الخط کہاں سے سیکھا تو انھوں نے جواب دیا : حیرہ سے اور جب حیرہ والوں سے پوچھا گیا کہ تم نے لکھنا کہاں سے سیکھا تو انھوں نے کہا : انبار سے ۔

Marfat.com

نہیں) بلکہ ان کے لیے زین اور لگام بھی بنائی ۔ اسی کے بارے میں مالک بن ملاکہ بن ارحب الہمدانی کہتا ہے :

أُمِرْتُ بِاِبْتِنَاءِ اللِّجَامِ فَأُبْدِعَتْ
وَأُتْعِلْتُ خَيْلِي فِي الْمَسِيْرِ حَدِيْدَا

مجھے لگام لانے کو کہا گیا لہٰذا اسے ایجاد کر لیا گیا اور میں نے اپنے گھوڑے کو چلنے میں لوہے کی نعل پہنائی

وَأَرْحَبُ جَدِّي أَحْدَثَ السَّرْجَ قَبْلَنَا
وَلَوْنَطَقَتْ كَانَتْ بِذَاكَ شُهُوْدًا

ہم سے پہلے میرے دادا ارحب نے زین ایجاد کی تھی، اگر یہ گھوڑے بول سکتے ہوتے تو اس بات کی گواہی دیتے

عرب پہلے لوگ ہیں جنھوں نے ہر قسم کے ہتھیار ایجاد کیے مثلاً تلوار ، نیزہ ، کمان ، تیر ، زرہ وغیرہ ان کے ہاں مختلف قسم کے گھوڑوں اور ہتھیاروں کے الگ الگ نام ہیں جن کا ذکر کرنے سے بات لمبی ہو جاتی ہے ۔

[۱۸۰] گھوڑوں ، کمانوں ، تیروں اور صحیح نشانہ لگانے کے متعلق جس قدر بصیرت قحطانیوں کو حاصل تھی کسی اور کو نہ تھی ، قوم تُبّع اسد کے تیر انداز جو قارہ کے نام سے مشہور تھے اُنھی میں سے تھے۔ یہ تیر چلاتے تو عین نشانے پر لگتے ، انھی کی مثال دے کر یوں کہا جاتا ہے :

قَدْ أَنْصَفَ الْقَارَةَ مَنْ رَمَاهَا

(جس نے تیر اندازی میں قارہ کو چیلنج کیا اس نے انصاف کیا)

لہٰذا یہ سب باتیں اور اسی قسم کے دیگر امور ایسے ہیں جن سے ان کے تمدن ، ثروت ، باہمی الفت اور کمالات میں ترقی کرنے کے ذوق کا پتا چلتا ہے ۔ ہمارا یہ بھی مقصد نہیں ہے کہ فضیلت صنعت و حرفت کے جاننے میں پائی جاتی ہے کیونکہ اس اعتبار سے غیر عرب کو اہل عرب پر

Marfat.com

فوقیت حاصل ہوگی ۔ عرب تو صنعت و حرفت اختیار کرنے سے نفرت کرتے تھے اور اہل صنعت کو ادنٰی شمار کرتے تھے ۔ اس زمانے میں باہمی فخر اور فضیلت کا سرمایا شجاعت ، گھوڑ سواری اور فصاحت وغیرہ امور کو جانا جاتا تھا اور یہی امور دراصل فضیلت کا منبع ہیں ۔ باایں ہمہ صناعات اور دیگر فنون عقلیہ کے سیکھنے کی عربوں میں بمقابلہ دیگر اقوام کے زیادہ اہلیت پائی جاتی ہے ۔ کیا تو نہیں دیکھتا کہ ظہور اسلام کے بعد وہ ان امور میں وہاں تک چلے گئے تھے کہ وہ دوسروں سے سبقت لے گئے ۔

فرانس کے وزیر تعلیم دوروی (Victor Durwy) کی تاریخ میں منقول ہے :

جب اہل یورپ گمراہی کی تاریکیوں میں حیران و پریشان پھر رہے تھے اور انھیں روشنی صرف سوئی کے سوراخ میں سے دکھائی دیتی تھی اس وقت یکایک امت اسلامیہ کی طرف سے زوردار نور ، یعنی علوم ادب ، فلسفہ ، صناعات ، دستکاری وغیرہ کا بلند ہؤا چنانچہ بغداد ، بصرہ ، سمرقند ، دمشق ، قیروان ، مصر ، فارس ، غرناطہ اور قرطبہ دائرہ معرفت کے عظیم مرکز بن گئے تھے ۔ پھر انھی مرکزوں سے یہ علوم دیگر اقوام میں پھیلے ۔ جس کے [۱۸۱] باعث یورپ والوں نے قرون وسطیٰ میں ایجادات ، صناعات اور وہ علمی کمالات حاصل کیے جن کا بیان آگے آئے گا ۔

اسی کتاب میں وہ کہتا ہے :

اپنے جزیرے سے نکل کر پھیل جانے سے پہلے عربوں میں آداب جڑ پکڑ چکے تھے ۔ وہ انھیں دو زبانوں میں ادا کرتے تھے ۔ یمن میں حِمْیَری زبان میں اور حجاز میں قُرَشی زبان میں ۔ اسی مؤخر الذکر زبان میں قرآن آیا اور یہ بات تو آپ کو معلوم ہی ہے کہ حِمیری زبان کے مقابلے میں مُضَری زبان ہے اگرچہ قراءت میں خاص طور پر قُرَشی زبان پر سب کا اتفاق ہے ۔ اس کی شہرت کی وجہ بھی یہی ہے اور چونکہ علمی اور دینی کتابیں اسی زبان میں لکھی گئیں اس لیے آج تک خالص چلی آئی ۔ یہاں تک کہ وہ کہتا ہے :

Marfat.com

ابتدا میں عربوں کے یہاں صرف یہی آداب پائے جاتے تھے ۔ اس کے بعد جب فتوحات کے دائرے وسیع ہو گئے اور ان کا میل جول اُن قوموں سے ہؤا جو تمدن میں اُن سے آگے تھیں تو ان کی معلومات کا دائرہ بھی وسیع ہو گیا ۔ انھوں نے یونان سے ارسطو کی تالیفات کو لیا اور ان کی بنظر غائر شرح کی مگر انھوں نے اصلی یونانی کتابوں سے فلسفہ حاصل نہیں کیا انھوں نے اسے اہل شام کی زبان میں ترجمہ کی ہوئی کتابوں سے لیا ۔ اور ترجمہ شدہ کتابوں کا ترجمہ کیا ، یہی وجہ ہے کہ جب عربی فلسفی [1]حفید بن رشد نے قرون وسطیٰ میں ان کتابوں کو یورپ کی طرف منتقل کیا تو ان میں پہلے سے بھی زیادہ تحریف پائی گئی ۔

اب علوم ریاضی کو لیں تو ان میں بھی اپنے مقصود تک پہنچ گئے ، اس کام کا سہرا ان علما کے سر پر ہے جنھیں مامون قسطنطنیہ سے لایا تھا ۔ نویں صدی عیسوی کی ابتدا میں خلیفۂ مذکور نے بغداد کے دو فلکی عالموں سے کہا کہ وہ صحرا سنجار میں خط طول بلد کے ایک درجے کی مسافت کی پیمائش کریں اور اس کا اندازہ کریں تا کہ مشاہدے سے زمین کی گولائی ثابت کی جا سکے ۔ اس امر کی وضاحت اس بات سے ہو جاتی ہے کہ قطب شمالی کی بلندی پیمائش کردہ خط کی دونوں طرفوں میں مختلف ہے ۔ عربوں نے کتاب اقلیدس کی بھی شرح مرتب کی ، اور زیچ بطلیموس کی اصلاح کی ۔ منطقة البروج کے میلان کا حساب لکھا اور اسی طرح اوقات اعتدال کا باہمی فرق اور شمسی اور زمانی سالوں کا فرق بیان کیا ۔ انھوں نے ان میں چند دقیقوں کا فرق پایا اور ان تجربوں کے لیے انھوں نے نئے آلات ایجاد کیے وغیرہ وغیرہ ، جن سے علوم ریاضی میں عربوں کی قابلیت کا پتا چلتا ہے ۔ یورپ سے بہت عرصہ پہلے سمرقند میں انھی عربوں کی بدولت ایک عجیب و غریب رصدگاہ موجود تھی ۔

---

۱ ۔ حفید بن رشد : ابو الولید محمد بن احمد بن محمد بن احمد رشد قرطبی مالکی ۔ ان کی طب ، منطق اور فلسفہ میں بہت سی تصانیف ہیں ۔ ۵۹۵ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

دروی کہتا ہے : عربوں کی طرف یہ بات جو منسوب ہے کہ انھوں نے الجبر و المقابلہ اور ان حسابی عددوں کو جنھیں ہمارے یہاں عربی اعداد کہا جاتا ہے ایجاد کیا پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتی ۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ انھوں نے اسے ارسطو کے فلسفے کے ساتھ ہی دوسروں سے حاصل کیا ۔ [۱۸۲] یہ ان علوم میں سے ہیں جو انھیں اسکندریہ میں حاصل ہوئے ۔ ہو سکتا ہے کہ انھوں نے اسی طرح کمپاس (قطب نما) کا علم ہم تک پہنچایا ہو جسے انھوں نے چینیوں سے سیکھا تھا ۔ نیز اہل یورپ اس امر کا بھی اعتراف کرتے ہیں کہ انھیں کپڑے سے کاغذ ایجاد کرنے کی فضلیت حاصل ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ کاغذ کے وجود کے بعد کتابوں کی کثرت ہوگئی ، قیمتیں کم ہوگئیں ، طباعت آسان ہوگئی اور اس کے کئی ایک نتائج نکلے ۔

عربوں کو شہرت اُس علم طب کی وجہ سے بھی حاصل ہوئی جسے انھوں نے یونانیوں کی کتابوں سے حاصل کیا تھا ۔ جالینوس کی کتابوں پر ابن رشد کی متعدد شرحیں پائی جاتی ہیں ، جن سے اس علم کے معاملے میں عربوں کی مہارت پر گواہی ملتی ہے ۔ ان کے فلاسفروں میں سے متعدد اشخاص بیک وقت مشہور حکما بھی تھے اور اطبا مثلاً بو علی بن سینا المتوفی ۴۲۶ھ اور مذکورہ بالا ابن رشد ۔ ان دونوں کی شہرت کا یہ حال تھا کہ ان کے اس وقت کے دشمن بھی ان سے علاج کرانے کی خواہش کرتے تھے ۔ جیسا کہ بیان کیا جاتا ہے کہ قسطنطنیہ کے ایک بادشاہ کو استسقاء کا مرض لاحق ہوگیا تو اس نے یہ خواہش ظاہر کی کہ اس کا علاج عرب طبیب کریں ۔ چنانچہ خلیفہ نے بھی اس امر کی اجازت دے دی کہ مسلمان جا کر اس کا علاج کریں ۔

عربوں کے کارناموں میں عمل تقطیر کا عمل اور ریوند اور بہت سی دواؤں کا استعمال ہے ۔

جن علوم کے باعث عربوں کو فضیلت حاصل ہے ان میں سے ایک جغرافیہ بھی ہے ۔ اس علم میں ان کے ترقی کرنے کا سبب یہ تھا کہ ان کو وسیع فتوحات اور حج کی فرضیت کی وجہ سے خطرناک سفر اختیار

Marfat.com

کرنے پڑتے تھے اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ انھیں بہت سے دور و دراز کے ان شہروں کا بھی علم حاصل ہو گیا جہاں یورپ والے نہ پہنچے تھے، یا وہ انھیں جاننے کے بعد بھول گئے تھے۔ اس فن کے مشہور لوگوں میں سے ابو الفداء[1]، مسعودی[2] اور الادریسی[3] ہیں۔ ادریسی کو صقلیہ کے بادشاہ روجر (Roger II) نے بلایا تھا اور اس کے پاس رہ کر اس نے اپنی عجیب و غریب کتاب نزھۃ المشتاق لکھی۔

دوردی عربوں کے علم تاریخ پر روشنی ڈالنے کے بعد کہتا ہے:

رہا فن تعمیر اور اس میں شکلیں بنانا تو عربوں نے اس میں صرف اس قدر حصہ لیا جس سے تعمیر مضبوط ہو سکے کیونکہ ان کی شریعت میں تصویر بنانا منع ہے۔ فن تعمیر میں بھی انھوں نے کوئی خاص ایجادات نہیں کیں۔ ان کے یہاں اصل اور بنیادی چیز ستونوں پر اُٹھائی ہوئی قوسوں کا نصف دائرہ سے بڑا ہونا ہے۔ انھوں نے یہ شکل بزنتینوں سے حاصل کی۔ بزنتینی یونانی قوم کی ایک شاخ ہے۔ عربوں نے ان ذہنی تصویروں اور مجسموں کے عوض اس نقش و نگار کی خوب صورتی کو لے لیا جو ان کے ہاں تیکھے نقش و نگار کہلاتے ہیں۔

۱۔ ابو الفداء: الملک المؤید عماد الدین اسماعیل بن الافضل الشافعی۔ ۶۷۲ھ میں پیدا ہوئے۔ کئی ایک کتابیں تصنیف کیں۔ عمدہ شعر بھی کہتے تھے۔ سخی تھے ۷۳۲ھ میں وفات پائی۔

۲۔ مسعودی: ابو الحسن علی بن ابی الحسن مصنف مروج الذھب۔ انھوں نے بہت سیاحت کی اور تاریخ میں بہت تحقیق کی۔ یاد رہے کہ ایک اور مسعودی بھی ہیں جو شافعی فقیہ ہیں اور ایک تیسرے مسعودی ہیں جنھوں نے مقامات حریری کی شرح کی مگر وہ دونوں یہاں مراد نہیں ہیں۔ ابو الحسن مسعودی نے ۳۴۵ھ میں وفات پائی۔

۳۔ الادریسی: سبیوطہ میں پیدا ہوئے اور قرطبہ میں تعلیم حاصل کی اور جغرافیہ میں تصانیف کیں ۵۴۱ھ (۱۱۵۴ء) میں وفات پائی۔

Marfat.com

[۱۸۳] یہ دراصل ایسی شکلیں تھیں جن میں کچھ مفہوم ہم خیال ہوتا تھا پھر ہوتے ہوتے یہ صرف متقاطع حروف بن گئے جو ان عربی حروف کے مشابہ تھے جن سے عمدہ اور پسندیدہ شکلیں بنائی جا سکتی ہیں ۔ جب ہم ان حروف کو مشرقی قالینوں اور کپڑوں پر دیکھتے ہیں تو ہمیں بالعموم ان کے کمال اور پختہ کاری پر حیرت ہوتی ہے ۔

عربوں کے کارناموں میں حوضوں اور فواروں کا بنانا اور سونے اور قیمتی پتھروں سے آرائش کرنا بھی شامل ہے ۔ مثلاً سنگ مرمر جسے وہ مشرق اور جنوبی ہسپانیہ کے اضلاع سے لاتے تھے ان کی مشہور ترین عمارتوں میں سے ایک عمارت وہ عظیم جامع مسجد ہے جسے عبدالرحمٰن[1] اول نے قرطبہ میں بنایا تھا ۔ اس میں ایک ہزار ترانویں ستون اور چار ہزار سات سو قندیلیں تھیں ۔ اس کے بعد قصرالزہراء آتا ہے جو بڑائی میں مذکورہ جامع مسجد سے کم نہ تھا ، اسے عبدالرحمٰن[2] ثالث نے وادیٔ کبیر کے کنارے تعمیر کیا تھا ۔ وہاں ایک بہت بڑا چشمہ ہے جس میں سے پارہ گلدستوں کی طرح پھوٹتا ہے ۔ پھر سنگ مرمر کے پیالے میں اس کا عکس پڑتا ہے ۔ ان کی عجیب و غریب عمارتوں میں سے غرناطہ کا قصر حمراء بھی ہے ، جو بیک وقت محل بھی ہے اور قلعہ بھی ۔ اس میں چند باتیں ایسی پائی جاتی ہیں جو تعمیر کی لطافت اور خوب صورتی میں اعلیٰ نمونہ کہلا سکتی ہیں بالخصوص اس کا درمیانی حصہ جسے

---

۱ ۔ عبدالرحمٰن اول : ابو المطرف عبدالرحمٰن بن معاویہ بن الخلیفہ ہشام بن عبدالملک الاموی الدمشقی المعروف بالداخل ۔ بنوامیہ کی حکومت کے خاتمے پر بھاگ کر مغرب کی طرف چلا گیا اور یمنیوں کی مدد سے اندلس کے متولی یوسف فہری کو شکست دی اور ۱۳۸ھ میں قرطبہ کا والی بن گیا ۔ باسٹھ سال کی عمر میں ۱۷۲ھ میں وفات پائی ۔

۲ ۔ عبدالرحمٰن ثالث : ابوالمطرف عبدالرحمٰن بن محمد بن عبداللہ المروانی ۔ اس نے پچاس سال حکومت کی اور ۳۵۰ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

بطحاء اسود کہا جاتا ہے ۔

رہی تجارت ، ہر زمانے میں عربوں کا میلان تجارت کی طرف رہا ہے ۔ پھر جب ان کی سلطنت برینی (کوہ البرٹ) سے لے کر (جو فرانس اور ہسپانیہ کا درمیانی سلسلۂ کوہ ہے) ہندوستان کے شمال کوہ ہمالیہ تک پھیل گئی تو یہ اپنے زمانے کے سب سے بڑے تاجر بن گئے ۔

رہی زراعت تو عربوں کو اس کی طرف بھی خوب رغبت تھی کیونکہ جھلس دینے والے سورج کے نیچے اپنے وسیع کھیتوں تک لطیف پیرائے میں پانی لانے اور اسے تقسیم کرنے کی جو قدرت ان کو میسر تھی کسی اور کو نہ تھی ۔

اقوم المسالک کے مقدمے سے جو بیان نقل کیا گیا ہے یہاں ختم ہوتا ہے ۔

ان تمام باتوں سے جو ہم نے بیان کی ہیں یہ واضح ہو جاتا ہے کہ شعوبیہ کی تمام باتیں قطعی طور پر گری ہوئی باتیں ہیں ۔ کوئی انصاف پسند انسان ان باتوں کی طرف توجہ نہ دے گا ۔ باایں ہمہ شریعت اس بات کا فیصلہ کر دیتی ہے کہ کسی جنس کے افضل ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کا ہر فرد افضل ہو چنانچہ بعض حبشی اللہ کے نزدیک ہزار قریشی سے افضل ہوں گے اس لیے کہ انسان اپنی ذاتی فضیلت کی وجہ سے عالی شان ہے نہ کہ گھرانے کی وجہ سے ۔ ہم اسے اس کی اپنی ذاتی اخلاقی برتری کی رُو سے دیکھیں گے نہ کہ اس کی اصل کی بزرگی کی وجہ سے ، مگر جب یہ دونوں باتیں اکٹھی ہو جائیں (یعنی خاندان بھی اعلیٰ ہو اور اعمال بھی خوب ہوں) تو وہ دونوں جہتوں کی رُو سے شریف قرار پائے گا اور اس کے لیے عظمت اپنی تکمیل کو پہنچ جائے گی ۔ اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اصل کا فرع پر بڑا اثر ہوتا ہے لہٰذا تو جب بھی کسی پاک اصل والے کو دیکھے گا یہی گمان کرے گا کہ اس کے اخلاق بھلے ہیں [۱۸۴] اور انداز کریمانہ ہیں ۔ جب اصل اور اچھے اخلاق دونوں اکٹھے ہو جائیں تو یہ انتہائی

Marfat.com

کمال ہوگا لہٰذا کسی عقل مند کے لیے مناسب نہیں کہ وہ اپنے نسب پر فخر کرے یا یہ کہ اپنے حسب کی وجہ سے لوگوں کے سامنے ڈینگیں مارے ۔

صحیح مسلم میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا :

أُوْحِیَ اِلَیَّ ان تَوَا ضَعُوا حَتّٰی لایفخرأحدٌ علٰی أحدٍ و لا یَبْغِیَ أَحَدٌ علی أَحَدٍ

مجھے از روئے وحی حکم دیا گیا ہے تمھیں تلقین کرنے کا کہ تواضع اختیار کرو تا کہ کوئی کسی کے سامنے ڈینگ نہ مارے ، اور نہ ہی کوئی کسی سے ناانصافی کرے

حق سبحانہ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی مخلوق کو دونوں قسم کے تفاخر سے منع فرمایا ہے ۔ یہ دو قسمیں فخر اور ناانصافی ہے اس لیے کہ جو شخص اپنے آپ کو دوسروں سے افضل سمجھتا ہے اگر وہ حق پر ہے تو یہ بات فخر کہلائے گی اور اگر حق پر نہیں تو یہ بات ناانصافی ہوگی ، لہٰذا یہ دونوں باتیں ناجائز ہیں ۔ فخر بھی اور ناانصافی بھی ، اس لیے کہ اگر کوئی شخص صاحب فضیلت گروہ میں سے ہو مثلاً یہ کہ وہ بنی ھاشم ، یا قریش ، یا عرب ، یا ایرانی یا کسی اور کی فضیلت کا ذکر کرے تو اسے اس سے نہ تو ذاتی فضیلت کا احساس ہونا چاہیے اور نہ اس امر کو لائق توجہ ہی جاننا چاہیے ، اگر کرتا ہے تو اس معاملے میں خطا وار ہے ۔ جیسا کہ واضح ہے ۔ مزید برآں اس امر کو لائق توجہ جاننے میں خود اس کا اپنا نقص اور ساقط از فضیلت ہونا پایا جاتا ہے چہ جائیکہ وہ اس بات کے باعث بڑائی کا خواہاں یا بلندی کا طالب ہو ۔ اور اگر وہ دوسرے گروہ میں سے ہے تو اسے جاننا چاہیے کہ اس کا پسندیدہ صفات سے متصف ہونا ہی اس کے لیے یہ واجب کر دیتا ہے کہ وہ ان تمام گروہوں سے افضل ہو جو ہیں تو گروہ مفضلہ مگر فضیلت سے عاری ہیں ۔ لہٰذا انسان کو اپنی کوشش و اجتہاد ، ساز و سامان ،

Marfat.com

آلات ، حاصل کردہ مناقب اور تعداد پر فخر کرنا چاہیے نہ کہ آبا ءُ اجداد پر ۔

ہم نے شعوبیہ کے ساتھ مجادلے کے بطور جو کچھ بس میں تھا عرض کر دیا ۔

جاھلیت میں عربوں کے مسکن

یاد رکھیں کہ عربوں کے قدیم مسکن جہاں سے نکل کر وہ تمام اطراف میں گئے جزیرہٗ عرب میں تھے جو آباد دنیا کے وسط میں واقع ہے ۔ ان کے اعلیٰ علاقے اور افضل خطے وہ ہیں جہاں کعبہ معظمہ اور مدینہ منورہ اور ان کے ارد گرد کے علاقے ہیں ۔ اس جزیرے کی اطراف وسیع اور حدود دور تک پھیلی ہوئی ہیں جسے مغرب کی جہت سے شام کے صحرا گھیرے ہوئے ہیں یعنی بلقا سے لے کر اَیلہ تک ، پھر بحر قلزم ہے جو اَیلہ سے شروع ہو کر جہاں آج کل وہ گھاٹی ہے جو مصر کے حاجیوں کے راستے میں آتی ہے حجاز تک اور وہاں سے یمن تک جہاں قبائل طئی ، زبید اور ان کے آس پاس کے قبائل آباد ہیں ــ جنوب کی طرف بحر ہند ہے جس کے ساتھ مذکورہ بالا بحرقلزم ملا ہؤا ہے ۔ یہ ملاپ جنوبی جانب سے عدن تک اور پھر اطراف یمن تک ہے جہاں بلاد مہرہ واقع ہیں مثلاً ظفار اور اس کے ارد گرد کے علاقے ، مشرقی [۱۸۵] جانب بحر فارس ہے جو بحر ہند سے نکل کر شمال کی جانب اور پھر بحرین تک اور پھر عراق کے شہروں میں سے بصرے اور کوفے تک چلا گیا ہے اور شمال کی طرف فرات ہے جو حدود عراق میں کوفہ سے لے کر عانہ تک پھر جزیرۂ فرات کے شہروں میں سے بالس تک پھر صحرائے شام کے علاقہٗ بلقاء تک ، جہاں سے ہم نے ابتدا کی تھی ۔

مختصر یہ کہ جزیرۃ العرب کی حدود پر چلنے والا صحراء شام کے اطراف سے بلقاء سے جنوب کی طرف ایلہ تک جائے گا پھر وہ بحر قلزم کے ساحل پر جنوب کی طرف منہ کیے ہوئے اور سمندر اس کی دائیں جانب ہو کر چلتا جائے تو مدین پہنچے گا ، پھر ینبع ، پھر بروۃ، پھر جدہ جہاں سے

Marfat.com

یمن شروع ہوتا ہے پھر زبید ، پھر جنوبی جانب سے اطراف یمن ۔ اس کے بعد وہ مڑے گا ساحل یمن کے ساتھ ساتھ چلے گا بحر ہند اس کی دائیں جانب ہوگا یہاں تک کہ وہ عدن سے گزر کر آگے نکل جائے گا اور پھر مشاریف یمن سے ظفار کے ساحل تک جا پہنچے گا ، وہاں سے مہرہ کے ساحل تک ۔ اس کے بعد وہ شمال کی طرف مڑ کر ساحل یمن کے ساتھ ساتھ چلے گا بحر فارس اس کی دائیں جانب ہوگا اور وہ سواحل مہرہ گزر کر بحرین کے علاقے میں عمان پہنچے گا پھر جزیرۂ أوال ، پھر قطیف ، پھر کاظمہ پھر بصرہ ، پھر کوفہ ۔ اس کے بعد وہ مغرب کی طرف مڑے گا ، بحر فارس کو چھوڑ دے گا ، فرات کو اپنی دائیں جانب رکھ کر چلے گا اور سلمیہ پہنچے گا پھر بلقاء جہاں سے چلا تھا ۔ نہایۃ الارب میں اسی طرح دیا ہے

ابو عبیدہ کہتا ہے : جزیرۃ العرب طول میں حفر ابی موسیٰ سے سے لے کر یمن کے آخر تک ہے اور عرض میں یبرین سے لے کر سماوہ تک ۔

اصمعی کہتا ہے : یہ نجران اور عذیب کے درمیان ہے ۔ اس کی حکایت ابن قتیبہ نے ریاشی سے اور ریاشی نے اصمعی کی روایت سے بیان کی ہے ۔ وہ کہتا ہے کہ ابو عبیدہ کا بیان ہے کہ یہ طول میں عدن کے آخر سے لے کر ریف عراق تک ہے اور عرض میں جدہ سے لے کر اور ان طراز بحر کے علاقوں سے لے کر جو جدہ کے آس پاس ہیں طراز شام تک ، اور تجھے معلوم ہے کہ یہ تمام اقوال ایک دوسرے کے قریب قریب ہیں ۔

جزیرۃ العرب کے محیط کی پیمائش

اس جزیرے کا محیط جیسا کہ سلطان عماد الدین نے تقویم البدان میں ذکر کیا ہے بھاری رفتار سے سات ماہ گیارہ دن ہے ۔ چنانچہ بلقاء سے شراۃ تک تقریباً تین دن ، شراۃ سے آیلہ تک تقریباً تین دن ، اور آیلہ [۱۸۶] سے جار تک اور یہ مدینہ کی بندرگاہ ہے تقریباً بیس دن ۔ جار سے حجفہ کے ساحل تک تقریباً تین دن ، ساحل حجفہ سے جدہ تک جو مکہ کی بندرگاہ ہے تین دن اور جدہ سے عدن تک تقریباً ایک ماہ اور عدن

Marfat.com

سے سواحل مہرہ تک تقریباً ایک ماہ ۔ مہرہ سے بحرین کے علاقہ عمان تک تقریباً ایک ماہ اور ہجر سے عبادان تک جو عراق میں ہے تقریباً پندرہ دن اور عبادان سے بصرے تک تقریباً دو دن اور بصرے سے کوفہ تک تقریباً بارہ مرحلے اور کوفے سے بالس تک تقریباً بیس دن اور بالس سے سلمیہ تک تقریباً سات دن ، سلمیہ سے غوطہ دمشق کے مشاریف تک تقریباً چار دن ، مشاریف غوطۂ دمشق سے مشاریف حوران تک تقریباً تین دن ، مشاریف حوران سے بلقاء تک چھ دن ۔ یہ ہے جزیرۃ العرب کا محیط ۔

جزیرۃ العرب کی وجۂ تسمیہ

[۱۸۷] یاد رکھیں کہ لغت میں جزیرے کے حقیقی معنی وہ جگہ ہے جہاں سے پانی ہٹ گیا ہو کیونکہ یہ لفظ جَزرَ سے لیا گیا ہے جو "مدّ" کی ضد ہے پھر اسے وسیع معنوں میں لیتے ہوئے ہر اس جگہ کے لیے استعمال کیا گیا ہے جس کے گرد پانی ہو کیونکہ اس ملک کو مغربی جہت سے بحر قلزم اور جنوبی جہت سے بحر ہند اور مشرقی جہت سے بحر فارس اور شمالی جانب سے فرات گھیرے ہوئے ہے اس لیے اسے جزیرہ کہا گیا ۔ اگرچہ یہ ملک خشکی کے ساتھ ملا ہؤا ہے اسے جزیرہ کہنا تشبیہ اور مجاز کے طور پر ہے ۔ یہ وہ طریق تعبیر ہے جس سے فصحا کا کلام بھرا پڑا ہے ۔ اس کی وجہ یہ نہیں کہ عربوں کے یہاں جزیرہ اور جزیرہ نما میں کوئی فرق روا نہیں رکھا جاتا جیسا کہ بعض ان مؤلفین کا خیال ہے جو ان کے کلام کے اسرار سے واقف نہیں ہیں ۔ اس جزیرے کو عربوں کی طرف اس لیے منسوب کیا گیا کہ ابتداء میں یہی لوگ یہاں آئے اور رہائش پزیر ہوئے ۔

جزیرۃ العرب کتنے حصوں اور کن علاقوں پر مشتمل ہے

مدائنی کہتا ہے : جزیرۃ العرب پانچ حصوں پر مشتمل ہے ۔ تہامہ ، نجد ، حجاز ، عروض اور یمن ۔ تہامہ وہ علاقہ ہے جو حجاز کی جنوبی جانب

Marfat.com

واقع ہے ۔ نجد وہ علاقہ ہے جو حجاز اور عراق کے درمیان واقع ہے ۔ حجاز وہ علاقہ ہے جو نجد اور تہامہ کے درمیان واقع ہے ۔ یہ ایک پہاڑی سلسلہ ہے جو یمن سے لے کر شام تک چلا گیا ہے ۔ اسے حجاز اس لیے کہا گیا ہے کہ یہ نجد اور تہامہ کے درمیان حاجز (حائل) ہے اور عروض یمامہ سے بحرین تک کا علاقہ ہے ۔

ابو عبیدہ کہتا ہے : حجاز وہ علاقہ ہے جو جُحفہ اور طئی کے پہاڑ کے درمیان ہے اسے حجاز اس لیے کہا گیا کہ یہ نجد اور غور کے درمیان حائل ہے ۔

ابن قتیبہ نے بروایت [1] ریاشی اصمعی کے بیان سے رقم کیا ہے کہ جب تو عجلز کو پیچھے چھوڑ کر اوپر کو چلا جائے تو گویا تو نجد میں چلا جا رہا ہے اور پھر مسلسل نجد کے اندر چلتا رہ یہاں تک کہ تو ذاتِ عرق کی گھاٹیوں سے اتر آئے ۔ جب اُتر آئے تو گویا تہامہ میں پہنچ گیا پھر تہامہ کا علاقہ سمندر تک چلا جاتا ہے ۔ جب سیاہ سنگلاخ زمینیں [۱۸۸] تجھے دکھائی دینے لگیں اور تو ابھی نجد میں ہی چل رہا ہو تو (جان لے) کہ یہ حجاز کا علاقہ ہے ، اور جب تو ” عرج “ کی گھاٹیوں سے نیچے اترے اور تجھے سامنے سے مرخ اور اراک کے درخت نظر آنے لگیں تو سمجھ لے تو تہامہ میں وارد ہے ۔ حجاز کی وجہ تسمیہ پہلے بیان ہو چکی ہے ۔

محمد بن عبدالملک الاسدی کہتا ہے : حجاز کی حدود یہ ہیں ۔ پہلی حد نخلہ کا درمیانی حصہ اور حرہ لیلٰی کی پشت ہے ۔ دوسری حد وہ ہے جو شام کے ساتھ ملی ہوئی ہے اور وہ شعب وَبْدَا ہے ۔ تیسری وہ ہے جو

---

۱ ۔ ریاشی : ابوالفضل العباس بن الفرج الریاشی اسّی برس کی عمر میں اسے بصرہ میں زنگیوں نے ۲۵۷ھ میں قتل کر دیا تھا ۔ ابو عبیدہ کا شاگرد تھا ۔ لغت اور نحو کا امام تھا ۔ تاریخ و روایت میں علامہ اور ثقہ تھا ۔ ابو داؤد نے اپنی سنن میں اس کی روایت کردہ احادیث نقل کی ہیں ۔

Marfat.com

تہامہ سے ملی ہوئی ہے مثلاً بدر ، سقیا ، رھاط اور عُکَاظ اور چوتھی شابہ اور وَدّان ہے ۔ اس کے بعد پھر پہلی حد کی طرف اتر آتے ہیں ۔

شام اور یمن کے نام یدِیُمنٰی اور یدِشومٰی سے لیے گئے ہیں اور یدِشومٰی بائیں ہاتھ کو کہتے ہیں کیونکہ اگر کوئی شخص سورج کی طرف منہ کرکے کھڑا ہو جائے تو یمن اس کی دائیں جانب ہوگا اور شام بائیں جانب ۔

اُن علاقوں کے اندر جو مشہور شہر اور عمارتیں وغیرہ تھیں

یاد رکھیں کہ ان علاقوں میں سے ہر علاقے میں مشہور شہر ، چشمے ، مختلف قسم کی معدنیات اور کئی قسم کی نباتات پائی جاتی تھیں ۔ جن کا مفصل ذکر ان مورخین نے کیا ہے جنھوں نے اس جزیرے اور اس کے مختلف حصوں پر کتابیں لکھی ہیں مثلاً جزیرۃ العرب پر متعدد متقدمین فضلا کی لکھی ہوئی تاریخ کی کتابیں ، امام ازرقی کی تاریخ مکہ ، سمہودی کی تاریخ مدینہ ، اور یمن اور نجد کی تاریخیں وغیرہ اتنی کتابیں ہیں جن کو شمار میں نہیں لایا جا سکتا ، اور جو جو چیزیں انھوں نے بیان کر دی ہیں وہ کافی ہیں ۔ ان کو دہرانا تحصیل حاصل کے مترادف ہے ۔ با ایں ہمہ ہم مختصر طور پر ان ممالک کے حالات کا ذکر قارئین کرام کی دلچسپی کے لیے کرتے ہیں ۔

حجاز کو لیجیے تو یہاں کے مشہور شہروں میں سے ایک شہر مدینہ ہے جہاں کے رہنے والے پر افضل ترین درود اور کامل ترین سلام ہو ۔ بعض نے اسے نجد میں شمار کیا ہے ۔ یہ پاک ، بابرکت اور گوناگوں نعمتوں والا شہر ہے ۔ یہاں کا پانی میٹھا ہے اور یہاں نخلستان اور پھل بکثرت پائے جاتے ہیں ۔ یہاں کے لوگ مسافروں سے محبت رکھتے ہیں اور جو ہجرت کر کے یہاں چلا آئے اس سے دوستی قائم کر لیتے ہیں ۔ اس کے کئی نام ہیں کسی فاضل نے ان کو اشعار میں جمع کر دیا ہے :

Marfat.com

خُذْ جُملةً یاصاحِ من اَسْماءِ
مَدِینةِ الهادِیْ مِنَ الاَسْواءِ

اے دوست برائیوں سے (نیکیوں کی طرف) رہنمائی کرنے والے (نبی کے) شہر کے تمام نام لے لو

مُحَمَّدٍ نَبِیِّنا المُشَرَّفِ
الهاشَمِیِّ المُصْطَفَی البَرِّ الوَفِیِّ

یہ ہادی محمد اور ہمارے شرف والے نبی ہیں ، ہاشمی ، مصطفٰی ، نیک اور وفا کرنے والے ہیں

فَطَیْبَةٌ طَیِّبَةٌ وَطابَةٌ
وَطائِبٌ تُعْرَفُ بالاَطابَهْ

(یہ نام یہ ہیں) طَیْبَه[1] طَیِّبَه[2] طَابه[3] طَائب[4] اور اطَابه[5]

حَبِیبَةٌ بَیْتُ الرَّسُولِ والحَرَمْ
وحَرَمُ الرَّسُوْلِ فَاحْفَظْ مَاانْتَظَمْ

[۱۸۹] حبیبه[6] بیت الرسول[7] بیت الحرم[7] حرم الرسول ۔ اس نظم کو حفظ کر لو ۔

ودارالاِیمانِ ودَارَ السُّنَّةِ
وَدَارُ فَتحٍ مَعَ دَارِ الهِجْرَهْ

دارالایمان[9] ، دارالسنه[10] ، دارالفتح[11] ، دارالهجره[12]

دَارُالسَّلامَةِ و دَارُالاَبْرَار
ودَارُالاَخیارِ لنفی الاَشْرَارْ

دارالسلامه[13] ، دارالابرار[14] اور شریروں کو نکالنے کے لیے دارالاخیار[15]

حَسَنَةٌ مُخْتارَةٌ مَرْزُوْقَةْ
مُؤْمِنَةٌ مِسْكِینَةٌ مَحْفُوظَهْ

حسنه[16] ، مختاره[17] ، مرزوقه[18] مومنه[19] ، مسکینه[20] ، محفوظه[21]

Marfat.com

مُدْخَلُ صِدْقٍ قُبَّةُ الاِسلام
شَافِيَةٌ مِنْ جُملةِ الآلام

مدخل صدق[۲۲] قبة الاسلام[۲۳] شافیہ[۲۴] (از جملہ آلام)

أَكَالَةُ القُرىٰ مع المُقَدَّسَه
وهی المُبَارَكَةُ خُذْ مَا قَبَسَه

اکالة القری[۲۵] ، مقدسہ[۲۶] ، مبارکہ[۲۷] ، جو برکت یہاں سے پھوٹے اسے حاصل کر لے

مِنْ نُور أَسْمَاءِ سَكَنِ المُصطفٰی
نَظْمٌ بِهٖ أَرْجُو سَوَارِدَ الصَّفَا

یہ نظم مصطفٰی کے گھر کے ناموں کا نور ہے اور اس کی بدولت میں صاف گھاٹ پر وارد ہونے کی امید رکھتا ہوں

اس شہر کی وضع اور بنیاد قدیم ہے ۔ کتاب نشرالمحاسن الیمانیہ میں لکھا ہے کہ یثرب عربوں کا شہر تھا ۔ موسیٰ بن عمران علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانے میں بنی اسرائیل کے کچھ لوگ یہاں چلے آئے تھے اور انھوں نے قدیم عربوں کو شکست دے کر اس شہر پر قبضہ کر لیا اور ان کے بادشاہ کو جس کا نام ارقم تھا قتل کر دیا ۔ پھر جب تک اللہ کو منظور ہؤا وہ یہاں مقیم رہے ، یہاں تک کہ قبیلہ ازد میلِ عَرِم کے حادثے کی وجہ سے مارب میں سے نکل کر بکھر گئے ، چنانچہ اوس اور خزرج نے آ کر ان اسرائیلیوں کے پاس ڈیرہ ڈال دیا ۔ اسرائیلیوں کے بادشاہ کا نام قیطون تھا ، اوس اور خزرج نے اسے موت کے گھاٹ اتار دیا ۔ قیطون کا قاتل اوس اور خزرج کے دونوں قبیلوں کا سردار مالک بن العجلان تھا ۔ یہ مالک بن الجعلان سالم بن عوف خزرجی کا چچا زاد بھائی تھا ۔ بادشاہ کے قتل ہو جانے کے بعد یہودیوں میں واویلا مچ گیا اور پھر اوس اور خزرج نے انھیں نہایت بہت بری طرح فنا کیا ، ہاں زمینوں کی آبادی کے لیے کچھ لوگوں کو زندہ رہنے دیا ۔ اس طرح اوس اور خزرج یثرب کے

Marfat.com

مسالک بن گئے حتٰی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے اور اللہ تعالٰی نے ان (اہل یثرب) کو اپنی اطاعت کی راہ دکھا دی ۔ ان سے پہلے کوئی پورا [1]قبیلہ ایمان نہ لایا تھا لٰہذا یہ بات ان کے لیے بہترین فضیلت اور خوبی شمار ہونے لگی ۔ اس کے بعد ستر مرد اور ایک عورت یثرب سے نکل کر مکے کو ہجرت کرکے آ گئے اور انھوں نے جمرۃ العقبہ کے مقام پر علی الاعلان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی اور کہا : یا رسول اللہ ! ہم آپ کی بات کی تصدیق کرتے ہوئے اور آپ کے خالق پر ایمان لاتے ہوئے آپ کے تابع ہوئے ہیں لٰہذا آپ ہم سے اپنے لیے اور اپنے رب کے لیے جو شرائط منوانا چاہیں منوا لیں ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : میں اپنے رب کے لیے یہ شرائط پیش کرتا ہوں ’’ تم اس کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ اور اپنے لیے یہ شرط لیتا ہوں کہ جس طرح تم اپنے نفسوں ، اولاد اور عورتوں کی حفاظت کرتے ہو اسی طرح میری بھی حفاظت کرو گے ‘‘۔انھوں نے کہا : اگر ہم ایسا کریں تو ہمیں کیا ملے گا ؟ فرمایا : جنّت۔ وہ بولے : ہمیں منظور ہے چنانچہ انھوں نے ان شرائط پر علی الاعلان آپ کی بیعت کر لی ۔ اس وقت [۱۹۰] ربیعہ اور مضر کے دونوں قبیلے مِنٰی میں موجود تھے ۔ ازاں بعد انھوں نے عرض کیا ’’ یا رسول اللہ ! کیا آپ ہمیں حکم دیتے ہیں کہ ہم ان لوگوں پر جو ان گھاٹیوں میں ہیں اپنی تلواریں لے کر ٹوٹ پڑیں ‘‘ ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : ’’ مجھے اس بات کا حکم نہیں دیا گیا ‘‘ ۔ جب قریش نے اوس اور خزرج کے اس فعل کو دیکھا تو ان کے پاس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں میں سے [2]عمزاد افراد آئے جن میں ابوجہل ، عتبہ ، ابوسفیان ، شیبہ ، اُبیّ ، اُمیّہ ، سہیل اور

---

۱ ۔ جو لوگ ان سے پہلے ایمان لائے وہ فرداً فرداً ایمان لائے تھے بحیثیت قبیلہ کے صرف یہی لوگ ایمان لائے ۔

۲ ۔ بلوغ الارب میں بنو عمہ دیا ہے مگر یہ بنو عم کیسے ہو سکتے ہیں البتہ ددیالی رشتہ دار مراد ہو سکتے ہیں ۔

Marfat.com

اس کے بیٹے ، منبہ ، نضر بن الحارث اور عمرو بن العاص تھے ، اور اُن سے کہا " اے اہل یثرب ! تمھارے مقابلے میں ہم اُس کے زیادہ حقدار ہیں اس لیے کہ ہم اس کے رشتہ دار اور اہل قرابت ہیں - اس پر اوس اور خزرج نے انھیں جواب دیا : " (تم نہیں) بلکہ ہم تمھارے مقابلے میں اُنؐ کے زیادہ حقدار ہیں کیونکہ ہم اور وہ ایک خدا کی عبادت کرتے ہیں - جب قریش نے ان میں سچا ارادہ اور قُوتِ عزم دیکھی تو شر کے پیدا ہونے سے ڈرے ، لٰہذا انھوں نے ان کی باتوں کا بڑے اچھے پیرائے میں جواب دیا اور کہا : اس کے اور ہمارے معاملے سے تم لوگ اس شرط پر دست کش ہو جاؤ کہ ہم یہ عہد کرتے ہیں کہ انھیں اور ان کے متبّعین کو کوئی گزند نہ پہنچے گی اور ان میں سے جو بھی تمھارے پاس جانا چاہے گا ہم اسے نہیں روکیں گے - ان کی مراد مہاجرین سے تھی - اوس اور خزرج کو یہ بات پسند نہ آئی - اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : اے قوم اوس و خزرج ان کی بات مان لو کیونکہ اللہ تو اپنے احکام پہنچانے والا اور اپنا وعدہ پورا کرنے والا ہے - انھوں نے عرض کیا : " یا رسول اللہ ! کیا آپ بخوشی یہ فرماتے ہیں کہ ایسا کریں ؟ آپ نے فرمایا : ہاں - انھوں نے جواب دیا : " آپ کا حکم سر آنکھوں پر " لٰہذا وہ چار ماہ کی مدت مقرر کرکے یثرب کو لوٹ گئے - ان کے منتشر ہو جانے کے بعد قریش نے بے وفائی کا ارادہ کر لیا لیکن اللہ تعالٰی نے اپنے نبی کو ان کے شر سے بچائے رکھا اور آپ اس وحی کے مطابق جو آپ پر نازل ہوئی تھی مکے سے خوف کے عالم میں قدم پھونک پھونک کر روانہ ہو پڑے یہاں تک کہ اللہ تعالٰی کے حکم کے مطابق مدینے میں پہنچ گئے - جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھی اہل مدینہ کے پاس پہنچ گئے تو انھوں نے آپؐ کو اور آپ کے تمام ساتھیوں کو آدھا آدھا مال تقسیم کر لینے کی پیشکش کی - اوس اور خزرج میں سے جس کسی کے پاس دو بیویاں تھیں اس نے ایک کو طلاق دے دی اور اسے کسی مہاجر کے ساتھ بیاہ دیا - اللہ تعالٰی نے ان کی اس بات کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا ہے :

Marfat.com

وَيُؤثِرُوْنَ عَلَىٰٓ اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ
وَمَنْ يُوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

یہ لوگ دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں خواہ یہ خود محتاج ہی کیوں نہ ہوں اور جسے اس کے اپنے نفس کے بخل سے بچا لیا گیا وہ ایسے لوگوں میں ہے جن کے لیے فلاح ہی فلاح ہے

[۱۹۱] اس کے بعد انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام مواقع پر مدد کی ۔ آپ کے آنے سے پہلے ان کے پاس کوئی لشکر نہ تھا ۔ آپ نے ان کا نام انصار رکھا چنانچہ یہ نام ان کے ساتھ ان کے نسب اور ان کے اپنے نام سے زیادہ چپک گیا ۔ یہ وہ فضائل ہیں جن کے ساتھ اللہ نے انھیں مخصوص کیا ہے ۔ اس کے بعد انھوں نے وہ کارنامے انجام دیے جو عیاں ہیں ۔ مثلاً مشرکین کے خلاف جنگ کی اور کافروں کے خلاف جہاد کیا ۔ سب کچھ سیرت ابن ہشام اور دیگر کتب سیرت میں مذکور ہے، اس مختصر سی کتاب میں تفصیل نہیں دی جا سکتی ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تا دم آخر انھی کے یہاں رہے ۔ مدینہ اوس اور خزرج کا گھر تھا ۔ ان کی تعداد یہاں زیادہ تھی اور انھی کی بالادستی تھی ۔

حجاز کے علاقوں میں ایک علاقہ ”طائف“ بھی ہے ۔ یہ مکے کی مشرقی جانب جبل غزوان کا درمیانی علاقہ ہے ۔ یہاں سخت سردی پڑتی ہے، میوہ جات کی بہتات ہے اس لیے کہ یہاں بہت سے باغات ہیں جنھیں وہ چشمے اور نہریں سیراب کرتی ہیں جو پہاڑوں سے اُترتی ہیں ۔ یہاں کے باشندے قبیلۂ ثقیف سے تعلق رکھتے ہیں، ثقیف قیس عیلان میں سے ہے ۔ بعض ایاد میں سے بتاتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ یہ قوم ثمود کے باقی ماندہ لوگ ہیں ۔

طائف کے علاقے میں ایک مقام ”وَج“ ہے ۔ یہ طائف کی وادی ہے جس کے متعلق ایک ثقفی شاعر کہتا ہے :

سَقْیاً یَوجّ وَ جَنُوبِ وَجّ،
وَاحْتَلَّهٗ غَیْثٌ دِرَاکُ الثَّجّ،

Marfat.com

خدا وادی وَج اور حبوب وج کو سیراب کرے اور اس پر مسلسل برسنے والی بارش نازل ہوتی رہے

ایک وادی اور ہے جسے " النَّخِب " کہتے ہیں ، یہ طائف سے ایک گھنٹے کے فاصلے پر ہے ۔ ایک وادی اور ہے جسے " العرج " کہا جاتا ہے ۔ یہ وہ العرج نہیں جو مکے اور مدینے کے درمیان واقع ہے ۔ ایک وادی اور ہے جسے " لِیة " کہا جاتا ہے ۔ اس کا بالائی حصہ ثقیف کا ہے اور زیرین حصہ نصر کا ۔ لیہ اور بسل کے درمیان ایک شہر ہے جسے " جلدان " کہا جاتا ہے اور جہاں بنو نصر آباد ہیں ۔ جلدان میں ایک سیاہ پشتہ ہے جسے " تبعہ " کہتے ہیں ، وہاں پہاڑی راستے ہیں ہر راستے کی مسافت ایک گھنٹے کے برابر ہے یہاں پرانی تلواریں اور منکے پائے جاتے تھے ۔ لوگوں کا خیال ہے کہ یہاں قوم عاد کی قبریں ہیں ۔ چنانچہ اس پہاڑ کی بڑی تعظیم کی جاتی تھی۔طائف کے علاقوں میں ایک علاقہ " شدیق " ہے اور یہ ایک وادی ہے ، اور شدیق اور سراۃ کے درمیان ھدّہ ہے ۔ اسی طرح بنی نصر کا ایک گاؤں بھی یہاں ہے جسے " فتق " کہتے ہیں ، عکاظ ایک وادی میں نخلستان ہے ۔ اس کے اور طائف کے درمیان ایک رات کا فاصلہ ہے اور اس کے اور مکے (خدا اس کی بزرگی اور زیادہ کرے) کے درمیان تین راتوں کا فاصلہ ہے ۔ عربوں کا میلا پہلے یہیں لگا کرتا تھا اور یہیں " فجار " کی جنگیں لڑی گئیں ۔ عرب یہاں ایک چٹان کا طواف کیا کرتے اور حج کے لیے یہاں آیا کرتے تھے ۔ ذوالمجاز کبکَب[۸] کے دامن میں ہُذَیل کا ایک چشمہ ہے ۔ [۱] ابو عبداللہ الواقدی کہتا ہے عکاظ نخلہ اور طائف کے درمیان واقع ہے ۔ [۱۹۲] ذوالمجاز عرفہ کے پیچھے ہے ، مجنّہ منّرالظہران میں ، یہ سب قریش اور عربوں کے میلے ہیں مگر ان میں کوئی بھی عکاظ سے بڑا نہیں

---

۱ - ابو عبداللہ الواقدی : ابو عبداللہ محمد بن عمر بن واقد الاسلمی المدنی ۔ علامہ اور روعیہ علم میں سے تھا ۔ مگر تمام ائمہ جرح نے انہیں ضعیف قرار دیا ہے ۔ ۲۰۷ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

ہے ۔ جب ہم اسواق عرب کا ذکر کریں گے تو اس کی تفصیل بیان کریں گے ۔ حجاز کا ایک شہر خیبر ہے ۔ خاءمعجمہ ، یاءتحتانیہ ، اور باء موحدہ کے ساتھ ، بروزن جعفر ۔ یہ ایک بڑا شہر ہے جس میں کئی قلعے اور کھیت ہیں اور مدینے سے آٹھ برید[1] کے فاصلے پر شام کی طرف واقع ہے ابو عبید بکری نے ذکر کیا ہے کہ اس کا یہ نام عمالقہ کے ایک آدمی کے نام پر پڑا جو یہاں آ کر اترا تھا ۔ خیبر مسلمانوں کے قبضہ کرنے کے کئی سو سال بعد ویران ہوگیا تھا ۔ یہاں یہودیوں کے قبائل معتدبہ آباد تھے اور وہ مکر و خباثت میں مشہور تھے ۔ السموأل بن عادیا کی سکونت بھی یہیں تھی ۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ علاقہ عمالقہ کا تھا ۔ پھر بنی غزّہ بن اسد بن ربیعہ کے قبضے میں چلا گیا ، یہاں کی آب و ہوا خراب ، مضر صحت اور سدا وبائی تھی جس کی وجہ سے لوگوں کو بخار ہو جایا کرتا تھا ، یہاں کا بخار بھی شدید قسم کا ہوتا ہے ، ایک شاعر اسی کے بارے میں کہتا ہے :

وَمَنْ يَكُ أَمْسَى فِي بِلَادِ مُقَامَةٍ
يُسَائِلُ أَطْلَالاً بِهَا لَا تُجَاوِبُ

کون بلاد مقامہ میں شام کے وقت آئے اور وہاں ان کھنڈرات سے سوال کرے جو جواب نہیں دیتے

وَقَفْتُ بِهَا أَبْكِي وَأَشْعَرُ سَخْنَةً
كَمَا اعْتَادَ مَحْمُوماً بِخَيْبَرَ صَالِبُ

میں وہاں روتا روتا گیا ، مجھے اس قدر گرمی محسوس ہوئی جس طرح خیبر کے علاقے میں تپ زدہ آدمی کو سخت بخار آ لیتا ہے

اسی خیبر کے علاقے میں بہت سے نخلستان پائے جاتے تھے۔ یہاں سے دور دراز علاقوں کو کھجوریں بھیجی جاتی تھیں ۔ اسی کے متعلق خارجہ بن ضرار المرّی کہتا ہے :

---

۱ ۔ ایک برید بارہ میل کا ہوتا ہے لہٰذا آٹھ برید چھیانوے میل ہوئے ۔

Marfat.com

أَخَالِدُ هَلاَّ إِذْ سَفِهْتَ عَشِيرَةٌ
كَفَفْتَ لِسَانَ السَّوْءِ أَنْ يَتَدَعَّرَا

اے خالد جب تمہارے قبیلے نے بیوقوفی کی تھی تو تُو نے اپنی زبان کو بدخلقی سے کیوں نہ روکے رکھا

فَإِنَّكَ وَاسْتِبْضَاعَكَ الشِّعْرَ نَحْوَنَا
كَمُسْتَبْضِعٍ تَمْرًا إِلَى أَرْضِ خَيْبَرَا

ہمارا شعر لے کر ہمارے ہاں آنا ایسا ہی ہے جیسے کوئی اہل خیبر کے پاس کھجوریں بیچنے کے لیے آئے۔

یہاں آج کل کچھ اُن نخلستانوں اور باغات کے کچھ بقایا موجود ہیں ، جہاں باوجود ویرانی کے کچھ کسان اور سیاہ غلام آباد ہیں ۔ یہاں کی ایک بستی کا نام ” فدک “ ہے جہاں نخلستان ، شاہی جاگیریں اور کھیت پائے جاتے تھے ۔ شاعر کہتا ہے :

مِنْ عَجْوَةِ الشَّقِ نَطُوفٍ[1] بِالسَّوْدَقِ
لَيْسَتْ مِنَ الوَادِي وَلَكِنْ مِنْ فَدَكْ

یہ شق کے علاقے کی عمدہ کھجور ہے جس سے چکناہٹ ٹپک رہی ہے ۔ یہ وادی کی نہیں ، بلکہ فدک کی ہے ۔

” جار “ مدینہ منورہ کی جنوب مشرقی جانب تقریباً ایک دن اور ایک رات کے فاصلے پر ہے ۔ یہ مدینے کی بندرگاہ ہے اور بہت سے لوگ اس [۱۹۳] کی طرف منسوب کیے جاتے ہیں مثلاً عبدالملک بن الحسن الجاری الاحول ۔ اس کے جنوب مشرقی جانب تقریباً ایک مرحلے کے فاصلے پر ایک پانی ہے جسے بدر کہتے ہیں ۔ اس کے قریب ہی بدر نامی ایک بستی ہے ۔ کتاب فتح الباری میں لکھا ہے : یہ ایک مشہور بستی ہے جو بدر

---

۱ - اصل کتاب میں تطوف تاء کے ساتھ چھپا ہے اسے نطوف نون کے ساتھ پڑھیں ۔

Marfat.com

بن مخلد بن النضر بن کنانہ کی طرف منسوب ہے ، وہ یہاں آ کر اترا تھا ۔ بعض کہتے ہیں کہ بدر وہاں کے کنویں کا نام ہے ۔ اس کا یہ نام اس کی گولائی یا اس کے پانی کی صفائی کی وجہ سے پڑا ۔ گویا بدر اس کے اندر دکھائی دیتا ہے ۔ واقدی نے بنی غفار کے کئی ایک شیوخ سے اس روایت کا انکار نقل کیا ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ تو ہماری رہنے اور اترنے کی جگہ تھی ۔ بدر نامی کوئی شخص کبھی اس کا مالک نہ تھا ، بدر اس کا نام پڑ گیا ، ایسے ہی جیسے اور مقامات کا پڑ جاتا ہے ۔ بیان ختم ہؤا ۔

یہیں بدر کی جنگ لڑی گئی تھی ۔ یہ وہی دن تھا جس دن مسلمانوں نے قریش کے مشرکین پر غلبہ پایا تھا ۔ جو لوگ اس دن قتل ہوئے ان میں بدر بن الاسود بن زَمَعہ بن المطلب بن نوفل القُرَشی بھی تھا ۔ یہ مشرکوں میں سے تھا ۔ اس کے باپ نے یہ شعر مرثیے کے طور پر کہے تھے :

أَتبکِی أَنْ یَضِلَّ لها بَعِیرٌ
وَیَمْنَعُهَا مِنَ النَّومِ السُّهُودُ

کیا یہ اس لیے رو رہی ہے کہ اس کا ایک اونٹ گم ہو گیا ہے اور بے خوابی اسے نیند سے روک رہی ہے

فَلَا تَبکِی[1] عَلَی بَکْرٍ ولکِنْ
عَلَی بَدْرٍ تَقَاصَرَتِ الجُدُودُ

تو اونٹ پر نہ رو (رو اس بات پر) کہ بدر میں ہمارے نصیبے ہی کھوٹے ہو گئے تھے ۔

جحفہ آج کل ویران پڑا ہے ، اس کے اور مکے کے درمیان تقریباً آدھے راستے پر عُسفان ہے ، اسے '' مدرج عثمان '' بھی کہا جاتا ہے ۔ عنترہ عبسی نے اس شعر میں یہی شہر مراد لیا ہے :

کَأَنَّمَا یَومَ صَدَّتْ مَا تُکَلِّمُنَا
ظَبْیٌ بِعُسْفَانَ مَاجِی الطرف مَطْرُوفُ

---

۱ ۔ اصل کتاب میں فلاتَبکِ دیا ہے ۔

Marfat.com

جس دن محبوبہ نے ہم سے اعراض کرتے ہوئے ہم سے بات نہ کی اس دن وہ عسفان کی ہرنی معلوم ہوتی تھی جس کی آنکھ ساکن اور غمناک ہو

مدینے کی مشرقی جانب طئی کے دو پہاڑ ہیں " اجا " اور "سلمٰی"۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ عرب کے دو شخصوں کے نام تھے ۔ ایک اجا تھا جو سلمٰی پر عاشق تھا ۔ دونوں عوجاء کے مقام پر ایک دوسرے سے ملا کرتے تھے لہٰذا دونوں کو ان دو پہاڑوں پر سولی دے دی گئی ۔ مگر پہاڑوں کے نام یہ پڑ گئے ۔ جابر بن رالان السنبسی نے اس شعر میں یہی دو پہاڑ مراد لیے ہیں :

وَنَحنُ غَلَبْنَا بِالجِبالِ وعِزِّها
ونَحنُ وَرِثْنَا غَيَّثًا وَبُدَيْنَا

ہم پہاڑوں اور ان کی عزت کی بدولت غالب آئے اور ہم غیّث اور بُدَینا کے وارث ہوئے

جبال سے اس کی مراد اَجا اور سلمٰی اور ان دونوں کے ٹیلے ہیں ۔

حسان بن حنظلہ الطائی کے اس شعر میں بھی یہی دو پہاڑ مراد ہیں

غَضِبَتْ عَلَيَّ اَنْ اِتَّصَلْتُ بِطَيِّئٍ
وأنَا امرُؤٌ من طَيِّئٍ الأ جْبال

وہ مجھ پر اس لیے ناراض ہے کہ میں نے طئی کے قبیلے کے ساتھ تعلقات استوار کر رکھے ہیں اور یہ کہ میں طئی الاجبال کا آدمی ہوں

اس کی مراد اجا اور سلمٰی اور عوارض سے ہے ۔

حجاز میں بہت سے پہاڑ ، وادیاں ، شہر ، بستیاں ، چشمے اور کنویں ہیں ۔ ہمارے لیے ان سب کا یہاں بیان کرنا ممکن نہیں ۔

تہامہ

[۱۹۴] اب لیجیے تہامہ کو ، اس میں شہر مکہ ہے ، خدا اسے

Marfat.com

شرف بخشے ، یہ کہنا کہ یہ حجاز میں ہے غلط ہے ۔ انشاء اللہ عنقریب اس کا مفصل بیان آئے گا ۔ اسے اُن کثیرالتعداد بستیوں کی وجہ سے جو اس کے گرد ہیں ام القُریٰ کہا جاتا تھا ۔ مکے کے راستے میں دو رات کی مسافت پر بلاد ہذیل میں دو " نخلہ " تھے ۔ ایک نخلہ یمانیہ جس سے یدعان کی وادی آ کر مل جاتی ہے اور یدعان وہ وادی ہے جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد واقع ہے ۔ حنین کی جنگ میں (حضور اکرمؐ کی) فوج یہیں خیمہ زن ہوئی تھی ۔ دوسرا نخلہ شامیہ ہے دونوں کا نقطۂ اتصال بطن مرّ ہے

اور (تہامہ میں) " سَبوحہ " بھی ہے ، یہ ایک وادی ہے جو نخلہ یمانیہ میں آ کر گرتی ہے ۔

اسی طرح ابام اور ابیّم ہیں ۔ یہ دونوں ہذیل کے تھے ۔ یہ دو پہاڑی درّے ہیں ، ان کے درمیان ایک پہاڑ ہے جس کی مسافت ایک گھنٹے کی دن کے وقت کی سیر ہے ۔ انھی دونوں دروں کے متعلق سعد بن بکر کا ایک شاعر کہتا ہے

وَاِنَّ بِهٰذا الشِعْبِ بَيْنَ اُبَيِّم
وبَيْنَ اَبَام ٍ شُعْبَةٌ مِنْ فُؤادِيَا

اس درے میں ابیم اور ابام کے درمیان میرے دل کا ٹکڑا (اٹکا) ہے

اس سے اوپر ایک درہ ہے جسے نجا کہتے ہیں ، یہ بھی ہذیل کا تھا ۔ پھر " مراخ " ہے ، یہ بھی ہذیل کا ہے ۔ یہ تین درے ہیں جو دآءہ سے نیچے کو گرتے ہیں ۔ داءہ وہ پہاڑ ہے جو نخلتین کے درمیان حائل ہے ۔ پھر " عشر " ہے یہ ہذیل کا درہ ہے اور یہ بھی دآءہ سے نیچے کو آتا ہے ۔ عشر کے بالمقابل نخلۃالاخری کی جانب دو پہاڑی درے ہیں جنھیں صہیاتان کہا جاتا ہے ۔ یہ دونوں سراۃ سے آتے ہیں ۔ ان کے اور " بسوم " کے درمیان ایک پہاڑ ہے جسے مرقبہ کہا جاتا ہے ۔ مرقبہ ہذیل کا تھا جہاں ان کے پہرہ دار رہا کرتے تھے ۔ ایک اور درہ ہے جسے " ہلال " کہا جاتا ہے جو " سراۃ " اور " بسوم " سے آتا ہے ۔ اس

Marfat.com

کے بعد اسی قسم کا ایک اور درہ ہے جسے خیص کہتے ہیں ۔ " بسوم " ہذیل کا پہاڑ ہے ۔ دو اور درے ہیں جنھیں " کفوان " کہا جاتا ہے ۔ کفو ابیض اور کفو اسود یہ دونوں مختلف راستے ہیں جو طائف تک چڑھتے چلے جاتے ہیں ۔ یہ ایسے مقام ہیں جہاں سورج دن میں صرف ایک گھنٹے کے لیے طلوع ہوتا ہے ۔ یہ دونوں درے پیدل چلنے والوں کے لیے ہیں اور ان دونوں کو تشنگی آور علاقہ کہا جاتا ہے کیونکہ بھیڑ بکریاں اس چراگاہ میں جو تار میں ہے سخت پیاسی ہو جاتی ہیں ، اور چر بھی صرف موسم گرما ہی میں سکتی ہیں ۔ یہ تمام علاقے نخلہ یمانیہ کے بالائی حصے میں ہیں ۔ پھر تم " بوبات " کی طرف ہو لو گے جو ایک [۱۹۵] صحرا ہے اور بلادِ سعد بن بکر کہلاتا ہے ۔ ایک مقام "قرن" ہے جو پہاڑی راستوں اور بوبات کے درمیان ہے یہ بوبات کا آخری حصہ ہے ۔ یہ ایک وادی ہے جو سراۃ سے آتی ہے اور سعد بن بکر اور چند قریشیوں کی ملکیت ہے ۔ قرن میں ایک منبر ہے ۔ شاعر کہتا ہے

[1]لا تُقْمِرَنَّ عَلَى قَرْنٍ و لَيْلَتِهِ
لاَ إِن رَضِيْتَ وَلاَ إِنْ كُنْتَ مُغْتَضِبَا

تُو مقام قرن پر چاند اور چاندنی رات کا منتظر نہ رہ ، نہ رضامندی کی حالت میں اور نہ ناراضگی کے عالم میں ۔

اس کے بعد تو نجد تک سواری پر بیٹھ کر جائے گا اور مناقب پر چڑھ جائے گا ۔ مناقب ایک پہاڑ ہے جو راستے میں آتا ہے ۔ اسے مناقب اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس میں یمن کی طرف جانے والے پہاڑی راستے ہیں ۔ پھر یمامہ کی طرف جانے والے پھر نجد کے بالائی حصے کی

---

۱ - بلوغ الارب میں یہ شعر اسی طرح دیا ہے مگر لسان العرب میں یوں دیا ہے

لا تُقْمِرَنَّ عَلَى قَمرٍ ولَيْلَتِهِ
لاَ عَنْ رِضاك وَلاَ بالكُرهِ مُغْتَصِبَا

اور وہاں اس شعر کو ابن احمر کی طرف منسوب کیا گیا ہے

Marfat.com

طرف اور پھر طائف کی طرف ، اس میں تین گھاٹیاں آتی ہیں - ایک کو " زلاّلہ " کہتے ہیں ، ایک کو قرین اور تیسری کو بیضاء - " زلاّلہ " میں ایک چٹان ہے اور یہ وہی چٹان ہے جہاں سے عقیلی نے اپنی اونٹنی داخل کی تھی اور وہ ایک پہلو سے اس میں گھس گئی تھی - اس کی وجہ یہ تھی کہ لوگوں نے ان سے شرط بدی تھی - مکے کے پہاڑوں اور دروں میں ایک اور پہاڑ ہے جسے خندمہ کہتے ہیں - یہیں مکے کی عمارتیں ہیں جن میں سے ایک شعب بن عامر ہے - انھی پہاڑوں میں " اجیادان " ہیں ، اجیاد صغیر بھی اور اجیاد کبیر بھی - ایک پہاڑ ابو قبیس ہے ، اور ایک ثور ہے اور وہ یمن کے راستے پر مکے کی پچھلی جانب سفجرمیں ہے - اسی طرح " ثبیران " ہیں - یہ دو الگ الگ پہاڑ ہیں جن کے درمیان افاعیہ کا نشیبی علاقہ ہے جو نشیب منٰی سے جا ملتا ہے ـ اصمعی کہتاہے : " قُزَح " وہی " قرن " ہے جس جگہ مزدلفہ میں امام کھڑا ہوتا ہے - وہی کہتا ہے ایک ثبیر غیناء اور دوسرا ثبیر اعرج ، یہ دونوں مل کر " حراء " کہلاتے ہیں ، اور ثبیر ، ابو قیس اور خندمہ مکہ اور اس کے ارد گرد کے پہاڑ ہیں ، اور انباء طمر ، اُحد ، عیر ، جَمّاء اور ذباب مدینہ اور اس کے قریب واقع ہیں - قموص خیبر میں ہے وغیرہ وغیرہ جن کا بیان باعث طوالت ہوگا -

ینبع کا علاقہ بھی تہامہ ہی میں ہے - یہ سمندر کے قریب ایک شہر ہے جہاں حسن بن علی بن ابی طالب کی اولاد رہا کرتی تھی - سمندر کے اوپر اس کی ایک بندرگاہ ہے جو اس سے تقریباً ایک مرحلے کے فاصلے پر ہے - اس کے قریب رضوی پہاڑ ہے ، جہاں سے تمام دنیا میں چاقو اور چھری تیز کرنے کا پتھر لے جایا جاتا ہے -

جدّہ بحر احمر پر واقع ہے اور یہ مکے کی بندرگاہ ہے -

رہا مقام حدیبیہ تو کہا جاتا ہے کہ اس کا کچھ حصہ حرم سے باہر ہے اور کچھ حرم کے اندر -

مقام تبوک مدینے اور دمشق کے درمیان نصف مسافت پر واقع ہے - یہیں مسلمانوں اور رومیوں کے درمیان مشہور جنگ ہوئی تھی - تہامہ میں

Marfat.com

بہت سے شہر ہیں جن میں سے بعض ویران ہو چکے ہیں اور بعض اپنی پہلی وضع پر اب تک قائم ہیں اور کچھ وہ ہیں جن کو وجود میں آئے زیادہ عرصہ نہیں گزرا ۔ ان کا تفصیلی بیان ان کتابوں کے اندر موجود ہے جو اسی مقصد کے لیے مرتب کی جاتی ہیں ۔

عروض

[۱۹۶] اب عروض کو لیجیے ۔ یہ صرف دو علاقوں پر مشتمل ہے ۔ پہلا ''یمامہ'' ہے ، یہ شہر مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم سے چھوٹا شہر ہے اس کے اور بصرے کے درمیان سولہ مرحلوں کی مسافت ہے ۔ اتنا ہی فاصلہ اس کے اور کوفے کے درمیان ہے ، اس علاقے میں حجاز سے بھی زیادہ کھجوریں پائی جاتی ہیں ۔ یہاں بہت سے چشمے اور کنویں بھی ہیں ، مسیلمہ کذّاب جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا [۱۹۷] یہیں کا باشندہ تھا ۔ مسیلمہ ، ابوبکر رضی اللہ عنہ کے عہد میں قتل ہؤا ۔

زرقاء الیمامہ بھی یہیں کی تھی ۔ وہ تیزیٔ نگاہ ، سمجھ بوجھ اور ذہانت کی وجہ سے مشہور تھی ۔ کہا جاتا ہے کہ وہ تین دن کی مسافت (کے فاصلے) سے دیکھ لیتی تھی ۔ اس کے (بارے میں) قصے مشہور ہیں ۔ یمامہ میں اور شہر بھی تھے جو اب ویران ہو چکے ہیں ۔

دوسرا علاقہ بحرین کا علاقہ ہے ۔ یہ بہت وسیع سر زمین ہے جو بحر فارس کے ساتھ ساتھ چلی گئی ہے ۔ یہاں نخلستان اور پھل بکثرت پائے جاتے ہیں ۔ یہاں کے مشہور شہروں میں سے ایک ھَجَر ہے ۔ ھاء اور جیم پر زبر ۔ یہ شہر بحرین کا دارالحکومت تھا ۔ جب قرامطہ بحرین پر قابض ہوئے تو انھوں نے اسے ویران کر دیا اور '' الاحساء'' کا شہر بسایا اور وہاں اترے ، چنانچہ وہ بحرین کا دارالحکومت بن گیا ۔ الاحساء شہر میں بہت سے چشمے ، کنویں ، نخلستان اور میوے پائے جاتے ہیں ۔ اس کے اور یمامہ کے درمیان چار یوم کی مسافت ہے ۔ یہاں اس

Marfat.com

کے علاوہ اور بھی وسیع علاقے ، بستیاں اور چشمے کنویں وغیرہ پا ئے جاتے ہیں ۔

نجد

اب نجد کو لیں تو یہ تمام جزیرۃ العرب کا عمدہ ترین علاقہ ہے ۔ یہی وجہ ہے شعرا نے قدیم زمانے میں بھی اس کا ذکر کیا اور اس دور میں بھی کرتے ہیں ۔ وہ یہاں کے ٹیلوں ، مہکتی فضاؤں اور خوشبوؤں کے گیت گنگناتے ہیں ۔

ایک شاعر کہتا ہے :

اَقُول، لِصَاحِبِیْ و الِعْیُس تَهِوِیْ
بِنَابَیْنَ الْمُنِیْفَةِ فَالضِمَّارِ

[۱۹۸] جب اُونٹ ہمیں لے کر منیفہ اور ضمار کے درمیان تیز رفتاری سے جا رہے تھے تو میں نے اپنے ساتھی سے کہا

تَمَتَّعْ مِنْ شَمِیْمِ عَرَارِ نَجْدٍ
فَمَا بَعْدَ الْعَشِیَّةِ مِنْ عَرَارِ

نجد کی عرار نامی بُوٹی کی خوشبو سے فائدہ اُٹھا لو ورنہ آج رات کے بعد کوئی عرار نہیں ملے گی

أَلَا یَا حَبَّذَا نَفَحَاتُ نَجْدٍ
وَ رَیَّا رَوْضِهِ بَعْدَ الْقَطَارِ

نجد کی خوشبو اور بارش کے بعد وہاں کے باغات کی مہک کس قدر بھلی معلوم ہوتی ہے

وَ أَهْلُکَ إِذْ یَحُلُّ الْحَیُّ نَجْدًا
وَ أَنْتَ عَلَی زَمَانِکَ غَیْرُ زَارِ

کیا بھلے لگتے ہیں تیرے گھر والے بھی جب تیرا قبیلہ نجد میں اترے ، اس وقت تو خود بھی زمانے کی شکایتیں نہیں کرتا

Marfat.com

شُهُورٌ يَنْقَضِيْنَ وَمَا شَعَرْنَا
بِاِنْصَافٍ لَهُنَّ وَلَا سِرَارِ

(یہاں) مہینوں گزر جاتے ہیں مگر ہمیں نہ تو ان کے نصف کا پتا چلتا نہ آخر کا

[1] عبد اللہ بن الدُّمینہ الخثعمی کہتا ہے :

اَلَا يَا صَبَا نَجْدٍ مَتَى هِجْتِ مِنْ نَجْدٍ
لَقَدْ زَادَنِيْ مَسْرَاكِ وَجْدًا عَلَى وَجْدِ

اے نجد کی بادصبا تو کب نجد سے پھوٹ نکلی تھی ، تیرے رات کے وقت چلنے سے مجھ پر تو برتو غم طاری ہو رہا ہے

[2] أَأَنْ هَتَفَتْ وَرْقَاءُ فِي رَوْنَقِ الضُّحَى
عَلَى فَنَنٍ غَضِّ النَّبَاتِ مِنَ السَّرْنَدِ

کیا اس لیے کہ ایک کبوتری چاشت کی روشنی میں کیوڑے کی تر و تازہ ٹہنی پر چہچہانے لگ گئی تھی

بَكَيْتَ كَمَا يَبْكِي الوَلِيْدُ وَلَمْ تَكُنْ
جَلِيْدًا وَأَبْدَيْتَ الَّذِي لَمْ تَكُنْ تُبْدِي

تُو تو اس طرح رویا جس طرح کوئی بچہ روتا ہے - تو قوی و صابر ثابت نہیں ہؤا - تو نے وہ بے قراری ظاہر کر دی جسے تو ظاہر کرنا نہ چاہتا تھا

---

۱ - عبداللہ بن الدُّمینہ : دُمینہ اس کی والدہ کا نام ہے - یہ بنی عامر بن تیم اللہ میں سے تھا - اس کی کنیت ابو السری ہے - اسلامی زمانے کا شاعر ہے جرجی زیدان نے اسے جاہلی شعرا میں سے شمار کیا ہے مگر یہ غلط ہے -

۲ - بلوغ الارب أإنْ دیا ہے اسے أأنْ پڑھیں -

Marfat.com

وَ قَدْ زَعَمُوا اَنَّ الْمُحِبَّ إِذَا دَنَا
يَمَلُّ و أَنَّ النَّأیَ یشْفِی مِنَ الْوجْدِ

لوگوں کا خیال ہے کہ جب محبوب قریب آ جاتا ہے تو انسان اس سے اُکتا جاتا ہے اور یہ کہ دوری غم سے شفا بخشتی ہے

بِکُلٍّ تَدَاوَیْنَا فَلَمْ یَشْفِ مَا بِنَا
عَلَی ذاك قُربُ الدَّارِ خَیْرٌ من البُعدِ

ہم نے ہر طرح کا علاج کیا مگر ہماری بیماری کو شفا نصیب نہیں ہوئی ، اسی لیے (یہ کہنا پڑا کہ) محبوبہ کے گھر کا قریب ہونا دور ہونے سے بہت بہتر ہے

عَلَی اَنَّ قُرْبَ الدَّارِ لَیْسَ بِنَافِعٍ
اِذَا کَانَ مَنْ تَهْوَاه لَیْسَ بِذِی وُدِّ

یہ الگ بات ہے کہ قُربِ منزل اس وقت تک کوئی فائدہ نہیں دیتا جب تک تیرا محبوب دوستدار نہ ہو

۱ الصّمّہ بن عبداللہ لکھتا ہے :

حَنَنْتُ اِلَی رَیَّا ونَفْسُکَ بَاعَدَتْ
مَزَارَکَ مِنْ رَیَّا وشِعْبَا کِلَاهُمَا

تو ریا سے ملنے کا مشتاق ہے حالانکہ تو خود اس جگہ کو چھوڑ

---

۱ - صمہ بن عبداللہ : یہ عہد اموی کے شعرا میں سے ہے - اپنے چچا کی لڑکی ریّا پر عاشق ہو گیا تھا - اس نے اس کا رشتہ چاہا - ریّا کا باپ اس شرط پر راضی ہو گیا کہ یہ پچاس اونٹ دے - صمہ نے باپ سے ذکر کیا تو اس نے انچاس اونٹ دے مگر ریّا کے باپ نے پچاس سے کم لینے سے انکار کر دیا - صمہ کے باپ نے بھی ایک اور اونٹ دینے سے انکار کر دیا - صمہ تنگ آ کر وہاں سے شام چلا گیا مگر جب ریا کی یاد نے ستایا تو یہ شعر کہے -

Marfat.com

کر چلا آیا ہے جہاں اس سے ملاقات ہوتی تھی ، جہاں تم دونوں کے قبیلے اکٹھے ہیں

فَمَا حَسَنٌ أَنْ تَأتِيَ الأَمْرَ طَائِعاً
وَتَجْزَعَ أَنْ دَاعِي الصَّبَابَةِ أَسْمَعَا

[۱۹۹] یہ اچھی بات نہیں کہ تو خود اپنی مرضی سے ایک بات کرے اور پھر جب عشق کا دعوت دینے والا تجھے اپنی آواز سنا دے تو تو گھبرانے لگ جائے (خود ہی الگ ہو اور جب یاد دل میں ہوک اٹھائے تو تڑپنے لگے)

قِفَا وَدِّعَا نَجداً وَمَنْ حَلَّ بِالحِمَى
وَقَلَّ لِنَجْدٍ عِنْدَنَا أَنْ يُوَدَّعَا

دونوں ساتھیو ! ٹھہرو اور نجد اور ان لوگوں کو جو حمٰی میں اترے ہیں الوداع کہو ۔ ہمارے ہاں یہ بات شاذ و نادر ہی دیکھی گئی ہے کہ کسی نے نجد کو خیر باد کہا ہو

بِنَفْسِيَ تِلْكَ الأَرْضُ مَا أَطْيَبَ الرُّبَا
وَمَا أَحْسَنَ المُصْطَافَ وَالمُتَرَبَّعَا

اس سر زمین پر میری جان قربان ہو ۔ اس کے ٹیلے کس قدر عمدہ ہیں اور یہاں کے موسم گرما اور موسم بہار کے اترنے کے مقامات کیا ہی خوبصورت ہیں

وَلَيْسَتْ عَشِيَّاتُ الحِمَى بِرَوَاجِعٍ
عَلَيْكَ وَلَكِنْ خَلِّ عَيْنَيْكَ تَدْمَعَا

حِمٰی کی راتیں تیرے پاس واپس نہیں آنے کی ۔ ہاں تو اب اپنی دونوں آنکھوں کو آنسو بہانے سے نہ روک

وَلَمَّا رَأَيْتُ البِشْرَ أَعْرَضَ دُونَنَا
وَحَالَتْ بَنَاتُ الشَّوقِ يَحْنِنَّ نُزَّعَا

Marfat.com

جب میں نے دیکھا کہ بشر پہاڑ ہمارے سامنے حائل ہو گیا اور یہ
کہ محبوب کی دلانے والے جملہ آثار بے اختیار زار و قطار اشکبار
ہیں

بَكَتْ عَيْنِيَ الْيُسْرٰى فَلَمَّا زَجَرْتُهَا
عَنِ الْجَهْلِ بَعْدَ الْحِلْمِ اَسْبَلَتَا مَعًا

تو میری بھی بائیں آنکھ رونے لگ پڑی۔ پھر جب میں نے اسے ڈانٹا
کہ دانشمندی کے بعد حماقت کا کیا مطلب تو دونوں رونے لگ
گئیں

تَلَفَّتُّ نَحْوَ الْحَيِّ حَتّٰى وَجَدتَّنِي
وَجِعْتُ مِنَ الْاِصْغَاءِ لِيْتًا وَاَخْدَعَا

میں نے بار بار قبیلے کی طرف مڑ کر دیکھا حتٰی کہ میں نے محسوس
کیا کہ اس طرح دیکھنے سے گردن کی ایک طرف کو اور رگِ
گردن کو درد ہونے لگ گیا ہے

وَاَذْكُرُ اَيَّامَ الْحِمٰى ثُمَّ اَنْثَنِي
عَلٰى كَبِدِيْ مِنْ خَشْيَةٍ اَنْ تَصَدَّعَا

میں ایام حِمٰی کو یاد کرتا ہوں مگر پھر اپنے جگر کا خیال آ جاتا
ہے کہ مبادا یہ (صدمے فراق سے) پھٹ جائے

نجد میں بہت سے شہر ہیں - یہیں عالیہ کی وہ سرزمین بھی تھی جس
کی کلیب بن وائل حفاظت کیا کرتا تھا جو اس کے قتل کی باعث بنی اور
(اس کے قتل کے باعث) حرب بسوس چھڑ گئی جو مدتوں جاری رہی -
ابُو لُغدہ اصفہانی نے ایک کتاب لکھی ہے جس میں نجد کے شہروں ،
بستیوں ، پہاڑوں ، معدنیات ، پانیوں اور ان قبائل عرب کا ذکر کیا ہے جو
[۲۰۰] گزشتہ زمانے میں یہاں کے قابض و متصرف رہے - وہ لکھتے
ہیں :
ابن الاعرابی کا بیان ہے : نجد دو علاقوں کا نام ہے ، سافلہ اور عالیہ ،

Marfat.com

سافلہ وہ علاقہ ہے جو عراق سے متصل ہے اور عالیہ وہ ہے جو حجاز اور تہامہ سے متصل ہے ۔

اصمعی کہتا ہے : جب تو ذات عرق سے گزر کر سمندر کی جانب روانہ ہو تو گویا تہامہ کے علاقے میں ہے اور جب تو وَجْرہ اور غَمرہ سے گزر جائے تو گویا نجد میں ہے تاآنکہ تو عُذَیب پہنچ جائے ۔ غَمرہ کوفے کے راستے میں ہے ، اور وَجْرَہ بصرے کے راستے میں ۔ یہاں تک نجد کا ذکر ہے ۔ وہ کہتا ہے کہ بعض لوگ بیان کرتے ہیں کہ جب تو کوفہ کی جانب سے عُذَیب پہنچ جائے جو کوفے سے ایک مرحلے کے فاصلے پر ہے تو گویا تو نجد میں وارد ہے ۔ تاآنکہ تو تہامہ کی حد تک پہنچ جائے ۔

اور اصمعی کہتا ہے : جب تو بصرے کی جانب سے چلتا ہؤا عَیجلِز سے گزر جائے تو گویا تو نجد میں داخل ہو گیا اور جب کوفہ کی جانب سے سُمَیرا یا اس کے قریب پہنچ جائے تب بھی نجد میں وارد ہو گیا تاآنکہ تو ذات عرق پہنچ جائے ۔ پھر جب تو ذات عرق کی گھاٹیوں سے نیچے اترے تو گویا تہامہ میں پہنچ گیا ۔ کہا جا رہا ہے کہ جب تو مدینے سے نکلے (اس کے شرف بخشنے والے پر بہترین درود و سلام ہو) تو گویا تو نجد میں آ رہا ہے تاآنکہ تو مدارج العرق میں جا اترے اور جب تو مدارج العرق میں اتر آیا تو پھر مکے تک تو تہامہ ہی کے اندر ہے ۔

وہ کہتا ہے : اہل مدینہ کا قول ہے : کیا تو نے تہامی راستہ اختیار کیا یا نجدی ، تہامی تو وہ ہے جو عسفان اور حجفہ کے راستے پر ہے اور نجدی وہ ہے جو رَبَذہ کے راستے پر ہے ۔ وہ کہتا ہے : مکے تک بصرہ کے دو راستے ہیں ۔ ایک راستہ تو یہ ہے کہ صحرا تیری بائیں جانب ہو اور تو مکہ تک کئی راتیں اوپر کو چلتا رہے ، جب تو اوپر کو جا کر خلیج سے نکل جائے تو گویا تو رمل میں داخل ہے ۔ پھر جب تو نباج اور قریتین سے نکل جائے تو گویا نجد میں آ گیا ۔ جب تو منکَدِر کے راستے

Marfat.com

پر ہو لے اور کاظمہ تک چلا جائے تو کاظمہ تک تین راتوں کی مسافت ہے ۔ تین راتیں دَوّ میں ، تین صَمّان میں ، اور تین دَھْنَاء میں ۔

کسی اور سے مروی ہے کہ کسی نے کہا : جب تو حفر یعنی حفر ابی موسٰی اشعری سے گزر جائے (اصل میں تو بنی العنبر کا حفر ہے ، ابو موسٰی نے یہاں ایک کنواں کھدوایا تھا) تو گویا تو نجد کے اندر ہے ۔

بعض کہتے ہیں : نجد کی حد نباج سے شروع ہوتی ہے اور یہ علاقہ بنی عبداللہ بن عامر بن کریز کا ہے ۔ بعض کہتے ہیں : جب تُو قُصیم سے گزر جائے تو گویا نجد میں ہے تاآنکہ تو ذات عرق پہنچ جائے ۔ اس کے بعد تو تہامہ میں جائے گا ۔ اور قُصیم ایک مقام ہے جہاں جھاؤ کے درخت ہوتے ہیں ۔ یہاں پانی اور بستیاں بکثرت پائی جاتی ہیں ۔ ان میں سے دو بستیاں ابن عامر کی ہیں جن میں سے ایک کو عسکران کہا جاتا ہے۔۔۔ وہ کہتا ہے : اہل قُصَیم کھجور کے پتوں کے بنے ہوئے خیموں میں رہا کرتے تھے اور یہ بنی عبس اور دیگر قبائل کے اترنے کی جگہ تھی ۔ یہاں [۲۰۱] بہت سے نخلستان ہیں اور یہ علاقہ مدینے کی عملداری میں ہے اور کہا جاتا ہے کہ قصیم کی حد بُولان کا چٹیل میدان ہے ۔ بولان ایک بیابان ہے ۔ وہ کہتا ہے : قصیم ریگستان ہے اور قصیم میں ریگستان کے اندر بنی اسد کا کنواں ہے ، جہاں کھجور کے پتوں سے بنے ہوئے خیمے بکثرت پائے جاتے ہیں اور اسے حُوَیَرثیہ کہا جاتا ہے ۔ شاعر کہتا ہے :

عَلَی الرَّبْعِ الَّذِی بِحُوَیرِ ثَاتٍ
مِنَ اللهِ التَحِیَّةُ وَالسَّلَامُ

اللہ کی طرف سے اس مکان کے لیے تحیّہ و سلام جو حُوَیرثات میں ہے

اور قُصیم میں عِجلز ہے ، اور یہ بنی سازن کا پانی ہے اور بصرے اور مکے کے نصف راستے پر واقع ہے ۔ راجز کہتا ہے :

Marfat.com

أللهُ نَجّاكَ مِنَ العَجالِزِ
وَمِنْ جِبالِ طَخْفَةَ النواشِزِ

الله نے تجھے عجالز سے بھی نجات دلائی ہے اور طخفہ کے بلند پہاڑوں سے بھی

عجالز وسیع زمینوں کو کہتے ہیں اور عجلز اور اس کے ارد گرد کے پانیوں کو بھی - رَحْب قُصَیم میں بنی مازن کے ایک پانی کا بھی نام ہے -

اس مؤلف نے ، خدا اس پر رحم کرے ، تمام بستیوں ، پہاڑوں ، پانیوں اور معدنیات کا ذکر کیا ہے - نیز ان اشعار کا بھی ذکر کیا ہے جو اس کے بارے میں کہے گئے -

عربوں کا ایک شاعر جس کا نام قائد بن حکیم الربعی ہے نجد کی منزلوں اور ان کے متعلق اپنے شوق کا اظہار کرتے ہوئے کہتا ہے :

خَلِیلَیَّ إنْ حانَتْ بِمِصْرَ مَنِیَّتِی
وَأنْ مَعْشَرٌ أنْ تَحْفِرَا لِی بِهاقَبْرا

میرے دو دوستو ! اگر مصر میں میری موت کا وقت آ جائے اور تم میری قبر کھودنے کا ارادہ کر لو

فَلا تَنْسَیَا أنْ تقرآ لِی علی الغَضٰی
ونَجْدٍ سَلاماً لا قَلِیلاً وَلا نَزْرَا

توتم غضیٰ اور نجد کو میرا سلام کہنا نہ بھولنا اور یہ سلام قلیل اور تھوڑا بھی نہ ہو

وَإنْ سِرْتَ یاسُبْحانَ رَبّی بالغَضٰی
أوِ المَرْتِ مِنْ نَجْدٍ مُخَیَّسَةً صُعْراً

اور اگر تو سبحان اللہ ! نجد کے علاقے میں غضیٰ یا مرت میں چلے درآنحالیکہ یہ سواریاں ذلیل ہو چکی ہوں اور ان کی گردنیں ایک طرف جھک گئی ہوں

Marfat.com

[۲۰۲] وہی شاعر کہتا ہے :

مَتَی العِیسُ مِن مِصرٍ بِنَا رَافِعَاتُنَا
اِلَی نَجدَ اَوبَادٍ لِعَیشِیَ قِلاَلُهَا

اونٹ مصر سے چل کر ہمیں کب نجد پہنچا دیں گے یا اس کی چوٹیاں کب میری آنکھوں کے سامنے آئیں گی

وَمُزجٍ اِلَیهَا الطَرفَ حَتیٍ یَرُدَّه
قَمُوسُ القُرَی فِی البُعدِ یخفق آلُهَا

اور میں اپنی نگاہ کب اس کی طرف کروں گا ، یہاں تک کہ قموس القُریٰ کا ٹیلہ جس کا سراب دور سے حرکت کر رہا ہو اس نگاہ کو لوٹا دے

عَلَیَ مَتنِ عَادِیٍّ کَاَنَّ اَسَارَه
رِجَالٌ تُنَادِی اَفلَتَتهَا جِمَالُهَا

ایک بوڑھے اونٹ کی پیٹھ پر رکھ کر جس کی علامات یوں دکھائی دیتی تھیں جیسے کچھ لوگوں کے اونٹ ہاتھ سے نکل گئے ہوں اور وہ ایک دوسرے کو پکار رہے ہوں

اس کا مُزجٍ کہنا اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ دیکھنے کے لیے اپنی نگاہ کو ادھر اُدھر پھیر رہا ہے اور قموس القری ایک ٹیلے کا نام ہے -

عباس بن خلیل النصری بنی جَذِیمَہ بن مالک بن نصر کا نوحہ اس طرح کرتا ہے ، بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ ان اشعار کا قائل [۱] مرار فقعسی ہے -

---

۱ - مرار فقعسی - مَرّار بن سعید بن حبیب بن خالد بن نضلہ الاشج ابن حجوان بن فقعس - اس کی کنیت ابو حسان ہے - عہد اسلامی کا شاعر ہے - مَرّار سات شاعروں کا نام ہے - مَرّار فقعسی ، مَرّار عدوی ، مَرّار عجلی ، مِرّار طائی ، مِرّار شیبانی ، مِرّار کلبی اور مِرّار حرشی (شرح امالی : ۲۳۱) ابو علی قالی نے ان اشعار میں سے صرف دو شعر دیے ہیں اور انھیں مِرّار فقعسی کی طرف منسوب کیا ہے (شرح امالی : ۲۳۵)

Marfat.com

وَلَقَدْ أَرَى الثَلَبُوتَ يأنَفُ نَبْتَهُ
حَيَّ كُنَّ نَتْهُمْ، أُولُوْ سُلْطَانِ

میں دیکھ رہا ہوں کہ وادیٔ ثلبوت کی گھاس کو ایک قبیلے کے افراد یوں ناپسند کر رہے ہیں گویا وہ (نازک مزاج) صاحب سلطنت ہیں

وَلَنَهُمْ بِلَادٌ طَالَمَا عُرِفَتْ بِهِمْ
صُحْرا لَمَلاَ و مَدَافِع السَبْعَانِ

ان کے شہر ہیں جو عرصے تک ان کے نام سے مشہور رہے مثلاً صحرالملا اور مدافع السبعان

ومِنَ الحَوَادِثِ لاَ أَبَا لِأَ بِيكُم،
أَنَّ الأَ جَيفِرَ قسمةٌ شَطْرَانِ

خدا کرے تمہارے باپ کا باپ نہ رہے ۔ حوادث زمانہ کی بات ہے کہ اجیفر کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے

طَرَدَتْ مَخَاضَ بنی أُنَيفٍ عَنْوَةً
سُبحَانَكَ اللّٰهُمَّ ذاالسُبْحَانِ

وہ بنی اُنیف کی گابھن اونٹنیوں کو جبراً ہانک کر لے گئے اے پاک خدا تو پاک ہے (حد ہوگئی ہے)

طَرَدُوْهُ أَنْ لاَ قُوا غُلاَمًا وَ احِدًا
وَ نَسُوا مَوَاثِيق مَعْقد الاَ يمَانِ

محض اس لیے کہ انہیں اکیلا لڑکا ملا وہ اسے ہانک کر لے گئے اور عہدو پیمان کے میثاق کو بھول گئے

فلَو الهَدِيْمَ لَقُوا أَوْابِنَى دَهْمَجٍ
عَرَفُوا التَمَلُّكَ أَشْرَعَ العِرفَانِ

اگر ان کی ملاقات ھدیم یا دھمج کے دو بیٹوں سے ہو جاتی تو انہیں

Marfat.com

بہت جلد معلوم ہو جاتا کہ کسی چیز پر زبردسی قبضہ کر لینا کیسا ہوتا ہے

سَکَنُوا شُبَیْثًا والاَحْصَّ وَ اَصْبَحَتْ
نَزَلَتْ مَنَازِلَهُمْ بَنُو ذُبْیَانِ

یہ لوگ شبیث اور احص میں آباد تھے مگر بعد میں یہ حالت ہو گئی کہ بنو ذبیان ان کی منازل میں آباد ہو گئے

وَاِذَا یُقَالُ اُتِیتُمْ لَمْ یَبْرَحُوا
حَتّٰی تُقِیْمَ الخَیْلُ سُوقَ طِعَانِ

جب ان سے یوں کہا جائے کہ لوگ (تم پر حملہ کرنے کے لیے) آ گئے تو یہ اپنی جگہ سے اس وقت تک نہ ہٹتے تھے جب تک یہ نیزہ زنی کا بازار گرم نہ کر دیتے

وَاِذَا فُلَانٌ مَاتَ عَنْ اُکْرُوْمَةٍ
رَقَعُوا مَعَاوِزَ فَقْدِهٖ بِفُلَانِ

اور جب کوئی شخص کریمانہ افعال کرنے کے بعد مر جاتا تو یہ لوگ اس کے مفقود ہو جانے کے پرانے کپڑوں کو فلاں شخص کا پیوند لگا دیتے (اس کی جگہ نیا سردار کھڑا کر لیتے جو وہی کریمانہ کارنامے انجام دینے لگتا)

ہم نے اوپر اصفہانی کی کتاب کا ذکر کرتے ہوئے بتا دیا ہے کہ اس نے نجد کے شہروں ، بستیوں ، پہاڑوں اور معدنیات وغیرہ کا بالتفصیل ذکر کیا ہے -

یمن

رہا یمن تو یہ ایک بہت بڑا اور وسیع الاطراف ملک ہے جس کی

---

۱ - اسی معنی میں یہ شعر ہے :

ولیس یهلک سِنَّا سَیِّدٌ اَبَدًا
اِلَّا افْتَلَمْنَا غُلَامًا سَیِّدًا فِیْنَا

Marfat.com

حدود دور تک چلی گئی ہیں اصفیا اس کی ہمیشہ تعریف کرتے رہے ہیں [۲۰۳] کیونکہ اللہ تعالٰی نے یہاں کی ہر چیز میں برکت دی ہے - اسے کھیتوں ، نخلستانوں ، درختوں ، پھلوں ، چراگاہوں اور پیداوار کی کثرت کی وجہ سے خضراء بھی کہا جاتا ہے -

کلاعی اپنے قصیدے میں کہتا ہے :

هِیَ الخَضْرَاءُ فَاسْئَلْ عَنْ رُبَاهَا
یُخَبِّرُکَ الیَقِیْنَ المُخْبِرُوْنَا

یہ خضراء ہے ، تو اس کے ٹیلوں کی بابت دریافت کرے تو تجھے بتانے والے یقینی بات بتا دیں گے

ویُمْطِرُهَا المُهَیْمِنُ فِی زَمَانٍ
بِهِ کُلُّ البَرِیَّةِ یَظْمَؤُنَا

اللہ تعالٰی یہاں اس زمانے میں بارش برساتا ہے جس زمانے میں ساری دنیا پیاسی ہوتی ہے

وَفِی أَجْبَالِهَا عِزٌّ عَزِیْزٌ
یَتَطَلُّ لَهُ الوَرٰی مُتَقَاصِرِیْنَا

اور اس کے پہاڑوں میں بڑی عزت ہے جس کے مقابلے میں تمام لوگ چھوٹے معلوم ہوتے ہیں

وَأَشْجَارٌ مُنَوَّرَةٌ وَزَرْعٌ
وَفَاکِهَةٌ تَرُوْقُ الاَ کِلِیْنَا

اس کے کلیوں والے درخت کھیت اور پھل ہیں جو کھانے والوں کو بہت لطف دیتے ہیں

یمن کی زمین تین حصوں پر منقسم ہے - ایک قسم صحراء اور ہموار ہے ، دوسری قسم دشوار گزار پہاڑ ہیں اور تیسری قسم سمندر ہے - ابوالحسن کلاعي نے بعض مشرقي اور بعض مغربي مقامات کو ہموار

Marfat.com

صحراؤں میں شمار کیا ہے - مشرقی علاقے یہ ہیں : مارب ، نجران ، حضر موت ، ہمدان کا درمیانی حصہ ، شحر ، اور بیجان ، مغربی علاقوں میں سے زُبَید ، علافقہ ، عِسۡیَرۡ ، سَرۡدَدۡ ، مَوۡر ، اور ارض حکیم کو صحرا میں شمار کیا ہے ، اور ارض حکیم مبیّضہ سے لے کر جُلّٰی تک ہے -

وہ کہتا ہے کہ ان صحراؤں اور میدانوں میں وہ فوائد ، فضائل اور برکتیں ہیں جن کو شمار نہیں کیا جا سکتا اور نہ کوئی ان کی انتہا کو پہنچ سکتا ہے -

اس نے پہاڑی قسم میں یمن کے وہ پہاڑ شمار کیے ہیں جو اپنی بلندی ، وسعت ، سرسبزی ، دشوار گزاری ، دوری اور چڑھائی کی وجہ سے مشہور ہیں - ان کے یہ نام ہیں : صر ، مخلاف جعفر ، دخر ، بعدان ، صاب ، عتمہ ، اَرِیۡمَہۡ ، برع ، حفاش ، ملحان ، حضور ، تیس ، مِسۡوَر ، شرف اور جبل ہنوم - اس کا بیان ہے کہ اس میں وہ برکات اور فضائل ہیں جو صرف جاہل یا متجاہل پر ہی مخفی رہ سکتے ہیں - اور اس میں بہت سے باغات ، بہتے ہوئے چشمے ، میوے ، خوشنما مقامات ، درخت ، مضبوط قلعے اور قوت شکن محل ہیں جن کی مثال بہت سے ملکوں میں نہیں ملتی اور نہ ان سے ملتی جلتی کوئی شے بیان کی جاتی ہے - اس نے سمندر کا ایک حصہ بھی یمن میں شمار کیا ہے - جو چیزیں سمندر سے نکل کر یمن میں آتی ہیں ان کا بھی ذکر کیا ہے چنانچہ کہتا ہے کہ یہاں سے لؤلؤ ، مرجان ، اورخوشبودار عنبر نکلتا ہے -

اس کا بیان ہے کہ وہ چیزیں جو سمندر کے راستے سے دور دراز ملکوں سے یمن آتی ہیں وہ یہ ہیں : موتی ، یاقوت ، کستوری کی کئی قسمیں ، کافور ، عود ، رطب مختلف قسم کے عطر ، فلفل اور لوہا - یہ سب چیزیں ہندوستان سے آتی تھیں - وہ چیزیں جو چین سے آتی تھیں وہ ریشم ، سونے [۲۰۴] چاندی کی تاریں ہیں - جو چیزیں عمان اور ارضِ فارس سے آتی تھیں وہ بہت سے تحفوں کی چیزیں تھیں جن کا ذکر طویل ہے -

Marfat.com

یمن کی چند معدنیات کا ذکر

کتاب نشر المحاسن الیمانیہ میں ذکر کیا گیا ہے کہ یمن میں بہت سی کانیں پائی جاتی ہیں مثلاً عشم کی کان اور ضنکان کی کان ، یہ دونوں سونے کی بہت بڑی کانیں ہیں ۔ حکم کی زمین میں قفاعہ کی کان ہے مگر یہ پہلی دونوں کانوں کے مقابلے میں چھوٹی ہے ایک اور کان بنی مجید کے علاقے میں ہے یہ اس سے بھی چھوٹی ہے ۔

چاندی کی کانوں میں رصاص کی کان ہے ۔ رصاص ایک مقام ہے جو ہمدان کے ایک بنو فہم ، بنو خولان العالیہ اور بنو مراد کے مابین مشترک ہے ۔ یہ بہت بڑی کان ہے جس پر اہل یمن کا دار و مدار رہا ہے ۔ جب سلطنت کمزور پڑ گئی تو اس کان کی وجہ سے عربوں میں پھوٹ پڑ گئی اور رصاص ویران ہو گیا ۔ یہاں عُرَنی لوگ آباد تھے وہ اس جگہ کو چھوڑ کر صنعاء چلے گئے ۔

اب رہیں سلیمانی منکوں ، یفران اور عقیق کی کانیں تو یہ تمام کی تمام مشرقی یمن کے صوبے مقریٰ میں پائی جاتی ہیں ۔

رہیں آہنی پتھروں کی کانیں تو یمن میں بہت سے ایسے پہاڑ پائے جاتے ہیں جہاں لوہا صاف کیا جاتا ہے ، کچھ کانیں عَدَنْ اَبْیَنْ میں ہیں اور کچھ وادعہ کے علاقے میں جو صعدہ اور حجاز کے درمیان ہے ۔ نجران میں بھی لوہے کا ایک پہاڑ ہے ۔ ایک کان بیجان کی ہے جس کے لوہے سے بتعداد کثیر تلواریں بنائی گئی ہیں ۔ یہ کان مارب کے علاقے میں سبا کی اولاد کے پاس تھی ۔ یہاں کی تلوار کا کوئی اور تلوار مقابلہ نہ کر سکتی تھی ۔

یمن کے محل اور مشہور عمارتیں

یمن میں بہت سے قلعے ، آباد حویلیاں اور دلکش عالیشان محل تھے ۔ ان میں سے ایک کا نام غمدان کا محل ہے ۔ یہ صنعاء میں ایک دل آویز اور عالیشان محلِ تھا جس کی بنیاد کتاب نشرالمحاسن الیمانیہ کے بیان

Marfat.com

کے مطابق ازال بن قحطان نے اپنے بھائی یعرب کے حکم سے رکھی تھی۔ اس کی بیس منزلیں اور بیس ہی چھتیں تھیں۔ ہر دو چھتوں کے درمیان بیس ہاتھ کا فاصلہ، ازال نے اس میں ایک سو رہائشی کمرے بنوائے تھے۔ سب سے بالائی کمرے کی آئینہ بندی کرا دی تھی۔

ایک مؤرخ نے ذکر کیا ہے کہ قصر غمدان صنعاء الیمن کے بیرونی [۲۰۵] علاقے میں ہے۔ اس کے کمرے مشہور ہیں جنھیں محراب کہا جاتا ہے۔ یہ عمارت بڑی مضبوط و خوبصورت و بلند ہے۔ اس کی سات منزلیں ہیں۔ اس میں وہ وہ آرائش اور ایسی ایسی نادر صنعت‌کاری ہے کہ بیان ممکن نہیں۔ اسے شرحبیل بن عمرو بن غالب بن المنتاف بن زید بن یعفر بن السکسک بن وائل بن حمیر بادشاہ نے بنایا تھا۔ وہ اپنی تمام مدتِ حکومت یہیں قیام پزیر رہا۔ اس کے بعد یہ قومِ تُبَّع کے بادشاہوں کا دارالحکومت بن گیا۔

بعض مؤرخین کا بیان ہے کہ غمدان یمن میں ایک محل کا نام ہے جسے یَشْرُح نے چار رخا بنایا تھا۔ سرخ، زرد، سفید، اور سبز۔ پھر اس کے اندر ایک اور محل بنایا تھا جس کی سات چھتیں تھیں۔ ہر دو چھتوں کے درمیان چالیس ہاتھ کا فاصلہ تھا۔

ان اقوال میں سے کسی ایک قول کو بھی لے لیں تو اس میں سے یہ بات ضرور نکلتی ہے کہ قصر غمدان اپنے وقت کی عجیب و غریب عمارت تھی۔ یہی وجہ ہے کہ جاہلی شعرا نے اکثر اس کا اپنے شعروں میں ذکر کیا ہے اور اس کی تعریف کی ہے۔

انھی محلات میں سے ایک ظفار ہے جو ابرہہ بادشاہ کا محل ہے۔ اسے بھی عظیم عمارتوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ انھی میں سے سلحین ہے۔ یہ وہ محل ہے جسے حارث الرائش نے صنعاء اور مارب کے درمیان بنایا تھا۔

انھی میں سے ناعظ ہے جو ملوک ہمدان کا محل تھا۔

انھی میں سے بَیْنُون ہے جسے تُبَّع الزائد نے عنتر کی زمین میں بنایا تھا۔

Marfat.com

انھی میں سے صرواخ ہے - یہ سعد بن خولان کا محل تھا -
ان میں سے قصرالعشب، قصر العنقاء ہے.....انھی میں سے مؤکل ہے جو مشرق میں ہے - اسے ابرہہ ذوالمنار بن الحارث الرائش نے بنایا تھا -
انھی میں سے براقین اور معین دو محل ہیں جو جوف میں ایک دوسرے کے بالمقابل واقع ہیں -

ریدہ میں ہمدان کا تلعم نامی ایک محل ہے ، انھی میں سے ھکر اور اھجر دو محل ہیں جو بنی عبس کے علاقے میں ہیں - انھی میں سے دورم ابرہہ بن الصباح کے خُسر کا محل ہے اور انھی میں سے اعماد ہے جو سنام بذی شان کا محل ہے اور سنام بذی شان سبائے اصغر کی اولاد میں سے ہے[1] -

یمن کے مشہور شہروں میں سے ایک شہر صنعاء ہے - یہ مکانوں کی رُو سے نہایت خوب صورت اور ہوا کے اعتبار سے بہت عمدہ اور صحت بخش ہے - کہتے ہیں کہ موسم سرما میں یہاں سخت سردی پڑتی ہے مگر اس کے باوجود کسی کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتی - یہ شہر عربوں کے مشہور ترین اور پاکیزہ ترین شہروں میں سے تھا - اپنے پانیوں اور درختوں کی کثرت کی وجہ سے دمشق اور شام سے مشابہت رکھتا تھا - یہاں کی آب و ہوا معتدل ، بازار خوب صورت اور تجارت وسیع تھی - یہ قدیم زمانے میں یمنی بادشاہوں کا دارالحکومت تھا - یہ عدن کی مشرق جانب پہاڑوں میں واقع ہے - قدیم زمانے میں اسے اَزَال کہا جاتا تھا اور چونکہ یہ اور اس کے اِردگرد کا علاقہ کچھ ہی عرصہ پہلے تک زیدی امام کے زیر نگین تھا لہٰذا اس نے یہاں ایک نیا قلعہ حصن تعز تعمیر کرایا تھا - اس وقت سے یہ یمن کے بنی رسول بادشاہوں کے اترنے کی جگہ بن گئی ہے - یہ ایک قلعہ ہے جو پہاڑوں میں واقع ہے جہاں سے تہامہ کے علاقے اور ارض زبید دکھائی دیتی ہے - اس کی بالائی جانب ایک سیرگاہ ہے [۲۰۶] جسے

---

۱ - ”اعماد لسنام“ کتابت کی غلطی ہے - یہ اعماد بشام ہے ، ”بذی شان“ لسبال کی مسخ شدہ کتابت ہے - (الاکلیل صفحہ ۱۰۵)

Marfat.com

صہلہ کہتے ہیں ، یمن کے حاکم کے حکم سے بالائی حصوں سے یہاں پانی لایا گیا اور یہاں ایک باغ کے عین درمیان میں بڑی بڑی عمارتیں تعمیر کی گئیں ۔

انھی میں سے ایک شہر زبید ہے ۔ یہ تہامہ کا صدر مقام ہے ۔ ہموار زمین میں واقع ہے ۔ وہاں سے سمندر ایک دن سے کم مسافت پر ہے ۔ یہاں نخلستان بکثرت پائے جاتے ہیں ۔ شہر کے گرد فصیل تھی جس میں آٹھ دروازے تھے ۔ یہ صنعاء کی مغربی جانب واقع ہے ۔ سمندر میں اس کی ایک بندرگاہ ہے جسے علافقہ کہتے ہیں ۔ اس کے اور سمندر کے درمیان پندرہ میل کا فاصلہ ہے ۔ زبید سے جنوب کی طرف ساحل بحر پر مدینۃ المخا ہے جہاں سے قہوے کے بیج باہر بھیجے جاتے ہیں ۔ مخا سے چار مرحلے کے فاصلے پر بیت الفقیہ ہے ۔ یہ بھی ان علاقوں میں سے ہے جہاں قہوے کے بیج پیدا ہوتے ہیں ۔

انھی میں سے ایک شہر ''عدن'' ہے جسے عدن اَبْیَن کہا جاتا ہے اس کا یہ نام اس کے بانی کے نام پر پڑا ۔ یہ شہر ساحل ہند پر باب المندب سے جنوب کی طرف واقع ہے مگر جھکاؤ ذرا مشرق کی سمت ہے ۔ یہاں ہندوستان اور مصر وغیرہ کے جہاز آ کر لنگر ڈالتے ہیں اور اٹھاتے بھی ہیں ۔ عدن پہاڑ کے دامن میں ہے اس کی فصیل سمندر تک چلی گئی ہے اس کا ایک دروازہ خشکی کی طرف اور ایک سمندر کی طرف تھا ۔ علاقہ بنجر ہے ۔ پانی یہاں بالعموم جانوروں پر لاد کر لایا جاتا ہے ۔ آج کل یہ انگریزوں کے قبضے میں ہے اور یہ یمن کی بندرگاہ ہے ۔

انھی میں سے ایک شہر نَجران ہے ۔ نون پر زبر اور جیم ساکن ۔ یہ یمن کی سرزمین کا بہت بڑا قطعہ ہے جہاں نخلستان اور درخت پائے جاتے ہیں ۔ یہ صنعاء کے قریب عدن اور حضر موت کے درمیان واقع ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ یہ یمن کے شمال سے لے کر صعدہ کے شمال تک کی پہاڑیوں پر واقع ہے ۔ صنعاء تقریباً دس مرحلوں کے فاصلے پر ہے ۔ کبھی یہ بلاد ہمدان میں شامل اور بستیوں ، شہروں ، آبادیوں اور پانیوں کے درمیان واقع تھا ۔ نزار کی اولاد مضر ، ربیعہ اور ایاد جس افعیٰ جرھمی

Marfat.com

کے پاس اپنے باپ کی وصیت کا فیصلہ کرانے کے لیے گئے تھے وہ یہیں کا تھا ۔ ہم عنقریب فراست[1] کے باب میں اس واقعہ کا ذکر کریں گے ۔

یہاں کے مشہور شہروں میں سے ایک ظفار ہے ۔ ظاء مشالہ اور فاء کے ساتھ ۔ یہ شہر ساحل جون پر واقع ہے ۔ یہ ساحل بحر ہند سے نکل کر شمال کی جانب ایک سو میل تک چلا گیا ہے ۔ یہ شہر ساحل سے قریب ہے ۔ اس کے اور صنعاء کے درمیان چوبیس فرسنگ کا فاصلہ ہے ۔ اس کے شمال میں احقاف کے وہ ریگستان ہیں جہاں قوم عاد آباد تھی ۔ یہ شحر کا دارالحکومت ہے ، یہاں بہت سی ہندوستان میں پیدا ہونے والی چیزیں پائی جاتی ہیں مثلاً ناریل اور پان ۔ یہاں ندیوں کے کنارے باغات لگے ہیں ۔ ساحلی علاقوں میں عنبر بھی پایا جاتا ہے ۔

یمن کے شہروں سے ایک شہر مارب ہے

[۲۰۷] اس شہر کو اس کے بانی کے نام پر سبا بھی کہا جاتا ہے اور وہ تھا سبا بن یَشْجُب بن یَعْرُب بن قَحطَان جو ایک قول کے مطابق یمن کا پہلا بادشاہ تھا ۔ اس کا اصلی نام عبد شمس تھا ۔ اسے سبا اس لیے کہا گیا ہے کہ وہ سب سے پہلا بادشاہ تھا جس نے قحطان کی نسل کے لوگوں کو قیدی بنا کر رکھا ۔ اس نے چار سو چوراسی سال حکومت کی ۔ اسی کے نام پر قبیلے کا یہ نام پڑا اور پھر ان کے مسکن کا ۔ یہ شہر یمن کے خوب صورت ترین شہروں میں سے تھا ۔ اس کے اور صنعاء کے درمیان تین دن کی مسافت کا فاصلہ ہے اور یہ صنعاء کی جنوب مشرقی جانب واقع ہے ۔ اس زمانے میں تمام عرب ممالک میں اس سے زیادہ آباد اور کوئی شہر نہ تھا ۔

عبدالملک قصیدہ ابن عبدون کی شرح میں کہتا ہے :

یمن میں سبا کی زمین میں آبادی اس قدر زیادہ تھی کہ اسے ایک تیز رفتار سوار دو ماہ میں طے کر سکتا تھا ۔ یہاں کے لوگ چار ماہ کی

---

۱ - ملاحظہ ہو بلوغ الارب : ۳ : ۲۶۴—۲۶۶ ۔

Marfat.com

مسافت تک ایک دوسرے سے آگ لیے چلے جاتے تھے - پھر (ایسا دور آیا کہ) بری طرح تتر بتر ہو گئے -

دیگر معتبر مورخین نے ذکر کیا ہے کہ مارب کی ہوا لطیف تھی اور مٹی اچھی - یہاں نہ کوئی بیماری تھی نہ کیڑے مکوڑے ، یہاں تک کہ اگر کوئی مسافر یہاں آ جاتا اور اس کے کپڑوں میں جوئیں یا پسو ہوتے تو وہ مر جاتے ، یہی وجہ ہے کہ اللہ نے اس کی شان میں بلدة طیبة کے الفاظ استعمال کیے ہیں - بعض کہتے ہیں کہ طیب سے مراد اس کی ہوا کی صحت افزائی ، پانی کی شیرینی اور سیرگاہوں کی کثرت ہے ، نیز یہ کہ گرمی کے موسم میں نہ یہاں اس قدر گرمی ہوتی ہے کہ ایذا دے اور نہ سردیوں کے موسم میں اس قدر سردی - اس شہر کے دائیں بائیں کثرت سے باغات لگے تھے - یہ بھی کہا جاتا ہے کہ شہر کے ہر مکان کے دائیں بائیں باغات تھے - جس کی وجہ پانی کی بہتات ہے -

روایت کی گئی ہے کہ جب بلقیس یہاں کی ملکہ بنی تو اس کی قوم نے اس وادی کے پانیوں کو لینے کے لیے جنگ کی ، چنانچہ وہ شہر چھوڑ کر اپنے محل میں چلی گئی - لوگوں نے اس سے واپس آنے کی درخواست کی مگر اس نے انکار کر دیا - لوگوں نے کہا : تجھے واپس جانا پڑے گا ورنہ ہم تجھے قتل کر دیں گے - بلقیس نے جواب دیا " نہ تم لوگوں میں عقل ہے نہ میری بات مانتے ہو " - اس پر انھوں نے کہا : ہم اطاعت کریں گے - لہٰذا بلقیس پھر ان کی وادی میں لوٹ آئی - ان کے ہاں جب بارش ہوتی تو بارش کا پانی تین تین دن کی مسافت سے یہاں آیا کرتا تھا - اس نے حکم دے کر دو پہاڑوں کے درمیان پتھروں اور قار سے بند بندھوا دیا ، اور پانی کو اس بند کے ذریعے روک لیا - بلقیس نے اس بند کے اندر ایک دوسرے کے اوپر دروازے (sluice-gate) رکھوائے - بند کے قریب ہی ایک حوض بنوایا جس کے نہروں کی تعداد کے مطابق بارہ دہانے بنوائے - ہر دہانے سے یکساں پانی نکلتا [۲۰۸] (یہ مرحلہ اسی طرح چلتا رہا) تاآنکہ بلقیس کو حضرت سلیمان[۴] کے ساتھ سابقہ پڑ گیا -

Marfat.com

بعض کہتے ہیں کہ اس بند کا بنانے والا یمنی قبائل کا مورث اعلیٰ حمیر تھا ۔

بعض کا بیان ہے کہ لقمان اکبر بن عاد نے اسے تعمیر کیا تھا اور اس کے پتھروں کو سیسے اور لوہے کے ساتھ جوڑا تھا ۔ اس کی لمبائی بھی ایک فرسنگ تھی اور چوڑائی بھی ، یہ لوگ عرصۂ دراز تک نہایت مزے کی زندگی گزارتے رہے اور خوب فارغ البالی کے ساتھ بسر کرتے رہے یہاں تک کہ ایک عورت اپنے سر پر ٹوکرا لیے نکلتی ، اپنے دونوں ہاتھوں سے کام کاج کرتی چلتی جاتی اور اس کا ٹوکرا ان پھلوں سے جو وہاں کے درختوں سے گرتے بھر جاتا تھا ۔ بالآخر انھوں نے اللہ کا شکر ادا کرنے سے منہ موڑا اور انبیا علیہم السلام کو جھٹلایا چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کے بند پر چھچھوندر کو مسلّط کر دیا ۔ اس نے وہاں بچے پیدا کر لیے اور بند کو پھاڑ ڈالا جس سے بہت بڑی طغیانی آ گئی جو بند کو بہا لے گئی ۔ ساتھ ہی ان کے باغات اور بہت سے انسان بھی بہ گئے ۔ یہ طغیانی جیسا کہ بیان کیا جاتا ہے فترت کے زمانے میں اور ذی‌الاذعار کے عہد میں آئی تھی ۔ پہلا شخص جس نے ” سیل عرم “ کے حادثے کو اس کے ظہور میں آنے سے کافی عرصہ پہلے محسوس کر لیا تھا اور یمن سے نکل گیا تھا وہ عمرو بن عامر مُزَیقیا تھا جسے طریفہ کاہنہ نے پہلے سے آگاہ کر دیا ہؤا تھا ۔ جب ہم کہانت پر بحث کریں گے تو جو سجع اس نے کہا اس کا انشاء اللہ ذکر کریں گے ۔ نیز ان قبائل کا بھی ذکر کریں گے جو یہاں سے نکل کر ادھر اُدھر منتشر ہو گئے ، پھر مختلف مقامات پر جا کر آباد ہوئے ۔ مارب کی زمین میں آج بھی ان کے باقیماندہ آثار پائے جاتے ہیں ۔ نیز حمیری خط میں بہت سے کتبے موجود ہیں جن کا پتا بعض ان فرنگی سیاحوں نے چلایا ہے جو ان علاقوں میں چکر لگاتے رہے ۔ یہ بات انھیں ان کتبوں کے مقابلے سے معلوم ہوئی جن کو انھوں نے حبشی ، کوفی ، فینیقی اور عبرانی خط میں دریافت کیا تھا ۔ اس طرح لوگوں کو اس قوم کی تہذیب اور عام معلومات سے آگاہی حاصل ہو گئی ۔

Marfat.com

یمن میں اور بھی بہت سے مشہور شہر ہیں جن کا یمن کے پانچ حصوں کے ضمن میں مکمل طور پر ذکر نہیں کیا جا سکتا یعنی حضر موت، مہرۃ ، عمان ، شحر اور نجران ۔ اس موضوع پر مستقل کتابیں لکھی جا چکی ہیں ۔ یمن عرب عاربہ یعنی عاد ، طسم ، جدیس ، امیم ، جرہم ، حضر موت اور ان لوگوں کی جائے سکونت تھا جن کا شمار عرب عاربہ میں ہوتا ہے ۔ پھر قوم ثمود یہاں سے نکل کر شام کی سرزمین میں حجر کے علاقے میں چلی گئی اور وہیں رہی تاآنکہ یہ لوگ فنا ہو گئے ۔ نیز عرب عاربہ کے وہ لوگ بھی فنا ہو گئے جو یمن میں باقی رہ گئے تھے مثلاً عاد وغیرہ ، ایک قول کے مطابق بنو قحطان بن عامر ان کے جانشین بنے اور [۲۰۹] عرب یمن کے نام سے مشہور ہوئے ، وہ طغیانی کے حادثے کی وجہ سے عمرو کے یہاں سے چلے جانے تک یہیں رہے ۔ جو لوگ بچ گئے تھے وہ وہاں سے نکل کر حجاز ، شام وغیرہ علاقوں میں آباد ہو گئے ۔ حجاز بنی عدنان کی سرزمین تھی حتٰی کہ بخت نصر نے ان پر چڑھائی کی ۔ ان میں سے کچھ لوگ عراق کے علاقے انبار میں چلے گئے تھے ۔ اس کے بعد عرب مختلف اطراف میں پھیلتے رہے یہاں تک کہ اسلامی فتوحات کا زمانہ آ گیا ۔ اب یہ لوگ دیگر ممالک میں جا پہنچے یہاں تک کہ یہ ترکوں اور ان کے قریب کے علاقوں میں جا وارد ہوئے ۔ یہ لوگ مغرب کے بعید ترین علاقوں میں بھی گئے ۔ اندلس میں بھی پہنچے اور مشرقی ممالک میں بھی ۔ غرضیکہ انھوں نے دنیا بھر کو بھر دیا ۔ یمن کے کچھ عرب حجاز چلے گئے تھے اور وہیں مقیم ہو گئے تھے ۔ بعض اوقات ایسا بھی ہؤا کہ حجاز کے بعض عرب یمن چلے گئے اور وہیں کے ہو رہے ۔ جو لوگ یمن اور حجاز میں باقی رہ گئے تھے وہ آج تک وہیں ہیں ۔

شام کے صحراؤں میں عربوں کے شہروں اور عمارتوں میں سے ایک شہر تَدْمُر ہے

یہ شام کے صحرا اور حمص کی عمل داری میں شامل ایک قدیم شہر

Marfat.com

ہے اور حمص کی مشرقی جانب واقع ہے - یہاں کی زمین زمینِ شور ہے - کبھی یہاں نخلستان اور زیتون کے درخت پائے جاتے تھے - یہاں بڑے بڑے آثارِ قدیمہ مثلاً ستون اور چٹانیں موجود ہیں - اس کی ایک فصیل اور قلعہ تھا - اس کے اور حمص کے درمیان تقریباً تین مرحلوں کا فاصلہ ہے - اتنا ہی فاصلہ سلمیہ کا ہے - یہاں سے دمشق کا فاصلہ انسٹھ میل ہے اور اس کے اور زحمہ کے درمیان ایک سو دو میل کا فاصلہ ہے - شام کے بادشاہوں میں سے آل ربیعہ کی یہیں رہائش ہوتی تھی - مؤرخین کا اس کے بانی کے متعلق اختلاف ہے - بعض کہتے ہیں کہ اسے حضرت سلیمان علیہ السلام نے بنایا تھا کیونکہ یہ شہر آپ کی قیام گاہ تھا اور یہ کہ جنوں نے اس شہر کو آپ کے لیے پتھر کی سلوں ، ستونوں اور سفید اور سرخ سنگِ مرمر سے بنایا تھا۔ اسی کے متعلق نابغہ ذبیانی نعمان بن منذر کی مدح کرتا ہوا کہتا ہے :

وَلاَ اَرَی فَاعِلاً فِی النَّاسِ یُشْبِهُهٗ
وَمَا اُحَاشِیْ مِنَ الاَقْوَامِ مِنْ اَحَدٍ

میرے خیال میں کوئی نیک کام کرنے والا اس جیسا نہیں ہو سکتا ،
اور میں تمام اقوام میں سے کسی کو مستثنیٰ قرار نہیں دیتا

اِلاَّ سُلَیْمٰنَ اِذْ قَالَ الاِلٰهُ لَهٗ
قُمْ فِی الْبَرِیَّةِ فَاحْشُدْهَا عَنِ الْفَنَدِ

سوائے سلیمان (علیہ السلام) کے جنہیں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ مخلوق میں کھڑے ہو کر انہیں خطا کاری سے روکیں

وَخَیِّسِ الْجِنَّ اِنِّی قَدْ اَذِنْتُ لَهُمْ
یَبْنُوْنَ تَدْمُرَ بِالصُّفَّاحِ وَالْعَمَدِ

[۲۱۰] اور جنوں کو مقہور کرکے رکھیں کیونکہ میں نے انہیں حکم دیا ہے کہ وہ تدمر کو پتھروں کی سلوں اور ستونوں سے تعمیرات عمل میں لائیں

Marfat.com

فَمَنْ اَطَاعَ فَاَعقِبْهُ[1] بِطَاعَتِهٖ
كَمَا اَطَاعَكَ وَادْلُلْهُ عَلَى الرَّشَدِ

لہٰذا جو اطاعت کرے اسے اس کی اطاعت گزاری کی جزا دیں اور اس کی صحیح راستے کی طرف رہنمائی کریں

وَمَنْ عَصَاكَ فَعَاقِبْهُ مُعَاقَبَةً
تَنْهَى الظَّلُومَ وَلَا تَقْعُدْ عَلَى ضَمَدِ

اور جو نافرمانی کرے اسے سزا دیں ۔ ظالم کو (ظلم سے) روکیں اور خود بھی کینہ اور دشمنی دل میں نہ پالیں

اِلَّا لِمِثْلِكَ اَوْمَنْ اَنْتَ سَابِقُهٗ
سَبْقَ الجَوَادِ اِذَا اسْتَوْلَى عَلَى الْاَمَدِ

اگر کینہ رکھیں تو صرف ان لوگوں کے خلاف جو آپ جیسے ہوں اور جن سے آپ اصیل گھوڑے کی طرح غایت تک پہنچنے میں سبقت لے جائیں

اس امر کا ذکر ثعالبی[2] نے اپنی تفسیر میں کیا ہے ۔ یہ عربوں کا طریقہ ہے کہ وہ مبالغے کے طور پر ایک بات کہہ جاتے ہیں مگر وہ حقیقت پر مبنی نہیں ہوتی ، جس طرح ان کا خیال تھا کہ عبقر جنوں کے شہر کا نام ہے لہٰذا وہ ہر عجیب بات کو اس کی طرف منسوب کر دیتے تھے ،

---

۱ ۔ المعلقات العشر میں پہلا مصراع یوں دیا ہے :

فَمَنْ اَطَاعَكَ فَانْفَعْهُ بِطَاعَتِهٖ

اور یہی روایت بہتر ہے ۔

۲ ۔ ابو اسحاق احمد بن محمد بن ابراھیم النیشاپوری الثعالبی المفسر ۔ حافظ واعظ اور علم تفسیر کے استاد تھے ۔ انھوں نے تفسیر کبیر لکھی ، قصص الانبیا ، کتاب العرائس لکھی ۔ سمعانی کہتا ہے کہ انھیں ثعلبی اور ثعالبی دونوں طرح کہا جاتا ہے اور یہ ان کا لقب ہے نسبت نہیں ۔ ۴۲۷ھ میں وفات پائی (شذرات : ۳ : ۲۳۰ : ۲۳۱)

Marfat.com

چنانچہ ان کے خیال میں تدمر کو جنوں نے تعمیر کیا تھا ، اس لیے وہ بانیوں کی بے پناہ قوت اور اس شہر کی حیران کن صنعت کو دیکھتے رہ جاتے تھے ۔ قاموس میں ہے کہ تَدْمُر بروزن تَنْصُر حَسَّان بن اُذَیْنَہ کی بیٹی کا نام ہے ۔ اسی کے نام پر اس شہر کا یہ نام پڑا اور یہی معتمد علیہ روایت ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ جن لوگوں نے یہ کہا ہے کہ اسے حضرت سلیمان علیہ السلام نے بنایا تھا ان کی مراد یہ ہو کہ انھوں نے اسے خوبصورتی عطا کی تھی ، اور اس کی عمارتوں میں اضافہ کیا تھا ۔ واللہ اعلم ۔

انھی شہروں میں سے ایک شہر تیماء ہے ۔ یہ طئی کا صدر مقام ہے ، یہیں وہ قلعہ ہے جو ابلق فرد کے نام سے مشہور ہے اور سموأل بن عادیاء کی طرف منسوب ہے ، ثمود کی زمین میں یہ حجر اور شام کے درمیان بہت بڑا شہر تھا ۔ یہاں پانی کا چشمہ بھی تھا اور نخلستان بھی ۔ کہا جاتا ہے کہ اصحاب الایکہ جن کی طرف شعیب علیہ السلام کو بھیجا گیا تھا وہ بھی یہیں آباد تھے ۔ اس قلعے کے متعلق سموأل اپنے مشہور قصیدے میں کہتا ہے :

لَنَا جَبَلٌ یَحْتَلُّہٗ، مَنْ نُجِیْرُہٗ،
مَنِیْعٌ یَرُدُّ الطَّرْفَ وَھُوَ کَلِیْلُ،

ہمارا ایک پہاڑ ہے جس پر وہ چڑھتے ہیں جنھیں ہم پناہ دیتے ہیں ، یہ بڑا محفوظ ہے اور نگاہ کو خیرہ کرکے لوٹا دیتا ہے

ھُوَ الاَبْلَقُ الفَرْدُ الَّذِی شَاعَ ذِکْرُہٗ،
یَعِزُّ عَلَی مَنْ رَامَہٗ وَیَطُوْلُ،

یہ وہی ابلق فرد ہے جس کی شہرت عام ہے کہ جو اس کا قصد کرکے آئے یہ اس پر غالب آ جاتا ہے

رَسَا اَصْلُہٗ تَحْتَ الثَّرَی وَسَمَابِہٖ
اِلَی النَّجْمِ فَرْعٌ لَا یُنَالُ طَوِیْلُ،

Marfat.com

اس کی جڑ تحت الثریٰ میں مضبوط گڑی ہوئی ہے اور اس کی شاخ (چوٹی) ثریا تک چلی گئی ہے جسے کوئی ہاتھ نہیں لگا سکتا

انھی شہروں میں سے ایک شہر مدین ہے ، یہ حجر کی مغربی جانب قدرے جنوب کی طرف مائل سمندر کے قریب ایک شہر ہے - اسی شہر کے متعلق کثیر کہتا ہے :

رُهْبَانُ مَدْيَنَ وَالَّذِيْنَ عَهِدْتُّهُمْ
يَبْكُوْنَ مِنْ حَذَرِ العَذَابِ قُعُودا

مدین کے راہب اور وہ لوگ جنھیں میں نے عذاب کے ڈر سے بیٹھے روتے دیکھا ہے

لَوْيَسْمَعُوْنَ كَمَا سَمِعْتُ كَلَامَهَا
خَرُّوْا لِعِزَّةَ رُكَّعاً وَسُجُودَا

اگر یہ میری طرح میری محبوبہ عزہ کا کلام سن پائیں تو اس کے سامنے رکوع و سجود میں گر جائیں

[۲۱۱] یہ شہر عرصۂ دراز سے ویران ہے ، اس کے کھنڈرات اور نشانات مٹ چکے ہیں - انھی میں سے ایک شہر دومۃ الجندل ہے - عراق میں عین التمر کے قریب دُومہ نامی ایک شہر میں ایک آدمی تھا جس کا نام اُکَیدِر تھا - وہ اپنے خالوؤں کی جو اطراف شام میں تھے اور بنی کلب سے تعلق رکھتے تھے ملاقات کے لیے آیا کرتا تھا - ایک بار جب وہ راستے میں جا رہا تھا تو اسے ایک منہدم شدہ شہر دکھائی دیا جس کی صرف چند ایک دیواریں باقی رہ گئی تھیں - یہ شہر جندل نامی علاقے میں تعمیر ہؤا تھا - اکیدر نے اسے ازسر نو بنوایا ، یہاں درخت لگائے اور اس کا نام دومۃ الجندل رکھا تاکہ دومۃ العراق اور دومۃ الجندل میں امتیاز ہو سکے - یہاں بنو کلب ٹھہرا کرتے تھے ، جن میں زہیر بن جناب کلبی بھی

---

۱ - مگر سہیلی (الروض الانف : ۱ : ۱۱) کہتا ہے : ورأیت للبکری ان دومۃ الجندل عرفت بدوما بن اسمعیل و کان نزلہا

Marfat.com

شامل تھا ۔ اسی نے الحنیؔ کے چشمے پر بنی تغلب اور بکر کے خلاف ان کی یورش کا ذکر کرتے ہوئے بیان کیا ہے :

أَيْنَ أَيْنَ الفِرَارُ مِنْ حَذَرِ المَوْ
تِ وَإِذْ تَتَّقُوْنَ بِالأَسْلَابِ

موت کے ڈر سے تم بچ کر کہاں جا سکتے تھے ، اس وقت جب تم لوٹ مار کے مال کے ذریعے اپنا بچاؤ کر رہے تھے

إِذْ أَسَرْنَا مُهَلْهِلاً وَأَخَاهُ
وَابْنَ عَمْرٍو فِي القَيْدِ وَابْنَ شِهَابِ

جب ہم نے مہلہل کو ، اس کے بھائی کو اور ابن عمرو کو اور ابن شہاب کو بیڑیوں میں جکڑ رکھا تھا

وَسَبَيْنَا مِنْ تَغْلَبٍ كُلَّ بَيْضَا
ءَ رَقُودِ الضُحَى بَرُودِ الشَّرَابِ

اور ہم نے بنی تغلب کی ہر سفید رنگ کی عورت کو جو چاشت کے وقت سونے والی اور ٹھنڈے لعاب دہن والی تھی قید کر لیا تھا

اور انھی میں سے زہیر بن شریک کلبی ہے اسی نے اپنی بیوی اسماء سے یوں کہا تھا :

أَلاَ أَصْبَحَتْ أَسْمَاءُ فِي الخَمْرِ تَعْذِلُ،
وَتَزْعَمُ أَنِّي بِالِسَّفَاهِ مُؤَكَّلُ،

خبردار ! اسماء تو مجھے شراب کے متعلق ملامت کرنے لگ گئی ہے اس کا خیال ہے کہ میں حماقت ہی کا مرہون ہو کر رہ گیا ہوں

فَقُلْتُ لَهَا : كُفِّي عِتَابَكِ نَصْطَبِحْ
وَإِلاَّ فَبِيْنِي فَالتَغَرُّبُ أَمْثَلُ،

میں نے اُس سے کہا : عتاب بند کرے تاکہ ہم شراب پی لیں ورنہ جدا ہو جا (اس لیے کہ ایسے عالم میں) دوری ہی زیادہ مناسب ہے

Marfat.com

رہا حِجْر - حاء مہملہ کے نیچے زیر تو یہ دومۃ الجندل کے جنوب میں ہے ، یہیں ثمود کے گھر تھے -

مگر حَجْر - زبر کے ساتھ - یہ یمامہ میں شہر یمامہ کے قریب ہے اور یہ بنی حنیفہ اور مضر کے کچھ لوگوں کی منزل گاہ تھی - یہ بنی حنیفہ بکر بن وائل میں سے ہیں - انھی میں سے مسیلمہ کذّاب بھی تھا۔ ان کا تعلق قبیلہ ربیعۃ الفَرَس کے عرب مستعربہ سے ہے -

دومۃ الجندل کی عظیم عمارتوں میں سے ایک مارد تھا ، یہ سموأل بن عادیا الغسانی کا قلعہ تھا۔ اسی طرح ابلق بھی سموأل کا قلعہ تھا ، مگر مارد دومہ میں تھا اور سیاہ پتھروں کا بنا ہؤا تھا - ابلق یتماء کے علاقے میں تھا جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے ، یہ سیاہ و سفید پتھروں کا بنا ہؤا تھا - جزیرے کی [1] ملکہ ھند نے جو زَبّاء کے نام سے مشہور ہے ان دونوں قلعوں پر قبضہ کرنے کا ارادہ کیا تھا مگر جب قبضہ نہ کر سکی تو کہا :

تَمَرَّدَ مَارِدٌ وَعَزَّ الاَبْلَقُ

(مارد سرکش ہو گیا اور ابلق غالب رہا)

یہ قول ضرب المثل بن گیا -

صحرائے شام میں عربوں کی عمارتوں میں سے ایک " صرح الغدیر " ہے ، یہ حوران کے اطراف میں بلقاء کے قریب غسانی بادشاہوں کی [۲۱۲] عمارتوں میں سے ہے - اسے ثعلبہ بن عمرو بن جفنہ غسانی نے تعمیر کیا تھا - انھی میں سے قناطر ، اذرح ، اور قسطل ہیں اور یہ جبلہ بن الحارث بن ثعلبہ (جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے) کی عمارتوں میں سے ہیں - انھی میں سے حفیر ، مصنعہ ، قصر ابیر اور معان ہیں ، اور یہ بھی مذکورہ بالا حارث بن جبلہ کی عمارتوں میں سے ہیں - حارث خود بلقاء میں رہا کرتا تھا -

انھی میں سے قصرالغضا ، صفات العجلات ، اور قصر منار ہیں اور یہ

---

۱ - الوسی کے اس بیان سے تعجب ہوتا ہے کیونکہ زبّاء اسلام کے زمانے سے بہت پہلے ہوئی ہے اور ان قلعوں کا مالک سموأل امرؤ القیس کا دوست تھا اور امرؤ القیس اسلام سے تقریباً نصف صدی پہلے ہؤا ہے -

Marfat.com

عمرو بن الحارث مذکور کی عمارتوں میں سے ہیں ۔ کیونکہ اس نے دمشق اور اس کے اطراف میں متعدد بلند محل بنوائے تھے ۔ یہ تعمیرات انھی میں سے ہیں ۔

انھی میں سے قصر السویداء اور قصر حارب ہیں جنھیں نعمان بن عمرو نے (جس کا ذکر گزر چکا ہے) بنایا تھا ۔

انھی میں سے قصر برقع ہے ، جسے عمرو کے بھائی جبلہ بن الحارث کے لیے صحرا میں بنایا گیا تھا ۔ اسی نے تدمر بھی بنوایا تھا ، رہے قصر برکہ اور ذات انمار تو ان کے گورنر " قین " نے اس کے لیے بنایا تھا ۔ انھی میں سے جبلہ ایہمیہ ہے ۔ یہ ایک شہر ہے جسے غسان کے آخری بادشاہ جبلہ بن ایہم نے تعمیر کیا تھا ۔ یہی وہ جبلہ ہے جو عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے عہد میں اسلام لایا مگر بعد ازاں روم کے بادشاہ قیصر کے پاس چلا گیا اور عیسائی[1] ہو گیا پھر اس کے پاس مقیم رہا ۔ اس کا یہ قصہ مشہور ہے ۔ یہ بادشاہ شاہی قوت و غلبے میں ضرب المثل تھا چنانچہ کہا جاتا ہے اَعَزُّ مُلْکًا مِنْ جَبَلَۃَ بن الاَیْہم جبلہ بن ایہم سے بھی زیادہ طاقتور مملکت والا ۔

---

۱ ۔ محمد بہجہ اثری نے اس مقام پر ایک نوٹ دیا ہے جس میں لکھا ہے کہ ان کے استاد الوسی مؤلف کتاب بلوغ الارب نے انھیں بتلایا ۔ انھوں نے ابن الشجری کی کتاب " المختلف و المؤتلف " کے ایک قلمی نسخے میں دیکھا ہے کہ انھوں نے شدت سے اس بات کی تردید کی ہے کہ جبلہ عیسائی ہو گیا تھا ۔ اس پر بہجہ اثری کو اس بحث کے پڑھنے کا شوق ہوا تو الوسی نے بتلایا کہ انھوں نے اس واحد نسخے کو طبع کرانے کی غرض سے مصر کے کسی کتب فروش کے پاس بھیجا تھا مگر اس نے خیانت کی اور اس نسخے کو کسی مستشرق کے ہاتھ بیچ ڈالا اور اب یہ نسخہ یورپ کے کسی کتبخانے میں ہے ۔

Marfat.com

''جزیرۃ العرب کے وہ علاقے جو عراق کے آس پاس ہیں''

یاد رکھیں کہ بہت سے عرب عراق کی حدود میں شامل جزیرۃالعرب کی زمین میں آباد ہیں اور کچھ (اصل) عراق میں۔ مورخین کا اس میں اختلاف ہے کہ اس کا سبب کیا تھا ــ ابن خلدوں نے اپنی تاریخ میں عربوں کے تیسرے طبقے یعنی العرب التابعة للعرب پر بحث کرتے ہوئے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ بابل کے بادشاہ بخت نصر نے کچھ عربوں کو حیرہ میں آباد کیا تھا جس کی وجہ یہ تھی کہ تبابعہ اور دیگر لوگوں کے ساتھ اس کی جنگیں جاری رہتی تھیں۔ بخت نصر کی موت کے بعد یہ [۲۱۳] عرب وہاں سے منتقل ہو کر انبار چلے گئے اور پھر عراق کی زمین میں پھیل گئے۔ ہمدانی کتاب جزیرۃ العرب میں لکھتا ہے: تبع ابو کرب دوسری یورش کے لیے روانہ ہؤا اور جب حیرہ کے مقام پر پہنچا تو اس نے وہاں مالک بن فہم بن غنم بن دوس کو ساز و سامان کی حفاظت کے لیے چھوڑ دیا اور اس کے ساتھیوں میں سے جن لوگوں کے پاس سامان تھا سب اس کے ساتھ رہ گئے، اُن لوگوں کی تعداد بارہ ہزار تھی۔ اس نے ان سے کہا: اسی جگہ پر جمع ہو جاؤ (تَحَیَّرُوا هٰذَا الْمَوْضِعَ) لہٰذا اس مقام کا نام حیرہ پڑ گیا۔ یہ معنی عربوں کے اس قول سے لیے گئے ہیں تَحَیَّرَ الْمَاءُ إِذَا اجْتَمَعَ وَزَادَ (جب پانی جمع ہو کر بڑھ جائے تو تَحَیَّرَ الْمَاءِ بولتے ہیں) وَتَحَیَّرَ الْمَكَانُ بِالْمَاءِ إِذَا امْتَلَأَ (اور جب کوئی جگہ پانی سے بھر جائے تو بھی تحیرالمکان بالمَاءِ بولتے ہیں) چنانچہ مالک حیرہ کا پہلا بادشاہ اور ملوکِ حیرہ کا مورث تھا۔ ان کی بادشاہی حیرہ، انبار، هِیْت، اور اس کے نواح، عین التمر، براری غمیر کے اطراف، قطقطانہ اور حفیہ کے درمیان تھی۔ جس مقام پر حیرہ واقع تھا وہ نہایت پاکیزہ تھا، یہاں کی ہوا لطیف، پانی نہایت ہلکا، مٹی نہایت میٹھی، اور فضا نہایت صاف تھی، نہ اس قدر وسیع جس قدر ریف کا علاقہ ہے اور نہ اتنا پتھریلا کہ جس قدر

Marfat.com

پست زمین ہو سکتی ہے یہ کھیتوں ، باغوں ، اور بڑی بڑی منڈیوں کے ساتھ ملا ہؤا تھا ۔ کیونکہ یہ شہر صحرا کی بیرونی جانب سے ایسے مقام پر واقع تھا جہاں سمندری جہاز ہند اور چین وغیرہ سے آ کر لنگر انداز ہوتے تھے ۔ عراق میں حیرہ ایک علاقے کا نام تھا جس میں کوفے کے قریب ایک شہر بھی آباد تھا ۔

ہمدانی کو چھوڑ کر بعض دیگر مورخین کہتے ہیں کہ حیرہ صحرا کے کنارے اور عراق کی سر سبز سر زمین پر آباد تھا اور یہ کہ جب تبع یمن سے خراسان کی جانب روانہ ہؤا اور رات کے وقت اس مقام پر پہنچا تو حیران رہ گیا چنانچہ یہیں قیام کر لیا اور اس کو تعمیر کرنے کا حکم دیا ، اس وجہ سے نام حیرہ پڑ گیا ، پھر یہ نعمان بن منذر کی اولاد سے تعلق رکھنے والے لخمی بادشاہوں کا صدر مقام بن گیا ۔ منذر بن امرؤ القیس نے یہیں عیسائیت اختیار کی تھی ۔ اس نے عظیم الشان گرجے بنائے تھے ۔ ایک محل بھی کھڑا کیا تھا جس کا نام زوراء رکھا تھا ۔ نابغہ کے اس شعر میں یہی مراد ہے :

وَ تُسقَی اِذَا مَا شِئْتَ غَیْرَ مُصَرَّدٍ
بِزَوْرَاءَ فِیْ اَکْنَافِهَا المِسْکُ کَارِعُ

تجھے زوراء[1] کے مقام پر جب بھی تو چاہے سیر ہو کر شراب پلائی جائے گی ۔ زوراء کے اطراف میں گویا تو کستوری پیے گا ۔ (فضا اس قدر خوشبودار ہے)

---

۱ ۔ لسان العرب (مادہ ك ر ع) میں دوسرا مصراع یوں دیا ہے : بِصَهْبَاءَ فِی اکنافها المِسْکُ کَارِعُ ، پھر لکھا ہے : قال : الکارع الانسان ای انت المسک لانک انت الکارع فیها المسک ۔ مزید برآں اسی شعر کے متعلق (مادہ زور) میں لکھا ہے والزوراء داربالحیرة بناها النعمان بن المنذر ذکرها النابغة فقال : بِزَوْرَاءَ فِیْ اَکْنَافِهَا المسکُ کارع ، وقال ابو عمرو : زوراء ههنا مکوك من فضة مثل التلتلة ۔ چنانچہ اس کی تشریح میں ابو عمرو نے زوراء سے مراد پیالہ لیا ہے ۔

Marfat.com

انبار بھی عراق کا ایک شہر ہے جو نہر فرات کی مشرقی جانب واقع ہے ۔ اس کے اور بغداد کے درمیان تقریباً دس فرسنگ کا فاصلہ ہے ۔ اس کا یہ نام اس لیے پڑا کہ کسریٰ بادشاہ یہاں اپنا غلہ جمع کیا کرتے تھے ۔ فتح اسلامی کے بعد یہاں سے اہلِ علم کی ایک جماعت پیدا ہوئی ۔ جب حضرت سعد بن ابی وقاص رض نے کوفہ آباد کیا تو انھوں نے حیرہ کے لوگوں کو یہاں منتقل کر دیا جس کی وجہ سے حیرہ ویران ہو گیا ۔ کبھی یہاں زمانۂ جاہلیت کے عربوں کی عمارتوں میں سے عظیم الشان محل موجود تھے جن میں سے ایک محل کا نام خورنق تھا ۔ یہ کوفے کی بیرونی جانب حیرہ میں واقع تھا ۔ اسے سِنِمّار نامی ایک معمار نے بادشاہ نعمان اکبر بن امرؤ القیس اللخمی الملقب بالمحرق کے لیے بیس سال کی مدت میں تعمیر کیا تھا ۔ جب وہ تعمیر سے فارغ ہؤا تو بادشاہ مذکور نے [۲۱۴] اسے مکان کی چوٹی سے پھینک کر مار ڈالا تا کہ وہ کہیں ایسا ہی محل کسی اور بادشاہ کے لیے نہ بنا دے ۔ عربوں نے اس واقعے کو ضرب المثل بنا دیا اور کہا جَزَاہ جَزَاءَ سِنِمّارٍ (اس نے اسے وہی بدلہ دیا جو سنمار کو ملا تھا)

[۱] جَزَانِیْ جَزَاہُ اللّٰہُ شَرَّ جَزَائِہٖ
جَزَاءَ سِنِمَّارٍ وَمَا کَانَ ذَا ذَنْبٖ

خدا اسے بری جزا دے اس نے مجھے سنمار کی سی جزا دی حالانکہ وہ بے گناہ تھا

سِوَی رَصِّہٖ [۲] البُنْیَانَ عِشْرِیْنَ [۳] حِجَّۃً
یُعَلِّیْ عَلَیْہِ بِالْقَرَامِیْدِ وَالسَّکْبٖ

---

۱ - الوسی نے ان اشعار کے قائل کا نام نہیں دیا ۔ ابو عبید بکری نے شرح امالی میں قائل کا نام کلبی دیا ہے اور میمن نے پورا نام عبدالعزی بن امرؤ القیس بتایا ہے (شرح امالی : ۱ : ۴۰۵)

۲ - بلوغ الارب میں رضّہ (ضاد کے ساتھ) ہے اسے رَصِّہٖ (صاد مہملہ کے ساتھ) پڑھیں ۔

۳ - شرح امالی میں عشرین کی بجائے سبعین دیا ہے ۔

Marfat.com

اس کا صرف یہی گناہ تھا کہ وہ بیس سال تک اس عمارت کا پتھر کے ساتھ پتھر ملا کر رکھتا رہا اور اینٹیں اور تانبا لے کر اوپر جاتا رہا

فَلَمَّا رَأَى البُنْيَانَ تَمَّ سُحُوقُه،
وَأَضَ كَمِثْلِ الطَّوْدِ وَالشَّبَاذِخِ الصَّعْبِ

پھر جب اس نے دیکھا کہ عمارت اپنی مکمل بلندی کو پہنچ چکی ہے اور یہ عمارت ایک عظیم اور بلند و دشوار گزار پہاڑ کی طرح ہو گئی ہے

وَظَنَّ سِنِمَّارٌ بِهٖ كُلَّ حُبْوَةٍ[1]
وَفَازَلَدَيْهِ بِالشَّوَدَّةِ وَالقُرْبِ

تو اس وقت سنمار کو خیال آیا کہ اس کے بدلے میں اسے ہر طرح کے عطیے ملیں گے اور وہ بادشاہ کی دوستی اور قرب حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے گا

[2]رَمٰى بِسِنِمَّارٍ عَلَى أُمِّ رَأْسِهٖ
وذَاكَ لَعَمْرُ اللهِ مِنْ أَعْظَمِ الخَطْبِ

مگر بادشاہ نے سنمار کو سر کے بل پھینک دیا ، خدا کی قسم یہ تو بہت ہی برا کام تھا

اور سلیط بن سعد کہتا ہے

جَزَى بَنُوه أَبَا الغَيْلَانَ عَنْ كِبَرٍ
وَحُسْنِ فِعْلٍ كَمَا يُجْزَى سِنِمَّارُ

---

۱ - بلوغ الارب میں خیرة دیا ہے اسے حُبوَةٍ پڑھیں جیسا کہ شرح امالی میں ہے -

۲ - شرح امالی میں پہلا مصراع یوں دیا ہے : فقال : اَقذِفُوا بِالعِلْجِ مِنْ رَأْسِ شَاهِقٍ - (اس نے کہا کہ اس کافر کو ایک بلند جگہ کی چوٹی سے پھینک دو) -

Marfat.com

ابو الغیلان کو بڑھاپے میں اس کے بیٹوں نے اس کے حسن فعل کے عوض وہ جزا دی جو سنمار کو دی گئی تھی

یہ روایت بھی کی جاتی ہے کہ سنمار کے قتل کی وجہ کوئی اور ہی تھی - خورنق کے محل کا قصہ ابوالفرج اصفہانی کی کتاب الاغانی میں عدی بن زید کے حالات میں تفصیل سے قلمبند ہؤا ہے اور وہیں سلیط بن سعد کے حالات بھی مندرج ہیں -

کہا جاتا ہے کہ جب یہ بادشاہ تیس سال حکومت کر چکا تو ایک روز جبکہ اسی محل میں بیٹھے بیٹھے اس نے اپنی سلطنت ، مال اور خزانوں پر غور کیا ، یہ خزانے بہت زیادہ تھے ، تو کہنے لگا یہ مال جو آج میری ملکیت ہے اور کل ہی کوئی اور اس کا مالک بن جائے گا ، آخر اس میں کیا بھلائی ہوئی ، وہین اس نے بادشاہت ترک کر دی اور اپنے حاجبوں (دربانوں) کو دروازوں سے ہٹ جانے کا حکم دے دیا - جب رات کی تاریکی چھا گئی تو اس نے ایک کمبل اوڑھا اور کسی طرف کو نکل گیا اس کے بعد کسی نے اسے نہیں دیکھا -

ان عمارتوں میں سے ایک عمارت ''سَدِیْر'' ہے - یہ دوسرا محل ہے جسے نعمان اکبر نے تعمیر کیا تھا - انھی میں سے ایک قلعہ صنبر ہے - جسے امرؤالقیس بن نعمان اعور نے بنوایا تھا - کہا جاتا ہے کہ سنمار کا واقعہ جو اس بادشاہ سے متعلق ہے اسی محل کی تعمیر کے بعد پیش آیا تھا -

شعرا ان محلوں اور دیگر قدیم عربی عمارتوں کا ذکر بڑے شوق سے کرتے ہیں ، چنانچہ اسود بن یعفر کہتا ہے :

آھَلُ الخَوَرْنَقِ والسَّدِیْرِ وبَارِقٍ
والقَصْرِ ذِی الشُّرُفَاتِ مِنْ سِنْدَادِ

یہ لوگ خورنق ، سدیر ، بارق ، اور سنداد میں کنگروں والے محل میں رہنے والے تھے

Marfat.com

۱منخل یشکری [۲۱۵] نے قصیدہ کہا جس میں سے چند اشعار یہ ہیں ۔ انھی اشعار کی وجہ سے حضرت عمرؓ نے اسے معزول کر دیا تھا ۔

وَلَقَدْ شَرِبْتُ مِنَ الثُّمُدِ
ةِ بِالصَّغِيرِ وَ بِالْكَبِيرِ

میں نے چھوٹے کے ساتھ بھی شراب پی اور بڑے کے ساتھ بھی

وَإِذَا سَكِرْتُ فَإِنَّنِي
رَبُّ الْخَوَرْنَقِ وَالسَّدِيرِ

جب مست ہو جاتا ہوں تو میں خورنق اور سدیر کا مالک (نعمان) ہوتا ہوں

وَإِذَا صَحَوْتُ فَإِنَّنِي
رَبُّ الشُّوَيْهَةِ وَالْبَعِيرِ

مگر جب ہوش میں آتا ہوں تو میں (پھر وہی) چند بکریوں اور اونٹوں کا مالک ہوتا ہوں

یہ اشعار ایک لمبے قصیدے کا حصہ ہیں ۔ یہ منخل جاہلی زمانے کا شاعر تھا اور نعمان بن منذر کا ندیم تھا ۔ اسی نے نعمان بن منذر کے پاس نعمان کی بیوی متجردہ کے بارے میں نابغہ کی چغلی کھائی تھی چنانچہ نابغہ غسانی آل جفنہ کے یہاں چلا گیا تھا ۔

ابو العتاھیہ کہتا ہے :

---

۱ ۔ منخل بن حارث یشکری کا مکمل قصیدہ حماسہ صفحہ ۸۹ پر دیا ہے اور وہاں ان اشعار کے کہنے کا واقعہ بھی دیا ہے ۔ تعجب کی بات ہے کہ الوسی پہلے تو منخل کو حضرت عمرؓ سے معزول کراتا ہے پھر اسے جاہلی شاعر بھی قرار دیتا ہے ۔ ان دونوں باتوں میں کیسے مطابقت ہو سکتی ہے ۔ حالانکہ درحقیقت منخل ایک جاہلی شاعر ہے ۔ واقعہ دراصل یوں ہے کہ کسی اور نے منخل کے ان اشعار کو پڑھا تھا جس پر حضرت عمرؓ نے اسے معزولی کی سزا دی تھی ۔

Marfat.com

لَهْفِیْ عَلَی الزَّمَنِ القَصِیْرِ
بَیْنَ الخَوَرْنَقِ والسَّدِیْرِ

خورنق اور سدیر کے درمیان (جو وقت گزرا) مجھے اس مختصر سے وقت پر افسوس آتا ہے

اس سلسلے میں بہت سے شعر کہے گئے ہیں - ہم نے عراق کی بہت سی قدیم عمارتوں کا ذکر نہیں کیا - کتاب معجم البلدان میں اور اُن دیگر کتابوں میں ان کا ذکر موجود ہے جو اسی موضوع پر لکھی گئی ہیں -

یاد رکھیں کہ عراق جزیرۃ العرب میں شامل نہیں ہے اور سواد یعنی سواد کسریٰ جسے مسلمانوں نے حضرت عمر بن الخطاب کے عہد میں فتح کیا عراق ہی میں شامل ہے - اسے سواد اس لیے کہا گیا کہ یہاں درختوں اور کھیتوں کی وجہ سے سیاہی دکھائی دیتی ہے کیونکہ اس کی سرحد اس جزیرۃ العرب کے ساتھ ملی ہوئی ہے جہاں کھیتوں اور درختوں کی کمی ہے - جب وہ اپنی زمین سے نکل کر یہاں آتے تو انھیں کھیتوں اور درختوں کی سرسبزی دکھائی دیتی - اہل عرب ناموں میں سیاہی اور سبزی کو جمع کر لیتے ہیں جیسا کہ [1] الفضل بن العباس بن عتبہ بن ابی لہب کہتا ہے اور یہ سیاہ رنگ کا تھا :

وَأَنَا الأَخْضَرُ مَنْ یَعْرِفُنِیْ
أَخْضَرُ الجِلْدَةِ مِنْ نَسْلِ العَرَبْ

---

۱ - فضل بنی ہاشم کے شعرا اور فصحا میں سے تھا - اس کا رنگ نہایت سانولا تھا - اس نے جب یہ شعر کہا تو فرزدق مقابلے کے لیے تیار ہو گیا اور کپڑے اتار دیے مگر جب فضل نے اپنا نسب بیان کیا اور کہا :

برَسُولِ اللہ وابن عمہ
وبعباس بن عبدالمطلب

تو فرزدق نے فوراً کپڑے پہن لیے اور کہا : واللہ لا یُستَاجلک ، إلاّ مَن عضّ بِفعل أبیہ (شرح امالی : ۱۰۷)

Marfat.com

میں سیاہ ہوں - جو لوگ مجھے جانتے ہیں انھیں معلوم ہے کہ میں عربی نسل سے ہوں اور سیاہ کھال والا ہوں

لہٰذا انھوں نے عراق کی سرسبزی کو سیاہی کہا - عراق کو عراق اس لیے کہا گیا ہے کہ یہاں کی زمین ہموار ہے ، اس لیے کہ بلند پہاڑوں اور پست وادیوں سے خالی ہے اور عربوں کے یہاں عراق یکسانیت کو کہتے ہیں - شاعر کہتا ہے :

سُقْتُمْ اِلَی الحَقِّ لَهُمْ وسَاقُوا
سِيَاقَ مَنْ لَيْسَ لَهٗ عِرَاقُ

تم نے جانوروں کو حق کی طرف ہانکا اور انھوں نے بھی ہانکا ہر اس شخص کی طرح جس میں یکسانیت نہ پائی جاتی ہو

بعض کہتے ہیں کہ اس کا نام عراق مشکیزے کے عراق سے تشبیہ کے طور پر پڑا اور عراق مشکیزے کی نچلی جانب لمبی سلائی کی جگہ ہے - بعض کہتے ہیں کہ عراق جمع ہے عرق کی کیونکہ اس زمین میں [۲۱۶] کھجور کے درختوں اور دیگر درختوں کی جڑیں ایک دوسرے کے اندر چلی گئی ہیں (لہٰذا عراق کہلایا) -

طول میں سواد کی حد حدیثۃ الموصل سے عبادان تک ہے اور عرض میں عُذَیب القادسیہ سے لے کر حلوان تک ، چنانچہ اس کی لمبائی ایک سو ساٹھ فرسنگ ہے اور عرض اسّی فرسنگ - عراق کا علاقہ عرض میں اس تمام علاقے پر مشتمل ہے جسے عرف عام میں سواد کہا جاتا ہے مگر طول میں سواد سے کم ہے اس لیے کہ اس کی ابتدا دجلۃ العلث کی مشرقی جانب سے ہوتی ہے اور مغربی جانب حربی ہے - اس کے بعد یہ بڑھتا ہؤا جزیرہ عبادان کی بصرہ کی آخری عمل داری تک چلا گیا ہے - اس طرح اس کا طول ایک سو پچیس فرسنگ ہوگا جو عراق کی لمبائی سے پینتیس فرسنگ کم ہے اور اس کا عرض مع ان علاقوں کے جو عرف میں اس کے ماتحت آتے ہیں اسّی فرسنگ[1] ہے -

---

۱ - بلوغ الارب میں فرسا چھپا ہے اسے فرسخا پڑھیں

Marfat.com

قدامہ بن جعفر کہتا ہے : اس طرح اس کا کل رقبہ دس ہزار فرسنگ ہوگا، ہر فرسنگ بارہ ہزار گز ذراع [1] مرسلہ کی پیمائش سے اور پیمائش کے گز سے دیکھیں (اور اسی کو ہاشمی گز کہتے ہیں) تو نو ہزار گز ۔ اسے جب اتنے میں ضرب دیں تو ایک فرسنگ در ایک فرسنگ کا رقبہ بائیس ہزار پانچ سو جریب ہوگا اور جب اسے کل فرسنگوں میں ضرب دی جائے یعنی دس ہزار فرسنگ میں تو کل رقبہ بائیس کروڑ پانچ سو جریب ہوگا، جس میں سے تخمیناً ایک تہائی کے قریب ٹیلوں ، پہاڑیوں ، شور زمینوں ، جنگلوں ، سڑکوں ، شاہراہوں ، دریاؤں کی تلہٹیوں ، شہروں اور دیہاتوں کے کھلے میدانوں ، چکیوں کی جگہوں ، ڈاکخانوں ، پلوں ، شامیانوں ، بندرگاہوں ، نیستانوں ، اینٹوں کے بھٹوں وغیرہ کی وجہ سے نکل جائے گا اور یہ ایک تہائی سات کروڑ پچاس لاکھ جریب ہوگا ۔ جس میں سے آدھا حصہ مزروعہ ہے اور باقی آدھا جانوروں کے چرنے کے لیے ۔ اس کے علاوہ تمام علاقے کے اندر کھجوریں ، انگور کی بیلیں اور درخت ہیں ۔ قدامہ نے عراق کی جو پیمائش بتائی ہے اگر اس کے ساتھ سواد کی باقی ماندہ زمین سے جو حصہ بچ گیا ہے ملا دیا جائے یعنی پینتیس فرسنگ تو اس کی پیمائش تقریباً ایک چوتھائی زیادہ ہو جائے گی ، اور وہ سواد کی اس زمین کا کل رقبہ ہوگا جو زراعت اور درخت لگانے کے قابل ہے ۔ سارے کے سارے علاقے کی پیمائش کرنا ناممکن ہے ۔ بعض اوقات بے شمار علاقے عوارض اور حوادث کی وجہ سے بے کار ہو جاتے ہیں ۔ کہا جاتا ہے کہ کسریٰ بن قباذ کے عہد میں سواد عراق کا رقبہ پانچ کروڑ ایک لاکھ جریب تک پہنچ گیا تھا اور وہاں کل [۲۱۷] پیداوار اٹھائیس کروڑ درہم ہوتی ہے [1] سات کے وزن کے اعتبار سے اس لیے کہ کسریٰ ہر جریب پر ایک درہم اور ایک قفیز لیا کرتا

---

۱ - لسان العرب میں ہے : وقولهم اخذت منه مائة درهم وزناً وزن سبعة المغنی فیه ان کل عشرة منها تزن سبعة مثاقیل لأ نهم جعلوها عشرة دراهم ۔ وزن سبعہ وہ ہے جس میں سات مثقال دس درہموں کے برابر ہوں ۔

Marfat.com

تھا جس کی قیمت مثقال کے وزن سے تین درہم بنتی تھی ۔ حضرت عمرؓ کے عہد میں یہاں کی مزروعہ زمین کا رقبہ تین کروڑ بیس لاکھ جریب سے لے کر تین کروڑ چھتیس لاکھ جریب تک تھا ۔ آج کل عراق کی اکثر زمینیں بنجر اور بیشتر شہر ویران پڑے ہیں ۔

بکر بن وائل ، ربیعہ اور مضر کے مسکن

بعض مورخین کا بیان ہے کہ یمن کے عربوں کے تین قبیلے بکر ، ربیعہ اور مُضَر سیل عرم کے حادثے میں یمن سے ہجرت کرکے شمالی علاقے میں دجلہ اور فرات کے درمیان جسے جزیرہ کہا جاتا ہے آباد ہو گئے تھے ۔ جب سے اس علاقہ کا نام دیار بکر ، دیار ربیعہ اور دیار مضر پڑ گیا ۔ اسی علاقے میں دریائے خابور بہتا ہے اور اسی مقام پر [1] ولید بن طریف تغلبی قتل ہؤا اور اس کی بہن لیلٰی نے اس کے مرثیے میں اشعار کہے جن میں سے ایک شعر یہ ہے :

أَيا شَجَرَ الخَابُورِ مَالَكَ مُوْرِقاً
كَأَنَّكَ لَمْ تَحْزَنْ عَلَى ابْنِ طَرِيفِ

اے خابور کے درخت کیا بات ہے تیرے تو پتے نکل رہے ہیں ۔ یوں معلوم ہوتا ہے جیسے تجھے ابن طریف کے مرنے کا کوئی غم ہی نہیں

اس علاقے کے صحرا گھاس اور پھولوں سے بھرے پڑے ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ آل بکر بن وائل نے اس علاقے کو اپنا مسکن بنا لیا ۔ یہاں پرندے بھی بکثرت پائے جاتے ہیں ، آپ انہیں شمار نہیں کر سکتے ۔ کوئی

---

۱ ۔ ولید بن طریف خارجیوں کا مشہور سردار تھا ۔ ہارون الرشید کے عہد میں اس نے ملک میں بدامنی پھیلا رکھی تھی ۔ رشید نے اس کے خلاف یزید بن مَزْیَدْ کو بھیجا جس نے کافی عرصہ کی تگ و دو کے بعد اسے ۱۷۹ھ میں قتل کیا ۔ اس کے مرنے کے بعد اس کی بہن فارعہ نے جنگی لباس پہن کر جنگ کی اور اپنے بھائی کے کئی ایک مرثیے کہے (شذرات : ۱ : ۲۸۸ - ۲۸۹)

Marfat.com

بھی پھول ہو جسے سونگھنے والی ناک نے کہیں سونگھا ہو وہ اس کے باغات میں اُگا ہؤا ہوگا اور جونسا پرندہ بھی وہم کے خیال میں آ سکتا ہو وہ یہاں کے جنگلوں کی فضا میں جولاں نظر آئے گا۔ مگر آج کل اسی قوم کے وہ لوگ جو گزشتہ زمانے میں تھے یہاں آباد نہیں بلکہ مختلف ملتوں اور مختلف جنسوں کے لوگ بس رہے ہیں ۔ ان میں سلف کی خاصیتیں نہیں پائی جاتیں ، یہ گزشتگان کی سی فصاحت کے بھی مالک نہیں ، پاک ہے وہ خدا جس نے بکر کے گھروں کو ان لوگوں سے خالی کر دیا جو اس کے ادب کو اور بہار کے پھولوں کو دیکھا کرتے تھے اور انھیں اس طرح چٹیل میدان بنا دیا کہ اب وہاں کوئی ایسا شخص پایا ہی نہیں جاتا جو عربوں کے کلام کو تفہیم کا ذریعہ بنائے ۔ حالانکہ یہاں کئی ادیب ہوئے جن کی نظم و نثر میں مٹھاس تھی ۔ کئی ایک دانشور پیدا ہوئے جنھوں نے صحیح رائے کی کمان سے تیر چلائے ۔ خدا ان کے ہاتھ شلّ نہ کرے ۔ حوادث دہر نے انھیں اپنے گھروں سے نکال کر اس طرح بکھیر دیا جس طرح تیر ترکش سے نکل کر بکھر جاتے ہیں اور انھیں ان کی مرضی کے خلاف قبروں کے دیوان میں مٹی کے تودوں کے نیچے اکٹھا کر دیا ، خدا ان کی خاک نمناک کو سیراب کرے جس سے ان کے دارالاقامت میں خیر [۲۱۸] و برکت پیدا ہو ۔

وہاں ایک شہر ہے جو جاہلی زمانے کے بعد وجود میں آیا ۔ اسے آج کل ”آمد“ کہتے ہیں ۔ یہاں کی ہوا کو کوئی جسم پسند نہیں کرتا ۔ یہ ہوا [1] شظاظ سے بھی زیادہ راہزن صحت ہے اور اعصاب میں اس طرح سرایت کر جاتی ہے کہ معانی بھی الفاظ میں اس طرح سرایت نہیں کرتے ۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں کی چراگاہ میں بخار مقیم رہتا ہے اور امراض ہر گھر میں چکر لگاتے رہتے ہیں ۔ ابھی شیرخوار بچے کی عمر ایک سال کی نہیں ہو پاتی کہ بخار اسے گود کے پنگھوڑے میں جھنجھوڑنے لگ جاتا ہے ۔ چنانچہ یہاں کے بیشتر لوگ یہاں تک کہ نوجوان بھی پیلے رنگ کے ہیں ۔ یوں معلوم ہوتا

---

۱ ۔ شظاظ : یہ ایک ڈاکو تھا جو مالک بن ریب کے ساتھ مل کر ڈاکہ زنی کیا کرتا تھا ۔

Marfat.com

ہے گویا وہ قبروں سے نکل کر آئے ہیں ۔ تجھے ان میں کوئی ایسا شخص دکھائی نہ دے گا جو اپنی جوانی کے گھاٹ پر پیاسی آنکھوں سے وارد ہؤا ہو بجز ایک یا دو آدمیوں کے ۔ زمانہ کبھی غلطی سے ایسا بھی کر دیتا ہے کہ دیگر ممالک کی عورتوں کی طرح ایک عورت جس میں خوبصورتی کے آثار پائے جاتے ہوں مگر پیشتر اس کے کہ وہ تبسم ریز ہو بیماریاں اسے رُلانا شروع کر دیتی ہیں اور دکھ درد چھو کر اسے بیماری کے بستر پر لٹا دیتے ہیں ۔ میرے بزرگوار دادا نے ان ممالک سے گزرتے ہوئے اس مقام کی اسی طرح تعریف کی ہے ۔ پھر تھوڑا سا آگے چل کر فرماتے ہیں : یہاں کے باشندوں کے خیال کے مطابق یہاں کی ہوا کے متغیر ہونے کی وجہ اندرونی حالت کے علاوہ اطراف کا مزید متعفن ہونا بھی ہے ۔ چنانچہ یہاں کے محلول میں تجھے اس قدر بدبودار پانی ملے گا جو مردوں کی پیپ سے بھی زیادہ بدبودار ہوگا اور ایسے دلدل ملیں گے جن کے حالات ان گندگیوں کی وجہ سے دگرگوں ہیں جو ان کی سطحوں کے اوپر جاگزیں ہیں ۔ ان لوگوں کے چشموں کنووں وغیرہ کا بھی یہی حال ہے ۔ ان پانیوں میں مردار ہی مردار پائے جاتے ہیں ۔ اسی طرح یہاں کے باشندوں کے خیال کے مطابق یہاں کی فصیل کی بلندی بھی ان امور کے اسباب میں سے ایک سبب ہے ۔ حالانکہ بادی النظر میں یہ کوئی قابل قبول وجہ نہیں ہو سکتی ۔ پانی ایسا بدمزہ اور بدبودار ہے جسے عقلوں کے منہ پینا پسند نہیں کرتے ۔ یہ بھی بعید نہیں کہ فصیل کی بلندی اس علاقے کے اندر ہوا کے رکے رہنے کا سبب ہو جس سے تعفن بڑھ جانے کی وجہ سے تکلیف بڑھ جاتی ہو ۔

پھر فرماتے ہیں : آمد کی شمالی جانب اس شہر کے عین بالمقابل عیسائیوں کی ایک بستی ہے جس کا نام قطر بل ہے اور ان دونوں کے [۲۱۹] درمیان دریائے دجلہ ۔ خدا کی قسم ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے دائرہ نصف النہار ۔ یہ شہر قطر بل بغداد نہیں جس کا ذکر ایک ضعیف الاسناد حدیث میں آیا ہے ۔ یہ ایک شراب خانہ تھا جہاں ہر قسم کی شراب پائی جاتی تھی اور یہاں سے ارد گرد کے علاقوں کو لے جائی جاتی تھی ۔ پھر ایک عرصہ گزر جانے کے بعد یہاں کی اصلی حالت دگرگوں ہو گئی اور

Marfat.com

شراب کی دکانوں پر موت غالب آ گئی ، انگور کی بیلیں خشک ہو گئیں ، شراب کے مٹکے ٹوٹ گئے ، اور شب و روز کے محتسب نے ان کا صرف افسانہ ہی باقی رہنے دیا جسے حروف کے پیالوں میں قلموں کے ساقی کتابوں کی دکانوں میں گرداں رکھتے ہیں ۔

زَمَانٌ بِمَافِیہِ انْقَضٰی فَھُوَ مَاتَرٰی
اَحَادِیْثُ تَجْلُوہ عَلَی السَّمْعِ اَفْوَاہ

زمانہ اور جو کچھ اس میں تھا سب گزر گیا اب صرف افسانے رہ گئے جنھیں لوگوں کے منہ کانوں پر جلوہ افروز کرتے ہیں ۔
بیان مقصود ختم ہؤا ۔

اس علاقے کے بعض اطراف میں بنو مضر کے بھی کچھ افراد پائے جاتے ہیں اور یہ وہ عرب ہیں جن کا تعلق قبیلہ طَے سے ہے ۔ اس علاقے میں جو شہر تھے اُن میں سروج ، رقہ اور رحبہ مالک بن طوق شامل ہیں ۔ مالک بن طوق ہارون الرشید کی فوج کے سپہ سالاروں میں سے تھا ۔ ایک شہر قرقیسیا ہے ۔ ہند بنت ریان کا شہر ہے جس نے جذیمہ الابرش کو قتل کیا تھا ۔ کبھی یہ شہر دیار مضر میں شامل تھا ۔ اس جزیرے کے شہروں میں ایک شہر ” دارا “ بھی ہے جس کے تباہ کرنے کے لیے سکندر فنا کے کئی پیالوں کو گردش میں لایا ۔ ایک شاعر اس شہر کے متعلق کہتا ہے :

وَلَقَدْ قُلْتِ لِرَحْلِی
بَیْنَ حَرَّان وَدَارَا
اِصْبِرِی یَا رَحْلُ حَتّٰی
یَرْزُقَ اللّٰہُ حِمَارَا

حَرّان اور دارا کے درمیان میں نے اپنے پالان (بیوی) سے کہا صبر کرو تاآنکہ اللہ ہمیں گدھا عطا کر دے

انھی میں سے ایک شہر ” نصیبین “ ہے ، یہ دیار ربیعہ میں ہے ۔

Marfat.com

یہاں سفید گلاب خاص طور پر پایا جاتا تھا ، ایک بھی سرخ گلاب پایا نہ جاتا تھا ۔ سفید گلاب وہاں سے دور دراز علاقوں کو بھیجا جاتا تھا ۔ اس شہر میں دو دریا بہتے ہیں ایک سیاہ ، دوسرا سفید ۔ یہ دونوں آپس میں مل جاتے ہیں مگر اس کے بعد پھر ان کی دو شاخیں ہو جاتی ہیں ۔ ان دونوں دریاؤں سے کسانوں اور دوسرے لوگوں کو بہت فائدہ پہنچتا ہے ۔ ان دونوں دریاؤں پر ایک پل ہے جس کی لمبائی تقریباً ایک سو ہاتھ ہے ۔ جس کی بلندی پانی کی سطح سے زیادہ سے زیادہ چھ ہاتھ یا کچھ اوپر ہے ۔ پل کے نیچے سے پانی بڑی تیزی سے بہتا ہے اور جو پانی کھیتوں کو سیراب کرنے کے بعد اس میں رہ جاتا ہے وہ خابور میں گرتا ہے اور بالآخر فرات کے پانی کے ساتھ مل جاتا ہے ۔ یہاں کے پانی کے ناقص ہونے اور ہوا کے خراب ہونے کی وجہ سے یہاں اکثر لوگوں کو بخار رہتا ہے ۔ یہاں تک بیان کیا [۲۲۰] جاتا ہے کہ چڑیوں کا مردہ ہو کر درختوں سے گر پڑنا لوگوں کے مشاہدے میں آتا رہتا ہے ۔ اگر یہ بات نہ ہوتی تو یہ شہر وسیع ترین شہروں میں سے ہوتا اور اسے غوطہ دمشق شام سے بھی زیادہ خوشنما سیرگاہ شمار کیا جاتا ، کیونکہ یہاں کی زمین اس قدر فصل پیدا کرتی ہے کہ کسی اور زمین سے حاصل نہیں ہوتی ۔ مشہور ہے کہ کبھی یہ شہر ایک وسیع شہر ہؤا کرتا تھا ۔ مگر پھر اس قسم کی مصیبتوں اور لیل و نہار کے حوادث کی فوجوں نے اس کا گلا گھونٹ دیا ۔ آج کل یہ شہر صرف تین سو پچاس گھروں پر مشتمل ہے ۔

دجلہ کی مغربی جانب ایک چھوٹی سی بستی ہے جسے ''جزیرہ ابن عمر'' کہا جاتا ہے ۔ [۱] ابن اثیر جزری اور دیگر فاضل علما جن کی تالیفات سے زمانے کا سینہ مزین ہے یہیں کے تھے ۔ مگر یہاں ان کے تذکرے کا موقع نہیں ۔ یہ ہلالی شکل کا شہر ہے مگر اس میں نہ کوئی نور ہے اور

---

۱ - ابن اثیر جزری : عزالدین ابن الاثیر الجزری مشہور محدث اور مؤرخ ، کامل ، اسد الغابہ اور اللباب ان کی تالیفات میں سے ہیں ۔ ۵۶۳۲ھ (۱۲۳۴ء) میں وفات پائی ۔

Marfat.com

نہ کوئی خوبی ، اس کی وجہ یہاں کی ہوا کا مضر صحت اور اس کے اطراف کا بدنما ہونا ہے ۔ اگر دجلہ اس پر مہربان نہ ہوتا تو اسے اس کے اوپر سے گزر کر درحقیقت جزیرہ بنا دیتا ۔ ابن عمر جس کی طرف یہ منسوب ہے اور جس پر اس کی شہرت کا دار و مدار ہے بعض کے قول کے مطابق [1]یوسف بن عمر ثقفی تھا ۔ معجم البلدان میں ہے " جزیرہ ابن عمر " میرے خیال میں پہلا شخص جس نے اس شہر کو آباد کیا حسن بن عمر ، بن الخطاب التغلبی تھا ، یہ ۲۵۰ھ میں وہاں کا حاکم تھا " ۔ بیان ختم ہؤا ۔ ابن المستوفی کی تاریخ میں ہے " ابنا عمر : اوس اور کامل دونوں عمر بن اوس تغلبی کے بیٹے تھے اور اس جزیرے کو انھی دو شخصوں کی طرف منسوب کیا جاتا ہے " ۔ بیان ختم ہؤا ۔ تاریخ ابن خلکان میں بھی اس کے متعلق کچھ مندرج ہے مگر قابل اعتماد بیان وہی ہے جو معجم البلدان میں مسطور ہے ۔ تاریخ المستوفی کا بیان بعید از قیاس معلوم ہوتا ہے مختصر یہ کہ ابن یہاں مفرد ہے تثنیہ نہیں ہے ۔ واللہ اعلم

اس جزیرے میں جو دجلہ اور فرات کے درمیان ہے عربوں کی آبادیوں میں سے ایک آبادی موصل ہے ۔ ربیعہ اور مضر کی اولاد میں سے بہت سے عرب قبائل اس شہر میں اور اس کے نواح میں آباد ہو گئے تھے ۔

اللباب میں لکھا ہے : " موصل میم پر فتحہ ۔ واؤ ساکن ، صاد مہملہ کے نیچے کسرہ ، اور آخر میں لام ہے یہ جزیرے کے درجہ چہارم میں واقع ہے ، اور دجلہ کی مغربی جانب کنارِ دجلہ پر ہے ۔ بیان ختم ہؤا ۔ حضرت عمرؓ کے زمانے میں اس کا فاتح بعض لوگ [2]حضرت عیاض بن غنم اشعریؓ کو بتاتے ہیں اور بعض [3]حضرت خالد بن الولیدؓ کو جنھوں نے اسے بزور فتح کیا ۔ اس کا نام جیسا کہ مشہور ہے اس لیے موصل پڑا

---

۱ ۔ یوسف بن عمر الثقفی ۱۲۷ھ میں قتل ہؤا ۔

۲ ۔ عیاض بن غنم الاشعری ۔ یہ ابو عبیدہ کے شام میں نائب تھے ۔ ۲۰ھ میں وفات پائی ۔

۳ ۔ خالد بن الولید ؛ ساٹھ سال کی عمر میں ۲۱ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

کہ نوح علیہ السلام نے ، پہنچ کر پانی کی گہرائی ناپی تو گہرائی ناپنے کا آلہ زمین تک پہنچ گیا ۔ مراصد میں ہے : اس کا نام اس لیے موصل پڑا کہ یہ جزیرے اور فرات کو ملاتا ہے " ۔ بعض کہتے ہیں کہ دجلہ اور فرات کو ملاتا ہے ۔ بعض کہتے ہیں کہ " بلد " اور " حدیثہ " کو ملاتا [۲۲۱] ہے ۔ بعض کہتے ہیں کہ جس بادشاہ نے شہر بنایا اس کا نام موصل تھا " ۔ بیان ختم ہؤا ، اور اس نے ان مذکورہ بالا بیانات میں سے کسی کو یقین کے طور پر بیان نہیں کیا ۔ واللہ اعلم ۔ موجودہ آباد موصل کے قریب ایک مقام ہے جسے موصل قدیم کہا جاتا ہے ۔ جس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ اس وقت جو آباد موصل ہے وہ حال ہی کا بنا ہؤا ہے ۔ معجم البلدان میں جو بیان مسطور ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قدیم موصل دراصل یہی نیا موصل ہے ۔ اسے قدیم شاید اس لیے کہا گیا کہ یہ آج کل ویران پڑا ہے ۔ میرے دادا بزرگوار اس شہر سے گزرے تھے ، انھوں نے اپنی کتاب غرائب الاغتراب میں اس شہر کو عمدہ اوصاف کا مالک قرار دیا ہے ۔ وہ فرماتے ہیں : یہاں کا پانی میٹھا ، مٹی اور ہوا عمدہ ، کھانا خوشگوار ، پانی ہاضم ، شہروں میں سے بہترین شہر اوران کی ناف ، شہروں کا روشن چہرہ اور چمکدار پیشانی ۔ یہاں سال میں دو بار موسم بہار آتا ہے ، لہذا یہ شہر دو ربیعوں کی ماں ہے ۔ یہاں کی اراضی کی جنس دو فصلوں میں اٹھتی ہے ۔ یہاں کے باشندے گدلے پن کے عارضے سے پاک ہیں ۔ یہ شہر ان دلھنوں کی طرح ہے جو زیور اور آرائش سے مزین ہوں ، اور اُن گانے والیوں کی طرح ہے جنھوں نے منقش اور ریشمی لباس پہن رکھا ہو ، قالین اور چادریں بچھا رکھی ہوں اور یمنی چادریں اور باریک کپڑے پھیلائے ہوئے ہوں ۔

كَاَنَّ نَسِيْمَ الرِّيحِ فِي جَنَبَاتِهَا
نَسِيْمُ حَبِيْبٍ اَوْلِقَاءُ مُؤَمَّلِ

اس کے اطراف میں باد نسیم یوں معلوم ہوتی ہے جیسے محبوب کی نسیم یا اس شخص سے ملاقات جس کی آمد کی امید کی جاتی ہو

Marfat.com

اس میں اگر کوئی عیب ہے تو یہ کہ موسم ربیع میں سرداروں کی سبز پگڑیاں چرا کر یہاں کے مکانوں کی چھتوں پر پھیلا دیتا ہے اور انھیں بیچتا ہے اور کہتا ہے : دو ربیعوں کی ماں کو کوئی گرفت نہیں خواہ وہ ریجانتین کے بیٹوں کی بھی پگڑیاں کیوں نہ چرا لے - اپنی جان کی قسم جو شخص بھی اس شہر کو آزمائے یا اس کا امتحان کرے وہ یقیناً یہی فیصلہ دے گا کہ اس کے باغوں کے مقابلے میں ہر باغ کوڑی ہے - یہاں علمائے محققین اس طرح اُگتے ہیں جس طرح گل بابونہ اور گل نسرین اُگتے ہیں - نیک لوگ یہاں سے اس طرح نمودار ہوتے ہیں جس طرح پھول نکلتے ہیں - یہ بات اسی طرح اظہر من الشمس ہے جس طرح یہ امر محقق ہے کہ کل ضرور آئے گا ، یہ اس سے بھی زیادہ محقق بات ہے - لہٰذا اس کی دلیل پیش کرنے کی کوئی ضرورت نہیں :

وَلَیْسَ یَصِحُّ فِی الْاَعْیَانِ شَیْئٌ
سِتٰی احْتَاجَ النَّھَارُ اِلَی دَلِیْلٍ

[۲۲۲] جب دن کو ثابت کرنے کے لیے بھی دلیل کی ضرورت پڑ جائے تو پھر دنیا کی کوئی چیز بھی صحیح ثابت نہیں ہو سکتی -

جسے زکام نہ ہؤا ہو اسے " نفحة الشامہ " ان میں سے چند مشہور علما کی بارگاہ میں لے جائے گی ،- " الروض النضر " میں بھی اُن فاضلوں کی مہک پائی جاتی ہے جنھوں نے اپنے زمانے کی عمدہ چادر زیب تن کی تھی ، یہاں کے باشندوں میں سے وہ جو دنیا کے عالموں پر فوقیت لے گئے شمار نہیں کیے جا سکتے اور علمائے عراق میں سے انصاف پسند لوگوں کے نزدیک یہ بات بدیہیات اولیہ میں سے ہے - چنانچہ اس بارے میں کوئی سے دو عالموں کے مابین کسی قسم کا اختلاف یا نزاع نہیں -

جزیرے کے شہروں میں سے ایک شہر " عانات " ہے - یہ فرات کے کنارے کا ایک شہر ہے - جہاں نخلستان اور درخت بہتات سے پائے جاتے ہیں اور جہاں کا پانی میٹھا اور ہوا عمدہ ہے - یہ شہر قدیم زمانے میں عمدہ شراب کی وجہ سے مشہور تھا جیسا کہ شاعر کے اس شعر سے معلوم ہوتا ہے -

Marfat.com

أمِنْ بَابُلٍ آمْ مِنْ لَوَاحِظِكِ السِّحْرُ
وَمِنْ عَانَةٍ آمْ مِنْ مَرَاشِفِكِ الخَمْرُ،

کیا یہ تمھاری آنکھوں کا جادو ہے یا بابل کا ، کیا یہ تمھارے ہونٹوں کی شراب ہے یا عانہ کی

وَهَلْ مَا أَرَاهُ المَوْتُ أَمْ حَادِثُ النَّوَى
وَهَلْ هُوَ شَوْقٌ بَيْنَ جَنْبَيَّ آمْ جَمْرُ،

کیا جو کچھ میں دیکھ رہا ہوں موت ہے یا تمھاری جدائی کا حادثہ اور کیا میرے دونوں پہلوؤں میں (محبوبہ کا) عشق ہے یا انگارے

آج کل حوادثِ زمانہ نے وہاں کے باشندوں کو توڑ کر رکھ دیا ہے ۔ ان حوادث نے اُن کی حالت یہ کر دی ہے کہ وہ اب اچھے برے میں تمیز ہی نہیں کر سکتے ۔ اُن پر وہ وہ مصیبتیں ٹوٹیں کہ آخر ان کا شہر " عانات " بستیوں کے لیے باعث ننگ ہو کر رہ گیا ہے ۔

بات ہے بھی اسی طرح ۔ اس جزیرے میں بہت سے قدیم شہر اور بستیاں ہیں جہاں جاہلیت کے زمانے میں عرب مقیم تھے ۔ ابو عبید البکری نے اپنی کتاب " معجم ما استعجم " میں ان کا مفصل ذکر کیا ہے اور یاقوت حموی نے معجم البلدان میں ۔ ان کے علاوہ اور بہت سی کتابیں ہیں جو اس موضوع پر لکھی گئیں ۔ واللہ الموفق

بعض وہ مقامات جن کا ذکر عموماً شعرا کی زبان پر رہتا تھا

عہدِ جاہلیت کے بہت سے شعرا اور اسی طرح دیگر شعرا اپنے بعض اشعار میں ان مقامات کا ذکر کرتے رہے ہیں جو انھیں اچھے لگے ۔ جن کی رونق کو دیکھ کر وہ سر تا پا حرکت میں آ جاتے تھے ، مثلاً تمام وہ شہر جو " برقہ ، یا دارہ " کے نام سے مشہور تھے ۔ اسی انداز پر باغات اور سیرگاہیں ۔ بعض ادیبوں نے خاص اس موضوع پر کتابیں لکھی ہیں ، اس ضمن میں ہم بھی کچھ باتیں بیان کرتے ہیں تاکہ ایک مثال پا

Marfat.com

نمونہ ذی فہم لوگوں کی نگاہوں کے سامنے آ جائے۔

" دارات " کو لیجیے ، یہ " دارة " کی جمع ہے جس کے معنی دار (گھر) کے ہیں ۔ مگر " دارة " میں خاص معنی پائے جاتے ہیں جو " دار " میں نہیں پائے جاتے ۔ چنانچہ ہر دارہ کو دار کہہ سکتے ہیں مگر ہر دار کو دارہ نہیں کہہ سکتے ۔ دارات عرب جزیرہ کے ساتھ مخصوص ہیں اور یہ سب کے سب سفید میدان ہیں ۔ جہاں اونٹ کٹار ، صلیل نامی [۲۲۳] بوٹی اور خوشبودار گھاس اُگتی ہے ۔ قاموس کے مصنف نے ان کی تعداد ایک سو سے زائد تک پہنچا دی ہے ۔ اس نے دعویٰ کیا ہے کہ کوئی دوسرا شخص باوجود جستجو و تحقیق اتنے نام اکٹھے نہیں کر سکا ۔ اس کے بعد اس نے جس جس کی طرف " دارات " منسوب ہوئے ان سب کا حروف کی ترتیب کے ساتھ ذکر کر دیا ہے ۔ وہاں سے دیکھ لیں ۔ شیخ ابوالحسین احمد بن فارس نے اسی نام کی ایک کتاب ان مقامات کے متعلق لکھی ہے ، میں نے چاہا کہ میں ان میں سے چند ان مقامات کا ذکر کروں جن کا ذکر میں نے اشعار میں پایا ہے اور وہ یہ ہیں :

دارة جُلْجُل ۔ امرؤ القیس کہتا ہے :

أَلَا رُبَّ يَوْمٍ لَكَ مِنْهُنَّ صَالِحٍ
وَلَا سِيَّمَا يَوْمٌ بِدَارَةِ جُلْجُلِ

تو نے کئی ایک اچھے دن محبوباؤں کے ساتھ گزارے بالخصوص دارة الجُلْجَل کا دن

دارة صُلْصُل ۔ جریر کہتا ہے :

وَلَمَّا حَلَّ أَهْلُكِ يَا سُلَيْمَى
بِدَارَةِ صُلْصُلٍ شَحَطُوا المَزَارَا

اے سلمیٰ جب تمہارے گھر والے دارہ صلصل میں جا اترے تو ملاقاتوں میں طویل وقفے اور فاصلے حائل ہو گئے

Marfat.com

دارة ماسل عمرو بن لجأ کہتا ہے :

لا تَهجُ ضَبطَةَ يا جَريرُ فانّهم[1]
قَتَلُوا مِنَ الرُؤساء ما لم يُقتَلِ

اے جریر تو ضبطہ کی ہجو نہ کہ کیونکہ انھوں نے اتنے سردار قتل کیے ہیں کہ کبھی نہ کیے گئے

قَتَلُوا شُتَيراً وَابنَ غَولٍ وابنَهُ
وابنَيْ هَتيمٍ يَومَ دَارَةِ مَأسِلِ

انھوں نے شُتَیر ، ابن غول اور اس کے بیٹے اور ہتیم کے دونوں بیٹوں کو دارہ ماسل کے دن قتل کر ڈالا

' دارة السلم ' بکاء بن کعب کہتا ہے :

مَا كُنتُ أَوَّلَ مَن تَفَرَّقَ شَملُهُ
وَرَأَى الغَدَاةَ مِنَ الفِرَاقِ يَقِينَا

میں کوئی پہلا شخص نہیں ہوں جس کی جمعیت منتشر ہو گئی ہو اور جس نے فراق کی صبح کو یقینی طور پر دیکھ لیا ہو

وبِدَارَةِ السَلمِ الَّتِي شُوِّقتَهَا
دِمَنٌ يَظَلُّ حَمَامُهُ يَتَبَكَّينَا

[۲۲۴] اسے جس دارة السلم کا تو نے اشتیاق دلایا ہے وہاں ایسے کھنڈرات ہیں جہاں کی کبوتریاں رونے لگ گئی ہیں

اس شاعر کو اسی شعر کی وجہ سے بَکَّاء کہا گیا ، بہت سے شعرا کا نام ان کے بعض الفاظ کی بنا پر رکھ دیا گیا ۔

" دارہ وَشحٰی " واؤ پر پیش بھی پڑھی گئی ہے ۔ شاعر کہتا ہے :

لَعَمرُكَ إنّي يَومَ أَسفَلِ عَاقِلٍ
وَدَارَةِ وَشحٰى لِلَهوٰى لَتَبُوعُ

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں فَإنَّ هُم' چھپا ہے اسے فَأنَّهُم پڑھیں ۔

Marfat.com

تمھاری جان کی قسم میں اسفل عاقل اور دارۃ وشحٰی کے دن عشق کے حضور کامل طور پر اظہار اطاعت کر چکا تھا

اور دارۃ خنشزر خاء اور زاء پر زبر اور نون ساکن بعض خِنزِر خاء اور زاء کی زبر کے ساتھ بتاتے ہیں ۔

جعدی کہتا ہے :

أَلَمَّ خَيَالٌ مِنْ أُمَيْمَةَ سَوْهِناً
طُرُوْقاً وَأَصْحَابِي بِدَارَةِ خَنْشَزَرَا

رات کا کچھ حصہ گزر جانے کے بعد امیمہ کا خیال آیا جبکہ میرے ساتھی دارۃ خنزر میں تھے

" دارۃ الجأب " ۔ جریر کہتا ہے :

أَصَاحِ أَلَيْسَ اللَّيْثُ مُنْتَظِرِي صَحْبِي[1]
نُحَيِّي دِيَارَ الْحَيِّ مِنْ دَارَةِ الْجَأْبِ

اے میرے دوست کیا میرے ساتھی آج میرا انتظار نہ کریں گے تاکہ ہم دارۃ الجأب میں قبیلے کے گھروں کو سلام کہہ لیں

دارۃ مَكْمَنَ ۔ راعی کہتا ہے :

عَرَفْتُ بِهَا مَنَازِلَ كُلِّ حَيٍّ
فَلَمَ تَمْلِكْ مِنَ الطَّرَبِ الْعُيُوْنَا
بِدَارَةِ مَكْمَنٍ سَاقَتْ إِلَيْهَا
رِيَاحُ الصَّيْفِ آرَاماً وَعِيْنَا

تو نے وہاں ہر قبیلے کی منزل گاہ کو پہچان لیا اور پھر خوشی کے مارے اپنی آنکھوں پر قابو نہ رکھ سکا

یہ واقعہ دارۃ مَكْمَنَ کا ہے جہاں موسم گرما کی ہوائیں ہرنیوں اور موٹی آنکھوں والی گاؤں کو ہانک لائی تھیں ۔

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں صُبْحٰی چھپا ہے اسے صَحْبِي پڑھیں ۔

Marfat.com

دارة " یمعون " ۔ اسے یمعوز زاء کے ساتھ بھی کہا جاتا ہے ۔ شاعر کہتا ہے :

بِدَارَةِ یَمْعُوْنٍ اِلَی جَنْبِ حَشْرَمٍ،

حشرم کے پہلو میں دارۃ یمعون میں

" دارۃ رَھْبٰی " ۔ جریر کہتا ہے :

بِھَا کُلُّ ذَیَّالِ الاَصِیْلِ کَاَنَّہٗ
بِدَارَۃِ رَھْبٰی ذُوْ سَوَادِ بْنِ رَائِحِ۔

وہاں ہر وہ محبوب ہے جو شام کے وقت دامن لٹکا کر چلتا ہے گویا کہ (کوئی) ذُو سواد بن رائح دارۃ رھبیٰ میں ہو

دارۃ الاَرام ۔ شاعر کہتا ہے :

فَاَبْرِقْ وَاَرْعِدْ اِنِ العِیْسُ خَلَّفَتْ
بِنَا دَارَۃَ الاَرَامِ ذَاتَ الشَّقَائِقِ،

لہذا چمکو اور گرجو اگر اونٹ ہمیں لے کر شقائق والے دارۃ الارام کو پیچھے چھوڑ آئیں

دارۃ الرُّھٰی ۔ شاعر کہتا ہے :

بَرِئْتُ مِنَ المَنَازِلِ غَیْرَ شَوْقٍ
اِلَی الدَّارِ الَّتِیْ بِلِوَی اَبَانٍ،
وَمِنْ وَادِی القِنَانِ وَاَیْنَ مِنِّیْ
بِدَارَتِ الرُّھٰی وَادِی القَنَانِ،

میں تمام منازل سے بیزار ہو گیا ہوں مگر مجھے اس گھر کا شوق ہے جو لِوی ابان میں ہے

میں وادی قنان سے بھی بیزار ہوں اور دارات الرُّھٰی کے مقابلہ میں وادی القنان بھلا کہاں میرے دل کو لُبھا سکتی ہے ۔

Marfat.com

دارة الصفائح - [1] افوہ کہتا ہے :

وتُبكِيهَا الأَرَامِلُ بِالمَآلِي[2]
بِدَارَاتِ الصفَائِحِ والنَّصِيلِ

عورتیں اسے کپڑے کے ذریعے دارات الصفائح اور نصیل میں رُلاتی ہیں

[۲۲۵] دارة هضب القليب ، جميل كہتا ہے :

أَشَاقِلُ عَاقِلٍ فَالِيَ الكَثِيبِ
إِلَى الدَّارَاتِ سِنَّ هَضْبِ القَلِيبِ

اے شاقل عاقل پھر کثیب سے لے کر هضب القليب کے دارات تک کے مقامات

دارةُ رُمح - شاعر کہتا ہے :

كَأَنَّ النُّمَيرِيَّ الَّذِي يَتَّبِعْنَهُ
بِدَارَةِ رُمحٍ ضَالِعُ الرِجْلِ أَحْنَفُ

گویا وہ نُمیری جس کے پیچھے وہ دارة رمح میں جا رہی تھیں لنگڑی ٹانگ والا اور ٹیڑے پاؤں والا تھا

دارة مِحْصَن ، بعض محضر کہتے ہیں - دُرَید بن الصمة کہتا ہے :

وَدَارَةُ مِحْصَنٍ سِنَّ ذِي طَلُوحٍ
فَسِرْدَاحُ المَثَامِنِ فَالضَّوَاحِي

ذی طلوح کا دارة محصن پھر سرداح المثامن پھر ضَوَاحی

---

۱ - افوہ : افوہ کا اصلی نام صلاءة بن عمرو بن مالک أَوْدِی ہے - کنیت ابو ربیعہ - یہ قدیم جاہلی شاعر ہے - بعض مؤرخین کا خیال ہے کہ اس نے مسیح علیہ السلام کا زمانہ پایا ہے (شرح امالی : ۳۶۵)

۲ - مآلی ، مئلاة کی جمع ہے کپڑے کا وہ ٹکڑا جسے نوحہ کرنے والی ہاتھ میں رکھتی ہے -

Marfat.com

دارة واسط ، شاعر کہتا ہے :

مَاقد أرَی الدَّارَاتِ دآرات واسطٍ
فَمَا قابَلَتْ ذَاتَ الصَّلیل فَجُلْجِلُ

میں دارات یعنی دارات واسط پھر ان کو جو ذات الصلیل اور جلجل کے بالمقابل ہیں دیکھ رہا ہوں

دارة الجَمْد ۔ شاعر کہتا ہے :

أَلاَ یَا دِیَارَ الحَیِّ مِن دارة الجَمْد
سَلِمتِ عَلَی مَا کَانَ مِنْ قِدَمِ العَهْد

اے دارة الجمد کے قبیلے کے گھرو خدا تمھیں زمانے کے قدیم ہو جانے کے باوجود سلامت رکھے

دارة الرمرم ، شاعر کہتا ہے :

أَعِدْ نظراً هَلْ تَرَی ظُعْنَهم
وقَدْ جَاوَزَتْ دارة الرِمْرِم[1]

دوبارہ دیکھو کیا تو ان کی ہودوں میں بیٹھی ہوئی عورتوں کو دیکھ سکتا ہے جبکہ وہ دارة الرمرم سے آگے نکل گئی ہیں

دارة القُرح شاعر کہتا ہے :

حُبِسْنَ فی قُرحٍ وَفِی دَارَاتِهَا
سَبْعَ لَیَالٍ غَیْرِ مَعْلُوفَاتِهَا

انھیں قرح اور اس کے دارات میں سات راتیں روکے رکھا گیا اور انھیں کوئی چارا نہیں دیا گیا

دارة الیَعِضید ، ایک اور شاعر کہتا ہے :

---

۱ - بلوغ الارب میں دارة رمرم چھپا ہے اسے دارةُ الرِمرِم پڑھیں ۔

Marfat.com

أَوَ مَا تَرَى أَعْطَانَهَا[1] مَخْرُوقَةً
بَيْنَ الدُّخُول فَدَارَةِ الْيَعْضِيدِ

کیا تو نہیں دیکھتا کہ دخول اور دارۃ الیعضید کے درمیان اس جگہ پر جہاں اونٹ بیٹھا کرتے ہیں ٹٹی کی ہوئی ہے -

دارۃ الخَرج - شاعر کہتا ہے :

سُخَيِّسَةً فِي دَارَةِ الخَرجِ لَمْ تَذُقْ
بُلَالًا وَلَمْ يَسْمَحْ لَهَا بِمُنْجِيلِ[2]

انہیں دارۃ الخرج میں بند کر دیا گیا ہے اور انہیں نہ تو پانی کا گھونٹ دیا گیا اور نہ بند گیاہ کھانے کی اجازت دی گئی

دارۃ الرَدْم - شاعر کہتا ہے :

لَعَنْ سَخَطٍ مِنْ خَالِقِي أَوْلِقَسْوَةٍ
تَبَدَّلْتَ قَرْقِيسَاءَ[3] مِنْ دَارَةِ الرَّدْمِ

اس کا سبب میرے پیدا کرنے والے کی ناراضگی ہے یا تم نے دارۃ الردم کے عوض قرقیساء کو اپنی سنگدلی کی وجہ سے لے لیا ہے

بُرَق بُرقہ کی جمع - باء پر پیش ہے - سخت زمین - یہی معنی ابرق کے ہیں - قاموس میں ہے : عربی ممالک کے بُرَق ایک سو سے زائد ہیں اور وہ یہ ہیں :

[۲۲۶] بُرقَةُ الاثماد[1] ، أَجَادِل[2] ، اجداد[3] ، أَجْوَل[4] ، احجار[5] ، احدب[6] ، احواذ[7] ، اخرم[8] ، ارسام[9] ، أَرْوَى[10] ، أَظْلَم[11] ، اعیار[12] ، افعٰی[13] ، أَسَالِح[14] ، اسہار[15] ، انقَد[16] ، اوجَر[17] ، ذی الاَوْداث[17]

---

۱ بلوغ الارب میں اضعانها لکھا ہے اسے أَعْطَانَهَا پڑھیں -
۲ - بلوغ الارب میں ببخیل تحریر ہے اسے بنَجِیل - نون کے ساتھ پڑھیں - نَجِیل بند گیاہ کو کہتے ہیں -
۳ - اصل کتاب میں قرقیاء رقوم ہے اسے قِرقِیساء پڑھیں -

Marfat.com

اِیثر۱۹ (زیر کے ساتھ) بارق۲۰ ، ثادق۲۱ ، ثمم۲۲ ، ثور۲۳ ، ثہمد۲۴ ، جبا۲۵ ، حارب۲۶ ، حُرض۲۷ ، حسلة۲۸ ، حیسمٰی۲۹ ، یاحُسنٰی حصاء۳۰ ، حِلّیت۳۱ ، حِمٰی۳۲ ، حَوزَہ۳۳ ، خاخ۳۴ ، خال۳۵ ، خُبیبہ۳۶ ، خرجاء۳۷ ، خِنزِیر۳۸ ، خَو۳۹ ، خَیف۴۰ ، داث۴۱ ، دَمخ۴۲ ، راستَین۴۳ ، رحرحان۴۴ ، رعم۴۵ ، رکاء۴۶ ، رُواَوَہ۴۷ ، رَوحان۴۸ ، سُعدِ۴۹ ، سِعر۵۰ ، سُلمانیٰن۵۱ ، سُمنَان۵۲ ، شَمّاء۵۳ ، شواجن۵۴ ، صادر۵۵ ، صراة۵۶ ، صفا۵۷ ، ضاحک۵۷ ، ضارج۵۹ ، طِحَالِ۶۰ ، عاذب۶۱ ، عاقل۶۲ ، عالج۶۳ ، عَسعَس۶۴ ، ذی عَلقٰی۶۵ ، عُنَاب۶۶ ، (بروزن غُرَاب) عَوھق۶۷ ، عِیرَات۶۸ ، عَیھل۶۹ ، عَیھم۷۰ ، ذی غان۷۱ ، غَضٰی۷۲ ، غَضوَر۷۳ ، قادم۷۴ ، ذی قار۷۵ ، قُلاَخ۷۶ ، کبوان۷۷ ، لَعاَع۷۸ ، لَغلَف۷۹ ، لکیک۸۰ ، لِوی۸۱ ، مأسل۸۲ ، مِجھول۸۳ ، مَروَرآة۸۴ ، مُکَتَّل۸۵ ، مُنشِد۸۶ ، ملحوب۸۷ ، نَجد۸۸ ، نُعمی۸۹ ، نیر۹۰ ، واحف۹۱ ، واسط۹۲ ، واکف۹۳ ، وَدّاء۹۴ ، ھارب۹۵ ، ھجین۹۶ ، ھَونی۹۷ ، یثرب۹۸ ، یمامہ۹۹ ،

یہ ہیں عربوں کے بُرَق ۔ قاموس کی شروح میں ان کے مقامات کی تعیین کی گئی ہے نیز ان کے ان اشعار کا ذکر کیا گیا ہے جو ان کے متعلق کہے گئے میں ۔ مثلاً نعمان بن منذر کا یہ شعر :

وَمَا اعتِذَارُک مِنہُ بَعدَ مَاجزِعَت
ایدی المَطِیَّ بہ بَرقَاء شِملِیلَا

تمھارا اس میں کیا عذر ہوگا بعد اس کے کہ سواریاں اسے لے کر برقاء شملیل کے مقام پر گھبرا رہی ہوں

طرفہ بن عبدالبکری اپنے معلقہ میں کہتا ہے :

لِخَولَة اَطلَالٌ بِبُرقَةِ تَھمَدٍ
تَلُوحُ کَبَاقِی الوَشمِ فی ظَاھِرِ الیَدِ

Marfat.com

برقہ ثہمد کے مقام پر خولہ کے کھنڈرات اس طرح چمک رہے ہیں جس طرح ہاتھ کی بیرونی جانب گودنے کے باقی ماندہ نشانات چمک رہے ہوتے ہیں

کُمَیْت کہتا ہے :

وَقَدْ فَاضَ غَرْبٌ عِنْدَ بَرقاءِ جُنْدُبٍ
لِعَیْنَیکَ مِنْ عِرْفَانِ مَاآنْتَ تَعْرِفُ،

برقاء جذب کے مقام پر تمھاری آنکھوں کے آنسو ان کھنڈرات کو پہچان کر جنھیں تو جانتا تھا بہ پڑے

ابن مقبل[1] کہتا ہے :

طَرَبْتَ اِلَی الحَیِّ الَّذِیْنَ تَحَمَّلُوا
بِبُرْقَةِ اَحْوَاذٍ وأَنْتَ طَرُوْبُ،

برقہ احواذ کے مقام پر تجھے اس قبیلے کی یاد نے ستایا جو وہاں سے کوچ کر گیا تھا تو بہت ہی غمزدہ تھا

ایک اور شاعر کہتا ہے :

لِمَنِ الدِّیَارُ بِبُرقَةِ الاَجْدَادِ
عَفَّتْ سَوَارِ رَسْمَهَا وغَوَادِیْ

برقۂ اجداد کے مقام پر یہ مکانات کس کے ہیں جن کے نشانات کو صبح اور شام کے چلنے والے بادلوں نے مٹا دیا ہے

[۲۲۷] معجم البلدان میں بہت سی مشترک جگہوں کے نام دیے ہیں ۔ اسی طرح کتاب المشترک میں دیا ہے اگر ان تمام کا ہم ذکر کرنے لگیں تو کتاب لمبی ہو جائے ہم نے جس قدر ذکر کیا ہے یہ مشتے نمونہ از خُروارے ہے ، خدا ہی توفیق دینے والا ہے آن کاموں کی جو دنیا اور آخرت میں بہتر ہوں ۔

Marfat.com

ذکر مکہ ، خدا اسے شرف بخشے ، نیز یہ کہ عہدِ جاھلیت میں اس شہر کا عالم کیا تھا

یاد رکھیں کہ اللہ تعالٰی نے قرآن مجید میں مکہ کو دو ناموں سے یاد کیا ہے مکہ اور بکّہ ۔ مکہ کا ذکر اس آیت میں ہے :

هُوَ الَّذِیْ كَفَّ اَیْدِیَهُمْ عَنْكُمْ وَاَیْدِیَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَیْهِمْ

خدا وہ ہے جس نے ان کے ہاتھوں کو تم سے روکے رکھا اور تمھارے ہاتھوں کو ان سے ، مکہ کے اندر بعد ازانکہ اللہ نے تمھیں ان پر فتح دے دی تھی

مکۃ کا لفظ تَمَكْمَكْتُ[1] المُخَّ مِنَ العَظْمِ تَمَكْمُكًا سے لیا گیا ہے جس کے معنی ہڈی میں سے مُخ نکالنے کے ہیں ۔ کیونکہ مکہ فاجر انسان کو اپنے یہاں سے نکال باہر کرتا ہے ، جیسا کہ اصمعی نے بیان کیا ہے ۔ اس کی تائید میں اصمعی نے راجز کا یہ شعر پیش کیا ہے جسے وہ تلبیہ کہتے ہوئے پڑھ رہا تھا :

یامَكَّةُ الفَاجِرَ مُكِّیْ مَكَّا
وَلَا تَمُكِّیْ مَذْحِجًا وَعَكَّا

اے مکہ تو (ہر) فاجر کو باہر نکال پھینک مگر مَذْحج اور عک کو نہ نکالنا

بکہ کا ذکر اس آیت میں ہے :

اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ مُبَارَكًا وَهُدًی لِلْعَالَمِیْنَ فِیْهِ آیَاتٌ بَیِّنَاتٌ مَقَامُ اِبْرَاهِیْمَ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ آمِنًا

---

۱ - مگر لسان العرب میں یوں دیا ہے : وقیل : سمیت مکة لاُنها کانت تَمکمک من ظَلَم فیها وَالْحَدَ ای تهلکه ۔ اس کے بعد تائید میں یہی شعر پیش کیا گیا ہے ۔

Marfat.com

سب سے پہلا گھر جو لوگوں کے لیے استوار کیا گیا وہ گھر ہے جو بکہ میں ہے - وہ مبارک گھر ہے اور جہان والوں کے لیے ہدایت کا سبب ہے - اس میں واضح آیات ہیں یعنی مقام ابراھیم ، اور جو اس میں داخل ہو گیا وہ امن میں ہے -

اصمعی کہتا ہے : اس کا نام بکہ اس لیے پڑا کہ یہاں لوگ ایک دوسرے کو دھکیلتے ہیں اور اس نے دلیل کے طور پر راجز کا یہ شعر پیش کیا ہے :

إِذَا[1] الشَّرِيْبُ أَخَذَتْهُ أُكَّةُ
فَخَلِّهِ حَتَّى يُبَكَّ بَكَّهِ

جب وہ شخص جو اپنے اونٹوں کو تمھارے اونٹوں کے ساتھ پانی پلاتا ہے سخت گرمی اور انتظار کی وجہ سے گھبرا جائے تو اسے چھوڑ دو تا کہ وہ بھی اپنے اونٹوں کو لے کر دھکم پیل کرے اور اس طرح انھیں پانی پلا سکے

لوگوں کا ان دونوں ناموں میں اختلاف ہے - کچھ لوگ کہتے ہیں کہ نام تو ایک ہی چیز کا ہے مگر اس کے لیے دو الگ الگ لغتیں ہیں ، کیونکہ عرب میم اور باء کو باہم بدل لیتے ہیں چنانچہ کہتے ہیں ضربۃ لازم اور ضربۃ لازبٍ کیونکہ میم اور باء کا مخرج قریب قریب ہے - یہ [2]مجاہد کا قول ہے - دوسرے لوگ کہتے ہیں کہ یہ دو الگ [۲۲۸] الگ نام ہیں - مُستَمَّی بھی دو ہیں کیونکہ نام کا اختلاف مُسمَّی

---

۱ - لسان العرب میں اس شعر کی تشریح یوں کی ہے : یقول : اذا ضجرالذی یُوردُ إبلَہ مع إبلک لشدۃ الحرانتظاراً فَخَلِّہِ حتی یُزاحِمَکَ روض الانف میں شاعر کا نام عامان بن کعب بن عمرو بن سعد بن زید مناۃ بن تمیم دیا ہے - (۱ : ۸۲)

۲ - مجاہد : امام ابو الحجاج مجاہد بن جبرالمکی - تفسیر کے عالم تھے - زاہد اور عابد تھے اور ابن عباس کے شاگرد تھے - تراسی برس کی عمر میں مکے میں ۱۰۳ھ میں وفات پائی (شذرات : ۱ ; ۱۲۵)

Marfat.com

کے اختلاف کی وجہ سے ہوتا ہے ۔ مُسَمّٰی کے متعلق اس قول کے قائلین کے پھر دو قول ہیں ۔ ایک قول یہ ہے کہ مکہ تمام شہر کا نام ہے اور بکّہ خانہ کعبہ کا ، یہ [1]ابراھیم نخعی اور [2]یحییٰ بن ابی ایوب کا قول ہے ۔ دوسرا قول یہ ہے کہ مکہ تمام حرم کا نام ہے اور بکہ مسجد حرام کا ۔ یہ [3]زھری اور [4]زید بن اسلم کا قول ہے ۔ [5]مصعب بن عبداللہ الزبیری نے بیان کیا ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں امن کی وجہ سے مکہ کو " صلاح " کہا کرتے تھے اور اپنی دلیل میں ابو سفیان بن حرب بن امیّہ کا یہ شعر پیش کیا ہے :

أَبَنَا مَطَرٍ هَلُمَّ إِلَى صَلَاحٍ
فَيَكْفِيكَ النَّدَامَى مِنْ قُرَيْشٍ

اے ابو مطر صلاح (مکے) کی طرف آ جا ، تجھے قریش کے ندیم کافی ہو رہیں گے

---

۱ - ابراھیم بن یزید النخعی ۔ فقیہ عراق چھیالیس سال کی عمر میں ۹۵ھ میں وفات پائی ۔

۲ - اصل کتاب میں یحییٰ بن ابی ایوب ہی دیا ہے مگر درست یحییٰ بن ایوب ہے ۔ ۱۶۳ھ میں وفات پائی ۔

۳ - زہری : ابو بکر محمد بن عبداللہ بن شہاب الزھری مشہور فقیہ اور عالم ، چھہتر برس کی عمر میں ۱۲۴ھ میں وفات پائی ۔

۴ - زید بن اسلم : زید بن اسلم العدوی ۔ فقیہ اور عابد تھے ۔ ان کی ابن عمر سے ملاقات ہوئی ۔ مدینے میں فتویٰ اور علم کا حلقہ قائم کر رکھا تھا ۔ امام زین العابدین ان کے پاس آ کر بیٹھا کرتے تھے ۔ ۱۳۶ھ میں وفات پائی ۔

۵ - مصعب بن عبداللہ ۔ ابو عبداللہ مصعب بن عبداللہ بن مصعب الاسدی الزبیری ۔ نسب دان اور اخباری تھے ۔ اسّی برس کی عمر میں ۲۳۶ھ میں وفات پائی ۔ (شذرات ; ۲ ; ۸۶)

Marfat.com

وَتَنْزِلُ بَلْدَةً عَزَّتْ قَدِيْمًا
وَتَأْمَنُ اَنْ يَزُوْرَكَ رَبُّ جَيْشٍ

تو اس شہر میں اترے گا جو قدیم زمانے سے ذی عزت چلا آ رہا ہے اور تو (یہاں) حملہ آور کے حملے سے محفوظ رہے گا ۔

مجاہد کا بیان ہے کہ مکے کے ناموں میں " ام رحم " اور " باسّہ " بھی شامل ہیں ۔ ام رحم اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہاں لوگ ایک دوسرے پر رحم کرتے ہیں ۔ ایک روایت میں یہ " ام زحم " ہے ۔ مزاحمت سے ۔ اس کا نام باسّہ اس لیے پڑا کہ یہ [3]اس شخص کو جو یہاں زیادتی کرے ہلاک و تباہ کر دیتا ہے ۔ اسی معنی میں اللہ تعالٰی کا یہ فرمان ہے :

وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا

(پہاڑوں کو ریزہ ریزہ کر دیا جائے گا)

ایک روایت میں باسّہ کے بجائے ناسّہ (نون کے ساتھ) ہے ۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ جو یہاں کجروی کرے یہ اسے یہاں سے نکال اور دھکیل دیتا ہے ۔ اس کے اور نام بھی ہیں جن کی تشریح طویل ہوگی ۔

مکے کی اصل اور اس کی حرمت اس تعظیم و حرمت پر استوار ہے جو اسے اللہ تعالٰی نے عطا کی ہے ۔ چنانچہ اللہ نے اُس گھر کی خاطر جس کی بنیادوں کے اٹھانے کا اس نے حکم دیا اور اسے اپنے بندوں کے لیے قبلہ بنایا اسے [4]ام القریٰ قرار دیا ہے ، چنانچہ اللہ تعالٰی فرماتے ہیں :

لِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰی وَمَنْ حَوْلَهَا

تاکہ آپ ام القریٰ اور آس پاس کے لوگوں کو ڈرائیں

امام جعفر[1] بن محمد[ص] نے اپنے والد محمد[2] بن علی رضی اللہ عنہم سے

---

۱ - جعفر بن محمد : یہ امام جعفر الصادق کے نام سے مشہور ہیں ۔ ۱۴۸ھ میں وفات پائی ۔

۲ - محمد بن علی : یہ امام محمد باقر کے نام سے مشہور ہیں ۔ ۱۱۴ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

حکایت کی ہے کہ بیت اللہ کے استوار کیے جانے اور اس کا طواف کیے جانے کا حکم اللہ نے اس بنا پر دیا تھا کہ جب اللہ نے فرشتوں سے یہ کہا تھا کہ

إِنِّی جَاعِلٌ فِی الْأَرْضِ خَلِیفَةً
قَالُوا أَتَجْعَلُ فِیهَا مَن یُفْسِدُ فِیهَا
و یَسْفِکُ الدِّمَاءَ و نَحْنُ نُسَبِّحُ
بِحَمْدِكَ و نُقَدِّسُ لَکَ قَالَ أَنِّی أَعْلَمُ
مَالَا تَعْلَمُونَ ۔

(میں دنیا میں اپنا جانشین مقرر کرنے والا ہوں ۔ انھوں نے کہا : کیا آپ ان لوگوں کو جانشین بنانے لگے ہیں جو دنیا میں فساد اور خونریزی کریں گے ، حالانکہ ہم تمھاری حمد و تقدیس کرتے ہیں تو اللہ نے فرمایا تھا کہ میں وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے)

غرضیکہ اللہ تعالیٰ فرشتوں سے ناراض ہوگئے اور وہ عرش کی طرف لوٹ گئے ، [۲۲۹] پھر انھوں نے سات بار عرش کا طواف کیا تا کہ اپنے رب کو راضی کر سکیں ۔ چنانچہ اللہ ان سے راضی ہوگیا اور فرمایا : میرے لیے زمین پر گھر بناؤ تا کہ بنی آدم میں سے جس شخص پر میں ناراض ہو جاؤں وہ وہاں آ کر پناہ لے اور اس کے گرد طواف کرے ۔ جس طرح تم نے عرش کا طواف کیا ہے ۔ پھر میں اُن سے راضی ہو جایا کروں گا ۔ چنانچہ فرشتوں نے یہ گھر اللہ کے لیے بنا دیا ۔ یہ پہلا گھر تھا جو لوگوں کے لیے بنایا گیا ۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

إِنَّ أَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِی
بِبَکَّةَ مُبَارَکًا وَ هُدًی لِّلْعَالَمِینَ

بیشک پہلا گھر جو لوگوں کے لیے بنایا گیا وہ وہ گھر ہے جو مکے میں ہے ۔ وہ مبارک گھر ہے اور جہان والوں کے لیے ہدایت کا سبب ہے

Marfat.com

اہل علم کا اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ یہ پہلا گھر تھا جو لوگوں کے لیے عبادت کی غرض سے بنایا گیا تھا ۔ اختلاف صرف اس بات میں ہے کہ آیا کوئی اور گھر بھی تھا جو کسی اور غرض سے بنایا گیا ہو ۔ حسن بصری اور ایک گروہ کا بیان ہے کہ اس سے پہلے بہت سے اور گھر بھی تھے ۔ مجاہد اور قتادہ[1] کہتا ہے کہ اس سے پہلے کوئی اور گھر نہ تھا ۔ جمہور علما کے یہاں پہلے قول کو ترجیح دی گئی ہے ۔ اکثر و بیشتر مورخین اور مفسرین کا یہی خیال ہے ۔

اللہ تعالیٰ نے جو "مبارکاً" فرمایا ہے اس کی دو تاویلیں کی گئی ہیں ۔ اس کی پہلی برکت یہ ہے کہ انسان اِدھر وہاں جانے کا ارادہ کرتا ہے اُدھر ثواب کا مستحق ہو جاتا ہے ۔ دوسری برکت یہ ہے کہ جو یہاں آ جائے اس کے لیے یہ شہر امن کا سبب ہے یہاں تک کہ اگر جنگلی جانور یہاں چلے آئیں تو ان کے لیے بھی امن ہے چنانچہ یہاں ہرنی اور بھیڑیا باہم اکٹھے ہو جاتے ہیں ۔

اور ھُدًی للعالمین کی بھی دو تاویلیں ہیں ۔ ایک یہ کہ یہ توحید خداوندی کی طرف ان کی رہنمائی کرتا ہے اور دوسری یہ کہ یہ حج اور نماز میں اللہ کی عبادت کی طرف لوگوں کی رہنمائی کرتا ہے ۔

فِیہِ آیَاتٌ بَیِّنَاتٌ مَّقَامُ اِبرَاھِیمَ وَ مَنْ دَخَلَہٗ کَانَ آمِناً ۔

مقام ابراھیم کا معجزہ یہ ہے کہ باوجود سخت پتھر ہونے کے آپ کے قدموں کا اس میں نشان پڑ گیا ۔ مقام ابراھیم کے علاوہ اور جگہوں کا معجزہ یہ ہے کہ یہاں خوفزدہ کو امن حاصل ہو جاتا ہے ، بیت اللہ کو دیکھتے ہی دلوں پر اُن کی ہیبت طاری ہو جاتی ہے ۔ پرندے بیت اللہ کے اوپر نہیں اڑتے اور جو شخص یہاں سرکشی کرے اسے فوری سزا دی جاتی ہے ۔ جاہلیت میں اصحاب

---

۱ ۔ قتادہ : قتادہ بن دعامہ السدوسی نابینا ، مفسر اور عالم اہل بصرہ تھے ۔ ۱۱۷ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

فیل کے واقعہ کا پیش آنا ۔ زمانۂ جاہلیت میں لوگوں کے دلوں میں اس کی تعظیم کا ہونا ۔ نیز جب کوئی جابر بادشاہ بھی اس شہر میں داخل ہوتا ہے خواہ نہ وہ اہل کتاب میں سے ہو اور نہ کسی شریعت کا پیرو ہو ۔ اسے بھی یہاں کے احکام کا پابند ہونا پڑتا ہے ۔ یہاں تک کہ ایک شخص اپنے بھائی اور باپ کے قاتل کو یہاں دیکھتا تھا مگر اس شہر کے اندر اس کا بدلہ نہ لیتا تھا ۔ یہ تمام اللہ کی نشانیاں ہیں جنھیں اللہ نے اپنے بندوں کے دلوں میں ڈال رکھا ہے ۔ اب رہا عہدِ اسلام میں اس کا امن تو اللہ کے فرمان : وَ مَنْ دَخَلَہ کَانَ آمِنًا میں دو تاویلیں ہیں ایک یہ کہ اس سے مراد دوزخ سے امن ہے ۔ یہ یحییٰ بن جعدہ کا قول ہے اور دوسرا قتل سے امن ۔ کیونکہ اللہ نے یہاں داخل ہونے والے پر احرام کا باندھنا واجب قرار دیا ہے اور بغیر احرام کے داخلہ ممنوع قرار دیا ہے ۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن بغیر احرام کے داخل ہوئے تو فرمایا : یہ شہر میرے لیے صرف دن کے ایک گھنٹہ کے لیے حلال کیا گیا نہ مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال تھا اور نہ میرے بعد حلال ہوگا ۔

[۲۳۰] اس کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

وَ لِلّٰہِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْہِ سَبِیْلًا ۔

لوگوں کے ذمے اللہ کے لیے اللہ کے گھر کا حج کرنا ہے یعنی ان لوگوں کے لیے جو ادھر کا رخ کرنے کی طاقت رکھتے ہوں

چنانچہ اللہ نے اسے نماز میں قبلہ بنانے کے بعد یہاں کا حج فرض کر دیا اس لیے کہ نماز میں کعبے کی طرف منہ کرنا ہجرت کے دوسرے سال فرض ہوگیا تھا حالانکہ حج چھٹے سال فرض ہؤا ۔

کعبہ کا بیان : خدا اسے شرف بخشے

یاد رکھیں کہ طوفان کے بعد سب سے پہلے جس شخص نے اس کی تعمیر کا کام اپنے ہاتھ میں لیا وہ ابراھیم علیہ السلام ہیں کیونکہ

Marfat.com

اللہ سبحانہ فرماتے ہیں :

وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرَاھِیْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ
وَ اِسْمٰعِیْلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ
السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔

جب ابراھیم اور اسمٰعیل بیت اللہ کی بنیادیں اٹھا رہے تھے اور کہہ رہے تھے کہ اے ہمارے رب ہماری طرف سے (یہ کاوش) قبول فرما ۔ تو سمیع و علیم ہے ۔

انھوں نے جو اس کے قبول کیے جانے کی درخواست کی اس سے پتا چلتا ہے کہ انھیں اس کے تعمیر کرنے کا حکم دیا گیا تھا ۔ اس کا نام کعبہ اس کی بلندی کی وجہ سے رکھا گیا ۔ یہ معنی عربوں کے اس محاورے سے لیا گیا ہے ۔ کَعَبَتِ المرأۃ جب عورت کے پستان اونچے ہو جائیں تو یہ محاورہ بولا جاتا ہے ۔ ٹخنے کو بھی کعب اس لیے کہا گیا کہ وہ اونچا ہوتا ہے ۔

کعبہ ابراھیم علیہ السلام کے بعد قوم جُرھم اور عمالقہ کے پاس تھا تاآنکہ ان کا خاتمہ ہوگیا اور عالم یہ ہوگیا کہ عامر[1] بن الحارث بن مضاض نے ان کے متعلق یہ شعر کہہ ڈالے ۔ بعض کہتے ہیں کہ اس کا نام عمرو تھا ۔

---

۱ - محمد بہجہ اثری نے ان اشعار کے کہنے کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ حارث بن مضاض جرھمی حجاز میں بقنونا کے مقام پر مقیم تھا کہ اس کے اونٹ گم ہوگئے ۔ یہ ان کی تلاش میں حرم میں آیا اور اپنے اونٹ لینے کے لیے حرم میں داخل ہونا چاہا ۔ اس پر عمرو بن لحی نے پکار کر کہا اگر کسی کو جرھمی مل گیا اور پھر وہ اسے قتل نہ کرے تو میں اس کا ہاتھ کاٹ دوں گا ۔ حارث نے اسے سن لیا اور مکے کے ایک پہاڑ پر چڑھ کر دیکھا تو اس کے اونٹوں

باقی حاشیہ صفحہ ۴۹۷ پر

Marfat.com

وقَائِلَةٍ وَالدَّمْعُ سَكْبٌ مُبَادِرٌ
وَقَدْ شَرِقَتْ بِالدَّمْعِ مِنْهَا الْمَحَاجِرُ

ایک کہنے والی کہہ رہی تھی درآنحالیکہ اس کے (کچھ) آنسو جلدی جلدی بہ رہے تھے اور (کچھ) اس کی آنکھوں میں ڈبڈبا رہے تھے

كَأَنْ لَمْ يَكُنْ بَيْنَ الْحَجُونِ إِلَى الصَّفَا
أَنِيْسٌ وَلَمْ يَسْمُرْ بِمَكَّةَ سَامِرُ

ایسا معلوم ہوتا تھا کہ حجون سے لے کر صفا کے درمیانی علاقے میں نہ تو کبھی کوئی انیس پایا گیا تھا اور نہ ہی مکے میں کسی کہانی کہنے والے نے کبھی کوئی کہانی کہی تھی

فَقُلْتُ لَهَا وَالْقَلْبُ مِنِّي كَأَنَّمَا
يُلَاعِبُهُ بَيْنَ الْجَنَاحَيْنِ طَائِرُ

میں نے اُس سے کہا اور اس وقت میرے دل کی یہ کیفیت تھی گویا کوئی پرندہ اسے اپنے دونوں پروں کے درمیان ہچکولے دے رہا ہو

بَلَى نَحْنُ كُنَّا أَهْلَهَا فَأَزَالَنَا
صُرُوْفُ اللَّيَالِي وَالْجُدُوْدُ الْعَوَاثِرُ

صفحہ ۴۹۶ کا بقیہ حاشیہ

کو ذبح کیا جا رہا تھا اور گوشت کو تقسیم کیا جا رہا تھا۔ یہ خوف زدہ ہو کر واپس آ گیا اور دور نکل گیا اس وقت اس نے یہ شعر کہے: مگر ابن ہشام [سیرۃ علی ہامش الروض الانف (۱ : ۸۲)] لکھتے ہیں کہ جب عمرو بن الحارث نے مکے کو خیرباد کہا اور کعبے کی دونوں سونے کی ہرنیاں اور رکن کے پتھر کو لے کر نکلا تو اس نے دونوں ہرنیوں کو تو زمزم میں دفن کر دیا اور خود اپنے ساتھیوں کو لے یمن کی طرف چلا گیا۔ انھیں مکے سے نکلنے کا انتہائی غم ہوا۔ اس پر عمرو نے شعر کہے۔

Marfat.com

کیونکہ نہیں یہاں کے رہنے والے ہم تھے ، گردشِ زمانہ نے اور بدبختی نے ہمیں یہاں سے نکال باہر کیا

وکُنّا وُلاۃَ البَیْتِ مِنْ بَعْدِ نَابِتٍ

[۱نَطُوف بِذَاکَ البَیْتِ وَالخَیْرُ ظاھِرُ]

نابت کے بعد ہمیں کعبے کے والی تھے - ہم اس کا طواف کیا کرتے تھے ، اور ہم میں بھلائی کے واضح آثار موجود تھے

[وَنَحنُ وَلِیْنَا البَیْتَ مِنْ بَعْدِ نَابِتٍ]
بِعِزٍّ فما یَحْظٰی لَدَیْنَا المُکَاثِرُ

نابت کے بعد ہمیں بیت اللہ کے والی بنے اور بڑی عزت کے ساتھ بنے ، ہمارے ساتھ فخر میں مقابلہ کرنے والا خوش نصیب نہ ہوتا تھا

مَلَکْنَا فَعَزَّ نَا فَاعْظِمْ بِمُلْکِنَا
فَلَیْسَ لِحَیٍّ غَیْرِنَا ثَمَّ فَاخِرُ

[۲۳۱] ہم مالک ہوئے پھر ہم نے قوت پکڑی ہمارے ملک کی عظمت کے کیا کہنے - وہاں ہمارے سوا کسی قبیلے کا آدمی فخر کرنے والا ہی نہ تھا

اَلَمْ تَنکِحُوا مِنْ خَیْرِ شَخْصٍ عَلِمْتُہٗ
فَأبْنَاؤُہٗ مِنَّا وَ نَحْنُ الاٰ صَاھِرُ

کیا تم نے بہترین شخص سے جس کا مجھے علم ہے نکاح نہیں کر دیا تھا لہٰذا اس کے بیٹے ہمیں میں سے تھے ہمیں خُسر بھی تھے

فَاِنْ تَنْثَنِ الدُّنْیَا عَلَیْنَا بِحَالِھَا
فَاِنَّ لَھَا حَالاً و فیھا التَشَاجُرُ

---

۱ - یہ مصراع بلوغ الارب میں نہیں دیا - سیرۃ ابن ھشام سے لکھا گیا ہے -

Marfat.com

لہٰذا اگر دنیا اپنے حال سے بدل کر ہمارے خلاف ہو گئی ہو تو کوئی بات نہیں کیونکہ اس کا یہی انداز ہے اور اس کے مزاج میں مخالفت موجود ہے

فَاَخْرَجَنَا مِنْهَا الْمَلِيْكُ بِقُدْرَةٍ
كَذٰلِكَ يَا لِلنَّاسِ تَجْرِى الْمَقَادِرُ

پھر اللہ نے اپنی قدرت سے ہمیں یہاں سے نکال باہر کیا ۔ لوگو ! تقدیریں اسی طرح گامزن رہتی ہیں

اَقُوْلُ اِذَا نَامَ الْخَلِيُّ وَلَمْ اَنَمْ
اَذَا الْعَرْشِ لَا يَبْعُدْ سُهَيْلٌ وَعَامِرُ

جب بے غم انسان سو جاتا ہے اور میں بیدار ہوتا ہوں تو کہتا ہوں اے عرش کے مالک ، سُہَیل اور عامر پہاڑ تباہ نہ ہوں

وَبُدِّلْتُ مِنْهَا اَوْجُهًا لَا اُحِبُّهَا
قَبَائِلَ مِنْهَا حِمْيَرٌ وَيَحَابِرُ

(مکہ والوں کے) بدلے میں مجھے ایسے چہرے ملے جنھیں میں پسند نہیں کرتا ۔ یہ حِمْیَر اور یَحَابر کے قبیلے ہیں

وَصِرْنَا اَحَادِيْثًا وَكُنَّا بِغِبْطَةٍ
بِذٰلِكَ عَضَّتْنَا السِنُوْنُ الْغَوَابِرُ

اب ہم فسانہ بن گئے ہیں حالانکہ کسی وقت ہم قابلِ رشک حالت میں تھے ۔ اسی لیے توگزشتہ سالوں نے ہمیں مصائب میں مبتلا کر دیا ہے

فَسَحَّتْ دُمُوْعُ الْعَيْنِ تَبْكِىْ لِبَلْدَةٍ
بِهَا حَرَمٌ اَمْنٌ وَفِيْهَا الْمَشَاعِرُ

لہٰذا میری آنکھوں کے آنسو اس شہر پر روتے روتے بہ پڑے اس جگہ جہاں امن کا حرم اور مشاعرِ حج ہیں

وَتَبْكِىْ لِبَيْتٍ لَيْسَ يُوْذٰى حَمَامُهُ
يَظَلُّ بِهٖ اَمْنًا وَفِيْهِ الْعَصَافِرُ

Marfat.com

اور وہ اس گھر کی وجہ سے رو رہی ہے جس کے کبوتروں کو دکھ نہیں دیا جاتا وہ وہاں امن سے ہیں اور یہی حال چڑیوں کا ہے

وَفِيهِ وُحُوشٌ لاَ تُرَابُ[1] أَنِيسَةٌ
إِذَا خَرَجَتْ مِنهُ فَلَيسَتْ تُغَادَرُ

اور اُس گھر میں وحشی جانوروں سے بھی کوئی چھیڑ چھاڑ نہیں کرتا وہ مانوس ہیں مگر جب وہ حرم سے نکل جائیں تو پھر ان کو کوئی نہیں چھوڑتا

اسی نے مکے کے ان ساکنین کا ذکر کرتے ہوئے جو بکر اور غُبشان میں سے ان کے بعد وہاں رہ گئے تھے یہ شعر کہے :

يَاأَيُّهَا النَّاسُ سِيرُوا إِنَّ قَصرَكُم
أَنْ تُصبِحُوا ذَاتَ يَومٍ لاَ تَسِيرُونَا

لوگو ! چلو تمہاری حالت آخر کار یہ ہو جائے گی کہ ایک دن جب صبح ہوگی تو تم چل نہ سکو گے

حُثُّوا المَطِيَّ وَأَرخُوا مِن أَزِمَّتِهَا
قَبلَ المَمَاتِ وَقَضُّوا مَاتُقَضُّونَا

سواریوں کو گرماؤ ، ان کی زماموں کو ڈھیلا کر دو پیشتر اس کے کہ تم مر جاؤ جو کچھ کرنا ہے کر گزرو

كُنَّا أُنَاساً كَمَا كُنتُم فَغَيَّرَنَا
دَهرٌ فَأَنتُم كَمَا كُنَّا تَكُونُونَا

ہم بھی تمہاری طرح کے انسان تھے پھر زمانے نے ہمیں بدل دیا لہٰذا تم بھی ہماری طرح ہو جاؤ گے

اس کے بعد قریش حرم پر غالب آ گئے اور اس طرح ان کے جانشین [۲۳۲] بن گئے - اس لیے کہ قریش پہلے قلیل تھے پھر اُن کی تعداد زیادہ

---

۱ - سیرۃ ابن ہشام میں لا تُرَاب کی بجائے لا تُرَامُ لکھا ہے -

Marfat.com

ہو گئی تھی - پہلے وہ کمزور تھے پھر وہ طاقتور ہو گئے تھے - یہ اس نبوت کی تمہید تھی جسے اللہ تعالٰی ظاہر کرنے والا تھا لہٰذا ابراھیم علیہ السلام کے بعد پہلا شخص جس نے بناء کعبہ کی تجدید کی ، قصیّ بن کلاب تھا - اس نے اس کی چھت میں گوگل کی لکڑی اور کھجور کی ٹہنیاں استعمال کی تھیں - اعشیٰ کہتا ہے :

حَلَفْتُ بِیَثْوُبَیْ رَاھبِ الشَّامِ وَالَّذِیْ
بَنَاہُ قُصَیٌّ جَدُّہ و ابن جُرْھُم،

میں راھب شام کے دو کپڑوں اور اس گھر کی قسم کھاتا ہوں جسے اس کے دادا قُصَیّ اور جرھم کے بیٹے نے بنایا تھا

لَئِنْ شَبَّ نِیْرَانَ العَدَاوَۃ بَیْنَنَا
لَیَرْ تَحِلَنْ مِنّی عَلَی ظَھْرِ شیھم

کہ اگر اس نے ہمارے درمیان عداوت کی آگ کو بھڑکایا تو پھر اگر

---

۱ - محمد بہجۃ اثری اس شعر کی تشریح کرتے ہوئے شیھم کے معنی " تیز رفتار، چست اور قوی گھوڑے " کے کرتے ہیں - بہجہ اثری نے اس شعر کو قطعاً نہیں سمجھا - یہاں شیھم کے معنی " نر خار پشت " کے ہیں اور لیر تحلن کے معنی سوار ہونے کے ہیں - مراد یہ ہے کہ خار پشت پر سواری نہیں کی جا سکتی اور جو ایسا کرے گا خود کو نقصان پہنچائے گا یہی حال اس شخص کا ہوگا جو ہم میں عداوت کی آگ سلگائے گا - لسان العرب میں یہ شعر یوں درج ہے :

لَئِنْ جَدَّ اَسْبَابُ العَدَاوَۃ بَیْنَنَا
لَتَتَرْ تَحِلَنْ مِنّی عَلَی ظَھْرِ شَیْھَم،

اور لکھا ہے : الشیھم ماعظم شوکہ من ذکور القنافذ ونحو ذلک : قال ابو عبیدۃ فی قولہ : " علی ظھر شیھم " ای علی ذُعر وقال ابن الاعرابی : ھوا لقنفذ والدُلدل والشیھم - ابو زید : یقال للذکر من القنافذ الشیھم

Marfat.com

وہ مجھ پر سواری کرے گا تو گویا خار پشت پر سواری کرے گا،

اس کے بعد قریش نے اسے تعمیر کیا ۔ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر پچیس سال تھی اور آپ تعمیر کے وقت موجود تھے ۔ اس کا دروازہ زمین کے اندر ہوتا تھا ۔ ابو حذیفۃ بن المغیرہ نے کہا :

کعبے کا دروازہ اونچا کرو تاکہ کوئی سیڑھی کے بغیر اس میں داخل نہ ہو سکے ۔ اس صورت میں وہی شخص کعبے میں داخل ہو سکے گا جسے تم چاہو گے اور اگر کوئی ایسا شخص آئے جسے تم ناپسند کرتے ہو تو اسے پھینک دینا ، وہ گرے گا اور دیکھنے والوں کے لیے مقام عبرت بن جائے گا ۔ چنانچہ قریش نے ایسا ہی کیا ۔

اس کی تعمیر کا سبب یہ تھا کہ کعبہ گر گیا تھا اس وقت اس کی بلندی قد آدم سے اونچی تھی ۔ ابو حذیفہ نے اسے اور اونچا کرنا چاہا اور سمندر نے کسی رومی تاجر کی کشتی کو جدہ میں لا پھینکا تھا ۔ جدہ والوں نے اس کی لکڑی کو قبضے میں لے لیا ۔ اوپر کعبے میں ایک سانپ رہتا تھا جس سے لوگ بہت ڈرتے تھے ۔ اتفاق سے وہ سانپ نکل کر کعبے کی دیوار پر آ گیا اور ایک پرندہ جھپٹ کر اسے لے اُڑا ۔ یہ دیکھ کر قریش نے کہا : ہمیں امید ہے کہ جو ارادہ ہم نے کیا ہے اس پر اللہ سبحانہ راضی ہیں ۔ لہٰذا انھوں نے کعبے کو گرا کر اسے (رومی تاجر کی) کشتی کی لکڑی سے تعمیر کر ڈالا ، کعبہ اسی تعمیر پر قائم تھا تاآنکہ حُصینؔ بن نُمیر اور شامی لشکر نے ۶۴ھ میں یزید بن معاویہ کے عہد میں ابن زبیر کا محاصرہ کیا اور اس سے جنگ کی ۔ حصین کے ساتھیوں میں سے ایک شخص نے کھجور کی چھال میں آگ رکھ کر نیزے کی نوک پر اٹھائی اس وقت تُند ہوا چل رہی تھی ۔ ایک شرارہ اُڑ کر کعبے کے پردوں میں جا پڑا جس سے پردے جل گئے دیواریں پھٹ بھی گئیں اور سیاہ بھی ہو گئیں ۔ پتھر بھی گرے اور بکھر گئے ۔ یزید کی موت پر جب حصین واپس چلا گیا تو عبداللہ بن زبیر نے اپنے

Marfat.com

ساتھیوں سے کعبے کو گرا کر بنانے کے متعلق مشورہ کیا ۔ جابر[1] بن عبد اللہ اور عبید بن عمیر نے تائید کی مگر عبد اللہ بن عباس نے ان سے اتفاق کرنے سے انکار کر دیا اور کہا : بیت اللہ کو گرایا نہ جائے گا ۔ اس پر ابن زبیر نے کہا : کیا تم نہیں دیکھتے کہ کبوتر جب بیت اللہ کی دیواروں پر بیٹھتے ہیں تو اس کے پتھر گر کر بکھر جاتے ہیں ۔ تم خود اپنے گھروں کو تو بناتے رہتے ہو مگر اللہ کا گھر نہیں بنایا جاتا ۔ یاد رکھو میں کل صبح اسے گرا دوں گا ۔ مجھ تک یہ روایت پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے : اگر میرے پاس دولت ہوتی تو میں [۲۳۳] اسے ابراھیم علیہ السلام کی بنیادوں پر تعمیر کرتا اس میں دو دروازے رکھتا ایک شرقی اور ایک غربی ۔ اسود[2] سے پوچھا گیا ۔ کیا تم نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس بارے میں کچھ سنا ؟ تو انھوں نے جواب دیا : ہاں ۔ انھوں نے مجھے بتلایا تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : تمھاری قوم کی رقم کم ہوگئی ہے ۔ لہٰذا اسی پر اکتفا کرو ۔ اگر یہ لوگ تازہ تازہ مسلمان نہ ہوئے ہوتے تو میں اسے گرا کر اس کی اصلی حالت پر لے آتا ۔ اس پر ابن زبیر نے کعبے کو گرانے کا ارادہ پختہ کر لیا ۔ صبح ہوئی تو عبید بن عمیر کی طرف آدمی بھیجا ۔ جواب ملا کہ وہ سویا ہؤا ہے ۔ دوبارہ آدمی بھیج کر اسے جگایا اور کہا کیا تجھے یہ خبر نہیں ملی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ چاشت کے وقت عالم کے سونے کی وجہ سے زمین اللہ کے پاس چلاتی ہے ۔ بہرحال انھوں نے کعبے کو گرا دیا ۔ ابن عباس نے پیغام بھیجا اگر تم اسے ضرور گراؤ ہی گے تو لوگوں کو قبلے کے بغیر نہ رہنے دینا ۔ جب کعبہ گرا دیا گیا تو لوگوں نے کہا : ہم قبلے کے بغیر کیسے نماز پڑھیں ۔ جابر اور زید نے کہا : کعبے کی جگہ کی طرف منہ کر کے نماز

---

۱ ۔ جابر بن عبد اللہ : چوہتر (۷۴) سال کی عمر میں ۷۸ھ میں وفات پائی ۔

۲ ۔ اسود : اسود بن یزید النخعی الکوفی ۔ فقیہ اور عابد تھے ۔ دن رات میں سات سو رکعت پڑھا کرتے تھے ۔ ۷۵ھ میں وفات پائی ۔

Marfat.com

پڑھ لو ، وہی قبلہ ہے - ابن زبیر نے کعبے کی جگہ کو ڈھانپ دینے کا حکم دیا اور حجر اسود کو ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر تابوت میں رکھ دیا - عکرمہ[1] کہتے ہیں کہ میں نے حجر اسود کو دیکھا ہے ، یہ ایک ہاتھ تھا یا کچھ زیادہ ہوگا - اس کا اندرونی حصہ چاندی کی طرح سفید تھا - کعبہ کے زیورات کو دربانوں کے پاس کعبے کے خزانے میں رکھ دیا گیا - پھر جب اسے تعمیر کرنا چاہا تو حطیم کی جانب سے کھودنا شروع کیا تاآنکہ حضرت ابراھیم علیہ السلام کی بنیادیں ظاہر ہوگئیں - اس پر اس نے لوگوں کو اکٹھا کیا اور پوچھا : کیا تمھیں معلوم ہے کہ یہی ابراھیم[4] کی بنیادیں ہیں ؟ لوگوں نے کہا : ہاں - لہٰذا اس نے کعبے کو ابراھیم علیہ السلام کی بنیادوں پر تعمیر کیا اور حجر میں سے چھ ہاتھ زمین اس میں شامل کر لی اور چار ہاتھ چھوڑ دی - بعض کہتے ہیں کہ سات ہاتھ شامل کر لی اور تین ہاتھ چھوڑ دی اور اس کے دو دروازے شرقی اور غربی رکھے جو زمین کے ساتھ لگے ہوئے تھے ایک داخل ہونے کے لیے اور دوسرا باہر جانے کے لیے - ان دروازوں پر سونے کے پترے لگائے - اس کی چابیاں بھی سونے کی بنوائیں - اس کی تعمیر کے وقت جو لوگ قریش میں سے یہاں موجود تھے ان میں ایک ابو الجہم بن حذیفہ عدوی بھی تھے - انھوں نے کہا : میں نے کعبے کی تعمیر میں دو بار حصہ لیا ہے - ایک بار عہد جاہلیت میں جب میں پوری طرح جوان تھا - اور دوسری بار عہد اسلام میں ایک بوڑھے آدمی کی قوت کے ساتھ - زبیر بن بکار نے بیان کیا ہے کہ عبد اللہ بن زبیر کو حجر کے اندر سبز رنگ کے پتھر کی سلیں ملی تھیں جو ایک قبر کے اوپر لگی ہوئی تھیں - عبد اللہ[2] بن صفوان نے کہا کہ یہ اسمٰعیل علیہ السلام

---

۱ - عکرمہ : مولی ابن عباس یہ فقیہ تھے - ۱۰۵ھ میں وفات پائی -

۲ - عبد اللہ بن صفوان - عبد اللہ بن صفوان بن امیہ بن خلف الجمحی - رئیس مکہ اور ابن رئیس تھے - نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں پیدا ہوئے اور ۷۳ھ میں عبد اللہ بن زبیر کا ساتھ دیتے ہوئے قتل ہوئے -

Marfat.com

کی قبر ہے لہٰذا انھوں نے ان پتھروں کو نہیں ہلایا ۔

[۲۳۴] اس کے بعد کعبہ ابن زبیرؓ کے عہد میں اسی حالت پر رہا یہاں تک کہ حجاج نے اُن سے جنگ کی اور انھیں مسجد حرام میں محصور کر لیا ۔ پھر منجنیقیں گاڑ دیں تاآنکہ اُن پر غالب آ گیا ۔ منجنیقوں کے پتھر پڑنے سے کعبے کی دیواریں پھٹ گئیں لہٰذا حجاج نے اسے گرا کر عبدالملک بن مروان کے حکم سے تعمیر کیا ۔ حجر کی زمین کو اس میں سے نکال دیا اور اسے پھر قریش کی تعمیر کے مطابق استوار کر دیا اور وہ اب تک اسی حالت پر قائم ہے ۔ عبد الملک بن مروان کہا کرتا تھا : کہ ابن زبیرؓ نے تعمیر کعبہ کی جو ذمہ داری اُٹھائی تھی اے کاش وہ ذمہ داری اُسے میں نے سونپی ہوتی ۔

رہا غلاف کعبہ تو ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ سب سے پہلے سعد نے کعبے کو یمانی ملبوس پہنایا ۔ ازاں بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمانی کپڑے پہنائے ، پھر عمر بن الخطاب اور عثمان رضی اللہ عنہما نے قباطی کتان اڑھائی ۔ اس کے بعد یزید بن معاویہؓ نے خسروانی مخمل پہنائی ۔ محارب بن زیاد نے حکایت کی ہے کہ جس شخص نے سب سے پہلے کعبے کو مخمل پہنائی وہ خالد بن جعفر بن کلاب تھا ۔ بزازّی کا ایک قافلہ اس کے ہاتھ آ گیا تھا جس میں فرشی چادریں تھیں ۔ اس نے انھیں کعبے پر لٹکا دیا ۔ اس کے بعد ابن الزبیرؓ اور حجاج نے مخمل کا غلاف پہنایا ۔ پھر بنو امیہ نے اپنے عہد میں وہ دو شالے پہنائے جو اہل نجران جنگوں میں پہنا کرتے تھے اور ان کے اُوپر مخمل ڈالی ۔ پھر متوکل نے کعبے کے سنگ مرمر کی تجدید کی ۔ اسے چاندی کے ساتھ مضبوط کیا اور تمام دیواروں کو اور چھتوں کو سونا پہنایا پھر اس کے ستونوں پر بھی مخمل چڑھا دی ۔ ازاں بعد لباس کعبہ مخمل ہی رہا ۔

---

۳ - بلوغ الارب میں نظیمة دیا ہے اسے لَطیمةٍ پڑھیں جیسا کہ الروض الانف (۱ : ۷۷) میں ہے ۔ وہاں یہ عبارت یوں دی ہے : أخذ لطيمة من البز و أخذ فيها انما طيًا فعلقها على الكعبة ۔

Marfat.com

رہی مسجد حرام تو یہ کعبے کے گرد ایک صحن ہے اور طواف کرنے والوں کے لیے کھلی جگہ کی حیثیت رکھتی ہے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد میں اس کے گرد کوئی دیوار نہ تھی ۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے اور آبادی زیادہ ہو گئی تو انھوں نے مسجد کی توسیع کی ۔ انھوں نے مکانات خرید کر انھیں گرا دیا اور (رقبہ) مسجد میں داخل کر دیا ۔ انھوں نے کچھ اور ایسے لوگوں کے بھی گھر گروا دیے جو مسجد کے آس پاس رہتے تھے۔ انھوں نے ان مکانات کے فروخت کرنے سے انکار کر دیا تھا مگر آپ نے ان کی قیمتیں مقرر کر دیں ۔ جنھیں مالکوں نے بعد میں لے لیا ۔ حضرت عمرؓ نے مسجد کی ایک چھوٹی سی دیوار بھی بنا دی جس کی بلندی قد آدم سے کم تھی ۔ اس دیوار پر چراغ رکھ دیے جاتے تھے لہٰذا حضرت عمر رضی اللہ عنہ پہلے شخص تھے جنھوں نے مسجد کی دیوار بنائی ۔ پھر جب حضرت عثمانؓ خلیفہ بنے تو انھوں نے کچھ اور مکانات خریدے اور مسجد کی توسیع کی یعنی کچھ لوگوں کے مکانات لے کر ان کی قیمت مقرر کر دی ۔ انھوں نے بیت اللہ کے پاس آ کر واویلا کیا ۔ تو حضرت عثمانؓ نے [۲۳۵] فرمایا : تمھیں میرے حلم نے یہ جرأت دلائی ہے۔ عمرؓ نے بھی یہی بات کی تھی اور تم اقرار کر کے راضی ہو گئے تھے ۔ اس کے بعد حضرت عثمانؓ نے انھیں قید کر دینے کا حکم دے دیا ، مگر پھر عبداللہ بن خالد بن اسید کی سفارش پر چھوڑ دیا ۔ جب مسجد کی توسیع کی جانے لگی تو اس کے لیے شامیانے کھڑے کر دیے گئے تاآنکہ اس کی توسیع کا کام مکمل ہو گیا ۔ اس کے بعد ولید بن عبدالملک (م ۹۶ھ) نے مسجد کی توسیع کی ۔ اس کے لیے پتھروں اور سنگ مرمر کے ستون لائے گئے ۔ اس کے بعد منصور (م ۱۵۸ھ) نے مسجد کی اور بھی زیادہ توسیع اور تعمیر کی ۔ بعد میں مہدی (م ۱۶۹ھ) نے اضافہ کیا ، پھر ایک طویل مدت تک وہی تعمیر جوں کی توں قائم رہی ۔

اب مکے کو لیجیے تو وہاں مکانات نہ ہؤا کرتے تھے ۔ جرہم اور اور عمالقہ کے بعد قریش مکے کی پہاڑیوں اور وادیوں میں گھاس اور چارے

Marfat.com

کی تلاش میں نکل جایا کرتے ۔ مگر حرم (کی حدود) سے باہر نہ ہوتے تھے اس لیے کہ وہ کعبے سے نسبت رکھتے تھے جن پر ان کا قبضہ تھا ۔ نیز اس لیے کہ وہ حرم میں رہنے کی وجہ سے حرم کے ساتھ خصوصیت رکھتے تھے اور ان کا خیال تھا کہ عنقریب اسی وجہ سے انھیں کوئی اہمیت حاصل ہو جائے گی ۔ پھر جب ان کی تعداد بڑھ گئی اور ان کی ریاست وجود میں آ گئی تو اُن کی امید بھی پختہ ہو گئی اور انھیں معلوم ہو گیا کہ وہ بہت جلد عربوں کے پیشرو بن جائیں گے ۔ ان کے فضلا اور اصحاب الرائے اور تجربہ کار لوگوں کا خیال تھا کہ یہ سب کچھ ان کی دین کی سرداری اور عنقریب ظاہر ہونے والی نبوت کی تمہید کے طور پر ہے کیونکہ وہ کعبے کے معاملات میں سے ان امور کو مضبوطی سے سنبھالے ہوئے تھے جن کا تعلق بطور خاص دین سے تھا ۔ چنانچہ پہلا شخص جس نے اس بات کو محسوس کیا اور جس کے دل میں یہ خیال ڈالا گیا وہ کعب[1] بن لؤی بن غالب تھا ۔ قوم قریش ہر جمعے کے دن اس کے پاس آ کر جمع ہؤا کرتی تھی ۔ جمعے کو جاہلیت میں عروبہ کہا جاتا تھا ۔ کعب نے اس دن کا نام جمعہ رکھا ۔ اس دن وہ قریش کو خطاب کیا کرتا تھا اور انھیں محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے متعلق اطلاعات دیا کرتا تھا ۔ یہ ان الہامات کی فہم ہے جن کا تخیل عقل میں آیا اور وہ صحیح نکلا ۔ نفوس نے اس کا تصور کیا اور وہ پورا ہو گیا ۔ ہم انشاءاللہ مجتمعات پر بحث کرتے وقت اس کا مفصل ذکر کریں گے ۔ اس کے بعد ریاست قصی بن کلاب کے پاس آ گئی ۔ اس نے مکے میں دارالندوہ تعمیر کیا تا کہ وہ اس میں بیٹھ کر قریش کے مقدمات کا فیصلہ کیا کرے ۔ پھر یہ دارالندوہ باہمی مشاورت اور جنگوں میں جھنڈے باندھنے کے لیے استعمال ہونے لگا ۔ کلبی کہتا ہے : یہ پہلا گھر تھا جو مکے میں بنا ۔ پھر لوگوں نے پے در پے رہائش کے لیے گھر بنا لیے ۔ اور جس قدر اسلام کا زمانہ قریب آتا گیا اسی قدر ان کی قوت بھی بڑھتی

---

۱ - ملاحظہ ہو الروض الانف : ۱ ; ۲۶۹ ۔

Marfat.com

گئی اور تعداد زیادہ ہوتی گئی یہاں تک کہ عرب ان کے مطیع ہوگئے اور ان کا عربوں پر حکومت کرنے کا پرانا خیال سچا نکلا ۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو پیغمبر بنا کر بھیجا تو دوسرا خیال بھی کہ نبوت ان میں ہوگی سچا نکلا ۔ چنانچہ جس جس کو اللہ نے ہدایت دی وہ ایمان لے آیا اور جس جس نے آپ سے عناد رکھا اسی نے آپ کی نبوت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ۔ پھر جب ان کی ایذا رسانی شدت اختیار کر گئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے ہجرت کر کے چلے گئے تاآنکہ ہجرت سے آٹھ سال بعد فاتح کی حیثیت سے واپس آئے ۔

[۲۳۶] فتح مکہ کے سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مکے میں داخلے کے متعلق اختلاف پایا جاتا ہے کہ آیا آپ بزور قوت داخل ہوئے یا بصلح مگر ساتھ ہی علما کا اس بات پر اتفاق ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ تو کوئی مال غنیمت حاصل کیا اور نہ ہی قریش کی اولاد کو قیدی بنایا ۔ ابو حنیفہ اور مالک کی رائے یہ ہے کہ آپ بزور شمشیر مکے میں داخل ہوئے تھے اور غنیمت کا مال لینے کے معاملے میں قریش سے در گزر فرمایا تھا ، قیدیوں پر بھی احسان کیا (اور انھیں چھوڑ دیا تھا) ۔ یہ کہ امام کو اختیار حاصل ہے کہ کسی شہر کو بزور فتح کرنے کے بعد لوگوں کو معاف کر دے اور مال غنیمت نہ لے اور ان پر احسان کرتے ہوئے کسی کو قیدی نہ بنائے ۔ امام شافعی کی رائے یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بصلح مکے میں داخل ہوئے تھے اور آپ نے یہ صلح ابو سفیان کے ساتھ کی تھی ۔ شرط یہ تھی کہ جو اپنے گھر کا دروازہ بند کر لے اس کے لیے امان ہے ۔ جو کعبے کے پردوں کے ساتھ لٹک جائے اسے بھی امان ہے ۔ جو ابو سفیان کے گھر میں داخل ہو جائے اسے بھی امان ہے آپ نے صرف چھ آدمیوں کو مستثنیٰ قرار دیتے ہوئے ان کے قتل کا حکم دیا تھا خواہ وہ کعبے کے پردوں سے کیوں نہ لٹک جائیں ۔ ان کے یہ نام ہیں ۔

عبداللہ بن سعد یہ بنی عامر بن لؤی میں سے تھا ۔ یہ قبل ازاں اسلام لا چکا تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وحی لکھا

Marfat.com

کرتا تھا مگر پھر مشرک ہو کر قریش کے پاس پہنچ گیا تھا اور عبداللہ بن خطل ، یہ بنی تمیم بن غالب میں سے تھا ۔ یہ بھی پہلے مسلمان ہو چکا تھا ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے صدقات وصول کرنے کے لیے بھیجا ۔ ایک انصاری کو اس کے ہمراہ روانہ کیا ۔ عبداللہ کے ساتھ اس کا ایک آزاد کردہ غلام بھی تھا ۔ وہ غلام مسلمان تھا ۔ دونوں نے ایک مقام پر قیام کیا ۔ عبداللہ نے غلام کو حکم دیا کہ ایک بکرا ذبح کر کے کھانا تیار کرے ۔ یہ کہا اور سو گیا ، بیدار ہؤا تو کھانا تیار نہ تھا اس نے غلام پر حملہ کیا اسے قتل کر ڈالا اور خود مشرک ہو گیا ۔ اس کے پاس دو گانے والی لونڈیاں تھیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو گایا کرتی تھیں ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا انھیں بھی اس کے ساتھ ہی قتل کر دیا جائے ۔

حویرث بن نقیذ بن وھب بن عبد قصی ۔ یہ ان لوگوں میں سے تھا جو آپ کو مکے میں ایذا دیا کرتے تھے ۔

مقیس بن صبابہ ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے قتل کا اس لیے حکم دیا تھا کہ اس نے ایک انصاری کو قتل کر دیا تھا جس نے غلطی سے اس کے بھائی کو مار ڈالا تھا (اس واقعہ کے بعد) یہ پھر مشرک بن کر قریش کے پاس واپس چلا آیا تھا ۔

سارۃ ۔ جو عبدالمطلب کے کسی بیٹے کی آزاد کردہ لونڈی تھی ۔ یہ بھی ان لوگوں میں سے تھی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکے میں دکھ دیا کرتے تھے ۔

اور چھٹا عکرمہ بن ابو جہل[1] تھا ۔

---

۱ ۔ یہ بھاگ کر یمن چلا گیا تھا ۔ اس کی بیوی ام حکیم بنت الحارث بن ھشام ایمان لے آئی تو اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے لیے امان کی درخواست کی اور آپ نے امان دے دی ۔ وہ پھر اس کی تلاش میں یمن آئی اور اسے لے کر رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئی ۔

Marfat.com

اس کے بعد آپ نے ان میں سے بعض کو معاف[1] بھی کر دیا تھا ۔

اسی طرح کچھ لوگوں پر آپ نے شکست کے بعد قابو پا لیا اور انھیں موت کے گھاٹ اتار دیا ۔ چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صلح کے ساتھ مکے میں داخل ہوئے تھے اس لیے آپ نے نہ تو غنیمت کا مال لیا اور نہ کسی کو قیدی بنایا ۔ امام کو اس بات کا حق حاصل نہیں ہے کہ کسی شہر کو بزور فتح کرنے کے بعد لوگوں کے اموال غنیمت معاف کر دے ، نہ ہی اسے یہ حق حاصل ہے کہ کسی پر احسان کرتے ہوئے اسے قیدی نہ بنائے کیونکہ اس میں اللہ اور غنیمت پانے والوں کا حق شامل ہے ۔ لہٰذا جب مکہ اور حرم مکہ سے مال غنیمت نہ لیا گیا تو وہ عُشْر والی زمین بن گیا کہ اگر وہاں کھیتی باڑی ہو تو ان پر خراج عائد نہ کیا جائے گا ۔

[۲۳۷] فقہا کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ آیا مکے کے مکانات فروخت کیے جا سکتے ہیں یا نہیں اور آیا انھیں کرائے پر دیا جا سکتا ہے یا نہیں ۔ امام ابو حنیفہ نے ان گھروں کے فروخت کرنے سے منع کیا ہے مگر ایام حج کے علاوہ ان گھروں کو کرایے پر دینے کی اجازت دی ہے ۔ ایام حج میں کرایے پر دینے سے منع کیا ہے ۔ ان کی دلیل اعمش کی وہ روایت ہے جو اس نے مُجَاہد کے حوالے سے بیان کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : مکے کا شہر حُرمت والا شہر ہے ، نہ تو یہاں کے مکانات کا بیچنا جائز ہے اور نہ کرایے پر دینا " ۔ مگر امام شافعی گھروں کو بیچنے کی بھی اور کرایے پر دینے کی بھی اجازت دیتے ہیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کو اسلام کے بعد بھی اپنے مکانات پر اسی طرح قابض رہنے دیا تھا ، نہ تو آپ نے انھیں غنیمت کے مال کے طور پر لیا اور نہ ان کی مخالفت کی ۔ آپ کے بعد بھی یہی دستور رہا ۔

---

۱ ۔ چنانچہ عبداللہ بن خطل کی ایک لونڈی کو قتل کر دیا گیا تھا اور دوسری بھاگ گئی تھی اور پھر اسے امان دے دی گئی تھی ۔ اسی طرح سارہ کو بھی امان مل گئی تھی ۔

Marfat.com

اب لیں دارالندوہ کو - یہ پہلا گھر تھا جو مکے میں تعمیر ہؤا - قصی کے بعد یہ گھر عبدالدار بن قصی کو منتقل ہو گیا - عہد اسلام میں اس کو معاویہ رض نے عکرمہ بن عامر بن ہشام بن عبدالدار بن قصی سے خریدا اور دارالامارت بنایا - جو مکانات خریدے گئے ان سب میں سے زیادہ شہرت اسی گھر کو حاصل ہوئی - لوگوں میں اس بات کی خوب شہرت ہوئی مگر کسی صحابی نے اس کی فروخت سے برا نہیں مانا - حضرت عمر رض اور عثمان رضی اللہ عنہما نے بھی تو مکے کے وہ مکانات خریدے تھے جن سے مسجد کی توسیع کی گئی تھی اور مکانوں کے مالکوں نے مقرر کردہ قیمتیں وصول کیں - اگر یہ ناجائز ہوتا تو حضرت عمر رض اور عثمان رض یہ رقم مسلمانوں کے مال میں سے خرچ نہ کرتے - یہی دستور آج تک جاری چلا آ رہا ہے - لہذا یہ ایسا اجماع ہؤا جس کی سب نے پیروی کی - مجاہد کی روایت اول تو مرسل روایت ہے اور اس کی یہ توجیہ کی گئی ہے کہ وہاں کے رہنے والوں کے لیے ان مکانوں کا بیچنا جائز نہیں یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ مکان بطور غنیمت کے مال کے نہیں لیے گئے کہ ان کا کوئی اور مالک بن جائے - یہی وجہ ہے کہ انھیں بیچا بھی نہیں گیا - یہی حکم کرایے پر دینے کا ہے -

رہا حرم تو یہ وہ علاقہ ہے جو مکے کو تمام اطراف سے گھیرے ہوئے ہے - اس کی حد مدینے کے راستے پر تنعیم سے ورے بنی نفار کے گھروں کے پاس تین میل کے فاصلے تک چلی گئی ہے - عراق کے راستے پر جہاں پہاڑ کی گھاٹی ختم ہوتی ہے سات میل تک ، جعرانہ کے راستے پر ابو عبداللہ بن خالد کی گھاٹی میں نو میل تک ، طائف کے راستے پر عرفہ پر اور بطن نمرہ سے سات میل تک اور جدہ کے راستے پر منقطع العشائر تک چلی گئی ہے جو دس میل کے فاصلے پر ہے - یہ اس علاقے کی حدود ہیں جسے اللہ تعالٰی نے اپنا حرم قرار دیا ہے اس لیے کہ اس شہر کی خصوصیت [۲۳۸] یہ ہے کہ چند امور یہاں حرام قرار دیے گئے ہیں نیز اس لیے کہ دیگر شہروں سے اس کے احکام مختلف ہیں - اللہ تعالٰی فرماتے ہیں :

Marfat.com

وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا آمِنًا (یعنی مکة و حرمها) وَارْزُقْ اَهْلَه مِنَ الثَّمَرَاتِ

جب ابراهیم علیه السلام نے دعا کی که خدایا اس شهر کو امن والا شهر بنا (مراد مکه اور اس کے حرم سے ہے) اور یہاں کے لوگوں کو پھل کھانے کو دے

کیونکه یه تو ایسی وادی تھی جہاں کھیتی باڑی نه ہوتی تھی، اسی لیے ابراهیم نے الله سے درخواست کی که یہاں کے لوگوں کے لیے یه دونوں باتیں جمع کر دے، امن اور فارغ البالی تاکه وه آرام کی زندگی بسر کر سکیں - الله تعالٰی نے ان کی درخواست قبول فرمائی اور مکے کو امن والا حرم بنا دیا جبکه اس کے ارد گرد لوگوں کو لوٹ لیا جاتا تھا - اسی طرح ہر شہر سے لا کر یہاں پھل جمع کر دیے۔

مکے اور اس کے ارد گرد کے علاقے کے متعلق لوگوں میں اختلاف پایا جاتا ہے آیا یه حضرت ابراهیم علیه السلام کی درخواست پر امن والا حرم بنایا یا پہلے ہی سے اسی طرح چلا آ رہا تھا - اس ضمن میں دو قول ہیں ایک یه که یه شہر پہلے ہی سے جابر بادشاہوں سے اور یہاں پر متسلط ہونے والوں سے نیز زلزلوں اور زمین کے اندر دھس جانے سے محفوظ چلا آ رہا ہے - حضرت ابراهیم علیه السلام کی درخواست صرف یه تھی که الله تعالٰی اسے قحط اور خشک سالی سے محفوظ رکھے - نیز یه که یہاں کے باشندوں کو پھل کھانے کو دے جیسا که [1]سعید بن ابی سعید کی روایت میں ہے، وه کہتے ہیں که میں نے [2]ابو شُرَیح خزاعی کو یه کہتے ہوئے سنا که جب رسول الله صلی الله علیه وسلم نے مکه فتح کیا تو کھڑے ہو

---

١ - سعید بن ابی سعید المقبری - انھوں نے ابو هریره سے کثرت سے روایت کی ہے - وفات سے چار سال پہلے ان کے ذہن میں خرابی آ گئی تھی - ١٢٥ھ میں وفات پائی -

٢ - ابو شریح الخزاعی الکعبی انھیں عدوی بھی کہا جاتا ہے - فتح مکه سے پہلے ایمان لائے اور ٦٨ھ میں وفات پائی -

Marfat.com

کر خطبہ دیا جس میں فرمایا :

لوگو ! اللہ تعالٰی نے جس دن سے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا ہے اسی دن سے اسے (مکہ کو) حرام قراد دیا ہے ۔ لٰہذا یہ قیامت تک حرام ہے ۔ کسی شخص کے لیے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو یہ جائز نہیں کہ وہ یہاں خون بہائے یا درخت کاٹے ۔ میرے بعد کسی کے لیے یہ شہر حلال نہ ہوگا اور میرے لیے بھی صرف اس گھڑی کے لیے جائز قرار دیا گیا جس کی وجہ ان لوگوں سے اللہ کی ناراضگی تھی ۔ زنہار ! کہ یہ شہر پھر اُسی طرح حرم بنا دیا گیا ہے جس طرح پہلے تھا ۔ زنہار ! جو لوگ یہاں موجود ہیں وہ ان لوگوں تک جو یہاں موجود نہیں ہیں میری یہ بات پہنچا دیں ، اگر کوئی شخص یہ کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں لوگوں کو قتل کیا تو اس سے کہہ دو کہ یہ اللہ نے اپنے رسول کے لیے حلال کر دیا تھا مگر تیرے لیے حلال نہیں کیا ۔

دوسرا قول یہ ہے کہ مکہ ابراھیم علیہ السلام کی دعا سے پہلے حلال تھا جس طرح دیگر شہر ہیں ۔ نیز یہ کہ یہ شہر آپ ہی کی دعا سے حرم آمن بنا ۔ جس طرح ابراھیم علیہ السلام نے اسے حرام قرار دیا ہے ۔ بعینہٖ اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینے کو حرام قرار دیا ہے ۔ حالانکہ یہ شہر پہلے حلال تھا ۔ اس کی دلیل اشعث کی وہ روایت ہے جو انھوں نے نافع سے اور نافع نے ابو ھریرہ رض کے حوالے سے بیان کی ہے ، ابو ھریرہ رض کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : ابراھیم علیہ السلام اللہ کے بندے اور خلیل تھے ۔ میں بھی اللہ کا بندہ اور رسول ہوں ۔ نیز یہ کہ ابراھیم نے مکے کو حرام قرار دیا تھا اور میں نے مدینے کو یعنی اس علاقے کو جو دو پتھریلی زمینوں کے درمیان [۲۳۹] ہے ۔ خواہ درخت ہوں خواہ شکاری جانور ۔ نہ یہاں جنگ کے لیے ہتھیار اٹھائے جائیں اور نہ درخت کاٹے جائیں ۔ البتہ اونٹ کے چارے کے لیے لے سکتے ہیں ۔

Marfat.com

اب مروہ کو لیں ۔ یہ مکہ کا ایک پہاڑ ہے جو صفا کی طرف مڑا ہؤا ہے ، اس کا رنگ سرخی مائل ہے ۔ رہا مزدلفہ تو یہ حاجیوں کے رات گزارنے کی جگہ ہے ، جب عرفات سے روانگی ہو تو یہاں دو نمازیں اکٹھی کرکے پڑھی جاتی ہیں ۔ یہ بطن محسر اور مازمین کے درمیان واقع ہے ۔ اگر تو عرفات سے روانہ ہو تو جب تک محسر سے ورے قرن احمر تک نہ پہنچ جائے تو مزدلفہ ہی میں ہوتا ہے ۔

اور ایک مقام ہے قزح ۔ یہ موقف اور مزدلفہ کے پاس ہی ایک پہاڑ ہے منیٰ سے ایک فرسنگ کے فاصلے پر ۔ یہاں مصلّٰی ، پانی پینے کی جگہ ، منارہ اور چند حوض ہیں جو یثرب پہاڑ کے پہلو میں واقع ہیں ۔

منیٰ ۔ یہ مکہ سے ایک فرسنگ کے فاصلے پر چھوٹا سا شہر ہے جس کی لمبائی دو میل ہے ۔ یہ حج کے دنوں میں آباد ہو جاتا ہے ۔ باقی تمام سال خالی پڑا رہتا ہے ، صرف یہاں کے محافظ یہاں رہ جاتے ہیں عہد اسلام میں شاید ہی کوئی مشہور شہر ایسا ہوگا ۔ جہاں کے لوگوں کا منیٰ میں خیمہ نہ لگا ہو ۔ مکے کی جہت سے منیٰ کے شروع ہی میں ایک گھاٹی آتی ہے جہاں قربانی کے دن کنکریاں پھینکی جاتی ہیں ۔ مسجد دائیں سڑک پر ہے ۔ مسجد الکبش گھاٹی کے قریب ہے ۔ یہاں تالاب اور کنوئیں ہیں ۔ یہ جگہ دو پہاڑوں کے درمیان واقع ہے جن پر سے یہ بخوبی دکھائی دیتا ہے ۔

اصمعی حمیٰ ضریّہ کے گرد کے پہاڑوں اور منیٰ کے پہاڑ کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے :

آتْبَعْتُهُمْ مُقْلَةً اِنْسَانُهَا غَرِقٌ
كَالنَّفْصِ فِی رَقْرَقِ الدَّمْعِ مَغْمُورُ

تو نے ان کے پیچھے اپنی آنکھوں کو لگائے رکھا جن کی پتلی آنسوؤں میں ڈوبی ہوئی تھی جس طرح آنکھ کا ڈیلا ٹپکتے ہوئے آنسوؤں میں غرق ہو

حَتّٰی تَوَارَوْا بِشَعْفٍ وَالجِمَالُ بِهِم
مِنْ هَضْبَتَيْهَا وَعَنْ جَنْبَیْ مِنیٰ زُوْرُ

Marfat.com

تاآنکہ وہ پہاڑ کی چوٹیوں میں چھپ گئے اور اونٹ انھیں لے کر اس کے دونوں ٹیلوں اور منٰی کی دونوں جہتوں سے ایک جانب کو جھکے ہوئے تھے

رہا عرفات اور صفا وغیرہ تو یہ تمام کے تمام ایسے مقامات ہیں جہاں حاجی مناسک حج ادا کرتے ہیں جو کتابیں اس موضوع پر لکھی گئی ہیں ان میں ان کا مفصل ذکر موجود ہے ۔

فضیلت مکہ کے ضمن میں جو کچھ وارد ہؤا ہے آس کا مختصر سا ذکر اور تھوڑا بہت حال یہاں کے رؤسا اور اشراف کا

پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ مکے کے کئی نام ہیں ۔ اللہ تعالٰی نے اس کا نام " البلدالامین " بھی رکھا ہے چنانچہ فرمایا ہے :

والتِّیْنِ والزَّیْتُونِ وطُوْرِ سِیْنِیْنَ وھٰذا البَلَدِ الأَمِیْنِ

قسم ہے انجیر کی ، زیتون کی ، طورسینین کی اور اس امین شہر کی

ہدایۃ الحیاریٰ[1] میں ہے : اللہ تعالٰی کا فرمان (والتّین والزیتون) تو یہ دونوں درخت اس مقدس زمین میں ہیں جہاں سے مسیح کو مبعوث [۲۴۰] کیا گیا تھا ۔ یہیں انجیل نازل ہوئی تھی ، طورسینین وہ پہاڑ ہے جہاں موسیٰ علیہ السلام سے اللہ نے کلام کیا تھا اور اسے مبارک قطعہ زمین کی وادیٔ ایمن کے ایک درخت میں سے پکارا جو وہاں تھا ، پھر بلدِ امین کی قسم کھائی ۔ بلد امین مکہ ہے جہاں ابراھیم[۴] نے اسماعیل[۴] اور ان کی والدہ کو بسایا تھا ۔ اسی طرح تورات میں بھی وارد ہؤا ہے : آللہ تعالٰی نے طور کے ذریعے تجلی دی ، ساعیر میں سے چمکا اور فاران کے پہاڑوں سے ظاہر ہؤا ۔

---

۱ - ہدایۃ الحیاریٰ مکمل نام ہدایۃ الحیاریٰ مِنَ الیَھُود والنَّصَاریٰ ۔ یہ ابن قیم متوفٰی ۷۵۱ھ کی تصنیف ہے ۔

Marfat.com

ابن قتیبہ کا بیان ہے : " جو شخص اس امر پر غور کرے گا اس سے یہ بات مخفی نہ رہے گی ، یہ کوئی مشکل بات ہے بھی نہیں کیونکہ طورسینا کے ذریعے اللہ کے آنے سے مراد اللہ کا طورسینا میں موسیٰ علیہ السلام پر توراۃ کا نازل کرنا ہے ۔ جس طرح یہ بات اہل کتاب کے یہاں ہے اسی طرح ہمارے یہاں ہے ۔ اسی طرح ساعیر میں سے اس کے چمکنے کا مفہوم ساعیر میں عیسیٰ علیہ السلام پر انجیل کا اتارنا ہے ، یہ ارض [1] جلیل ہے جہاں ناصرہ نامی ایک گاؤں ہے ۔ اسی کی نسبت سے آپ کے متبعین کو نصاریٰ کہا جاتا ہے ۔ جس طرح یہ ضروری قرار پایا کہ ساعیر میں اللہ کا چمکنا مسیح کے ذریعے سے ہو اسی طرح یہ بھی ضروری ٹھہرا کہ فاران کے پہاڑوں سے ظہور کا مطلب اللہ کا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن کا نازل کرنا ہے ۔ فاران کے پہاڑ وہی مکہ کے پہاڑ ہیں ۔ چونکہ جو کچھ تورات میں مرقوم ہے وہ بھی اسی بات کی اطلاع ہے لہٰذا (ظاہر ہؤا کہ) اللہ نے زمانے کی ترتیب کے مطابق خبر دی چنانچہ ان کا ترتیبِ زمانی کے مطابق ذکر کیا گیا ۔ پہلے کا ذکر پہلے کیا اور بعد میں آنے والے کا ذکر بعد میں کیا ۔ خدا نے قرآن کی قسم تو اس کی عظمتِ شان کو ظاہر کرنے کی خاطر کھائی ۔ نیز اس لیے کھائی کہ اپنی قدرت ، آیات ، کتابوں اور رسولوں کا تذکرہ کیا جائے چنانچہ درجہ بدرجہ ان کی قسم کھائی ہے ۔ پہلے بلند کا ذکر کیا پھر اس سے بھی بلند کا پھر ان دونوں سے بھی زیادہ بلند کا کیونکہ قرآن اشرف الکتب ہے پھر تورات پھر انجیل ۔ فضیلت کی یہی ترتیب تینوں انبیا میں بھی ہے ۔ ملخص ختم ہؤا ۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ

(ایسی بات نہیں ۔ جب آپ اس شہر میں مقیم ہوں تو میں اس شہر کی قسم کھاتا ہوں) اور فرمایا : وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں ارض الخلیل درج ہے اسے ارض الجلیل جیم کے ساتھ پڑھیں ۔

Marfat.com

انھیں چاہیے کہ اس پرانے گھر کا طواف کریں ۔ نیز فرمایا : جَعَلَ اللّٰہُ الکَعْبَۃَ البَیْتَ الحَرَامَ قِیَاماً لِلنَّاسِ وَأَمْناً ۔ اللہ نے کعبے کو لوگوں کے قیام اور امن کی خاطر بیت حرام قرار دے دیا ہے اسی طرح ابراھیم علیہ السلام کا کہنا :

رَبَّنَا إِنِّی أَسْکَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِی بِوَادٍ غَیْرِ ذِی زَرْعٍ عِنْدَ بَیْتِکَ المُحَرَّمِ فَاجْعَلْ أَفْئِدَۃً مِنَ النَّاسِ تَھْوِی إِلَیْھِمْ وَارْزُقْھُمْ مِنَ الثَّمَرَاتِ

اے ہمارے پروردگار میں نے اپنی اولاد کو تیرے مقدس گھر کے پاس ایسی زمین میں بسایا ہے جہاں کوئی کھیتی باڑی نہیں ۔ لہٰذا لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل کر دے اور انھیں کھانے کو پھل دے ۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکے سے نکلے تو حَزْوَرَہ کے مقام پر ٹھہر گئے اور فرمایا :

میں جانتا ہوں کہ تو مجھے تمام شہروں سے زیادہ پیارا ہے اور اللہ کی زمین میں سب سے زیادہ اللہ کو محبوب ہے ۔ (حدیث)

[۲۴۱] حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں : " اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں مکے میں سکونت اختیار کرتی کیونکہ میں نے مکے سے بڑھ کر کسی جگہ بھی آسمان کو زمین کے قریب تر نہیں پایا ۔ میرا دل جس قدر مکے میں مطمئن رہا کسی دوسری جگہ اس قدر نہیں رہا ۔ میں نے چاند کو کہیں بھی اس قدر خوبصورت نہیں دیکھا جس قدر مکے میں دیکھا ہے" ۔

حضرت عائشہ رض کی آسمان کے قریب ہونے سے مراد اللہ کی رحمت کا قریب ہونا ہے ورنہ تمام اجزا زمین آسمان سے دور ہونے میں یکساں ہیں جیسا کہ اس موضوع کی کتابوں میں ثابت کیا گیا ہے :

ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالٰی عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ کی ناقہ کی مہار پکڑے ہوئے تھے اور فرما رہے تھے :

Marfat.com

يَـا حَبَّذَا مكَّةُ مِـنْ وَادِی
أَرْضٌ بِهَا أَهْلِی وَ اولاَدِیْ
أَرْضٌ بِهَا تُرْسَخُ أَوْتَادِیْ
أَرْضٌ بِهَا أَمْشِی بِلاَ هَادِیْ

وادیٔ مکہ کیا ہی عمدہ وادی ہے - یہ وہ زمین ہے جہاں میری بیوی اور بچے ہیں - جہاں میری میخیں گاڑی جاتی ہیں اور جہاں میں کسی رہنما کے بغیر چلتا ہوں

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینے تشریف لائے تو حضرت ابوبکرؓ اور حضرت بلالؓ کو بخار ہو گیا ، حضرت ابوبکرؓ کو جب زور کا بخار ہوتا تو کہتے :

كُلُّ امْرِئٍ مُصَبَّحٌ فِیْ أَهْلِهٖ
وَالموتُ أَدْنیٰ مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهٖ

ہر شخص کو اپنے اہل و عیال میں موت آنے والی ہے اور موت تو اس کے جوتے کے تسمے سے بھی زیادہ قریب ہے اور جب حضرت بلالؓ کا بخار اتر جاتا تو بلند آواز سے کہتے :

أَلاَ لَيْتَ شِعْرِیْ هَلْ أَبِيتَنَّ لَيْلَةً
وَ عِنْدِیْ مِنْهَا إِذْ خَرٌ وَجَلِيْلٌ

---

۱ - لسان العرب میں ہے : صَبَحَتْهُمُ الخَيْلُ و صَبَّحَتْهُمْ جَاءَتْهُمْ صُبْحاً و فی الحدیث انه صَبَّحَ خَيْبَرَ ای أَتَاهَا صباحاً و فی حدیث ابی بکر : کل امْرِئٍ مصبح فی اهله البیت ای مأتیٌّ بالمَوتِ صباحاً لکونه فیهم و قتئذٍ -

۲ - یہ شعر بلوغ الارب میں اسی طرح دیا ہے مگر صحیح روایت جیسے کہ شرح الامالی صفحہ ۵۵۷ پر ہے یوں ہے
أَلاَ لَيْتَ شعری هل أَبيتَنَّ لیلة بوادٍ وحَوْلِیْ إِذْخَر وجَلِيْل ،
لسان العرب میں دوسرا مصراع یوں دیا ہے : بفَجٍّ و حَوْلِیْ اذْخَرٌ و جَلِيْل ،

Marfat.com

کاش ! مجھے معلوم ہوتا کہ آیا میں کوئی رات وادیٔ مکے میں گزار سکوں گا درآنحالیکہ میرے پاس اذخر اور جلیل بوٹیاں ہونگی

وَ ھَلْ اَرِدَنْ یَوْماً مِیَاہَ مجَنَّۃٍ

وَ ھَلْ یَبْدُوَنْ لی شامَۃ و طَفِیْلٌ

اور کیا میں کسی دن مجنہ کے پانیوں پر وارد ہوں گا اور کیا کبھی شامہ اور طفیل مجھے دکھائی دیں گے ۔

خدایا ! شیبہ بن ربیعہ اور امیہ بن خلف پر لعنت نازل کر کہ انھوں نے ہمیں مکے سے نکال باہر کیا ہے ۔

فتح مکہ کے سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرۂ عقبہ پر کھڑے ہو کر فرمایا :

اللہ کی قسم تو بہترین زمین ہے اور تو مجھے سب زمینوں سے زیادہ پیاری ہے۔ اگر مجھےیہاں سے نکالا نہ جاتا تو میں نہ نکلتا ۔ یہ زمین مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال نہیں ہوئی اور نہ میرے بعد کسی کے لیے حلال ہوگی اور میرے لیے بھی دن کی ایک گھڑی کے لیےحلال ہوئی ہے اور پھر حرام ہوگئی ہے۔۔ نہ یہاں کا درخت کاٹا جائے گا اور نہ گھاس اور نہ ہی یہاں کسی کے گم ہونے والے جانور کو کوئی پکڑے گا سوا اس شخص کے جو اس امر کا اعلان کرے " ۔

ایک شخص نے اُٹھ کر عرض کیا یا رسول اللہ اذخر کو مستثنیٰ کر دیجیے ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا :

جو شخص ایک گھنٹے کے لیے مکے کی گرمی کو صبر سے سہہ لے گا جہنم اس سے ایک سو سال کی مسافت تک دور چلا جائے گا اور جنت دو سو سال کی مسافت تک قریب ہو جائے گا ۔

ایک پتھر پر یہ لکھا ہؤا پایا گیا : میں اللہ ہوں ، مکۃ الحرام کا رب ہوں ، میں نے اسے اسی دن سے اس کی جگہ پر بنا رکھا ہے جس دن میں نے سورج اور چاند کو بنایا تھا اور میں نے اس کے گرد سات فرشتے مقرر کر رکھے ہیں جو خالص اللہ کی عبادت کرنے والے ہیں ۔ یہ شہر

Marfat.com

اس[۱] دن تک قائم رہے گا جس دن تک اس کے پہاڑ (ابو قبیس اور جبل احمر) قائم ہیں یہاں کے باشندوں کے گوشت اور پانی میں برکت ہوگی ۔

اور جس بات سے مکے کی فضیلت کا پتا چلتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے :

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرَى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْ أُمِّهَا رَسُوْلاً

اللہ تعالیٰ اس وقت تک بستیوں کو تباہ نہیں کرنے کا جب تک ان کی بڑی بستی میں رسول نہ بھیج دے نیز اللہ کا فرمان یہ ہے :

وَلِتُنْذِرَ أُمَّ الْقُرَى وَ مَنْ حَوْلَهَا

تاکہ آپ مکے اور آس پاس کے لوگوں کو اللہ کے عذاب سے ڈرائیں

اس کے شرف کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ یہ " لقاح "۔ تھا نہ یہ کسی بادشاہ کے ماتحت ہوتا اور نہ یہاں کے لوگ کسی کو خراج ادا کرتے ۔ حِمْيَرْ کندہ ، غسان اور لخم کے بادشاہ یہاں حج کے لیے آتے اور قریش کے حمس قبائل کی اطاعت کرتے ۔ جس سے ان کی تعظیم میں اور اضافہ ہو جاتا ۔ وہ بادشاہ ان کے آثار کی پیروی کرنے کو اپنے لیے باعث شرف جانتے اور فرائض میں سے سمجھتے ۔ یہاں کے لوگ پُرامن زندگی گزارتے ۔ یہ تو اوروں پر چڑھائی کر کے جاتے مگر ان پر کوئی چڑھائی کر کے نہ آتا ۔ یہ لوگوں کے مقدمات کے فیصلے کرتے ، کوئی اور ان کے مقدمات کے فیصلے نہ کر سکتا تھا ۔ شعرا نے ان کی مدح کرتے ہوئے ان تمام امور کا ذکر کیا ہے ۔ بنی عوف کے ایک فرد نے ابو جہل

---

۱ - بلوغ الارب میں : لا تزول اَخْشَابُهَا دیا ہے مگر یہ غلط ہے ۔ درست یوں ہے : لا تَزُوْلُ مكة حتى يَزُوْلَ اَخْشَبَاهَا جیسا کہ لسان العرب میں ہے اور اَخْشَبَان مکہ کے دو پہاڑ جبل ابو قبیس اور جبل احمر ہیں ۔

Marfat.com

کی ہجو کہی اور قریش کو بُرا بھلا کہا تو زبرقان بن بدر نے یہ شعر کہے :

أَتَدْرِیْ مَنْ هَجَوْتَ أَبَا خُبَیْبٍ
سَلِیْلَ خُضَارِمٍ سَکَنُوْا البِطَاحَا

اے ابو خبیب کیا تجھے معلوم ہے کہ تو نے کسی شخص کی ہجو کہی ہے - یہ ان سخیوں کا بیٹا ہے جو مکے میں رہا کرتے تھے

وَ زَادَ الرَّکْبِ تَذْکُرُ اَمْ هِشَامًا
وَ بَیْتَ اللهِ وَالْبَلَدَا لِلتَّقَا حَتَا

کیا تجھے "زاد الرکب" یا ہشام یاد ہے اور بیت اللہ اور وہ شہر جو کبھی کسی بادشاہ کے زیرنگین نہیں رہا

اور حرب بن امیہ نے حضرمی کو دعوت دی کہ وہ حرم سے باہر نہ اترے - حضرمی کی کنیت ابو مطر تھی - چنانچہ حرب کہتا ہے :

أَبَا مَطَرٍ هَلُمَّ إِلَی صَلَاحٍ
فَیَکْفِیْکَ النَّدَ اَمْلَی مِنْ قُرَیْشٍ

[۲۴۳] اے ابو مطر صلاح کی طرف آ ، قریشی ندیم تیرے لیے بہت کافی ہوں گے

وَ تَنْزِلُ بَلْدَةً عَزَّتْ قَدِیْمًا
وَتَأْمَنُ اَنْ یَزُوْرَکَ رَبُّ جَیْشٍ

تُو اس شہر میں اتر جو قدیم زمانے سے عزت والا چلا آ رہا ہے ، یہاں تجھے کسی حملہ آور کے حملے کا خوف نہ ہوگا

فَتَاَ مَنَ وَسْطَهُمْ وَتَعِیْشَ فِیْهِمْ
أَبَا مَطَرٍ هُدِیْتَ بِخَیْرِ عَیْشٍ

Marfat.com

چنانچہ تو ان (لوگوں) کے درمیان امن میں رہے گا انھی میں زندگی گزار دے اے ابو مطر ، خدا تجھے اچھی زندگی کی طرف ہدایت کرے

ایک اور بات جس سے اس شہر کی فضیلت میں اضافہ ہؤا وہاں کے لوگوں کی فضیلت ہے اس لیے کہ یہ لوگ ایک دوسرے کے حلیف تھے ایک دوسرے سے الفت رکھتے تھے اور حضرت ابراھیم علیہ السلام کی شریعت کی بہت سی باتوں پر کار بند تھے ۔ یہ ان بدویوں کی طرح نہ تھے جنھیں نہ ان کا دین تعظیم عطا کر سکتا تھا اور نہ وہ آداب سے مزین ہو سکتے تھے ، اہل مکہ تو اپنی اولاد سے محبت کرتے تھے ، بیت اللہ کا حج کرتے تھے ، مناسک حج ادا کرتے تھے ، مردوں کو کفن پہناتے تھے ، جنابت کے بعد غسل کرتے تھے ، آتش پرستوں سے بیزاری کا اظہار کرتے تھے ۔ مجوسیوں کے طریقوں سے گریزاں تھے ، نہ تو بیٹی سے نکاح کرتے تھے نہ نواسی سے نہ بہن سے اور نہ بھانجی سے جس کی وجہ ان کی غیرت تھی ۔ قرآن نازل ہؤا تو اس نے اُن کے اس فعل اور حسنِ اختیار کی تاکید کی ۔ عرب مہر اور گواہوں کے ساتھ نکاح کیا کرتے تھے ۔ تین طلاقیں دیا کرتے تھے ۔ یہی وجہ ہے کہ جب کسی شخص نے عبد اللہ بن عباس سے عربوں کی طلاق کے متعلق دریافت کیا تو فرمایا :

عربوں کا ایک آدمی جب اپنی عورت کو ایک طلاق دے دیتا تو اس کے بعد بھی وہی اس عورت کا سب سے زیادہ حق دار ہوتا ۔ اگر دوسری طلاق دے دیتا جب بھی وہی اس کا زیادہ حق دار ہوتا اور اگر تیسری بار بھی طلاق دیتا تو پھر اس کے لیے اس کے پاس جانے کی کوئی صورت نہ ہوتی ۔

چنانچہ اعشٰی کہتا ہے :

أَيَا جَارَتَيَّ بِيْنِيَ فَإِنَّكِ طَالِقَه
كَذَاكِ أُمُوْرُ النَّاسِ غَادٍ وَ طَارِقَه

Marfat.com

اے میری بیوی جدا ہو جا کیونکہ تجھے طلاق ہے - لوگوں کے امور کی اسی طرح صبح و شام آمد و رفت رہتی ہے

وبِيْنِي ْ فَقَدْ ْ فَارَقْتِ غَيْرَ ذَمِيْمَةٍ
وَ مُوْمَقَةٍ مِنَّا كَمَا أَنْتِ وَ امِقَهْ

تو جدا ہو جا کیونکہ تو ایسی حالت میں جدا ہو رہی ہے جو قابل مذمت نہیں ہے - ہمیں تجھ سے محبت ہے جیسے تجھے ہم سے محبت ہے

وَبِيْنِي ْ فانَّ البَيْنَ خَيْرٌ مِنَ العَصَا
و ألاَّ تَرَى لِي فَوْقَ رأسِكِ بَارِقَهْ

جدا ہو جا کیونکہ جدائی لاٹھی سے بہتر ہے نیز اس بات سے بہتر ہے کہ تو اپنے سر پر میری چمک دار تلوار دیکھے

ایک اور بات جس نے ان کے شرف کو بڑھایا یہ تھی کہ یہ س قبیلے میں چاہتے تھے شادی کر لیتے تھے مگر ان پر کوئی ایسی شرط زم نہ تھی اور جب تک وہ کسی پر یہ شرط نہ عائد کر لیتے کہ وہ ان کے دین پر ان کے طریقے کے مطابق سختی سے کاربند ہوگا شادی نہ کرتے تھے - ان کے خیال میں یہ ان کے لیے جائز نہ تھا اور نہ ہی ان کے رف کے پیش نظر روا تھا کہ جب تک لوگ ان کی اطاعت و رمانبرداری نہ کر لیں وہ ان سے ناتا جوڑیں - تحمس سے مراد دین پر ختی سے کاربند ہونا ہے اور رَجُلٌ اَحْمَسُ دلیر آدمی کو کہتے ہیں - چنانچہ انہوں نے خزاعہ کو بھی حمس میں ملا لیا اس لیے کہ انہوں نے ن کی اطاعت کر لی تھی اور وہ تھے بھی حرم کے اندر - انہوں نے کنانہ، عدیلہ قیس کو بھی حمس میں شامل کر لیا - یہ لوگ اگرچہ بنی فہم اور عمرو بن قیس عیلان کے دو خانوادے ہیں مگر یہ بھی حرم کے رہنے والے تھے ، اسی طرح عامر بن صعصعہ کو بھی ملا لیا اگرچہ وہ حرم کے [۲۴۴] رہنے والوں میں سے نہ تھے مگر ان کی ماں قریش سے تھی

Marfat.com

جس کا نام مجد بنت تیم بن مرہ ہے - حمس والوں کا دستور یہ تھا کہ یہ لوگ حج کے دنوں میں مکے سے نکل کر عرفات میں نہ جاتے تھے - صرف مزدلفہ میں ٹھہر جاتے تھے - یہ لوگ نہ تو مکھن پگھلا کر گھی بناتے ، نہ پنیر بناتے ، نہ گھر میں بکری باندھتے اور نہ گائے اور نہ پشم اور نہ اونٹ کے بال کاتتے اور نہ ہی بالوں یا مٹی کے گھروں میں داخل ہوتے - یہ اشہر حُرم میں سرخ رنگ کے خیموں میں رہا کرتے تھے - مزید برآں یہ کہ انھوں نے تمام عرب پر یہ فرض عائد کر رکھا تھا کہ وہ جب بھی حرم کے اندر آئیں تو جو زاد راہ وہ باہر سے لائے ہوں وہ سب پھینک دیں - باہر کے کپڑے بھی ترک کر دیں اور ان کے بجائے حرم کے کپڑے پہنیں خواہ خرید کر ، خواہ عاریتہً لے کر اور خواہ ہبہ کے طور پر حاصل کر کے - اگر یہ کپڑے دستیاب ہوگئے تو بہتر ورنہ ننگے خانہ کعبہ کا طواف کریں - انھوں نے عرب عورتوں پر بھی یہی فرض عائد کر رکھا تھا مگر عورت طواف کرتے وقت چیتھڑے پہن لیا کرتی تھی جو آگے اور پیچھے سے کھلے ہوتے تھے ، ایک عورت نے طواف کرتے ہوئے کہا :

اَلْیَوْمَ یَبْدُوْ بَعْضُہٗ اَوْ کُلَّہٗ
وَ مَا بَدَا مِنْہُ فَلَا اُحِبُّہٗ

آج میرے جسم کا کچھ یا سارا حصہ ظاہر ہو جائے گا اور جو ظاہر ہوگا میں اسے حلال قرار نہیں دیتی

اَخْشَمَ مِثْلَ الْقَعْبِ بَادٍ ظِلُّہٗ
کَاَنَّ حُمَّی خَیْبَرٍ تَمَلُّہٗ

یہ ایک چھوٹے پیالے جتنی تنگ اور کم گہری فرج ہے جس کا سایہ ظاہر ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خیبر کا بخار اسے بے قرار کر رہا ہے

انھوں نے عربوں کو حج کے بعد مزدلفہ سے روانہ ہونے کا حکم دیا حالانکہ پہلے وہ عرفہ سے روانہ ہؤا کرتے تھے - ان دنوں جرہم اور خزاعہ کی حکومت تھی اور پھر اسی انداز پر قریش کے ابتدائی ایام بھی

Marfat.com

گزر گئے ۔ اگر یہ لوگ تمام عربوں میں سب سے زیادہ طاقتور نہ ہوتے تو عربوں کی نخوت و حمیت کے ہوتے ہوئے قُصَیّ خزاعہ کو اور خزاعہ جرھم کو یہاں سے نکال نہ دیتے[1] ۔ یہ لوگ دیگر عربوں کی طرح نہ تو حنظل کھایا کرتے تھے اور نہ کیڑے مکوڑے ۔ ان میں تو وہ شخص ہو گزرا ہے جس نے لوگوں کو ثرید کھلایا تھا ۔ اسی کے متعلق ابن الزبعری کہتا ہے :

عَمْرٌو الَّذِی هَشَمَ الثَّرِیْدَ لِقَوْمِهٖ
قَوْمٍ بِمَکَّةَ مُسْنِتِیْنَ عِجَافِ

عمرو تو وہ ہے جس نے اپنی قوم کے لیے ثرید بنایا ۔ وہ قوم جو مکے میں قحط زدہ اور لاغر تھی

سُنَّتْ اِلَیْهِ الرِّحْلَتَانِ کِلَاهُمَا
سَفَرُ الشِّتَاءِ وَ رِحْلَةُ الْاَصْیَافِ

[۲۴۵] اس کی طرف دو سفروں کا طریقہ جاری کیا گیا ایک موسم سرما کا سفر اور دوسرا موسم گرما کا

اور عبد اللہ بن جُدعان التیمی لوگوں کو مکھن ، شہد ، گھی اور نشاستہ کھلایا کرتا تھا ۔ یہاں تک کہ امیہ[1] بن ابی الصلت کہتا ہے :

---

۱ ۔ امیہ بن ابی الصلت : امیہ بن ابی الصلت الثقفی جاہلی شاعر تھا ۔ اس نے اسلام کا زمانہ پایا مگر کفر کی حالت میں مرا ۔ اس کی کنیت ابو عثمان ہے ۔ ان اشعار کا قصہ یہ ہے کہ عبد اللہ بن جدعان مکے میں لوگوں کو کھانا کھلایا کرتا ۔ امیہ شام گیا اور وہاں عبدالمدان بن الدیان کے ہاں ٹھہرا ۔ اس نے منجملہ اور کھانوں کے خبیص اور فالودہ کھلایا اور امیہ نے اس کی مدح میں شعر کہے جن میں سے ایک شعر یہ تھا :

اَلْبُرُّ یُلْبِکَ بِالشِّهَادِ طَعَامُهٗ
لَا مَا یُعَلِّلُکُمْ بِهٖ بَنُو جُدْعَانِ

جب ابن جدعان کو اس شعر کا پتا چلا تو اس نے شام سے شہد منگوایا اور خبیص اور فالودہ تیار کروایا ۔ چنانچہ یہ مکے میں پہلا شخص تھا جس نے یہ کھانا کھلایا اور اُمَیّہ کو انعام بھی دیا اس پر اُمَیّہ نے یہ شعر کہے ۔

Marfat.com

لِكُلِّ قَبِيلَةٍ رَأسٌ وَنَادٍ
وَأنتَ الرَّأسُ تَقدُمُ كُلَّ هَادٍ

ہر قبیلے کا ایک سردار اور ایک رہنما ہوتا ہے اور تو تو وہ سردار ہے جو ہر رہنما کے آگے آگے چلتا ہے (ہر راہنما کا راہبر ہے)

لَهُ دَاعٍ بِمكَّةَ مُشمَعِلٌّ
وآخَرُ فَوقَ دَارَتِهِ يُنَادِي

اس کا ایک دعوت دینے والا مکہ میں بہت تیز رفتاری سے (دعوت کا اعلان کرتا جاتا ہے) اور دوسرا گھر کے اوپر کھڑا ہو کر پکارتا ہے

إِلَى رُدُحٍ مِنَ الشِيزَى مِلَاءٍ
لُبَابَ البُرِّ يُلبَكُ بِالشِّهَادِ

(آؤ) شیزیٰ کے بنے ہوئے پیالوں کی طرف جو نشاستہ سے جس میں شہد ملا ہوا ہے بھرے پڑے ہیں

فضائل قریش کی تفصیل دینے کا یہ موقع نہیں ہے - زبیر بن بکار نے اس موضوع پر ایک مستقل کتاب لکھی ہے ، حق یہ ہے کہ عمدہ اور مفید کتاب لکھی ہے -

عرب مکے کی اس حد تک تعظیم کیا کرتے تھے کہ وہ بیت اللہ کا حج کرتے ، عمرہ کرتے اور طواف کیا کرتے تھے - جب لوٹنے لگتے تھے تو ان میں سے ایک شخص حرم کے پتھروں میں سے ایک پتھر لے کر اسے کعبے کے بتوں کی شکل میں تراشتا اور راستے میں اسی کو اپنا قبلہ بنا لیتا تھا - اسی کا طواف کرتا تھا اور اسی کے رخ نماز پڑھتا تھا کیونکہ وہ اسے کعبے کے بتوں جیسا جانتا تھا - کافی عرصہ گزر جانے کے بعد ان کی یہ حالت ہو گئی کہ یہ حرم کا پتھر لے کر اس کی عبادت کرنے لگ جاتے - چنانچہ عربوں نے اپنے گھروں کے اندر جو پتھروں کی عبادت کی ہے اس کی وجہ یہی تھی - نیز اس کی وجہ حرم کے بتوں سے ان کی محبت تھی -

Marfat.com

ہم جب ان کے مذاہب پر بحث کریں گے تو انشاء اللہ تعالٰی اس امر کا مکمل تذکرہ کریں گے ۔ نیز ان چیزوں کا بھی ذکر کریں گے جن کو وہ گزشتہ زمانے میں پوجا کرتے تھے ۔

اب رہے مکے کے رؤسا تو سیرت نگاروں نے لکھا ہے کہ جب ابراھیم علیہ السلام اپنے بیٹے اسماعیل کو اپنے ساتھ مکے لے گئے تو قبیلہ جُرھُم اور قطوراء آئے ۔ یہ یمن کے دو قبیلے تھے اور چچا زاد تھے ۔ انھوں نے دیکھا کہ اس شہر میں پانی اور درخت ہیں چنانچہ وہ یہاں اتر پڑے ۔ اسماعیل علیہ السلام نے قبیلہ جرھم میں شادی کر لی ۔ حضرت اسماعیل کی وفات پر ان کا بیٹا نابت بن اسماعیل بیت اللہ کا والی بنا ۔ نابت حضرت اسماعیل کا سب سے بڑا بیٹا تھا ۔ اس کے بعد مُضَاض بن عمرو الجرھمی جو اسماعیل علیہ السلام کے بیٹوں کا ماموں تھا والی بنا ۔ بالآخر جرھم اور قطوراء کا حکومت حاصل کرنے کے لیے آپس میں جھگڑا ہو پڑا ، انھوں نے ایک دوسرے کو جنگ کا چیلنج دیا ۔ جرھم نکل کر قُعَیقِعَان میں آ گئے ۔ قعیقعان مکے کا بالائی حصہ ہے ۔ ان کا سردار مضاض بن عمرو تھا ۔ قطوراء بھی اَجْیَاد سے نکل کر آ گئے ۔ اَجْیَاد مکہ کا زیرین حصہ ہے ۔ ان کا سردار سمیدع تھا ۔ دونوں فریقوں کا آمنا سامنا فاضح کے مقام پر ہؤا ، سخت جنگ ہوئی ، جس میں سمیدع مارا گیا اور قطوراء کو شکست ہوئی ۔ یہی وجہ ہے کہ اس جگہ کو فاضح کہا گیا ہے کیونکہ [۲۴۶] قطوراء کی یہاں رسوائی ہوئی تھی اور اجیاد نام اس لیے پڑا کہ ان کے ساتھ اجیاد الخیل (عمدہ گھوڑے) تھے ۔ اور ہتھیاروں کی جھنکار کی وجہ سے قعیقعان نام پڑا ۔ اس کے بعد انھوں نے ایک دوسرے کو صلح کی دعوت دی اور شعب میں اجتماع ہؤا اور ہنڈیاں پکائی گئیں لہٰذا اس جگہ کا نام مطبخ رکھا گیا ۔ اللہ تعالٰی نے اسماعیل کی اولاد کو پھیلا دیا ۔ ان کی تعداد بڑھ گئی اور وہ شہروں میں بکھر گئے ۔ یہ جس قوم کو بھی بلاتے وہ ان کے پاس سر اطاعت خم کیے حاضر ہو جاتی ۔ یہ اپنے دین کی وجہ سے اُن سب پر غالب رہے ۔ اس کے بعد جُرھم نے مکے میں سرکشی اختیار کی ۔ وہ حرام کردہ امور کو حلال سمجھنے لگے اور بری باتوں کو

Marfat.com

جائز قرار دیا - جو بھی مکے میں آتا اس پر ظلم کرتے ، اور کعبے کا مال ہڑپ کرنے لگے - مکے کو باستہ بھی کہا جاتا تھا - یہاں ظلم اور سرکشی برقرار نہ رہ سکتی تھی اور یہ شہر ملحد کو نکال باہر کیے بغیر نہ رہتا تھا - ابوبکر بن عبد مناۃ بن کنانہ ، غسّان اور خزاعہ سب مکے کے آس پاس مقیم تھے - انھوں نے ان سے جنگ کا اعلان کیا اور لڑائی چھڑ گئی - اس پر حارث بن عمرو بن مضاض الاصغر نے کہا :

لاَ ہُمَّ اِنَّ جُرھُماً عِبَادُکَ
اَلنَّاسُ طِرْفٌ وھُمْ تِلاَدُکَ

خدایا جُرھم تیرے بندے ہیں (اور) لوگ تو نئے ہیں مگر یہ عہد قدیم سے تیرے ہیں

آخر خزاعہ مکے پر غالب آ گئے اور انھوں نے جرھم کو مکے سے نکال دیا - اسی واقعہ کے متعلق عمرو بن الحارث بن عمرو بن مضاض الاصغر نے یہ اشعار کہے :

وقَائِلَۃٍ وَالدٌ مِنْ سَکَنْب مُبَادِرٌ

اور باقی تمام شعر جن کا پہلے ذکر ہو چکا ہے - اس کے بعد تین سو سال تک خزاعہ بیت اللہ کے والی رہے - یہ نسلاً بعد نسل اس کے وارث ہوتے چلے آئے ، ان کا آخری شخص حلیل بن ابی حبشہ بن سلول بن کعب بن عمرو بن ربیعہ تھا - اسی کو خزاعہ بن حارثہ کہتے ہیں - اس زمانے

---

۱ - سہیلی (الروض الانف : ۱ : ۸۱) کہتا ہے کہ جاہلیت کے زمانے کی عربوں کی خرافات میں سے ایک یہ ہے کہ ان کے خیال میں جُرھُم کسی فرشتہ کا بیٹا تھا - فرشتہ کوئی گناہ کر بیٹھا تھا لہٰذا اللہ تعالٰی اس پر ناراض ہو گئے اور اسے ہاروت اور ماروت کی طرح زمین کی طرف اتار دیا گیا - پھر اسے شہوانی خواہش بھی دے دی گئی اور اس نے ایک عورت سے شادی کر لی جس سے جُرھُم پیدا ہؤا - حارث بن عمرو کا اسی بات کی طرف اس شعر میں اشارہ ہے -

Marfat.com

میں قریش کے کچھ لوگ مکہ کے باہر ، کچھ لوگ اندر ، اور کچھ گھرانے حرم کے گرد بکھرے ہوئے تھے تاآنکہ قصی بن کلاب جوان ہؤا اور اس نے حلیل بن ابی حبشہ کی بیٹی سے شادی کر لی جس سے چار بیٹے ہوئے ۔ ہوتے ہوتے اس کی نسل بڑھ گئی ۔ ان کو بڑا شرف حاصل ہؤا ۔ پھر جب حلیل مرا تو اس نے اپنے بیٹے مخترش کو وصیت کی کہ وہ بیت اللہ کا خازن بن جائے ۔ اس نے اپنے ساتھ غبشان ملکانی کو بھی شامل کر لیا ۔ چنانچہ ایک کی غیر حاضری میں دوسرا دربانی کرتا تھا تاآنکہ ملکانی مر [۲۴۷] گیا ۔ کہا جاتا ہے کہ قُصیّ نے مخترش کو شراب پلائی اور دھوکا دے کر اس سے ایک شراب کے مٹکے کے عوض بیت اللہ خرید لیا ۔ اس پر گواہ بھی مقرر کر لیے ، پھر اسے بیت اللہ سے نکال دیا اور خود حجابت اور حکومت کا مالک بن گیا ۔ چنانچہ قریش میں سے اسمٰعیل کی اولاد کے بعد قصی پہلا شخص ہے جس نے حکومت کی ۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب حیرہ کا بادشاہ نعمان بن منذر تھا ۔ اس زمانے میں ایران کا بادشاہ بہرام گور ابو الفرس تھا ۔ قصیّ نے مکے کے الگ الگ حصے کر دیے اور وہاں دارالندوہ بنایا اور [1] صُوفہ جُرہم کا ایک قبیلہ ہے جو مکہ

---

۱ - صوفہ : صوفہ لقب ہے غوث بن مُر بن اُدبن طابخہ بن الیاس بن مضر کا ۔ اسے اور اس کی اولاد کو صوفہ اس لیے کہا گیا کہ اس کی والدہ کے ہاں اولاد نہ ہوتی تھی ، اس نے منت مانی کہ اگر لڑکا پیدا ہؤا تو اسے کعبہ کی نذر کر دوں گی تاکہ وہ کعبہ کی خدمت کرے ۔ چنانچہ غوث پیدا ہؤا اور شروع شروع میں وہ اپنے ماموؤں کے ساتھ کعبہ کی خدمت کرتا رہا پھر کعبہ کی خدمت کرنے کی وجہ سے جو احترام اسے حاصل ہؤا تو یہ لوگوں کو عرفہ سے گزارنے کا تحویل دار بن گیا ۔ صوفہ نام کی وجہ یہ ہے کہ ابھی یہ بچہ ہی تھا اور کعبہ کی خدمت کیا کرتا تھا کہ ایک روز یہ گرمی کی شدت کی وجہ سے گر پڑا اس کی والدہ نے اسے گرا ہؤا اور دبلا دیکھا تو کہا میرا بیٹا تو سوکھ کر صوفہ (پشم) بن گیا ہے لہٰذا صوفہ نام پڑا ۔ اس کی اور وجہ بھی بیان کی جاتی ہے ۔ (سہیلی : ۱ : ۸۵)

Marfat.com

میں رہا کرتا تھا ۔ عرفہ سے لوگوں کو گزارنے کا اختیار اسی کے پاس ہؤا کرتا ۔ اس قبیلے کے متعلق شاعر کہتا ہے :

[1] وَلاَ یَبرِیمُونَ فی التَعرِیفِ مَوقِفَهُم
حَتَّی یُقَالَ أَجِیزُوا آلَ صُوفَانَا

عرفات میں قیام کے وقت یہ اس وقت تک اپنی جگہ سے نہیں ہٹتے جب تک یہ نہ کہا جائے کہ اے آل صوفان لوگوں کو گزار دو ۔

ان سے خزاعہ نے یہ عہدہ لیا اور وہ مدت تک لوگوں کو گزارتے رہے پھر بنو عدوان بن عمرو بن قیس نے ان سے دست درازی کی اور اجازہ کا عہدہ ان کے ایک شخص کے پاس چلا گیا جس کا نام ابو سیارہ تھا ۔ ابو سیارہ بنی سعد میں سے تھا اسی کے متعلق شاعر کہتا ہے :

[2] خَلّوا السَّبِیلَ عَنِ أَبی سَیَّارَہ
وَعَنِ مَوَالِیهِ بنی فَزَارَہ

[۲۴۸] ابو سیارہ کا راستہ چھوڑ دو اور اس کے موالی بنی فزارہ کا بھی راستہ چھوڑ دو

---

۱ - بلوغ الارب میں یہ شعر اسی طرح دیا ہے مگر ابن ہشام (۱ : ۸۵ برھامش الروض الانف) نے اسے یوں دیا ہے :

لاَ یَبرَحُ النَّاسُ مَاحَجُّوا مُعَرَّسَهُم
حَتَّی یُقَالَ أَجِیزُوا آل صَفوَانَا

اور صفوان سے مراد صفوان بن عوف بن کعب ۔ بلوغ الارب میں شاعر کا نام نہیں دیا ۔ ابن ہشام میں شاعر کا نام اوس بن تمیم بن مغراء السعدی دیا ہے ۔

۲ - ابن ہشام نے پہلا مصراع یوں دیا ہے : نَحن دَفَعنَا عن ابی سیارہ ۔ اور ابو سیارہ کا نام عمیلہ بن اغرل دیا ہے ۔ ابو سیارہ نے چالیس سال تک اجازہ کی خدمت سرانجام دی اور یہ خدمت اس کے سپرد تھی کہ اسلام آ گیا ۔

Marfat.com

حَتَّی یُجِیزَ سَالماً حِمَارَہ
مُستقبِلَ الکعبۃ یَدعُو جَارَہ

تا کہ وہ اپنا گدھا صحیح و سالم گزار دے اور اپنے پناہ دینے والے خدا کو کعبے کی طرف منہ کرکے پکارے

"اجازہ" کا طریقہ یہ تھا کہ ابو سیارہ ان کے آگے آگے گدھے پر سوار ہوتا پھر خطبہ دیتا اور کہتا :

خدایا ! ہماری عورتوں کے درمیان [1]صلح قائم رکھ اور ہمارے چرواہوں[2] میں عداوت ڈال دے اور ان لوگوں کو مال عطا کر جو در گزر کرنے والے اور سخی ہوں۔ (اے لوگو) تم اپنے عہد کو پورا کیا کرو اور اپنے پناہ لینے والے کی عزت کیا کرو۔ مہمان کی ضیافت کیا کرو۔ پھر کہتا : اے ثبیر ! پہاڑ روشن ہو جا تاکہ ہم قربانی کے گوشت[3] پر غارت ڈالیں۔ اس کے بعد وہ یہاں سے روانہ ہو پڑتا اور لوگ اس کے پیچھے پیچھے ہو لیتے۔

جب قُصَیّ نے طاقت پکڑ لی تو وہ ابو سیارہ اور اس کی قوم کے پاس آیا اور اسے لوگوں کو گزارنے سے روکا۔ اس بات پر جنگ چھڑ گئی، قصی نے انھیں شکست دی اور بیت الحرام قصی کے قبضے میں آ گیا۔ پھر جب قصی بوڑھا اور کمزور ہو گیا تو اس نے تمام کا تمام اختیار اپنے بڑے

---

۱ - سہیلی (۱ : ۸۶) نے حبِبْ بَیْنَ نسائنا دیا ہے۔
۲ - سہیلی نے بغضّ بین رعائنا دیا ہے۔
۳ - لسان العرب میں ہے اَغَارَ ای شدّ العَدْوَ وَاَسْرَعَ وَاَغَارَ الفَرَسُ اغَارَۃً وغَارَۃً : اشتدّ عَدْوُہٗ، واُسْرِعَ فی الغارۃ وغیرھا وقالوا فی حدیث الحج اَشْرِقْ ثَبِیرُ کَیْمَا نُغِیرُ ای نَنْشَفِرُو نُسرِعُ للنَّحْر وندفع للحجارۃ وقال یعقوب : الاٗ غارۃَ ھٰھُنا الدفع ای ندفع للنفرو قیل : أَرَادَ نُغِیرُ علی لُحُومِ الاٗضاحی ، من الا غارۃ : النھب

Marfat.com

بیٹے عبدالدار کو دے دیا ۔ قصی کی وفات کے بعد قریش نے عبدالدار کو اس منصب پر قائم رہنے دیا ۔ پھر عبد مناف نے خیال کیا کہ وہ عبدالدار سے زیادہ حقدار ہے اور اسی طرح (باقی) قریش نے بھی اپنی بزرگی اور فضیلت کی وجہ سے یہی خیال کیا لہٰذا انھوں نے عبدالدار کے قبضے سے یہ سب کچھ لے لینے کا پختہ ارادہ کر لیا اور جنگ کرنا چاہی ۔ ان کے اکابر نے ایک دوسرے کو صلح کی دعوت دی اس شرط پر کہ سقایہ اور رفادہ تو عبد مناف کے پاس ہو اور حجابت ، لواء اور ندوہ بنو عبدالدار کے پاس رہے ۔ انھوں نے اس امر پر زور دار قسمیں کھائیں کہ وہ اس معاہدے کو نہ توڑیں گے لہٰذا بنو عبدمناف اور ان کا ساتھ دینے والے خوشبو کا بھرا ہؤا پیالہ لے آئے اور اس میں اپنے ہاتھ ڈبوئے اور اس خوشبو کو کعبے پر مل دیا تاکہ اور تاکید ہو جائے اسی وجہ سے انھیں مطیبین کہا گیا ۔ بنو عبدالدار اور ان کے ساتھیوں نے خون کا پیالہ نکالا اور اس میں اپنے ہاتھ ڈبوئے اور اس خون کو کعبے پر مل دیا لہٰذا انھیں احلاف اور [۲۴۹] '' لعقة الدم '' کہا گیا ۔ ان میں سے عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے سوا کوئی خلیفہ نہیں بنا ۔ مطیبین کے باقی لوگ اسلام کے آنے تک اسی طرح رہے ، قریش بھی اپنی حالت پر رہے تاآنکہ ۸ھ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ فتح کر لیا ، تاہم آپ نے چابی عثمان بن طلحہ بن عبدالعزی بن عثمان بن عبدالدار ہی کے پاس رہنے دی ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فتح مکہ کے دن چابیاں لے لی تھیں تو اللہ تعالٰی نے یہ آیت نازل فرمائی :

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلَىٰ أَهْلِهَا

اللہ تعالٰی تمھیں حکم دیتا ہے کہ تم امانت والوں کو ان کی امانتیں دے دو

اس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلا کر چابی واپس کر دی ۔ سقایہ کو حضرت عباس رض ہی کے پاس رہنے دیا

Marfat.com

مکے کے وہ افراد جنھیں عہد جاھلیت میں شرف حاصل ھوا اور جسے انھوں نے عہد اسلام میں بھی جاری رکھا

یاد رکھیں کہ قریش کے وہ افراد جن کو شرف حاصل رہا تاآنکہ نورِ اسلام چمکا وہ دس خاندانوں کے دس آدمی تھے ، نام ان کے یہ ہیں : ھاشم ، اُمیہ ، نوفل ، عبدالدار ، اسد ، تیم ، مخزوم ، عدی ، جمح اور سہم ۔ چنانچہ بنی ھاشم میں سے عباس بن عبدالمطلب تھے جو جاہلیت میں حاجیوں کو پانی پلایا کرتے تھے اور یہی خدمت اسلام میں بھی ان کے سپرد رہی ۔ بنی اُمیہ میں سے ابو سفیان بن حرب تھے ۔ اُن کے پاس قریش کا جھنڈا عقاب تھا ۔ جس شخص کے پاس یہ جھنڈا ہوتا وہ جنگ کے وقت اسے نکالتا پھر جس شخص پر قریش اتفاق کر لیتے اسے عقاب دے دیا جاتا اور اگر وہ کسی پر متفق نہ ہوتے تو اس کے قابض کو ہی سردار بنا کر اسے آگے کر دیتے ۔ بنی نوفل میں سے الحارث بن عامر تھے ۔ ان کے پاس رفادہ کا عہدہ تھا ۔ یہ وہ رقم تھی جسے قریش اپنے مال میں سے نکال کر ان حاجیوں کی مدد کرتے تھے جن کا زادِ راہ ختم ہو جاتا ۔ بنی عبدالدار میں سے عثمان بن طلحہ تھے ۔ ان کے پاس جھنڈا ، کعبے کی خدمت گزاری اور دربانی تھی ۔ بعض کہتے ہیں کہ ندوہ بھی بنی عبدالدار کے پاس تھا ۔ بنی اسد میں سے یزید بن زَمْعَہ بن الاسود تھے ۔ ان کے پاس ’’ مشورہ ‘‘ تھا اور یہ اس طرح کہ رؤسائے قریش کسی بات پر اس وقت تک متفق نہ ہوتے تھے جب تک ان کے سامنے پیش نہ کر لیتے ۔ اگر وہ ان کی موافقت کرتے تو ان کو اس کام پر مقرر کر دیتے ورنہ کوئی اور طریقہ اختیار کرتے ، قریش اُن کی مدد کرتے تھے ۔ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے لڑتے ہوئے طائف میں شہید ہوئے ۔ بنی تیم میں سے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے ۔ ان کے پاس جاہلیت میں اشناق تھیں ، اشناق دیت اور تاوان کو کہتے ہیں ۔ [۲۵۰] چنانچہ جب یہ کسی دیت کے ادا کرنے کی ذمہ داری لے لیتے

Marfat.com

اور قریش سے دریافت کرتے تو وہ ان کی تائید کرتے اور اس شخص کی دیت کی ذمہداری کی تصدیق کر دیتے ۔ اگر کوئی دوسرا فرد یہ ذمہداری اٹھاتا تو قریش اس کا ساتھ نہ دیتے ۔ بنی مخزوم میں سے خالد بن الولید تھے ۔ ان کے ذمہ '' قبہ '' اور ''اَعِنّہ '' تھا ۔ قبہ یہ تھا کہ قریش خیمہ گاڑتے اور اس میں تمام وہ آلات و اسباب جمع کرتے جن سے وہ فوج کو لیس کرتے اور '' اَعِنّہ '' یہ تھا کہ خالد بن الولید جنگ کے موقع پر گھوڑ سواروں کے سردار ہوتے ۔ بنی عدی میں سے عمر بن الخطاب تھے ۔ ان کے پاس جاہلیت میں سفارت کا عہدہ تھا ۔ جب قریش اور کسی اور قوم کے درمیان جنگ چھڑ جاتی تو انھیں سفیر بنا کر بھیجا جاتا اور کوئی قبیلہ ان سے فخریہ مقابلہ کرنا چاہتا تو بھی انھی کو مفاخرت کے لیے بھیجا جاتا تھا اور قریش ان پر رضامند ہو جاتے تھے ۔ بنی جمح میں سے صفوان بن امیہ تھا ۔ ان کے پاس تیر ہؤا کرتے تھے ۔ چنانچہ کسی عام مفاد کی بات کے لیے کوئی شخص ان سے پہلے قدم نہ اٹھاتا ۔ بنی سہم میں الحارث بن قیس تھے ۔ ان کے پاس حکومت اور وہ مال ہوتے جنھیں وہ اپنے خداؤں کے لیے وقف رکھتے تھے ۔

زمانۂ جاہلیت میں قریش کے بزرگی کے یہ کام تھے ۔ یعنی سقایہ ، عمارہ ، عقاب ، رفادہ ، سدانہ ، حجابہ ، ندوہ ، لؤاء ، مشورہ ، اشناق ، قُبّہ ، اَعِنّہ ، سفارہ ، ایسار ۔ حکومت اور اموال موقوفہ برآلہہ : جو ان مذکورہ بالا دس خاندانوں میں سے دس آدمیوں کے سپرد تھے ۔ یہ ابتدا سے اسی طرح نسلاً بعد نسل ان کے پاس چلے آتے تھے ۔ اسلام آیا اور اس نے بھی ان کو اسی طرح برقرار رکھا چنانچہ زمانہ جاہلیت کی جو بھی شرفؑ کی بات تھی اور وہ اسلام کے آنے تک موجود تھی تو اسلام نے بھی اسے برقرار رکھا ۔ چنانچہ حاجیوں کو پانی پلانا ، مسجد حرام کی آبادی ، اور '' حلوان النفر '' بنی ہاشم میں تھی ۔ سقایہ کو تو سب جانتے ہی ہیں ۔ '' عمارۃ '' یہ تھی کہ کوئی شخص مسجد حرام میں کسی قسم کی بیہودہ بات یا گالی گلوچ نہ کرنے پائے اور نہ ہی یہاں آواز بلند کرے ، عباس لوگوں کو ان باتوں سے منع کیا کرتے تھے ۔ ''حلوان النفر''

Marfat.com

یہ تھا کہ عرب جاہلیت میں کسی کو اس کا مالک نہ بناتے تھے ۔ جب جنگ کا موقع ہوتا تو ان سرداروں کے نام پر قرعہ اندازی کی جاتی جس کے نام کا قرعہ نکل آتا اسے بلا لیتے خواہ چھوٹا ہوتا خواہ بڑا ۔ جب فجار کی جنگ ہوئی تو انھوں نے بنی ھاشم کے درمیان قرعہ اندازی کی ۔ عباس کے نام کا قرعہ نکلا حالانکہ وہ اس وقت چھوٹے تھے لہٰذا انھیں لوگوں نے ڈھال کے اوپر بٹھا دیا ۔ پاک ہے وہ خدا جس نے زمانے کو امور کی مصلحت کے مطابق گرداں رکھا ۔

مکے میں (شرفہا اللہ تعالی) اصحاب فیل کو پیش آنے والے واقعہ کا بیان

[۲۵۱] یاد رکھیں کہ ابرھہ بن اشرم نے یمن پر قابض ہو جانے اور وہاں کے حاکم ارياط کو قتل کرنے کے بعد صنعاء میں قُلّیس تعمیر کیا ۔ یہ اپنے زمانے کا بے نظیر گرجا تھا ۔ اس کے بعد اس نے نجاشی کو خط لکھا کہ اے بادشاہ میں نے تمھارے لیے ایک ایسا گرجا تعمیر کیا ہے کہ اس سے پہلے کسی بادشاہ کے لیے ایسا گرجا تعمیر نہ کیا گیا ہوگا ، میں اس وقت تک دم نہ لوں گا جب تک عربوں کے حج کا رخ اس کی طرف نہ پھیر دوں ۔ جب عربوں کو ابرھہ کے اُس خط کی خبر ملی جو اسی نے نجاشی کو لکھا تھا تو ان قبائل میں سے جو اشہر حرم کو آگے پیچھے کیا کرتے تھے ایک شخص کو غصہ آ گیا یہ شخص بنی تیم بن عدی بن عامر بن ثعلبہ بن الحارث بن مالک بن کنانہ بن خذیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر میں سے تھا ۔ یہ چل کر قلیس پہنچا اس میں گندگی پھر دی ، اور نکل کر اپنے ملک کو واپس چلا آیا ۔ اس بات کی اطلاع [۲۵۲] ابرھہ کو ملی تو اس نے دریافت کیا کہ یہ کام کس نے کیا ہے ۔ کسی نے اسے بتایا کہ عرب کے کسی ایسے آدمی نے یہ کام کیا ہے جو اس گھر کے والیوں میں سے ہے جہاں لوگ حج کے لیے آتے ہیں ، وہ گھر مکہ میں ہے ۔ جب اس نے یہ سنا کہ تُو عربوں کے حج کا رخ اس گھر

Marfat.com

کی طرف پھیر دینا چاہتا ہے تو اسے غصہ آ گیا ہوگا چنانچہ اس نے اس میں گندگی پھر دی ، جس سے اس کی مراد یہ ہے کہ یہ گھر اس بات کا اہل نہیں کہ لوگ یہاں حج کے لیے آئیں ۔ اس پر ابرھہ کو غصہ آ گیا اور اس نے قسم کھا لی کہ وہ بیت اللہ کو منہدم کر کے ہٹے گا ۔ اس کے بعد اس نے حبشیوں کو تیاری کرنے کا حکم دے دیا ۔ چنانچہ وہ آمادہ ہو گئے ، ساز و سامان تیار کر لیا اور روانہ ہو پڑے ، ہاتھی ان کے ہمراہ تھے ۔ جب عربوں نے یہ سنا تو جانا کہ یہ تو بہت بڑی آفت آئی ، لہٰذا گھبرا گئے اور جب یہ معلوم ہؤا کہ ابرھہ کعبے یعنی بیت الحرام کو گرانے کا ارادہ رکھتا ہے تو پھر انھوں نے اس کے خلاف جہاد کرنا اپنا فرض قرار دے دیا ۔ یمنی اشراف اور بادشاہوں (کی نسل) میں سے ایک شخص جسے ذونفر کہا جاتا تھا نکل آیا ۔ اس نے اپنی قوم اور دیگر عربوں کو جنھوں نے اس کی دعوت کو قبول کیا بیت اللہ الحرام کی مدافعت میں ابرھہ کے ساتھ جنگ و جہاد کرنے اور اسے بیت اللہ کو گرانے اور ویران کرنے سے روکنے کی دعوت دی ۔ چنانچہ کچھ لوگوں نے اس کی اس دعوت کو قبول کر لیا ، پھر ذونفر ابرھہ کے مقابلہ کے لیے آیا اور جنگ کی ۔ ذونفر اور اس کے ساتھیوں کو شکست ہوئی ۔ ذونفر کو گرفتار کر کے ابرھہ کے پاس لایا گیا ۔ جب ابرھہ نے اسے قتل کرنے کا ارادہ کیا تو ذونفر نے اس سے کہا : اے بادشاہ مجھے قتل نہ کر ، ہو سکتا ہے کہ میرا تمھارے پاس زندہ رہنا میرے قتل کرنے کے مقابلہ میں تمھارے لیے زیادہ بہتر ہو لہٰذا اس نے اسے قتل نہ کیا اور بیڑیوں میں جکڑ لیا اور قید میں رکھا ۔ ابرھہ حلیم الطبع انسان تھا ۔ اس کے بعد وہ اپنی مہم پر روانہ ہو گیا ۔ جب خثعم کے علاقے میں پہنچا تو نفیل بن حبیب خثعمی ، خثعم کے دو قبیلوں شہران اور ناھس اور ان قبائل عرب کو لے کر مقابلے کے لیے آیا جو ان کے تابع تھے ۔ جنگ ہوئی ، ابرھہ نے اسے شکست دی ۔ نفیل کو گرفتار کر کے اس کے پاس لایا گیا ۔ جب اس نے اسے قتل کرنے کا ارادہ کیا تو نفیل نے کہا : اے بادشاہ مجھے قتل نہ کر میں عربوں کے علاقے میں تمھاری رہنمائی

Marfat.com

کروں گا ۔ خثعم کے دونوں قبیلوں شہران اور ناھس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ دونوں تمھارے دو ہاتھ ہیں ۔ یہ تمھاری اطاعت کریں گے لہٰذا ابرھہ نے اس سے بھی در گزر کیا ، اور اسے اپنے ساتھ لے کر روانہ ہو پڑا ، وہ اس کی راہنمائی کرتا تھا ۔ جب طائف میں سے گزرا تو مسعود بن معتب بن مالک بن کعب بن عمرو بن سعد بن عوف بن بنی ثقیف کے کچھ لوگوں کو لے کر آیا اور کہا : اے بادشاہ ہم تو تمھارے غلام ہیں ۔ تمھاری بات سننے والے اور تمھاری اطاعت کرنے والے ہیں ۔ ہم تو تمھارے خلاف نہیں ہیں اور یہ جو ہمارا گھر ہے یہ وہ گھر نہیں ہے جس کے ارادے سے تم نکلے ہو ۔ اس کی مراد لات کے بت کدہ سے تھی ۔ تم تو اس گھر کے ارادے سے نکلے ہو جو مکہ میں ہے ۔ ہم تمھارے ساتھ اُن آدمیوں کو بھیجیں گے جو تمھاری رہنمائی کریں گے لہٰذا ابرھہ نے انھیں بھی معاف کر دیا ۔ لات کا بتکدہ طائف میں بنی ثقیف کا عبادت خانہ تھا جس کی وہ اسی طرح تعظیم کیا کرتے جس طرح کعبہ کی کی جاتی تھی ۔ چنانچہ ضرار[1] بن خطاب فہری کہتا ہے :

وَ فَرَّتْ ثَقِیْفٌ اِلَی لَاتِھَا
بِمُنْقَلَبَ الخَائِبِ الخَاسِرِ

بنی ثقیف اپنے بت لات کی طرف خائب و خاسر ہو کر بھاگ نکلے

بہر حال انھوں نے ابرہ کے ساتھ ابو رغال کو مکہ کا راستہ بتانے کے لیے بھیجا ۔ ابرھہ ابو رغال کو لے کر روانہ ہو گیا حتٰی کہ مُغَمَّس میں آ کر ٹھہر گیا ۔ وہاں اترنے کے بعد ابو رغال مر گیا ۔ عربوں نے اس [۲۵۳] کی قبر پر پتھر مارے ۔ یہ وہی قبر ہے جسے مغمس میں اب بھی لوگ پتھر مارتے ہیں ۔ جب ابرھہ مُغَمَّس میں اترا تو اس نے حبشہ کے

---

۱ - ضرار بن الخطاب : قریش کے شاعر اور شہسوار تھے ۔ قریش میں ان سے بہتر کوئی شاعر نہ تھا ۔ ان کے بعد ابن الزبعری کا نمبر آتا ہے : ضرار فتح مکہ کے دن اسلام لائے (الروض الانف : ۲۷۹)

Marfat.com

ایک آدمی کو جس کا نام اسود بن مفصود تھا چند گھوڑسواروں کی کمان دیکر مکے بھیجا ، اسود قریش اور تہامہ کے دیگر لوگوں کا مال ہانک لایا ۔ ان میں عبدالمطلب بن ہاشم کے بھی دو سو اونٹ تھے ۔ ان دنوں عبدالمطلب قریش کا کرتا دھرتا اور سردار تھا ۔ چنانچہ قریش ، کنانہ ، ہذیل اور ان لوگوں نے جو اس وقت حرم میں تھے ابرھہ سے جنگ کرنے کا ارادہ کیا مگر جب بعد میں انھیں معلوم ہؤا کہ ان میں اس بات کی طاقت نہیں ہے تو انھوں نے ارادہ ترک کر دیا ۔ ابرھہ نے حناطہ الحمیری کو مکے روانہ کیا اور حکم دیا کہ وہ دریافت کرے کہ اس شہر کا سردار کون ہے اور اس سے کہے کہ بادشاہ یہ کہہ رہا ہے کہ میں تم سے جنگ کرنے کی نیت سے نہیں آیا ۔ میں تو صرف اس گھر کو گرانے کے لیے آیا ہوں ۔ اگر تم جنگ کے ارادے سے ہمارا مقابلہ کرنے کو نہ آؤ گے تو مجھے بھی تمھارا خون بہانے کی کوئی ضرورت نہیں لہٰذا اگر وہ جنگ نہ کرنا چاہتا ہو تو اسے میرے پاس لے آؤ ۔ جب حناطہ مکے پہنچا تو اس نے قریش کے سردار اور شریف کا پتا دریافت کیا ۔ لوگوں نے عبدالمطلب بن ھاشم کا نام دیا ۔ حناطہ اس کے پاس گیا اور ابرھہ کا پیغام پہنچایا ۔ عبدالمطلب نے کہا : اللہ کی قسم ہم اس سے جنگ کرنا نہیں چاہتے ، ہم میں اتنی طاقت بھی نہیں ہے (رہا کعبہ تو) یہ اللہ کا اور اس کے خلیل ابراھیم علیہ السلام کا معزز گھر ہے ــ یہ یا اس قسم کے کچھ الفاظ اس نے کہے ــ خدا خود اس کی حفاظت کرے گا ۔ یہ تو اس کا گھر اور حرم ہے ، اگر اللہ ابرھہ کو کھلی چھٹی دے دے گا کہ وہ جو چاہے اس گھر کے ساتھ کرے تو اللہ کی قسم ہم میں اس کے بچانے کی طاقت نہیں ۔ حناطہ نے کہا : میرے ساتھ ابرھہ کے پاس چلو کیونکہ اس نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں آپ کو لے کر اس کے پاس پہنچوں ۔ عبدالمطلب اس کے ساتھ روانہ ہو گئے ۔ ان کے ساتھ ان کا ایک بیٹا بھی تھا یہاں تک کہ فوج میں پہنچ گئے ۔ انھوں نے ذونفر کے متعلق دریافت کیا ، وہ ان کا دوست تھا ۔ آپ قید خانے میں ہی اس کے پاس گئے اور کہا : اے ذونفر کیا اس مصیبت میں جو ہم پر نازل ہوئی ہے تو کچھ کر سکتا ہے ؟

Marfat.com

ذونفر نے کہا : وہ شخص جو قید میں ہو اور اس بات کا منتظر ہو کہ صبح یا شام کو اسے قتل کر دیا جائے گا وہ کس کام آ سکتا ہے ۔ میں اس مصیبت میں تمھارے کسی کام نہیں آ سکتا البتہ ہاتھیوں کا سائیس انیس میرا دوست ہے ، میں اسے پیغام بھیجتا ہوں اور تمھاری سفارش کرتا ہوں اور اسے بتاتا ہوں کہ تمھارا مجھ پر بہت بڑا حق ہے اور اس سے درخواست کرتا ہوں کہ تمھیں بادشاہ کے پاس جانے کی اجازت لے دے ۔ وہاں جو تمھارا جی چاہے کہہ لینا ۔ اگر اس کے بس میں ہؤا تو وہ تمھاری بطریق احسن سفارش کرے گا ۔ عبدالمطلب نے کہا : یہی کافی ہے ۔ ذونفر نے انیس کو بلا بھیجا اور اس سے کہا : عبدالمطلب قریش کا سردار ہے ۔ مکے کے چشمے کا مالک ہے ۔ یہ میدانوں میں انسانوں کو اور پہاڑوں میں وحشی جانوروں کو کھانا کھلاتا ہے ۔ بادشاہ نے اس کے دو سو اونٹ لے لیے ہیں ۔ اسے بادشاہ کے پاس جانے کی اجازت لے دے [۲۵۴] اور جہاں تک تجھ سے بن آئے انھیں فائدہ پہنچا ۔ اس نے کہا : بہتر ۔ انیس نے ابرھہ سے بات کی اور کہا : اے بادشاہ ! تمھارے دروازے پر قریش کا سردار اندر آنے کی اجازت کا منتظر ہے ۔ وہ مکے کے چشمے کا مالک ہے ۔ میدانوں میں انسانوں کو کھانا کھلاتا ہے اور پہاڑوں میں وحشی جانوروں کو ۔ اُسے اندر آنے کی اجازت دیں تاکہ وہ اپنی بات کہہ سکے ۔ راوی کہتا ہے کہ ابرھہ نے اسے اجازت دے دی ۔ عبدالمطلب نہایت حسین و جمیل اور عظیم شخصیت کے مالک تھے ، جب ابرھہ نے انھیں دیکھا تو ان کی تعظیم و تکریم کے پیش نظر انھیں اپنے سے نیچے بٹھانا نہ چاہا ، یہ بھی پسند نہ کیا کہ حبشہ کے لوگ انھیں بادشاہ کے ساتھ تخت پر بیٹھا ہؤا دیکھ لیں ، لہٰذا ابرھہ تخت سے اترا اور فرش پر بیٹھ گیا ۔ انھیں اپنے ساتھ اپنے پہلو میں بٹھایا ۔ اس کے بعد ترجمان سے کہا : ان سے پوچھو کہ کیا کام ہے ؟ ترجمان نے پوچھا تو جواب دیا : بادشاہ سے کہہ دو کہ میرے دو سو اونٹ جو اس نے لے لیے ہیں مجھے واپس کر دے ۔ جب انھوں نے یہ کہا تو ابرھہ نے ترجمان سے کہا : انھیں کہہ کہ جب میں نے تمھیں دیکھا تھا تو تم

Marfat.com

مجھے بہت پسند آئے تھے مگر اب بات کرنے کے بعد مجھے تم سے نفرت ہوگئی ہے ۔ کیا تم اپنے ان دو سو اونٹوں کی بات کر رہے ہو جو میں نے لے لیے ہیں اور اس گھر کو چھوڑ رہے ہو جو تمھارا اور تمھارے آباؤ اجداد کا (مرکز) دین ہے ، جسے میں گرانے کے لیے آیا ہوں ، تم اس کے متعلق بات ہی نہیں کرتے ۔ عبدالمطلب نے جواب دیا : میں اونٹوں کا مالک ہوں جو اس گھر کا مالک ہے وہ اسے بچا لے گا ۔ ابرھہ نے کہا : وہ مجھ سے بچا نہ سکے گا ۔ عبدالمطلب نے کہا : تو جان اور تیرا کام ۔ جیسا کہ بعض اہل علم کا خیال ہے جب حناطہ کو ابرھہ نے عبدالمطلب کے پاس بھیجا تھا تو عبدالمطلب کے ساتھ یعمر بن نفاثہ بن عدی ، جس کا نسب کنانہ تک پہنچتا ہے اور جو ان دنوں بنی بکر کا سردار تھا ، اسی طرح خویلد بن واثلہ ہُذَلی جو ان دنوں ہذیل کا سردار تھا ، بھی ان کے ساتھ گئے تھے ۔ انھوں نے اس شرط پر کہ ابرھہ خانہ کعبے کو نہ گرائے اور واپس چلا جائے تہامہ کے تہائی مال کی پیشکش کی تھی ، مگر ابرھہ نے لینے سے انکار کر دیا تھا ۔ بہرحال ابرھہ نے عبدالمطلب کے جو اونٹ لیے تھے واپس کر دیے ۔ عبدالمطلب نے واپس آ کر قریش کو سارا قصہ سنایا اور انھیں مکے سے نکل جانے اور پہاڑوں کی چوٹیوں اور گھاٹیوں میں پناہ لینے کو کہا تا کہ کہیں فوج ان سے برا برتاؤ نہ کر پائے ۔ اس کے بعد عبدالمطلب اٹھا اور خانہ کعبہ کی زنجیر ہاتھ میں لی ۔ ان کے ساتھ قریش کے اور لوگ بھی اللہ سے دعا کرنے کے لیے آن کھڑے ہوئے ، وہ اللہ سے ابرھہ اور اس کی فوج کے خلاف مدد مانگ رہے تھے چنانچہ عبدالمطلب نے کعبے کی زنجیر ہاتھ میں پکڑ کر یہ شعر کہے ۔

لَا هُمَّ اِنَّ الْمَرْءَ يَمْنَعُ رَحْلَهٗ[1] فَامْنَعْ حِلَالَكَ[2]

---

۱ ۔ رحل کے معنی مسکن اور اثاث البیت کے ہیں ۔

۲ ۔ سہیلی (الروض الانف : ۱ : ۴۵) کہتا ہے کہ اس شعر میں حِلَال کے معنی ہیں وہ لوگ جو ایک جگہ اترے ہوئے ہوں ۔ پھر لکھتے ہیں کہ حِلَال کے معنی متاع البیت کے بھی ہیں ۔ ہو سکتا ہے کہ یہ لفظ یہاں بطور استعارہ استعمال ہؤا ہو ۔

Marfat.com

خدایا ! انسان اپنے مسکن اور سامان کی حفاظت کرتا ہے تو بھی ان لوگوں کی حفاظت کر جو تیرے گھر میں آباد ہیں

لا یَغْلِبَنَّ صَلِیْبُھُمْ وَ مِحَالَکْ

[۲۵۵] کہیں ایسا نہ ہو کہ ان کی صلیب اور ان کی طاقت تیری طاقت پر غالب آ جائے

اِنْ کُنْتَ تَارِکَھُمْ وَ کَعْبَتَنَا فَاَمْرٌ مَا بَدَا لَکْ

اگر تو انھیں کھلی چھٹی دے دے گا کہ وہ کعبے کے ساتھ جو چاہیں کریں تو پھر کوئی خاص بات ہوگی جو تجھے سوجھی ہے

فَلَئِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّہٗ
اَمْرٌ یَتِمُّ بِہٖ فِعَالُکْ

اگر تو ایسا کرے گا تو پھر (ظاہر ہے کہ) تیرا کام پورا ہو کر رہے گا

اِسْمَعْ بِاَرْجَسِ مَا أَرَا
دُوا الْعَدْوَ و انتھکُوْا حِلَالَکَ

جس پلید ترین بات کا ارادہ انھوں نے کر رکھا ہے وہ سن لے ، وہ یہ ہے کہ مکے میں ظلم اور تمھارے مکینوں کی بے حرمتی کی جائے

جَرُّوْا جَمِیْعَ بِلَادِ ھِمْ
وَ الْفِیْلَ کَیْ یَسْبُوا عِیَالَکْ

وہ تمام ملک اور ہاتھیوں کو تیرے عیال کو قید کرنے کے لیے کھینچ لائے ہیں

عَمَدُوْا حِمَاکَ بِکَیْدِ ھِمْ
جَھْلًا وَ مَا رَقَبُوا جَلَالَکَ

Marfat.com

انھوں نے اپنی جہالت کی وجہ سے محفوظ کی ہوئی جگہ کا حیلہ و مکر کے ساتھ قصد کیا ہے اور انھوں نے تیرے جلال کا کچھ خیال نہیں رکھا

اور عکرمہ بن عامر بن ھاشم بن عبد مناف نے کہا :

لاَ ھُمَّ اٰخِزِ الاَسْوَدَ بن مَقْصُودٖ
الآخِذَا لَھْجَمَةَ[1] فِیْھَا التَقْلِیْدَ[2]

خدایا ! اسود بن مقصود کو جس نے میرے اونٹ لے لیے ہیں رسوا کر ، ان اونٹوں پر خاص (میری) علامت لگی ہوئی تھی

بَیْنَ حِرَاءٍ و ثَبِیْرٍ فَالشَبِیْدٖ
یَحْبِسُھَا وَھْیَ اُولاَتُ التَطْرِیْدٖ

حراء ، ثبیر اور جنگلوں کے درمیان وہ انھیں روکے ہوئے ہے

فَضَمَّھَا اِلَی طَمَا طِمَ سُوْدٍ
اَخْفِرْہُ یَارَبِّ وَاَنْتَ مَحْمُوْدٖ

پھر اس نے انھیں کالے رنگ کے عجمیوں کے ساتھ شامل کیا ۔ خدایا تو محمود ہے ان کے ارادوں کو توڑ کر رکھ دے

اس کے بعد عبد المطلب نے خانہ کعبہ کی کنڈی چھوڑ دی اور

---

۱ ۔ ھَجْمَة : اونٹ جن کی تعداد نوے (۹۰) اور سو (۱۰۰) کے درمیان ہو ۔ اگر سو (۱۰۰) ہوں تو انھیں ھُنَیْدَة کہتے ہیں ، دو سو (۲۰۰) کو ھِنْدٖ اور تین سو (۳۰۰) کو اُمَامَة ۔

۲ ۔ لسان العرب میں ہے : تقلید یہ ہے کہ اونٹوں کی گردن میں ایک خاص نشان لگا دیا جائے جس سے معلوم ہو کہ وہ قربانی کے اونٹ ہیں اور یہ نشان یا پرانا جوتا ہوتا یا مشکیزہ کا کنڈا ہوتا ۔ ۔ ۔ زجاج کہتا ہے کہ عرب اونٹوں کی گردن میں حرم کے درختوں کی چھال لٹکا دیتے تاکہ وہ دشمنوں سے محفوظ رہ سکیں ۔

Marfat.com

پھر وہ اور ان کے ساتھی پہاڑوں کی چوٹیوں پر چلے گئے ۔ وہاں پناہ لے لی اور منتظر رہے کہ دیکھیں ابرھہ مکے میں داخل ہو کر کیا کرتا ہے ۔ صبح ہوئی تو ابرھہ نے مکے میں داخل ہونے کا ارادہ کیا ۔ اپنے ہاتھیوں اور فوج کو تیار کیا ۔ ہاتھی کا نام محمود تھا ۔ ابرھہ خانہ کعبہ کے گرانے کا پختہ ارادہ کر چکا تھا اور یہ کام کر کے ہی یمن کو لوٹنا چاہتا تھا ۔ جب انھوں نے ہاتھی کو مکے کی طرف روانہ کیا تو نُفیَل بن حبیب آ کر ہاتھی کے پہلو میں کھڑا ہو گیا ، پھر اس کا کان پکڑ کر کہا : اے محمود بیٹھ جا یا جہاں سے آیا ہے وہاں واپس چلا جا کیونکہ تو اللہ کے بلد حرام میں ہے ۔ اس کے بعد اس نے ہاتھی کا کان چھوڑ دیا [۲۵۶] اور ہاتھی بیٹھ گیا ۔ نُفیَل بن حبیب بھاگ اٹھا تاآنکہ دور پہاڑوں میں نکل گیا ۔ انھوں نے ہاتھی کو مارا کہ وہ کھڑا ہو جائے مگر ہاتھی نہ مانا ۔ انھوں نے اس کے سر پر کلھاڑی سے ضرب لگائی کہ وہ کھڑا ہو جائے مگر وہ پھر بھی نہ مانا ۔ اس کے بعد انھوں نے اس کے پیٹ میں لوہے کے کنڈے چبھو کر خون آلودہ کر دیا مگر وہ پھر بھی نہ مانا ۔ آخر جب انھوں نے اسے واپس یمن کی طرف روانہ کیا تو اٹھ کر دوڑنے لگا ۔ شام کی طرف چلایا تو بھی ایسا ہی کیا ، مشرق کی طرف چلایا تو بھی ایسا ہی کیا اور جب مکے کی طرف چلایا تو پھر رک گیا ۔ ابوالطیب[1] مسعود نے اسی واقعہ کے متعلق کہا ہے ۔ بعض کہتے ہیں کہ نہیں یہ شعر عبدالمطلب نے کہے تھے :

إنَّ آیَاتِ رَبِنَّا سَاطِعَاتٌ
لاَ یمُارِیْ بِھِنَّ إلاَّ الکفُور

ہمارے رب کی نشانیاں روشن ہیں ۔ سخت انکار کرنے والے کے سوا کوئی دوسرا ان کے ضمن میں جھگڑا نہیں کرتا

---

۱ - ابن ہشام نے ان اشعار کو ابوالصلت ابن ابی ربیعہ الثقفی کی طرف منسوب کیا ہے ۔

Marfat.com

حَبَسَ الفيل بالمُغَمَّس حَتّٰی
مَرَّ يَعْوِیْ كَأَنَّهٗ مَعْقُوْرُ

اس نے مغمس میں ہاتھی کو روک دیا اور پھر وہ اس طرح چلاتا ہؤا گیا جیسے کسی اونٹ کی ٹانگ کاٹ دی گئی ہو

پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر سمندر سے ابابیل اور بلشوں قسم کے پرندے بھیجے - ہر پرندے کے پاس تین پتھر تھے ، ایک چونچ میں اور دو دونوں پاؤں میں - یہ پتھر حجم میں چنے اور مسور کی دال جتنے تھے - جسے بھی لگتے مر جاتا چنانچہ وہ جس راستے سے آئے تھے اسی راستے سے واپس بھاگ گئے - اب وہ نفیل بن حبیب کے متعلق پوچھتے تاکہ وہ انہیں یمن کا راستہ بتائے - جب نفیل نے اللہ کا عذاب نازل ہوتے ہوئے دیکھا تو کہا :

اَیْنَ المَفَرُّ و الاِلٰهُ الطَّالِبُ
و الاَشْرَمُ المَغْلُوْبُ لَیْسَ الغَالِبَ

اب تم بھاگ کر کہاں جا سکتے ہو اب تو اللہ تعالیٰ تمہیں ڈھونڈ رہا ہے - (ابرھہ) اشرم مغلوب ہے غالب نہیں

[۲۵۷] اس نے یہ شعر بھی کہے :

أَلَا حُیِّیْتِ عَنَّا یَارُدَیْنَا
نَعِمْنَا كُمْ مَعَ الاِصْبَاحِ عَیْنَا

اے رُدَینہ خدا تجھے سلامت رکھے اور صبح کے وقت تمہاری وجہ سے ہماری آنکھ ٹھنڈی ہو

رُدَیْنَةُ لَو رَأَیْتِ فَلَاتِ رِیْه
لَدَی جَنْبِ المُحَصَّبِ مَارَأَیْنَا

اے رُدَینہ جو کچھ ہم نے محصب کے پاس دیکھا ہے اے کاش تو دیکھ لیتی مگر خدا کرے تو نہ دیکھے

Marfat.com

إذًا لَعَذَرْتِنِی وَ حَمِدْتِ أمرِی
وَ لَمْ تأسَی عَلَی مَا فَاتَ بَیْنَا

تو تو مجھے معذور سمجھتی اور میری تعریف کرتی اور جو کچھ ہم سے جاتا رہا ہے اس پر غم نہ کرتی

حَمِدتُ اللہَ إذْ أبْصَرْتُ طَیْرًا
و خِفْتُ حِجَارَةً تُلْقَی عَلَیْنَا

جب میں نے پرندوں کو دیکھا تو اللہ کی تعریف کی اور ان پتھروں سے ڈرا جو ہم پر پھینکے جا رہے تھے

وکلُّ القَوْمِ یَسألَ عَنْ نُفَیْلٍ
کَأنَّ عَلَیَّ للحُبْشَانِ دَیْنَا

سب لوگ نفیل کے متعلق پوچھ رہے تھے جیسے کوئی میرے ذمّے حبشیوں کا قرض ہو

لہٰذا وہ وہاں سے نکلے - ہر جگہ گر رہے تھے - ہر مقام پر مر رہے تھے - ہر چشمے پر ہلاک ہو رہے تھے - ابرہہ کے جسم پر بھی ایک پتھر لگا اور اہل لشکر اسے لے کر نکل گئے - اس کا جسم ریزہ ریزہ ہو کر گر رہا تھا تاآنکہ جب اسے لے کر صنعاء پہنچے تو وہ یوں معلوم ہو رہا تھا جیسے کسی پرندے کا نوزائیدہ بچہ ہو - بالآخر جیسا کہ لوگوں کا خیال ہے وہ اس وقت مرا جب اس کا سینہ پھٹ گیا - روایت کی جاتی ہے کہ عرب بھر میں خسرہ اور چیچک پہلی بار اسی سال دکھائی دی - نیز کڑوے درخت مثلاً حرمل اور حنظل بھی اسی سال پہلی بار یہاں دکھائی دیے - جب اللہ تعالٰی نے حبشیوں کو مکّے سے باہر دھکیل دیا اور ان پر جو عذاب نازل کرنا تھا کر دیا تو عربوں نے قریش کی اور بھی زیادہ تعظیم کرنا شروع کر دی - لوگ کہا کرتے یہ اللہ کے گھر والے ہیں - اللہ [۲۵۸] نے ان کی طرف سے جنگ کی ہے اور انہیں دشمن کے ساتھ جنگ کرنے کی تکلیف سے بچا لیا ہے - چنانچہ انہوں نے اس امر کے متعلق

Marfat.com

اشعار کہے جن میں بیان کیا کہ اللہ تعالٰی نے حبشیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا اور ان کی تدبیروں کو قریش سے کس طرح ٹال دیا ۔ چنانچہ عبداللہ بن الزبعرٰی کہتا ہے :

تَنَكَّلُوا عَنْ بَطْنِ مَكَّةَ إِنَّهَا
كَانَتْ قَدِيْماً لاَ يُرَام حَرِيْمُهَا

بطن مکہ سے ہٹ جاؤ کیونکہ قدیم زمانے سے ہی کوئی شخص اس کے حرم کا قصد نہ کر سکتا تھا

لَمْ تُخْلَقِ الشِعْرٰى لَيَالِيَ حُرِّمَتْ
إِذْ لا عَزِيْزَ مِنَ الأَنَامِ يَرُوْمُهَا

جس زمانے میں یہ شہر حرام قرار دیا گیا اس زمانے میں شعرٰی بھی پیدا نہ ہؤا تھا ۔ اس وقت کوئی طاقتور انسان اس کا قصد نہ کر سکتا تھا

سَائِلْ أَمِيرَ الحَبْشِ ۲ عَنْهَا مَارَأَى
وَلَسَوْفَ يُنْبِي الجَاهِلِيْنَ عَلِيْمُهَا

ذرا حبشیوں کے سردار سے پوچھو کہ اس نے کیا کچھ دیکھا باخبر انسان ناواقفوں کو عنقریب بتا دے گا

سَتُّوْنَ أَلْفاً لَمْ يَؤُوبُوْا أَرْضَهُمْ
بَلْ ۳ لم يَعِشْ بَعْدَ الإِيَابِ سَقِيْمُهَا

---

۱ - تصحیح ابن ہشام سے کی گئی ہے ۔ بلوغ الارب میں لا تخلق دیا ہے ۔

۲ - ابن ہشام میں الحبش کی بجائے الجیش دیا ہے ۔

۳ - ابن اسحٰق کہتا ہے کہ اس شعر میں سقیم سے مراد ابرھہ ہے جسے کنکر لگنے کے بعد اٹھا کر لے گئے تھے اور صنعاء پہنچ کر وہ مر گیا تھا ۔

Marfat.com

یہ ساٹھ ہزار تھے جو اپنے ملک میں واپس نہ پہنچ سکے بلکہ واپسی کے بعد بھی ان کا بیمار زندہ نہ رہ سکا

كَانَتْ بِهَا عَادٌ وجُرهُم قَبْلَهُم
وَاللهُ مِن فَوْقِ العِبَادِ يُقِيمُهَا

ان سے پہلے یہاں عاد اور جرہم آباد تھے اور اللہ تعالٰی اسے بندوں کے اوپر سے قائم رکھے گا

ابو قیس صیفی بن الاسلت بن جُشم بن وائل کہتا ہے :

وَمِنْ صُنْعِهِ يَوْمَ فِيلِ الحَبُو
شِ إِذْ كُلَّ[1] مَا بَعَثُوهُ رَزَمْ[2]

حبشیوں کے ہاتھی کے دن اللہ کا کارنامہ یہ تھا کہ جتنا اسے اٹھاتے ابھارتے تھے وہ اسی قدر زیادہ بیٹھ بیٹھ جاتا تھا ،

مَحَاجِنُهُمْ تَحْتَ آثَارِهِ
وَقَدْ شَرَمُوا أَنْفَهُ فَانْخَرَمْ

ان کی کھونٹیاں ہاتھی کی کمر کے نیچے ماری گئیں اور وہ اس کی ناک بھی کاٹ چکے تھے لہٰذا وہ کٹ گئی تھی

وَقَدْ جَعَلُوا سَوْطَهُ[3] مِغْوَلاً
إِذَا يَمَّمُوهُ قَفَاهُ كُلِيمْ

[۲۵۹] انھوں نے مِغول کو اس کا کوڑا بنا لیا تھا ، وہ جب بھی ہاتھی کو مارنے کا ارادہ کرتے اس کی گدّی زخمی ہو جاتی

فَوَلَّى وَأَدْبَرَ أَدْرَاجَهُ
وَقَدْ بَاءَ بِالظُّلْمِ مَنْ كَانَ ثَم

---

۱ - بلوغ الارب میں اسی طرح لکھا ہے اسے كُلَّمَا پڑھیں ۔
۲ - رزم : ثبت و لزم موضعہ
۳ - مغول ایک قسم کا کوڑا ہے جس کے اندر پتلی سی تلوار ہوتی ہے ۔

Marfat.com

اس کے بعد اس نے پیٹھ پھیر لی اور جدھر سے آیا تھا اُدھر کو واپس چلا گیا اور بھی جو شخص وہاں تھا وہ ظلم کی سزا بھگت کر واپس گیا

فَارْتَحَلَ مِنْ فَوْقِهِمْ حَاصِباً
فَلَفَّهُمْ، مِثْلَ لَفِّ الْقُزُمْ

پھر اللہ نے ان پر پتھر برسانے والی آندھی بھیجی اور انھیں اس طرح لپیٹ دیا جس طرح بھیڑ بکریوں کو لپیٹا جاتا ہے

تَحُضُّ عَلَى الصَّبْرِ أَحْبَارُهُمْ
وَقَدْ ثَأَجُوا كَثُؤَاجِ الْغَنَمْ

ان کے عالم ان کو صبر کی تلقین کرتے درآنحالیکہ وہ بھیڑ بکریوں کی طرح بلبلا رہے تھے

اسی نے یہ شعر بھی کہے

[1] فَقُومُوا وَصَلُّوا رَبَّكُمْ وَتَمَسَّحُوا
بِأَرْكَانِ هٰذَا الْبَيْتِ بَيْنَ الْأَخَاشِبِ

اٹھو اور اپنے رب کی عبادت کرو اور اس گھر کے ارکان کو جو دو پہاڑوں کے درمیان ہے چھوؤ

فَعِنْدَكُمْ، مِنْهُ، بَلَاءٌ مُصَدَّقٌ
غَدَاةَ أَبِي يَكْسُومَ هَادِي الْكَتَائِبِ

کیونکہ تمھارے پاس تو اللہ کی طرف سے مصدقہ انعام موجود ہے جس روز فوجوں کا سردار ابو یکسوم آیا تھا

كَتَيْبَتُهُ، بِالسَّهْلِ تَمْشِي وَرَجْلُهُ،
عَلَى الْقَاذِفَاتِ فِي رُؤُسِ الْمَنَاقِبِ

---

۱ - ابن ہشام نے سیرۃ میں چھتیس شعروں کا مکمل قصیدہ دیا ہے۔ ملاحظہ ہو ابن ہشام برہامش الروض الانف : ۱ : ۱۸۰ - ۱۸۲

Marfat.com

اس کی فوج تو میدان میں چل رہی تھی اور اس کی ٹانگ بلند پہاڑوں کی چوٹیوں پر تھی

فَلَمَّا أَتَاكُم نَصرُ ذِی الْعَرش رَدَّهُم
جُنُودُ المَلِیکِ بَیْنَ سافٍ وحَاصِبِ

پھر جب تمہارے پاس عرش والے کی مدد آ گئی تو اللہ کی فوجوں نے (اور یہ مٹی اور پتھر اڑانے والی ہوائیں تھیں) جنھوں نے انھیں دھکیل دیا

فَوَلَّوا سِرَاعاً هَارِبِیْنَ وَلَم یَؤُبْ
إِلَی أَهْلِهِ مِلْحَبْشِ غَیْرُ عَصَائِبِ

پھر وہ جلدی جلدی بھاگتے ہوئے واپس چلے گئے اور حبشیوں میں سے تھوڑی سی جمعیّت کے سوا کوئی اپنے گھر واپس نہ گیا

اور [1] طالب بن ابی طالب بن عبدالمطلب نے کہا :

أَلَمْ تَعْلَمُوا مَاكَانَ مِنْ حَرْبِ دَاحِسٍ
وجَیْشِ أَبِی یَکْسُومَ إِذْ سَلَؤُا الشِّعْبَا

کیا تمھیں حرب داحس کا انجام معلوم نہیں نیز ابو یکسوم (ابرھہ) کی فوج کا جب انھوں نے گھاٹی کو بھر دیا تھا

فَلَولَا دِفَاعُ اللهِ لَا شَیْءَ غَیْرَهُ
لَأَ صْبَحْتُمُ لَا تَمْتَنِعُونَ لَکُمْ سَرْبَا

اگر اللہ تمھاری طرف سے مدافعت نہ کرتا ۔ اس کے سوا کوئی چیز موجود نہیں تو تم اپنے اہل و عیال کو بچا نہ سکتے

---

۱ ۔ ابو طالب کے چار بیٹے تھے ، طالب سب سے بڑا تھا ۔ عقیل ان سے دس سال چھوٹا تھا اور جعفر عقیل سے دس سال چھوٹا اور علی جعفر سے دس سال چھوٹے تھے ۔ (الروض الانف : ۲ : ۱۰۵-۱۰۶)

Marfat.com

اور [1] امیہ بن ابی الصلت بن ابی ربیعہ الثقفی کہتا ہے :

إنّ آيَاتِ رَبِّنَا ثَاقِبَاتٌ
لَا يُمَارِیْ فِيْهِنَّ إلاّ الكَفُوْرُ

ہمارے رب کی نشانیاں روشن ہیں ان کے بارے میں صرف کوئی سخت انکار کرنے والا اور ناشکر گزار شخص ہی جھگڑا کر سکتا ہے

خَلَقَ اللَّيْلَ والنهَّار فَكُلٌّ
مُسْتَبِيْنٌ حِسَابُهُ، مَقْدُوْرُ

اس نے رات اور دن کو پیدا کیا لہٰذا دونوں واضح ہیں اور ہر ایک کے حساب کا خاص اندازہ رکھا گیا ہے

ثُمَّ يَجْلُو النَّهَارَ رَبٌّ رَحِيْمٌ
بِمَهَاةٍ شُعَاعُهَا مَنْشُوْرُ،

پھر رب رحیم دن کو اس سورج کے ذریعے روشن کرتا ہے جس کی روشنی پھیلی ہوئی ہوتی ہے (یعنی جس قدر معاملہ واضح ہے)

حَبَسَ الفِيْلَ بالمُغَمَّسِ حَتّٰى
ظَلَّ يَحْبُوْ كَأَنَّهُ مَعْقُوْرُ،

[۲۶۰] (اسی قدر یہ کہ) (اللہ نے) مغمس کے مقام پر ہاتھی کو روک دیا یہاں تک کہ وہ یوں گھٹنوں کے بل چلنے لگا جیسے کسی کی ٹانگ کاٹ دی گئی ہو

لَازِماً حَلْقَةَ الجِرَانِ كما قُطِّرَ من صَخْرِ كَبْكَبٍ مَتْحُدُوْرُ،

اس نے اپنی گردن اسی طرح زمین کے ساتھ لگا رکھی تھی جس طرح پہاڑ سے لڑھکایا ہؤا پتھر زمین پر گرا پڑا ہو

---

۱ - ملاحظہ ہو صفحہ ۲۵۶ جہاں ان اشعار کو ابو الطیب کی طرف منسوب کیا گیا ہے -

Marfat.com

حَولَہ مِنْ مُلُوکِ کِندَۃَ اَبْطَا
لٌ مَلاَوَیْثُ فی الحُرُوْبِ صُقُوْرُ

اس کے گرد کندہ کے بادشاہوں میں سے کئی بہادر اور صاحب۔ شرف افراد تھے جو جنگوں میں شکرے کے طرح تھے

خَلَفُوہُ ثُمَّ ابْذَ عَرُّوْا جَمِیْعاً
کُلُّھمُ عَظْمُ سَاقِہٖ مَکْسُوْرُ

وہ اسے پیچھے چھوڑ گئے اور خود تمام کے تمام منتشر ہو گئے - ہر کسی کی پنڈلی کی ہڈی ٹوٹی ہوئی تھی

کُلُّ دِیْنٍ یَوْمَ القِیٰمۃ عنداللہِ اِلاَّ دِیْنُ الحَنِیفَۃِ بُوْرُ

قیامت کے دن اللہ کے یہاں سوا دین حنیفی کے تمام دین خوار و زبوں ہوں گے

اور فرزدق سلیمان بن عبدالملک کی مدح کرتے ہوئے اور حجاج کی ہجو کرتے ہوئے کہتا ہے :

فَلَمَّا طَغَی الحَجَّاجُ حِیْنَ طَغَی بِہٖ
عَتَا قَالَ اِنِّیْ مُرْتَقٍ فِی السَّلاَلِمِ

جب حجاج حد سے بڑھ گیا تو اس نے سرکشی اختیار کی اور کہا میں تو (آسمانی) سیڑھیوں پر چڑھ جاؤں گا

فَکَانَ کَمَا قَالَ [۲] ابْنُ نُوحٍ سَأَرْتَقِیْ
اِلی جَبَلٍ مِنْ خَشْیَۃِ المَاءِ عَاصِمِ

اس کی مثال نوح کے بیٹے کی سی تھی - اس نے یہ کہا تھا کہ میں پانی کے ڈر سے پہاڑ پر چڑھ جاؤں گا اور وہ مجھے (ڈوبنے سے) بچا لے گا

---

۱ - بلوغ الارب اور ابن ہشام میں عَنَا (نون کے ساتھ) دیا ہے اسے عَتَا تاء مثناۃ کے ساتھ پڑھیں -

۲ - ابن نوح سے مراد یام ہے اور بعض کنعان بتاتے ہیں -

Marfat.com

رَمَی اللّٰہُ فی جُثْمَانِہٖ بِمِثْلِ مَا رَمٰی
عَنِ القِبْلَةِ البَیْضَاءِ ذَاتِ المَحَارِمِ

خدا نے اس (حجاج) کے جسم کو وہی پتھر مارے جو اس نے حرمت والے خانہ کعبہ کی حمایت میں مارے تھے

جُنُودٌ تَسُوقُ الفِیْلَ حَتّٰی اَعَادَھُمْ
ھَبَاءً وَکَانُوا مُطْرَخِمِیَّ الطَّرَاخِمِ

یہ اللہ کی فوجیں تھیں جو ہاتھی کو ہانک کر لیے جا رہی تھیں حتیٰ کہ انھوں نے ان کو ریزہ ریزہ کر دیا حالانکہ پہلے وہ بہت ہی مغرور تھے

نُصِرْتَ کَنَصْرِ البَیْتِ اِذْ سَاقَ فِیْلَہٗ[1]
اِلَیْہِ عَظِیْمُ المُشْرِکِیْنَ الاَءَ عَاجِمِ

(اے سلیمان) اللہ نے تمھاری اسی طرح مدد کی جس طرح اپنے گھر کی مدد کی تھی اس وقت جب کہ عجمیوں کا سردار ہاتھی لے کر آ گیا تھا

بنی عامر بن لؤی بن غالب کا ایک فرد عبداللہ بن قیس الرقیات ابرھہ اور ہاتھیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے :

کَادَہُ الاَءَ شْرَمُ الَّذِی جَاءَ بِالفِیل فَوَلّٰی وَجَیْشُہٗ مَنْھَزِمُ،
(ابرھہ) اشرم نے جو ہاتھی لے کر آیا تھا اس (کعبہ) کے خلاف چال چلی مگر اس کی فوج کو شکست ہو گئی اور وہ پیٹھ دکھا کر لوٹ گیا

وَاسْتَھَلَّتْ عَلَیْھِمُ الطَّیْرُ بِالجَنْدَلِ حَتّٰی کَاَنَّہُمْ مَرْجُوْمُ،
پرندوں نے ان پر پتھر برسائے اور اس کی حالت یہ ہو گئی گویا اسے سنگسار کر دیا گیا ہے

---

۱ - بلوغ الارب میں فیلُہ چھپا ہے اسے فیلہ (لام پر زبر) پڑھیں ۔

Marfat.com

ذَاکَ مَنْ یَغْزُہٗ مِنَ النَّاسِ یَرْجِعْ
وَھُوَ فَلٌّ مِنَ الجُیُوشِ ذَمِیْمُ

حقیقت یہی ہے کہ جو شخص بھی اس گھر پر چڑھائی کرے گا وہ شکست خوردہ اور مذموم واپس جائے گا

[۲۶۱] ابرہہ کی وفات کے بعد اس کا بیٹا یکسوم بن ابرہہ حبشیوں کا بادشاہ بنا ۔ ابرہہ کی کنیت بھی اسی بیٹے کے نام پر تھی ۔ یکسوم کے مرنے کے بعد اس کا بھائی مسروق بن ابرہہ حبشہ کا بادشاہ بنا ۔ جب یمن والوں کو مدت تک مصیبتیں برداشت کرنی پڑیں تو سیف بن ذی یزن حمیری نے بغاوت کر دی ۔ اس کی کنیت ابو مرّہ تھی اور اس نے کسریٰ کی مدد سے ان کے ہاتھوں سے ملک چھین لیا ۔

ہاتھیوں کا واقعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے شمار ہوتا ہے ۔ اس وقت آپ مکے میں اپنی والدہ کے [1] پیٹ میں تھے ۔ آپ کی ولادت ہاتھیوں والے واقعے کے پچاس روز بعد عمل میں آئی ۔ آپ کے والد آپ کی ولادت سے قبل جو پیر کے دن بارہ ربیع الاول کو ہوئی تھی وفات پا چکے تھے ۔ رومیوں کے مہینوں کے مطابق آپ کی ولادت بیس شباط (فروری) کو ہرمز بن انو شروان کی حکومت کے بارھویں سال ہوئی ۔ ابو جعفر طبری نے بیان کیا ہے کہ آپ کا سال ولادت انو شروان کی حکومت کا بیالیسواں سال تھا لہٰذا اس (واقعہ) میں آپ کا معجزہ دو طرح سے پایا جاتا ہے ۔ ایک تو یہ کہ اگر (حبشی) فتح مند ہوتے تو وہ عورتوں اور مردوں کو لونڈیاں اور غلام بنا لیتے لہٰذا اللہ تعالیٰ نے انہیں ہلاک کر دیا تاکہ وہ اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو حمل یا پچپن

---

۱ ۔ یاد رہے کہ جس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے والد عبداللہ کی شادی آمنہ بنت وھب کے ساتھ ہوئی تو اسی وقت عبدالمطلب کی شادی آمنہ کی بہن اُھب بنت وھب سے ہوئی اور اُھب کے بطن سے حضرت حمزہ پیدا ہوئے اور آمنہ کے بطن سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۔ یہی وجہ ہے کہ ثویبہ نے حمزہ اور آنحضرت کو دودھ پلایا ۔

Marfat.com

کی حالت میں قیدی ہونے سے بچائے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ قریش کے اندر کوئی ایسی عبادت گزاری نہ پائی جاتی تھی جس سے وہ اس بات کے مستحق ہوتے کہ اصحاب فیل کو ان سے دور ہٹا دیا جائے۔ وہ اہل کتاب بھی نہ تھے کیونکہ کچھ تو ان میں سے بتوں کو پوجتے تھے یا بتوں کو اپنا (مرکز) دین سمجھتے تھے یا زندیقی خیالات کے قائل تھے یا دوبارہ زندہ کیے جانے کے منکر تھے - یہ جو کچھ ہؤا صرف اس لیے ہؤا کہ اللہ تعالٰی نے اسلام کو ظاہر کرنے، نبوت کی بنیاد ڈالنے اور کعبے کی تعظیم کرانے کا ارادہ کیا تھا تاکہ کعبے کو نماز کے لیے قبلہ اور حج کا رکن قرار دے دیا جائے۔ اور جب عربوں میں یہ بات عام پھیل گئی کہ اللہ تعالٰی نے ہاتھیوں والے لشکر سے کیا برتاؤ کیا ہے تو وہ حرم کعبہ سے ہیبت کھانے لگے، اس کی تعظیم کرنے لگے اور کعبے کی حرمت دلوں میں اور زیادہ ہو گئی - وہ قریش کے مطیع ہو گئے اور کہنے لگے کہ یہ لوگ اہل اللہ ہیں - اللہ ان کی طرف سے لڑا ہے اور اللہ نے انہیں دشمن کی حیلہ سازی سے محفوظ رکھا ہے لہٰذا وہ پہلے سے بھی زیادہ ان کی تعظیم کرنے لگے - قریش بھی بہ طریق سابق رفادہ، سدانہ، اور سقایہ کے فرائض سر انجام دیتے رہے اور وہ دین دار ائمہ اور ایسے سردار بن گئے جن کے سامنے لوگ احترام سے گردنیں خم کر دیتے تھے، رہے اصحاب فیل تو وہ آئندہ نسلوں کے لیے (عبرت کی) مثال بن کر رہ گئے -

ھشام بن محمد الکلبی نے اپنے باپ سے روایت کی ہے کہ عہد جاہلیت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ شام کی طرف تجارت کی غرض سے گئے - آپ کا گزر زنباع بن روح کے پاس سے ہؤا - زنباع عُشر لیا کرتا تھا - اس نے یہاں سے گزرتے ہوئے حضرت عمرؓ سے اچھا برتاؤ نہ کیا، اُن سے اپنا ٹیکس وصول کیا - حضرت عمرؓ نے یہاں سے روانہ ہونے کے بعد کہا :

سَتُلْفِی اُلْفَ زِنْبَاعَ بن رَوْح بِبَلْدَةٍ
اِلَی النِصْفِ مِنْهَا یَقْرَعُ السِنَّ بالنَّدَمْ

جب میں زنباع بن روح کو یہاں سے آدھے فاصلے پر بھی کسی شہر میں پا لوں تو وہ ندامت سے دانت پیسنے لگ جائے گا

Marfat.com

وَيَعْلَمُ أَنَّا مِنْ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ
مَطَاعِيْنُ فِي الهَيْجَا مَضَارِيْبُ فِي اَلْبُهَمْ[1]

وہ جان لے گا کہ ہم لؤی بن غالب کی اولاد میں سے ہیں - ہم جنگ کے وقت خوب نیزہ زنی کرتے ہیں ، سواروں کے لشکر میں خوب شمشیر زنی کے جوہر دکھاتے ہیں

[۲۶۲] جب یہ اشعار زنباع کو پہنچے تو اس نے مکے پر چڑھائی کرنے کی غرض سے فوج تیار کر لی - کسی نے اس سے کہا کہ یہ تو اللہ کا حرم ہے جو شخص بھی یہاں برے ارادے سے آتا ہے ہلاک ہو جاتا ہے جس طرح اصحاب الفیل فنا ہو گئے تھے - اس پر زنباع اس ارادے سے باز آ گیا اور یہ شعر کہے :

تَمَنَّى اَخُو فِهْرٍ لِقَاىَ وَ دُونَهُ
قَرَاضِبَةٌ مِثْلُ اللُّيُوثِ الهَوَاصِرِ[2]

بنو فہر کے ایک آدمی (عمر) نے مجھ سے جنگ کرنے کی آرزو کی ہے حالانکہ اس کے سامنے ڈاکو تھے ، ایسے جو شیروں کی طرح تھے ہر چیز کو تہس نہس کرکے کے رکھ دیں

فَوَاللهِ لَوْلَا اللهُ لَا شَيْءَ غَيْرُهُ
وَكَعْبَتُهُ رَاقَتْ اِلَيْكُمْ مَعَاشِرِي

خدا کی قسم اگر اللہ اور اس کا کعبہ نہ ہوتا اور اللہ کے سوا کوئی اور ہے بھی نہیں ، تو میری قوم تم پر چڑھائی کر دیتی

لَاَ قْتُلَ مِنْكُمْ كُلَّ كَهْلٍ مُعَمَّمٍ
وَ اُسْبِيَ نِسَاءً بَيْنَ جَمْعٍ اِلَى بَاعِرِ

---

۱ - بلوغ الارب میں التھم دیا ہے اسے البُھَم پڑھیں -
۲ - بلوغ الارب میں : الحواظر دیا ہے الھواصر پڑھیں - اس لفظ کو درست کرنے میں مجھے سخت دقت پیش آئی - محمد بہجۃ اثری خاموشی سے یہاں سے گزر گیا ہے -

Marfat.com

تا کہ میں تمہارے ہر ادھیڑ عمر کے دستار بند کو قتل کر ڈالوں اور اونٹوں کی گلّے کے ساتھ تمہاری عورتوں کو بھی قید کر لاؤں

یہ اشعار حضرت عمرؓ کو پہنچے تو انھوں نے اس کے جواب میں یہ شعر کہے :

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللهَ أَهْلَكَ مَنْ بَغَى
عَلَيْنَا قَدِيْمًا فِيْ قَدِيْمِ المَعَاشِرِ

کیا تونے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے قدیم زمانے میں قدیم لوگوں کے درمیان ان لوگوں کو ہلاک کر ڈالا جنھوں نے ہمارے خلاف سر اٹھایا تھا

وَ أَرْدَى أَبَا يَكْسُوْمَ أَبْرَهَةَ الَّذِيْ
أَتَانَا مُغِيْرًا كَالْفَنِيْقِ المُخَاطِرِ

اور اللہ نے ابرہہ ابویکسوم کو ہلاک کر دیا جو اکڑ کر چلنے والے اونٹ کی طرح ہم پر غارت ڈالنے کے لیے آیا تھا

بِجَمْعٍ كَثِيْرٍ تَحَرَّجَ[1] العَيْنُ وَسْطَهُ
عَلَى رَأْسِهِ تَاجٌ عَلَى رَأْسِ بَاكِرِ

(ابرہہ) بہت بڑی فوج لے کر آیا جس کے وسط میں آنکھ حیران ہو جاتی ہے (کہ سارا لشکر کتنی دور تک پھیلا ہؤا ہے) - اس کے سر پر تاج تھا اور وہ صبح سویرے آیا تھا

فَمَارَاعَنَا مِنْ ذٰلِكَ العَبْدِ كَيْدُهُ
وَ كُنَّا بِهِ مِنْ بَيْنِ لاهٍ وَّ سَاخِرِ

ہم اس بندے کی چال سے نہیں ڈرے - ہم میں سے کچھ لوگ غافل تھے - کچھ تمسخر اُڑا رہے تھے

---

۱ - بلوغ الارب یُحرجُ چھپا ہے اسے تَحرَجُ پڑھیں - محاورہ ہے حَرِجَتْ عَيْنُه تَحرَجُ حَرَجًا ای حَارَتْ -

Marfat.com

وَ قَال سَابغی البَیْتَ هَدْمًا ولا أَرَی
بمَکة مَاشٍ[1] بَیْنَ تِلْکَ المَشَاعِرِ
اور کہنے لگا میں اس گھر کو گرانے کا ارادہ رکھتا ہوں اور میں مکے
میں مناسک حج کے درمیان کسی کو چلتا پھرتا نہ دیکھوں گا
فَرَدَّاہ رَبُّ العَرْشِ عَنَّا رِدَاءَ ہٗ
وَ لَمْ یُنْجِہ اعظامہ[2] بالمَرَائِرِ
رب عرش نے ہماری طرف سے مدافعت کرتے ہوئے اسے ہلاک کر دیا
اور اس کے مضبوط ارادے اسے نجات نہ دلا سکے
فأھلکَہٗ و التَّابِعِیْنَ لہ مَعًا
وَ أَسْرٰی[3] بہ من نَاصِرٍ ومُسَامِرِ
اللہ نے اسے اور اس کی تابعداری کرنے والوں کو اور اس کی جمعیت
کو جس میں بعض مددگار اور بعض رات کو داستانیں سنانے والے تھے
سب کو ہلاک کر دیا
وَلَیْسَ لَنَا فَاعْلَمْ و لَیْسَ لَبِیْتِنَا
سِوَی اللہِ مِنْ مَوْلًی عَزِیْزٍ و نَاصِرِ
یاد رکھ کہ نہ ہمارا اور نہ اس گھر کا اللہ کے سوا کوئی اور
مولیٰ و مددگار ہے
فَدُوْنَکَ زُرْنَا تَلْقَ مثل الَّذِی لَقُوا
جَمِیْعُھُمْ[4] مِنْ دار عِیْنَ و حَاسِرِ

---

۱ - بلوغ الارب میں اسی طرح ''ماش'' دیا ہے حالانکہ اصول نحو کی رو سے مَاشِیًا چاہیے مگر اس سے وزن ٹوٹتا ہے -
۲ - بلوغ الارب میں اسی طرح ''اعظامہ دیا ہے اعْزَامُہٗ پڑھیں -
۳ - أَسْرٰی بہٖ - بلوغ الارب میں یہ لفظ اسی طرح دیا ہے اور مجھے اس لفظ نے سخت پریشان کیا - اسے أَسْرَابَہ پڑھیں یہ جمع ہے سرب کی جس کے اصل معنی ریوڑ یا گلے کے ہیں ، مراد جماعتیں ہیں -
۴ - یہاں دُوْنک و عید کے لیے استعمال ہؤا ہے جیسے دُوْنک صِرَاعی اور دُوْنک فتمرّس بِیْ -

Marfat.com

اب ہم سے جنگ کر کے دیکھ لے تو بھی وہی مزہ چکھے گا جیسے ان سب نے چکھا تھا خواہ وہ زرہ پوش تھے یا بغیر زرہ کے

ہاتھیوں کا واقعہ ہر حد سے بڑھنے والے کو روکنے اور ہر سرکش آدمی کو دور رکھنے کا باعث بن گیا ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نبوت کے عہد میں بھی اور ہجرت کے بعد بھی ایسے لوگوں کے ہمعصر رہے جنھوں نے ہاتھیوں کو اور پرندوں کے غول کو دیکھا تھا ۔ ان میں سے حکیم بن حزام (م ۵۴ھ) ، حاطب بن عبدالعزّٰی اور نوفل بن معاویہ تھے ، اس لیے کہ ان میں سے ہر شخص ایک سو بیس سال زندہ رہا ، ساٹھ سال جاہلیت میں اور ساٹھ سال اسلام میں ۔

سوال و جواب

[۲۶۳] اگر کوئی یہ پوچھے کہ جاہلیت کے زمانے میں ہاتھیوں کو مکے کے اندر فتنہ انگیزی اور بے راہ روی سے کیوں روک دیا گیا اور پھر عہد اسلام میں حجاج بن یوسف ثقفی کو کیوں نہ روکا گیا حالانکہ اس نے کعبے کے خلاف منجنیقیں استعمال کیں اور کعبے کو آگ لگا دی اور جیسا کہ بیان کیا جاتا ہے اس نے ان منجنیقوں کے بارے میں یہ شعر بھی کہا تھا :

كَيْفَ تَرَاهُ سَاطِعًا غُبَارُهْ
وَ اللهُ فِيْمَا يَزْعُمُوْنَ جَارُهْ

تو اس کا غبار کیسے اڑتا ہؤا دیکھ رہا ہے حالانکہ ان کے خیال کے مطابق اسے اللہ کی پناہ حاصل ہے

اور کعبے پر منجنیقیں چلانے والے نے یہ شعر کہا تھا :

Marfat.com

قَطَّارَةٌ[1] مِثْلُ الفَنِيقِ المُزْبِدِ
أَرْمِي بِهَا أَعْوَادَ هٰذَا المَسْجِدِ
یہ منہ سے جھاگ نکالنے والے نر اونٹ کی طرح دُم ہلا کر چلتی ہے
میں اس سے اس مسجد کی لکڑیوں پر سنگ باری کروں گا

نیز یہ کہ اس نے مکے میں خون ریزی کی ۔ عبداللہ بن زبیرؓ اور ان کے ساتھیوں کو مکے کے اندر قتل کیا ۔ اسی طرح قرامطہ[2] کو کعبے (کی بے حرمتی کرنے سے) کیوں نہ روکا گیا جب کہ انھوں نے کعبے کی پوشش اور زیورات تک اتار لیے تھے ۔ حجر اسود کو بھی اکھیڑ کر لے گئے تھے ۔ خود کعبے کے اندر کثیرالتعداد حاجیوں اور نیک مسلمانوں کو قتل کر ڈالا تھا ۔

جواب : زمانۂ جاہلیت میں ہاتھیوں کو روک دینا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا نشان تھا ، اور اس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آبا ؤ اجداد کی شان کو بلند کرنا مقصود تھا اس لیے کہ وہ بیت اللہ کے آباد کرنے والے اور وادیٔ مکہ کے رہنے والے تھے لہٰذا اللہ تعالیٰ کا یہ فعل نبوت کی تمہید کے طور پر تھا ۔ یہ آنحضرت صلی اللہ

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں قَطَّارَةُ ہی دیا ہے مگر صحیح روایت خَطَّارَةٌ ہے ۔ لسان العرب میں ہے : النَّاقَةُ الخَطَّارَةُ : تَخِطُّر بِذَنَبِهَا فی السیر تَشَاطًّا ۔ لسان العرب میں پہلا شعر یوں دیا ہے ۔ خَطَّارَةٌ كَالجَمَلِ الفَنِيقِ ، اور یہ غلط ہے ۔ صحیح یوں ہے ۔ خَطَّارَةُ مثل الفنیق المُزبِدِ ۔

۲ ۔ یہ فتنہ ابوسعید حسن بن بہرام الجنابی (م ۳۰۱ھ) اور اس کے بیٹے ابو طاہر سلیمان بن حسن (م ۳۳۲ھ) نے بپا کیا تھا ۔ ابو طاہر نے ۳۱۲ھ میں جبکہ اس کی عمر ابھی سترہ سال کی تھی ۔ ۳۱۱ھ اور ۳۱۷ھ کے حاجیوں کو حج سے واپس جاتے ہوئے لُوٹا اور قتل کیا اور حجر اسود کو اٹھا کر لے گیا ۔ جنابہ بحرین میں ایک شہر ہے جس کی طرف یہ منسوب ہوتا ہے ۔

Marfat.com

علیہ وسلم کی نبوت کو ثابت کرنے کے لیے ایک قسم کی حجت تھی - اگر ہاتھیوں والوں کو روکا نہ گیا ہوتا اور حرم کعبہ کی طرف سے مدافعت نہ کی گئی ہوتی تو اس سے دو باتیں لازم آتیں ایک یہ کہ اہل حرم جو عام مسلمانوں اور ان لوگوں کے آبا ؤ اسلاف ہیں جنھوں نے دین کو قائم کیا سب فنا ہو جاتے اور دوسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ ان پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے ثابت کرنے میں حجت قائم کر دے اور اس واقعے کو اس بات کا مقدمہ و پیش خیمہ بنائے کہ نبوت کا وجود اور ظہور انھی میں ہوگا [۲٦۴] اور (ظاہر ہے کہ) اسی سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی - یہ لوگ عرب تھے اور جہالت میں ڈوبے ہوئے تھے - ان کے پاس نہ کوئی علمی بصیرت تھی اور نہ ان میں پہلے سے کسی قسم کی حکمت موجود آتی تھی - وہ صرف ان امور کو سمجھ سکتے تھے جن کا ادراک حواس اور مشاہدہ سے ہو سکے - اگر یہ معاملہ اسی طرح واقع نہ ہؤا ہوتا تو ان کے پاس دلائل نبوت میں سے کوئی ایسی چیز باقی نہ رہتی جس سے اس زمانے میں ان کے لیے حجت قائم کی جا سکتی -

مگر جب اللہ تعالیٰ نے دین کو ظاہر کر دیا - اس کے نشان بلند کر دیے ، اس کے دلائل کی وضاحت کر دی اور اس کے مددگاروں کی تعداد بڑھ گئی تو پھر جو واقعہ کعبے کے ساتھ پیش آیا - اس سے دین کو کوئی نقصان نہ پہنچ سکتا تھا اور نہ ہی اس سے مسلمانوں کی بصیرت میں کوئی عیب واقع ہو سکتا تھا - یہ تو اللہ کی طرف سے صرف اپنے بندوں کی آزمائش کے طور پر ہؤا تھا تاکہ ان کے صبر اور اجتہاد کی آزمائش ہو سکے اور تاکہ وہ انھیں اپنی مہربانی اور مغفرت سے معاف کر دے - اللہ ہی ایسی عنایت کرنے کا اہل ہے - اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے - وہی پیدا کرتا ، وہی حکم دیتا ہے - وہ جہانوں کا پالنے والا خدا بڑا ہی برکت والا ہے -

جو کچھ ہم نے مکے کے متعلق بیان کیا ہے یہ اس زمانے کے

Marfat.com

مختصر سے حالات ہیں مگر بہت سی بحثیں ابھی باقی ہیں جو قلم کے احاطے سے باہر ہیں ۔ جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے اگر آپ اس سے زیادہ جاننا چاہیں تو ابو الطیب[1] محمد المکی المالکی رحمۃ اللہ علیہ کی شفاء الغرام باخبار البلدالحرام کا مطالعہ کریں ۔ اسی طرح امام ازرقی[2] علیہ الرحمۃ کی تاریخ مکہ ہے ۔ جو شخص مکہ مکرمہ کے حالات سے پوری واقفیت حاصل کرنا چاہے اس کی آرزو ان دونوں (کے مطالعہ) سے پوری ہو سکے گی ۔

زمانۂ جاهلیت میں عربوں کے میلے

سال کے مختلف مہینوں میں عرب مختلف میلے منعقد کیا کرتے تھے ، اور پھر ایک میلے سے دوسرے میلے کی طرف منتقل ہو جایا کرتے تھے ۔ ان میلوں میں سارا عرب اپنی قابل فخر اور اچھی چیزوں کو لے کر آ جاتا ۔ ان میں سے ایک میلہ دومۃ الجندل ہے ۔ یہاں لوگ پہلی ربیع الاول کو آ کر اترا کرتے ۔ خرید و فروخت اور لین دین کے لیے یہاں اکٹھے ہؤا کرتے ۔ یہاں جس قسم کی خرید و فروخت ہوتی اسے " بیع الحصاۃ " کہا جاتا تھا ۔ یہ اس قسم کی خرید و فروخت تھی جسے اسلام نے باطل قرار دیا تھا ۔ " بیع الحصاۃ " کی تشریح یہ ہے کہ بیچنے والا خریدار کو کہتا : یہ کنکر پھینک ۔ جس کپڑے پر بھی یہ گر پڑا وہ ایک درہم کے عوض تمہارا ہو گیا ۔ ایک اور تشریح یہ ہے کہ کوئی شخص اپنی زمین بیچتا تو کہتا کہ جہاں تک تمہارا کنکر پہنچ جائے وہاں تک تمہارے پاس بیچ دوں گا ۔ ایک اور تشریح یہ ہے کہ ایک شخص مٹھی بھر کنکر لیتا اور کہتا کہ جس قدر مٹھی میں کنکر ہوں گے اسی قدر چیزیں لے لوں گا یا فروخت کنندہ اس شرط کے ساتھ بیچتا کہ خریدار مٹھی بھر کنکر لے اور فروخت کنندہ کہے کہ ہر

---

۱ - تقی الدین ابو الطیب محمد بن احمد بن علی الناسی ثم المکی المالکی پیدائش ۷۷۵ھ اور وفات ۸۳۲ھ

۲ - المتوفی ۲۱۹ھ

Marfat.com

کنکر کے مقابلے میں ایک درہم لوں گا ۔ ایک اور تشریح یہ ہے کہ خرید و فروخت کرنے والوں میں سے ایک شخص ہاتھ میں کنکر لیتا [٢٦٥] اور کہتا کہ جب کوئی کنکر گر گیا توبیع واجب ہو جائے گی ۔ اور ایک تشریح یہ ہے کہ خریدار اور بیچنے والے میں سے ایک کہے کہ جب میں تمھاری طرف کنکر پھینک دوں تو بیع واجب ہو جائے گی ۔ ایک اور تشریح یہ ہے کہ بھیڑ بکریوں کا ریوڑ سامنے سے گزرے اور کوئی فرد کنکر ہاتھ میں لے لے اور کہے کہ جس بکری کو بھی کنکر لگ گیا وہ اتنے داموں میں تمھاری ہو گئی ۔

فروخت کی یہ تمام صورتیں باطل ہیں کیونکہ ان میں باطل طریقے سے دوسرے کا مال کھایا جاتا ہے نیز اس لیے بھی کہ ان میں دھوکا اور شرط پائی جاتی ہے — یہ صورتیں جوئے سے مشابہت رکھتی ہیں یہی وجہ ہے کہ شریعت نے ان چیزوں کو باطل قرار دے دیا ۔ دومۃ الجندل کا حاکم اُکَیْدِر پہلے دن لوگوں کی نگہداشت کرتا اور ان کا انتظام کرتا پھر یہ میلا نصف ماہ تک جاری رہتا ۔ بعض اوقات بنو کلب میلے پر غالب آ جاتے تو اکیدر ان سے عُشر[1] وصول کرتا پھر بنی کلب کا کوئی سردار ان کا انتظام کرتا اس طرح میلا مہینے کے آخر تک قائم رہتا ۔

انھی میں سے ایک " سُوق ھَجَر " ۔ ھاء اور جیم دونوں پر زبر ۔ ھَجَر تمام بحرین کی سر زمین کا نام ہے ، اسی سے مثال ہے کَمُسْتَضِعِ تَمَرٍ إِلَی ھَجَرٍ (جیسے کوئی کھجوریں بیچنے کے لیے ھجر جائے) اسی طرح حضرت عمرؓ کا یہ ارشاد ہے : " مجھے ھجر کے تاجر پر تعجب ہوتا ہے " شاید آپ کی مراد یہ ہے کہ وہاں وبا بہت پھیلتی ہے یا اس لیے کہ اس تاجر کو سمندر کا سفر اختیار کرنا پڑتا ہے ۔ اسی نام کا ایک شہر یمن میں بھی ہے جس کے اور عشر کے درمیان ایک دن اور ایک رات کا فاصلہ حائل ہے ۔ یہ لفظ مُذکر اور منصرف

---

١ ۔ بلوغ الارب میں فیعشوھم دیا ہے اسے فیعشرھم پڑھیں ۔

Marfat.com

ہے - کبھی مؤنث بھی بولا جاتا ہے اور اس کا اسم نسبت " ھجری " اور " ھاجری " آتا ہے - میلا وہی ہے جس کا پہلے ذکر ہؤا - ربیع الآخر کے مہینے میں لوگ یہاں منتقل ہو کر آ جاتے اور یہاں بازار لگ جاتا - بنی عبداللہ بن دارم کا ایک شخص ان سے عشر وصول کرتا اور ان کا انتظام کرتا تھا -

انھی میں سے سوق عُمَان - بروزن غرآب ہے - قاموس میں ذکر کیا گیا ہے کہ یہ یمن کا ایک شہر ہے اور منصرف ہے - نیز یہ شُداد کے وزن پر بھی (بولا جاتا) ہے جو شام کے ایک شہر کا نام ہے - مگر صاحب قاموس نے اس جگہ کا ذکر نہیں کیا جہاں بازار لگتا تھا ، وہ بحرین میں ہے - لوگ سوق ھجر سے منتقل ہو کر یہاں آ جاتے تھے اور جادی الاولیٰ کے آخر تک یہاں میلا جما رہتا تھا -

انھی میں سے ایک "سوق المشقر" ہے بروزن مُعَظَّم - یہ بحرین کے ایک قلعے کا نام ہے جہاں عربوں کا میلا لگا کرتا تھا جو پہلی جادی الآخریٰ سے شروع ہوتا تھا - ان کی خرید و فروخت حلف اٹھانے اور جھوٹ کے خوف سے " ملامسہ " ، ایماء ، ہمہمہ کے ذریعے سے ہوتی - ہمہمہ ہر مخفی کلام اور ہر اس آواز کو کہتے ہیں جس میں بھاری پن پایا جاتا ہو - اور " بیع الملامسہ " کئی طرح سے عمل میں آتی ہے - یہ اس طرح ہے کہ ایک لپیٹے ہوئے کپڑے کو لایا جائے یا تاریکی میں (کچھ) لایا جائے اور سودا کرنے والا اسے چھوئے اور کپڑے کا مالک کہے : میں تمھارے پاس یہ کپڑا اس شرط پر بیچتا ہوں کہ تمھارا اسے چھو لینا تمھارے دیکھنے کے قائم مقام ہوگا اور جب تم اسے دیکھ لو گے تو پھر تمھیں کوئی اختیار نہ ہو گا - دوسری صورت یہ ہے کہ دونوں محض چھو لینے کو بیع قرار دیں ، اس کے سوا کوئی اور زائد شرط اس ضمن میں نہ لگائی جائے - تیسری صورت یہ ہے کہ دونوں محض چھو دیں ، لینے کو خیار مجلس کے ختم ہونے کی شرط قرار دیں وغیرہ وغیرہ - یہ بھی بیع [۲۶۶]کی ان صورتوں میں سے ہے جنھیں اسلام نے باطل قرار دے دیا - جیسے بیع " منابذہ " - بیع منابذہ یہ ہے کہ دونوں کسی چیز کے محض

Marfat.com

پھینکنے کو بیع قرار دے دیں جیسا کہ ” ملامسہ “ میں ذکر ہو چکا ہے - یا یہ کہ دونوں پھینکنے کو بغیر کسی قسم کی شرط کے بیع قرار دیں یا یہ کہ دونوں پھینکنے کو ” قاطعِ خیار “ قرار دیں -

انھی میلوں سے ایک میلہ ” سوق صحار “ ہے صاد مہملہ پر پیش - یہ رجب کی دس تاریخ سے پانچ دن کے لیے لگتا تھا -

انھی میں سے ایک شحر ، بروزن منع ، ہے - یہ عمان سے عدن تک کے ساحل کا نام ہے - اسے زیر کے ساتھ (شِحْر) بھی پڑا جاتا ہے - یہ شعبان کے نصف میں لگتا تھا - ان مذکورہ بالا میلوں میں بھی دومۃ الجندل کے میلے کی طرح بیع کنکر پھینکنے یا پتھر ڈالنے سے ہؤا کرتی -

انھی سے ” عَدَن اَبْیَن “ کا بازار ہے - شحر سے کوچ کر کے یہاں آ کر اترا کرتے تھے اور عدن یمن کا ایک جزیرہ ہے جہاں اَبْیَن نے قیام کیا تھا اور پھر یہ اسی کی طرف منسوب ہو گیا - یہاں رمضان تک ان کا میلہ رہتا تھا - تجارتی مال اور مختلف قسم کی خوشبوؤں کی خرید و فروخت ہوتی تھی -

انھی میں سے صنعاء کا بازار ہے - جب لوگ عَدَن اور شحر سے کوچ کرتے تو نصف رمضان سے لے کر آخر رمضان تک صنعاء میں میلا لگتا - صنعاء یمن کا عمدہ ترین شہر ہے - رنگا ہؤا چمڑا اور دھاری دار چادریں یہیں سے دیگر ممالک کو بھیجی جاتی تھیں - یہ اشیا معافر کی راہ سے باہر کو جاتی تھیں - معافر یمن کا ایک شہر ہے - صنعاء کا کچھ ذکر پہلے بھی ہو چکا ہے -

انھی میں سے ایک حضرِ موت کا میلا ہے - یہ پندرہ ذوالقعدہ کو لگا کرتا تھا - کچھ عرب قبائل یہاں آیا کرتے اور کچھ قبائل کسی دوسرے ایسے میلے کی طرف چلے جاتے جو انھی دنوں لگتا - اس کا ذکر ہم عنقریب کریں گے -

انھی میں سے ذوالمجاز کا میلا ہے - یہ میلا عرفہ کی جہت میں اور اس کے پہلو ہی میں منعقد ہوتا تھا ، ازرقی کے نزدیک بروایت ھشام بن الکلبی یہ عرفہ سے ایک فرسخ کے فاصلے پر بنو ہذیل کا میلا تھا - صیحاح

Marfat.com

کے مصنف سے یہاں غلطی سرزد ہوئی ہے - اس نے صحاح میں کہا ہے کہ ذوالمجاز مِنٰی کا ایک مقام ہے جہاں عہدِ جاہلیت میں میلا لگتا تھا - مگر طبرانی نے مجاہد سے روایت کی ہے کہ عرب عہدِ جاہلیت کے زمانے میں نہ عرفہ میں خرید و فروخت کیا کرتے تھے اور نہ مِنٰی میں -

ان میں سے ایک " سوق مجنّہ " - میم پر زبر بھی آتی ہے اور زیر بھی - مِجنّہ مکے کے قریب ایک جگہ کا نام ہے - جب ہجرت کے بعد حضرت بلالؓ نے اس کے اشتیاق میں یہ شعر کہا تو ان کی مراد اسی شہر سے تھی :

وَهَلْ اَرِدَنْ يَوْماً مِيَاهَ مِجَنَّةٍ
وَهَلْ يَبْدُوَنْ لِيْ شَامَةٌ وطَفِيْلٌ

کیا میں کسی روز مجنہ کے پانیوں پر وارد ہوں گا اور کیا شامہ اور طفیل مجھے (پھر) دکھائی دیں گے

یہاں ایام حج کے قریب میلا لگا کرتا تھا اور بہت سے عرب قبائل یہاں آیا کرتے تھے

[۲۶۷] انھی میں سے " سوق حُبَاشہ " ہے - حاء مہملہ پر پیش اور باء موحدہ مخفف ہے اور الف کے بعد شین معجمہ ہے - یہ بارق کے علاقے میں اور قَنُونا کی جہت میں تھا - قنونا میں قاف پر زبر نون مخففہ پر پیش اور نون کے بعد الف مقصورہ ہے - یہ مکے سے یمن کو جاتے ہوئے آتا تھا - یہ میلا حج کے موسم میں نہیں بلکہ رجب کے مہینے میں لگا کرتا تھا -

انھی میں سے ایک سُوق عُکَاظ ہے - عین مہملہ پر پیش - کاف مخفف اور آخر میں ظاء معجمہ ہے - منصرف اور غیر منصرف دونوں طرح آیا ہے - لحیانی کہتا ہے کہ اہل حجاز اسے منصرف بولتے ہیں مگر تمیم کی لغت میں یہ غیر منصرف ہے - عربوں کا مشہور میلا ہے بلکہ یہ ان کے بزرگ ترین میلوں اور بازاروں میں سے تھا اور یہ نخلہ اور طائف کے درمیان وادی میں ایک نخلستان ہے - مگر نسبتاً طائف کے زیادہ قریب ہے -

Marfat.com

طائف اور اس کے درمیان دس میل کا فاصلہ ہے اور یہ صنعائے یمن کے راستے سے " قرن المنازل " سے ایک مرحلے کے فاصلے پر ہے - جس مقام پر لوگ اکٹھے ہوتے اسے ابتدا کہتے - وہاں کچھ پتھر بھی پڑے ہوتے تھے جن کا لوگ طواف کیا کرتے تھے - عرب یہاں خرید و فروخت کرتے ، مفاخرت کرتے اور باہم مباحثہ و جدال کرتے ، شعرا اپنا تازہ کلام سناتے - اس میلے کا ذکر بہت سے عرب شعرا کے کلام میں آیا ہے مثلاً حسّان کہتے ہیں :

سَأَنْشُرُ إِنْ[1] حَيِيْتُ لَهُمْ كَلَاماً
يُنَشَّرُ فِي المَجَامِعِ مِنْ عُكَاظِ

اگر میں زندہ رہا تو ان کے سامنے جا کر وہ کلام پڑھوں گا جس کا ذکر عکاظ کی مجلسوں میں عام ہوتا رہے گا

یہیں ہر فصیح و بلیغ خطیب خطبہ دیا کرتا - ان خطبا میں سے ایک قُسّ بن ساعدہ ایادی ہے ، جس نے خاکستری رنگ کے اونٹ پر سوار ہو کر وہاں اپنا مشہور خطبہ دیا - یہیں قبائل کے ان شعرا کے سامنے جو یہاں آیا کرتے تھے قصیدے لٹکائے گئے جن کی فصاحت پر انھیں ناز تھا - ہر شریف صرف اپنے علاقے و شہر کے بازار میں جایا کرتا تھا سوا سوق عکاظ کے ، کہ عرب یہاں ہر جہت سے آیا کرتے تھے - چنانچہ قریش ، ہوازن ، احابیش ، عقیل ، مصطلق اور دیگر عربوں کے گروہ سبھی یہاں جمع ہو جایا کرتے تھے - جس کا کوئی عزیز کسی کی قید میں ہوتا وہ اس کے فدیے کی تدبیر کرتا اور جس کا کوئی مقدمہ ہوتا وہ حاکم کے پاس نالش لے جاتا - اس میلے میں بنی تمیم کے کچھ لوگ منصف بنا کرتے تھے - ان میں سے ایک اقرع بن حابس تھا - چونکہ یہ میلا تمام قبائل کے جمع ہونے کی جگہ تھی اسی لیے طریف بن تمیم عنبری کہتا ہے :

أَوَ كُلَّمَا وَرَدَتْ عُكَاظَ قَبِيلَةٌ
بَعَثُوا إِلَيَّ عَرِيفَهُمْ يَتَوَسَّمُ

---

۱ - دیوان حسان میں ان حییت لھم کی بجائے اِن بقیت لکھ دیا ہے -

Marfat.com

جب بھی کوئی قبیلہ عکاظ میں آتا ہے وہ اپنا سردار میرے پاس بھیجتا ہے تاکہ وہ اپنی فراست سے مجھے جان لے

فَتَوَسَّمُونِی ۸ إِنِّنِی ۸ آنَا ذَاکُم،
شَاکِی سِلَاحِی ۸ فِی الحَوَادثِ مُعْلَم،

[۲٦۸] مجھے اپنی فراست سے جان لو۔ میں وہی ہوں ، میں مکمل ہتھیار باندھے رہتا ہوں اور حوادث کے وقت نمایاں علامت لگائے ہوئے ہوتا ہوں

[۱] تَحتِی الأَغَرُّ وفَوقَ جِلْدِی ۸ نَثرَةٌ
زَغْفٌ تَرُدُّ السَّیْفَ وَهْوَ مُشَلَّم،

میرے نیچے اَغَرّ گھوڑا ہوتا ہے اور میری کھال کے اوپر وسیع اور نرم زرہ ہوتی ہے جو تلوار میں دندانے ڈال کر اسے لوٹا دے

[۲] حَوْلِی ۸ أُسَیِّدُ و الهُجَیْمُ وسَازِنٌ
وإذا حَلَلْتُ فَحَوْلَ بَیْتِی ۸ خَضَّمٌ

---

۱ - یہی شعر صرف قافیے کے تغیر کے ساتھ شرح امالی میں حَجْل بن نضلہ کی طرف منسوب کیا ہے - وہاں یہ شعر یوں درج ہے :

تحتی أَغَرٌّ وَفَوقَ جِلْدِی ۸ نثرة
زَغف ترد السیف وهو مُفَلَّل،

۲ - لسان العرب میں یہ شعر کسی کی طرف منسوب نہیں کیا گیا اور اس شعر میں خَضَّم کے معنی " الجمع الکثیر من الناس " دیے ہیں مگر پھر بعد میں لکھتے ہیں کہ صحاح میں دیا ہے کہ خَضَّمَ بروزن بَقَّم ہے اور یہ عنبر بن عمرو بن تمیم کا نام ہے اور اب یہ لفظ قبیلے کے لیے استعمال ہوتا ہے - ابن بری کہتا ہے کہ انھی معنوں میں طریف بن مالک عنبری کا یہ شعر ہے :

حَوْلِی ۸ فوارس من أُسَیِّد شجعة
واذا نزلت فحول بیتی خَضَّم،

Marfat.com

میرے گرد اُسیّد ، ھُجَیم اور مازن کے قبائل ہوتے ہیں اور جب میں کہیں اترتا ہوں تو میرے گھر کے گرد لوگوں کا ہجوم ہوتا ہے

وَلِكُلِّ بَكْرِيٍّ لَدَيَّ عَدَاوَةٌ
وَأَبُو رَبِيعَةَ شَانِئٌ وَ مُحَلِّمٌ،

ہر بکری کو مجھ سے عداوت ہے اور ابو ربیعہ اور محلم بھی مجھ سے دشمنی رکھتے ہیں

یہ طریف عربوں کے مشہور بہادروں اور شہسواروں میں سے تھا ، ایک بار اس نے بنی شیبان کے ایک آدمی کو قتل کر دیا ۔ اس کے بعد اس میلے میں آیا تو مقتول کے کسی رشتہ دار نے اسے غور سے دیکھا ۔ طریف نے اس سے اس کا سبب دریافت کیا تو اس نے جواب دیا : میں تجھے پہچاننا چاہتا ہوں ۔ ہو سکتا ہے کسی دن میرا اور تمہارا اتفاقاً آمنا سامنا ہو جائے تو پھر یا میں تجھے قتل کر دوں گا یا تو مجھے ۔ اس پر طریف نے یہ اشعار کہے تھے ۔ چنانچہ اتفاق سے اس شخص سے طریف کا آمنا سامنا ہو گیا اور اس شخص نے طریف کو مار ڈالا اور اس طرح اپنے رشتہ دار کے قتل کا بدلہ لے لیا ۔

عکاظ میں کئی بار جنگیں ہوئیں ۔ اسی لیے دُرید بن الصمہ کہتا ہے :

تَغَيَّبْتُ عَنْ يَوْمَيْ عُكَاظَ كِلَيْهِمَا
وَإِنْ يَكُ يَوْمٌ ثَالِثٌ أَتَغَيَّبْ،

میں عکاظ کی دونوں جنگوں میں غیر حاضر رہا اور اگر تیسری جنگ ہوگی تو بھی حاضر نہ ہوں گا

وَإِنْ يَكُ يَوْمٌ رَابِعٌ لَا أَكُنْ بِهِ
وَإِنْ يَكُ يَوْمٌ خَامِسٌ أَتَجَنَّبْ،

اگر چوتھی جنگ ہوگی تو (جب بھی) میں وہاں نہ ہوں گا اور اگر پانچویں ہوگی تو میں جب بھی الگ ہی رہوں گا

ابو عبیدہ نے ذکر کیا ہے کہ عکاظ میں چار جنگیں ہوئیں ۔ یوم

Marfat.com

شمطہ ، یوم العبلاء ، یوم شرب اور یوم الحریرہ یہ سب مقامات عکاظ کے اندر ہیں ۔ پھر کہتا ہے کہ شمطہ عکاظ کے علاقے کا وہ مقام ہے جہاں قریش اور ان کے حلیف بنو کنانہ نخلہ کی جنگ کے بعد اترے تھے ۔ نخلہ کی لڑائی جنگ فجار کی پہلی لڑائی تھی ، یہ ایک سال پہلے واقع ہوئی تھی کیونکہ بنو کنانہ نے ہوازن اور ان کے حلیف بنی ثقیف وغیرہ سے یہاں کا وعدہ کیا تھا ۔ شمطہ کی جنگ میں ہوازن کو فتح اور کنانہ اور قریش کو شکست ہوئی مگر قریش کی طرف سے کوئی قابل ذکر شخص ہلاک نہ ہؤا ۔ بکر بن عبد مناۃ بن کنانہ رخم نامی پہاڑ پر جا کر الگ ہو گئے تھے لہٰذا ان میں سے بھی کوئی قتل نہ ہؤا ۔

خداش بن زُہیر کہتا ہے :

فَابْلِغَ اِنْ بَلَغْتَ بِہٖ ھِشَاماً
وعَبْدَ اللہ اَبْلِغْ والوَلِیْدَا

[۲٦۹] اگر تو اس امر کی خبر پہنچا سکے تو ھشام ، عبداللہ اور ولید کو پہنچا دینا

بِاَنَّا یَوْمَ شَمْطَۃَ قَدْ اَقَمْنَا
عُمُودَ الدِّیْنِ اِنَّ لہ عُمُوْدَا

کہ شمطہ کی جنگ میں ہم نے دین کے ستون کو قائم رکھا بے شک دین کا ایک ستون ہے

پھر ایک سال کے بعد مذکورہ قبائل عکاظ کے پہلو میں عبلاء کے مقام پر ملے مگر پھر ہوازن کو فتح اور قریش اور کنانہ کو شکست ہوئی

خداش بن زہیر کہتا ہے :

اَلَمْ یَبْلُغْکُمْ ، اَنَّا جَدَعْنَا
لَدَی العَبْلَاءِ خِنْدَفَ بِالقِیَادِ

کیا تمھیں خبر نہیں پہنچی کہ ہم نے عبلاء کے مقام پر حندف کو مطیع کرکے ان کی ناک کاٹ ڈالی

Marfat.com

ضَرَبْنَاهُمْ بِبَطْنِ عُكَاظَ حَتّٰى
تَوَلَّوا طَالِعِيْنَ مِنَ النِّجَادِ

ہم نے انھیں عکاظ کی وادی میں اس قدر مارا کہ وہ پہاڑی علاقوں کی طرف چڑھتے ہوئے بھاگ نکلے

ایک سال کے بعد وہ پھر شرب کے مقام پر ملے - یہ نخلہ کی جنگ سے لے کر اب تک چوتھی جنگ تھی - شرب بھی عکاظ کے اندر شامل ہے - ان کے یہاں اس سے بڑی جنگ کبھی نہ ہوئی تھی - قریش اور کنانہ کو غیرت آ گئی تھی کیونکہ اس سے پہلے ہوازن دو بار شکست دے چکے تھے - امیہ کے دونوں بیٹوں ابوسفیان اور حرب اور ابوسفیان بن حرب نے اپنے آپ کو جکڑ دیا اور کہا ہم میں سے کوئی بھی اپنی جگہ سے نہ ٹلے گا ، یہاں تک کہ ہم یا مر جائیں گے یا کامیاب لوٹیں گے - چنانچہ ہوازن اور تمام کے تمام قبائل قیس کو شکست ہو گئی صرف بنی نصر نے ڈٹ کر بنی ثقیف کا ساتھ دیا اس کی وجہ یہ تھی کہ عکاظ ان کا شہر تھا اور ان کے نخلستان اور اموال یہیں تھے مگر یہ بھی کچھ نہ کر سکے آخر شکست کھائی - اس دن ہوازن کا تو قتل عام ہو گیا - [1] اُمَیّہ بن اَسکر الکنانی کہتا ہے :

أَلَا سَائِلْ هَوَازِنَ يَوْمَ لَاقَوْا
فَوَارِسَ مِنْ كِنَانَةَ مُعْلَمِيْنَا

جس دن ہوازن کا بنی کنانہ کے ان شہسواروں سے آمنا سامنا ہؤا جنھوں نے نمایاں نشان لگائے ہوئے تھے اس دن کے متعلق تو ان سے پوچھ (کہ ان پر کیا گزری تھی)

---

۱ - امیة بن الاسکر : امیہ بن حرثان بن الاسکر - انھوں نے جاہلی زمانہ بھی اور اسلامی زمانہ بھی پایا یعنی مخضرم تھے - اصابہ میں ان کے سوانح موجود ہیں - (شرح امالی : ۱۲۰)

Marfat.com

لَدَی شَرْب وَقَدْ جَاشُوا وجُشْنَا
اِفَاَوْعَبَ فِی النَّفِیْرِ بَنُوْا بِیْنَا

شرب کے مقام پر وہ بھی جوش میں آ گئے اور ہم بھی جوش میں آ گئے ۔ ہمارے باپ کی تو تمام کی تمام اولاد جنگ کے لیے نکل آئی تھی نیز کہتا ہے :

قَوْمِیْ اللَّذُوْ بِعُکَاظٍ طَیَّرُوْا شَرَرًا
مِنْ رُؤُسِ قَوْمِکَ ضَرْبًا بِالْمَصَاقِیْلِ

میری قوم تو وہ قوم ہے جس نے عکاظ میں تمہاری قوم کے سروں سے صیقل شدہ تلواریں مار مار کر شرارے نکالے تھے

[۲۷۰] ایک سال بعد ''حریرہ'' کے مقام پر یہ ایک دوسرے کے پھر مقابل ہوئے ۔ حریرہ عکاظ کے قریب سیاہ پتھروں والا ایک قطعہ ارض ہے جو باد جنوب کے چلنے کی جگہ کے ساتھ ملی ہوئی ہے ۔ اس لڑائی میں ہوازن کو قریش اور کنانہ پر فتح ہوئی ۔

ایک قول کے مطابق یہ میلا یکم ذوالقعدہ سے لے کر بیس ذوالقعدہ تک لگا کرتا تھا ۔ اس کے بعد وہ مکہ روانہ ہو جاتے اور عرفات میں قیام کیا کرتے ۔ پھر مناسک حج ادا کرنے کے بعد اپنے اپنے وطن کو لوٹ جاتے ۔ ایک اور قول کے مطابق وہ سارے کا سارا شوال کا مہینہ یہاں قیام کیا کرتے ۔ ان دو اقوال کے علاوہ اور بھی مختلف اقوال پائے جاتے ہیں ۔ شاید اس اختلاف کی وجہ یہ ہو کہ عربوں کے یہاں سال کے شمار کرنے میں اختلاف پایا جاتا تھا یا اس لیے کہ اس میلے میں قیام کرنے کے معاملے میں بھی قبائل میں اختلاف تھا ۔ قبائل العرب کے مصنف کی رائے یہ ہے کہ عرب نصف ذوالقعدہ سے لے کر آخر ذوالقعدہ تک یہاں قیام کیا کرتے تھے اور جب ذوالحجہ کا چاند دکھائی دیتا تھا تو ذوالمجاز پہنچ جاتے تھے ۔ ذوالمجاز جیسا کہ ذکر ہو چکا عکاظ کے قریب واقع ہے اور یہاں ترویہ یعنی آٹھویں ذوالحجہ تک میلا لگا رہتا ہے ۔ اسے

---

۱ - یُقَالُ اَوْعَبَ الْقَوْمُ : خَرَجُوْا وَلَمْ یَبْقَ مِنْهُمْ اَحَدٌ

Marfat.com

یوم الترویہ اس لیے کہا گیا کہ اس دن (یہ لوگ) سیر ہو کر پانی پی لیا کرتے اور ساتھ بھی لے لیا کرتے تھے یا اس لیے کہ ابراھیم علیہ السلام نے اس دن اپنے خواب پر غور و فکر کیا ، نویں کو ان پر حقیقت واضح ہو گئی اور دسویں کو اس پر عمل کیا ۔ اس کے بعد (یہ لوگ) منٰی جاتے تھے ، '' سوق نطاۃ '' خیبر میں لگتا ۔ نطاۃ خیبر میں ایک چشمہ یا قلعہ ہے ۔

اور ان میں سے ایک سُوق حَجْر ۔ حاء مہملہ پر زبر اور جیم ساکن ۔ عاشوراء سے لے کر آخر محرم تک ۔ یہ میلے عہدِ اسلام میں بھی بدستور سابق لگتے رہے تاآنکہ سب سے پہلے سوق عکاظ لگنا بند ہؤا ۔ یہ ۱۲۹ھ کی بات ہے ، جب حَرُوری[1] خارجی مکے میں مختار بن عوف کے ہمراہ بغاوت کا علم بلند کرکے نکلے ۔ انھوں نے اس میلے کو لُوٹا ۔ چنانچہ یہ میلا آج تک بند چلا آ رہا ہے ۔ یہ میلا واقعہ فیل سے پندرہ سال بعد لگنا شروع ہؤا تھا ۔ مذکورہ بالا اسواق میں سے سب سے آخر میں بند ہونے والا بازار سوق حباشہ ہے ۔ یہ میلا ۱۹۷ھ میں داؤد بن عیسٰی بن موسٰی عباسی کے زمانے میں بند ہؤا ۔ حقیقتِ حال اللہ کو ہی معلوم ہے ۔

زمانۂ جاھلیت میں عربوں کے اجتماعات

ان میلوں کے علاوہ ان کے یہاں کئی قسم کے اجتماع ہوتے تھے [۲۷۱] جن کا مکمل ذکر اس جگہ نہیں کیا جا سکتا ۔ بعض اجتماع صرف اُنس اور تفریح اور گزشتہ جنگوں اور واقعات کی یاد تازہ کرنے ، شعر سنانے اور دیگر ایسے امور کے لیے ہوتے جن سے طبیعت کو فرحت حاصل ہو اور یہ حال بالعموم رات کے وقت ، استراحت کے بعد اور اطمینان قلب سے ہی ہو سکتا ہے جیسا کہ لفظ '' مسامرہ '' سے معلوم ہوتا ہے ۔ کیونکہ '' سمر '' رات کے وقت گفتگو اور باتیں کرنے کو کہتے ہیں ۔ عربوں کی کیا بات ہے ان میں اس قدر دقیق غور و فکر

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں الحرویہ چھپا ہے اسے الحَرُوْرِیّہ پڑھیں ۔

Marfat.com

پایا جاتا ہے کہ انسان کو حیرت ہوتی ہے - اس لیے کہ دن کا وقت بالخصوص صبح کا وقت دوڑ دھوپ کرنے، معاش کی تلاش، زندگی کی مصلحتوں کو پورا کرنے، روزی کمانے اور اپنی حالت کو بہتر بنانے کا وقت ہوتا ہے - عرب اس وقت کے دوران میں اپنی مصلحتوں اور کام کاج کے لیے دوڑ دھوپ کرتے اور اسے کھیل کود، بے کار بیٹھنے اور گپیں ہانکنے میں بسر نہ کرتے تھے - یہ لہر ہمارے زمانے کے بالکل بر عکس ہے اس لیے کہ ان لوگوں کو بری عادتیں پڑی ہوئی ہیں، لہٰذا تو دیکھے گا کہ یہ لوگ اپنا قیمتی وقت بے کار امور میں صرف کر دیتے ہیں - یہی وجہ ہے کہ یہ ہر قسم کی فضیلت حاصل کرنے کے معاملے میں پیچھے رہ گئے ہیں اور عالی صفات اور اچھے اخلاق سے محروم ہیں - در حقیقت معاملہ تو اللہ کے ہاتھ میں ہے - اگلے وقتوں کے عربوں نے تو اپنے کارناموں اور قابلِ فخر باتوں سے دفتر بھر دیے تھے - جب اکٹھے ہوتے تھے تو تو مجلس کی ایک جانب حلقہ بنا لیتے تھے، حلقے کے درمیان وہ شخص بیٹھتا تھا جو سب سے زیادہ باشرف بزرگ ہوتا تھا - جب کوئی شخص کسی عجیب حادثے یا کسی عجیب بات کا ذکر کرنا چاہتا تو وہ لوگوں کو اُٹھ کر اسی طرح سناتا جس طرح ایک خطیب خطبہ دیتا ہے اور جب کوئی شخص بات کرتا تو وہ تقریر کے دوران میں اپنی داڑھی کو چھوتا اور پھر گفتگو کرتے کرتے داڑھی کو مٹھی میں لے لیتا - یہ عربوں کا ایک طرز اور ایک عادت تھی، اسی طرح باہم گفتگو میں بھی ایک شخص دوسرے کی داڑھی کو پکڑ لیتا تھا - اُن کے اعتقاد میں اسے ایک طرح کی باہمی مہربانی خیال کیا جاتا تھا، جیسا کہ خطابی نے شرح سنن میں بیان کیا ہے -

بعض اجتماع جنگ کی تدبیر یا کسی قوم پر غارت ڈالنے کے متعلق مذاکرہ اور مشورہ کرنے کے لیے منعقد ہوتے تھے - کیونکہ وہ ان امور کے ضمن میں صرف اُسی وقت حرکت کرتے تھے جب ان کے اہل حل و عقد مخصوص مقام پر جمع ہو کر فیصلہ کر لیتے، مثلاً یہ کہ ان امور کی ذمہ داری اٹھانے والا اس کے لیے ایک خیمہ لگاتا جیسا کہ بیان کیا جا

Marfat.com

چکا ہے ، پھر اجتماع کے وقت مذاکرے کا دور چلتا اور جو رائے قرار پا جاتی اس کے مطابق عمل کیا جاتا اور پھر کوئی شخص اس امر میں پیچھے نہ رہتا تھا ۔

بعض اجتماع مقدمات ، دعووں اور ان کے باہمی جھگڑوں کے فیصلہ کرنے کے لیے عمل میں آتے تھے ۔ بعینہٖ اسی طرح جس طرح وہ دارالندوہ میں ــ دارالندوہ قصی بن کلاب کا گھر تھا ۔ اسی نے اسے بنایا تھا ۔ اس کا دروازہ مسجد کعبہ کی طرف رکھا تھا ۔ قریش قصی کے طرز سے برکت حاصل کرنے کے لیے اسی گھر میں اپنے معاملات کا فیصلہ کیا کرتے تھے ، چنانچہ کسی عورت یا مرد کی شادی ہونا ہوتی تو اسی گھر میں ہوتی ۔ [۲۷۲] کوئی مرحلہ درپیش ہوتا اور اس کے متعلق مشورہ کیا جاتا تو. اسی گھر میں ، کسی غیر قبیلے کے خلاف جنگ کا جھنڈا اٹھانا ہوتا تو اسی گھر میں اُٹھایا جاتا تھا ، اسی جھنڈے کو قصی کی اولاد میں سے کوئی شخص اٹھاتا تھا ۔ اگر قریش کی کوئی لڑکی اس عمر کو پہنچتی کہ اسے قمیص پہنائی جائے تو اسے یہیں قمیص پہنائی جاتی ، اس طرح کہ اس گھر میں قمیص کو پھاڑ کر (تیار کیا جاتا) اور وہ پہنتی ، پھر اسے اس کے گھر والوں کے پاس لے جاتے ۔ ہر بچے کے ختنے بھی یہیں ہوتے ہر طرح کے جھگڑوں کے فیصلے بھی اسی گھر میں ہوتے ۔

کلبی کہتا ہے کہ یہ پہلا گھر ہے جو مکے میں بنایا گیا اس کے بعد یکے بعد دیگرے رہنے کے لیے لوگوں نے اپنے اپنے گھر بنا لیے اور جوں جوں اسلام کے زمانے کے قریب پہنچتے گئے توں توں ان کی قوت اور تعداد بڑھتی گئی تاآنکہ تمام عرب ان کا مطیع ہو گیا ۔ قریش میں قصی کا حکم ایک قسم کا دین بن گیا جس کی لوگ تابعداری کرتے تھے ۔ اسی گھر کا نام ندوہ اسی لیے پڑا کہ لوگ خیر و شر کے لیے یہاں جمع ہوتے تھے ۔ قاموس میں ہے : نادِیٌ ۔ نَدوَۃ اور منتَدًی کے معنی قوم کی وہ مجلس جو دن کے وقت قائم ہو " یا " مجلس جب تک لوگ اس میں جمع رہیں " ۔ کعبے کے گرد قریش کی کئی ایک مجالس تھیں جن میں ان کا اجتماع ہؤا کرتا جیسا کہ سیرت ھشامیہ میں لکھا

Marfat.com

ہے ۔ ان مجالس میں وہ اپنے خاص معاملات کے متعلق مذاکرہ کیا کرتے تھے ۔ عبدالمطلب کعبے کے سایے میں بیٹھا کرتے تھے ۔ وہاں خاص ان کے لیے ایک فرش بچھا دیا جاتا تھا ۔ جس پر ان کے احترام اور تعظیم کی وجہ سے کوئی دوسرا نہ بیٹھ سکتا تھا ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابھی بچے ہی تھے کہ اپنے دادا کے پہلو میں بیٹھ جایا کرتے تھے ۔ عبدالمطلب کسی شخص کو انھیں رو کنے کی اجازت نہ دیتے تھے ۔ فرمایا کرتے تھے : میرے اس بیٹے کی بڑی شان ہوگی چنانچہ ایسا ہی ہؤا بلکہ ان کے تصور اور ان کی امید سے کہیں بڑھ کر ہؤا ۔

بعض اجتماعات ثواب یا نصیحت حاصل کرنے کی غرض سے منعقد ہوتے تھے ، ایسے ہی جیسے قریش عہد جاہلیت میں کعب بن لؤی بن غالب کے پاس ہر جمعے کے دن اکٹھے ہو جایا کرتے تھے۔ کعب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتویں دادا ہوتے ہیں ۔ کعب قریش کو خطبہ دیتے اور زبیر بن بکار کی روایت کے مطابق یوں کہا کرتے تھے :

اما بعد ! سنو ، سمجھو ، سیکھو ، جانو ، رات تاریک ہے ، دن صاف ، زمین بچھونا ہے ، آسمان چھت ، پہاڑ میخیں ، اور ستارے علامات ، [۲۷۳] پہلے لوگ اور پچھلے لوگ سب ایک جیسے ہیں ۔ صلہ رحمی کرو اور بیاہ اور شادی کی وجہ سے جو رشتہ داری قائم ہو اس کا تحفظ کرو ۔ اپنے مالوں کو بار آور کیا کرو ۔ کیا تم نے کسی مرنے والے کو واپس آتا دیکھا یا مردے کو پھر زندہ ہوتے دیکھا ۔ گھر تمھارے آگے ہے ۔ ظن اس طرح نہیں جس طرح تم کہتے ہو ۔

کعب بعثت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا کرتا تھا اور انھیں بتایا کرتا تھا کہ وہ نبی اس کی اولاد میں سے ہوگا چنانچہ انھیں اس نبی کی تابعداری کا حکم دیتا اور کہتا : اپنے حرم کو آراستہ کرو ، اس کی تعظیم کرو ، عنقریب اس کی بہت بڑی شان ہوگی اور یہاں سے ایک نبی کریم نکلے گا ۔ پھر یہ شعر پڑھتا :

نَهَارٌ ولَيْل، كُلٌّ أَوْبٍ تَجَاذُب،
سَوَاءٌ عَلَيْنَا لَيْلُهَا وَ نَهَارُهَا

Marfat.com

دن اور رات کا ہربار لوٹنا ایک قسم کی کھینچا تانی ہے - ہمارے لیے رات کیا اور دن کیا دونوں یکساں ہیں

يَؤُبَانِ بِالأَحْدَاثِ حِيْنَ تَأَوَّبَا
وبالِنِعَم الضَّافِيْ عَلَيْنَا سُتُورها

یہ دن اور رات جب دونوں لوٹتے ہیں تو حوادث کے ساتھ لوٹتے ہیں اور ان کے پردوں میں ہمارے لیے کثرت سے نعمتیں آتی ہیں

صَرُوْفٌ وَ أَنْبَاءٌ تُقَلِّبُ أَهْلَهَا
لَهَا عُقَدٌ ما يُستَحَلُّ مَرِيْرُهَا

(یہ دن رات) گردشیں اور خبریں ہوتی ہیں جو دنیا کے لوگوں کو اُلٹتی پلٹتی رہتی ہیں - ان گردشوں کی گرہوں کو کوئی کھول نہیں سکتا

عَلَى غَفْلَةٍ يَأْتِي النَبِيُّ مُحَمَّدٌ
فَيُخْبِرُ أَخْبَاراً صَدُوقاً خَبِيْرُهَا

نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اچانک آ جائیں گے اور وہ خبریں بتلائیں گے جن کا جاننے والا سچا ہوگا

پھر کہتا : اللہ کی قسم اگر میں ان دنوں کان ، آنکھ ، ہاتھ اور پاؤں رکھتا ہؤا تو اونٹ کی طرح محنت کروں گا اور نر اونٹ کی طرح تیز چلوں گا - پھر کہتا[2] ہے

يَا لَيْتَنِيْ شَاهِدٌ فَحَوَاءَ دَعْوَتِهِ
حِيْنَ العَشِيْرَةُ تَبْغِي الحَقَّ خِذْلاَنَا

---

١ - الروض الانف (١ : ٢٦٩) میں یہ مصراع یوں دیا ہے :
صروف رأيناها تقلب أهلها -

٢ - نیز ملاحظہ ہو الروض الانف : ١ : ٦ : ٢٦٩ -

Marfat.com

کاش میں اس[1] کی دعوت کے مفہوم کو جانوں ، جب اس کا قبیلہ حق کی طرف داری چھوڑ دینے کا ارادہ کرے گا ۔ یہ بات ان الہامی ادراکات میں سے ہے جن کو عقلیں تصور میں لاتی ہیں اور وہ صحیح ثابت ہوتے ہیں ۔ نفوس جن کا تصور کرتے ہیں اور وہ حقیقت کا روپ دھار لیتے ہیں ۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے یوم عروبہ کا نام یوم الجمعہ رکھا تھا اور اسے وہ صورت دی جو آج بھی مروج ہے کیونکہ جمعہ کے دن لوگ اکھٹے ہوتے ہیں ۔ ان کے ہاں اتوار کو اول ، پیر کو أَهْوَن ، منگل کو جبار ، بدھ کو دَبار ، جمعرات کو مؤنس ، جمعہ کو عروبۃ اور ہفتہ کو شیار کہا کرتے تھے ۔ أَهْوَن کو أَوْهن اور أَوْهَد اور شَیار کو شِیَار (زبر اور زیر دونوں طرح) بھی کہا گیا ہے ۔ کسی نے ان کو یوں نظم کر دیا ہے :

أُؤَمِّلُ أَنْ أَعِیْشَ وَ أَنَّ یَوْمِیْ
بِأَوَّل أَو بِأَهْوَنَ أَوْ جُبَارٍ
أَوِ التَّالِی دَبَارٍ فَإِنْ أَفُتْهُ
فَمُؤنِسٍ فَالعَرُوبَۃِ أَوْ شِیَارٍ

[۲۷۴] یعنی میں دنیا میں باقی اور زندہ رہنا چاہتا ہوں اور انھی دنوں میں سے ایک نہ ایک دن مجھے ضرور مر جانا ہے اور یہ ایک احمقانہ خیال ہے ۔ دانش مند کو چاہیے کہ وہ دنیا میں باقی رہنے کی امید رکھے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ ہفتہ کا ہر دن انسان کی زندگی کی انتہا ہو اور اسی دن عمر کا خاتمہ ہو ۔

اسی طرح عربوں نے دن اور رات کی ساعتوں کے وہ نام رکھے ہیں

---

۱ ۔ یہ شعر لسان العرب (مادہ عرب) میں یوں تحریر ہے :

یالیتنی شاھد فحواء دعوتہ
اذا قریش تبغی الخلق خِذلانا

لسان العرب میں الخلق لکھا ہے اسے الحق ہونا چاہیے ۔

Marfat.com

جو عام متعارف نہیں ہیں اور یہ نام یہ ہیں ذرور[1] پھر بزوغ[2] پھر ضُحیٰ پھر غزالہ پھر ہاجرہ پھر زوال پھر دلوک[3] پھر عصر پھر اُصیل پھر صَبُوب پھر حُدور[4] پھر غروب - یوں بھی کہا جاتا ہے: بکور پھر شروق پھر اشراق پھر رأد پھر ضُحیٰ پھر مَتُوع پھر ہاجرہ پھر اُصیل پھر عصر پھر طَفَل پھر عَشیٰ پھر غَروب - ابن النحاس نے اپنی کتاب "صناعتہ الکتاب" میں ان دونوں روایتوں کا ذکر کیا ہے -

کہا جاتا ہے کہ سب سے پہلے آدم علیہ السلام نے دن کو بارہ گھنٹوں میں تقسیم کیا اور اس امر کا اپنی اس وصیت میں ذکر کیا جو انھوں نے اپنے بیٹے شیث کو کی - اُس میں بتایا کہ ہر ساعت میں اس پر کون سا عمل فرض ہے اس کے لیے کیا عبادت مقرر کی گئی ہے -

رات کی ساعات یہ ہیں - شاہد پھر غسق پھر عتمہ پھر فحمہ پھر موہن پھر قطع پھر جوسر پھر عبکہ پھر تباشیر پھر فجر اول پھر معترض پھر اسفار -

لغت کی کتابوں میں رات اور دن کی ساعات کے اور نام بھی دیے گئے ہیں - ان کتابوں کی طرف رجوع کریں - اسی طرح اہل عرب مہینوں کے بھی کچھ اور ہی نام رکھا کرتے تھے - یہ نام وہ نہیں جو آج ہم جانتے ہیں - ان شاء اللہ ان کا ذکر نسیئ کی بحث میں آئے گا -

---

۱ - بلوغ الارب میں درود دال مہملہ کے ساتھ مرقوم ہے وہ غلط ہے -
۲ - بلوغ الارب میں بزوع عین مہملہ کے ساتھ درج ہے وہ غلط ہے -
۳ - بلوغ الارب میں دلول مکتوب ہے وہ غلط ہے -
۴ - بلوغ الارب میں حدود (آخر میں دال) کے ساتھ تحریر ہے وہ غلط ہے -

Marfat.com

کہا جاتا ہے کہ عروبہ کا نام جمعہ اس لیے پڑا کہ انصار نے کہا : کہ یہودیوں کا ہر چھ دن کے بعد ایک دن وہ ہوتا ہے جس میں وہ اکٹھے ہوتے ہیں - اسی طرح عیسائیوں کے ہاں ہے - آؤ ہم بھی ایک دن مقرر کر لیں جس میں اکٹھے ہو کر اللہ کا ذکر کیا کریں اور نماز پڑھیں - پھر کہا ہفتہ تو یہودیوں کا ہے اتوار عیسائیوں کا لہٰذا عروبہ کا دن ہی مقررہ کر لیا جائے ، لہٰذا وہ سعد بن زرارہ کے ہاں اکٹھے ہوئے - اس نے اس دن دو رکعت نماز باجماعت ادا کی اور انہیں وعظ کیا لہٰذا انہوں نے اس دن جمع ہونے کی وجہ سے اس کا نام جمعہ رکھ لیا - اس پر اللہ تعالیٰ نے سورہ جمعہ نازل کی - یہ اسلام کا پہلا جمعہ تھا - لیکن پہلا جمعہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھایا وہ یوں تھا کہ جب آپ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو آپ بنی عمرو بن عوف کے ہاں اترے اور ان کے ہاں پیر ، منگل ، بدھ اور جمعرات کا دن قیام کیا اور مسجد کی بنیاد رکھی ، پھر جمعہ کے دن مدینے کی طرف روانہ ہوگئے - جب بنی سالم بن عوف کی وادی کے وسط میں پہنچے تو نماز کا وقت آ گیا آپ نے خطبہ دیا اور جمعہ کی نماز پڑھائی -

[۲۷۵] سہیلی نے سیرۃ نبوی کی شرح میں بیان کیا ہے کہ اس دن کو پیشتر اس کے کہ انصار جمعہ کی نماز ادا کریں جمعہ ہی کہا جاتا تھا - اور چونکہ اس دن خلق آدم[1] کو جمع کیا گیا لہٰذا اس دن کا یہ نام پڑ گیا -

اہل لغت کہتے ہیں : سبت کے معنی کاٹنے کے ہیں - یوم السبت اسی سے نکلا ہے کیونکہ اس دن خلق اشیا کا سلسلہ منقطع ہؤا - (گویا ہر شے کی تخلیق مکمل ہوگئی) -

یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ یہ اسماء متداولہ اہل کتاب سے

---

۱ - لسان العرب کے یہ الفاظ ہیں (مادہ ج م ع) وروی عن ابن عباس رضی اللہ عنہ ما انہ قال : انما سُمِّیَ یوم الجمعۃ لاَنَّ اللہ تعالیٰ جمع فیہ خلق آدم صلی اللہ علی نبینا و علیہ وسلم -

Marfat.com

مروی ہیں اور عرب مستعربہ نے اہل کتاب کے پڑوسی ہونے کی وجہ سے یہ نام ان سے لے لیے تھے - ان سے پہلے لوگوں کو صرف وہ نام معلوم تھے جو عرب عاربہ نے یا جو سریانیوں نے رکھے ہوئے تھے - وہ نام یہ ہیں - ابجد[۱] ، ہوز[۲] ، حطی[۳] ، کلمن[۴] ، سعفص[۵] ، قرشت[۶] مگر ساتویں کا ذکر نہیں کیا - اور انھوں نے ذکر کیا ہے کہ یہ ان دنوں کے نام ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات کو خواہ علوی ہو خواہ سفلی پیدا کیا تھا - یہ قول ابن النحاس کی کتاب میں بھی موجود ہے - یوں معلوم ہوتا ہے کہ سہیلی نے اسی سے نقل کیا ہے -

بعض اجتماع حلف اور معاہدے کے لیے منعقد ہوتے تھے ، چنانچہ جب قریش میں سرداروں کی کثرت ہوگئی اور ان میں ریاست (کی ذمہ داری) پھیل گئی اور انھوں نے باہمی کھینچا تانی اور ایک دوسرے پر غلبہ پانے کی خواہش کا مشاہدہ کیا جسے کوئی طاقتور بادشاہ بھی نہ روک سکتا تھا تو انھوں نے ایک معاہدہ کیا جس میں یہ قرار پایا کہ دست درازی کو روکا جائے اور مظلوم کو ظالم سے اس کا حق دلایا جائے - چنانچہ جیسا کہ زبیر بن بکار نے بیان کیا ہے اس کا سبب یہ تھا کہ بنی زبید کا ایک آدمی یمن میں سے عمرہ کرنے کی نیت سے مکے آیا - اس کے ساتھ کچھ مال تجارت بھی تھا جسے بنی سہم کے ایک شخص نے اس سے خرید لیا - کہا جاتا ہے کہ یہ شخص العاص بن وائل تھا - مگر اس نے اس شخص کا حق ادا کرنے سے انکار کر دیا - اس لیے زبیدی نے اپنا مال و متاع مانگا ، اس نے نہ دیا ، اس پر اس شخص نے حجر پر کھڑے ہو کر بلند آواز سے یہ شعر کہے :

یَالَ قُصَیٍّ[۲] لِمَظْلُومٍ بِضَاعَتُهُ
بِبَطْنِ مَكَّةَ نَائِی الدَّارِ وَالنَّفَرِ

اے آل قصی جس شخص کے مال تجارت پر مکے کی وادی میں دست درازی کی گئی ہے اس کی فریاد کو پہنچو

---

۲ - الروض الانف میں یال قُصَیٍّ کی بجائے یا آل فِہرٍ منقول ہے

Marfat.com

کیونکہ اس شخص کا گھر اور اس قوم کے لوگ اس سے دور ہیں

وَاشْعَثَ مُحرِمٍ لم تَقْضَ حُرْمَتُه[1]
بَیْنَ المُقَام وَ بَیْنَ الحِجْرُ الحَجَرِ

ایک شخص جو پریشان مُو ہے اور احرام باندھے ہوئے ہے مگر اس نے احرام (کے حق) کو مقام ابراھیم ، حجر (حطیم) اور حجر اسود کے درمیان پورا ادا نہیں کیا

[2]اَقَائِمٌ مِنْ بَنِی سَهْمٍ بِذِمَّتِهِم
اَوْ ذَاهِبٌ فی ضَلَالٍ مالُ مُعْتَمِرِ

کیا بنی سہم کے لوگ اپنے عہد پر قائم ہیں یا یہ کہ عمرہ کرنے والے کا مال یونہی ضائع چلا جائے گا

اس کے بعد قیس بن شیبہ سلمی نے ابی بن خلف کے ہاتھ مال بیچا اس نے (قیمت ادا کرنے سے) انکار کر دیا ، اور اس کا حق مار لیا ۔ قیس نے بنی جمع کے ایک شخص سے پناہ طلب کی مگر اس نے اسے پناہ نہ دی تو قیس نے یہ شعر کہے :

یَالَ قُصَیٍّ کَیْفَ هٰذَا فی الحَرَمْ
وحُرْمَةِ البَیْتِ وَاَحْلَافِ الکَرَمْ
اَظْلَمَ مَنْ لا یَمْتَنِعُ عَنَّی الظُّلم

اے آل قصی حرم کے اندر یہ کیسے روا ہے ۔ قسم ہے کعبے کی حرمت کی اور کرم کے حلیفوں کی کہ جو شخص مجھ پر وارد ہونے

---

۱ ۔ الروض الانف (۱ : ۹۱) میں یہ شعر یوں ہے :

و مُحرِم اشعث لم یَقْضِ عمرته
یا للرجال و بین الحجر و الحَجَرِ

۲ ۔ الروض الانف میں اس شعر کی بجائے یہ شعر دیا ہے :

ان الحرام لِمَن تَمَّتْ کَرَامَتُه
وَلا حَرَامَ لِثَوبِ الفَاجِرِ الغَدِرِ

Marfat.com

والے ظلم کو نہیں روکے گا گویا خود اس نے بھی مجھ پر ظلم کیا

اس پر عباس بن مرداس السلمی نے اس کے جواب میں یہ شعر کہے :

إنْ كَانَ جَارُكَ لَمْ تَنْفَعْكَ ذِمَّتُهُ
وَقَدْ شَرِبْتَ بِكَأْسِ الذُّلِّ أَنْفَاسَا

[۲۷۶] اگر تیرے پناہ دہندہ کے عہد و پیماں نے تجھے کوئی فائدہ نہیں پہنچایا تو پھر تیری زندگی ذلت کے پیالے سے (پانی یا شراب) پینے کے مترادف ہے

فأتِ البُيُوتَ وَكُنْ مِنْ أَهْلِهَا صَدَداً
لاَ تَلْقَ تَأْدِيبَهُم فُحشا وَلاَ بَأْسَا

تو قریش کے شریف خاندانوں کے پاس آ ، مکے کے باشندوں سے کنارہ کر لے ، تو ان شرفا کے آداب میں کسی قسم کی فحش یا تکلیف دہ بات نہ پائے گا

وَمَنْ يَكُنْ بِفِنَاءِ البَيْتِ مُعْتَصِماً
يَلْقَ ابْنَ حَرْبٍ وَيَلْقَ المَرْءَ عَبَّاسَا

اور جو شخص بیت اللہ کے صحن میں پناہ لے گا وہ وہاں ابن حرب اور عباس کو پائے گا

[1]قَوْمِي قُرَيْشٌ بِأَخْلاَقٍ مُكَمَّلَةٍ
بِالمَجْدِ وَالحَزْمِ مَاعَاشَا وَمَاسَاسَا

---

۱ - میرے خیال میں یہ دونوں شعر یوں ہونے چاہئیں :

قومی قُریش باخلاق مکمّلة
والمجد یضرب أخماسًا واسداسًا
ساقی الحجیج وهٰذا ناشرفلج
بالمجد والحزم ماعاشا ومَاساسَا

Marfat.com

میری قوم قریش کامل اخلاق کی مالک ہے جب تک یہ لوگ زندہ ہیں اور بااقتدار ہیں شرف و دانش کو ہاتھ سے نہ جانے دیں گے ،

سَاقِی الحجیج وھٰذا تَاشِرٌ فَلِجٌ
والمَجْدُ یُورِثُ اَخْمَاسًا وَاَسْدَاسًا

ایک تو وہ ہے جو حاجیوں کو پانی پلاتا ہے (یعنی عباس) اور دوسرا (ابو سفیان بن حرب) جو جھنڈا کامیابی سے پھیلاتا ہے اور بزرگی وہ شے ہے جو پانچویں اور چھٹے حصے کا وارث بنا ہی دیتی ہے

اس پر ابو سفیان اور عباس دونوں اٹھ کھڑے ہوئے - چنانچہ اس شخص کا مال واپس کر دیا گیا پھر قریش کے مختلف بطن اکٹھے ہوئے اور انھوں نے عبداللہ بن جدعان کے گھر میں اس بات پر حلف اٹھایا کہ مکے کے اندر کسی پر ظلم نہ ہونے دیں گے - ظالم کو روکیں گے اور مظلوم کا حق دلوائیں گے - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نبوت (کے منصب پر فائز ہونے) سے پہلے ان کے ساتھ تھے - اس وقت آپ کی عمر پچیس سال تھی - حلف الفضول عبداللہ بن جُدعان کے گھر میں لی گئی - اس کیفیت کا ذکر کرتے ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا : میں حلف الفضول کے وقت عبداللہ بن جُدعان کے گھر میں موجود تھا - میں اس حلف کے عوض میں سرخ اونٹوں کو بھی لینا پسند نہ کروں گا اور اگر اسلام آ چکنے کے بعد بھی مجھے اس قسم کی کسی چیز کی طرف دعوت دی جائے تو میں اس دعوت کو قبول کروں گا - ازاں بعد آپ نے اس حلف کا سارا قصہ بیان کیا - اسلام کے آنے سے اس قسم کی (باعث خیر) باتوں کو اور تقویت حاصل ہوتی ہے - قریش کے کسی شاعر نے اسی حلف کے متعلق کہا ہے :

تَیمَ بن مُرَّۃَ اِنْ سَاَلْتَ وَھَاشِمًا
وَزُھْرَۃَ الخَیْرِ فی دَارِ ابنِ جُدْعَانِ

اگر تو تیم بن مرہ ، ھاشم اور زھرۃ الخیر سے ابن جدعان کے گھر میں درخواست کرے (تو تجھ پر واضح ہو جائے گا کہ)

Marfat.com

سُتَحَالِفِيْنَ عَلَى النَّدٰی[1] سَاغَرَّدَت
وَرْقَاءُ فِیْ سَنَنٍ سِنٍ جِذعِ کُتْمَانٍ[2]

ان لوگوں نے پکارنے والے کی پکار پر (مدد کو آنے کے لیے) حلف اٹھا رکھا ہے، جب تک کبوتری کتمان کے کھجور کے پیڑوں کی شاخوں پر گاتی رہے گی (یہ اسی طرح مدد کو آتے رہیں گے)

یہ اگرچہ ایک جاہلی فعل تھا جس کی اس وقت سیاسی ضرورت محسوس کی گئی تھی مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی کی وجہ سے نیز جو کچھ آپ نے اس کی تائید میں فرمایا ہے اس کی وجہ سے یہ ایک شرعی حکم اور نبوی فعل بن گیا۔

یا جس طرح قریش اُس حلف کے لیے جمع ہوئے جو حلف المطیبین کے نام سے مشہور ہے - ہم مکے کے بیان میں اس کی طرف اشارہ کر چکے ہیں۔ سیرۃ ابن ہشام میں ابن اسحٰق سے نقل کرتے ہوئے اس حلف کا یوں بیان دیا ہے:

جب قصی کی وفات ہوئی تو اس کے بیٹوں نے اپنی قوم اور دیگر لوگوں میں حکومت کے کام کو اس کے بعد بھی بدستور جاری رکھا۔ انھوں نے مکے کے چار خطے بنائے۔ علاوہ اس خطے کے جو اس نے اپنی قوم کے لیے مقرر کر رکھا تھا۔ چنانچہ وہ ان ٹکڑوں کو اپنی قوم میں اور دیگر لوگوں میں تقسیم کر دیا کرتے تھے۔ مثلاً ان کے حلیفوں میں اور انھیں بیچ بھی دیا کرتے تھے۔ کچھ عرصے تک قریش نے ان کا ساتھ دیا اور [۲۷۷] ان میں کسی قسم کا اختلاف اور نزاع پیدا نہ ہؤا مگر پھر بنی عبدمناف[3] بن قصی یعنی عبد شمس، ہاشم، مطلب اور نوفل نے اس بات

---

۱ - بلوغ الارب میں اسی طرح "الندی" لکھا ہے اسے النَّدِیّا پڑھیں۔
۲ - کُتمان جگہ یا پہاڑ کا نام ہے۔
۳ - بلوغ الارب میں بنی عبدمناف بن قصی بن عبدشمس لکھا ہے - اسے بنی عبد مناف بن قصی عبدشمس وھاشما الخ پڑھیں۔

Marfat.com

پر اتفاق کر لیا کہ وہ بنی عبدالدار بن قصی کے قبضے سے وہ تمام امور لے لیں گے جو قُصَیّ نے عبدالدار کے لیے مقرر کر رکھے تھے مثلاً حجابت ، لواء ، سقایہ اور رفادہ ۔ ان کا یہ خیال تھا کہ وہ اپنی قوم میں اپنے شرف اور فضیلت کی وجہ سے ان امور کے زیادہ حقدار ہیں ، اس بات پر قریش کے مختلف گروہ بن گئے ۔ چنانچہ ایک گروہ بنی عبد مناف کی اس رائے سے متفق تھا اور ان کی یہی رائے تھی کہ بنی عبد مناف بنی عبدالدار کے مقابلے میں زیادہ مستحق ہیں ۔ ایک گروہ بنی عبدالدار کے ساتھ تھا اور ان کی یہ رائے تھی کہ جو کچھ قُصَیّ نے ان کے لیے مقرر کر دیا ہے وہ ان سے چھینا نہ جائے ۔ بنی عبدمناف کا سردار عبدشمس بن عبدمناف تھا اور بنی عبدالدار[1] کا سردار عامر بن ہاشم بن عبدمناف بن عبدالدار تھا ۔ بنو اسد بن عبدالعزّیٰ بن قصی ، بنو زہرہ بن کلاب ، بنو تیم بن مرہ بن کعب ، اور بنو الحارث بن فہر بن مالک بن النضر بنی عبد مناف کے ساتھ تھے اور بنو مخزوم بن یقظہ بن مرہ ، بنو سہم بن عمرو بن ھصیص بن کعب اور بنو عدی بن کعب بنی عبدالدار کے ساتھ تھے ۔ عامر بن لؤی اور محارب بن فہر (ان دونوں گروہوں سے) نکل گئے ۔ انھوں نے کسی بھی فریق کا ساتھ نہ دیا ۔ ہر گروہ نے اپنے موقف کے ضمن میں پختہ قسمیں لیں کہ وہ کبھی بھی ایک دوسرے کا ساتھ نہ چھوڑیں گے ۔ بنو عبد مناف خوشبو کا ایک بھرا ہؤا پیالہ لے آئے ۔ ان کے خیال میں اس پیالے کو بنی عبد مناف کی کوئی عورت نکال لائی تھی جسے انھوں نے کعبے کے پاس مسجد میں اپنے حلیفوں کے لیے رکھ دیا ۔ اس کے بعد سب نے اس پیالے میں ہاتھ ڈبوئے اور عہد کیا اور انھوں نے اور ان کے حلیفوں نے تاکید [۲۷۸] کے طور پر اپنے ہاتھوں کو کعبے پر مل دیا ، چنانچہ ان کا نام "مطیبین" پڑ گیا ۔

---

۱ ۔ بلوغ الارب میں وکان صاحب بنی عبدالدار تحریر ہے اسے وکان صاحب امر بنی عبدالدار پڑھیں جیسا سیرۃ ابن ھشام میں تحریر ہے ۔

Marfat.com

بنو عبدالدار اور ان کے حلیفوں نے بھی کعبے کے پاس عہد کیا اور پختہ قسمیں کھائیں کہ وہ کبھی بھی ایک دوسرے کا ساتھ نہ چھوڑیں گے - ان کا نام " احلاف " پڑ گیا - اس کے بعد[1] خاص قبائل کو خاص قبائل کے مقابلے کے لیے مقرر کیا گیا اور ایک کو دوسرے کے ساتھ[2] چسپاں کر دیا گیا - چنانچہ بنو عبد مناف بنو سہم کے لیے تیار کیے گئے ، بنو اسد بنو عبدالدار کے لیے ، زھرہ بنو جمح کے لیے ، بنو تیم بنو مخزوم کے لیے اور بنو الحارث بن فہر بنی عدی بن کعب کے لیے - اس کے بعد انھوں نے کہا کہ ہر قبیلہ اس قبیلے پر حملہ کرے جس کا اسے مقابل بنا دیا گیا ہے - ابھی وہ اسی حال میں تھے اور جنگ کا تہیہ کر چکے تھے کہ انھوں نے ایک دوسرے کو صلح کی دعوت دی ، اس شرط پر کہ وہ بنی عبدمناف کے ہاتھ میں سقایہ اور رفادہ کا انتظام دے دیں اور حجابت اور لواء اور ندوہ حسب سابق بنی عبدالدار ہی کے پاس رہے - چنانچہ اسی طرح کر دیا گیا - دونوں فریق اس پر راضی ہو گئے ، جنگ سے باز آ گئے - تاہم ہر قبیلہ ان لوگوں کا ساتھی رہا جن کا وہ حلیف بنا تھا - وہ اسی حالت پر بدستور قائم رہے حتٰی کہ جب اسلام آ گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : زمانۂ جاہلیت کی جو قسم یا عہد و پیمان تھا اسلام نے اسے مزید تقویت دے دی ہے -

ابھی عربوں کے بہت سے اجتماعات کا ذکر باقی ہے - جن پر سیر اور تاریخ کی کتابیں روشنی ڈالتی ہیں -

---

۱ - سہیلی لکھتے ہیں (الروض الانف : ۱ : ۹۰) وذکر ان القبائل سُونِدَ بعضُھا الی بعض لتکفی کل قبیلۃ ماسُوند الیھا فسوند من السناد وھی مقابلۃ فی الحرب بین کل فریق ومایلیہ من عدوہ ومنہ اخذ سناد الشعر

۲ - بلوغ الارب میں لزم بعضھا ببعض دیا ہے مگر ابن ھشام میں لَزَّبَعضُھا بِبَعضٍ دیا ہے -

Marfat.com

اشاریہ

الرجال

شہروں ، قبیلوں اور کتابوں کے نام

Marfat.com

Marfat.com

الرجال

(ا)

ابن الاثیر - ۴۷۵
ابن اسحٰق - ۵۸۴
ابن الاعرابی - ۵۸ - ۱۵۲ - ۱۹۸ - ۳۱۵ - ۳۲۳ - ۴۳۸
ابن بکار - دیکھیں - زبیر بن بکار
ابن تیمیہ - ۲۴
ابن حجر - ۲۹ - ۳۰
ابن ابی خازم - دیکھیں بشر بن ابی خازم
ابن خالویہ - ۲۹
ابن خلدون - ۱۹ - ۲۰ - ۲۱ - ۲۶ - ۴۶۲
ابن خلکان - ۴۷۶
ابن درید - ۵۹ - ۱۹۷ - ۲۸۴
ابن رشد - ۴۰۹ - ۴۱۰
ابن الزبعریٰ - ۵۲۵ نیز دیکھیں عبداللہ بن الزبعریٰ
ابن زبیر - دیکھیں عبد اللہ بن زبیر
ابن سعدی (شعر میں) ۱۷۸ - ۲۰۳
ابن سینا - ۴۱۰
ابن طاہر - دیکھیں عبداللہ بن طاہر
ابن الطویلہ - ۲۷۵ - ۲۷۶
ابن عباس - ۳۳ - ۳۵ - ۳۹۸
ابن عبدربہ - ۲۰۳ - ۲۰۹ - ۲۳۰ - ۳۳۰
ابن عبدون - ۴۵۱
ابن عطیہ - ۳۶
ابن عمر الثقفی - دیکھیں یوسف بن عمر الثقفی
ابن عنقاء الفزاری - ۱۰۰ - ۱۰۱
ابن ابی غسّدہ - ۲۳
ابن فارس - ۸۵
ابن قتیبہ - ۱۹۴ - ۳۲۱ - ۳۸۶ - ۳۹۴ - ۴۱۶ - ۴۱۸ - ۵۱۶
ابن الکلبی - ۳۲۳
ابن ابی لیلیٰ - ۳۴ ح
ابن مراغہ - دیکھیں 'جریر'
ابن المستوفی - ۴۷۶
ابن مقبل - ۴۸۸
ابن مقنع - ۲۵۷
ابن ام مکتوم - ۵۱۷
ابن النحاس - ۵۸۰
ابن ہبولة الغسانی - ۲۷۹
ابن ہرمہ - ۹۵
ابن ہشام - ۱۹۲

Marfat.com

ابوالابیض العبسی - ۲۴۹
ابواسحاق الکندی - ۸۲
ابوامیہ بن المغیرہ - ۱۹۹ - ۲۰۰
ابو بحر - ۲۲۴
ابوبکر رضی اللہ تعالٰی عنہ - ۳۶۱ - ۳۸۱ - ۴۳۳ - ۵۰۶ - ۵۱۸ - ۵۳۳
ابوبکر بن درید - دیکھیں ابن درید
ابوبکر بن عبد مناۃ - ۵۲۸
ابوتمام - ۲۷۷
ابوجحیفہ - ۳۴
ابو جعفر طبری - ۵۵۳
ابو جہل - ۴۲۲
ابوالجہم بن حذیفہ - ۵۰۴
ابوحذیفہ بن المغیرہ - ۵۰۲
ابوالحسن الکلاعی - دیکھیں کلاعی
ابوحنبل الطائی - ۳۰۱ - ۳۰۲
ابوالحوفزان - ۲۹۰ - ۲۹۳
ابوحنیفہ - ۱۹۴ - ۵۰۸ - ۵۱۰
ابو خالد الکلابی - ۷۱
ابوالخیبری - ۱۵۵ - ۱۵۷
ابودارۃ الغطفانی - ۱۵۷
ابوذر - ۳۰ - ۳۳ - ۴۸ - ۲۱۱
ابورغال - ۵۳۷
ابو رغوان - ۴۰ - ۴۲
ابو ریاش - ۱۰۱
ابو زہیر الزہرائی - ۳۱۲
ابو زیاد الاعرابی - ۱۴۵
ابو سفیان - ۳۱۲ - ۴۲۲ - ۴۹۱ - ۵۰۸ - ۵۳۳ - ۵۷۰ - ۵۸۲
ابو سلمہ - ۲۱۳
ابو سیارہ - ۵۳۰ - ۵۳۱
ابو شریح الخزاعی - ۵۱۲
ابو صالح - ۳۹۸
ابوصہبان (مروان بن قارب) - ۲۸۰
ابو طالب (عم النبی ﷺ) - ۲۰۰
ابو الطمحان (حنظلہ) - ۱۰۶
ابو الطیب المکی - ۵۶۱
ابو الطیب بن مسعود - ۵۴۳
ابو العالیہ - ۳۶
ابو العباس المبرد - دیکھیں المبرد
ابو العباس الثعلب - دیکھیں ثعلب
ابو العباس بن ابی غدہ - دیکھیں ابن ابی غدہ
ابو العباس احمد بن عبد اللہ - دیکھیں ابن ابی غدہ
ابو العباس احمد بن تیمیہ - دیکھیں ابن تیمیہ
ابوعبید البکری - ۷۰ح - ۲۵۵ح - ۲۵۶ح - ۳۶۰ - ۴۲۶ - ۴۷۹
ابو عبیدہ معمر بن المثنی - ۳۲۵ - ۳۲۷ - ۳۶۰ - ۳۶۱ - ۴۱۶ - ۴۱۸

Marfat.com

ابو عبیدہ - ۱۹۷ - ۳۰۰ - ۵۶۸
ابو العتاہیہ - ۴۷۶
ابو عثمان الاشنانداني - ۶۱
ابو عمر بن العلاء - ۵۵ - ۳۲۷
ابو عوانہ - ۳۴
ابو العیناء - ۳۵۷
ابو الغول الطہوی - ۲۵۵
ابو الفداء - ۴۱۱
ابو الفرج اصفہانی - ۵۲ - ۲۰۸ - ۴۶۶
ابو فید السدوسی ۷۱ -
ابو لغدہ اصفہانی - ۴۳۸ - ۴۴۴ -
ابو محجن ثقفی - ۱۹۸
ابو مرہ - دیکھیں سیف بن ذی یزن
ابو مطر - ۵۲۱
ابو منہال بقیلہ - ۳۱۹ ح
ابو الندی - ۱۹۸
ابو ہریرہ - ۱۵۵ - ۲۱۳ - ۳۱۲ - ۵۰۵ - ۵۱۳
ابو وائل - ۲۱۱
ام البنین بنت عبدالعزیز بن مروان - ۳۱۶
ام بوراء - ۴۳ ح
ام جمیل - ۳۱۲ - ۳۱۳
ام عاصم (شعر میں) - ۹۳
آدم علیہ السلام - ۳۷۴ - ۳۷۶ - ۳۸۹ - ۳۹۸ - ۵۷۸
آزار بن ناحور - ۱۸
ابراہیم علیہ السلام - ۱۸ - ۳۴ - ۳۵ - ۳۷۰ - ۳۹۰ - ۳۹۸ - ۴۹۴ - ۴۹۵ - ۴۹۶ - ۵۰۱ - ۵۰۳ - ۵۰۴ - ۵۱۲ - ۵۱۳ - ۵۱۵ - ۵۲۲ - ۵۲۷ - ۵۳۸ - ۵۷۲
ابراہیم نخعی - ۴۹۱
ابرہہ الاشرم - ۴۴۸ - ۵۳۵ - ۵۳۶ - ۵۳۷ - ۵۳۸ - ۵۳۹ - ۵۴۰ - ۵۴۳ - ۵۵۲ - ۵۵۳
ابرہہ ذوالمنار - ۴۴۹
ابی بن خلف - ۴۲۲ - ۵۸۱
ابین - ۵۶۴
احمد بن تیمیہ - دیکھیں ابن تیمیہ
احمد بن عمار - ۱۹۵
احمد بن مارس - ۸۵ ح - ۴۸۰
احنف - ۴۶ - ۲۲۳ - ۲۲۴ - ۲۲۵
احنف بن قیس - ۴۶ - ۴۷
احوص بن جعفر - ۷۱
اصیحہ بن الجلاح - ۳۰۳
ادریس علیہ السلام - ۳۵ - ۳۹۸ -
ادریسی - ۴۱۱
ارطاۃ بن سُہیہ - ۱۲۱
ارقم - ۴۲۱
ارمیا بن برخیا - ۳۹۹

Marfat.com

ازال بن قحطان - ۴۴۸
ازرقی - ۴۱۹ - ۵۶۱ - ۵۶۴
اسحٰق (علیہ السلام) - ۳۸۹
اسحٰق بن مخلد (اسحٰق بن ابراهیم مخلد) - ۳۷۲
اسد - ۵۳۳
اسکندر - ۴۷۴
اسماء زوجۂ زهیر - ۴۵۹
اسماعیل علیہ السلام - ۱۸ - ۲۰۴ - ۳۷۰ - ۳۷۶ - ۳۸۹ - ۳۹۰ - ۳۹۸ - ۵۰۴ - ۵۱۵ - ۵۲۷ - ۵۲۹
اسماعیل بن حماد - دیکھیں جوهری
اسماعیل بن عباد - دیکھیں الصاحب ابن عباد
اسماعیل بن هبة الله - ۲۸۹
اسود - ۵۰۳
اسود بن مفصود - ۵۳۸
اسود بن یعفر - ۴۶۶
اسید بن جزیمہ - ۲۶۷
اشغث - ۵۱۳
اصفہانی - دیکھیں ابوالفرج اصفہانی
اصمعی - ۷۴ - ۲۷۳ ح - ۴۱۶ - ۴۱۸ - ۴۳۲ - ۴۳۹ - ۴۹۰ - ۵۱۴
اعزاز علی - ۲۱۸ ح - ۲۱۹ ح
اعشی میمون - ۳۱۸ ح
اعشی (بنی قیس بن ثعلبہ) - ۳۰۴ - ۴۰۲ - ۵۲۲
اعمش - ۳۴ ح - ۵۱۰
افعی جرہمی - ۴۵۰
افوہ (شاعر) - ۴۸۴
اقرع بن حابس - ۵۶۶
اقرع بن معاذ - ۱۴۰
اکثم بن صیفی - ۳۳۸ - ۳۳۹ - ۳۴۱ - ۳۴۲
اکیدر - ۴۵۸ - ۵۶۲
امرؤ القیس - ۳۰ ح - ۵۳ - ۵۴ - ۵۵ - ۲۷۲ - ۳۰۱ - ۳۰۳ - ۳۱۴ - ۴۰۴ - ۴۸۰
امرؤالقیس بن النعمان - ۱۵۹ - ۴۶۶
امیہ - ۴۲۲ - ۵۳۳ - ۵۷۰
امیہ بن ابی الصلت - ۱۸۸ - ۱۹۰ - ۵۲۵ - ۵۵۰
امیہ بن الاسکر - ۵۷۰
امیمہ یا امینہ - دیکھیں سکینہ
انیس - ۵۳۹
اوس بن حارثہ - ۱۷۷ - ۱۷۸ - ۱۷۹ - ۱۸۲
اوس بن حجر - ۴۰۴
اوس بن عمر تغلبی
ایاد - ۴۵۰

Marfat.com

(ب)

باسل بن ضبه - ٣٨٣
بثينه - ٥٧ - ٥٨
بجير - ٣٨٢
بختنصر - ٣٩٩ - ٤٥٤ - ٤٦٢
بدر بن الاسود - ٤٢٨
بدر بن مخلد - ٤٢٨
بديع الزمان الهمدانى - ٣٦٤
بسطام بن قيس - ٧١
بشامه بن حزن - ٢٤٥ - ٢٥٨ح
بشر بن ابى خازم - ١٥٣ - ١٧٨ - ١٧٩ - ١٨٠ - ١٨٢
بطليموس - ٩ ٤
بقيلة الاكبر الاشجعى - ٣٢٠ح
بكاء بن كعب - ٤٨١
بلال الحبشى - ٣٨١ - ٥١٨ - ٥٦٥
بلقيس - ٤٠٣ - ٤٥٢
بهرام گور ابوالفرس - ٥٢٩

(ت)

تارح - ١٠٨
تبّع الاصغر - ٤٠٥
تبع الحميرى - ٤٠٣ - ٤٦٣
تبع الزائد - ٤٤٨
تبع ابو كرب - ٤٦٢
تدمر بنت حسان بن أذينه - ٤٥٧
ترمذى - ٣٧١
تماضر بنت عمرو بن شريد - ٢٦٦ - ٢٦٨
توبه بن الحُمَيِّر - ١١٠
تيم - ٥٣٣

(ث)

الثعالبى - ٢١٤ - ٤٥٦
الثعلبى - ٣٥
ثعلبه بن عمرو الغسانى - ٤٦٠
ثور - ٢٠ح
ثور بن شحمه - ١٨٧

(ج)

جابر بن حيان - ١٣٧
جابر بن رالان - ٤٢٩
جابر بن عبدالله - ٥٠٣
جالينوس - ٤١٠
جبله بن الايهم - ٤٦١
جبله بن الحارث - ٤٦٠
جدليه امراة ابى حنبل -
جذل الطعان - ٢٠٠ - ٣٢٤
جذيمه الابرش - ٤٧٤
جرير - ٤٢ - ٤٤ - ٥٠ - ٥١ - ٣٧٨ - ٤٨٠ - ٤٨٢
جعاد بن عبدالتيمى - ٤٠٦
جعدة السلمى - ٣١٩ - ٣٢٢

Marfat.com

جعدی - ۴۸۲
جعفر بن محمد - ۴۹۲
جمح - ۵۳۳
جمیل بُثینہ - ۵۰ - ۵۱ - ۵۷ - ۵۸ - ۴۸۴
جوہری - ۲۳

(ح)

حاتم الطائی - ۱۵۱ - ۱۵۸ - ۱۷۷ - ۱۷۹ - ۲۰۷ -
حاجب بن زرارۃ - ۲۷۵ - ۲۷۶ - ۲۷۷ - ۳۳۸ - ۳۴۳ - ۳۴۴ - ۳۵۲
حارث الرائش - ۴۴۸
حارث بن عباد - ۳۰۲ - ۳۳۸ - ۳۴۴ - ۳۴۵ -
حارث بن زبیر - ۲۶۷
حارث بن ظالم - ۲۹۷ - ۲۹۸ - ۲۹۹ - ۳۰۰
حارث بن عامر - ۳۳۸ - ۵۵۵ - ۳۳۳
حارث بن عمرو - ۲۶۶ - ۵۲۸
حارث بن عمر الکندی - ۳۷۹
حارث بن قیس - ۵۳۴
حارث بن وعلہ - ۶۹
حاطب بن عبدالعُزّٰی - ۵۵۸
حبیب بن اوس - ۱۷۶
حجاج بن یوسف - ۵۰۵ - ۵۵۱ - ۵۵۸
حجر بن حیہ - ۱۲۲
حجر بن خالد - ۱۱۳ - ۲۵۲
حذفہ (فرس خالد) - ۲۶۷
حرب بن امیہ - ۵۲۱ - ۵۷۰
حرب بسوس - ۴۳۸
حرب بن اسماعیل - ۳۷۲
حریث بن عتاب - ۲۶۳
حسان بن اذینہ - ۴۵۷
حسان بن ثابت - ۲۳۱ - ۵۶۶
حسان بن حنظلہ - ۴۲۹
حسان بن نشبہ - ۲۴۰
حسن بن ابی الحسن البصری - ۴۸ - ۴۹ - ۲۱۲ - ۴۹۴
حسن بن علی - ۴۳۲
حسن بن عمر بن الخطاب التغلبی - ۴۷۶
حسن بن ہانیٔ - ۳۸۴
حسین بن علی - ۲۰۴ - ۲۰۵ - ۲۱۶
حسین بن مُطیر - ۱۰۵
حصین بن الحمام - ۲۳۱ح - ۲۳۲ - ۲۴۳
حصین بن نمیر - ۵۰۲
حضرمی - دیکھیں ابومطر
حطیٔہ - ۱۸۰

Marfat.com

حفص بن الاخیف - ۳۲۶
حکم بن عتیبہ - ۳۴
حکم بن عُیَینہ - ۳۴
حکم بن قطبہ - ۲۶۳ح
حکیم بن حزام - ۵۵۸
حلیل بن ابی حبشہ - ۵۲۸ - ۵۲۹
حماد بن زید - ۲۱۲
حماس بن ثامل - ۱۲۸
حمزہ اصفہانی - ۱۸۹
حموی - دیکھیں یاقوت حموی
حمید بن ثور - ۱۴۰ - ۳۱۶ - ۳۱۷
حمیر بن سبا - ۱۹ - ۴۰۵ - ۴۵۳
حناطة الحمیری - ۵۳۸
حندج بن البکاء - ۲۶۶ - ۲۶۸
حنش بن معبد - ۱۰۵
حنظلہ - ۲۹۲
حنظلہ بن غفراء - ۲۸۴
حنظلہ بن الشرقی - دیکھیں ابوالطمحان التینی
حوفزان - ۳۸۰
حویرث بن نقیذ - ۵۰۹
حیان بن ربیعہ - ۲۳۷

(خ)

خارجة بن ضرار - ۴۲۶
خالد بن جعفر - ۲۶۵ - ۲۶۶ - ۲۶۷ - ۲۶۸ - ۳۳۸ - ۳۴۸
خالد بن جعفر بن کلاب - ۵۰۵
خالد بن سلمہ - ۳۶۳
خالد بن سنان - ۳۹۹
خالد بن مضلّل - ۲۸۴
خداش بن زہیر - ۵۶۹
خراز بن عمرو - ۱۲۶
خزاعہ بن حارثہ - ۵۲۸
خزز بن لوزان - ۳۷۸
خسرو پرویز - ۱۸۸
خلف الاحمر - ۷۵
خلف بن خلیفہ - ۲۱۵
خلیل علیہ السلام - دیکھیں ابراھیم علیہ السلام
خماعہ بنت عوف - ۲۷۹ - ۲۸۰ - ۲۸۳
خنساء - ۴۸
خویلد بن واثلہ الہذلی - ۵۴۰

(د)

دارم - ۴۳
داؤد علیہ السلام - ۳۶ - ۳۱۹
داؤد بن عیسی العباسی - ۵۷۲
دروی (وزیر فرنسا) - ۷۵ - ۴۰۸ - ۴۱۰ - ۴۱۱
درید بن الصمہ - ۳۲۶ح - ۴۸۴ - ۵۶۸
دعد - ۵۲
دغفل النسابہ - ۲۶۳ح

Marfat.com

(ذ)

ذؤاب بن اسماء - ٢٧٩ - ٢٨٠
ذوالاذعار - ٤٥٣
ذوالاصبع - ٧١
ذوالبردين - دیکھیں عامر بن احیمر
ذوالرمہ - ٤٣ - ٤٤
ذوالقرنین - ٤٠١ - ٤٠٣ - ٤٠٤
ذونفر - ٥٣٦ - ٥٣٨ - ٥٣٩

(ر)

الراعی - ٤٨٢
رُبیع بن ضُبیع - ٤٠٢
ربیعہ - ٤٥٠
ربیعہ بن مقروم - ٢٥٧
ربیعہ بن مکرم - ٢٧١ - ٣٢٤ - ٣٢٥ - ٣٢٦ - ٣٢٧
رضی - ٢٧٣ - ٢٧٥
رقاق بن منذر - ٢٥٤
روجر - ٤١١
ریاشی - ٤١٦ - ٤١٨
ریحانہ اخت عمرو بن معدیکرب - ٣٨٠

(ز)

زباء - ٤٦٠
زبرقان بن بدر - ٥٢١
زبیر بن بکار - ١٩١ - ١٩٩ - ٢٠٠ - ٥٢٥ - ٥٧٥ - ٥٨٠
زرقاء - ٣٨٠ - ٣٨١
زرقاء الیمامہ - ٤٣٣
زمعہ بن الاسود - ١٩٩
زنباع بن روح - ٥٥٤ - ٥٥٥
زہری - ٢١٣ - ٤٩١
زہیر بن ابی امیہ - ٢٠٠
زہیر بن جذیمہ - ٢٦٥ - ٢٦٦ - ٢٦٧ - ٢٦٨
زہیر بن خباب - ٤٥٨
زہیر بن ابی سُلمٰی - ١٨٢ - ١٨٤ - ١٨٧
زہیر بن شریک - ٤٥٩
زہیر بن علس - دیکھیں مسیب بن علس
زیاد بن ابیہ - ٣٦٠
زید الخیل - ٢٧١
زید بن اسلم - ٤٩١ - ٥٠٣
زید الفوارس - ٢٧١

(س)

سارہ - ٣٨٩
سارہ (لونڈی) - ٥٠٩
سالم بن قحفان - ٩٧
سالم بن عوف - ٤٢١
سالم مولٰی ابی حذیفہ - ٣٨١

Marfat.com

سام بن نوح - ۱۷
سباالاصغر - ۴۴۹
سبا بن یشجب - ۴۵۱
سعد بن بکر - ۴۳۰ - ۴۳۱
سعد الکامل - ۴۰۵
سعد بن خولان - ۴۴۹
سعد بن زراره - ۵۷۹
سعد بن معاذ - ۲۲۱
سعد الکامل - ۴۰۵
سعد بن مالک - ۶۴ - ۶۵ - ۶۶ - ۶۷ - ۶۹ - (شعر میں) - ۱۲۴
سعد بن ابی وقاص - ۴۶۴
سُعدی بنت حصین - ۱۸۲
سعید بن ابی سعید - ۵۱۲
سعید بن العاص - ۲۰۳ - ۲۰۹
سعید بن منصور - ۳۷۲
سفانه بنت حاتم - ۱۵۱ - ۱۵۴
سکندر - ۳۷۵
سکینه - ۵۱
سلطان عمادالدین - دیکھیں عماد الدین
سلمان فارسی - ۳۷۱
سلیط بن سعد - ۴۶۵ - ۴۶۶
سلیک بن سلکه - ۳۱۱
سلیمان علیه السلام - ۳۶ - ۳۷۵ - ۴۵۲ - ۴۵۵ - ۴۵۷
سلیمان بن عبدالملک - ۴۰ - ۴۲ - ۲۹۸ - ۵۵۱
السموأل - ۲۲۸ - ۲۷۲ - ۴۰۱ - ۴۲۶ - ۴۰۳ - ۴۰۴ - ۴۵۷
سمهودی - ۴۱۹
سمیدع - ۵۲۷
سنام بذی شان - ۴۴۹
سنان (ابوهرم) - ۱۸۳
سنمار - ۴۶۴ - ۴۶۵ - ۴۶۶
سهیلی - ۴۷ح - ۱۹۵ - ۵۷۹ - ۵۸۰
سهم - ۵۳۳
سوادة الیربوعی - ۱۴۳
سوید بن الحارث - ۲۱۱
سیبویه - ۲۴
سیف بن ذی یزن - ۵۵۳

(ش)

شافعی - ۳۷۲ - ۵۰۸ - ۵۱۰
شبیب بن شبه - ۳۵۷
شرحبیل بن عمرو - ۴۴۸
شرقی بن القطامی - ۲۹۰
شریح بن الاحوص - ۱۳۴
شریح بن قرواش - ۲۴۷
شریح بن مسهر - (شعرمیں) - ۲۴۷
شریک - ۴۵
شریک بن عمرو - ۲۹۰ - ۲۹۱ - ۲۹۳ - ۲۹۴
شظاظ (اللص) - ۴۷۲

Marfat.com

شعبی - ۶۹
شعیب علیہ السلام - ۳۹۸ - ۴۵۷
شقران (مولٰی سلامان) - ۱۰۸
شنفری - ۲۲۹
شہاب الحموی - دیکھیں یاقوت حموی
شہاب الدین (صاحب العقد) - ۱۵۵ - ۳۹۴
شیبہ - ۴۲۲
شیث (علیہ السلام) - ۳۹۸

(ص)

الصاحب بن عباد - ۳۳۸ - ۳۶۴ - ۳۶۶
صالح علیہ السلام - ۳۷۶ - ۳۸۹ - ۳۹۸
صفوان بن امیہ - ۵۳۴
صوفان - ۵۳۰

(ض)

ضرار بن الخطاب - ۳۱۲ - ۵۳۷

(ط)

طالب بن ابی طالب - ۵۴۹
طاہر بن الحسین - ۳۶۲ - ۳۸۴
طبرانی - ۵۶۵
طرفہ بن العبد - ۳۱۱ - ۴۰۴ - ۴۸۷
طرماح - ۴۵
طریف بن تمیم - ۵۶۶ - ۵۶۸
طریفہ (کاہنہ) - ۴۵۳

(ع)

عائشہ رض - ۳۰ - ۱۹۵ - ۲۱۱ - ۲۱۲ - ۳۹۲ - ۵۰۳ - ۵۱۷
عابر بن شالخ - ۱۸
عاتکہ تمیمیہ - ۲۰۰
عاتکہ بنت الاشتر - ۲۰۰
عاتکہ بنت جذل الطعان - ۲۰۰
عاتکہ بنت عبدالمطلب - ۲۰۰
عاتکہ بنت عتبہ - ۲۰۰
عاتکہ بنت قیس - ۲۰۰
عاص بن وائل - ۵۸۰
عامر بن احیمر - ۱۵۹
عامر بن جشم - ۴۰۶
عامر بن حارثہ - ۴۰۶
عامر بن الطفیل - ۲۶۲ - ۲۷۱ - ۳۳۸ - ۳۵۲ - ۳۵۳ - ۳۹۱ -
عامر بن الظرب - ۷۱
عامر بن مضاض - ۴۹۶
عامر بن ہاشم بن عبد مناف - ۵۸۵
عباس رض - ۲۰۴ - ۳۶۵ - ۵۳۲ - ۵۳۳ - ۵۳۵ - ۵۸۲
عباس بن مرواس - ۲۴۸

Marfat.com

عباس بن خلیل النصری - ۴۴۲
عبد بنی حسحاس - ۳۱۶
عبد شمس - ۵۸۴ - ۵۸۵
عبدة الکلبیه - ۱۹۷
عبدالدار بن قصی - ۵۱۱ - ۵۳۲ - ۵۳۳
عبد الرحمٰن بن ابی لیلٰی - دیکھیں ابن ابی لیلٰی
عبدالرحمٰن الاوّل - ۴۱۲
عبدالرحمٰن ثالث - ۴۱۲
عبدالرحمٰن ابن عم اصمعی - ۲۸۴
عبدالرحمٰن بن اسمعیل - دیکھیں وضاح الیمن
عبد شمس بن وائل - ۴۰۵ - ۴۵۱
عبدالعزیز بن مروان - ۵۰
عبدالله بن ابی امیه ۲۰۰
عبدالله بن جدعان - ۱۸۸ - ۱۹۰ - ۱۹۱ - ۱۹۴ - ۵۲۵ - ۵۸۲
عبدالله بن جعفر - ۲۰۳ - ۲۰۹
عبدالله بن حبیب - ۱۸۷ - ۱۸۸
عبدالله بن خالد - ۵۰۶ - ۵۱۱
عبدالله بن خطل - ۵۰۹
عبدالله بن الدمینه - ۴۳۵
عبدالله بن الزبیر - ۵۰۲ - ۵۰۳ - ۵۰۴ - ۵۰۵ - ۵۵۹
عبدالله بن الزبیر الحمیدی - ۳۷۲
عبدالله بن الزبعری - ۵۴۶ (نیز ملاحظه ہو ابن الزبعری)
عبدالله بن سعد - ۵۰۸
عبدالله بن صفوان - ۵۰۴
عبدالله بن عامر - ۴۴۰
عبدالله بن عباس - ۶۹ - ۲۰۳ - ۲۰۵ - ۲۰۶ - ۲۰۸ - ۲۰۹ - ۵۰۳ (نیز دیکھیں ابن عباس)
عبدالله بن قیس الرقیات - ۵۵۲
عبدالله بن یزید الهلالی - ۴۸
عبدالمطلب بن هاشم - ۲۰۰ - ۵۲۸ - ۵۳۹ - ۵۴۰ - ۵۴۲ - ۵۴۳ - ۵۷۵
عبدالملک (شارح قصیده ابن عبدون) ۴۵۱
عبدالملک بن الحسن - ۴۲۷
عبدالملک بن عمیر - ۵۲
عبدالملک بن مروان - ۴۷ح - ۳۹۴ - ۵۰۵
عبد مناف - ۵۳۲
عبیدالابرص - ۱۵۳ - ۲۸۶ - ۲۸۷ - ۲۸۸
عبید بن عمیر - ۵۰۳
عبیدالله بن ابی بکرة - ۲۱۰
عبیدالله بن عباس - ۲۰۳ - ۲۰۵ - ۲۰۶ - ۲۰۸ - ۲۰۹
عبیدالله بن معمر قرشی - ۲۱۰
عتبه - ۴۲۲
عتبه بن ربیعه - ۲۰۰

Marfat.com

عتیبہ بن بجیر - ٨٧
عتیبہ بن حارث - ١٧١
عثمان (رضی اللہ عنہ) - ٤٨- ٥٠٥ - ٥٠٦ - ٥١١
عثمان بن طلحہ - ٥٣٢ - ٥٣٣
عجلی - ٣٤ ح
عدی - ٥٣٣
عدی بن حاتم - ١٥١ - ١٥٣ - ١٥٧
عدی بن ربیعہ - ٣٠٢
عدی بن زید - ٤٣٦
عراق - ٣٧٢
عرندس - ١٤٧
عروۃ بن الورد - ٩٣ - ١٣٩
عزّہ - ٥٧
عسقلانی - ٢٩ (دیکھیں ابن حجر)
عصام (حاجب نعمان) - (شعر میں)- ٣٩٢
عطارد بن حاجب - ٢٧٦ - ٢٧٧
عطبرہ السکسکی - ٤٠٦
عکرمہ بن ابی جہل - ٥٠٩
عکرمہ بن عامر - ٥١١ - ٥٣٢
عکرمہ (مولٰی ابن عباس) - ٥٠٣
عکلی - ١٣٦
علان شعوبی - ٣٦١
علقمہ بن سیف - ١٠٣ - ١٠٣ - ١٠٥
علقمہ بن شیبان - ٢٦١
علقمہ بن علاثہ - ٣٣٨ - ٣٣٩
علی رضی اللہ عنہ - ٣٨١
عمادالدین (سلطان) - ٤١٦
عمر بن اوس التغلبی - ٤٧٦
عمر رضی اللہ عنہ - ٣٠ - ١٨٧ - ٢٧٣ - ٣١٣ - ٣٢٠ - ٣٩٣ - ٤٦١ - ٤٦٧ - ٤٦٨ - ٤٧١ - ٤٧٦ - ٥٠٥ - ٥٠٦ - ٥١١ - ٥٣٢ - ٥٣٣ - ٥٥٣ - ٥٥٦ - ٥٦٢
عمر بن لجأ - ٤٣
عمر بن عبدالعزیز - ٣٧٦
عمران بن مرہ - ٢١١
عمرو بن الاطنابہ - ١١١ - ٢٣٣
عمرو بن الاہتم - ١١٨
عمرو بن بحرالجاحظ - ١٨٩
عمرو بن الشرید - ٣٣٨ - ٣٤٧ - ٣٤٨
عمرو بن الحارث - ٤٦١ - ٤٩٦ - ٥٢٨
عمرو بن حممہ الدوسی - ٦٩ - ٧١ - ٤٠٦
عمرو بن العاص (عمرو بن سعید بن العاص) - ٤٢٣
عمرو بن عامر - ٣٨٣ - ٤٥٣ - ٤٥٤

Marfat.com

عمرو بن قارب - ۲۷۹ - ۲۸۰ - (شعر میں) ۲۸۱
عمرو بن کلثوم - ۳۱ - ۱۷۱ - ۲۵۰
عمرو بن مالک - ۶۴ - ۶۵ - ۶۶
عمرو بن مسعود - ۴۸۴
عمرو بن معدیکرب - ۲۷۱ - ۲۷۳ - ۳۲۸ - ۳۵۴ - ۳۸۰
عمرو بن ہبیرہ - ۵۲ - ۵۶
عمرو بن ہند - ۷۹ - ۲۸۳
عمی - ۱۹۵
عمیلۃ الفزاری - ۱۰۰
عنترۃ العبسی - ۲۳۵ - ۲۳۶ - ۲۷۱ - ۳۱۹ - ۳۷۸ - ۴۲۸
عیاض بن دیہث - ۲۹۷ - ۲۹۸
عیاض غنم - ۴۷۶
عیسی (علیہ السلام) - ۳۵ - ۵۱۵

(غ)

غبشان ملکانی - ۵۲۹
غیلان بن عقبہ - دیکھیں ذوالرمہ

(ف)

فدکی البہرانی - ۱۰۳ - ۱۰۴
فرزدق - ۴۰ - ۴۲ - ۴۴ - ۵۰ح - ۱۳۳ = ۲۱۵ح - ۲۹۸ - ۳۰۰ - ۳۹۵ - ۵۵۱
فضل بن عباس - ۴۶۸
فکیہہ بنت قتادہ - ۳۱۱ - ۳۱۲

(ق)

قائد بن حکیم الربعی - ۴۴۱
قابوس بن نعمان - ۲۹۳
القابی - ۲۸۴
قتادہ بن دعامہ - ۴۹۴
قتادہ بن مسلمہ - ۱۹۸
قحذمی - ۳۵۷
قدامہ بن جعفر - ۴۷۰
قراد بن اجدع - ۲۹۲ - ۲۹۴ - (شعر میں) ۲۹۵ - ۲۹۶
قس بن ساعدہ - ۳۹۲ - ۴۰۳ - ۵۶۶
قصی بن کلاب - ۵۰۱ - ۵۰۷ - ۵۲۹ - ۵۳۱ - ۵۷۴ - ۵۸۴ - ۵۸۵
قطری بن الفجاءۃ - ۲۳۴
قعساء (فرس زہیر) ۲۶۷
قیس بن خالد الشیبانی - ۷۱
قیس بن زہیر - ۷۲
قیس بن سعد - ۱۹۶
قیس بن شیبہ - ۵۸۱
قیس بن عاصم ۹۹ - ۲۲۲ - ۳۸۱
قیس بن مسعود - ۳۳۸ - ۳۵۰ - ۳۵۱ - ۳۵۲

Marfat.com

قیصر - ۳۰۳ - ۴۶۱
قیطوان - ۴۲۱
قین - ۴۶۱

(ک)

کامل بن عمر التغلبی - ۴۷۶
کثیر - ۵۰ - ۵۱ - ۵۷ - ۵۸ - ۴۵۸
کسریٰ - ۱۷ - ۲۷۵ - ۲۷۶ - ۳۳۰ - ۳۳۱ - ۳۳۳ - ۳۳۸ - ۳۳۹ - ۳۴۱ - ۳۵۱ - ۴۷۰ - ۵۵۳
کعب - ۴۵
کعب بن لؤی - ۵۰۷ - ۵۷۵
کعب بن مامہ - ۱۷۴ - ۱۷۷ - ۱۷۸ - ۲۰۳
کلاب - ۴۵
کلاعی - ۴۰۴ - ۴۰۵ - ۴۴۵
کلبی - ۳۵- ۵۰۷ - ۵۷۴
کلثوم عتابی - ۱۲۹
کلیب بن وائل - ۴۳ - ۴۳۸
کمیت - ۴۸۸
کنانہ بن عبد یالیل - ۱۹۸
کندہ بن حجر آکل المرار - ۲۰

(ل)

لبید بن ربیعہ - ۱۹۸ - ۱۹۹
لحیانی - ۵۶۵
لقمان الاکبر - ۴۵۳
لقمان بن عاد - ۴۶
لیث بن مالک - ۲۷۹
لیلیٰ الاخیلیہ - ۱۱۰
لیلیٰ (اخت الولید بن طریف) - ۴۷۱

(م)

مالک (امام) - ۵۰۸
مالک (شعر میں) - ۱۵۸
مالک بن طوق - ۴۷۴
مالک بن عجلان - ۴۲۱
مالک بن فہم - ۴۶۲
مالک بن ملاکہ - ۴۰۷
مامون - ۴۰۹
ماویہ (حاتم کی بیوی) - ۱۵۴ - ۱۵۸ - ۱۶۵ - ۱۶۶
مبرد - ۵۷ - ۱۸۲ - ۱۷۹ - ۱۸۱
متجردہ (امرأۃ نعمان) - ۴۶۷
متمم بن نویرہ - ۱۴۷
مجاشع - دیکھیں - ابو رغوان
مجاہد - ۱۳۶ - ۴۹۰ - ۴۹۲ - ۴۹۴ - ۵۱۰ - ۵۱۱ - ۵۶۵
مجدہ بنت تیم - ۵۲۴
مجمع بن ہلال - ۲۶۹ - ۲۷۱
مجیر الجراد - ۳۲۳
مجیر الظعن - ۳۲۴

Marfat.com

مجیرالغزال - ۳۲۳
محارب بن زیاد - ۵۰۵
محرز (مولیٰ ابی هریرة) - ۱۵۵
محرق - ۲۲۴ - ۲۶۴
محمد صلی الله علیه وسلم - ۱۳ - ۳۳ - ۳۵ - ۳۲۹ - ۳۶۹ - ۳۷۶ - ۳۸۹ - ۳۹۰ - ۵۰۷
محمد بن سائب - دیکھیں الکلبی
محمد بن عبدالملک - ۴۱۸
محمد بن علی - ۴۹۲
محمود (ہاتھی کا نام) - ۵۴۳
مختار بن عوف - ۵۷۲
مخترش - ۵۲۹
مخزوم - ۵۳۳
مدائنی - ۴۱۷
مدلج بن سوید - ۳۲۳
المرار الفقعسی - ۱۳۸ - ۴۴۲
مرة بن محکان - ۸۹
مرة بن مرامر - ۴۰۵
مرزبانی - ۶۲
مرزوق - ۲۷۵
مروان القرظ - ۲۷۹ - ۲۸۰ - ۲۸۳
مسروق بن ابرہہ - ۵۵۳
مسعودی - ۴۱۱
مسعود بن معتب - ۵۳۷
مسیح - دیکھیں عیسیٰ علیه السلام
مسیلمه الکذاب - ۴۳۳ - ۴۶۰
مصعب - ۲۲۵
مصعب بن عبدالله - ۴۹۱
مضاض الجرہمی - ۵۲۷
مضر بن نزار - ۴۵۰
مطلب - ۵۸۴
معاویه (رضی الله عنه) - ۴۶ - ۴۸ - ۲۰۴ - ۲۰۶ - ۵۱۱
معاویه بن عباد - ۲۶۶
معبد بن زراره - ۳۷۸
مقسم بن بهر - ۴۰۶
مقنع کندی - ۱۴۳
مقیس بن صبابه - ۵۰۹
ملاعب الاسنه - ۲۷۱
منبّه - ۴۲۲
مُنتَخل الیشکری - ۴۶۷
منذر بن امرؤ القیس - ۴۶۳
منذر بن ماء السماء - ۱۵۹ - ۱۷۹ - ۲۸۴ - ۲۸۵ - ۲۸۸ - ۲۸۹ - ۲۹۱
منصور (خلیفه) - ۵۰۶
منصور بن الزبرقان - ۱۲۹
مهدی (خلیفه) - ۱۰۵ - ۵۰۶
مهلهل بن ربیعه - ۶۲ح - (شعر میں) ۴۵۹
موسیٰ (علیه السلام) - ۳۵ - ۴۲۱ - ۵۱۵ - ۵۱۶

Marfat.com

موصل (بانیٔ موصل) - ۴۷۷
الموصلی - ۲۹۱
میدانی - ۱۵۵ - ۱۸۶ - ۲۹۱ - ۲۹۲ - ۲۹۸
میّہ - ۳۴ح
میمنی - ۶۳ح - ۱۵۲ح

(ن)

نابت بن اسمٰعیل - ۵۲۷
نابغہ ذبیان - ۱۳۲ - ۱۵۳ - ۴۵۵ - ۴۶۳ - ۴۶۷
نافع - ۵۱۳
نبیشہ بن حبیب - ۲۳۵
النجاشی - ۵۳۵
نصیب - ۵۰ - ۵۱ - ۵۲
النضر بن الحارث - ۴۲۲
نضر بن شمیل - ۳۶۳
نعمان الاکبر ۴۶۴
نعمان بن بشیر - ۴۰۴
نعمان بن عمرو - ۴۶۰
نعمان بن منذر - ۱۷ - ۶۴ - ۶۵ - ۶۶ - ۶۷ - ۱۱۳ - ۱۷۹ - ۲۸۴ - ۲۹۲ - ۲۹۳ - ۲۹۴ - ۲۹۵ - ۲۹۷ - ۲۹۸ - ۳۳۰ - ۳۳۱ - ۳۳۳ - ۳۳۸ - ۳۳۹ - ۳۴۰ - ۳۴۱ - ۳۴۹ - ۴۵۵ - ۴۶۳ - ۴۶۷ - ۴۸۷ - ۵۲۹
نفیل بن حبیب - ۵۳۶ - ۵۴۳ - ۵۴۴
نفیلہ بن عبدالمدان - ۱۹۲
نمرود - ۱۸
النمری - ۱۲۹
نوح (علیہ السلام) - ۱۷ - ۳۵ - ۳۸۹ - ۳۹۸ - ۴۷۷
نوفل - ۵۸۴
نوفل بن معاویہ - ۵۳۳ - ۵۵۸
النووی - ۳۰

(ہ)

ہاجرہ (والدہ اسمٰعیل) - ۱۸ - ۳۸۹ - ۳۹۰
ہاشم بن عبد مناف - ۱۸۹ - ۵۳۳ - ۵۸۴
ہرم بن سنان - ۱۸۲ - ۱۸۴ - ۱۸۶ - ۱۸۷
ہرمز بن انوشروان - ۵۵۳
ہارون الرشید - ۴۷۴
ہشام بن الکلبی - ۵۵۴ - ۵۶۴ - نیز دیکھیں کلبی
ہشام بن عبدالملک - ۳۶۴
ہشام بن الولید بن مغیرہ المخزومی - ۳۱۲
ہلال بن ازین - ۲۴۲
الہمدانی - ۷۵ - ۴۶۲ - ۴۶۳

Marfat.com

ہند - دیکھیں زباء
ہند بنت ریّان - ۴۷۴
ہود (علیہ السلام) - ۱۹۲ - ۳۷۶-
۳۸۹ - ۳۹۸
ہوذہ بن علی - ۱۸۸
ہیثم بن علی - ۳۶۱

(و)

واقدی - ۴۲۵ - ۴۲۸
وداک بن ثمیل - ۲۶۰
وردہ بنت قتادہ - ۳۱۱
ورقاء بن زہیر - ۲۶۷ - ۲۶۸
وضاح الیمن - ۳۱۶
ولید بن طریف - ۴۷۱
ولید بن عبدالملک - ۷۶ - ۵۰۶
وہب بن منبہ - ۳۹۸

(ی)

یاقوت حموی - ۴۷۹
یحیٰی بن ایوب - ۴۹۱
یحیی بن منصور - ۲۳۷
یزید بن الجہم - ۱۴۱
یزید بن زمعہ - ۵۳۳
یزید بن سعد - ۲۶۹
یزید بن الطثریہ - ۱۳۹
یزید بن معاویہ - ۵۰۲ - ۵۰۵
یزید بن مہلب - ۲۹۸
یسار الکواعب - ۳۱۶ح
یَشْرُح - ۴۴۸
یعبوب (اسم فرس) - ۲۸۱
یعرب - ۴۴۸
یعقوب بن اسحٰق الکندی- دیکھیں
ابو اسحق الکندی
یعمر بن نفاثہ - ۵۴۰
یکسوم بن ابرہہ - ۵۵۳
یوسف بن عمرالثقفی - ۴۷۶
یونس بن حبیب - ۲۸۴

Marfat.com

شہروں، قبیلوں اور کتابوں کے نام

(۱)

آل ابراہیم - ۳۸۹
آل بکر - ۴۴
آل جفنہ - ۴٦۷
آل ربیعہ - ۴۵۵
آل عمران - ۳۸۹
آمد - ۴۷۲ - ۴۷۳
ابام - ۴۳
الابلق الفرد - ۴۵۷ - ۴٦۰
ابو قبیس - ۴۳۲
ابیم - ۴۳۰
اجاوسلمٰی - ۴۲۹
اجیاد - ۵۲۷
اجیادان - ۴۳۲
احابیش - ۵٦٦
احد - ۲۱۱ - ۴۳۲
الاحساء - ۴۳۳
احقاف - ۴۵۱
احلاف - ۵۸٦
اذربیجان - ۲۲
اذرح - ۴٦۰
ارض حکیم - ۴۴٦
ارض فارس - ۴۴٦
ارمن - ۲۴
ارمینیہ - ۲۲
اریمہ - ۴۴٦
ازال - ۴۴۹
ازدشنوءہ - ۳۱۲ - ۴۲۱
اسکندریہ - ۳۷۵
افاعیہ - ۴۳۲
افریقیہ - ۲۷
اقلیدس - ۴۰۹
امالی قالی - ۲۸۴
امیم - ۱۷ - ۴۵۴
انباء طمر - ۴۳۲
الانبار - ۴۵۴ - ۴٦۲ - ۴٦۴
انجیل - ۵۱۵
اندلس - ۲۲ - ۴۵۴
انصار - ۵۷۹
اول (شعر میں) - ۳۱۵
الاوس والخزرج - ۲۱ - ۴۲۱ - ۴۲۲ - ۴۲۳ - ۴۲۴
ایاد - ۱۸ - ۴۲۴
ایکہ - ۴۵۷
ایلہ - ۴۱۵ - ۴۱٦ - ۴۵۷

Marfat.com

(ب)

باب المندب - ٤٥
بابل - ٤٦٢
بارق - ٤٦٦ - ٥٦٥
باستّه - ٥٢٨
بالس - ٤١٥ - ٤١٧
بحرين - ١٩ - ٤١٥ - ٤١٦ - ٤١٧ - ٤١٨ - ٤٣٣ - ٥٦٣
بحرالاحمر - ٤٣٢
بحر فارس - ٤١٥ - ٤١٦ - ٤١٧ - ٤٣٣
بحر قلزم - ٢١ - ٤١٥ - ٤١٧
بحر محيط - ٢٧
بحرالهند - ٤١٥ - ٤١٧ - ٤٥١
بحيرهٔ بصره - ٢١
بخارىٰ - ٢٩
بدر - ٤١٩ - ٤٢٧
برارى غمير - ٤٦٢
البرده - ٤١٥
بربرى - ٢٢
برع - ٤٤٦
برقع - ٤٦١
برقه - ٢٧
بسل - ٤٢٥
بسوم - ٤٣٠ - ٤٣١
البصره - ٤٠٨ - ٤١٥ - ٤١٦ - ٤١٧ - ٤٣٣ - ٤٣٩ - ٤٤٠ - ٤٦٩
بطن محسر - ٥١٤
بطن نمره - ٥١١
بعدان - ٤٤٦
بغداد - ٤٠٨ - ٤٠٩ - ٤٦٤
بلد - ٤٧٧
بلقاء - ٢١ - ٤١٥ - ٤١٦ - ٤١٧ - ٤٦٠
بهراه - ١٠٣
بوبات - ٤٣١
بوران - ٤٤٠
بيت الفقيه - ٤٥٠
بيجان - ٤٤٦ - ٤٤٧
بيضاء - ٤٣٢
بينون - ٤٤٨
بنو اسد - ٤٤٠ - ٥٣٣ - ٥٨٥ - ٥٨٦
بنو اسرائيل - ٤٢١
بنو اميه - ٥٠٥ - ٥٣٣
بنو اوس - ١٠٥
بنو باهله - ١٢٩
بنو بكر (بنو بكر بن وائل) - ٢٧٥ - ٢٧٩ - ٤٥٩ - ٤٦٠
بنو بكر بن عبد مناة - ٥٦٩
بنو تغلب - ١٠٤ - ٤٥٩
بنو تميم - ٤٤ - ٤٥ - ٤٦ - ٤٧ - ٦١ - ٤٦٩ - ٥٠٩ - ٥٦٥ - ٥٦٦

Marfat.com

بنو تيم - ١٩٥ - ١٩٦ - ٢٦١ - ٥٣٣ - ٥٣٥ - ٥٨٥ - ٥٨٦
بنو ثعل - ٦٨
بنو ثقيف - ٥٣٧ - ٥٦٩ - ٥٧٠
بنو جديله - (جديلهٔ قيس) - ٥٢٣
بنو جذيمه - ٢٦٦ - ٤٤٢
بنو جفنه - ٢١
بنو جمح - ٥٣٤ - ٥٨٦
بنو الحارث (بنو الحراث بن كعب) ٨٧ - ٥٨٥ - ٥٨٦
بنو حنيفه - ٤٦٠
بنو خثعم - ٥٣٦ - ٥٣٧
بنو خزرج - ١١١
بنو خزاعه - ٥٢٣ - ٥٢٤ - ٥٢٥ - ٥٢٨ - ٥٣٠
بنو خولان العاليه - ٤٧٧
بنو دارم - ٣٧٨
بنو ذبيان - ١٠٥
بنو ربيع - ٣٨٠
بنو ربيعه - ٧١ - ٣١٤ - ٤٧٦
بنو رسول - ٤٤٩
بنو رواحه - ٢٦٧
بنو زبيد - ٥٨٠
بنو زهره - ٥٨٥ - ٥٨٦
بنو سالم بن عوف - ٥٧٩
بنو سليم - ٣٨٠
بنو سنان - ١٨٣
بنو سهم - ٥٣٤ - ٥٨٠ - ٥٨٥ - ٥٨٦
بنو شيبان - ٢٨٠ - ٥٦٨
بنو ضبه - ٣٩٥
بنو طى - ٢٩٢
بنو عامر (عامر بن صعصعه) - ٢٦٥ - ٢٦٦ - ٢٦٧ - ٣٩٥ - ٥٢٣
بنو عامر بن لؤى - ٥٠٨ - ٥٥٢ - ٥٨٥
بنو عبدالدار - ٥٣٣ - ٥٨٥ - ٥٨٦
بنو عبدالله بن دارم - ٥٦٣
بنو عبد مناة - ٢٣٨
بنو عبد مناف - ١٢٦ - ٥٨٤ - ٥٨٥ - ٥٨٦
بنو عبس - ١٠٥ - ٢٧٩ - ٢٨٠ - ٤٤٠ - ٤٤٩
بنو عتاب - ١٠٤
بنو عدنان - ٤٥٤
بنو عدى - ٥٣٤ - ٥٨٥ - ٥٨٦
بنو عدوان - ١٩٥ - ٥٣٠
بنو عقيل - ٥٦٦
بنو عمرو بن قيس عيلان - ٥٢٣
بنو عمرو بن عوف - ٥٧٩
بنو غزه - ٤٢٦
بنو غطفان - ١٨٣

Marfat.com

بنو غفار - ۴۲۸
بنو فهم - ۴۴۷ - ۵۲۳
بنو قحطان - ۴۰۶ - ۴۵۴
بنو قصی - ۵۲۵
بنو قضاعہ - ۵۰ - ۱۰۸
بنو قیس - ۶۴ - ۲۵۱ - ۲۵۸ - ۲۶۳ ح - ۳۹۱ - ۵۷۰
بنو کلب - ۲۳۸ - ۲۹۴ - ۴۵۸ - ۵۶۲
بنو کنانہ - ۲۳۵ - ۵۲۳ - ۵۳۸ - ۵۶۹ - ۵۷۰ - ۵۷۱
بنو مازن - ۴۴۰ - ۴۴۱
بنو مجاشع - ۲۶۹
بنو محارب - ۴۸ - ۵۸۵
بنو محید - ۴۴۷
بنو مخزوم - ۵۳۴ - ۵۸۵ - ۵۸۶ -
بنو مراد - ۴۴۷
بنو مرۃ - ۲۹۸ (بنو مرۃ بن عوف) ۳۱۵
بنو مصطلق - ۵۶۶
بنو مضر - ۷۱ - ۲۷۵ - ۲۷۶ - ۴۶۰ - ۴۷۴ - ۴۷۶
بنو منقذ - ۳۸۰
بنو نبہان - ۱۸۱
بنو نصر - ۵۷۰
بنو نفار - ۵۱۱
بنو نمیر - ۴۵
بنو نہشل - ۲۰۰
بنو نوفل - ۵۳۳
بنو ہاشم - ۳۶۳ - ۳۹۹ - ۵۳۴ - ۵۳۵
بنو ہوازن - ۲۶۵ - ۵۶۹ - ۵۷۱
بنو والبہ - ۱۸۱
بنو ہذیل - ۴۳۰ - ۵۶۴

(ت)

تآر - ۴۳۱
تاتاری - ۲۴
تاریخ ابن خلدون - ۴۶۲
تاریخ ابن خلکان - ۴۷۶
تاریخ مدینہ - ۴۱۹
تاریخ مکہ - ۴۱۹
تبابعہ - ۴۶۲
تبع - ۱۸ - ۲۰ - ۴۰۱ - ۴۴۸
تبعہ - ۴۲۵
تبوک - ۴۳۲
تدمر - ۴۰۱ - ۴۵۴ - ۴۵۷ - ۴۶۱
ترکستان - ۲۴
تفضیل العرب - دیکھیں کتاب تفضیل العرب
تقویم البلدان - ۴۱۶
تلعم - ۴۴۹
تنوخ - ۳۳۲

Marfat.com

تهامہ - ٢٧ - ٤١٧ - ٤١٨ - ٤١٩ - ٤٢٩ - ٤٣٢ - ٤٣٩ - ٤٤٠ - ٤٤٩ - ٤٥٠
تیمی - ٤٤٦
تیماء - ٤٥٧ - ٤٦٠

(ث)

ثبیر - ٥٣١
ثبیرالاعرج - ٤٣٢
ثبیران - ٤٣٢
ثبیر غیناء - ٤٣٢.
ثقیف - ٤٢٤ - ٤٢٥
ثمود - ٧١ - ٤٢٤ - ٤٥٤ - ٤٥٧ - ٤٦٠
ثور - ٤٣٢

(ج)

جار - ٤١٦ - ٤٢٧
جبل ہنوم - ٤٤٦
جحفہ - ٤١٦ - ٤١٨ - ٤٢٨ - ٤٣٩
جدہ - ٤١٥ - ٤١٦ - ٤٣٢ - ٥١١
جدلیس - ١٧ - ٤٥٤
جرہم - ١٧ - ٤٥٤ - ٤٩٦ - ٥٢٤ - ٥٢٥ - ٥٢٧
جزیرۂ ادال - ٤١٦
جزیرۃ العرب - ٢١
جزیرۂ ابن عمر - ٤٧٥
الجزیرۃ الفراتیہ - ٤٧٧
جعرّانہ - ٥١١
جلدان - ٤٢٥
جلی - ٤٤٦
الجماء - ٤٣٢
جمرۃ العقبہ - ٤٢٢ - ٥١٩
جوف - ٤٤٩
جون - ٤٥١
چین - ٤٤٦ - ٤٦٣

(ح)

حبشہ - ١٩ - ٥٣٩ - ٥٥٣
حجاز - ١٨ - ١٩ - ٢٧ - ٧٥ - ٤٠٨ - ٤١٥ - ٤١٧ - ٤١٨ - ٤١٩ - ٤٢٤ - ٤٢٦ - ٤٣٠ - ٤٣٣ - ٤٣٩ - ٤٤٧ - ٤٥٤ - ٥٦٥
حِجْر - ٤٦٠
حَجَر - ١٨ - ٢١ - ٤٥٤ - ٤٥٧ - ٤٦٠
حجر اسود - ٥٠٤
حدیبیہ - ٤٣٢
الحدیثہ - ٤٧٧
حدثیۃ الموصل - ٤٦٩
حراء - ٤٣٢

Marfat.com

حربى - ٤٦٩
حرة ليلى - ٤١٨
حريره - ٥٦٦ - ٥٧١
حُزوى - ٤٣
حزوره - ٥١٧
حضر موت - ١٧ - ٤٤٦ - ٤٥٠ - ٤٥٤
حضور - ٤٤٦
حفاش - ٤٤٦
حضر ابى موسى - ٤١٦ - ٤٤٠
حضر بنى العنبر - ٤٤٠
الحضير - ٤٦٠
حفيه - ٤٦٢
حكم - ٤٤٧
حلف المطيبين - ٥٨٣
حلف الفضول - ٥٨٣
حلوان - ٤٦٩
حماسه بصريه - ١٦٨
حمس - ٥٢٣ - ٥٢٤
حمص - ٤٥٤ - ٤٥٥
حمى ضريه - ٥١٤
حِمْيَر - ١٨ - ٢٣٨ - ٥٢٠
حنظله - ٤٤
حِنْو - ٤٠٢
حنىّ - ٤٥٩
حويرثيه - ٤٤٠
حيره - ٢٩٣ - ٢٩٥ - ٤٦٢ - ٤٦٣ - ٤٦٤ - ٥٢٩

(خ)

خابور - ٤٧١ - ٤٧٥
خراسان - ١٩ - ٢٢ - ٤٦٣
خضراء - ٤٤٥
خندمه - ٤٣٢
خورنق - ٣٣٨ - ٤٦٦
خيبر - ٤٢٦ - ٥٧٢

(د)

دآءة - ٤٣٠
دارا - ٤٧٤
دارة الآرام - ٤٨٣
دارة ثبيت - ٤٧٤
دارة الجأب - ٤٨٢
دارة جلجل - ٤٨٠
دارة الخرج - ٤٨٦
دارة خنزر - ٤٨٢
دارة رمح - ٤٨٤
دارة رمرم - ٤٨٥
دارة رهبى - ٤٨٣
دارة الرّهْى - ٤٨٣
دارة الردم - ٤٨٦
دارة السلم - ٤٨١
دارة الصفائح - ٤٨٤
دارة صلصل - ٤٨٠

Marfat.com

دارة القرح - ۴۸۵
دارة ماسل - ۴۸۱
دارة المجمد - ۴۸۵
دارة محصن - ۴۸۴
دارة مكمن - ۴۸۲
دارة هضب القليب - ۴۸۴
دارة واسط - ۴۸۵
دارة وشجٰى - ۴۸۱
دارة اليعضيد - ۴۸۵
دارة يمعون - ۴۸۳
دجلہ - ۴۷۱ - ۴۷۳ - ۴۷۵ - ۴۷۶ - ۴۷۷
دجلة العلث - ۴۶۹
دخر - ۴۴۶
دنباوند - ۴۴۰
دهناء - ۴۴۰
دوّ - ۴۴۰
دوس - ۳۱۲
دومہ - ۴۵۸
دومة الجندل - ۴۵۸ - ۴۶۰ - ۵۶۱ - ۵۶۲ - ۵۶۴
دومة العراق - ۴۵۸
ديار بكر - ۴۷۱
ديار ربيعہ - ۴۷۱ - ۴۷۴
ديار مضر - ۴۷۱ - ۴۷۴

(ذ)

ذات انمار - ۴۶۱
ذات عرق - ۴۱۸ - ۴۳۹ - ۴۴۰
ذباب - ۴۳۲
الذنوب - ۲۸۶
ذوالمجاز - ۴۲۵ - ۵۶۵ - ۵۷۱
ذوقار (شعر میں) - ۲۷۸

(ر)

الرباب - ۴۴
ربزہ - ۲۰۱ - ۴۳۹ - (شعر میں) ۴۴۹
ربيعہ - ۱۸ - ۲۰ - ۴۷۱
ربيعة الفرس - ۴۶۰
رحب - ۴۴۱
رحبہ مالک بن طوق - ۴۷۴
رحرحان - (شعر میں) ۳۷۸
رخم (پہاڑ) - ۵۶۹
رصاص - ۴۴۷
رضوىٰ - ۴۳۲
الرقہ - ۴۷۴
رمل - ۴۳۹
رهاط - ۴۱۹
روم - ۲۴ - ۴۶۱
رومی - ۲۲
الروض الانف - ۱۹۵
ریّ العاطش وانس الواحش ، ۱۹۵

Marfat.com

(ز)

زاغاء - ٢٧
زبيد - ٤١٥ - ٤١٦ - ٤٤٦ - ٤٤٩ - ٤٥٠
زحمه - ٤٥٥
الزلاله - ٤٣٢
زمزم - ٢٠٤
الزوراء - (شعر میں) ٤٦٣

(س)

ساعير - ٥١٥
سبا - ٤٤٧ - ٤٥١
سبوحه - ٤٣٠
سراة - ٣١٢ - ٤٢٥ - ٤٣٠ - ٤٣١
سردد - ٤٤٦
سروج - ٤٧٤
سروسحيم - ٢٠٠ - (شعر میں) ٢٠١
السقيا - ٤١٩
سلحين - ٤٤٨
سلميه - ٤١٦ - ٤١٧ - ٤٥٥
سماوه - ٤١٦
سمرقند - ٤٠٨
سميراء - ٤٣٩
السنجار - ٤٠٩
السواد - ٤٦٨ - ٤٦٩ - ٤٧٠
سوس - ٢٧
سوق حباشه - ٥٦٥ - ٥٧٢
سوق حجر - ٥٧٢
سوق حضر موت - ٥٦٤
سوق ذی المجاز - ٥٦٤
سوق صحار - ٥٦٤
سوق صنعاء - ٥٦٤
سوق عدن ابين - ٥٦٤
سوق عكاظ - ٥٦٥ - ٥٦٦ - ٥٦٨ - ٥٦٩ - ٥٧٠ - ٥٧١ - ٥٧٢
سوق عمان - ٥٦٤
سوق مجنه - ٥٦٥
سوق المشقر - ٥٦٣
سوق نطاة - ٥٧٢
سوق هجر - ٥٦٣
سيرة ابن هشام - ٤٢٤ - ٥٧٤ - ٥٧٩ - ٥٨٤

(ش)

شام - ١٩ - ٢١ - ٢٢ - ٣٧٢ - ٤١٥ - ٤١٩ - ٤٢٦ - ٤٣٩ - ٤٥٤ - ٤٥٧
شِحر - ٤٤٦ - ٤٥١ - ٤٥٤ - ٥٦٤
شديق - ٤٢٥
شراة - ٤١٦

Marfat.com

شرب - ٥٦٩ - ٥٧٠
شرف - ٤٤٦
شعب بن عامر - ٤٣٢
شعب وبدا - ٤١٨
شفاء الغرام باخبار البلد الحرام
٥٦١
شمطه - ٥٦٩
شهران - ٥٣٦ - ٥٣٧

(ص)

صاب - ٤٤٦
صحاح - ٢٢ - ٥٦٤
صحيح مسلم - ٤١٤
صر - ٤٤٦
صرح الغدير - ٤٦٠
صرواح - ٤٤٩
صعده - ٤٤٧ - ٤٥٠
صفلات العجلات - ٤٦٠
الصفا - ٥٠٤ - ٥١٥
صنعان - ٦٠ - ٦١ - ٤٤٠ - ٥٦٦
صنعاء - ٤٤٧ - ٤٤٨ - ٤٤٩ - ٤٥٠ - ٤٥١ - ٥٣٥
صنبر - ٤٦٦
صهياتان - ٤٣٠
صهله - ٤٥٠
صوفه - ٥٢٩

(ض)

ضنكان - ٤٤٧

(ط)

طائف - ٤٢٤ - ٤٢٥ - ٤٣٢ - ٥١١ - ٥٣٧ - ٥٦٥ - ٥٦٦
طسم - ١٧ - ٤٥٤
طورسيناء - ٥١٥ - ٥١٦
طى - ٥٨ - ١٨١ - ٣٢٣ - ٤١٥ - ٤١٨ - ٤٥٧ - ٤٧٤

(ظ)

ظفار - ٤١٥ - ٤١٦ - ٤٤٨ - ٤٥١

(ع)

عاد - (عاد أولى) ١٧ - ٤٢٥ - ٤٥١ - ٤٥٤
عاليه - ٤٣٨
عانه - ٤١٥
عانات - ٤٧٨
عبادان - ٤١٧ - ٤٧٩
عبلاء - ٥٦٩
عتمه - ٤٤٦
عجلز - ٤١٨ - ٤٣٩ - ٤٤٠ - ٤٤١

Marfat.com

عدن - ٣١٥ - ٣١٦ - ٣٣٩ - ٣٥٠ - ٥٦٣
عدنان - ١٨ - ٢٠ - ٢١
عدن ابين - ٣٣٧ - ٣٥٠ - ٥٦٣
عذيب - ٣١٦ - ٣٣٩
عذيب القادسيه - ٣٦٩
عرج - ٣١٨ - ٣٢٥
عراق - ١٩ - ٢٢ - ٣٧٢ - ٣١٥ - ٣١٧ - ٣١٨ - ٣٣٩ - ٣٥٣ - ٣٥٨ - ٣٦٢ - ٣٦٣ - ٣٦٣ - ٣٦٨ - ٣٦٩ - ٣٧٠ - ٣٧١ - ٣٧٨ - ٥١١
عرفه - ٣٢٥ - ٥١١ - ٥٢٣ - ٥٢٨ - ٥٦٣ - ٥٦٥
عرفات - ٥١٣ - ٥١٥ - ٥٢٣ - ٥٧١
عروض - ٣١٧ - ٣١٨ - ٣٣٣
عسفان - ٣٢٨ - ٣٣٩
عسكران - ٣٣٠
عيسثير - ٣٣٦
عشر - ٣٣٠
عشم - ٣٣٧
العقد الفريد - ٢٠٣ - ٣٩٣
عك - ١٨
عكاظ - ٢٦٥ - ٢٨٠ - ٣١٩ - ٣٢٥
علاقه - ٣٣٦ - ٣٥٠
عالقه - ١٧ - ٣٢٦ - ٣٩٦
عمان - ٣١٦ - ٣١٧ - ٣٣٦ - ٣٥٣ - ٥٦٣ - ٥٦٣
عمر - ٣٣
عنشتر - ٣٣٨
عنزه - ١٥٣
عوارض - ٣٢٩
عوجاء - ٣٢٩
عين النمر - ٣٥٨ - ٣٦٢

(غ)

غرناطه - ٣٠٨
غريب الحديث - ١٩٣
غزوان - ٣٢٣
غسان - ٣٦١ - ٥٢٠ - ٥٢٨
غمدان - ٣٣٧ - ٣٣٨
غمره - ٣٣٩
غوطه دمشق - ٣١٧ - ٣٧٥

(ف)

فاران - ٥١٥
فارس - ١٩ - ٢٢ - ٣٠٨
فاضح - ٥٢٧
فتح الباری - ٣٢٧
فتق - ٣٢٥
فجار - ٥٦٩

Marfat.com

فرات - ٤١٥ - ٤١٦ - ٤١٧ - ٤٦٤ - ٤٧١ - ٤٧٥ - ٤٧٦ - ٤٧٧
فرنسا (فرانس) - ٧٥ - ٤٠٨ - ٤١٣
فقه اللغه - ٨٥

(ق)

قاموس - ٢٢ - ١٩٤ - ٤٥٧ - ٤٨٠ - ٤٨٦ - ٤٨٧ - ٥٦٣ - ٥٧٤
قحطان - ٢٠ - ٤٥١
قرآن - ١٨ - ٢٥ - ٣٦
قرامطه - ٤٣٣ - ٥٥٩
قرطبه - ٤٠٨ - ٤١٢
قرقيسيا - ٤٧٤
قرن - ٤٣١
قرن الاحمر - ٥١٤
قرن المنازل - ٥٦٦
قريتان - ٤٣٩
قريش - ٤٧ح - ٧٥ - ٣٩٩ - ٤٢٣ - ٤٢٥ - ٥٠٠ - ٥٠٢ - ٥٠٥ - ٥٠٧ - ٥٢١ - ٥٢٣ - ٥٢٤ - ٥٢٩ - ٥٣٣ - ٥٣٤ - ٥٣٨ - ٥٣٩ - ٥٥٤ - ٥٦٦ - ٥٦٩ - ٥٧٠ - ٥٧١ - ٥٧٤ - ٥٧٥ - ٥٨٠ - ٥٨٢ - ٥٨٤ - ٥٨٥
قرين - ٤٣٢
قزح - ٤٣٢ - ٥١٤
قسطل - ٤٦٠
قسطنطنيه - ٢٧ - ٤٠٩ - ٤١٠
قصر أبير - ٤٦٠
قصر اعماد - ٤٣٩
قصر الاهجر - ٤٣٩
قصر براقين - ٤٣٩
قصر برقع - ٤٦١
قصر بركه - ٤٦١
قصر حارب - ٤٦١
قصر حمراء - ٤١٢
قصر خورنق - ٤٦٤
قصر دورم - ٤٣٩
قصر الزهراء - ٤١٢
قصر سدير - ٤٦٦
قصر السويداء - ٤٦١
قصر العشب - ٤٣٩
قصر العنقاء - ٤٣٩
قصر الغضا - ٤٦٠
قصر غمدان - ٤٣٨
قصر معين - ٤٣٩
قصر منار - ٤٦٠
قصر موكل - ٤٣٩
قصر هكر - ٤٣٩
قصيم - ٤٣٠ - ٤٣١
قضاعه - ٢٠

Marfat.com

قضّة - ٣٠٢
قطبيات - ٢٨٦
قطر بل - ٤٧٣
قطر بل بغداد - ٤٧٣
قطوراء - ٥٢٧
قطيف - ٤١٦
قعيقعان - ٥٢٧
قفاعة - ٤٤٧
قلّيس - ٥٣٥
قموص القرى - ٢٤٣
قموص - ٤٣٢
قناطر - ٤٦٠
قنونا - ٥٦٥
قيروان - ٤٠٨
قيس عيلان - ٤٢٤

(ك)

كاظمة - ٤١٦ - ٤٤٠
كامل - ١٧٩
كبكب - ٤٢٥
كتاب ابيات المعانى - ٦١
كتاب الاغانى - ٢٠٨ - ٢٩٨
كتاب الاقتضاء - ٢٤
كتاب اقوم المسالک - ٧٥ - ٤١٣
كتاب الامثال - ٢٩٨
كتاب الانواء - ١٩٤
كتاب الاوائل - ٢٩٠
كتاب تفضيل العرب - ٣٨٦ - ٣٩٤
كتاب جزيرة العرب - ٤٦٢
كتاب العبر - ١٩ - ٢٦
كتاب غرائب الاغتراب - ٤٧٧
كتاب معجم البلدان - ٤٦٨ - ٤٧٦ - ٤٧٧ - ٤٧٩ - ٤٨٨
كتاب الملاحن - ٥٩
كتاب المشترک - ٤٨٨
كديد - ٣٢٥
كردى - ٢٤
كرمان - ١٩
كعبة - ١٨ - ٤١٥ - ٥٠٤ - ٥٢٨ - ٥٣٢ - ٥٤٠ - ٥٤٢ - ٥٥٤ - ٥٥٨ - ٥٥٩ - ٥٧٤ - ٥٧٥ - ٥٨٥ - ٥٨٦
كفوان - ٤٣١
كنده - ٥٢٠
كهلان - ١٨
كوفة - ٤١٥ - ٤١٦ - ٤١٧ - ٤٣٣ - ٤٣٩ - ٤٦٣ - ٤٦٤

(ل)

لباب - ٤٧٦
لعقة الدم - ٥٣٢
ليّة - ٤٢٥

Marfat.com

(م)

مارب - ۴۲۱ - ۴۴۶ - ۴۴۷ - ۴۴۸ - ۴۵۱ - ۴۵۲ - ۴۵۳
مارد - ۴۶۰
مازمین - ۵۱۴
مبیضه - ۴۴۶
مثالب العرب - ۳۶۰
مثالب و المناقب - ۳۶۳
مجمع الامثال - ۱۸۶
مجنه - ۴۲۵
مخا - ۴۵۰
محلاف جعفر - ۴۴۶
مدینه - ۲۱ - ۲۵ - ۴۱۵ - ۴۱۶ - ۴۱۹ - ۴۲۳ - ۴۲۵ - ۴۲۷ - ۴۲۸ - ۴۳۲ - ۴۳۳ - ۴۳۹ - ۴۴۰ - ۵۱۱ - ۵۱۳ - ۵۷۹
مدائن - ۳۴۱
مدارج العرق - ۴۳۹
مدرج عثمان - ۴۲۸
مدین - ۴۱۵ - ۴۵۸
مراخ - ۴۳۰
مراصد - ۴۷۷
مربد - ۳۵۷
مرالظهران - ۴۲۵
مرقبه - ۴۳۰
مروه - ۵۱۴
مزدلفه - ۴۳۲ - ۵۱۴ - ۵۲۴
مسجد الکبش - ۵۱۴
مسلم (صحیح) - ۳۰
مسند احمد - ۱۵۱
مسور - ۴۴۶
مشاریف الیمن - ۴۱۶ - ۴۱۷
مشقر - ۵۶۳
مصر - ۱۹ - ۴۰۸ - ۴۱۵
مضر - ۱۸ - ۲۰ - ۴۰۳ - ۴۷۱
مطیبین - ۵۳۲
معافر - ۵۶۴
معان - ۴۶۰
المغرب الاقصیٰ - ۲۷
المغمس - ۵۳۷
مفجرة - ۴۳۲
مکة المکرمه - ۳۰ - ۴۱۶ - ۴۲۴ - ۴۲۵ - ۴۲۸ - ۴۲۹ - ۴۳۲ - ۴۴۰ - ۴۸۹ - ۴۹۱ - ۵۰۱ - ۵۰۲ - ۵۱۱ - ۵۱۲ - ۵۱۴ - ۵۱۹ - ۵۲۶ - ۵۲۷ - ۵۲۸ - ۵۲۹ - ۵۳۳ - ۵۳۵ - ۵۳۷ - ۵۳۸ - ۵۳۹ - ۵۴۳ - ۵۴۵ - ۵۵۳ - ۵۵۵ - ۵۵۸ - ۵۵۹ - ۵۶۵ - ۵۷۱ - ۵۸۰ - ۵۸۴
ملحان - ۴۴۶
ملحوب - ۲۸۶
منی - ۴۳۲ - ۵۱۴ - ۵۶۵ - ۵۷۲

Marfat.com

مناقب - ٤٣١
منقطع العشائر - ٥١١
منكدر - ٤٣٩
مهره - ٤١٥ - ٤١٦ - ٤١٧ - ٤٥٤
مور - ٤٣٦
موصل - ٤٧٦ - ٤٧٧

(ن)

ناعظ - ٤٣٨
ناهس - ٥٣٦ - ٥٣٧
نباج - ٤٣٩ - ٤٤٠
نجد - ٢٧ - ٤١٧ - ٤١٨ - ٤١٩ - ٤٣١ - ٤٣٣ - ٤٣٨ - ٤٣٩ - ٤٤٠ - ٤٤١ - ٤٤٣
نجران - ٤١٦ - ٤٣٦ - ٤٣٧ - ٤٥٠ - ٤٥٤ - ٥٠٥
نجا - ٤٣
نخب - ٤٢٥
نخله - ٤١٨ - ٤٢٥ - ٥٦٥ - ٥٦٩ - ٥٧٠
نخلة الاخرى - ٤٣٠
نخله شاميه - ٤٣٠
نخله يمانيه - ٤٣٠ - ٤٣١
نزار - ١٨
نزهة المشتاق - ٤١١
نصر - ٤٢٥
نصيبين - ٤٧٤
نطاة - ٥٧٢
(كتاب) نشر المحاسن اليمانيه - ٤٠٤ - ٤٢١ - ٤٤٧
نمر بن قاسط - ١٧٤
(كتاب) نهاية الارب فى معرفة انساب العرب - ٢٢ - ٤١٦
نوبه - ١٩
نيروز - ٣٥٧

(ه)

هجر - ٤١٦ - ٤٣٣ - ٥٦٢
هدّ - ٤٢٥
هداية الحيارى - ٥١٥
هذيل - ٤٢٥ - ٤٣٠ - ٤٣١ - ٥٣٨ - ٥٤٠
همبانيه - ٤١٣
هلال - ٤٣٠
همدان - ٤٤٦ - ٤٤٨ - ٤٤٩ - ٤٥٠
هند - ٢٧ - ٤٥١ - ٤٦٣
هوازن - ٥٦٦ - ٥٧٠
هيت - ٤٦٢

(و)

وادعه - ٤٤٧
وادى ايمن - ٥١٥

Marfat.com

وادی الدوم - ٥٧
الوادی الکبیر - ٤١٢
وج - ٤٢٤
وجرة - ٤٣٩
ودان - ٤١٩
الوشی المرقوم (کتاب) - ٥٧

(ی)

یبرین - ٤١٦
یثرب - ٤٢١
یدعان - ٤٣٠
یمن - ١٩ - ٢١ - ٢٧ - ٦٩ - ٧٥ - ٢٦٧ - ٣٣٧ - ٤٠٨ - ٤١٥ - ٤١٦ - ٤١٧ - ٤١٩ - ٤٣١ - ٤٣٢ - ٤٣٤ - ٤٣٥ - ٤٣٦ - ٤٣٧ - ٤٣٨ - ٤٣٩ - ٤٥٠ - ٤٥١ - ٤٥٣ - ٤٥٤ - ٤٦٣ - ٤٧١ - ٥٢٧ - ٥٣٥ - ٥٥٣ - ٥٦٢ - ٥٦٣ - ٥٦٤ - ٥٦٥ - ٥٦٦ - ٥٨٠
یمامہ - ٤١٧ - ٤٣١ - ٤٣٣ - ٤٦٠
ینبع - ٤١٥ - ٤٣٢
یورپ - ٤٠٨ - ٤٠٩ - ٤١١

Marfat.com

Marfat.com

قومی تاریخ کے محدود سرسائے میں چند اہم اضافے

سفـــر

تصنیف : جسٹس ایس - اے - رحمان

'' سفر کا مرکزی خیال تخلیق پاکستان کا ذہنی پس منظر اجاگر کرنا ہے - رحمان صاحب نے برصغیر میں مسلمان قوم کے سفرِ آزادی کو بڑی خوبی سے پیش کیا ہے -'' روزنامہ ''نوائے وقت'' لاہور

قیمت : تین روپے

محمد علی جناح

تصنیف : ہیکٹر بولائتھو - ترجمہ : زہیر صدیقی

'' بانیٔ پاکستان حضرت قائداعظم پر اب تک جس قدر کتابیں لکھی جا چکی ہیں ان میں ہیکٹر بولائتھو کی کتاب مستند ، دلچسپ اور جامع سمجھی جاتی ہے -'' روزنامہ '' جنگ '' کراچی

قیمت پانچ روپے

تذکرۂ صوفیائے بنگال ــ تذکرۂ صوفیائے سرحد

تصانیف : مولانا اعجاز الحق قدوسی

یہ دونوں کتابیں ہماری مشترکہ روحانی اور تہذیبی وراثت پر روشنی ڈالتی ہیں - ان کے مطالعے سے پاکستان کے مختلف علاقوں کے درمیان یک جہتی کو فروغ ملے گا -

قیمت : تذکرۂ صوفیائے بنگال : پانچ روپے - تذکرۂ صوفیائے سرحد : دس روپے

خلاصۃ التواریخ

تصنیف : سجان رائے بٹالوی ترجمہ : ناظر حسن زیدی

یہ کتاب برعظیم ہند کے اولین دور سے اورنگ زیب عالمگیر کے عہد تک کے واقعات کا احاطہ کرتی ہے اور ہماری قومی تاریخ کا نہایت اہم ماخذ ہے -

قیمت : بارہ روپے

تاریخ مغربی پاکستان (جلد اول)

تصنیف : رشید اختر ندوی

مغربی پاکستان کی وحدت ایک اٹل تاریخی حقیقت ہے - اس کتاب کے ذریعے سے اس حقیقت کی چہرہ کشائی کا آغاز کیا جا رہا ہے - جلد اول سکندراعظم کے حملے سے قبل کے واقعات پر مشتمل ہے - **قیمت : ساڑھے سات روپے**

مرکزی اردو بورڈ

Marfat.com

قومی تاریخ کے محدود سرسائے میں چند اہم اضافے

سفـــر

تصنیف : جسٹس ایس - اے - رحمان

'' سفر کا مرکزی خیال تخلیق پاکستان کا ذہنی پس منظر اجاگر کرنا ہے - رحمان صاحب نے برصغیر میں مسلمان قوم کے سفرِ آزادی کو بڑی خوبی سے پیش کیا ہے -'' روزنامہ ''نوائے وقت'' لاہور

قیمت : تین روپے

محمد علی جناح

تصنیف : ہیکٹر بولائتھو - ترجمہ : زہیر صدیقی

'' بانیٔ پاکستان حضرت قائداعظم پر اب تک جس قدر کتابیں لکھی جا چکی ہیں ان میں ہیکٹر بولائتھو کی کتاب مستند ، دلچسپ اور جامع سمجھی جاتی ہے -'' روزنامہ '' جنگ '' کراچی

قیمت پانچ روپے

تذکرۂ صوفیائے بنگال ــ تذکرۂ صوفیائے سرحد

تصانیف : مولانا اعجاز الحق قدوسی

یہ دونوں کتابیں ہماری مشترکہ روحانی اور تہذیبی وراثت پر روشنی ڈالتی ہیں - ان کے مطالعے سے پاکستان کے مختلف علاقوں کے درمیان یک جہتی کو فروغ ملے گا -

قیمت : تذکرۂ صوفیائے بنگال : پانچ روپے - تذکرۂ صوفیائے سرحد : دس روپے

خلاصۃ التواریخ

تصنیف : سجان رائے بٹالوی ترجمہ : ناظر حسن زیدی

یہ کتاب برعظیم ہند کے اولین دور سے اورنگ زیب عالمگیر کے عہد تک کے واقعات کا احاطہ کرتی ہے اور ہماری قومی تاریخ کا نہایت اہم ماخذ ہے -

قیمت : بارہ روپے

تاریخ مغربی پاکستان (جلد اول)

تصنیف : رشید اختر ندوی

مغربی پاکستان کی وحدت ایک اٹل تاریخی حقیقت ہے - اس کتاب کے ذریعے سے اس حقیقت کی چہرہ کشائی کا آغاز کیا جا رہا ہے - جلد اول سکندراعظم کے حملے سے قبل کے واقعات پر مشتمل ہے - **قیمت : ساڑھے سات روپے**

مرکزی اردو بورڈ

Marfat.com

تالیف: محمود شکری آلوسی

ترجمہ: پیر محمد حسن

مرکزی اردو بورڈ

تاریخ بلوغ الارب

جلد اوّل

Marfat.com